تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ قاعدہ ۶۱ جہاں تک Principle of Law Making کو relate کرتا ہے ۔ وہ repeal ہو چکا ہے اور اس کی جگہ Fundamental Rights substitute ہو چکا ہے تو اس لحاظ سے اگر خواجہ صاحب یہ چاہتے ہیں کہ پہلے یہ فیصلہ کر لیا جائے کہ یہ آئین سے متصادم تو نہیں ہوتا تو قاعدہ ۶۱ کے تحت یہ اعتراض stand نہیں کرتا اور جہاں تک ان کے پوائنٹ آف آرڈر raise کرنے کا تعلق ہے کہ یہ آرڈیننس آئین کی خلاف ورزی کرتا ہے یا اسلام کے خلاف ہے اس لئے خلاف آئین ہے اس کے متعلق Principle of Policy کو refer کر لیں اس کے مطابق وہ چاہتے ہیں کہ پہلے یہ فیصلہ کیا جائے لیکن جو طریق کار پہلے فیصلہ کرنے کے متعلق دیا گیا ہے وہ صرف قاعدہ ۶۱ میں دیا گیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - Just a minute, Sir, رول ۱۳۳ کو سامنے رکھ لیں -

مسٹر سپیکر - وہ قاعدہ صرف Principle of Law Making کے متعلق ہے Principle of Policy کے متعلق نہیں ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ کس سٹیج پر اس کو raise کر سکتے ہیں تو وہ اپنی تقریر میں یہ پوائنٹ آف آرڈر raise کریں - اسمبلی اس چیز کا فیصلہ کرے گی کہ یہ آرڈیننس approve ہونا چاہئے یا dis-approve ہونا چاہئے - تو اس وقت فاضل ممبران اس چیز کو مد نظر رکھیں گے ، تقریریں سنیں گے اور اس کے بعد فیصلہ دیں گے اگر یہ آرڈیننس approve ہو گیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا جو objection ہے وہ reject ہو گیا اور اگر dis-approve ہو گیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ان کا objection upheld ہوا ہے - ان observations سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ خواجہ صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر درست نہیں -

So it is ruled out of order.

Khawaja Muhammad Safdar : I very respectfully beg to disagree.

Mr. Speaker : Malik Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - جناب والا - کوئٹہ اور قلات کے متعلق جو آرڈیننس اس وقت ایوان میں اس لئے پیش کیا گیا ہے کہ اس کی منظوری دی جائے اس کے متعلق میں یہ گذارش کروں گا کہ غیر ملکی حکمرانوں کے عہد حکومت میں تقریباً ایک صدی تک جو قوانین انصاف ایڈمنسٹریشن کے لئے اس ملک میں نافذ تھے وہ بڑی کامیابی سے تمام مغربی پاکستان کے علاقے میں چلتے رہے -

Member : Point of order. There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*)

The House is not in quorum. Let the bells be rung.

(*Quorum Bells were rung*) Now the House is in quorum. Yes, Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب والا - جرائم کے انسداد کے لئے پاکستان پینل کوڈ جس کو گورنر جنرل کی منظوری ۶ اکتوبر کو حاصل ہوئی یہ ۱۸۶۰ء سے نافذ ہے - اسی طرح کریمنل پروسیجر کوڈ ۱۸۹۸ء میں رائج کیا گیا اور گورنر جنرل نے منظوری ۲۲ اگست ۱۸۹۸ء کو دی - اس طرح سے سول پروسیجر کوڈ ۱۹۰۸ء میں اس ملک میں رائج کیا گیا میں سمجھتا ہوں کہ یہ قوانین کامیابی سے رائج تھے اور اس کے خلاف تراسیم جو رفتہ رفتہ ہوتی رہیں ان کے تحت کم سے کم انصاف ملتا رہا - یہ ضرور ہے کہ اس وقت بھی فرنٹیر کرائمز ریگولیشن ۱۹۰۱ء جو فرنٹیر کے بعض اضلاع سے متعلق تھے بعد میں رائج کئے گئے جس میں ہزارہ ، مردان ، پشاور ، کوہاٹ اور کچھ اضلاع اور بھی تھے لیکن اس علاقہ کی بیشتر آبادی جس کو اس وقت مغربی پاکستان کہتے ہیں ان قوانین کے تحت انصاف حاصل کرتی تھی جن کا میں پہلے ذکر کر چکا ہوں اور یہ صوبہ جس کی موجودہ شکل مغربی پاکستان ہے مختلف صوبہ جات میں بٹا ہوا تھا ان کے تحت بیشتر آبادی کو ان قوانین سے مستفیض ہونے کا موقع ملتا تھا - جناب والا کوئٹہ قلات کریمنل لاء امنڈ منٹ ایکٹ ۱۹۶۳ء میں نافذ کیا گیا اور کہا گیا کہ یہ فرنٹیر کرائمز ریگولیشن کی Better فارم ہے - اور اس کے بعد کوئٹہ قلات سول اینڈ کریمنل

لاء امنڈمنٹ آرڈیننس کا نفاذ اس صوبے میں کیا گیا ۔ اس کے بعد ایک writ ہوئی اور اس کا فیصلہ یوں ہوا کہ فرنٹیر کرائمز ریگولیشن کی بعض دفعات ultra vires ہیں ۔ یہ writ سردار نواب حاجی محمد خان Vs. اڈیشنل کمشنر کوئٹہ ہوئی تھی ۔ دراصل جس چیز کا سہارا لیکر اس نئے آرڈیننس کو نافذ کیا گیا ہے یہ تینوں قوانین کو اگر ایک دوسرے کی بہنیں کہہ دیا جائے تو مناسب ہوگا ۔ میری مراد فرنٹیر کرائمز ریگولیشن سے ہے جس کی دفعات ultra vires قرار دی گئی ہیں ۔ کریمنل لاء امنڈمنٹ ایکٹ اور کوئٹہ قلات سول اینڈ کریمنل لاء امنڈ منٹ آرڈیننس کی دفعات کو اکٹھا کر دیا جائے تو یہ صورت ہوگی ۔ پہلے جس وقت ہائی کورٹ میں یہ *ultra vires* قرار دی گئیں بعد میں ان دفعات کو نئے فارم میں اس ملک میں نافذ کر دیا گیا اور اس کا اطلاق محض کوئٹہ قلات ڈویژن تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ اگر آپ دیکھیں گے تو اس کا اطلاق باقی مغربی پاکستان میں بھی کیا جا سکتا ہے ۔ جناب والا میں یہ کہوں گا ۔ کہ جیسا کہ خواجہ صاحب نے بھی Press کیا تھا کہ ان قوانین سے بہتر ہے کہ کانسٹی ٹیوشن کی وہ دفعہ ہے جس کے تحت ہر پاکستانی کو حق حاصل ہے ویسے ہی قانون سے اس پر ایڈمنسٹریشن کیا جائے جس قانون سے دوسرے حصہ جات میں یا سارے مغربی پاکستان میں کیا جاتی ہے ۔ لیکن وہ حق بھی چھین لیا گیا ہے ۔ کیونکہ اس کی دفعات کافی سخت ہیں اور اس طرح مغربی پاکستان میں رہنے والے ہر جگہ کے لوگ کافی مختلف طریقہ سے جسٹس حاصل کر سکتے ہیں اور بعض جگہوں میں محض کوئٹہ قلات میں جو جسٹس ہوگی اس کا طریقہ کار مختلف ہوگا ۔ طریقہ کار مختلف ہی نہیں بلکہ کچھ Harsh قسم کی سزائیں بھی اس قانون میں

شامل کی گئی ھیں ۔ عام طور پر یہ کوشش کی جاتی ھے کہ ان قوانین کو نافذ کرتے وقت کہا جائے کہ ان کا اطلاق خاص حالات میں ھوگا لیکن وہ دفعہ بھی اس نئے آرڈیننس میں شامل کی گئی بلکہ یہ تمام کا تمام ھندا کریمنل اور سول Disputes میں تقریباً اس قانون کے تحت کوئٹہ اور قلات کے لوگوں کے گلے میں ڈالا جائیگا ۔ اس طرح سے اس کا Scope بہت ھی Wide ھے ۔ اس کے لئے میں اس معزز ھاؤس کے اراکین کی توجہ شیڈول نمبر (۲) کی طرف دلاتا ھوں جس کے سیکشن (۳) کے تحت اس کو Adopt کیا گیا ھے اور وہ دفعات اس کی اطلاق کا ذریعہ ھو سکیں گی ۔ جناب والا اب میں عرض کروں گا کہ سیکشن ۲۱۵-۳۷۹-۳۸۰-۳۸۱ ۲۸۲-۴۱۲ - چوری کے متعلق دفعات ھیں ۔ اس طرح ڈکیتی کے متعلق ۳۹۲-۳۹۵-۳۹۷- ھیں House Trespass کے متعلق ۴۵۴-۴۵۷- اور ۴۶۰ ھیں ۔ اس کے علاوہ Murder اور Attempted murder کے متعاق ۳۰۲-۳۰۴ اور ۳۰۷ ھیں ۔ اس طرح Fire arms کے متعاق بھی کچھ دفعات شامل کی گئی ھیں ۔ اس کے بعد ڈکیتی کے متعلق ۳۹۵-۳۹۸ کی دفعات کو شامل کیا گیا ھے ۔ میں یہ کہنا ضروری خیال کروں گا کہ یہ دفعات چوری اور Cattle lifting کے متعلق ھیں لیکن ڈکیتی کا معاملہ ایسا ھے کہ یہ Sun Set اور Sun rise کے درمیان رات میں ھوتا ھے اس کو بھی اسی قانون میں شامل کر لیا گیا ھے ۔ اسی طرح سے کچھ اور دفعات ھیں ۔ یا جو سیکشن Sedition کے متعلق ھے میں سمجھتا ھوں کہ Sedition کا مسئلہ بھی کچھ ایسا ھی ھے ۔ میں نہیں کہتا کہ اس وقت جو ارباب اختیار ھیں وہ اس قسم کے ھیں لیکن کسی وقت ھو سکتا ھے کہ ملک میں کچھ لوگ ایسے برسر اقتدار آجائیں جو بلا وجہ اپنے مخالفین کو Victimise

کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت ان دفعات کا زیادہ Misuse کیا جا سکتا ہے ۔ اس کے بعد سیکشن ۳۳۷ اور ۳۳۸ Endangering آف لائف کے متعلق ہے ۔ اس کے بعد ۴۳۵ اور ۴۳۶ Damage to place of worship and property کی دفعات ہیں ۔ اس کے بعد Rights کی دفعات ہیں ۱۴۸ اور ۱۴۹ سمگلنگ کی Offences ہیں ۔ پھر West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance of 1960 کی دفعات کو بھی اس میں شامل کیا گیا ہے ۔ اس کے بعد سیکشن ۱۰۷ سے ۱۱۴ تک پاکستان پینل کوڈ کی دفعات بھی ہیں جن کو اس میں شامل کر لیا گیا ہے ۔ وہ Abetment کے متعلق ہیں ۔ ۱۲۰ اور ۱۲۱ Conspiracy کے متعلق ہیں ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ اس علاقہ کے لوگوں کو انصاف سے محروم کر دیا گیا ہے ۔ جناب آگے میں عرض کرونگا کہ عام قانون کے تحت جو پروسیجر ہے اس پروسیجر کے مطابق انصاف کے اصول بڑے آسان ہیں لیکن یہ نیا آرڈیننس جس کو نافذ کیا گیا ہے اور اس کا Scope اتنا Wide کر دیا گیا ہے کہ لا محالہ میں سمجھتا ہوں کہ کوئٹہ ، قلات اور دوسرے جتنے بھی اضلاع میں یا جن حصہ جات میں اس کا نفاذ کیا جائیگا آپ نے وہاں کے لوگوں کو ایسی زنجیروں میں جکڑ دیا ہے کہ ان زنجیروں سے نکلنے کا کوئی راستہ باقی نہیں رہنے دیا ۔ اس کی detailed discussion میں جب Procedure and administration of justice کے ذکر پر آتا ہوں اس جگہ کروں گا ۔ اب میں اس آرڈیننس کی بقایا دفعات کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ سیکشن ۴ جو اس قانون کا ہے اس کے مطابق آپ نے وہی طریقہ کار اختیار کیا ہے جو آپ ایف ، سی ، آر یا کریمنل لاء امنڈ منٹ ایکٹ میں کر رہے ہیں ۔ یعنی آپ نے ایک سیکشن ۳۰ کے مجسٹریٹ یا اس سے بڑی پاور کے مجسٹریٹ،

اے۔ڈی۔ایم یا ڈی۔ایم صاحب بلکہ میرا اندازہ ہے اس اے۔ڈی۔ایم صاحب تک کو پریذیڈنٹ مقرر کیا جائے گا اور ان کے ساتھ چار اور لوگ بھی شامل کئے جائیں گے ۔ جناب والا ایک ملک کے حصے پر ایک آبادی کے حصے پر جب آپ Administration of Justice کر رہے ہیں ۔ تو اس وقت ٹریبونل کے ذمہ آپ یہ کام لگا دیتے ہیں کہ وہ ان تمام دفعات کو interpret کرلے اور سزائیں جو ہوں وہ ان کا نفاذ کرے ۔ اندازہ فرمائیے کہ جہاں تک پریذیڈنٹ صاحب کا تعلق ہے وہ سیکشن ۳۰ کے مجسٹریٹ ہوں گے یا اس سے بڑے عہدہ کے افسر ۔ لیکن باقی چار حضرات جو ٹریبونل کے ممبر ہونگے ان کے لئے جو Qualifications رکھی گئی ہیں وہ یہ کہ ان کی integrity and social جو ہیں ان کا ملاحظہ کرنے کے بعد ان کا تقرر کیا جائے گا ۔ جناب والا status میں یہ سمجھتا ہوں کہ Basic Qualification جب تک ان ممبران کی نہ ہوں تو ان کے لئے ناممکن ہے بلکہ impossible ہے کہ وہ administration of Justice کر سکیں ۔ اور سب سے بڑی خرابی جس کا اشارہ مجھے کرنا ہے کہ ایک تو آپ نے قانون harsh کر دیا ہے اور پھر آپ نے ان قوانین میں ایک شہادت کے دفعات کا اطلاق چھوڑ دیا ہے اور اس کے بعد آپ نے انصاف کرنے کے لئے جو لوگ بٹھائے ہیں ان کی Educational qualifications ۹۹ فیصدی میں سمجھتا ہوں کہ اس حد تک low ہیں کہ وہ ان قوانین کی پیچیدگیوں کو سمجھنے سے بالکل قاصر ہیں ۔ اب آپ اندازہ فرمائیے کہ ان جرگوں میں جن کے متعلق ایف ۔ سی۔ آر اور Council of Elders کے نام ہیں اس میں ان کو شامل کیا گیا ہے اور سیکشن ۳ کریمنل لاء امنڈ منٹ ایکٹ کو بھی ان میں شامل کیا گیا ہے ۔ اس کے بعد سیکشن ۳ کو موجودہ آرڈیننس میں بھی شامل کیا

گیا ۔ پھر ان ممبران جرگہ کے لئے یعنی جو آپ نے ان کے انتخاب کا standard رکھا ہے اس میں Educational Qualifications کو بالکل شامل نہیں کیا بلکہ میں مودبانہ عرض کروں گا کہ ان کی تقرریاں جیسے کہ پہلے کی جا چکی ہیں محض سیاسی بناء پر کی جاتی ہیں اور اگر انصاف کے کرنے والوں کا تقرر محض سیاسی بناء پر کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں انصاف کا جنازہ نکل جائیگا ۔ جناب والا ۔ یہ میرے الزامات ہیں اور میں اپنے محترم وزیر قانون صاحب اور لیڈر آف دی ہاؤس کو چیلنج کرکے کہتا ہوں کہ وہ اپنی فہرستیں منگوائیں ۔ میں انہیں tick کرکے بتاؤں گا کہ یہ تقرریاں ۹۵ فیصدی صرف سیاسی بناء پر ہیں بلکہ ایک instance میرے پاس موجود ہے جس میں کمشنر نے ایک بالکل غیر جانبدارانہ لسٹ بنائی اور اس لسٹ کو دو یا تین دن کے بعد کالعدم قرار دیکر ایک نئی لسٹ کا اطلاق کیا گیا ۔ جناب والا ۔ سب سے بڑی جو جو ہمارے ملک کی ریڑھ کی ہڈی تھی وہ ایکٹ شہادت ۱۸۷۲ کا تھا ۔ اس ایکٹ کی دفعات کو نظر انداز کر کے ان کا اطلاق ان تینوں قانونوں میں نہیں کیا گیا ۔ ہاں اگر کیا گیا ہے تو اس کے سیکشن ۱۲۱ سے لے کر ۱۲۶ تک کیا گیا ہے اور وہ بھی سیکشن ایسے ہیں جو مجسٹریٹ صاحبان کو اور دوسرے لوگوں کو کچھ ایسی مراعات دیتے ہیں کہ کسی افسر سے یا پولیس افسر سے یہ نہیں پوچھا جا سکتا کہ آپ کا سورس آف انفارمیشن کیا ہے یا کیا تھا ۔ تو جو قانون ایکٹ شہادت ۱۸۷۲ سے یعنی گزشتہ ۹۳ سالوں سے چل رہا تھا اس کو یک لخت کالعدم قرار دیا اور اس کا نفاذ ان تین قوانین میں نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ اب میں ایک نہایت دلچسپ رولنگ بلکہ observation جو جرگہ کے متعلق کی گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہماری چشم بصیرت کے لئے کافی ہو بلکہ ہمارے لئے تازیانہ

عبرت ہو وہ میں اس معزز ایوان میں پیش کرتا ہوں ۔ "Trial By Jirgas"
یہ جناب والا جسٹس کارنیلیس نے اپنی Judgment میں لکھا ۔ اس Judgment
کا صفحہ ۹۰۳ ہے ۔ پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ یہ کسی دوسری Judgment میں ہے
جس کے ذریعے ایف سی آر کی بعض دفعات کو انہوں نے Ultra Vire قرار
دے دیا ہے اور نیا آرڈیننس لگایا گیا ۔ اس میں جسٹس کارنیلیس کے کچھ
حوالہ جات دیئے گئے ہیں ۔ صفحہ ۹۰۳ ۔ محمد خان Vs. Addl.
Commissioner

On page 409, PLD, Lahore, 1965 it is said :—

"The main judgment was written by Justice Cornelius who arrived at the following conclusion :—

'On a careful consideration of the statutory provisions, and the procedure actually followed in enquiries of this nature I am satisfied that, if the ascertainment of the commission of an act, falling within one or more of the definitions of offences contained in the Penal Code, by the mode prescribed in section 11, Frontier Crimes Regulation, can be regarded as a mode of justice at all, it is certainly not such a mode, as is operated through the ordinary Courts of justice acting in accordance with the law of procedure and of evidence, but it rather to be assimilated to, and included among, the agencies of the general administration . .'

"The above finding is based on the following facts :—

'Trial by jirga cannot even be regarded as summary trial of the nature provided by the Criminal Procedure Code, since, although summary trials must follow a prescribed procedure, either that of a summons case or of a warrant case, in the case of Jirgas no procedure of any kind is laid down."

یعنی میں اپنے ان احباب کے لئے جو اردو سمجھ سکتے ہیں عرض کروں گا
کہ یہ کہا گیا ہے کہ Cr. Procedure Code اور دوسرے قانون کے تحت
جو Trials Warrant ہیں یا جو دوسرے Summons Trials ہیں یا سمری ٹرائل
ہیں اور ان تینوں Trials سے یہ مختلف ہے ۔ اور یہ سمری ٹرائل بھی نہیں

کہلایا جا سکتا جیسا کہ جرگے کا قانون کے ساتھ Tribes کا معاملہ بھی کیا گیا ہے۔

"The proviso to section 50 of the Regulation, which debars the Commissioner from interfering with a finding of fact recorded by a Jirga which has been accepted by the Commissioner, unless he is of the opinion that there has been a material irregularity or defect in the proceedings or that the proceedings have been so conducted as to occasion a miscarriage of Justice, are rendered nugatory by the absence of any rule against which the alleged material irregularity or defect can be measured.

Since the form of procedure is left to be determined arbitrarily by the Jirga, the intention of the Regulation also clearly is that none of the recognised rules of evidence should be binding upon the Jirga."

چیف جسٹس صاحب فرما رہے ہیں جرگہ کے نفاذ کے متعلق کہ وہاں Evidence Act کا اطلاق نہیں ہوگا۔ اسے علیحدہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جرگہ اپنی من مانی کرے اور جو چاہے اس کے متعلق اپنا فیصلہ دے۔

"Information gathered by putting questions in open assembly can never have the quality of judicial evidence, nor can information obtained by secret investigation be so regarded."

اب جرگہ میں ایک چیز یہ دی گئی ہے کہ ممبران کسی موقعہ پر جا سکتے ہیں لوگوں کو اکٹھا کر سکتے ہیں اور ان سے انکوائری کر کے اس پر rely کر سکتے ہیں۔ لیکن جج صاحب فرماتے ہیں کہ یہ طریق کار انتہائی ناقص ہے اور اس سے ہرگز وہ مقصد حل نہیں ہوتا جو اس طرح حاصل ہو سکتا ہے کہ کسی گواہ کو عدالت میں طلب کیا جائے انکوائری کا یہ طریقہ نہیں ہونا چاہئے۔ اور وہ جرگے کو اس پالیسی پر چلاتے ہیں۔ پھر وہ کہتے ہیں۔

"Although the hearing is before a Jirga, the power of decision vests in the Deputy Commissioner, who neither sees nor hears either the accused or any of the witnesses, and is further not empowered by law to do so even if he should so desires, his position being consequently wholly vicarious."

کارنیلس صاحب کہتے ہیں کہ یہ رپورٹ جو جرگے کی ہے یہ ڈی ۔ سی کے پاس جاتی ہے وہ نہ ملزموں کو دیکھتے ہیں نہ گواہوں کی بات سنتے ہیں نہ گواہوں کو ان کے پاس پیش کیا جاتا ہے ۔ اور آخر کار یوں جو سزا دی جاتی ہے اسے ڈی ۔ سی صاحب award کرتے ہیں ۔

"In the circumstances described above it is impossible to preserve public confidence in the justness of the decision, which confidence, though perhaps of secondary importance to an administrative agency, is of paramount importance to a Court of justice."

اس طرح وہ کہتے ہیں کہ لوگوں کا اعتماد جرگہ سسٹم سے اٹھ چکا ہے اور یہ لوگ جس وقت جرگہ سسٹم میں پیش ہوتے ہیں تو شکوک و شبہات کی کافی گنجائش ہوتی ہے ۔ وہ سمجھتے ہیں کہ انہیں انصاف حاصل نہیں ہو سکے گا ۔ جناب والا ۔ اس سے بڑی تنقید اور کیا ہو سکتی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ارباب اختیار کی آنکھیں اس فیصلے کے بعد کھل جانا چاہئے تھیں لیکن وہ کمال ضد سے اسی شراب کو نئے جام میں لے آئے ہیں ۔ اور یہی دفعات دوبارہ پیش کرنے کے لئے ایک اور طریقہ اختیار کر رہے ہیں اور اسے آرڈیننس کی صورت میں یہاں لے آئے ہیں ۔ اب یہ ہاؤس نہ اس کا full stop بدل سکتا ہے نہ coma ، صرف اسے منظور یا نامنظور کر سکتا ہے ۔ اس طریق کار کی آڑ لیتے ہوئے وہ چاہتے ہیں کہ دوسرے رنگ میں اسی کا نفاذ کر دیا جائے ۔

اب جناب والا ۔ یہ کہا گیا ہے کہ پانچ ارکان پر مشتمل یہ جرگہ

بنایا جائے گا ۔ لیکن کورم اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو تین کا ہے یہ سیکشن آٹھ میں ہے جو کورم کے متعلق ہے ۔ تین اشخاص کورم Form کرتے ہیں اور وہی فیصلہ بھی کر سکتے ہیں ۔

اب جناب والا ۔ یہ ان کا اختیار ہے ۔ اب یہ دیکھیں کہ جرگہ کے جو ممبران ہیں وہ unqualified ہیں ۔ طریق کار یہ ہے کہ Evidence ایکٹ کا وہاں پر کوئی اطلاق نہیں ۔ اب اس کے بعد ان کے اختیارات بھی ملاحظہ فرما لیجئے ۔ اس آرڈیننس کے تحت یہ ہر قسم کی سزا دے سکتے ہیں ۔

". . . except sentence of death, transportation for life and imprisonment exceeding fourteen years."

آپ بتائیں کہ وہ غیر تعلیم یافتہ لوگ جو جرگہ کے ممبران مقرر کئے گئے ۔ ان کی تقرری سیاسی طریق سے ہوگی ۔ اس کے بعد ان حالات میں ان سے کسی قسم کے انصاف کی توقع کرنا عبث اور بعید از امکان ہے ۔ ان کے اختیارات کو ملاحظہ فرما لیجئے وہ کس قدر بھیانک سزا دے سکتے ہیں ۔ کس قدر بد قسمتی ہے کہ اس آرڈیننس میں خاص طور پر آپ نے بغاوت کی دفعات کو بھی شامل کر لیا ہے ۔ اب بتائیے جو لوگ چاہتے ہیں کہ اس حکومت پر کسی قسم کی تنقید کسی حیثیت سے کریں وہ کیسے کر سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پبلک کے ساتھ اس سے بڑی نا انصافی اور ظلم اور کوئی نہیں ہو سکتا ۔ اگر اس آرڈیننس کو پاس کر دیا گیا تو شخصی آزادی ختم ہو جائے گی اور یہاں کے عوام ہر قسم کی آزادی سے محروم ہو جائیں گے ۔ یہ وہ چیز ہے جو غیر ملکی حکمرانوں نے بھی نہیں کی تھی ۔ آج آپ نے تمام مغربی

پاکستان میں ایسے قوانین کا نفاذ کر کے یہاں پر شہری آزادی کا احترام ختم کر دیا ہے اور یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کے نزدیک اس کی قدر و قیمت کوئی نہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ موجودہ حکومت کے پاس کوئی ایسی وجہ یا کوئی ایسی دلیل نہیں کہ وہ صوبہ میں ایسے غیر مہذب اور harsh قوانین نافذ کرے ۔

اس آرڈیننس میں کچھ ایسی دفعات بھی شامل کی گئی ہیں جن کی رو سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے فیصلے کی اپیل کمشنر کے پاس کی جائے گی اور کمشنر صاحب کی اپیل گورنمنٹ کے پاس ، گویا گورنمنٹ کے ہوم سیکرٹری صاحب سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کا رول ادا کریں گے ۔ اور کمشنر صاحب ہائی کورٹ کے چیف جسٹس یا جج کا رول ادا کریں گے ۔ اسی طرح سیشن کا رول ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب ادا کریں گے ۔ انصاف کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ انتظامیہ اور عدلیہ علیحدہ علیحدہ ہوں ۔ پکڑنے والا اور ہو اور فیصلہ دینے والا اور ہو ۔ لیکن آپ نے عدالتوں سے سارے اختیارات چھین کر انتظامیہ کے ہاتھ میں دے دئے ہیں ۔ یعنی آپ نے انہیں کھلی چھٹی دے دی ہے کہ وہ جو چاہیں کریں ۔

یاد رکھئیے کہ پرانے حکمرانوں اور پرانی شخصیتوں میں سے جس نے بھی انصاف کیا اس کا نام آج تک تازہ ہے ۔ عدل فاروقی کی مثالیں آپ نے سنی ہیں ۔ نوشیرواں عادل بادشاہ تھا ۔ وہ آج تک ہر دلعزیز ہے ۔ عدل جہانگیری کی باد باوجود اس کے کہ جہانگیر کے متعلق کئی قسم کی باتیں کہی جاتی ہیں آج تک تازہ ہے ۔ لیکن آپ اپنی رعایا کو اور

اپنے شہریوں کو عدل و انصاف سے محروم کر رہے ہیں - میں پھر دہراتا ہوں کہ یہ جو آرڈیننس ہے وہ بنیادی حقوق ۱۵ کے خلاف ہے - اور وہ بنیادی حقوق ۱۵ یہ ہے کہ :

"All citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law."

لیکن اس آرڈیننس کے نفاذ کے بعد آپ نے کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے لوگوں کو قانون کے اس مساوی تحفظ سے محروم کر دیا ہے - اگر وہاں sedition ہو یا بغاوت کا کوئی مقدمہ اس علاقے میں پیش ہو تو اس کا Trial مختلف ہوگا - لیکن اگر کسی اور علاقے میں ایسا کوئی مقدمہ پیش ہو تو اس کا Trial مختلف ہوگا - میں پھر جناب وزیر قانون سے مودبانہ گذارش کروں گا کہ انہوں نے اس ایوان میں کسی معزز رکن کے استفسار کا جواب دیتے ہوئے فرمایا تھا کہ شاید یہ درخواست دی گئی تھی کہ F. C. R. کو دوبارہ وہاں پر لگا دیا جائے- اور انہوں نے بڑے میٹھے اور اچھے پیرائے میں یہ فرمایا تھا - (اور میں کافی متاثر ہوتا ہوں جب وہ اپنے میٹھے انداز میں بولتے ہیں -) کہ ہم مرکزی حکومت کو refer کر رہے ہیں کہ وہ ایف - سی - آر کا اطلاق دوبارہ کرے - اور اگر ہو سکے تو اس کے لئے آئین میں ضروری ترمیم کرے - تو میں ان سے گذارش کرتا ہوں کہ آپ ان دفعات کو نہیں جانتے ہیں جن کے تحت ایف - سی - آر - میں یہ حکم موجود ہے کہ معمولی جرائم کے لئے بھی بید زنی کی سزا دی جا سکتی ہے - وہ صرف مخصوص دفعات نہیں ہیں - میں ان دفعات کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا - ہو سکتا ہے کہ کل کو مرکزی حکومت آئین میں ترمیم کرے - اور اس کے ذریعے سے ایف - سی - آر - کو دوبارہ رائج کیا جائے - اس لئے میں چاہتا ہوں کہ

میری یہ آواز ان تک بھی پہنچ جائے ۔ اور وہ دفعات جن کے تحت بید زنی کی سزا دی جا سکتی ہے وہ پاکستان پینل کوڈ کی دفعات نمبر ۳۲۴ ، ۳۲۵ ، ۳۰۷ ، ۳۹۲ ، ۳۹۵ ، ۳۸۲ ، ۳۴۷ اور ۳۴۸ وغیرہ ہیں۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ ان دفعات کے تحت معمولی جرائم کے لئے بھی بید زنی کی سزا دی جا سکتی ہے ۔ اور اس ایوان میں بڑے فخر کے ساتھ کہا گیا ہے کہ اسے آئین میں ترمیم کی غرض سے مرکزی حکومت کو refer کیا جائے گا ۔

جناب والا ۔ اب میں اس آرڈیننس کی Criminal Side کو چھوڑ کر اس کی Civil Side کی طرف آتا ہوں ۔ اس میں یہ ضرور کہا گیا ہے کہ Civil Cases میں جب ایک فریق خود یہ اپیل کرے کہ جرگہ قائم کیا جائے تو اسی صورت میں جرگہ مقرر کیا جائے گا ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انگریز جو چیزیں چھوڑ گئے ہیں ۔ ان میں جو قانون سب سے زیادہ اچھا تھا ۔ وہ سول لاء تھا ۔ اس میں تاخیر ضرور ہوتی تھی ۔ لیکن اس قانون میں اتنی جان تھی ۔ اور اس کا ایسا procedure تھا کہ اس میں بے انصافی کی توقع ہو ہی نہیں سکتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ Civil Procedure Code, 1908 سے depart کر کے اور غیر تعلیم یافتہ لوگوں کو ان جرگوں میں سیاسی طور پر مقرر کر کے انہیں سول حقوق دے دینا لوگوں کے ساتھ بے انصافی اور زیادتی ہے ۔ اگر کوئٹہ قلات ڈویژن میں رہنے والے لوگ سول لاء کی ان برکتوں سے بے بہرہ ہیں تو ہو سکتا ہے کہ لا علمی میں کوئی شخص درخواست دیدے کہ جرگے کا قیام کیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب سپیکر - کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمیں اس آرڈیننس کی دفعات کو سول معاملات کے لئے ہرگز منظور نہیں کرنا چاہئے - کیونکہ اس میں سب سے بری بات یہ ہے کہ فریقین ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو درخواست دے دیں گے کہ ایک جرگے کا قیام کیاجائے- جرگہ قائم بھی ہو جائے گا اور جرگہ کسی ایک کے خلاف ڈگری بھی دے دیگا - لیکن ڈگری شدہ رقوم کی وصول یابی کے لئے جو طریقہ ہے وہ as arrears of land revenue کا طریقہ ہے - آپ اندازہ فرمائیے کہ دو اشخاص ایک کاروبار کرتے ہیں - اور انہیں اس میں گھاٹا ہو جاتا ہے - تو اگر ایک شخص کا کچھ روپیہ اس دوسرے شخص کے ذمہ رہ جائے - تو اس جرگے کے ذریعے اگر اس باقی دار کے خلاف ڈگری دے دی جائے گی تو اس کی وصول یابی land revenue کے بقایا کی طرح ہوگی - آپ یہ ملاحظہ فرمائیں کہ انگریزوں کے وقت civil prisons کا قانون ضرور تھا - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت بھی گزشتہ پچیس یا تیس سال کے دوران میں تمام مغربی پاکستان میں خال خال ہی ایسے مقدمات ہوں گے کہ کسی قرض خواہ نے قرض دار کو جیل بھجوایا ہو - تو آپ سول مقدمات میں ایسی دفعات کا اطلاق کر کے لوگوں کو بالکل discourage کریں گے - لوگ کوئی کاروبار آپس میں نہ کر سکیں گے - کوئی venture اور enterprise ہاتھ میں نہ لے سکیں گے - اور نہ ہی وہ کوئی

قرضہ کسی بنک سے یا کسی قرضہ دینے والے سے لے سکیں گے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ سول قانون کی بدترین شکل ہے کہ آپ بقایا جات یا ڈگری کی وصول یابی land revenue کے بقایا کے طور پر کریں - اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ عوام کی شہری آزادی پر براہ راست حملہ ہے - اور اس کے تیسرے باب میں ہے کہ اگر جرائم کے انسداد کے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سمجھے کہ کوئی عادی مجرم ہے - یا اس کے خلاف اس قسم کی کوئی شکایت ہے - یا اسے سیاسی طور پر victimise کرنا چاہئے تو اس شخص کو گرفتار کیا جا سکتا ہے - اور گرفتار کرنے کے بعد اس شخص کو جرگے کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے - اور وہ جرگہ جب اپنی findings دے گا تو اس کے بعد اس سے بڑا Heavy Bond لیا جا سکتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی شخص کسی کے خلاف کسی جرم کا مرتکب ہو یا کسی نے قرض لے کر اس کی ادائیگی نہیں کی - تو یہ کہاں کا انصاف ہے کہ آپ ایسے لوگوں کو arbitrary powers دیں - جرگے کو ایسی powers دیں کہ وہ ایسے اشخاص کے متعلق یہ سفارش کرے کہ کسی آدمی کی شہری آزادی کو سلب کیا جائے - یا اس سے ایک بہت بھاری بانڈ لے لیا جائے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا یہ آرڈیننس ہمارے آئین کے منبائن ہے - اب آپ اپیل کی شقوں کی طرف آئیے - یہ دفعہ ۲۱ ہے - اس میں یہ درج ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے فیصلے کے خلاف آپ کو کمشنر کو اپیل کرنی ہوگی - اور اس کے بعد بھی گورنمنٹ کے پاس آپ کی اپیل جاتی ہے - اور گورنمنٹ نے محض کاغذات دیکھنے کے بعد یہ فیصلہ صادر کر دینا ہے - اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ گورنمنٹ کے سامنے نہ وکیل ہی پیش ہو سکتا ہے - اور نہ فریقین ہی اپنا

نقطہ نظر بیان کر سکتے ہیں ۔ تو پھر آپ ہی بتائیے کہ وہ کیا وجوہات ہیں کہ جن کے باعث یہ نہ سمجھا جائے کہ کوئٹہ اور قلات ڈویژن کے لوگوں کو جائز داد رسی ، حق رسی اور طریق انصاف سے محروم کر دیا جائے گا ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف یہ قانون بلکہ ایف ۔ سی ۔ آر اور کریمنل لاء امنڈمنٹ بل کی تمام دفعات کو فی‌الفور repeal کر دیا جائے ۔ اور ایسا طریقہ رائج کرنا چاہئے کہ جس سے ہمیں انصاف ملنے کے سلسلے میں پورا پورا تحفظ مل سکے ۔ اور انصاف ملنے کی گارنٹی مل سکے ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ میرے معزز بھائی نے جس عالمانہ اور فاضلانہ طور پر تقریر کرتے ہوئے اس آرڈیننس کی مخالفت کی ہے ۔ میں اس کی داد دئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اسے کچھ اس طریقے سے پیش کیا ۔ اور اپنی طرف سے اس میں سے کچھ ایسے نکات نکالتے رہے جو کہ خود ان کے بھی خلاف استعمال کئے جا سکتے ہیں ۔ میں ان کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ وہ اس آرڈیننس کا preamble پڑھ لیں ۔ وہ یہ ہے ۔

"The Quetta and Kalat (Civil and Criminal Law) Ordinance, 1965.

An Ordinance

to provide for the settlement of civil disputes and the speedy trial of offences in the Divisions of Quetta and Kalat and certain other areas of West Pakistan.

WHEREAS the people of Quetta and Kalat Divisions and certain other areas in West Pakistan have desired the introduction, in the said areas, of a

system of settlement of civil disputes and the trial and punishment of offences more suited to their requirements and in consonance with the special conditions prevailing in the said areas ;

AND WHEREAS keeping in view the demand of the people of the aforesaid areas and their special requirements, it is expedient to provide for the said areas a simpler and inexpensive system of administration and dispensation of civil and criminal justice ;"

جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ ان علاقوں کے لوگوں کی ڈیمانڈ پر انہیں کے مطالبات پر گورنمنٹ آج یہ آرڈیننس لائی ہے ۔ کیوں یہ مطالبات ان لوگوں نے کئے ۔ کیوں ایسے قانون مانگے ۔ یہ اس لئے تھا کہ اس پر خرچ نہ ہو ۔ جس میں ملزم بچ نہ سکے ۔ وہ شخص جس نے جرم کیا ہو اس کو کافی سزا مل سکے ۔ مطالبات کرنے کی وجہ جو میری سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ بہت پسماندہ ہیں ۔ وہاں کے لوگوں کی مالی حالت بہتر نہیں ہے ۔ وہاں پر تعلیم بہت کم ہے ۔ سڑکوں کی حالت اچھی نہیں ہے ۔ تھانے بہت دور دور پڑتے ہیں ۔ ایک شخص اگر مجروح ہو جائے اس کو نزدیکی تھانے تک پہنچانے کے لئے اس کو ہسپتال تک پہنچانے کے لئے یا بیان قلمبند کرنے کے لئے میلوں فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے ۔ اور وہ بیچارہ راستے میں ہی جان دے دیتا ہے ۔ اس کے بارے میں عینی شہادت بڑی مشکل سے ملتی ہے ۔ راستے دشوار گذار پہاڑوں میں سے ہیں ۔ وہاں پر اس کی ضرورت کو محسوس کیا جا رہا ہے کہ صحیح طریقے پر انصاف ہو سکے ۔ میں اس سے انکار نہیں کر سکتا کہ میرے محترم بھائی نے انگریزی قانون کی جتنی حمایت کی ہے ۔ ان کے سول قانون اور فوجداری قانون کی حمایت میں جس قدر لفاظی سے کام لیا جائے کم ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ یہ چیز ان کے لئے بہتر ہوگی ۔ ایسے علاقے میں جن کے حالات زیادہ ترقی یافتہ نہ ہو ۔ جن کا

رہن سہن اچھا نہ ہو ۔ غیر تعلیم یافتہ ہوں ۔ ان کو کئی قسم کی مشکلات ہیں ۔ ان کے لئے اس قانون کا نفاذ بہت ضروری ہے ۔ اس لئے ان لوگوں کے مطالبہ پر یہ قانون بنایا گیا ۔ کل کے روز نامہ میں میں نے ایک خبر پڑھی کہ ملتان تحصیل کونسل نے یہ ڈیمانڈ کی ہے اور یہ مطالبہ کیا ہے کہ رسہ گیروں کے خلاف جو کیسز ہیں وہ جرگہ کے سپرد ہوں۔ لاہور میں یہ تجویز پاس نہیں ہوئی ۔ لائل پور میں یہ تجویز پاس نہیں ہوئی ۔ مردان میں یہ تجویز پاس نہیں ہوئی ۔ اس لئے کہ ان لوگوں کو اس چیز کی ضرورت نہ تھی ۔ ممکن ہے ملتان میں اس چیز کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہو ۔ وہاں ایسے کیسز عام ہو گئے ہوں کہ ملزم کو عام کھلی عدالت میں واقعی سزا نہ ملتی ہوگی ۔ اس لئے مجبوراً اس چیز کو پاس کیا ہے کہ اس قانون کے تحت رسہ گیروں کے خلاف ایکشن لیا جائے ۔ یہ تحصیل کونسل نے تجویز پاس کی ہے ۔

پھر جناب والا جرگہ کے ممبران کی تقریروں کے بارے میں ایک سوال اٹھا تھا کہ جرگہ کے ممبران غیر تعلیم یافتہ ہوتے ہیں ۔ ان کی کوالیفیکیشن کے متعلق بھی کہا گیا ہے کہ ممبر اس قابل نہیں ہوتے جو صحیح طریقے پر قانون کو جان سکیں ۔ جناب والا ۔ اگر وہ قانون کو صحیح طریقے پر جان سکتے اور ان لوگوں کی صحیح کوالیفیکیشن ہوتیں ۔ تعلیمی لحاظ سے وہ لوگ آگے ہوتے تو میرے خیال میں اس قانون کو لانے کی ضرورت بھی نہیں تھی ۔ اب جرگہ کے متعلق جو کچھ کہا گیا ہے وہ سیکشن ۵ میں ہے ۔

"The President and every other member of the Tribunal shall, before the Tribunal enters upon a reference, take an oath in the form prescribed in the Third Schedule in the language that is understood by him."

تو جناب والا جب ایک جرگہ کا صدر اور ٹریبونل کے ممبر اس طرح حلف اٹھاتے ھیں وہ یہ کہتے ھیں ۔

"I. . . . . do solemnly swear that as President/member of the Tribunal, I will discharge my duties, and perform my functions, honestly and to the best of my ability.

That I will not allow my personal interest or extraneous considerations to interfere my conduct or decision.

And that in all matters connected with the reference before the Tribunal of which I may be the President/member, I will act justly and without fear or favour, affection or ill-will."

اس کے بعد میں سمجھتا ھوں کہ اس قسم کے اندیشے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی کہ ٹریبونل کے صدر یا ان کے ممبر صاحبان جب اس قسم کا حلف اٹھا لیں کہ ھم نہایت ایمانداری کے ساتھ اور دیانتداری کے ساتھ ان چیزوں کی کوشش کریں گے اور حق و انصاف سے کام لے کر صحیح قانون کے ساتھ صحیح انصاف کریں گے تو پھر وہ بے انصافی کریں گے ۔

اس کے علاوہ جناب والا آپ کی وساطت سے میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ اس آرڈیننس میں کافی گنجائش رکھی گئی ھے اور کافی موقع دیا گیا ھے کہ فریقین کو پوری طرح سے سن سکیں گے ۔ پوری طرح سے ان کی شہادت قلمبند کر سکیں گے ۔ اور ان کو اپنے نقطۂ نگاہ کی وضاحت کرنے کی ھر طرح سے آزادی حاصل ھوگی۔ اس کے بعد جہاں تک Compromising کا تعلق ھے دفعہ ۳۰۲ اور ۳۰۷ میں میں سمجھتا ھوں کہ یہ ایک بہتر قدم اٹھایا گیا ھے ۔ اگر اس طریقہ سے قتل عام جاری رھے ۔ دشمنیاں جاری

رهیں تو آخر کار نتیجه کیا هوگا ؟ بهتر یه هے که ۳۰۲ اور ۳۰۷ کے لئے پشاور ڈویژن پر بھی اس کا نفاذ کیا جائے اور هم لوگوں پر یه نافذ کیا جائے ۔ هم لوگ مشکور هوں گے که همارے مقدمات اور دشمنیاں زیاده سے زیاده نه بڑهیں بلکه کم هوتی جائیں ۔

اس کے بعد جناب والا۔ میں ایک اور چیز کی طرف آپ کی توجه دلاتا هوں وه یه هے که موجوده وقت میں جبکه نیا پانچ ساله منصوبه شروع هو گیا هے همیں ضرورت هے که ملک میں نهایت امن و امان هو ۔ هر شخص کی زندگی خوشحال هو اور اسکی عزت و ناموس محفوظ هونی چاهئے تاکه لوگ اطمینان سے ، اور نهایت هی سکون قلب سے ، نهایت محنت کے ساتھ اپنا اپنا کام جاری رکھ سکیں یا اپنا اپنا کام کر سکیں ۔ اس کے بارے میں اگر شکایت هے که قانون ظالمانه هے ۔ قانون میں بڑی زیادتی هوئی هے تو میں ان کی خدمت میں جناب والا کی وساطت سے عرض کروں گا که اس وقت ضرورت هے که ملک میں امن‌وامان پیدا کیا جائے۔ اور ایسا امن و امان پیدا کیا جائے جس میں هم نهایت آرام کے ساتھ اور زندگی محفوظ محسوس کرتے هوئے اپنا اپنا کام کریں ۔ جناب والا ۔ اس میں شک نهیں که مغربی پاکستان کی وحدت همارے لئے نهایت ضروری تھی اس لئے بجائے اس کے که یهاں پر چار پانچ صوبے هوتے اب هم اکٹھے هو کر اس ملک کی ترقی میں حصه لے سکتے هیں ۔ مگر اس وقت بھی جناب والا ۔ حالت یه هے که همارے بعض خصائل ، هماری بعض خصلتیں ، هماری بعض عادات ، همارے بعض بعض رسم و رواج مختلف هیں ۔ انشاالله یه سب کچھ بھی ایک هو جائیگا مگر یه چیز وقت لے گی ۔ سابقه صوبه سرحد میں بعض اوقات علیحده قانون هوتا هے کیونکه وهاں اس چیز کی ضرورت

محسوس ہوتی ہے اور اس طریقے سے قانون بنانے پر وہاں کے عوام کا امن و امان بحال رکھا جا سکتا ہے ۔ کوئٹہ ، قلات ڈویژن میں کسی اور قانون کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ملتان تحصیل کونسل نے ایک اور ریزولیوشن پر اتفاق رائے رکھتے ہوئے کہا ہے کہ ان لوگوں کے خلاف یہ ایکشن لیا جائے جناب والا ۔ اگر اس موجودہ وقت میں حکومت نے یہ محسوس کیا ہے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے لئے ان لوگوں کے مطالبہ پر حکومت ایسا قانون نافذ کر رہی ہے جس سے لاء اینڈ آرڈر وہاں پر زیادہ بہتر ہو جائے گا ۔ ان لوگوں کی حالت زیادہ اچھی ہوتی جائے گی ۔ جناب والا انشاللہ آنے والے وقتوں میں جب ان لوگوں کو مناسب تعلیم دے دی گئی، ان کو مناسب انڈسٹری مہیا کی گئی، ان کو Communication کی سہولتیں دے دی گئیں، ہسپتال اور دیگر زندگی کی سہولتیں پیدا کر دی گئیں اور باقی مغربی پاکستان کے علاقوں کے لیول پر لے آیا گیا تو انشا اللہ کوئی وجہ نہیں کہ ایک آدھ پانچ سالہ منصوبہ ختم ہونے پر ہم بھی ڈیمانڈ نہ کریں کہ ہمارے لئے بھی ایسا قانون بنانا چاہئے جیسے یہاں قانون بنا ہے ۔

جناب والا ۔ سول پروسیجر لاء کے متعلق جو میرے معزز بھائی نے فرمایا ہے کہ اس قانون میں بہت زیادہ سختی ہے اس میں یہ بھی صاف لکھا ہے کہ ۔ ۔ ۔

"The Tribunal shall hear any evidence that may be adduced before it by any party, and given an opportunity to a party of cross-examining the witnesses of the other party :"

Provided that the Tribunal may in its discretion refuse to hear any evidence which it feels is being tendered for the purposes of vexation or delay or defeating the ends of justice.

(2) The Tribunal may administer oath to a witness in any form it may deem fit according to the religion of the witness.

(3) For the purposes of any reference before it under the Chapter, the Tribunal may issue summons to any person to appear and give evidence or to produce or cause the production of any document.

جناب والا ۔ اس کے علاوہ ہمارے علاقہ میں دیوانی مقدمات بعض اوقات سال ہا سال لے لیتے ہیں ۔ بہت زیادہ عرصہ گذر جاتا ہے ۔ جن کے مقدمات دفعہ ۲ کے تحت فیصلہ ہوتے ہیں ان مقدمات پر نہ اشٹام لگانا پڑتا ہے نہ وکیل کی ضرورت ہوتی ہے ۔ نہ کوئی اور خرچہ کرنا پڑتا ہے ۔ سادے کاغذ پر درخواست دائر کر دی ۔ فریقین کو بلا لیا گیا ۔ گواہوں کے بیانات لے لئے گئے ۔ اس کے بعد دو چار پانچ دن میں فیصلہ سنا دیا گیا ۔ اس طرح ہر ایک کی داد رسی ہو جاتی ہے اور اس طریقے سے حکومت نے کوشش کی ہے کہ کوئٹہ ، قلات ڈویژن کے لوگوں کو یہ سہولتیں دے کر انہیں مزید خرچوں سے ، کورٹ فیسوں سے ، اشٹاموں سے اور فیسوں سے بچایا جائے ۔ اس میں کیا قباحت ہے ؟

جناب والا ۔ اس کے بعد میں آپکی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ اپیل اور revision کی بھی گنجائش رکھی گئی ہے ۔

"(1) Any party aggrieved by any decision given, sentence or decree passed, or order made, by the District Magistrate under any of the provisions of this Ordinance, may within thirty days of such decision, sentence, decree or order, prefer an appeal to the Commissioner.

(2) Any party aggrieved by an order of the Commissioner confirming a sentence of imprisonment exceeding seven years, or enhancing any sentence or converting a finding of acquittal into a finding of conviction, may within sixty days of the passing of such order, appeal to the Government.

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ (بیٹھے ہوئے) جناب والا ۔ کورم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آؤٹ کرنے کا صحیح طریقہ نہیں ہے ۔ پہلے اپنی جگہ پر کھڑے ہوں اس کے بعد پوائنٹ آؤٹ کریں ۔ اس کے بعد کارروائی کی جائے گی ۔

حاجی سردار عطا محمد لونڈ ۔ جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*)

Haji Gul Hassan Mangi : Now we are in quorum.

Mr. Speaker : This House is in quorum.

خان عبدالستار خان مہمند ۔ جناب والا ۔ انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس میں کارروائی بہت غلط ہو جاتی ہے ۔ اس میں انصاف نہیں ہوتا ۔ پارٹی کو پوری طرح حق حاصل نہیں ، دفعہ ۲۲ میں کہتے ہیں کہ :—

"The Commissioner or Government shall not modify, alter or set aside any sentence, decree, decision or order under section 21 without giving the parties an opportunity of being heard."

تو ان کو مناسب طریقے پر بلا کر ان کو سنا جاتا ہے ۔ وکیل بھی

پیش کر سکتے ہیں ۔ خود بھی اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔ اس کے بعد وہ فیصلہ کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ان سب چیزوں کے ہوتے ہوئے میں عرض کروں گا کہ اس آرڈیننس کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں ۔ اور اس علاقے کے لوگ خوش ہوں گے ان کو چین امن و سکون نصیب ہوگا کہ جو قانون کی خلاف ورزی کرتے ہیں ان کے خلاف زیادہ لمبا چوڑا طریقہ اختیار کرنے کی بجائے اس کو آسان سے آسان تر کر دیا گیا ہے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان ۔ ۱) ۔ مسٹر سپیکر ۔ میں نے اس کے متعلق پہلے گذارش کی تھی کہ ایف ۔ سی ۔ آر کا نفاذ ہمارے علاقے ڈیرہ غازی خان کے ڈی ایکسکلوڈڈ ایریا میں کیا جائے ۔ اس کے جواب میں آج اس ہاؤس میں ملک اختر صاحب نے اعتراضات فرمائے ہیں ۔ ان کے اعتراضات کی بہت تفصیل تھی لیکن میں نے ان تمام کا جواب ایک فقرے میں دیا تھا ۔ اب بھی ان کی توجہ ایک فقرہ کی طرف دلاتا ہوں ۔ میں نے یہ کہا تھا کہ

"شنیدہ کے بود مانند دیدہ"

یعنی یہ تمام ان کے اعتراضات سنے ہوئے تھے ۔ میں نے یہ گذارش کی تھی کہ خواجہ صفدر صاحب اور حمزہ صاحب وہاں تشریف لے چلیں ۔ یہ وہ علاقہ فورٹ منرو سے جہاں کہ اس قانون کا مکمل نفاذ تھا یعنی ایف ۔ سی ۔ آر کا ، میں عرض کروں گا کہ وہ وہاں آ کر حالات بچشم خود دیکھیں اور اپنے کانوں سے حالات سنیں ۔ اس کے

بعد اگر ان کا خیال ہو کہ ایف ۔ سی ۔ آر صحیح نہیں تھا اور عوام اس کو پسند نہیں کرتے تھے ۔ تو پھر جو وہ اعتراضات فرمائیں گے ہم مان لیں گے ۔ اب ملک اختر صاحب کی خدمت میں بھی درخواست کروں گا کہ وہ بھی ساتھ شامل ہولیں ۔ اپنے آنے کا وعدہ فرمائیں ۔ ان کے آنے کا اور جانے کا انتظام بھی میں کروں گا ۔ اور اس علاقے کے صدر مقام فورٹ منرو میں رہ کر تمام حالات کا جائزہ لیں کیونکہ تمام قبائل بھی موجود ہوتے ہیں ۔ جہاں یہ نافذ تھا وہاں کے حالات بچشم خود دیکھیں اور اپنے کانوں سے لوگوں کے واقعات سنیں ۔ اگر ۱۰۰ فیصدی وہ عوام کہیں کہ ہمیں یہ آرڈیننس منظور نہیں بلکہ ایف ۔ سی ۔ آر مکمل صورت میں اور اکمل صورت میں واپس دیا جائے تو پھر اعتراضات کی گنجائش نہیں رہتی ہے ۔ آپوزیشن کی طرف سے بھی خواجہ صفدر صاحب اور حمزہ صاحب نے میری اس گذارش کا جواب نہیں دیا ۔ مجھے توقع ہے کہ وہ ضرور میرے ساتھ تشریف لے چلیں گے ۔ فورٹ منرو کی ٹھنڈی ہوائیں بھی کھائیں ، اور وہاں کے حالات دیکھیں ، قانون اتنا برا نہیں جتنا قانون کے چلانے والے اس کو غلط کر دیتے ہیں ۔ مجھے اپنی حکومت پر ناز ہے ۔ اپنے افسران پر ناز ہے ۔ اور ان لوگوں پر جنہوں نے ایف ۔ سی ۔ آر کو وہاں پر چلایا ۔ اور اس کو مقبول کیا ملک اختر صاحب نے ایف ۔ سی ۔ آر ۔ کریمنل لاء امنڈمنٹ ایکٹ اور کوئٹہ قلات سول آرڈیننس کو تینوں بہنوں سے تشبیح دی ہے ۔ میں گذارش کروں گا کہ ان میں سے جو زیادہ جھگڑالو ہے جو زیادہ چڑ چڑی ہے ۔ یعنی ایف ۔ سی ۔ آر

وھی ڈیرہ غازی خان ڈی ایکسکلوڈڈ ایریا میں بھیج دیں - وہ لوگ اس کو قبول کریں گے اور مجھے مبارک باد دیں گے اور حکومت کا شکریہ ادا کریں گے - میری عین درخواست ہے اور خواھش ہے کہ حضور والا میں اس علاقے سے تعلق رکھتا ہوں اور میرا حلقہ نیابت بھی وھی ہے جس کے اندر یہ آرڈیننس نافذ ہوتا ہے - اور جہاں ایف - سی - آر کا پہلے اطلاق تھا - ان عوام کی ۱۰۰ فیصدی خواھش ہے کہ ھمیں ایف - سی - آر اسی شکل میں دوبارہ دے دیا جائے -

جناب والا - ھمارے ھاں لوگوں کی مالی حالت بہت ھی خراب ہے - اور جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں - وہ بہت ھی نادار ، مفلس اور قلاش لوگ ھیں - وہ عرائض نویس کے اخراجات اور وکیلوں کی فیسیں وغیرہ برداشت نہیں کر سکتے - چونکہ انہیں اپنے گھر میں سستا اور آسان انصاف نہیں ملتا - اس لئے وہ اکثر اس کو منظور کرتے رہتے ھیں - ورنہ ھمارے عوام اپنے نفع اور نقصان کو اچھی طرح سمجھتے ھیں - اگر اس قانون سے ان کا نقصان ہوتا تو وہ ہرگز آپ سے اس کا مطالبہ نہ کرتے -

جناب والا - میں نے پچھلے سال کے واقعہ کے متعلق عرض کیا تھا کہ وھاں سے عوام کا ایک وفد آیا - وہ لاھور تک پہنچا - ان میں سے بعض کا لاھور آنے کا یہ پہلا موقع تھا - وہ راستے سے بھی ناواقف تھے - انہوں نے جناب گورنر صاحب کی خدمت میں درخواست کی اور اس کے بعد کچھ عرصہ کے لئے

وھاں اس قانون کا اطلاق ھوگیا ۔ لیکن اب وہ پھر پریشان ھیں ۔ کیونکہ FCR کو وھاں سے ھٹا لیا گیا ھے ۔ اگر آپ چاھتے ھیں کہ وھاں FCR اور اس قسم کے قوانین کا اطلاق نہ ھو ۔ تو اس کے لئے بنیادی تجویز یہ ھے کہ آپ اس علاقے کے لوگوں کی حالت سدھاریں ، ان کے وسائل آمدنی اور ذرائع آمد و رفت درست اور صحیح کریں ۔ آپ خود ھی اندازہ فرمائیں کہ ضلع ڈیرہ غازی خان ۲۵۰ میل لمبا ضلع ھے ۔ فورٹ منرو جہاں سے ضلع کے ایک کنارے یہ لوگ صدر مقام تک آتے ھیں ۔ وہ تقریباً ۱۵۰ میل ھے اور اکثر ھر ایک کنارے سے ضلع کٹ جاتا ھے ۔ وھاں کوئی سڑک نہیں ۔ اب اگر ایک شخص ۱۵۰ میل سے آکر انصاف کے لئے درخواست کرے تو آپ خود ھی اندازہ فرمائیں کہ یہ اس کے لئے کس قدر بوجھ اور تکلیف کا موجب ھوگا ۔ اور پھر وھاں راستے میں کئی ندیاں ھیں جن کو عبور کرنا پڑتا ھے ۔ سنگھڑ کے متعلق میں نے اگلے روز اس ایوان میں گذارش کی تھی ۔ وھاں راستے میں کسی ندی پر بھی پل نہیں ۔ ان حالات میں کیا آپ توقع کر سکتے ھیں کہ وہ لوگ عدالتوں میں آکر درخواستیں کریں اور یہاں ان کو خاطرخواہ طریق پر انصاف مل جائے گا ۔ حیران کن بات یہ ھے کہ وہ لوگ سب کے سب بلوچی زبان بولتے ھیں ۔ کیونکہ یہاں کی مادری زبان ھے ۔ مزید برآں سارے سابق پنجاب میں ایک مجسٹریٹ بھی ایسا نہیں جو بلوچی زبان سے واقف ھو ۔ چہ جائیکہ وہ بول سکتا ھو ۔ وھاں ایک بھی ایسا وکیل نہیں جو ان کی زبان بولے اور صحیح طور پر ان کے

مقدمات کے حالات پوچھ کر پیروی کر سکے - ویسے عام زبانیں بولنے والے تو وکیل ہر جگہ مل ہی جاتے ہیں - یہ چند ایک ایسی تکالیف ہیں جن کی وجہ سے وہ صحیح طور پر اپنے فرائض سے عہدہ برآں نہیں ہو سکتے -

میں تو یہ گذارش کروں گا کہ اس آرڈیننس میں جو فوجداری کی چند اہم دفعات رکھی گئی ہیں - ان میں اضافہ کیا جائے یعنی جو مقدمات FCR کی دفعہ ۱۱ کے تحت سپرد جرگہ ہوا کرتے تھے وہ سب شامل ہوں - اس میں دفعہ ۳۲۴ اور ۳۲۵ یعنی جسے عام جھگڑا اور تنازع کہتے ہیں - ان کو بھی اس آرڈیننس میں ضرور شامل کرنا چاہئے -

جناب والا - ہمارے ہاں رواجات کو بہت زیادہ ترجیح دی جاتی ہے - اور رواجات کی قید بہر صورت ہم پر ہے - لیکن ہم ان سے اس وقت تک عہدہ برآں نہیں ہو سکتے جب تک ہمارے ہاں مکمل طور پر تعلیم نہ ہو -

جناب والا - اگر ہمارے ہاں آپس کی لڑائی میں کسی کی پگڑی اتر جائے - تو اسے لڑائی میں ہتک کی انتہا سمجھا جاتا ہے - ویسے وہ دفعہ ۳۶۴ کی تعریف میں آتی ہے - اپنی زبان میں ہم اسے لڑائی کہتے ہیں - تو جب کسی آدمی کے سر کا کپڑا یا پگڑی اتر جائے تو وہ اس کی انتہا درجہ کی ہتک سمجھی جاتی ہے - جس کا وہ انتقام لیتا ہے - ایسی نظائر موجود ہیں کہ ایک معمولی سی بات پر جسے آپ تو معمولی سی بات کہیں گے - لیکن ہم

اسے بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں ۔ قتل اور مقاتلے ہوئے ۔ ہزاروں کی تعداد میں لشکر کشی ہوئی ۔ میں ایک واقعہ آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ گذشتہ سال نہیں بلکہ گذشتہ سے پیوستہ سال ایک قیصرانی یعنی میرے قبیلے کے ایک آدمی کا ہمارے ساتھ والے ایک ملحقہ قبیلے جعفر نامی کے ایک شخص کے ساتھ سر کا کپڑا اترنے کا تنازعہ ہوا ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دو دو ہزار کی تعداد میں لوگ دونوں طرف اکٹھے ہوئے ۔ اور وہاں ان کی آپس میں کشیدگی ہوئی ۔ Firing ہوتی رہی اور ایک آدمی مر گیا ۔ وہاں موقع پر جرگہ ہوا ۔ جس میں اس کے متعلق فیصلہ ہوا ۔ چنانچہ اس مخالف فریق نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے کہا کہ آپ فیصلہ کر دیں ۔ میں نے فیصلہ کیا اور ان کے تمام کے تمام تنازعات ختم ہو گئے ۔

حضور والا ۔ اس آرڈیننس میں جو دیوانی کے اختیارات دئے گئے ہیں وہ تو نہ ہونے کے برابر ہیں ۔ عام حالات میں تو دو فریق جب بھی کسی غیر آدمی کے متعلق کہہ دیں تو اسے ثالث مقرر کر دیا جاتا ہے ۔ یہ کیسے موثر ہو سکتا ہے یہ تو بڑے کمزور نوعیت کے اختیارات ہیں جو دئے گئے ہیں ۔ ہمارے ہاں تو دیوانی مقدمات کافی زیادہ ہوتے ہیں ۔ میں خود ۱۹۴۷ء تک جرگہ convene کیا کرتا تھا ۔ چنانچہ ہمارے سامنے جتنے مقدمات پیش ہوتے رہے ۔ ان سے میں ہر سال یہی دیکھتا تھا کہ میرے قبیلے کے اندر فوجداری مقدمات کی نسبت دیوانی مقدمات

زیادہ تھے ۔ جو کہ اکثر بعض تنازعات کا موجب بنتے تھے ۔ البتہ اس FCR میں دفعہ ۳۶ اور (ب) ۵۶ ایسی دفعات ہیں جن پر بہت سے اعتراضات ہوتے رہے ہیں ۔ اس لئے ہم نے رواجات کے اندر بعض ترامیم بھی کی تھیں ۔ اگر ان کو کمزور کیا جائے تو کوئی ہرج نہیں ۔

جناب والا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ اگر آپ نے اس آرڈیننس کے ساتھ FCR کا الحاق نہ کیا تو میری رائے یہ ہے کہ ہمارے لوگ انصاف کی خاطر ضلع کے صدر مقام تک نہ پہنچ سکیں گے کیونکہ صدر مقام تک آنے کے لئے ان کے راستے میں کئی مشکلات ہیں ۔ نہ تو وہ ڈیڑھ سو میل سفر طے کر سکیں گے اور نہ ہی وہ وکیلوں کے اخراجات برداشت کر سکیں گے ۔ کیونکہ ان کے پاس تو پیسہ ہی نہیں ۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ وہ ان تنازعات کو اپنے دل میں رکھیں گے ۔ اور اس طرح انتقام گیری شروع ہو جائے گی ۔ اور پھر انتقام گیری کا نتیجہ یہ ہوگا کہ قتل اور مقاتلے شروع ہو جائیں گے ۔ کشت و خون ہوگا اور بدامنی پھیل جائے گی ۔ تو یہ ہے ہمارے ڈیرہ غازی خاں کے De-excluded Area کی کیفیت ۔ اگر وہاں FCR کو نافذ نہ کیا گیا ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ سردار صاحب ۔ اب آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ بہت اچھا جناب ۔ ابھی ختم کرتا ہوں ۔ جناب اس کے Chapter I میں لکھا ہوا

ہے کہ یہ کہاں تک extend ہو گا ۔ اس کے First Schedule میں بھی اس کا حوالہ دیا گیا ہے ۔ جو صفحہ ۱۷ پر ہے اس میں یہ دیا گیا ہے ۔

Item 6 : "The former Excluded Areas of Upper Tanaval and the Baluchi areas of Dera Ghazi Khan specified in the Schedule to President's Order No. III of 1961."

جناب والا ۔ یہ بلوچی Area کا لفظ تحریر ہے ۔ مجھے اس پر اعتراض ہے ۔ کیونکہ یہ Settled Area بھی بلوچی ایریا کہلاتا ہے ۔ اور پہاڑی علاقہ بھی بلوچی کہلاتا ہے ۔ دراصل ہماری بلوچی قوم میدان میں بھی ہے اور پہاڑ پر بھی ہے ۔ ۱۹۴۷ء تک اس علاقے کا نام قبائلی علاقہ یعنی Tribal Area تھا ۔ اس کے بعد اس کا نام Excluded Area رکھا گیا ۔ اور پھر چند سالوں کے بعد اسے De-excluded Area قرار دے دیا گیا ۔ اب یہاں Baluchi Area لکھا گیا ہے ۔ یہ ناموں کی تبدیلی نامناسب ہے ۔ اس سے غلط فہمی ہو سکتی ہے ۔ کیونکہ Baluchi Area میدانی بھی ہو سکتا ہے ۔

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Sir I would request that as this Ordinance has been discussed at length the closure may be moved.

Mr. Speaker : Not at this stage.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ جناب والا ۔ ہمارے محترم وزیر قانون نے یہ وہ قانونی دستاویز ہمارے ہاتھ میں دی ہے ۔ اور قانون سازی کا وہ نادرالوقت نمونہ پیش کیا ہے کہ

اگر اس پر سے تاریخ مٹا دی جائے اور پاکستان کا لفظ ھٹا دیا جائے تو یوں محسوس ھوگا کہ یہ پانچویں یا چھٹی صدی عیسوی کے وقت کا کوئی قانون ھے۔ جب کہ اسلام کی روشنی سے دنیا منور نہ ھوئی تھی۔ جب کہ تہذیب ابھی گھٹنوں کے بل چل رھی تھی۔ اور تمدن اپنے عہد طفولیت کے گہوارے میں جھول رھا تھا۔

جناب والا۔ یہ قانون اسلام کے خلاف ھے۔ اسلامی اصول انصاف کے خلاف ھے۔ اور اس وقت ھمارے ملک میں جو دستور نافذ ھے۔ اس کی دفعات کی صریح خلاف ورزی کرتے ھوئے بنایا لیا ھے۔ اس کی ایک ایک سطر میں وہ زھر پوشیدہ ھے کہ اس کے ایک قطرہ سے بڑے سے بڑا دریا زھر ھلا ھل بن سکتا ھے۔ میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ میں اس کی تمام دفعات کا پورے طریقے سے جائزہ لے کر اس ایوان کے معزز ارکان کے سامنے اس کی خرابی کا ھر پہلو واضح کر سکوں۔ اس لئے میں صرف چند باتوں پر ھی اکتفا کروں گا تاکہ میرے پیش رو جو بات کہہ چکے ھیں۔ ان کی گفتگو کا بیجا اعادہ ھو کر آپ کا وقت ضائع نہ ھو۔ سب سے پہلی چیز یہ ھے کہ اس کے Preamble میں یہ فرمایا گیا ھے

"And Whereas keeping in view the demand of the people of the aforesaid areas and their special requirements, it is expedient to provide for the said areas a simpler and inexpensive system of administration and dispensation of civil and criminal justice."

اس میں اس بات کا بالکل تذکرہ نہیں کہ آخر وہ کون لوگ

تھے جنہوں نے ایسا مطالبہ کیا تھا ۔ اگر اس میں elected representatives of the people. کے الفاظ ہوتے تو بھی میں سمجھتا کہ شاید وہاں کے B.Ds. نے اس کا مطالبہ کیا ہوگا ۔ لیکن جہاں تک مجھے اس مسئلے کا علم ہے ۔ کوئٹہ میں نہ آج تک کوئی Plebiscite ہوا ہے اور نہ ہی کوئی referendum ۔ کیا جناب وزیر قانون اپنے جواب میں اس امر کی وضاحت فرمائیں گے کہ وہاں کی لاکھوں کی آبادی میں سے کتنے ہزار لوگوں ۔ ان کے سامنے پہنچ کر یہ مطالبہ پیش کیا تھا کہ ہم وہ قانون چاہتے ہیں جو سارے ملک میں نافذ نہیں ہے ۔ جو ہمارے مخصوص حالات کے لحاظ سے ہمارے لئے موزوں ہے ۔ اگر ایسا نہیں ہے اور یقیناً ایسا نہیں ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس علاقے کے جتنے سردار اور خاص خاص لوگ ہیں ۔ جن کا اس سے مفاد وابستہ ہے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ اس قانون کے ذریعے ان کے اختیارات وسیع ہو جائیں ۔ اور ان کو ایسے اختیارات حاصل ہو جائیں جن سے وہ عوام کو زیر دست کر سکیں ۔ لہذا ان کے مطالبے اور ان کی ایما پر حکومت نے اپنی مصالح کے پیش نظر یہ قانون نافذ کیا ہے ۔ اور عذر یہ پیش کیا ہے کہ سارے ملک کے لوگوں کا مطالبہ تھا ۔ میں اس ایوان میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اگر یہ قانون اتنا سادہ اور کم خرچ ہے تو آخر ملک کے دوسرے لوگوں کا کیا قصور ہے کہ وہ اس سادہ اور کم خرچ قانون سے مستفید نہ ہو سکیں ۔ دستور تو کہتا ہے کہ ملک کے سارے لوگوں کو عدل و انصاف اور قانون کے سامنے یکساں حیثیت حاصل

ہوگی اور سب کے ساتھ مساوات برتی جائے گی ۔ اور آپ ملک کے ایک حصہ میں سادہ اور کم خرچ قانون نافذ کرتے ہیں اور ملک کے دوسرے حصوں کے لئے آپ کے کہنے کے مطابق پچیدہ اور زیادہ خرچ والے قوانین نافذ ہیں ۔ آگے آپ نے یہ فرمایا ہے کہ For the first instance یعنی پہلی دفعہ یہ کوئٹہ اور قلات کے لئے نافذ کیا جا رہا ہے لیکن بعد میں ملک کے دوسرے حصوں میں نافذ کیا جا سکتا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ جب آپ یہ طے کر لیں گے کہ ملک کے دوسرے حصہ میں نافذ کیا جائے تو کیا آپ وہاں کے لوگوں کی رائے معلوم کریں گے یا وہاں کے لوگوں سے referendum کرائیں گے اور دریافت کریں گے کہ تم یہ قانون چاہتے ہو یا نہیں ۔ اگر آپ referendum نہیں کرائیں گے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ایک بار پھر آپ ناانصافی کے مرتکب ہوں گے ۔ اور ملک کے دو حصوں کے شہریوں میں عدم مساوات برتیں گے ۔ یعنی ایک جگہ قانون کا نفاذ لوگوں کے مطالبہ سے کیا گیا اور دوسری جگہ وہی قانون اپنی مرضی سے اور لوگوں کی خواہشات اور ضروریات سے صرف نظر کرتے ہوئے نافذ کر دیا گیا ۔

جناب والا ۔ اب اس سے آگے چلیں ۔ قطع نظر اس سے کہ عوام کو زیر دست کرنے کے لئے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو وسیع اختیارات حاصل ہیں جن کی تفصیل میرے پیشرو ملک محمد اختر صاحب نے بیان کی ہے ۔ میں اس کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا ۔ میں آپ کی توجہ اس کے صفحہ ۸ پر دفعہ ۱۵ (۲) کی طرف مبذول

کرانا چاهتا هوں ۔ جس میں کہا گیا ہے ۔

"If, while a bond executed under sub-section (1) of section 13 is in force, the life of any member of either family or faction is unlawfully taken or attempted, the District Magistrate may declare the bond of all or any of the members of the other family or faction and their sureties (if any), to be forfeited, wholly or in part, unless it is shown to his satisfaction that the homicide or attempt was not committed by, or in consequence of the abetment of, any member of that family or faction."

اس کا اردو میں مطلب یہ ہوا کہ کسی شخص سے اگر ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ نیک چلنی کا بانڈ حاصل کرے اس کے بعد اس کے علاقہ میں اگر کوئی قتل و خون ہوتا ہے تو ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ اس شخص کے بانڈ منسوخ کر سکتا ہے اور اس کا بار ثبوت اس شخص پر ہوگا کہ وہ ثابت کرے کہ قتل میں اس کا ہاتھ نہیں تھا ۔

جناب والا ۔ آپ اسلامی قانون کو تو چھوڑئے عام اصول قانون ہے ۔ جس پر تمام قانون دان متفق ہیں کہ مجرم پر بار ثبوت نہیں ہوتا ۔ بلکہ بار ثبوت prosecution پر ہوتا ہے ۔ آپ دیکھئے کہ ایک شخص نے نیک چلنی کا بانڈ دیا ہوا ہے یہ کام آپ کا تھا کہ آپ ثابت کرتے کہ یہ جرم اس نے کیا ہے ۔ بجائے اس کے کہ آپ اس کا بانڈ منسوخ کرتے ہیں ۔ اور بار ثبوت اس پر ڈالتے ہیں کہ تم یہ ثابت کرو کہ تم مجرم نہیں ہو حالانکہ قانون کی نگاہ میں دنیا کے سارے لوگ معصوم اور بے گناہ ہیں جب تک قانون کسی کو مجرم ثابت نہ کر دے ۔ لیکن آپ یہ کہتے ہیں کہ ہر شخص گناہگار ہے اور مجرم ہے ۔ جب تک کہ وہ ثابت نہ کرے کہ وہ گناہگار نہیں ۔ اس دستاویز میں آپ نے یہ نرالا طریقہ اختیار کیا ہے ۔ کہ ہر شخص

مجرم ہے اور گناھگار ہے جب تک وہ ثابت نہ کرے کہ وہ گناھگار نہیں ۔

جناب والا ۔ اس کی ایک اور بڑی انوکھی دفعہ صفحہ ۳ پر درج ہے ۔ جس میں ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اگر کوئی مجرم اس قانون کے نفاذ سے پہلے سرزد ھوا ھو یا اس وقت کے رائج شدہ قانون کے مطابق کسی کو سزا بھی دی جا چکی ھو تو ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ اس case کو دوبارہ کھول سکتا ہے ۔ اور پھر اس موجودہ قانون کے تحت اس کے متعلق کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ میں آپ کو دستور کے صفحہ ۴ کی طرف متوجہ کروں گا ۔

"No law shall authorise the punishment of a person—

(a) for an act or omission that was not punishable by law at the time of the act or omission ; or

(b) for an offence by a penalty greater than, or of a kind defferent from, the penalty prescribed by law for that offence at the time the offence was committed.

دستور تو آپ کا یہ کہتا ہے کہ جس وقت جو قانون رائج ھو اور اس کے تحت کسی شخص کو سزا دی جا چکی ھو تو اس کے بعد کسی دوسرے قانون کے تحت یا کسی دوسرے طریقہ قانون کے تحت اس کے جرم پر دوبارہ وہ سزا نہیں دی جا سکتی ہے جو ارتکاب جرم کے وقت رائج نہ رھی ھو ۔ آپ کہتے ھیں کہ نہیں ۔ ھم آج بھی اگر چاھیں تو تمہارے دس سال پہلے کے جرم کے لئے بھی اس قانون کے تحت کارروائی کر سکتے ھیں ۔ یہ بالکل اس بھیڑیئے کی مثال ہے جس نے بکری سے کہا تھا کہ

چاہے تالاب کے پانی کا بہاؤ اس طرف ہی ہو لیکن پھر بھی تمہاری وجہ سے تالاب کا پانی گندہ ہو رہا ہے ۔

جناب والا ۔ اس دستاویز میں اتنے نوادرات ہیں کہ اگر میں انہیں یہاں بیان کرنے لگوں تو اس کے لئے وقت بہت کم ہے ۔ ایک چیزجو بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور جس کی طرف میرے محترم خواجہ صاحب نے متوجہ کیا تھا وہ اس قانون میں زنا کو قابل مصالحت قرار دینا ہے ۔ زنا کے بارے میں جو قوانین قران اور اسلام میں ہیں ۔ اس کے بار نہیں نہ تو کوئی دورآئین ہیں نہ کوئی اشتباہ ہے نہ ابہام ہے ۔ سیپارہ ۱۸ میں سورہ نور کی دوسری آیت الزانیہ سے لے کر من المومنین تک کا ترجمہ یہ ہے کہ بدکاری کرنے والی عورت اور بدکاری کرنے والے مرد کو مارو ۔ ہر ایک کو دونوں میں سے ، سو سو درے ، نہ آئے تم کو ترس ان پر اللہ کا حکم چلانے میں ، اگر تم یقین رکھتے ہو اللہ پر، روز آخرت پر ، اور مشاہدہ کرے ان کے عذاب کو ایک گروہ مسلمانوں کا ، اللہ تعالیٰ نے زنا کے لئے یہ سزا مقرر کی ہے کہ ہر فریق کو جو اس میں ملوث ہو اس کو مارا جائے عام جگہ پر تاکہ دوسرے لوگ اس کا مشاہدہ کریں اور اس سے عبرت پکڑیں اور پھر اس سختی کے ساتھ کہ جو لوگ مارنے پر متعین ہوں ان کے دل میں نہ تو رحم کا جذبہ پیدا ہو ، نہ ہی اس شخص پر ترس آئے ، نہ اس سے محنت ہو ، نہ کوئی لگاؤ ہو جس سے اس پر وار کو ہلکا کریں بلکہ پوری قوت سے سزا دی جائے ۔ لیکن آپ اپنے قانون میں یہ کہتے ہیں کہ اگر کسی شادی شدہ عورت کے ساتھ زنا کیا جائے الا یہ کہ وہ زنا بالجبر نہ ہو تو وہ اس کے شوہر کی ایماء پر معاوضہ دلا کر یا کسی طریقہ سے راضی نامہ کیا جا سکتا ہے

مصالحت ہو سکتی ہے اور پھر وہ جرم قابل سزا نہ ہوگا ۔

اگر آپ ملک کے لوگوں کو اسلامی زندگی بسر کرنے کے قابل بنانے کا کوئی طریقہ اختیار کرنا چاہتے ہیں جس کی اس دستور نے ہم کو ضمانت دی ہے ۔ تو میں نہیں سمجھتا کہ آپ کس اصول کی رو سے یہ قانون نافذ کر رہے ہیں اور کس اسلامی اصول کے تحت آپ ہماری زندگی کو اسلامی بنانا چاہتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہیں سے یہ بات عرض کردوں کہ اس کے جواب میں قائد ایوان ہم سے یہ نہ کہہ دیں کہ ایسے قوانین ۱۹۵۸ء سے پہلے بد نام سیاستدانوں کے زمانے میں بھی نافذ تھے ۔ میں بڑے ادب اور احترام سے جناب سپیکر کی وساطت سے قائد ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ میں عمر کے لحاظ سے آپ سے اتنا چھوٹا ہوں کہ اگر مجھے آپ کے سامنے زانوئے ادب تہہ کرنا پڑے تو مجھے کوئی شرمندگی نہیں ہوگی علم اور تجربہ کے لحاظ سے میں آپ کے سامنے طفل مکتب سے بھی کم تر ہو اس کے باوجود میں یہ عرض کروں گا کہ اس طرح کا ایک الزامی جواب تو بالکل ایسا ہے جیسے کوئی کسی سے کہے کہ تم نے چوری کی ہے تو وہ کہہ دے کہ تمہارے باپ نے بھی چوری کی تھی ۔ اس قسم کا جواب اس ننھی منی حزب مخالف کے ادنیٰ کارکنوں کی طرف سے تو ہو سکتا ہے لیکن آپ ایسے ذمہ دار شخص کی طرف سے اس طرح کے الزامی جواب کہ پرانے سیاستدانوں نے بھی یہ بات جائز رکھی تھی زیب نہیں دیتا ۔ یہ آپ کے مقام سے بہت نیچا فروتر ہے ۔ پھر یاد رکھئے کہ پرانے سیاستدانوں کے متعلق آپ ہم سے کیا کہتے ہیں ۔ ہم آپ سے زیادہ ان کے ناقد تھے ۔ آپ ان پر اب تنقید کرتے ہیں جب کہ ان میں کچھ اس دنیا سے چل بسے اور کچھ گھروں میں

بے دست وپا محصور ہیں ۔ ہم تو ان پر اس وقت تنقید کرتے تھے جب و آپ کی طرح با قوت وبا جبروت تھے ۔ جب کہ ان کے ہاتھوں میں جیل کی چابیاں تھیں ۔ ہم نے ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر تنقید کی ہے ۔ تو ہمارے جواب میں یہ نہ فرمائیے کہ یہ قانون اگر اب ہے تو اس وقت بھی تھا ۔ اگر اس وقت تھا تو اس وقت بھی غلط تھا ۔ اگر آج ہے تو آج بھی غلط ہے ۔ اگر کل ہوگا تو کل بھی غلط ہوگا ۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس میں صرف یہ ایک دفعہ کہ زنا کو قابل مصالحت قرار دیا گیا ہے بات کی متقاضی ہے کہ اس سارے قانون کو اور اس ساری دستاویز کو جسے آپ نے بڑی محنت سے ہمارے سامنے پیش کیا ہے یہ ایوان رد کر دے ۔ یہ ایک ردی کے کاغذ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی ۔ وہ ملک جس میں اسلام کا دعویٰ کیا جاتا ہو ۔ وہ ملک جس کا دستور اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے اور اسلامی قوانین کے رائج کرنے کی ضمانت دیتا ہو اس ملک میں ایسا قانون لاتے ہوئے اگر آپ کو شرم نہ آئی ہو تو نہ آئے مجھے تو شرم آتی ہے اس قانون کو پڑھتے ہوئے اور دنیا کے سامنے یہ کہتے ہوئے کہ ہمارے ملک میں دستور وہ ہے اور قانون یہ ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ صرف یہ دفعہ کافی ہے اس بات کے لئے کہ آپ اس قانون کو خود اپنے ہاتھ سے پھاڑ کر پھینک دیں اور ایوان کو اس کی زحمت نہ دیں کہ وہ اس کو نا منظور کرے ۔

جناب والا ۔ اسلام کے بعد سے آج تک Jurisprudence اور اصولی عدل و انصاف نے جس حد تک ترقی کی ہے ۔ اسلام نے اس کی بنیاد رکھی اور موجودہ قوانین نے اس کو جلا دی اس زمانے میں بھی اور آج بھی

لوگوں میں یہ بات متفق علیہ ہے اور قانون دانوں کے درمیان اختلاف نہیں ہے کہ قانون کو تین حصوں میں تقسیم کیا جائے یعنی کچھ لوگ قانون کے بنانے والے ہوں جن کو Legislators کہا جاتا ہے اور کچھ لوگ اس کو نافذ کرنے والے یعنی Executions اور کچھ لوگ اس کے مطابق عدل و انصاف کرنے والے ہوں یعنی Judiciary اور ان تینوں اداروں کو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اور ملک میں عدل و انصاف کے قیام کے لئے ضروری سمجھا جاتا ہے اور یہ اپنے فرائض بالکل علیحدہ علیحدہ ایک دوسرے سے آزاد ہو کر ادا کرتے ہیں ۔ لیکن آپ نے ان تینوں اختیارات کو اپنے پاس محفوظ کر لیا ہے ۔ آپ آرڈننس کے ذریعہ قانون بناتے ہیں یعنی آپ نے Legislators کے اختیارات خود حاصل کر لئے ہیں آپ انتظامیہ کے ذریعہ ان کو نافذ کرتے ہیں بعض Executors بھی آپ خود ہیں ۔ اور پھر آپ نے عدالتوں کے سامنے جانے کے اپیل کے راستے بھی بند کر دئے ہیں یعنی Judiciary بھی آپ ہو گئے ۔ تو یہ تینوں اختیارات جو اس دنیا میں تمام لوگوں کی متفقہ رائے کے مطابق علیحدہ علیحدہ ہونے چاہئے تھے اور اس میں عوام کی فلاح اور بہبود مضمر تھی تو ان تینوں اختیارات کو آپ نے اپنے پاس جمع کر لیا ہے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ اپنے ملک کی عدلیہ سے کیوں خائف ہیں ۔ آپ یہ کیوں سمجھتے ہیں کہ آپ کے ملک کی عدلیہ آپ کے ساتھ انصاف نہیں کریگی آپ کی عدلیہ تو آپ ہی کی قائم کردہ ہے آپ نے خود ہائی کورٹ بنائے ہیں آپ نے دستور میں ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کو جنم دیا ہے پھر آپ کیوں ان سے ڈرتے ہیں اور آپ کو عدلیہ پر کیوں اعتماد نہیں ہے جس کی وجہ سے آپ عوام کو اس بات سے روکتے ہیں کہ وہ عدالتوں میں نہ جائیں ۔

جو بھی قانون آپ بناتے ھیں اس میں آپ یہ کیوں ضروری کہتے ھیں کہ کوئی شخص عدالت میں نہ جا سکے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اگر یہی آپ کا اصول قانون سازی ھے تو یہ عدل و انصاف کو ذبح کرنا ھے اور یہ آپ کے ان بڑے ھی خطرناک رجحانات کی طرف نشاندھی کرتا ھے کہ جو آپ عوام کے ساتھ کر رھے ھیں ۔ میں توقع کرتا ھوں کہ وزیر قانون میری گذارشات پر غور فرمائیں گے اور اس قانون میں یا تو مناسب ترمیم کریں گے یا وہ خود اسے واپس لے کر اس ایوان کے سامنے رکھنے کی زحمت نہ گوارا فرمائیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ر) ۔ جناب والا ۔ مسودہ بلکہ آرڈیننس زیر بحث اسقدر دور رس اثرات اور نتائج کا حامل ھے کہ شاید اس اسمبلی کی زندگی میں اس سے زیادہ اھم قانون آئندہ ۵ سالوں میں بھی نہ پیش ھو سکے ۔ اس قانون کے ذریعہ عدل و انصاف کا وہ تمام معیار جسے انسانیت نے صدیوں کی جدو جہد کے بعد ایک نہج پر لا کھڑا کیا تھا وہ اب تبدیل کیا جا رھا ھے ۔ اگرچہ Preamble میں نہایت خوب صورت الفاظ سے یہ ظاھر کرنے کی کوشش کی گئی ھے اور اس ایوان کے معزز رکن نے ابھی ابھی تقریر فرماتے ھوئے اس Preamble کی اھمیت ظاھر کی ھے کہ واقعی اس صوبے کے کچھ حصوں میں ایسے لوگ اور ھمارے بھائی بستے ھیں جو اپنے آپ کو عام قوانین کے تحت لانا پسند نہیں کرتے ۔ اور ایسے قوانین کو جنکا نام قوانین رکھنا بھی میرے نقطۂ نظر سے درست نہیں اپنی زندگی کو بسر کرنا چاھتے ھیں ۔

جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں ان پہلوؤں کے متعلق اپنی گزارشات جناب کے توسط سے اس ایوان کے سامنے پیش کروں میں نے ابھی تھوڑا

وقت ہوا کہ ایک نکتہ اس ایوان کے سامنے پیش کیا تھا جس کے متعلق مختصراً میرے محترم دوست فاروقی صاحب بھی اپنے خیالات کا اظہار فرما چکے ہیں لیکن میں اس کو بالوضاحت اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے فرائض کیا ہیں ۔ آئین نے اس ایوان پر کیا ذمہ داری ڈالی ہے اور اس ذمہ داری سے ہمیں کس طور عہدہ برا ہونا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کے توسط سے آئین کی ان دفعات کا حوالہ دونگا جس کے تحت چند در چند ذمہ‌داریاں اس معزز ایوان کے کاندھوں پر ڈال دی گئی ہیں اور ماسوائے اس ایوان کے اس ملک کا کوئی ادارہ یا کوئی فرد ان ذمہ داریوں سے سبکدوش نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ پرنسپل آف پالیسی نمبر (۱)

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah."

اس کا مفہوم یہ ہے کہ اس ملک میں کوئی قاعدہ یا قانون اسلام کے اصولوں کے منافی نہیں بنایا جائے گا ۔ اور وہ اصول جن کا ذکر قرآن مجید میں اور سنت نبی اکرم صل اللہ علیہ و آلہ وسلم میں پایا جاتا ہے۔ اس کے بعد اس کے اوپر جناب عمل کیسے ہوگا ؟ تو وہ بھی اسی چیپٹر کے ابتدا میں دیا گیا ہے ۔

"The Principles set out in this Chapter shall be known as the Principles of Policy and it is the responsibility of each organ and authority of the State, and of each person performing functions on behalf of an organ or authority of the State, to act in accordance with those Principles is so far as they relate to the functions of the organ or authority.

(2) In so far as the observance of any particular Principle of Policy may be dependent upon resources being available for the purpose, the Principle, shall be regarded as being subject to the availability of resources.

8(1) The responsibility of deciding whether any action of an organ or authority of the State, or of a person performing functions on behalf of an organ or authority of the State, is in accordance with the Principles of Policy is that of the organ or authority of the State, or of the person, concerned."

اس کا مطلب یہ ہے کہ ان اصولہائے کار کے متعلق یہ فیصلہ کرنا کہ ان کے مطابق عمل کیا جا رہا ہے اس ادارہ کا کام ہے یا اس فرد کا کام ہے جو وہ کام کر رہا ہے ۔ مثال کے طور پر اس ادارہ کے فرائض میں یہ ہے کہ قانون سازی کرے اس وقت ہم قانون سازی کر رہے ہیں ۔ اس آرڈیننس کو منظور کرنے کے بعد یہ ایک قانون کی شکل اختیار کر لے گا اور اگر یہ ایوان اس کو مسترد کر دے تو یہ قانون کی حیثیت نہیں رکھے گا ۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ پرنسپل آف پالیسی نمبر (۱) جو میں نے ابھی پڑھا ہے آیا یہ قانون اس کے مطابق ہے یا نہیں ہے اس کا فیصلہ صرف یہ معزز ایوان ہی کر سکتا ہے اور یہ اس کی ذمہ داری ہے ۔ بعض عدالتوں میں اس کا فیصلہ نہیں ہو سکتا ۔ (اس مرحلہ پر سینیئر ڈپٹی سپیکر مسٹر عمر جان خان کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے) آئین ہمیں اس امر کی اجازت نہیں دیتا کہ ہم کسی ایک قانون کے متعلق کسی ایک عدالت کا دروازہ کھٹ کھٹائیں خواہ وہ بڑی سے بڑی کیوں نہ ہو کہ فلاں قانون جو ہے وہ اسلام کے اصولوں کے منافی ہے ۔ اس لئے ہمارے آئین نے ہم پر ، اس ایوان پر ، یہ فرض عائد کر دیا ہے کہ یہ خود ہی فیصلہ کریں کہ جو قانون ہم بنا رہے ہیں کیا وہ اسلام کے اصولوں کے مطابق ہے یا نہیں ہے ۔ اس بات کو ہم اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ ہمارا فیصلہ جو بھی ہوگا اس کی سارے

صوبے پر پابندی ہوگی اور ہم جو فیصلہ کریں گے وہ کسی جگہ بھی چیلنج نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کے خلاف کوئی اپیل نہیں ، کوئی دلیل نہیں ، تو یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے جو اس ایوان کے کاندھوں پر ڈال دی گئی ہے اور مجھے امید ہے کہ میرے محترم دوست جو اس معزز ایوان کے معزز اراکین ہیں وہ بطریق احسن اس ذمہ داری کو پورا کرنے کی سعی فرمائیں گے ۔ جناب والا ۔ ان گذارشات کی روشنی میں اب میں اس معزز ایوان کے اندر یہ گذارش کروں گا کہ اس آرڈیننس میں واضح طور پر یہ لکھا ہے کہ پاکستان پینل کوڈ کی دفعات ۴۹۴ ، ۴۹۷، ۴۹۸ یہ قابل راضی نامہ ہیں ۔ دفعہ ۴۹۴ میں یہ لکھا ہے کہ اگر ایک بار نکاح کرنے کے بعد اور طلاق لینے کے بغیر دوسرا نکاح کوئی عورت کر لے یا اگر مرد پر یہ پابندی ہو اور وہ ناجائز طور پر مزید نکاح کر لے تو اس صورت میں وہ مجرم ہے ۔ دفعات ۴۹۷،۴۹۸ شادی شدہ عورت کے اغوا اس غرض کے لئے کہ ناجائز طور پر اس سے مجامعت کی جائے تو یہ دونوں دفعات اس کے متعلق ہیں یعنی شادی شدہ عورت کے ساتھ زنا کرنا ان چیزوں کے متعلق ہے۔ اب جناب ان قانون والوں نے ان کو قابل راضی نامہ بنا دیا ہے ۔ اب دیکھیں کہ قرآن شریف اس کے متعلق کیا کہتا ہے ۔ جناب والا ۔ میرے ہاتھ میں قرآن مجید ہے اور اس کے پارہ ۱۸ ، سورۃ نور کی دوسری آیت اس طرح پڑھی جاتی ہے :

الزانية و الزانی فاجلدو کل واحد منهما مأة جلدة
و لا تاخذکم بهما رافة فی دین الله ان کنتم
تؤمنون بالله و الیوم الاخر ولیشهد عذابهما
طائفة من المؤمنین

ترجمہ - زانیہ اور زانی - پس مارو ہر ایک کو ان دونوں میں سے ۱۰۰ درے اور نہ پکڑے تم کو بیچ حق ان کے مہربانی بیچ دین اللہ کے اگر ہو تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لانے والے اور چاہئے کہ حاضر ہو عذاب کرنے پر اوپر ان کے ایک جماعت مسلمانوں میں سے -

تو جناب والا - یہ قرآن مجید کے صریح حکم کے خلاف ہے - قرآن مجید کے حکم کے مطابق تو زانی مرد اور زانی عورت کو سو سو درے مارے جائیں اس طور پر کہ کسی قسم کا رحم کا جذبہ مارنے والوں کے دل میں نہ آئے اور اس کی تشہیر اس طرح کی جائے کہ ایمان لانے والوں یعنی مسلمانوں کا ایک گروہ اس وقت اس سزا کو دیکھتا ہو تاکہ وہ عبرت پکڑیں - اس صریح حکم کے ہوتے ہوئے اس کی خلاف ورزی کرنا جب کہ ہم سب کے سب مسلمان بیٹھے ہیں کس حد تک مناسب ہے - اتفاق کی بات ہے کہ آج صبح جب اس ایوان کی کارروائی کی ابتدا تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی اور اس کی ابتدا ہر روز اس سے ہوتی ہے اور قاری صاحب نے جو تلاوت فرمائی اس میں یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے احکام کے مطابق اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے ان لوگوں کو جو اس دنیا یا اس ملک میں حکمران ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نازل کئے ہوئے احکام کے مطابق احکام جاری کئے جائیں اور اگر ایسا نہ کیا تو تم نا فرمان ہو گے - یہ ترجمہ میں نے قاری صاحب کے پڑھنے پر نوٹ کیا تھا اور اس کے پڑھنے سے پہلے مجھے علم نہ تھا - تو میں ان دوستوں کو جن کے ہاتھ میں اقتدار ہے اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطلاع دیتا ہوں کہ جو احکام اللہ تعالیٰ نے نازل کئے ہوئے ہیں اس کے مطابق چلیں اور کام کریں - ان کی خلاف ورزی نہ کریں اور آج جب کہ میرے محترم دوست

اس واضح حکم کی خلاف ورزی کر رہے ہیں میں ان کو متنبہ کرتا ہوں کہ ایسا نہ ہو کہ آپ ظلم کرنے والوں میں سے ہو جائیں یا اللہ تعالیٰ کے نا فرمانوں میں سے ہو جائیں ۔ جناب والا ۔ یہ صریح حکم اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے اور ان حکمرانوں کے لئے ہے ۔ یہ سب مسلمان ہیں اور اس حکم کے ہوتے ہوئے بھی اگر یہ ایوان ایسے قانون پاس کرنے کے لئے تیار ہو جائے تو اس کی مرضی ۔ ہم نے جو کچھ جانا اور سمجھا پیش کر دیا ۔ ہم کم از کم اس سے بری الذمہ ہیں اور اس کی مخالفت کرتے ہیں اور آئندہ بھی کریں گے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد میرے بہت سے دوستوں نے کم از کم دو دوستوں نے بڑا زور اس بات پر دیا یعنی عبدالستار خان مہمند اور خان منظور احمد خان قیصرانی نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس سے پیشتر کہ ہم اس آرڈیننس کی مخالفت کریں ہمیں یہ دیکھنا چاہئے کہ اس کے preamble میں کیا لکھا ہے ۔ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ اس کا preamble نہایت خوبصورت ہے ۔ جمہوریت کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتا ہے۔ اور یہاں قانون سازی عوام کی خواہش اور عوام کے مطالبہ کے مطابق ہوتی ہے اس میں کوئی شک نہیں ۔ آئیے ہم آج اس بات کو analyse کریں کہ عوام کے کیا مطالبات ہیں اور وہ کس قسم کے ہیں ۔ جناب والا ۔ عوام کے مطالبات پورا کرنے کے دو تین طریقے ہیں یا تو عوام کی رائے لے لی جائے یا جلسہ عام کر لیا جائے ۔ یا ووٹوں کے ذریعہ معلوم کر لیا جائے یا جو لوگ صاحب الرائے ہیں ان سے پوچھ لیا جائے ، معلوم کر لیا جائے اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی رائے کے ساتھ لوگ متفق ہوتے ہیں اور ان کے پیچھے لگتے ہیں ۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی طریقہ استعمال نہیں کیا گیا ۔ جناب والا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ

میرے محترم دوست سردار منظور احمد خان قیصرانی اس علاقے کے نمائندے ھیں اور یقیناً اس لحاظ سے ان کی رائے بڑی وقعت رکھتی ھے ۔ لیکن دیکھنا یہ ھے کہ وھاں کے لوگ بھی یا دوسرے علاقے کے لوگ اس چیز کو پسند کرتے ھیں یا نہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ کورم نہیں ھے ۔ یہ مسئلہ بہت ضروری ھے اور یہ بھی ضروری ھے کہ لوگ اس کو سنیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر کہ میں کچھ آراء اس قانون کے متعلق آپ کی خدمت میں عرض کروں میں مختصراً یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ یہ موجودہ قانون جس کے متعلق میرے ایک دوست نے یہ ارشاد فرمایا ھے کہ دراصل وہ F. C. R. فرنٹیرز کرائم ریگولیشن کی بہن ھے ۔ Criminal Law Amendment ایکٹ کی بہن ھے ۔ اس سے قطع نظر ، اس ایکٹ کے متعلق میری رائے یہ ھے کہ یہ Criminal Law Amendment ایکٹ ، F. C. R. کی چھوٹی بہن نہیں تو بڑی بہن ضرور ھے۔ ان میں بہت سی چیزیں ایسی ھیں جو کہ مشترکہ ھیں ۔ دراصل اس نظریہ کے لئے وجہ یہ پیدا ھوئی ھے کہ ھماری عدالت عالیہ کے فل بنچ نے ۱۷-۱۲-۱۹۶۳ کو F. C. R. کو بنیادی حقوق کے خلاف قرار دے کر اسے کالعدم قرار دیا تھا ۔ اس لئے اس کی تمام تر دفعات معمولی رد و بدل کے بعد ایک نئے نام سے نافذ کی جا رھی ھیں ۔ اس لئے جو کچھ میں کہوں گا اگرچہ وہ آراء ایف ۔ سی ۔ آر ۔ کے متعلق ھیں لیکن کیونکہ

اس قانون کے تحت جو اصول کار فرما تھا وھی اس کے تحت کار فرما ھے ۔ جو دفعات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : On a point of order, Sir. Khawaja Sahib is aware that the provision of the F. C. R. which was declared *ultra vires* by the High Court by a Full Bench decision, is now *sub judice* and is pending decision before the Supreme Court on appeal. I think, consistently with the Rules, the member is well advised not to refer to the provisions of the F.C.R. which have been declared *ultra vires* by one High Court and are still *sub judice* before the highest judicial Tribunal of the country.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ان کے اس ارشاد گرامی کے متعلق صرف اتنی گذارش کروں گا کہ ابھی حال ھی میں نیشنل اسمبلی نے آئین میں ترمیم کرتے وقت اس موضوع کے متعلق جو کہ ھماری عدالت عالیہ میں زیر سماعت ھے بحث کی ھے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : When the matter is *sub judice* the member should not refer to it . . .

خواجہ محمد صفدر ۔ اس پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں ھے ۔ آپ کے سامنے Criminal Law Amendment Act ھے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس بحث میں میں آپ کی راھنمائی کے تحت نہیں چلوں گا ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر ۔ اس کا یہ مطلب ھے کہ آپ Chair کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ھیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I am not disobeying the Chair.

لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ اس بحث کو چھوڑ کر دوسری طرف لے جاؤ یہ میں نہیں کروں گا ۔ بحث میں اپنے نظریئے کے مطابق کروں گا ۔ جس چیز کو آپ سمجھیں کہ یہ خلاف ضابطہ ہے اسے کہہ دیں کہ یہ خلاف ضابطہ ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : If the whole speech is out of order, then?

Khawaja Muhammad Safdar : That can be expunged Sir. You have got the power.

Mr. Senior Deputy Speaker : Then should the member waste the time of the House.

Khawaja Muhammad Safdar : You can order me to sit down.

Mr. Senior Deputy Speaker : Alright, I will order at the proper time.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اس قانون کی بہت سی دفعات وہی ہیں ۔ معمولی ردو بدل کے بعد جو ایف ۔ سی ۔ آر کا قانون ہے اسی کو نافذ کیا جا رہا ہے ۔ ابھی کچھ دیر کے بعد میں ان کا تقابل بھی آپ کے سامنے پیش کروں گا ۔ فی الحال یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایف ۔ سی ۔ آر کے متعلق آج سے قبل ان لوگوں کی جو کہ صائب الرائے ہیں ۔ ان لوگوں کی جو ان علاقوں میں بطور ایڈمنسٹریٹر رہے ہیں ۔ جو اپنی ملازمت کے دوران اس قانون کو چلانے کے سلسلہ میں ایسے علاقوں میں رہے ہیں جہاں اسے نافذ کیا جانا مقصود ہے ان کی کیا رائے ہے ۔ مجھے افسوس ہے ۔

جناب والا ۔ کہ میں اس ضمن میں فرنٹیئر ریگولیشن انکوائری کمیٹی ۱۹۳۱ء ،جو نعمت اللہ کمیٹی کے نام سے بھی مشہور ہے کی رپورٹ کے حوالہ

جات نہیں دے سکتا ۔ کیونکہ باوجود تلاش بسیار کے وہ رپورٹ مجھے نہیں مل سکی ۔ یہ انکوائری کمیٹی گورنمنٹ آف انڈیا نے ۱۹۳۱ء میں بلوچستان کے لئے مقرر کی تھی اور نعمت اللہ صاحب اس کے چیئرمین تھے ۔ مگر بعض دوسری کتابوں میں اس کے حوالے مل گئے ہیں ۔ وہ یہ فرماتے ہیں ۔

"The Quetta-Kalat Laws Commission, 1958 as well as the Frontier Regulation Enquiry Committee of 1931, both condemned the system of trial by Jirga"

یہ صرف اس کا خلاصہ دیا گیا ہے ۔ اب میں کوئٹہ اور قلات کمیشن ۱۹۵۸ء کی رپورٹ کے چند ایک اقتباسات آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں یہ ان لوگوں کی رائے ہے جو ان علاقوں کے حالات سے بخوبی واقف ہیں جو صائب الرائے ہیں اور جن کی رائے کی وقعت ہے ۔ انہوں نے اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار کر دیا ہے کہ اس قسم کا کوئی قانون بلوچستان یا دوسرے علاقوں میں نافذ رہنا چاہئے یا نہیں ۔ ۔ ۔

جناب والا ۔ رائے عامہ کے متعلق یہ کمیٹی اپنی رپورٹ کے پیرا ۶۵ میں یہ لکھتی ہے ۔

"Throughout Baluchistan we came across expressions of satisfaction with the type of justice administered through courts' established under regular law. There is preference in favour of stipendiary Magistrates and paid Civil Judges. They are generally men of education and legal training and their behaviour in their office is under diverse checks. In the event of misconduct in the discharge of their duties their livelihood and honour are both in peril. The party aggrieved has under the Regular Judicial system opportunities of putting their decisions to test in the High Court and the Supreme Court."

Then, Sir, para 66 is as follows:—

"The only charge preferred against the regular Judicial system is that it is ruinous in expense and delays. Expense and delay are in our view as well two ugly features of the system which the Codes of Civil and Criminal

Procedure provide. But it will be wrong to recommend Jirga system of the type in vague as its substitute. Inspite of the defects attributed to the Regular Judicial system in advantages it excells Jirga system. More than eight crores of Pakistanis are living under it, besides forty crores of Indians. If it is acceptable to such a large population there is no valid reason for its rejection by those who are not more than few lakhs. 'If Pakistanis are one people there should be one law for them' was the cry of those who pressed for the Regular Judicial system. The defects attributed to it can be remedied by the Government by effecting reforms in law. To those Reforms we have invited the attention of the Government at another place in this Report."

Then, Sir, para 68 is:—

' We have in all received about 600 written replies to the Questionnaire issued by us out of which 93 came from prominent people whose voice carries weight in the political and social affairs of this territory. Out of them 25 demanded the retention of the Jirga system and the rest pressed for its withdrawal. Thirty-eight of those who recommended withdrawal of that system, demanded that the entire territory of the two Divisions should be placed under the regular Judicial system in force in the rest of Pakistan and thirty of them suggested that the regular Judicial system in its application to this territory should be slightly amended. We have also heard in hundreds the representatives of the various interests at Quetta, Chaman, Loralai, Nushki, Fort Sandeman, Mastung and Kalat. This report will be incomplete if we omit to bring out the views of those who passed for the retention of the Jirga system."

جناب والا ۔ مختصر یہ کہ اس کمیٹی نے شہر بہ شہر پھر کر مختلف لوگوں کے بیانات لئے ۔ اور ایک سوالنامہ جاری کیا ۔ اسکے جوابات آئے ۔ تو ان تمام جوابات میں سے بہت بڑی اکثریت ایسی تھی جو کہ یہ چاہتے تھے کہ کوئٹہ اور قلات کے دونوں ڈویژنوں میں وہ تمام قوانین نافذ ہوں جو کہ اس صوبہ کے باقی حصوں میں نافذ ہیں ۔ انصاف بانٹنے کا وہ تمام طریق کار بھی ان دونوں ڈویژنوں میں نافذ کیا جائے ۔ یعنی وہ تمام طریق کار جو عدالتیں ، سول قوانین ، ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ وغیرہ یہاں پر ہیں ۔ وہاں پر بھی جاری کئے جائیں ۔ لیکن کمیشن نے تصویر کا صرف ایک ہی رخ نہیں دیکھا ۔ بلکہ انہوں نے دوسرا رخ پیش کرنے کی بھی کوشش کی ہے ۔ انہوں نے بتایا ہے کہ

اس ملک کے اُس حصہ میں ایسے لوگ بھی ھیں جو چاھتے ھیں کہ وھاں پر جرگہ نافذ رھے ۔ اور مقدمات کے فیصلے جرگے ھی کے ذریعے ھوتے رھیں ۔ وہ کہتے ھیں کہ ھم نے ان لوگوں کی رائے بھی معلوم کی ھے ۔ ان میں سب سے سرفہرست قبیلہ جات کے سردار ھیں ۔ وہ لکھتے ھیں ۔

Retention of the Jirga system was most strongly advocated by Sardars, Tribal Chiefs, Maliks and those who are at present members of the Jirgas and stand to gain by it. Their arguments in support of that system are that civil and criminal justice obtainable under it is cheap and speedy. The people of this territory are poor and expenses of Regular Judicial system are beyond their means.

میرے محترم دوست قیصرانی صاحب نے بھی یہی دونوں وجوھات ابھی بیان کی ھیں ۔

They are also illiterate and are unable to conduct their cases in courts of law and have to depend on the aid of lawyers whose fees they are unable to pay. Disputes in regular courts take years to conclude and the delays, besides imposing expenses on the parties, prolong irritation and leads to crimes. As against that they can themselves, without the aid of lawyers present their cases before tribal Jirgas which are composed of their own men where they can be easily heard and understood.

یہ وہ تمام دلائل ھیں جو کہ جرگے کو پسند کرنے والے لوگوں نے پیش کئے ھیں ۔ ان میں خصوصیت کے ساتھ سرداران قبائل یا ملک لوگ ھیں ۔ یا وہ احباب ھیں کہ جو اسوقت جرگے کے ممبران ھیں ۔ اس کے آگے وہ لکھتے ھیں ۔

It has further been said that Jirga members are generally people drawn from local areas and have their own means and sources of obtaining information relating to offences which they are called upon to try. A culprit has, therefore, rare chances of escaping punishment if he is on trial before his tribesmen. They further argued that amongst the Pathans and Baluchis and all criminal offences are torts and are compensible in money. Criminal

offences however grave, should be redressed by compensation and not by punishment. A tribal Jirga, acting on this principle, invariably secures from the accused monetary compensation for the aggrieved and closes the feud for good. These are advantages which are not available under the Regular Judicial system.

یہ وہ تمام دلائل ھیں جو اس علاقے میں جرگہ قوانین کے متعلق بڑے بڑے لوگ پیش کرتے ھیں ۔ لیکن پیرا نمبر ۱۷ میں کمیشن یہ ارشاد فرماتا ھے ۔

We have considered these arguments. We are of opinion that in spite of the fact that the Regular Judicial system is expensive and dilatory it is for other reasons entitled to preference over the Jirga system. We have compared the two in another place in this Report and have shown that in advantages it excels the Jirga system. We do not agree that it is a merit in the Jirga system that Jirga members are permitted to derive information, about the commission of the offence they are trying, from sources other than the evidence adduced before them in the presence of the accused. Any system which permits a Judge to base his decision on evidence received behind the back of the accused violates a fundamental principle of natural justice. It is one of the principles of natural justice that accused should not be condemned on evidence board, in his absence. It is also a principle of natural justice that the accused should not be denied the right of cross-examining the witnesses deposing against him. If trials by Jirga deny these two valuable rights to the accused such trials should have no place in any civilized judicial system. What has been said in its praise in fact tends to condemn it. We are also of the opinion that the custom which permits compromises in grave offences like murder is not in the best interest either of the society or of administration of justice. It places premium on wealth. A man who has means to purchase pardon from the accused can commit murder with impunity. No civilized system of administering criminal justice permits acquittals to be purchased with money.

جناب والا ۔ میرے جو معزز دوست انگریزی زبان سے ناواقف ھیں ۔ ان کی خدمت میں گذارش کر دوں کہ اسکا مطلب مختصر الفاظ میں یہ ھے ۔ کہ وھاں کے عوام اور پڑھے لکھے لوگ اور وہ لوگ جو کہ عوام کی رائے بناتے اور بگاڑتے ھیں ۔ انکی ایک بڑی اکثریت اس امر کے حق

میں ہے کہ جرگہ سسٹم کو abolish کر دیا جائے - اس پرانے نظام کو منہدم کر دیا جائے - اور اسکی جگہ اُن قوانین کو اور عدالتی نظام کو وہاں پر قائم کیا جائے جو کہ باقی صوبوں میں قائم ہے -

حاجی سردار عطا محمد - جناب والا - کورم نہیں ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : There is no quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر - اب جناب والا اس کمشن کی رپورٹ سے ہٹ کر میں اب تیسری کمیشن کی رپورٹ آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں . یہ کمیشن صدر مملکت نے ۱۹۵۸ء میں قائم کیا اور ۱۹۵۹ء میں اس نے اپنی رپورٹ پیش کی -

Page 107 of the Report of the Law Reforms Commission, 1958-59.

ان کی رائے صفحہ ۱۰۷ پر ہے وہ یہ ارشاد فرماتے ہیں -

"The opinions collected by us on the desirability or otherwise of retaining Jirga trials."

میں صرف اسی موضوع پر بات کر رہا ہوں کہ وہاں کے عوام جرگہ سسٹم کو چاہتے ہیں اب اتنا مسئلہ ہمارے سامنے ہے - اس کے متعلق اس رپورٹ کے صفحہ ۱۰۷ کے آخری پیرا میں یہ ہے -

"...is sharply divided. The intelligentsia, the commercial class, and members of the legal profession in the Settled Areas have all made a dead-set against the continuance of the Jirga law. They have stressed the consideration that all parts of Pakistan should have uniform laws. They have pointed out the various defects of Jirga trials in which members of Jirgas are authorised to make secret and confidential enquiries behind the back of the accused, thus violating a fundamental principle of natural justice. They have further pointed out that the claim that the guilty cannot escape and the innocent

runs no risks in Jirga trials, is not borne out by experience. They have given instances of abuse of powers under the Frontier Crimes Regulation 1901, by the Administrative Officers. On the contrary, those residing in rural areas or having tribal associations are generally in favour of the retention of the system, provided that certain abuses that have crept into the system are removed. It would be fair to add that even their ranks are no longer solidly arrayed in support of the Jirga system. An underlying current of dissatisfaction with the scheme of things prevailing under that system is becoming visible."

جناب والا ۔ اس رپورٹ سے صاف ظاہر ہے کہ انہوں نے بھی اس علاقہ کا دورہ کیا جس کا نام سابقہ بلوچستان ہے ۔ آج کل اسے کوئٹہ قلات ڈویژن کہتے ہیں ۔ ان کی بھی یہ رائے ہے کہ قبائلی لوگ جو آپس میں قبائلی رشتوں میں بڑی سختی سے منسلک ہیں اور بعض اس بات سے متفق ہیں کہ محدود جرگہ سسٹم ہونا چاہئے ۔ لیکن ان کے درمیان بھی اختلاف ہے ۔ ان میں ایک خاصہ حصہ اس بات پر زور دے رہا ہے کہ اس جرگہ کو منسوخ کر دیا جائے ۔ ترک کر دیا جائے ۔

"...After carefully considering the pros and cons of the question, we have come to the conclusion that the ideal to be aimed at would be uniformity of laws all over Pakistan and the abolition of Special laws like the Frontier Crimes Regulation of 1901. Voices are heard even among those who were previously protagonists of Jirga system that all is not well with it."

جناب والا ۔ ان کی بھی سفارش یہ ہے کہ ہمیں ان خاص خاص قوانین جیسے کریمنل لاء امنڈ منٹ ایکٹ یا جرگہ سسٹم اور کسی اور شکل میں جو ایسا قانون ہو ہمیں ان کو ترک کرنا ہی ہوگا اسکے بغیر کوئی صورت نہیں کہ ہم وہاں کی رائے عامہ کی تسلی کر سکیں ۔

جناب والا ۔ پچھلی اسمبلی میں میں ایک سیلیکٹ کمیٹی کا رکن تھا ۔ وہاں اسی قسم کا تو نہیں کہنا چاہئے بلکہ ایک خاص قانون دیوانی مقدمات کے لئے زیر بحث تھا ۔ تو اس سیلیکٹ کمیٹی نے بہت سے دوستوں

کو جو کوئٹہ قلات کے representative تھے یا وھاں سے تعلق رکھتے تھے یہاں آنے کی دعوت دی اور ان کی شہادتیں قلمبند کیں ۔ اب میں ان کی شہادت کا متعلقہ حصہ آپ کی وساطت سے اس ھاؤس کے سامنے پیش کرنا چاھتا ھوں اور یہ ثابت کرنے کیلئے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن کے لوگ قطعاً اسے پسند نہیں کرتے کہ وھاں کسی قسم کے ایسے قانون نافذ ھوں جن کی وجہ سے ان کی گردنیں جرگے کے حوالے کر دی جائیں ۔ وہ Progressive قانون چاھتے ھیں ۔ جیساکہ ملک کے دوسرے حصوں میں ھیں۔ اب میں آپکی خدمت میں آغا عبدالحمید خان سی ۔ ایس ۔ پی جو بلوچستان سٹیٹ یونین کے وزیر اعظم رہ چکے ھیں ان کی شہادت کا حوالہ دیتا ھوں۔ میرے پاس Report of the Select Committee on the West Pakistan Amendment and Revival of Civil Laws Bill, 1963 ھے اس کے appendix کے صفحہ ۲ پر آغا صاحب کی یہ رائے ھے ۔

"Two kinds of civil courts were already in existence, namely, the Jirga and the Courts of the Qazis. It was found that both these courts were not in a position to decide the cases expeditiously. In fact some civil disputes were sixty to seventy years old. A demand was made by the people that if the parties were in agreement, they should be permitted to take the civil cases to the courts of Naib-Tehsidars, Tehsildars, Nazims and the Wazir-e-Azam."

جناب والا ۔ ایک اور سوال کے جواب میں وہ فرماتے ھیں ۔

" The litigant public in Kalat demanded that Naib-Tehsildars, Tehsildars and Nazims should adjudicate civil suits instead of the Jirgas and the Qazis as invariably there was an inordinate delay in these courts in the decision of civil suits and in the Jirga courts sometimes compromises were made which were detrimental to public interest."

یہ جناب والا ۔ اس محترم و بزرگ افسر کی شہادت ھے جو تین سال تک بلوچستان سٹیٹ یونین کے وزیراعظم رھے ھیں ۔ جنہیں اس جگہ کی ایڈمنسٹریشن کی حالت سے کماحقہ آگاھی ھے ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ مسٹر قیصر جو وہاں سوشن جج تھے ۔ پتہ نہیں آج کل کہاں ہیں ۔ وہ وہاں کی مجلس شوریٰ کے پریذیڈنٹ تھے ۔ میں ان کی شہادت کے متعلقہ اقتباسات پیش کرتا ہوں ۔ ان کا یہ دعویٰ ہے کہ وہاں کے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ جرگہ کا قانون جو یہاں نافذ ہے یہ قطعاً بے بنیاد اور غلط ہے ....

Mr. Hamza : Point of order Sir. There is no quorum in the House.

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ پیشتر اسکے کہ میں مسٹر قیصر کی شہادت کی طرف جاؤں ایک دو باتیں جو آغا عبدالحمید صاحب نے کہی ہیں ان کی طرف آپ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ ان سے سوال کیا گیا ۔

"Would you prefer to substitute the institution of Qazis by that of civil judges?"

اس کے جواب میں انہوں نے فرمایا ۔

"Yes, during my tenure of office I on several occasions requested the Government to take steps to achieve this object."

یعنی سول جج مقرر کرنے کے لئے میں نے کئی بار گورنمنٹ کو لکھا یعنی وہ اس حق میں ہیں کہ سول جج تمام کے تمام دیوانی مقدمات کے فیصلے کریں چہ جائیکہ اس قانون کے تحت یعنی جرگہ کے قانون کے تحت فیصلہ کریں ۔

"What is your opinion if all the administrative machinery including the police, judiciary and the magistracy as obtained in the rest of West Pakistan including Quetta is set up in the Kalat Division. Do you think that in that case, the civil laws as obtained in the rest of West Pakistan can be made applicable to that part?"

The answer was "Yes".

اب جناب والا ۔ میں مسڑ قیصر کی شہادت کی طرف آتا ہوں ۔ یہ Report of the Select Committee on the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bill, 1963. کے صفحہ ٦ میں فرماتے ہیں :—

,,میری آخری اور قطعی رائے یہ ہے کہ اس ترمیمی مسودہ قانون کو قانون کی شکل نہ دینی چاہئے اور سول کورٹس آرڈیننس کو قلات میں نافذ کرکے سول جج اور ڈسٹرکٹ جج مقرر کرنا چاہئے اور عدالتیں مقدمات دیوانی کا ضابطہ دیوانی اور دوسرے مروجہ قانون کے تحت قلات ڈویژن میں فیصلہ کریں ۔ ،،

جناب والا ۔ آپ خیال تو کریں کہ یہ ان لوگوں کی رائے ہے جو خصوصیت سے وہاں قانون کو نافذ کرنے کیلئے مقرر تھے ۔ ایڈمنسٹریٹر تھے ۔ یہ جو بھی رائے دیتے ہیں پبلک کی رائے سننے کے بعد رائے دیتے ہیں ۔

اس کے بعد میر خدا بخش مری بار ایٹ لاء پریذیڈنٹ بار ایسوی ایشن کوئٹہ فرماتے ہیں :۔

"I come from the Mari Tribal area and....."

Minister of Law : He has been defeated.

Khawaja Muhammad Safdar : In what.

Minister of Law : Everywhere. He is politically defeated. He has lost his representative capacity. Do not quote him.

Khawaja Muhammad Safdar : I will certainly quote him, because I consider him to be the representative of the Mari Tribal area. He says :—

"I come from the Mari Tribal area and belong to the Mari Baluch tribe. I am the highest educated person in both Divisions. It is generally known that the people of Kalat area are backward and it is a fact also. To do away with backwardness, in my opinion, we have got to introduce

progressive laws in the area to create coherence in our thinking and to feel as a Pakistani. At the same time, in my opinion, we should not have different laws at different places in the country. At the moment the Civil Procedure Code, with all the other laws, is applicable to Kalat. If Civil Judges are appointed in place of the Qazis, in my opinion, within a period of two or three years the people will get used to that law which is applicable all over the country."

Further on he says:

"In fact the public is now fed up with the Jirga system and the present Qazi courts as both these institutions have become corrupt and inefficient."

جناب والا ۔ اسکے بعد اسی ضمن میں میں وھاں کے تحصیلدار صاحب کی شہادت کا بھی تھوڑا سا حوالہ دوں گا ۔ شیرعلی تحصیل دار قلات میں ھیں ۔ یہ حوالہ Report of the Select Committee on the West Pakistan (Amendment and Revival of Civil Laws) Bills 1963 کے صفحہ 21 پر ھے ۔

سوال ۔ " کیا آپ یہ پسند کرتے ھیں کہ حکومت صرف دیوانی مقدمات کی سماعت کیلئے کسی سول جج یا ایسے ھی کسی افسر تحصیل کو مقرر کردے اور قلات ڈویژن کے تنازعات کا فیصلہ کرے ؟ "

جواب ۔ " میں یقیناً اسے پسند کروں گا ۔ "

جناب والا وہ ٹھیک ھے جس حد تک ان کی اس رپورٹ کا تعلق ھے میں اسے پیش کر رھا ھوں ۔ مری صاحب شاید اس الیکشن میں ھار گئے ھوں ۔ یہاں کئی لوگ ایسے ھیں ۔ جو اس الیکشن میں ھارگئے ھیں .....

Minister of Revenue: Sir, I think we have had enough discussion on this Ordinance. Members from both sides of the House have participated in the debate. As you know there are a large number of Ordinances awaiting discussion and approval, it is very difficult to dispose them of within the time at our disposal. Therefore, under Rule 157 I move that the question be now put.

Khawaja Muhammad Safdar: No, Sir. Till I am on my legs, this question cannot be put.

Mr. Senior Deputy Speaker: Please read the Rule. It says:

"At any time after a motion has been made any member may move that 'the question be now put'."

There is no such thing in this Rule that when a member is on his legs, the closure motion cannot be moved.

Khawaja Muhammad Safdar: Please let me know the Rule.

Minister of Revenue: It is Rule 157.

Khawaja Muhammad Safdar: Only three members have spoken. If you want to gag me.....

Minister of Revenue: You have been on your legs for more than 2 hours.

Khawaja Muhammad Safdar: No, Sir. I have spoken only for 40 minutes.

Minister of Revenue: You also spoke the other day.

Minister of Law: Mr. Speaker will bear me out that you started exactly at 11-35.

Khawaja Muhammad Safdar: No, Sir.

Minister of Law: Put it to the Speaker and he will correct it.

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر مجھے ایک گھنٹہ بولتے ہوگیا ہے تو پھر کیا ۔ اگر یہ gag کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر یہ تین آدمیوں کی باتیں نہیں سن سکتے ...

وزیر مال ۔ آپ نے تو یہ پڑھنا شروع کردیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے حق حاصل ہے کہ میں پڑھوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Order, order. If the member goes on like this then it cannot be finished even in 2 hours. If he wants to finish his speech within 10 minutes then I will allow it.

خواجہ محمد صفدر - میں تو ۱۰ منٹ میں اس کی تمہید بھی ختم نہیں کرسکتا - یہ اتنا اہم قانون ہے -

I will go on speaking for a day at least. This is an important legislation. This is the position. If you allow me to go on, I will be thankful, but if you want to gag me, then I will go out and they can approve of all the Ordinances.

مسٹر حمزہ - اس سے زیادہ اہم قانون کوئی نہیں ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Order please.

Khawaja Muhammad Safdar : Should I continue ?

Mr. Senior Deputy Speaker : Be brief.

Khawaja Muhammad Safdar : I cannot be brief. They cannot gag me. Either they will have to give me full time or I will finish it now and go out.

چودھری محمد نواز - دس منٹ آپ نے ہاؤس کے اس طرح ضائع کردیئے -

خواجہ محمد صفدر - یہ آپ کے لیڈر کا قصور ہے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Please address the Chair. No cross talk.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اب میں اس سلسلے میں آپ کو اولف کیرو کی رائے کا حوالہ دیتا ہوں - جنہوں نے ۳۵ سال سابقہ صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں میں ایک ایڈمنسٹریٹر کی حیثیت سے بڑے بڑے اونچے عہدوں پر رہ کر اس قسم کے قوانین اور ایف - سی - آر کی قسم کے دوسرے قوانین کا نفاذ کیا ہے انکی رائے آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں -

"The Pathans" by Olaf Caroe, page 354 :—

"Nevertheless, as used on the North-West Frontier, that is as a supplement and not as a substitute for British Indian law, I believe the Regulation was a failure, for, as so operated it satisfied neither the law nor the custom..."

جیسا کہ اس صورت میں ہے کچھ عدالتیں کام کریں گی - باقی جرائم اور دیوانی مقدمات عام عدالتوں کے پاس جائیں گے - اور کچھ جرگہ کے پاس جائیں گے - کوئٹہ کی عدالت کام کرے گی - کچھ مقدمات جرگہ کے پاس جائیں گے -

"...for, as so operated, it satisfied neither the law nor the custom. It became merely an easy means of punishing crime as from the State, without being a recognition of the Pathan idea. It failed to administer custom on the basis of local tradition, and it fell between two stools."

It was a complete failure according to this very respectable gentleman.

اور میرا خیال ہے کہ میرے دوست گورنر صاحب کی رائے تو ضرور سنیں گے - اور اس سے مستفید ہونگے -

جناب والا - ہمارے محترم گورنر صاحب نے کوئٹہ قلات کا دورہ ۲۲ ستمبر سے ۲۹ ستمبر ۱۹۶۱ء تک فرمایا - انہوں نے اپنے اس دورے کے متعلق ایک نوٹ بھی ریکارڈ فرمایا - وہ نوٹ اس Select Committee کے سامنے پیش ہوا - اس کا extract بھی اس رپورٹ میں درج ہے - وہ بھی میں آپ کے سامنے پڑھ دیتا ہوں - گورنر صاحب ارشاد فرماتے ہیں -

"An almost universal demand made by all sections of the public in the Kalat Division, Basic Democrats and representatives of all shades of opinion was that the old system obtaining in Kalat under which all civil cases were decided under the existing Shariat Law should not be disturbed.

آپ اس علاقے میں جو جرگہ سسٹم نافذ کر رہے ہیں - جہاں نہ کوئی قانون ہوگا اور نہ ہی ان لوگوں میں یہ استعداد ہوگی کہ وہ کسی قانون کے مطابق عمل پیرا ہو سکیں - تو اس کے آگے جناب گورنر صاحب ارشاد فرماتے ہیں -

So far as cases under the criminal law are concerned they have no objection if these are decided in accordance with the law in force in other parts of the Province. In my opinion this demand is genuine and should be agreed to.

جناب گورنر صاحب کی یہ رائے کہ Criminal Cases عدالتوں میں پیش کئے جائیں اور ان کی یہ رائے کہ دیوانی مقدمات جرگوں کی بجائے شریعت کے مطابق طے پائیں ۔ آج اس سے انحراف کیا جا رہا ہے ۔ مجھے افسوس ہے ۔ کہ ہمارے وزرا صاحبان جن کے ذمے یہ فرض ہے کہ وہ درست طور پر اس صوبہ کے حاکم اعلیٰ کو مشورہ دیں وہ انہیں درست طور پر مشورہ نہیں دے رہے ۔ ان کی اپنی رائے جو اس نوٹ میں درج ہے ۔ وہ میں نے آپ کے سامنے پیش کر دی ہے ۔ اس سے آپ ہی اندازہ فرمائیں کیا آج ۵ سال گزرنے کے بعد اس ملک نے ترقی کی ہے ۔ میرے دوست تو دن رات یہ دعویٰ کرتے تھکتے نہیں کہ ہمارا ملک دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہا ہے ۔ اگر اس علاقے نے بھی گزشتہ ۵ سال میں ترقی کی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم ایک ۵ سو سال کا بوسیدہ قانون ان کے سر تھوپ دیں ۔ بجائے اس کے کہ ہم ان کو ترقی کے مواقع بہم پہنچائیں ۔ اور ان کو Qazi Courts کی بجائے Regular Courts عطا کرتے ۔ لیکن افسوس کہ اس کی بجائے ہم ان کو جرگہ دے رہے ہیں ۔ جو ایک Middle Ages کی نشانی ہے ۔

جناب والا ۔ اب اس کے Preamble میں یہ دعوےٰ کیا گیا ہے میرا خیال ہے کہ میں نے اس ضمن میں کافی آراء پیش کر دی ہیں ۔ وہاں کے لوگ قطعاً یہ پسند نہیں کرتے کہ وہاں جوگہ سسٹم نافذ کیا جائے ۔ اس کے برعکس وہاں کے لوگ چاہتے ہیں کہ صوبے کے باقی حصوں کی طرح

وھاں بھی عدالتیں قائم ھوں ۔ اور وھی قانون ھوں جو صوبے کے دوسرے حصوں میں ھیں ۔

جناب والا ۔ اس میں دو بڑی مزیدار چیزیں لکھی ھوئی ھیں ۔ یعنی یہ کہ یہ جرگے کا قانون inexpensive اور speedy ھو گا ۔ چنانچہ اب میں اس مسئلے تک اپنی گذارشات محدود رکھونگا ۔

پہلے میں یہ گذارش کرونگا کہ یہ قانون جو اس وقت ھمارے سامنے ھے ۔ اس کے نفاذ سے سابق بلوچستان کے لوگوں کیلئے حصول انصاف جلد ممکن ھو سکے گا یا نہیں ۔ اگر آپ اس قانون اور اس آرڈیننس پر ایک سرسری نظر ڈالیں تو آپ میرے ساتھ اتفاق فرمائینگے کہ اس قانون کے تحت عام قوانین کے مقابلے میں کہیں زیادہ وقت صرف ھو گا ۔ میں اسے اس معزز ایوان کی اطلاع کیلئے مختصر الفاظ میں عرض کئے دیتا ھوں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلا مرحلہ یہ ھوگا کہ جناب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب یہ فیصلہ کرینگے کہ فلاں مقدمہ اس کے تحت آتا ھے یا نہیں ۔ ان کے اس فیصلے کے خلاف ۳۰ دن کے اندر اندر کمشنر صاحب کے پاس اپیل ھو سکے گی ۔ اور پھر اس اپیل کے خلاف ۶۰ دن کے اندر اندر نگرانی ھو سکے گی ۔ جو کہ صوبائی حکومت کے پاس ھو گی ۔

رانا پھول محمد خان ۔ On a point of order. جناب والا ۔ اگر مخدوم محمد شمس الدین گیلانی صاحب کو آپ چھٹی دیدیں تو بہتر ھوگا کیونکہ انہیں نیند آ رھی ھے ۔ (قہقہہ)

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

خواجہ محمد صفدر ۔ اب جناب آپ ھی اندازہ فرمائیے کہ اس پہلے مسئلے کے متعلق فیصلہ کرنے کیلئے آیا کوئی خاص مسئلہ جرگے

کے سپرد کیا جا سکتا ہے یا نہیں ۔ اس قانون میں اپیل بھی دی ہوئی ہے اور نگرانی بھی ۔ یہ نگرانی لاہور میں صوبائی حکومت کے پاس یعنی ہوم سیکرٹری صاحب کے پاس ہو گی ۔ قلات کے لوگوں کی پہلی اپیلیں وہاں کے کمشنر صاحب کے پاس اور کوئٹہ کے لوگوں کی اپیلیں کوئٹہ کے کمشنر صاحب کے پاس جائینگی ۔ اب اس پہلے اور دوسرے مرحلوں کو طے کرنے کیلئے جب ایک جگہ ۳۰ دن اور دوسری جگہ ۶۰ دن کا وقفہ دیا ہوا ہے ۔ تو عام حالات میں اسے ۵-۶ ماہ لگ ہی جاتے ہیں ۔ کیونکہ نہ تو کمشنر صاحبان ہی کوئی فارغ بزرگ ہوتے ہیں ۔ اور نہ ہی ہوم سیکرٹری صاحب ۔ ان کے سپرد تو گونا گون قسم کی ذمہ داریاں ہوتی ہیں ۔ اور ان کی مصروفیتیں ہی اتنی ہوتی ہیں ۔ وہ exclusively اور خصوصیت سے اس کام کیلئے مامور نہیں ہیں کہ وہ جرگے کے متعلق فیصلوں کی اپیلیں یا نگرانیاں سنیں ۔

اب آگے چلئے ۔ اگر ۸ - ۱۰ ماہ کے بعد بھی یہ پہلا مسئلہ طے ہو جائے تو اس کے بعد ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ فریقین کو جرگے کے ممبروں کے نام بتائیں گے ۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کا فیصلہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے ہاں ہی ہو گا ۔ لیکن اگر کوئی فریق اس جرگے کے ممبران کے اسمائے گرامی پر اعتراض کرے تو وہ اس کو یہ کہہ سکتے ہیں کہ میں آپ کے اعتراض کو درخوراعتنا نہیں سمجھتا ۔ یہ اعتراض فضول ہے ۔ میں اسے رد کرتا ہوں ۔ یہ تو وہ کہہ سکتے ہیں ۔ لیکن اس شخص یا فریق کو وہ اس کے خلاف اپیل کرنے سے نہیں روک سکتے ۔ اور پھر اپیل کے حکم کے خلاف نگرانی کرنے سے بھی اس کو منع نہیں کیا جا سکتا ۔ کیونکہ یہ گنجائش اس قانون میں رکھ دی گئی ہے ۔ اور اس

طرح ۸ - ۱۰ ماہ یا ایک سال بسر ہو جائیگا - اور ابھی مقدمے کی سماعت شروع نہیں ہوئی - اور جناب آپ بھی وکیل ہیں - یہاں Evidence Act بھی apply نہیں کرتا - وہ جس قسم کی شہادت چاہیں - لکھتے جائیں - نتیجہ یہ ہوگا کہ آخر میں یعنی اپیلیں اور نگرانیاں کرنے کے بعد جب ٹریبونل کا فیصلہ صادر ہو جائے گا - بلکہ ایک ایسا مرحلہ اور بھی آئیگا - یعنی جب ٹریبونل کا فیصلہ ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے پاس آئیگا تو وہ یہ کہہ سکتا ہے کہ یہ فیصلہ غلط ہے - اس لئے اس مقدمے کو دوسرے جرگے کے سپرد کرنا چاہیئے - یہ بھی جناب اسی قانون میں ہے - اس طرح جناب میری رائے میں ایک مقدمے کو آخری مرحلے تک پہنچنے میں کم و بیش تین سال لگ جائینگے - حالانکہ پہلے دو مراحل جن کا میں نے ذکر کیا ہے - عام عدالتوں میں ان کا تذکرہ اور ذکر تک نہیں ہو سکتا - کیونکہ ہر شخص کو معلوم ہوتا ہے کہ اگر اس سے کوئی جرم صادر ہوا تو اس مقدمے کو فلاں فلاں عدالت سنے گی - نہ ناموں پر اعتراض ہے نہ اس کے ابتدائی مرحلہ پر اعتراض ہے اورنہ اس بات پر اعتراض ہے کہ جرگہ سن سکتا ہے یا نہیں - اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا - میری رائے میں جو سکیم اس قانون میں دی گئی ہے یعنی مقدمات کی سماعت کے لئے خاص طور پر جس کا ذکر ہے اس کے مطابق وہ بہت جلدی منتج نہیں ہو سکتی - اور مقدمات کی سماعت میں تاخیر ہو گی - جہاں تک اس دعوے کا تعلق ہے کہ یہ طریقہ انصاف یا عدالتی نظام in expensive ہو گا تو میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - ہاؤس میں کورم نہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The House is not in quorum; let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is now in quorum. **Yes Khawaja Sahib.**

خواجہ محمد صفدر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس طریقہ کو جو اس میں دیا گیا ہے اسے کم خرچ بھی نہیں کہہ سکتے فوجداری مقدمات پر خرچ کا بیشتر حصہ بلکہ سارے کا سارا حصہ وکیل کا محنتانہ یا فیس ہے - اس قانون میں Fundamental Rights کو پیش نظر رکھتے ہوئے وکیل کو پیش کرنے کی اجازت ہے - ہر وہ شخص جس پر فوجداری مقدمہ بنا ہوا ہو گا وہ اپنے یا اپنے مقدمہ کے لئے کسی وکیل کی خدمات کو حاصل کرے گا - وہ فیس ادا کرے گا - بلکہ میری رائے میں جہاں تک اس امر کا تعلق ہے اس ملزم کو زیادہ زیر بار ہونا پڑے گا اگر عام عدالت میں مقدمہ آئے گا آپ اس امر سے باخبر ہیں کہ ہائی کورٹ کا بنچ وہاں پہنچ جاتا ہے - مقامی وکیلوں کے ذریعہ اپیلوں کی سماعت کرا سکتا ہے - ان لوگوں کے لئے جو ماخوذ ہیں کم فیس میں مقدمہ کی سماعت ہو سکتی ہے - لیکن زیر بحث قانون کے سلسلہ میں ہوم سیکرٹری صاحب وہاں نہیں جائیں گے - اگر کسی وکیل کو کوئٹہ قلات سے آنا ہو گا تو وہ زیادہ فیس طلب کریں گے - یا لاہور سے کسی وکیل کی خدمات حاصل کرنی ہو گی - تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ اس کو زیادہ خرچ برداشت کرنا ہو گا - اس لئے یہ بات کہ یہ inexpensive ہے یہ بھی غلط ہے اور درست نہیں ہے -

جناب والا - اس کی وجوہات ہونی چاہئیں کہ آخر ہم لوگ اس طریقہ کار یعنی جرگہ سسٹم کی مخالفت کیوں کرتے ہیں - میں نے پہلے عرض کردیا ہے کہ یہ speedy بھی نہیں اور نہ ہی دوسرے نظام سے سستا ہے -

وزیر تعلیم (میاں محمد یٰسین خان وٹو) - جناب والا - فاضل ممبر نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ اپنی تقریر کو مختصر کر دیں گے -

Mr. Senior Deputy Speaker. Please try to conclude.

خواجہ محمد صفدر - میں اختصار کے لئے تو کھڑا نہیں ہوا البتہ تقریر کے لئے کھڑا ہوا ہوں لیکن اگر سپیکر صاحب حکم دے دیں تو میں بیٹھ جاؤں گا ویسے تو ضابطہ اور قانون کے تحت وہ مجھے حکم نہیں دے سکتے - اس کے باوجود اگر وہ مجھے حکم دے دیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا - وہ حکم دے دیں میں بیٹھ جاؤں گا -

سردار حاجی عطا محمد - یہ بڑی اہم چیز ہے ممبر صاحبان کو چاہئے کہ وہ تقریر سنیں -

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر - حاجی صاحب آپ کیا فرما رہے ہیں - آپ تین دفعہ اٹھے ہیں - اور بغیر کوئی پوائنٹ آف آرڈر پیش کئے کچھ کہنا شروع کر دیتے ہیں

he should keep up the decorum of the House.

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف انفارمیشن - میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ قائد ایوان جو بیٹھے بیٹھے کچھ کہہ دیتے ہیں کیا وہ کسی پوائنٹ آف آرڈر پر بولتے ہیں -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - وہ تو Snipping ہے بولنا نہیں ہوتا ہے -

Khawaja Muhammad Safdar: You have added to my knowledge.

بڑا اچھا لفظ استعمال کیا ہے -

جناب سپیکر - اس قانون کے مصنف کا دعوٰے یہ ہے . . . .

ایک معزز ممبر - کوئی نئی بات کیجئے -

خواجہ محمد صفدر - میں ان چیزوں کو چھوڑتا ہوں جو میں نے پہلے عرض کی ہیں -

I am not going to repeat what I have already said.

دعویٰ یہ ہے - کہ لوگوں کو سستا انصاف نہیں مل سکتا تھا - میں بتاؤں گا کہ اس میں اور نقائص کیا ہیں جن کی وجہ سے لوگ اسے ناپسند کرتے ہیں -

جناب والا - انگریز نے جب ان علاقوں پر قبضہ کیا جنہیں کوئٹہ اور قلات ڈویژن یا صوبہ سرحد کہتے ہیں - تو اس زمانہ میں اس علاقہ کے جیالے غیور اور بہادر انسانوں کو اپنے قبضہ میں رکھنے کے لئے یہ تجویز سوچی گئی کہ جہاں تک بیرونی معاملات کا تعلق ہے - وہ اپنے ہاتھ میں رکھے جائیں اور جہاں تک ان معاملات کا تعلق ہے جو ان کے آپس کے اندر کے ہیں تو ان پر ایسے لوگوں کو مامور کر دیا گیا جو اپنی قوت اور منفعت کے لئے انگریز کی حکومت کی طرف دیکھتے رہیں - اور اثرو رسوخ سے امن و امان بحال رکھیں - اگر وہ تعلیم میں ترقی نہیں کر سکتے تو نہ کریں - پس‌ماندہ رہیں تو رہیں لیکن قطع‌نظر اس سے امن و امان قائم رہے -

خان مکرم خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - نماز کا وقت ہو رہا ہے مہربانی فرما کر خواجہ صاحب معاف فرمائیں اور اپنی تقریر ختم کریں -

خواجہ محمد صفدر - کہا آج جمعہ ہے ایک بجے تک تو بہر حال وقت ہے اگر آج تقریر ختم نہ کر سکا تو کل پر چھوڑ دوں گا لیکن آپ کو میری تقریر سننا پڑے گی - یا آپ مجبور کریں گے تو پھر بیٹھ جاؤں گا - جناب والا - اس قانون کے لئے جو پیش کیا گیا ہے جس کے لئے میں نے ممبران کی سمع خراشی کی ہے جس کے لئے آپ نے اتنی زحمت کی اور مجھے عرق‌ریزی کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی -

ایک ممبر - کیا آپ قوم کی خدمت کر رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - میں تو شاید نہیں کر رہا البتہ آپ ضرور کر رہے ہیں -

Minister of Revenue: I think, Sir, he should be given five minutes more to finish because the Law Minister has to wind up.

Mr. Senior Deputy Speaker: I have already requested the member to be brief but he is not.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ابھی تو میں Preamble کے متعلق ہی عرض کر رہا ہوں اور اس کے بعد اس کے شیڈول پر بھی بحث کرنے کا خیال ہے -

جناب والا - اگر میرے دوست مجھے Interrupt نہ کریں تو شاید میری تقریر کا بہت سا حصہ ختم ہوجائے -

ایک آواز - سارا تو ممکن نہیں کیونکہ ۱۰ منٹ رہ گئے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انگریز کے اس نظام کو قائم ہوئے تقریباً ایک صدی گزر گئی - ۱۸۷۱ء میں پہلی بار ایف - سی - آر نافذ ہوا تھا - ابتداء میں اس نظام

Sir, Section 6 Clause 3 of the Essential Personnel (Registration) Ordinance, 1948 lays down that no Court shall take cognizance of an offence under the Ordinance except on a complaint lodged by or made on authority of the Regional Head of Employment Exchanges of the region in whose jurisdiction the offence is alleged to have been committed. Consequent upon the transfer of certain functions of the Labour and Social Welfare Division, Government of Pakistan, to the Provinces under the new Constitution the administration of the Ordinance stands transferred to the Government of West Pakistan. With the transfer of the Man Power and Employment Organisation the post of Regional Head of Employment Exchanges has been abolished and replaced by the Joint Director Employment Exchange under the Director of Labour Welfare. The Labour Department have, therefore, proposed this and in order to achieve only this technical change-over in the designation of the officer concerned, who shall be competent to lay complaints before the Courts, this Ordinance has been enacted brought before the House. It does not involve any substantial change in the law. This has been necessitated on account of the transfer of the subject from the Central Government to the Provincial Government and under the Provincial Government the change of designation and nomenclature of the office and office holder has necessitated the promulgation of this Ordinance. The urgency being that there were certain complaints which had to be lodged and which had to go to the Courts immediately. For this impediment in the law these complaints were held over and they would have been thrown out by the Courts on technical grounds. Hence this ordinance was issued to fill in that lacuna. I would beseach the members of the Opposition that no point of substance is involved in this, and this was just an emergency that the complainant had to go to the courts and, therefore, this ordinance was promulgated. They would, therefore, please see their way to join hands with us and say that this ordinance is approved without any opposition and without any demur on their part.

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔۶)۔ جناب سپیکر۔ جیسا کہ جناب وزیر قانون نے اپنے وضاحتی بیان میں فرمایا ہے۔ کہ اس قانون کے ذریعے ایک قانونی سقم کو رفع کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ یہ ہنگامی قانون اس سے پہلے ۱۹۴۸ء میں ایک قانون کی صورت میں ایک عام ایکٹ کی صورت میں پاس کیا گیا تھا ۔ اور اس کے preamble میں یہ لکھا گیا تھا ۔ کہ ملک میں ایسے ہنگامی حالات پیدا ہو چکے ہیں ۔ اس لئے Essential Personnel یعنی جن لوگوں کی خدمات (Services) کو لازمی قرار دیا تھا ۔ گورنمنٹ نے ان کے نام اور پتہ

وغیرہ ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے پاس درج کرانا لازمی قرار دیا تھا ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اگر وہ اس قانون کے مطابق عمل نہ کریں یا اس کی خلاف ورزی کریں ۔ تو ان کو ایک سزا دینے کی بھی گنجائش اس قانون میں رکھی گئی تھی ۔ مجھے جناب وزیر قانون صاحب کے اس جواز سے تو کوئی اختلاف نہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں Essential Personnel کے ناموں کا محض اندراج ہی کافی نہیں سمجھتا ۔ حکومت نے محض اندراج کر کے یہ سمجھ لیا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں سے بری الزمہ ہو گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ۱۹۴۸ء کے بعد ۱۹۵۲ء میں Essential Services Act لایا گیا ۔ اس میں بھی سرکاری ملازمین پر کافی پابندیاں لگائی گئیں ۔ لیکن حکومت نے اپنے ذمہ کوئی بھی ذمہ داری نہیں لی ۔ آج ملک میں یہ صورت حال پیدا ہو چکی ہے ۔ کہ ایک طرف تو ہمارے ہاں کے ٹرینڈ انجینیئرز اور ڈاکٹر دوسرے ممالک میں کام کرنے جا رہے ہیں ۔ کیونکہ ان کے لئے ذریعہ معاش مہیا کرنا ہماری حکومت اپنا فرض نہیں سمجھتی ۔ حالانکہ ایک اچھی حکومت سے اس کی توقع کی جاتی ہے ۔ لیکن تربیت یافتہ لوگ جن لوگوں کی اس ملک کو انتہائی ضرورت ہو ۔ جن کی خدمات کو اس ملک میں انتہائی طور پر ضروری محسوس کیا جاتا ہو چہ جائیکہ آپ ان کے لئے ذریعہ معاش مہیا کریں ۔ آپ ان پر ذمہ داریاں عائد کرتے ہیں ۔ میرے نزدیک ایک اچھی حکومت کا یہ فرض ہوتا ہے ۔ کہ وہ تمام آبادی کے لئے ذریعہ معاش مہیا کرے ۔ لیکن حکومت نے ایسا نہیں کیا ۔ بلکہ حکومت لوگوں کے ذمہ تو کام لگا دیتی ہے ۔ لیکن اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا اس حکومت کا فرض نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کے علم میں یہ حقیقت آئی ہو گی ۔ کہ ہمارے ملک کے بہت سے ڈاکٹر بہت سے انجینئرز اور بہت سے سائینسدانوں نے اپنے ملک کی خدمت کرنا پسند نہیں کیا ۔ کیونکہ اس ملک میں ایسے حالات پیدا

کر دیئے گئے ھیں ۔ یا ان کی Condition of Service کچھ ایسی ھیں ۔ کہ وہ اس بات پر مجبور ھو گئے ھیں ۔ کہ وہ غیر ممالک میں جا کر کام کریں ۔ میں اپنی حکومت کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانا چاھتا ھوں ۔ کہ جہاں ان کے ناموں کو رجسٹر کرانا آپ کا فرض ھے ۔ آپ کی انتہائی ذمہ داری ھے کہ اس ملک کی بڑھتی ھوئی آبادی میں جو لوگ خوش قسمتی سے تربیت یافتہ ھیں ۔ آپ ان کے لئے کم از کم با عزت ذریعہ معاش مہیا کریں ۔ تاکہ اس ملک کی آبادی ان کی خدمات سے استفادہ کر سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی موجودہ صورت میں ممانعت کرتا ھوں ۔

Mr. Speaker : I will now put the ordinance to the vote of the House. The question is—

That the Assembly do approve of the Essential Personnel (Registration) (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 1st April, 1965.

The motion was carried.

THE KARACHI CONTROL OF DISORDERLY PERSONS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir I beg to move—

That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th April, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th April 1965

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Opposed Sir.

Minister of Law : Sir the House is aware that the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Act was first enacted in the year 1952 when Mr. Gurmani was the Minister of Interior, and it was he who piloted this bill before the Assembly. Its original life was fixed at a certain period, which expired long back, and since then this Act has been extended from year to year by the various Assemblies, the last being the extension of this Act to Karachi for one year, which period expired on the 30th of April of this year. Conditions in Karachi were such that it was thought essential and necessary to keep this Act alive at least for a year more, and, therefore,

by this Ordinance the life of this Act has been extended by one year. As I very respectfully submitted, the Act was to expire on the 30th of April, 1965, and it was, therefore, necessary to resort to legislation by Ordinance, and this Ordinance was issued.

Khawaja Muhammad Safdar : Lame excuse.

Minister of Law : The House and the members are fully aware that everyone of them was engaged in the elections and it really was not expeddient to have the Assembly summoned where this legislation could be debated and passed in the shape of a Bill. For the sake of the information of the members of this House as to the necessity of continuing this law in Karachi, which is akin and analogous to a similar law prevailing in West Pakistan, viz., the Control of Goonda, ordinance. I will place before the House the figures which I have obtained from Karachi.

In the year 1963 Sir, the total number of cases instituted under the Karachi Control of Disorderly Persons Act, is only 15. The number of Persons ordered to report at a particular Police Station weekly for one year is 6 ; the number of persons, whose movements were restricted for three months is only one ; the number of persons released after admonition is one ; the number of persons discharged is seven ; the number of cases pending is nil. Then Sir in the year 1964, the total number of cases instituted is 23 ; the number of persons ordered to report at the particular police station weekly for one year is one ; the number of persons externed from Karachi for one year is two ; the number of persons externed from Karachi for two years is two ; the number of cases withdrawn is one ; the number of persons discharged is three ; the number of cases pending is 14. Then Sir during the current year 1965, the number of cases instituted so far is three and all the three cases are pending.

Khawaja Muhammad Safdar : How many cases are pending ?

Minister of Law : All the three are pending and not yet decided, so far in 1965. These figures would clearly show that this Act is being used very sparingly and in appropriate cases, and there is absolutely no user of this Act for any political purposes, as is likely to be the argument of the members on the opposite side. The action under this Act is really rare and, as I very respectfully said, it has been taken in very appropriate and emergent cases. When no other law appears to be effective. I would, therefore, assure the members of this House, particularly the members on the Opposition side, that it is far from the mind of the government to use this Act or its Executive Officers to make use of this Act indiscriminately or for any extraneous considerations. It is being used exclusively, entirely, with all bona-fide motives and for all bonafide purposes. I would, therefore, appeal to the members of this House including the members of Opposition to please extend their helping hand and pass this Ordinance unanimously.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶)۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے یہ ہنگامی قانون پیش کرنے وقت جو اعداد و شمار دئیے ہیں اس سے یہ

ظاہر ہوتا ہے کہ کراچی میں غنڈہ گردی کے واقعات اتنے زیادہ نہیں ہیں جن کے لئے اس قسم کا ایک ہنگامی قانون مزید ایک سال کے لئے زندہ رکھا جائے ۔ جناب سپیکر۔ انہوں نے یہ بھی فرمایا ہے کہ یہ ہنگامی قانون اس زمانے کی یاد ہے جس زمانے کے لیڈران کرام کے لئے ہم روز مرہ ان کی زبانوں سے گالیاں سنتے ہیں ۔ بقول حکومت کے جن کی بد اعمالیوں کی وجہ سے اس قسم کے عناصر خاص طور پر کراچی میں پیدا ہو گئے تھے ۔ جن کا تدارک کرنا انہوں نے اس قسم کے ہنگامی قانون کے ذریعہ سے مناسب سمجھا ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت کی طرف سے جو جواز بھی پیش کیا جاتا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ جب وہ حالات ہی موجود نہیں ہیں ۔ جب وہ حکومت ہی ،وجود نہیں ہے جس کی بنیاد پر بقول ان کے ملک میں غنڈہ گردی پھیلتی ہے ۔ بلکہ جب موجودہ حکومت کے دور میں غنڈہ گردی اور غنڈوں کا وجود نہیں ہے تو اس کے لئے اس قسم کے قانون کی معیاد بڑھانے کی کوئی وجہ یا دلیل کم از کم موجودہ حکومت پیش نہیں کر سکتی ۔

جناب سپیکر۔ یہ تووہ دلیل تھی جو کہ وزیر قانون صاحب نے پیش کی لیکن عملی زندگی میں یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وہ تمام بد عادات رکھنے والے افراد جن کو disorderly person قرار دیا جا سکتا ہے اس قسم کی عادات رکھنے والے افراد کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے بلکہ وہ لوگ دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہے ہیں ۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

جناب سپیکر۔ آپ کو یہ علم ہے کہ قانون پاس کرنے سے حکومت جرائم کی بیخ کنی نہیں کر سکتی ۔ نہ ہی برے افراد کی اصلاح کر سکتی ہے ۔ تمام کے تمام اختیارات جو اس قانون کے تحت دیئے گئے ہیں سب سے پہلے وہ اختیارات محکمہ پولیس کو تفویض کئے گئے ہیں ۔ مجھے

ذاتی طور پر اس چیز کا علم ہے بلکہ اس اسمبلی میں گورنمنٹ پارٹی کی طرف سے بعض افراد نے امتناع شراب کے ریز ولیوشن پر تقریر کرتے ہوئے یہ فرمایا تھا کہ ہماری services میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو شراب پینے کے عادی ہیں بلکہ ایک ممبر صاحب نے تو اس حد تک فرمایا تھا کہ ان کی اکثریت اس سے بھی زیادہ بری عادات کی عادی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ جب حکومتی پارٹی کے ارکان بذات خود ایوان کے اندر یہ فرماتے ہیں کہ ہمارے افسران کی اکثریت شراب پینے یا شراب نوشی کی عادی ہے ۔ اور یہ شراب نوشی کلبوں کے اندر بیٹھ کر یا دفتر کے اندر بیٹھ کر پینا جائز اور عین قانون کے مطابق قرار دیا جاتا ہے تو یہ حکومت کیسے تصور کر سکتی ہے کہ عام آبادی اس قسم کی بری عادتوں کا شکار نہ ہو ۔ سب سے پہلے محکمہ پولیس کی طرف آئیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جب آپ کسی شخص کو محکمہ پولیس میں بھرتی کرتے ہیں کیا بھرتی کرتے وقت آپ اس امر کا خیال نہیں رکھتے ہیں کہ اس کا اخلاق اور کردار کس قسم کا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے عملی زندگی میں یہ دیکھا ہے کہ وہ بد عادات اور برے کام جو کہ disorderly person کی خصوصیت میں بتائے گئے ہیں ۔ پولیس کے اپنے عملے میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو کہ خود اس قسم کی خصوصیت رکھتے ہیں اور اس قسم کے برے کام کرنے کے عادی ہوتے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ جب آپ ان سرکاری ملازمین کو جن کو کہ آپ نے اتنے وسیع اختیارات دیئے ہیں ۔ جن کو دوسروں کی اصلاح کرنا ہے ۔ جنہوں نے دوسروں کی خامیوں کی نشان دھی کرنا ہے ۔ جنہوں نے غنڈوں کے بارے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اطلاع دینی ہے ۔ اگر اس کے اپنے عملہ کی حالت یہ ہو ۔ کہ ان میں سے بہت سے بد کردار ہوں ان میں بہت سے شراب پیتے ہوں ۔ ان میں اکثر کی عادتیں ایسی ہوں کہ اسی قانون کی زد میں آئیں تو پھر آپ کس طرح توقع کر سکتے ہیں کہ ملک میں یا کراچی میں غنڈہ گردی پہلے سے کم ہو جائے ۔

جناب سپیکر۔ مجھے ذاتی طور پر اس چیز کا علم ہے کہ بہت سے ایسے لوگ جو کہ پولیس کی ملازمت اختیار کرنے سے پہلے نیک کردار کے حامل تھے لیکن محکمہ کے اندر اس قسم کا ماحول پیدا ہو چکا ہے کہ ملازمت کے بعد وہ اپنی خوبیاں کھو بیٹھے اور انہوں نے برائی کو اپنا لیا اور ان کے کردار پر بہت برا اثر پڑتا ہے۔ مجھے صاحب صدر۔ اس بات کا علم ہے کہ ہماری محکمہ پولیس کے بعض حکام نہ صرف یہ کہ شراب پیتے ہیں بلکہ پولیس کے تھانوں کے ذریعے مفت شراب حاصل کرتے ہیں جس سے بہت سی مزید خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔

Chaudhry Muhammad Nawaz : On a point of order. He is not relevant to the point.

Mr. Speaker : Please be relevant to the point. The point of order is ruled out of order.

مسٹر حمزہ۔ جناب والا۔ وہ محکمہ جس کے بہت سے افسر شراب پیتے ہوں بلکہ اپنے ماتحت عملے کے ذریعے شراب حاصل کرتے ہوں اور مفت حاصل کرتے ہوں اکثر و بیشتر بر سر عام شراب پیتے ہوں وہ عام لوگوں کو شراب پینے سے کس طرح روک سکتے ہیں اور انہیں کیسے کنٹرول کر سکتے ہیں۔ وہ تو خود پولیس کے تھانوں میں بیٹھے شراب پیتے دیکھے گئے ہیں۔ وہ اس خبیث عادت میں گرفتار ہیں بلکہ ہوتا یہ ہے کہ جب کبھی کوئی نیا پولیس افسر تبدیل ہو کر آتا ہے تو تھانے کا چارج لینے کے ساتھ رشوت دلالوں کا بھی چارج سنبھالتا ہے۔ جھوٹی گواہی دینے والوں کا بھی چارج لیتا ہے کیوں کہ پولیس والے تمام جوئے بازوں بدمعاشوں اور قانون شکنی کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرکے ان کے ذریعے روپیہ کماتے ہیں اور بے گناہ لوگوں کے خلاف جھوٹے مقدمات گھڑتے ہیں۔ با عزت لوگوں کو بے عزت کرتے ہیں اور بے عزت لوگوں کو با عزت لوگوں کا درجہ بخشتے ہیں۔ تمام جوئے خانے۔ چنڈو خانے اور بدمعاشی کے اڈے ان کے زیر نگرانی چلتے ہیں۔ جہاں وہ فاحشہ عورتوں

کو لاتے اور نوازتے ہیں ۔ مجھے امید ہے کہ اس ایوان کے معزز ممبران اس بات میں مجھ سے اتفاق کریں گے کہ کراچی میں اکثر و بیشتر چنڈو خانے ۔ جوئے خانے اور قحاشی کے اڈے پولیس افسران کے زیر اہتمام چلائے جاتے ہیں جن کی کمائی میں یہ افسر اور اہلکار حصہ دار ہوتے ہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ جناب والا ۔ یہ زیر بحث آرڈیننس کراچی کے متعلق ہے اس لئے معزز مقرر کو چاہئیے کہ کراچی کا نام زیادہ لیں ۔

Mr. Speaker : Order, please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ اس حکومت کے دور اقتدار میں پولیس کا اخلاق اس قدر گر چکا ہے اور اس کی وجہ سے سارے ملک میں بد انتظامی پھیلی ہوئی ہے ۔ ہر طرف رشوت کا دور دورہ ہے جہاں تک قانون کے احترام اور اس کو نافذ کرنے کا تعلق ہے پولیس اس کے برعکس قانون شکنی کی کھلم کھلا پشت پناہی کر رہی ہے اور وہ بدنام اور بد کردار افراد کی حمایت کرتی رہتی ہے اور ان کی بد کرداریوں کو نظر انداز کرتی ہے ۔ اس لئے ایسے نا اہل نا لائق اور بداخلاق ملازموں کو مزید اختیارات دینے سے ملک اور بھی تباہ و برباد ہوگا کیوں کہ وہ خود قانون کا احترام کرنے اور قانون کا احترام کرانے کی بجائے قانون شکنی کرنے والوں کی حمایت کرکے قانون کی بے عزتی کرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اس کے علاوہ ڈپٹی کمشنر کو بھی وسیع اختیارات دینے کا کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ ان کو پہلے ہی بہت وسیع اختیارات حاصل ہیں ۔ ڈپٹی کمشنر کو اتنی ذمہ داری سونپنی چاہئیے جتنی وہ سنبھال سکیں ۔ آج کل ان کے اتنے فرائض ہیں کہ اگر کسی ڈی سی کو پوچھا جائے کہ آپ کے کیا کیا فرائض ہیں تو وہ ریکارڈ دیکھے بغیر ان فرائض کو گنوا بھی نہیں سکتا ۔ اس لیے اگر کوئی ڈی سی دیانتدار بھی ہو تو پھر بھی کام کی بھر مار کے باعث اسے ماتحت عملہ کے مہیا کردہ مواد کا سہارا لینا پڑتا ہے اور اس کو ہی

صحیح تسلیم کرنا پڑتا ہے کیوں کہ گہرے غور و خوض اور ذاتی تفتیش و پڑتال کے لیے بیچارے ڈی سی کے پاس وقت ہی نہیں ہوتا اس کو یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ جو کچھ اس کے سامنے پیش کیا گیا ہے وہی حقیقت ہے ۔ یہ ہنگامی قانون ڈپٹی کمشنر کو بے پناہ طاقت دے دے گا پہلے ہی کئی ہنگامی قوانین کے ذریعے ہم ڈی سی کو وسیع اختیارات دے چکے ہیں اس لیے خطرہ ہے کہ اس ہنگامی قانون کا ناجائز اور بے جا استعمال کیا جائے گا چنانچہ ہائی کورٹ تک ایسے مقدمات جاتے ہیں جن میں ڈی سی کے اختیارات کے نا جائز استعمال کی شکایت کی جاتی ہے اور عدالت عالیہ سے یہ حکم صادر ہوتا ہے کہ فلاں ڈی سی اپنے فلاں اختیارات کا انتخابات کے سلسلے میں ناجائز استعمال نہ کرے مگر اس کے باوجود اختیارات کو ناجائز طور پر استعمال کیا گیا اور دوبارہ اس کی شکایت عدالت عالیہ میں پیش ہوتی ہے جس پر مقدمہ چلتا ہے ۔

Mr. Speaker : The member is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ مثال کے طور پر ضلع گجرات کے ڈی سی کا کیس لیجئے جس کو کسی وقت بھی کراچی میں تعینات کیا جاسکتا ہے ۔ جب ایسے افسران کا رویہ غیر جانبدار باوقار اور منصفانہ نہ ہو تو ملک بھر میں افراتفری بد انتظامی اور رشوت ستانی کا پھیلنا قدرتی امر ہے ۔ لاقانونیت یہی ہے کہ خود قانون کا نفاذ کرنے والے قانون کی پروا نہ کریں ۔ غیر جانبدار نہ ہوں اور انصاف نہ کریں بلکہ اپنے اختیارات کو ناجائز استعمال کریں ۔ جناب والا ۔ یہی وجہ ہے کہ انتظامیہ کی غلط کاریوں اور دھاندلیوں کے باعث سارے ملک میں بدنظمی بد انتظامی ۔ رشوت ستانی سے بے اطمینانی پھیلی ہوئی ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ یہ آپ کا خام خیال ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ آپ کو کراچی کا ذکر کرنا تھا مگر آپ ہمارے ملک کو لے بیٹھے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ محض ڈی سی کا یہ فیصلہ کہ فلاں شخص غنڈہ ہے اور اس پر فلاں فلاں پابندیاں لگا دی جائیں کسی فلاحی مملکت میں کبھی کافی نہیں ہو سکتا ۔ آپ جب کسی فرد کے کردار کا جائزہ لیتے ہیں تو آپ پر یہ بھی لازم ہوتا ہے کہ آپ ان حالات کو بھی نظر میں رکھیں جن میں وہ فرد جیتا ہے اور زندگی بسر کرنے پر مجبور ہے ۔ اس کے ماحول کو نظر میں رکھنا پڑے گا اور یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ اس کی تعلیم کیسی ہے ۔ اس کی معیشت کیسی ہے اس کے ارد گرد حکام کا کیا کردار ہے ۔ ان کا چال چلن کیسا ہے ۔ اس فرد کا کون سا ذریعہ معاش ہے اور کس قسم کے روز گار کے مواقع اس کو میسر ہیں ۔

محض ڈپٹی کمشنر صاحب کا یہ فیصلہ کر دینا کہ فلاں شخص غنڈہ ہے ۔ کافی نہیں ۔ اگر یہ حکومت اپنے آپ کو ایک فلاحی مملکت کی ایک اچھی حکومت تصور کرتی ہے ۔ تو وہ ہمیں بتائے کہ ایک شخص کو غنڈہ قرار دینے کے بعد اس کی اصلاح کے لیے یہ کیا اہتمام اور انتظام کرتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہمارے ملک کا موجودہ نظام حکومت تبدیل نہ کیا جائے ۔ جب تک یہاں شراب اور جوئے پر پابندی نہ لگائی جائے ۔ اور برے افراد بالخصوص برسر اقتدار پارٹی کے افراد اور حکام کے کردار کی اصلاح نہ کی جائے ۔ آپ ایک عام فرد سے یہ کیسے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ برے خصائل سے بچ سکے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا قول اور فرمان یاد ہوگا ۔ کہ رعایا وہی کچھ کرتی ہے جو اس کے حکام کرتے ہیں ۔ ہماری حکومت اور وزرا صاحبان فرماتے ہیں کہ کراچی میں چند ایک غنڈے ہیں ۔

میں جانتا ہوں غنڈے پیدا کرنے کے لیے ہماری حکومت نے اتنا مواد مہیا کیا ہے ۔ جس کی وجہ سے ان کی تعداد اور بہتات اس قدر ہو چکی ہے کہ آج اس ملک کا ہر ذی شعور شریف شہری پریشان ہے ۔ اور ان حالات کی تمام تر ذمہ داری ہماری موجودہ حکومت پر ہے جنہوں نے ملک کے عوام کے لیے کوئی اچھی مثال قائم نہیں کی ۔

جناب سپیکر ۔ ایک فرد کی اصلاح کے کئی طریقے ہیں ۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ ہم تعلیم کے ذریعے اسے یہ بات ذہن نشین کرادیں کہ اگر وہ ایک خاص قسم کی عادات یا خصائل کا مالک ہوگا ۔ تو اس سے وہ اپنے ساتھ بھی زیادتی کرے گا اور معاشرے کے لیے بھی نقصان دہ ثابت ہوگا ۔ بعض اسلامی اقدار ایسی ہیں جن پر ایک مسلمان کے لیے عمل کرنا اور خصوصاً قانون کی گرفت سے بے نیاز ہو کر عمل کرنا اپنے لیے لازم قرار دے لیتا ہے ۔

علاوہ ازیں اسے برائی سے روکنے کے لیے معاشرہ کی پابندیاں اور اس کا عام ماحول بھی بہت حد تک مؤثر ثابت ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ آج سے بیس پچیس سال قبل ۔ اور دیکھا نہیں تو سنا ضرور ہوگا کہ اگر کوئی شخص بری عادات کا مالک ہوتا یا برائی کرتا تو عام آبادی اور گردو نواح کے لوگ اسے ناپسند کرتے تھے ۔ اسے اچھی نگاہ سے نہ دیکھا جاتا تھا اور برے کام سے اس کی حوصلہ شکنی کی جاتی تھی ۔ لیکن جہاں تک فی زمانہ اسلامی اقدار کا تعلق ہے ۔ آج ہماری حکومت نے ان کو پامال کرنا اپنا فرض اولین سمجھ رکھا ہے ۔ آج ہی آپ کے سامنے ایک ایسا قانون پاس کیا گیا ۔ جس کے بارے میں کسی شخص کو شبہ نہیں ہوسکتا کہ وہ قرآن کے واضح احکامات کے خلاف ہے ۔

جہاں تک عام ماحول کا تعلق ہے ۔ وہ اس قدر خراب ہو چکا ہے کہ

اب ہمارے ہاں شریف لوگ چھپتے پھرتے ہیں ۔ لیکن غنڈے دندناتے نظر آتے ہیں ۔ اب معاملہ بالکل الٹ ہے ۔ اگر آپ ان کو سزا دینا چاہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب ۔ آپ کا کیا خیال ہے ۔ یہ قانون ایک سال کے لئے extend ہونا چاہئے یا نہیں ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس حکومت کے ہوتے ہوئے ایک سال کی بجائے خواہ آپ اسے سو سال کے لیے extend کر دیں ۔ غنڈہ گردی بڑھے گی ۔ کم نہیں ہو گی ۔ (ایک آواز ۔ ہم اس غنڈہ گردی کو روکنے کے لیے کچھ فرائض آپ کے ذمے بھی لگا کر دیکھیں گے) لیکن میرے خیال میں غنڈہ گردی روکنے کے لیے سب سے پہلے ایسی حکومت کو ختم کرنا ضروری ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : No interruptions please.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ غنڈہ گردی کی وجوہات میں جہاں ہم اخلاقی انحطاط کا ذکر کرتے ہیں ۔ وہاں ہمیں لازماً اس چیز کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا کہ اس ملک میں دولت کی غیر منصفانہ تقسیم کی بنا پر بعض افراد اپنی غربت کی وجہ سے اپنا جسم بیچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔

Mr. Speaker : I am sorry Mr. Hamza is not relevant. Next point now.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے کہ ٹریبونل نے اس چیز کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ شخص جس کا مقدمہ اس کے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ آیا وہ عام طور پر فاحشہ عورتوں کی رہائش گاہ یا ایسی جگہوں پر جاتا ہے ۔ آیا وہ بدی کی جگہوں مثلاً شراب خانے ۔ جوا خانے اور اور چنڈو خانے میں جاتا ہے ۔ یا ایسی منشیات استعمال کرتا ہے ۔ میں آپ کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرتا ہوں کہ جہاں تک فاحشہ عورتوں کے پاس جانے کا تعلق ہے ۔ میں آپ کے سامنے یہ چیز انتہائی دکھ کے ساتھ

پیش کرتا ہوں کہ وہ فاحشہ عورتیں جو اپنا جسم بیچنے پر مجبور ہوتی ہیں ۔ ان میں بڑی اکثریت ایسی عورتوں کی ہوتی ہے جو اپنی مالی بدحالی کی وجہ سے یہ قبیح پیشہ اختیار کرتی ہیں ۔ اگر اس ملک میں عام فرد قوم کے لیے روزگار کا خاطر خواہ انتظام ہو ۔ اور اگر اس ملک میں غریب لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع موجود ہوں ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ On a point of order Sir. ۔ جناب سپیکر ۔ آپ بھی کئی بار حمزہ صاحب کو کہہ چکے ہیں ۔ اور میں نے بھی درخواست کی تھی ۔ کہ اگر وہ کراچی کے متعلق کچھ فرمانا چاہتے ہیں ۔ تو اس میں سب سے زیادہ میں دلچسپی رکھتا ہوں ۔ اب میں اپنی درخواست کا اعادہ کرتا ہوں اور یہ عرض کرتا ہوں کہ اگر انہوں نے کراچی کے متعلق کچھ کہنا ہے تو کہیں ۔ ورنہ ایوان کا وقت ضائع نہ کریں ۔

Mr. Speaker : I uphold the point of order that Mr. Hamza is not relevant. I have ruled it already that he is not relevant.

حاجی عطا محمد ۔ Point of order ۔ جناب ۔ ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a Count (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت کی طرف سے پیش کئے گئے اس ہنگامی قانون کی مخالفت میں اس لیے کر رہا ہوں ۔ کہ یہ حکومت جو اس امر کا دعویٰ کرتی ہے کہ وہ اس قانون کے ذریعے غنڈہ گردی کا استیصال کرنا چاہتی ہے ۔ اس پر میرا الزام یہ ہے کہ اس وطن عزیز کے جسم پر لا تعداد زخم ہیں ۔ ان لا تعداد زخموں میں غنڈہ گردی بھی ایک زخم ہے جن کی بنیاد بذات خود یہ حکومت ہے اگر حکومت ہی آج یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ ان

زخموں کو رفع کرے گی تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ عام آبادی کے زخموں پر نمک پاشی کرتی ہے ایسی حکومت جو خود زخم لگاتی ہے اور پھر مرہم پٹی کرنے کا دعویٰ کرتی ہے اس سے کبھی ایسی امید نہیں کی جا سکتی - اگر حکومت سے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ غنڈہ گردی کو رفع کرے گی تو یہ درست نہیں کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں غنڈہ گردی بڑھ گئی ہے وہ قانون کے ذریعے غنڈہ گردی کو روک نہیں سکتے اسے رفع کرنے کے لئے قانون بنانا کافی نہیں ہوتا - چونکہ ہم نے دیکھا ہے کہ حکومت قانون کو غلط استعمال کرتی ہے اور انتظامیہ نے اپنی اغراض کے لیے قانون کو استعمال کرکے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس قسم کے قوانین غنڈہ گردی کو روکنے کے لئے نہیں بلکہ اس کی حوصلہ افزائی کے لیے استعمال کئے جائیں گے - اس لیے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - یہ آرڈیننس جو کہ چند سطروں پر مشتمل ہے ایک چھوٹی سی ترمیم کے لیے پیش کیا گیا ہے - لیکن اگر یہ ایوان اسے منظور کر لے تو یہ بڑے دور رس نتائج کا حامل ہوگا - اس آرڈیننس کی منظوری کا مطلب یہ ہوگا کہ ہم ایک قانون کو مزید ایک سال کی زندگی بخش دیں - اور آج سے ۱۳ سال پہلے جو قانون بدنام سیاست دانوں نے اس ملک کے ایک شہر میں نافذ کیا تھا اسے جاری رکھیں -

جناب والا - بر سر اقتدار طبقہ سے یہ گلہ ہے کہ جن کو یہ گالیاں دیتے ہیں اور جن پر تنقید کرتے کرتےاور ان کی برائیاں گنواتے گنواتے نہیں تھکتے ان کے برائیوں پر مشتمل قوانین کو یہ اب بھی سینے سے لگائے رہنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں - ان قوانین کو صرف سینے سے ہی نہیں لگاتے بلکہ ان میں مزید برائیوں کا اضافہ کرتے جاتے ہیں -

جناب والا - ۱۹۵۲ میں یہ قانون کراچی میں نافذ کیا گیا تھا تو

وہاں کے اس وقت کے حالات اور وہ منظر اور پس منظر جن کی وجہ سے یہ قانون کتاب قانون میں داخل ہوا جب تک آپ اپنے ذہن میں تازہ نہیں رکھیں گے اس پر سیر حاصل گفتگو نہیں ہو سکے گی میں چونکہ کراچی کا رہنے والا ہوں میں اس کے منظر اور پس منظر سے اچھی طرح واقف ہوں میں نہیں جانتا کہ ہمارے وزیر قانون صاحب کو ۱۹۴۸ء سے ۱۹۵۲ء تک کی ملک کی سیاست میں کچھ دل چسپی تھی یا نہیں ۔ لیکن میں چونکہ ایک معمولی سا سیاسی کارکن اس وقت بھی تھا اس لیے ان حالات سے باخبر ہوں جن کے تحت اس وقت کے وزیر داخلہ غالباً مسٹر گورمانی صاحب نے یہ قانون نافذ کیا تھا ۔ اس کا پس منظر بیان کرنے کے لیے میں چند منٹ ضرور لوں گا تا کہ آپ بھی اس سے بخوبی واقف ہو جائیں ۔

۱۴-۸-۴۷ یہی جب پاکستان معرض وجود میں آیا ۔ تو لوگ منتظر تھے کہ حکومت کے وعدوں کے مطابق اور عوام سے کئے ہوئے عہد کے مطابق یہاں اسلامی قانون نافذ ہوگا ۔ انتظار کے دن طویل ہوتے گئے ۔ ہر صبح امید کی کرن لے کر آتی اور شام کی تاریکی میں چھپ جاتی ۔ اس طرح دن مہینوں کی شکل اختیار کرتے رہے اور مہینے سالوں میں تبدیل ہوتے رہے اور بالآخر تین سال کا عرصہ گذر گیا ۔ لوگوں کی خواہش پوری نہ ہو سکی ۔ لوگوں کی خواہشات کو بے چینی میں تبدیل کرنے والی ایک بات یہ بھی تھی کہ ہمارے ہمسایہ ملک نے جس کو ہمارے ساتھ ہی آزادی کی دولت ملی تھی ۔ اپنا دستور بنا لیا اور اسے نافذ کر دیا اور اس دستور کے تحت ملک میں عام انتخابات بھی کرائے ۔ اس صورت حال نے ہمارے ملک کے عوام میں ایک عام بے چینی کی کیفیت پیدا کر دی ۔ اور یہ بے چینی ۱۹۵۰ء کے آخر میں اور ۱۹۵۱ء کے شروع میں ایک مطالبہ کی صورت اختیار کر گئی ۔ جب یہ مطالبہ پیش ہوا تو پرانے سیاسی حکمرانوں کو ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک ایسا قانون بنایا جائے جس سے حکومت کے سیاسی مخالفین کو بے دست وپا کیا جا سکے ۔ یہ تھا وہ پس منظر جس میں یہ

قانون بنایا گیا ۔ آس پاس کی تاریخوں میں (۱۹۵۱) میں پنجاب کنٹرول آف غنڈہ ایکٹ ۱۹۵۱ اور ۱۹۵۲ میں سندھ کنٹرول آف غنڈہ ایکٹ ۱۹۵۲ء نافذ ہوئے یعنی پورے پنجاب اور پورے سندھ بشمول کراچی یعنی مغربی پاکستان کے اس پورے خطہ ملک میں اس طرح کے قوانین نافذ کر دیے گئے ۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ سیاسی کارکنوں اور مخالفین کو قابو میں کیا جا سکے ۔ اور سیاسی مجرموں کو سزا دی جا سکے ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت کے حالات کے مطابق ممکن ہے ۔ ایسے قوانین کی ضرورت ان حکمرانوں کو بھی ہو لیکن تعجب اس بات پر ہے کہ صاحب اقتدار طبقہ کو اب بھی یہ خیال ہے کہ حالات ویسے ہی موجود ہیں ۔ یعنی لوگوں میں چینی ہے اور کوئی مطالبہ جو زیر زمین تھا وہ سطح زمین پر ابھر رہا ہے ۔ لیکن جب یہاں اور قوانین موجود تھے جن کے تحت عدالت میں چارہ جوئی ہو سکتی تھی ۔ پھر بھی ہمارے حکمرانوں نے یہ ضرورت کیوں محسوس کی کہ اس ازکار رفتہ قانون کی زندگی میں مزید توسیع کردی جائے اس قانون کے علاوہ ملک میں دوسرے قوانین موجود ہیں میں پوچھتا ہوں کہ جب کوئی شخص جرم کرتا ہے اور تو اس کے لیے کتاب قانون میں کتنے ہی قوانین موجود ہیں ۔ تو پھر ان کے ہوتے ہوئے آپ کو کیوں ضرورت محسوس ہوئی کہ کسی ایک شہر کے لیے یا ملک کے چھوٹے سے علاقے کے لیے ایک علیحدہ قانون بنائیں ۔ اس قانون میں ایک شق ہے کہ اگر کسی شخص کا بدکردار عورتوں کے ہاں جانا آنا ہو یا اس کا ایسے محلوں یا علاقوں سے بھی گذر ہو جہاں بد کردار عورتیں اپنا جسم فروخت کرتی ہیں تو اس قانون کا وہاں اطلاق ہوسکتا ہے ۔ اس وقت ہمارے ملک میں The West Pakistan Suppression of Prostitution Act موجود نہیں تھا اس وقت ملک میں قانوناً prostitution جائز تھا اور ہمارے ملک کا قانون اس بات کی اجازت دیتا تھا کہ فاحشہ اور بدکردار عورتیں brothel قائم کریں اور لوگوں کو بدکاری کی طرف مائل کریں ۔

تو یہ قانون شاید اس وقت تو صحیح ہوتا حالانکہ اس وقت بھی یہ اعتراض کیا جا سکتا تھا کہ ایک طرف تو آپ ملک میں چکلوں کو موجود رکھتے ہیں ایک طرف فاحشہ عورتوں کو کھلی اجازت دیتے ہیں کہ وہ لوگوں کو بد کرداری کی طرف مائل کریں اور دوسری طرف آپ نوجوانوں سے کہتے ہیں کہ تم ان کے پاس نہ جاؤ ۔

درمیان قعر دریا تختہ بندم کردہ ای
باز می گوئی کہ دامن تر مکن ہشیار باش

لیکن آپ نے بڑی ہمت کرکے ملک میں ۱۹۶۱ء میں ایک قانون پاس کیا ۔ یہ اور بات ہے کہ ابھی تک وہ عملاً نافذ نہیں ہو سکا ہے لیکن بہرحال کتاب کے صفحہ پر ایک قانون موجود ہے کہ ملک میں کوئی چکلہ یا prostitution کا اڈہ باقی نہ رہے گا ۔ تو پھر یہ بات کتنی مضحکہ خیز ہے کہ ایک طرف تو آپ وہ قانون بنائیں اور ساتھ ہی دوسرے قانون کو زندگی بخشیں جس میں یہ بات بھی موجود ہے کہ اگر کوئی شخص چکلہ میں جائیگا تو وہ disorderly یا بعض اوقات dangerously disorderly قرار دیا جائے گا ۔ اس قانون کے اندر اس شق کے موجود ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ خود آپ بے بس ہیں اور اپنی بے بسی کا اظہار بھی کرتے ہیں آپ کے اس قانون میں تضاد ہے اور تضاد اس طرح سے ہے کہ ایک طرف تو آپ نے چکلوں کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے تو گویا اب آپ نے خود اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ چکلے بند نہیں ہیں بلکہ وہ موجود ہیں کیوں کہ اگر آپ یہ تسلیم نہیں کرتے پھر آپ کسی دوسرے قانون کے ذریعہ ان لوگوں پر جرم کیوں عائد کرتے ہیں جو چکلوں میں جاتے ہیں اس طرح منطقی طور پر آپ کے ان دونوں قوانین میں تضاد موجود ہے اور اگر آپ تضاد کو نہیں مانتے جیسا کہ قائد ایوان نفی میں سر ہلا رہے ہیں تو چلئے نہ مانئے لیکن Suppression of Prostitution Act کے اندر جو لوگ وہاں جائیں گے ان کے لیے

جب سزا موجود ہے تو پھر کراچی میں ایک نئے قانون کی ضرورت کیوں پیش آئی۔

ایک آواز ۔ کراچی کی تاریخ کیا آپ نے پڑھی ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے پڑھی ہے اب آپ پڑھیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کراچی میں ایک نئے قانون کی آپ کو کیوں ضرورت پیش آئی ۔ پھر میں یہ عرض کرونگا کہ آپ نے ۱۹۵۹ء میں مارشل لا کے نافذ ہونے کے تھوڑے عرصہ بعد پورے مغربی پاکستان کے لیے ایک قانون بنایا جس کا نام ویسٹ پاکستان Control آف غنڈہ آرڈننس ۱۹۵۹ء ۔ اس آرڈننس میں سے کراچی کو خارج کر دیا گیا ۔ یہ آرڈننس سارے مغربی پاکستان پر لاگو ہوتا ہے الا کراچی کے ۔ جب آپ نے یہ آرڈننس بنایا تھا اس وقت بھی ملک میں disorderly persons جس کو غنڈہ بھی کہتے ہیں کے جرائم کی سزا دینے کے لیے اور ان پرقابو پانے کے لیےآپ کے ملک میں مختلف قوانین موجود تھے ۔ سندھ کے لیے الگ ۔ پنجاب کے لیے الگ اور کراچی کے لیے الگ آپ نے ان قوانین کو integrate کرنیکی بابت سوچا تو یہ آپ نے صحیح فیصلہ کیا کہ سارے صوبے میں ایک ہی قانون ہونا چاہئے کوئی وجہ نہیں ہے کہ ایک ہی جرم کے لئے مختلف حصوں میں مختلف سزائیں ہوں اور مختلف قسم کے قوانین ہوں جن سے لوگوں کو سزائیں دینے کے مختلف اختیارات دئے جائیں یہ آپ نے صحیح سوچا اور یہ کام آپ کا قابل تعریف ہے کہ آپ نے یہ طے کیا کہ تمام قوانین کو integrate کر دیا جائے لیکن کیا وجہ تھی کہ آپ نے مغربی پاکستان کے سارے حصہ سے صرف کراچی کو خارج کر دیا ۔ آخر کراچی نے کیا قصور کیا تھا کہ اس قانون کے اندر کراچی کے افراد کو وہ حقوق حاصل نہ ہوں جو مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں میں لوگوں کو حاصل ہیں ۔ میں ابھی عرض کروں گا کہ ان دونوں

قوانین میں جو سارے مغربی پاکستان کے لیے بنے ھیں اور جو کراچی کے لئے مختص ھے ایک ھی جرم کے لیے کہاں تضاد ھے اور کتنا تفاوت ھے ۔ میں ابھی یہ بتلانا چاھتا ھوں کہ کوئی وجہ نہیں تھی کہ آپ نے کراچی کو علیحدہ کردیا ملک کے سارے حصہ سے جبکہ ایک قانون سارے ملک پر لاگو ھو تو کراچی میں اس کا اطلاق کیوں نہ ھو اگر آپ اس قانون کو اسی وقت نافذ کرتے تو آج آپ کو قانون کے سرد خانے سے ایک ۱۳ ۔ سالہ پرانے قانون کو نکال کر نئی زندگی بخشنے کی ضرورت پیش نہ آتی ۔

جناب والا ۔ اب میں قانون کی دفعات پر آتا ھوں اگر میں اس کی ایک ایک دفعہ پر تفصیلی گفتگو کروں گا تو میرے خیال میں جناب وزیر قانون closure motion پیش کرنے کے لیے بیچین ھو جائیں گے ۔ لہذا میں صرف چند اھم باتیں جو ان میں موجود ھیں ان پر روشنی ڈالوں گا ۔ کیوں کہ ظاھر ھے کہ میرے ایسا شخص جو قانون سے پوری طرح واقف نہیں ھے بلکہ ایک lay man جو عام حالات میں ایک سطحی نظر سے قانون کو دیکھتا ھو وہ ظاھر ھے کہ قانون کی باریکیوں کو سطور اور بین السطور نہیں دیکھ سکتا مجھے اس کے اعتراف کرنے میں کوئی پس و پیش نہیں ھے بہر حال جو باتیں بین اور واضح طور پر مجھکو نظر آئی ھیں میں ان کی طرف اس ایوان کی توجہ دلانا چاھتا ھوں۔ آپ کے قانون کے سیکشن ۲ ۔ میں ھے :۔

"Constitution of Karachi Tribunal : The Administrator of Karachi may for the purposes of this Act by notification in the official Gazette constitute for the Capital of the Faderation, a Tribunal (hereinafter called the Tribunal) consi ting of the official for the time being holding the office of Collector and District Magistrate of Karachi."

یعنی آپ نے ایک ٹریبونل مقرر کیا ھے اور وہ بھی صرف ایک شخص پر مشتمل ھے اور پھر اس کو یہ اختیار دیدیا گیا ھے کہ وہ کراچی کی ۲۵ ۔ لاکھ آبادی کی گردنوں کو جسطرح سے چاھے موڑے اور جس طرح سے چاھے توڑے نہ اس کے طرز عمل کی داد ھے اور نہ فریاد ۔ میں یہ مانتا ھوں کہ ٹرابونل کی لفظی معنی کی حیثیت سے اب کسی ادارہ کو بھی

ٹرائیبونل کہہ سکتے ہیں خواہ وہ ایک ہی شخص پر کیوں نہ مشتمل ہو لیکن ہمارے ملک میں اکثر طریقہ یہ رہا ہے کہ جب کسی خاص مسئلہ کے لیے ہنگامی قوانین کے نفاذ کے لیے ٹرائیبونل مقرر کیا جاتا ہے تو اس میں عموماً ایک سے زیادہ افراد کو مقرر کیا جاتا ہے ۔ مثال کے طور پر انڈسٹریل ٹرائیبونل کو لے لیجئے اس میں ایک ہی شخص ہوتا ہے لیکن اس کو مشورہ دینے کے لئے اور اس کو مدد پہونچانے کے لیے بلکہ ایک check کے طور پر کہ وہ اختیارات کو غلط طور پر اور آمرانہ طریقہ پر استعمال نہ کرے دو افراد مزید مقرر کئے جاتے ہیں لیکن آپ نے ایک شخص کو اتنے وسیع اختیارات دے کر ۲۵ ۔ لاکھ انسانوں پر مسلط کردیا ہے اگر اس ٹریبونل میں اور لوگ بھی مقرر کئے جاتے تو وہ اس کو آمرانہ اختیارات سے وقتاً فوقتاً روکتے رہتے اور ایک check قائم رہتا ۔

جناب والا۔ اس کے بعد اس قانون کے سیکشن ۵ (اے)کی طرف آتا ہوں

"The Tribunal may direct that the whole or any part of the enquiry against any person complained of shall be held in camera :"

یعنی آپ نے جو یہ ایک آمر پورے کراچی کے لیے مقرر فرمایا ہے جس کو آپ ٹریبونل کا نام دیتے ہیں اس کو آپ نے یہ اختیار بھی دیا ہے کہ وہ کسی کارروائی کو جس طریقہ سے چاہے خفیہ طور پر camera میں یعنی بند کمرے میں عمل میں لا سکتا ہے۔ جناب والا۔ عدالتی کارروائی کے لیے دنیا کا یہ بہت ہی معروف اصول ہے اور اس میں کوئی بڑی دلیل دینے کی بھی ضرورت نہیں ہے کہ عدالتی کارروائی کھلی ہونی چاہئے ۔ یوں تو کھلی عدالتی کارروائی کے بہت فوائد ہیں لیکن سب سے بڑا اس کا فائدہ یہ ہے کہ جس عدالت کو یہ محسوس ہو کہ اس کی تفتیش کے نتیجہ پر اس کے فیصلہ پر اس کے ہر ہر فعل پر اور ہر ہر عمل پر لاکھوں آدمیوں کی نظر ہے اخبارات کے ذریعہ کروڑوں انسانوں تک اس کی بات پہونچنے والی ہے تو وہ فیصلہ کرنے میں محتاط ہوتا ہے اور فیصلہ کرنے میں محتاط ہونے کے

لیے اس کے دل میں ہمیشہ یہ احساس موجود ہوتا ہے کہ اگر میں کوئی غلطی کروں گا اگر گواہوں کو سننے کے بعد اور تفتیش و استفسار کے بعد میں فیصلہ میں غلطی کروں گا تو لوگ مجھے پکڑیں گے اور میرے اوپر لوگوں کی انگلیاں اٹھیں گی اسلام میں تو شاید آپ نے سنا ہوگا کہ صرف عدالتیں ہی کھلی نہیں ہوتیں بلکہ سزائیں بھی کھلے عام دی جاتی ہیں تا کہ وہ لوگ جو سزا دیکھ رہے ہوں ان کو یہ احساس ہو کہ اس جرم کی سزا یہ بھی ہو سکتی ہے ۔ سزاؤں کا کھلے عام رہنا تو دور رہا آپ نے عدالتوں کی کارروائی کو بھی خفیہ کردیا ۔ یہ عدالتی morale اور اخلاق کے ساتھ آپ نے جو اچھا سلوک کیا ہے وہ قابل تعریف ہے ۔ خلفائے بنی امیہ اور خلفائے بنی عباس کی سی بد کردار سلطنتیں جن کو کسی حیثیت سے بھی اسلامی سلطنتیں نہیں کہا جا سکتا اسلام کے بگڑے حالات میں بھی عدالتیں کھلے عام ہوا کرتی تھیں اور اس وقت قاضی کھلے عام بیٹھ کر گواہیاں سنتے تھے اور لوگوں کے بیانات سنتے تھے اور فیصلے کرتے تھے تاکہ لوگوں کو سب کچھ کہنے اور اعتراض کرنے کا موقع ملے اور وہ اعتراض کر سکیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون میں یہ دفعہ رکھنا ظلم ہے جس میں آمر مطلق کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کراچی کے ۲۵ لاکھ انسانوں پر مسلط ہو جائے اور جسے چاہے غنڈہ قرار دیدے اور جسکو جو چاہے وہ قرار دیدے اس کی کارروائی کو کوئی سن نہیں سکتا اس پر کوئی تبصرہ نہیں کر سکتا اس پر کوئی تنقید نہیں کرسکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اصول قانون کو ذبح کرنا ہے ۔

جناب والا ۔ اس سکشن کی ایک اور دفعہ ۵ (بی) ہے

"for reasons to be stated in the order, accept evidence on affidavit of witnesses whose presence cannot be secured without such amount of delay or expense as would in the opinion of the Tribunal be unreasonable in the circumstances of the case or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case;"

اس میں آپ نے ٹریبونل کو یہ بھی اختیار دیا ہے کہ جب وہ محسوس

کرے یعنی جب اس کی اپنی رائے ہو ۔ اس کی اپنی discretion ہو بغیر کسی پابندی کے کہ کسی گواہ کو طلب کرنے میں دیر لگے گی یا خرچہ زیادہ ہو جائے گا تو اس کے لیے affidavit یا تحریری بیان ہی کافی ہے ۔ مطلب یہ ہوا کہ نہ تو وہ گواہ عدالت میں حاضر ہو گا اور نہ اس پر کوئی شخص جرح کر سکے گا اور نہ اس گواہ اور اس کی گواہی پر کوئی cross examination ہو سکے گا ۔ صرف اس کا affidavit آئے گا اور وہ عدالت کے لئے کافی ہوگا ۔ جب آپ اس دفعہ پر غور کرتے ہیں تو اس کے ساتھ اس دفعہ کو بھی سامنے رکھیں جس میں قانون شہادت کو آپ نے بالکل معطل کر دیا ہے ۔ عجیب بات ہے کہ آپ جتنے قوانین بناتے ہیں ہنگامی حالات کے لیے معلوم نہیں کہ کیوں آپ کو قانون شہادت سے ایسی چڑ ہے کہ جرگہ کے ٹریبونل کو بھی اور ثالث کو بھی اختیارات دے دیتے ہیں کہ وہ قانون شہادت کو جب چاہیں معطل کر دیں ۔ اگر ہمارے ملک کا قانون شہادت غلط ہے اور اس کے اندر سقم موجود ہے تو کیوں نہیں آپ اس میں ترمیم کرتے بجائے اس کے کہ بیک جنبش قلم پورے قانون کو غلط قرار دے کر اس کو کتاب کے صفحہ سے ختم کر دیں ۔ جب تک یہ موجودہ ایکٹ شہادت موجود ہے اس وقت تک اس کی پوری پابندی کرنا اور اس کو rigidly follow کرنا آپکا فرض ہے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن)۔ اس کو شرعی بنا رہے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ بالکل بنائیں لیکن جب تک یہ قانون شہادت موجود ہے اس کو rigidly follow کرنا چاہئیے ۔ عدالتوں کی کرسی پر بیٹھنے والوں کو مجبور کرنا چاہئیے کہ وہ اس قانون شہادت پر پابندی سے عمل کریں ۔ جناب والا ۔ شہادت کی اہمیت اسلام میں جس قدر ہے وہ آپ حضرات کی نظروں سے اوجھل نہیں ہوگی ۔ مثال کے طور پر صرف میں ایک بات آپ سے عرض کروں کہ زناہ ایسا جرم ہے جو کہ اسلام میں

جرائم کی فہرست میں سرے فہرست ہے ۔ معاشرے میں خرابی پیدا کرنے والا۔ انسانی معاشرے کو راہ سے بے راہ کرنے والا اور دیگر اس قسم کے جرائم میں سب سے زیادہ خراب جرم جس کو اسلام نا پسند کرتا ہے وہ زناہ کا جرم ہے لیکن اس اتنے بڑے جرم کے باوجود بھی اسلام کبھی اس کو گوارا نہیں کرتا کہ شہادت کے پورے عمل سے گذارنے کے بغیر مجرم کو سزا دی جائے ۔ جو زناہ کا ملزم ہو وہ اسلام میں سب سے بڑا ملزم ہے لیکن وہ رہائی پاسکتا ہے وہ سزا سے بچ سکتا ہے اور اپنی جان بخشی کرا سکتا ہے اگر prosecution اس کے اوپر شہادت کے ذریعے سے اس کے جرم کو ثابت نہ کرسکے۔ اصول شہادت اور قانون شہادت کو اسلامی فقہہ میں جو مقام حاصل ہے وہ قابل تحسین ہے اور مسلمان فقہہ نے اس فنی قانون کو جس حد تک ترقی دی ۔ ترتیب کیا اور ارتقاء کی منزل تک پہنچایا آج وہ اس سے بہت آگے نہیں بڑھ سکا ہے ۔ یہ میری اپنی رائے نہیں ہے ۔ اگر وزیر قانون کو مجھ سے اتفاق نہ ہو تو چیف جسٹس مرشد اور چیف جسٹس کارنیلیس سے پوچھ لیں کہ قانون شہادت کو اسلام کے فقہہ نے جس مقام پر پہنچایا تھا اس سے آپ کتنے قدم آگے بڑھ سکے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ قانون شہادت جو کسی مقدمہ کے فیصلہ میں خواہ وہ دیوانی ہو یا فوجداری ہو ۔ خواہ کسی شخص کو غنڈہ قرار دیا جانا ہو ۔ خواہ کسی کی جائیداد کو ضبط کرنا ہو یا کسی زانی کو سزا دینا ہو یا کسی چور کا ہاتھ کاٹنا ہو حصول عدل میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے ۔ کوئی عدل اس وقت تک عدل نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ قانون شہادت کے سارے منازل سے اس کو گذار نہ دیا جائے اور یہ ضروری ہے کہ اس قانون کی رو سے مجرم کا جرم ثابت کر دیا جائے ۔ میں نے اس سے پہلے بھی ایک موقعہ پر عرض کیا تھا ۔ پھر عرض کروں گا کہ قانون شہادت اور شہادت کو یہ مقام حاصل ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کو بھی آخرت میں سزا نہیں دیگا جب تک ان کے خلاف شہادتیں پورے طریقے سے گذار نہ دی جائیں ۔ تو قانون شہادت اور شہادت کو یہ

مقام حاصل ہے کہ اللہ تعالی بھی کسی ملزم کو سزا نہ دے جب تک اس کے خلاف شہادت نہ دی جائے۔ تو جس حق کو اللہ تعالی نے اپنے لیے بھی مخصوص نہیں کیا۔ اس نے پسند نہیں فرمایا کہ اپنے بندوں کو جن کا وہ قادر مطلق ہے اور جن کا وہ خالق ہے ان کو بغیر شہادت کے سزا دیدے اور یہ ضروری قرار دیا کہ شہادتوں کے ذریعے ان کا جرم ثابت کیا جائے تو آپ وہ حق ایک ضلع کے مجسٹریٹ کو یا ایک ٹریبونل کو دیتے ہیں کہ وہ جب چاہے شہادت کے اصول سے انحراف کرے جب چاہے ملک کے شہادت کے قانون کو پس پشت ڈال دے اور اپنی مرضی اور اپنی رائے اور اپنے نفس کے تقاضوں کے مطابق اپنے دماغ کے اختراع کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلہ کرے اور پچیس لاکھ انسانوں کی گردنوں پر مسلط رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون اس لحاظ سے نقائص سے پر ہے۔ یہ اس کا اتنا بڑا نقص ہے اور یہی نقص کافی ہے کہ آپ اس کو قانون کی کتاب سے بالکل نکال کر پھینک دیں۔ جناب والا میں نے عرض کیا تھا کہ مغربی پاکستان میں جو غنڈہ ایکٹ نافذ ہوا اور یہ جو کراچی کا Disorderly persons Act ہے یہ بالکل اس کا چھوٹا بھائی ہے یا ایک چھوٹی بہن ہے۔ آپ کے Control of Goondas Act کے سیکشن ۱۸ میں یہ ہے . . .

"(1) An appeal from an order made by a Tribunal under section 4, section 8, section 13, section 14 or section 16, shall lie to the Commissioner of the Division in which the Tribunal exercises its jurisdiction."

اس کا مطلب اردو میں یہ ہوا کہ مغربی پاکستان میں جو ٹریبونل مقرر کیا جائے گا لوگوں کے درمیان Orderly and disorderly persons کا فیصلہ کرنے کے لیے اگر وہ کسی شخص کو غنڈہ قرار دیدے تو اس کے خلاف اس شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کمشنر کے پاس درخواست کرے کہ حضور آپ کے نائب نے مجھ کو غلط طریقہ سے غنڈہ قرار دیا ہے۔ لیکن کراچی میں جو قانون نافذ ہے اور جس کو زندگی بخشنے کے لیے آپ یہاں غور کر رہے ہیں اس میں ایسی کوئی دفعہ شامل نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ

یہ ہمارے دستور کے اصولوں کے خلاف ہے ۔ سارے ملک کے لوگوں کے حق کے خلاف ہے ۔ سارے صوبے بلکہ سارے ملک کے لوگوں کے حق کے خلاف ہے کیوں کہ دستور میں مساوات اور لوگوں کو یکساں درجہ دینے کی جو ضمانت موجود ہے یہ اس کی نفی یا تنسیخ کرتا ہے ۔ دستور یہ کہتا ہے کہ ملک میں ہر شخص کو خواہ وہ امیر ہو یا غریب خواہ وہ کراچی میں رہتا ہو یا لاہور میں ۔ خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلمان ۔ اس کو حق ہے کہ قانون کی رو سے اس کو یکساں حفاظت ملے اور قانون اس کے ساتھ یکساں سلوک کرے ۔ مساویانہ سلوک کرے ۔ آپ کراچی کے لیے علیحدہ قانون بناتے ہیں اور مغربی پاکستان کے لیے علیحدہ مگر قانون کی زد میں جو جرائم آتے ہیں وہ یکساں ہیں ۔ دونوں قوانین میں ٹریبونل مقرر کرنے کا طریقہ یکساں ہے ۔ کراچی میں بھی آپ ایک شخص کو آمرانہ اختیارات دیکر مقرر کرتے ہیں جس کو آپ ٹریبونل کا نام دیتے ہیں مغربی پاکستان کے دوسرے اضلاع میں اور دوسرے شہروں میں جو شخص اس سے متاثر ہو تو اس کو یہ حق حاصل ہے کہ افسر بالا کے سامنے رجوع کر سکے اور بتا سکے کہ میرے خلاف کیا شکایات تھیں اور میرے ساتھ کیا زیادتی کی گئی ہے مگر کراچی کے لوگوں کو آپ یہ حق نہیں دیتے ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اپیل کے حق کا آپ کے قانون میں نہ ہونا یہ اس اصول مساوات کے خلاف ہے اس equality کے خلاف ہے ۔ اس ضمانت کے خلاف ہے جو آپ کے بنائے ہوئے دستور نے اس ملک کے شہریوں کو بلکہ آپ کے غلاموں کو عطا کیا تھا ۔ جناب والا ۔ آپ کی توجہ میں اب سیکشن ۵ ایچ کی طرف مبذول کراتا ہوں ....

"The Tribunal may direct, with reference to specified portion of the record of the enquiry, that no copies or abstracts shall be made by or furnished to any person including the persons complained of."

یعنی ٹریبونل کو یہ اختیار ہے کہ وہ اپنے مقدمے کے دوران ۔ تفتیش کی کوئی کارروائی یا کارروائی کے کسی حصے کے بارہ میں یہ حکم دیدے کہ اس کی نقل

کسی کو نہ دی جائے اور اس کو خفیہ رکھا جائے یہاں تک کہ جس شخص کے خلاف جرم عائد کیا گیا ہے یعنی جس شخص کو غنڈہ یا نا پسندیدہ شخص قرار دیاجانیوالا ہے اس کو بھی اس کارروائی کا کوئی حصہ نہیں ملے گا یہ عجیب قانون ہے کہ ایک مجرم عدالت میں پیش ہوتا ہے ۔ اس ملزم کے اوپر آپ الزام رکھتے ہیں آپ اس کو سزا دینے والے ہیں لیکن کارروائی کا حصہ اس کو نہیں ملے گا یہ ایک بڑی عجیب بات ہے ۔

رانا پھول محمد خاں۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر۔ مولانا صاحب ایک ایسے قانون کے متعلق تقریر کر رہے ہیں جس کا تعلق غنڈوں اور بد معاشوں سے ہے اس لیے میں گذارش کروں گا کہ ان کے مائیکروفون کا کا نمبر ۱۰ جو ہے اس کو تبدیل کر دیا جائے ۔

Mr. Speaker : This is not a point of order. Moreover the Member's remarks are not in good taste.

اور میں اردو میں کہوں گا کہ یہ آپ نے مناسب بات نہیں کی ہے ۔ آئندہ آپ احتیاط رکھیں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا۔ میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے ان کو معاف کیا کیونکہ وہ اس قابل ہیں کہ میں جناب ان کے الفاظ کو کوئی اہمیت نہیں دیتا ۔

حاجی عطا محمد ۔ جناب ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr.Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum be is were rung*) The House is in quorum.

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔ تو جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا۔ کہ رانا پھول محمد خان صاحب کی بات کا مجھے کوئی ملال نہیں ۔

اس قانون میں ٹریبونل کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ تفتیش کی

پوری کارروائی یا اس کا کوئی حصہ اپنے فیصلے اور اپنی رائے کے مطابق جب چاہے دکھانے سے انکار کر سکتا ہے ۔ یہ چیز اصول انصاف اور قانونی کاروائی کے بہترین تقاضوں کے منافی ہے کہ جس شخص کے خلاف آپ فرد جرم عائد کر رہے ہیں اسے جرم کی تفتیش اور پوری تفصیل سے بے خبر رکھیں ۔ اگر اسے معلوم ہی نہ ہو کہ اس کے خلاف الزامات کیا ہیں تو وہ صفائی کس بات کی پیش کر سکتا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ملزم کے خلاف جو کارروائی ہوگی وہ سر بمہر ایک طرف ہو گی ۔ اتنا بڑا اختیار ایک فرد واحد کو دے دینا یہ اصول انصاف کی نفی ہے ۔ جناب والا ۔ اس سلسلے میں ایک اور دفعہ پانچ (سی) ہے ۔

"for reasons to be stated in the order, record the statement of any witness in camera in the absence of the person complained against and his counsel, if the Tribunal is satisfied that the person complained against is deliberately evading appearance."

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مجسٹریٹ صاحب جو اس شہر کے حاکم وقت مقرر کر دئیے گئے ہیں کسی وقت یہ محسوس کریں کہ ملزم عدالت میں حاضر ہونے سے جان بوجھ کر احتراز کر رہا ہے ۔ تو انہیں یہ اختیار ہے کہ وہ گواہوں کی گواہی بند کمرے میں لے لیں اور وہاں پر ملزم کا وکیل بھی داخل نہیں ہو سکے گا ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اگر آپ کسی شخص کو ناپسندیدہ یا غنڈہ قرار دینے والے ہیں اور جب وہ شخص ملتا ہی نہیں تو اس پر آپ جرم کیسے عائد کریں گے ۔ کسی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے اس کو ضرور حاضر کرنا پڑے گا اسے عدالت کے سامنے لانا ہی پڑے گا ۔ اس پر سزا نافذ کرنی ہی پڑے گی ۔ یہ کونسا انصاف ہے کہ کاروائی کے دوران ملزم عدالت میں حاضر نہ ہو اور آپ یک طرفہ کارروائی کرنے کے لئے ملزم کو تلاش کرنے کی فکر بھی نہ کریں ۔ اس بات کی کوشش نہ کریں کہ اسے حاضر کیا جائے عدالت میں پیش کیا جائے حالانکہ وہ ناپسندیدہ شخص ہے ۔ اگر ایسے شخص کو عدالت میں پیش

نہ کیا جائے تو وہ آزاد رہ کر شہر میں خرابی پیدا کرے گا ۔ ایسی یک طرفہ کارروائی دیوانی مقدمات میں تو سمجھ میں آتی ہے لیکن فوجداری مقدمات میں یہ طریق کار کہ ملزم نہیں ملتا تو نہ ملے ہم اس کے خلاف یک طرفہ کارروائی کر دیں گے ۔ یہ اس شخص کے معاملے میں اصول انصاف کے خلاف ہے ۔ اور ملک کے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے ۔ کہ ایسے ناپسندیدہ اشخاص کو آزاد چھوڑا گیا ہو کہ جو چاہے کرتا پھرے ۔ اور آپ اسے پکڑ کر کیفر کردار تک نہ پہنچائیں ۔

جناب والا ۔ اس ضمن میں ایک اور دفعہ موجود ہے اس میں یہ کہتے ہیں ۔

"The record of the proceedings held by the Tribunal or any portion thereof for which the person laying the information or conducting the prosecution before the Tribunal, has claimed privilege before the Tribunal or which he has requested for being kept a secret shall not be available for inspection by anyone.....

یعنی اگر تفتیش کے دوران کوئی گواہ اس آمر مطلق کے پاس پہنچتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ اس ملزم کے خلاف میرے پاس کچھ مواد موجود ہے مگر اسے اس شرط کے ساتھ پیش کروں گا کہ کسی کو بتلایا نہ جائے ۔ یہ آپ کی اطلاع کے لئے ہے اسے اپنے دل میں اور اپنے سینے میں محفوظ رکھ لیں ۔ تو ایسی گواہی کو قبول کر کے اور اسے بنیاد بنا کر ملزم کو سزا دی جا سکتی ہے ۔ ملزم اس گواہ کو دیکھ بھی نہیں سکتا اسے یہ پوچھنے کا اختیار بھی نہیں کہ اسے کس جرم میں سزا دی گئی ہے اس کے خلاف کیا شہادت پیش ہوئی ہے ۔

یہ تمام تجاویز ایک ہی زنجیر کی کڑیاں ہیں ۔ جو یہ بتاتی ہیں کہ آپ اپنے ہاتھ میں ایک قانون لینا چاہتے ہیں اور اسے شہر کے ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے ذریعہ نافذ کرنا چاہتے ہیں ۔ نیت کیا ہے وہ آپ کے اور

اللہ تعالیٰ کے درمیان ہے بہر حال کوئی ایسا مقصد آپ کے پیش نظر ضرور ہے کہ آپ ایسا قانون لا کر اپنے ڈسٹرکٹ میجسٹریٹ کے ذریعہ شہر کے ہر باعزت شخص کے خلاف جس وقت چاہیں کارروائی کرنے کا اختیار حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ مجسٹریٹ کے لیے اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ وہ ناپسندیدہ شخص ہے یا غنڈہ ہے ۔ وہ نہ کوئی ڈیفنس کر سکتا ہے نہ کوئی فریاد کر سکتا ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ کبھی ایسا نہیں ہوا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ قائد ایوان کہہ رہے ہیں کہ ایسا نہیں ہے نہ ہو تو اچھا ہے ۔ آخر میں جناب اپنی عادت کے مطابق جیسا کہ یہ کرتے رہے ہیں کہ تمام قوانین میں عدالتوں کو کوئی اختیار نہیں دیتے یہاں بھی انہوں نے ایک ایسی شق رکھ دی ہے ۔ ابھی میرے محترم بھائی وزیر قانون نے میرے متعلق فرمایا تھا کہ میں نے اس سے پہلے والے آرڈیننس پر بحث کے دوران یہ کیوں نہ کہا کہ دوسرے قانون بھی موجود ہیں جن میں بھی عدالتوں کو کارروائی کرنے کا اختیار نہیں ہے ۔ تو اس کی وجہ یہ تھی کہ جس وقت دوسرا قانون زیر بحث نہ تھا میں اس پر کیسے تنقید کرتا ۔ دنیا کے کسی ملک کی قانون کی کتاب میں کوئی قانون میرے علم کی حد تک ایسا نہیں ہے جو ملزم کو عدالت میں جانے کا اختیار نہ دیتا ہو کہ وہ اپنی صفائی ملک کی اعلیٰ ترین عدالت کے سامنے پیش نہ کر سکے جو قانون ملزم کو یہ اختیار نہیں دیتا وہ کالا قانون ہے جنگل کا قانون ہے اور اس قابل نہیں کہ اسے کسی مہذب ملک میں نافذ کیا جا سکے ۔ اس طرح کے قانون کے باعث ہمارے سر مہذب ملکوں کے

سامنے شرم سے جھک جاتے ہیں ۔ کہ ہمارا ملک وہ ملک ہے جس میں سینکڑوں سال پہلے کے قانون نافذ ہیں ۔ اور ہم پر عدالتوں کی حکومت نہیں ہے ۔ تو جناب والا ۔ میں ایک بار پھر یہ عرض کروں گا کہ آپ یہاں عدل انصاف کو لائیں ۔ اور اصول قانون سازی کو سامنے رکھیں ۔ دنیا میں ارتقاء ہو رہا ہے قانون اور عدل و انصاف کا فکر اور نظریہ ترقی پذیر ہے اور اس کا یہ مطالبہ ہے کہ عدلیہ کو انتظامیہ سے الگ رکھا جائے اورقانون سازی کے ادارے عدلیہ اور انتظامیہ دونوں سے علیحدہ ہوں ۔ تین آزاد ادارے ہوں ۔ ایک قانون بنائے دوسرا اسے نافذ کرے اور تیسرا اس کے مطابق عدل و انصاف کے ساتھ ملک کے عوام کے درمیان فیصلے کرے ۔ آپ خود ہی قانون بناتے ہیں ۔ آرڈیننس کے ذریعے قانون سازی کا اختیار حاصل کرتے ہیں آپ کی انتظامیہ اسے نافذ کرتی ہے پھر آپ خود ہی جج بن کر بیٹھ جاتے ہیں اور لوگوں کے درمیان فیصلے کرتے ہیں ۔ خود ہی عدالت خود ہی مجلس قانون ساز اور خود ہی انتظامیہ سب کچھ ایک ہی فرد میں مرکوز ہے ۔

تمام اختیار ایک ادارے میں مرتکز ہے ۔ یہ قانون کا ایک بڑا ہی خوفناک رجحان ہے ۔ ملک کی ترقی کی طرف نہیں بلکہ ملک کو اس سیاہ دور کی طرف آپ لے جا رہے ہیں ۔ جب کہ قبائل کی حکومت ہوا کرتی تھی ۔ جب قانون کا تصور تھا ۔ اور نہ انتظامیہ یا عدلیہ کا ہی تصور تھا ۔ میں اس دور میں جانے سے انکار کرتا ہوں ۔ اور میں آپ کے اس قانون سے بغاوت کرتا ہوں ۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ قانون جس ملک کے صفحہ کتاب پر موجود ہو ۔ اس ملک کو اقوام عالم کے سامنے فخر کے ساتھ سر اٹھانے کا کوئی حق نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ آخر کلام میں نتیجتاً یہ عرض کروں گا ۔ کہ میں اس قانون کو نئی زندگی بخشنے کی اس لئے مخالفت کرتا ہوں ۔ کہ یہ قانون اصول عدل و انصاف کے منافی

ہے ۔ اسلام کے خلاف ہے ۔ اور ملک کے لوگوں کے جذبات کے خلاف ہے ۔ اور سب سے آخر میں جسٹس کارنیلیس کے انٹرویو کا صرف وہ حصہ پڑھ کر سناؤں گا جو اس بحث سے متعلق ہے ۔ اور جو انہوں نے اردو ڈائجسٹ کے جنوری ۱۹۶۴ء کے شمارہ کے لئے اس کے ایک نمائندے کو دیا تھا ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ ''قانون کا اطاعت کا جذبہ اسوقت ابھرتا ہے ۔ کہ جب دل میں قانون کے لئے جذبہ احترام موجود ہو ۔ احترام ایک خود رو جذبہ ہے ۔ جو دل کی گہرائیوں سے پھوٹتا ہے وہ اپنے اظہار کے لیے کسی غیر شعوری محرک کا محتاج نہیں ۔ ہمارے دل میں صرف اسی طریقے سے قانون کا احترام پیدا ہو سکتا ہے ۔ جب کہ قانون ہمارے احساسات کے مطابق ہو ۔ اگر ہم پاکستان میں قانون کی حکمرانی قائم کرنا چاہتے ہیں تو پھر ہمیں اس نظام قانون کو نافذ کرنا ہو گا ۔ جسے عامتہ الناس پسند کرتے ہیں ۔ اہل پاکستان اپنے دلوں میں اسلامی قوانین کے لئے بے پناہ محبت رکھتے ہیں ۔ اس کے لئے شدت کی پیاس رکھتے ہیں اور یہ پیاس بڑھتی ہی رہے گی'' ۔ یہ الفاظ ہیں اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کے سب سے بڑے جج کے جو خود مسلمان بھی نہیں ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ جب تک آپ ملک میں اسلامی قانون کو اسلامی طرز فکر اور اسلامی عدل و انصاف کے ساتھ نافذ نہیں کریں گے ۔ اس وقت تک ملک میں قانون کے لئے جذبہ احترام پیدا نہیں ہو گا ۔ اور جب تک یہ جذبۂ احترام پیدا نہیں ہو گا ۔ آپ لاکھ قانون بنائیے ۔ قانون کی حکومت قائم نہیں ہو گی ۔ نہ قانون کا نفاذ ہو سکے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ محترم وزیر قانون میری ان معروضات کی روشنی میں غور کریں گے ۔ کہ آیا اس قانون کو نئی زندگی بخشی جائے ۔ یا جہاں یہ دفن تھا ۔ وہیں پر اسے دفن رہنے دیا جائے ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس قانون کے نفاذ میں اس حد تک مخالفت کروں گا ۔ کہ جس حد تک اس میں

پروسیجر کا تعلق ہے ۔ کہ لوگوں کو کیسے try کیا جائے ۔ جناب والا ۔ اگر دفعہ نمبر ۵ کو ملاحظہ فرمائیں ۔ میں اسے نہیں دھراؤنگا ۔ کیونکہ اس پر جناب فاروقی صاحب نے بہت کچھ کہا ہے ۔ صرف وہی حوالہ دوں گا ۔ جو کہ ضروری ہے ۔

"5. The Tribunal shall not be bound to follow the rules of evidence prescribed under the Evidence Act 1872, and may inter alia by written order.

(a) direct that the whole or any part of the enquiry against any person complained of shall be held in cameras;

(b) for reasons to be stated in the order, accept evidence on affidavit of witnesses whose presence cannot be secured without such amount of delay or expense as would in the opinion of the Tribunal be unreasonable in the circumstances of the case, or on any other ground sufficient in its opinion and connected with any matter arising in the case;"

جناب والا ۔ مجھے بنیادی طور پر اپنے ملک کے حکام سے یہ اختلاف ہے ۔ کہ وہ عوام کے حقوق اور ان کی آزادی کا خیال نہیں کرتے ۔ وہ مصر ہیں ۔ کہ ایسے قوانین کا نفاذ کیا جائے ۔ جن سے ان کی انتظامیہ کو وہ مشقت نہ کرنی پڑے ۔ جو کہ عام قوانین کے تحت انہیں کرنی پڑتی ہے ۔ اور یہ کہ وہ جس کو چاہیں اور جب چاہیں ۔ (الفاظ تو اچھے نہیں ہیں ۔ لیکن میں عرض کروں گا) ۔ کہ اسے اپنا ہدف اور نشانہ بنائیں ۔

جناب والا ۔ ہم نے فلسفہ قانون سازی اکثر انگریزوں سے حاصل کی ہے ۔ اور اگر ہم کسی قانون کا چربہ بھی اتارتے ہیں ۔ تو اس طرح سے اتارتے ہیں ۔ کہ اس کی برائیاں تو اپنے ملک میں شامل کر دیں ۔ لیکن اس کی اچھائیوں سے دور ہی رہتے ہیں اور یہ قوانین جن کا چربہ ہم نے اتارا ہے ۔ اور جو قوانین کہ برطانیہ میں نافذ ہیں ۔ برطانیہ میں آج سے ساڑھے سات سو سال قبل کنگ جان اور عوام کے درمیان تصادم ہوا۔ اور نتیجے کے طور پر ۱۲۱۵ء میں میگنا کارٹا نافذ ہوا ۔ لوگوں نے یہ ثابت کیا ۔ کہ عوام کے جو حقوق ہیں ۔ وہ ایک ڈکٹیٹر اور آمر کو تسلیم کرنے ہوں گے ۔ اور یہی وہ جد و جہد تھی ۔ جو آزادی کے لئے اس ملک میں سب سے

پہلے کی گئی ۔ اس کے بعد Petition of Rights کا نفاذ ۱۶۲۶ء میں ہوا ۔ اور پھر اس کے بعد ۱۶۸۱ء میں Bill of Rights کا نفاذ ہوا ۔ جب ان قوانین کو ہم برطانیہ سے حاصل کرتے ہیں ۔ تو ہم یہ بھول جاتے ہیں ۔ کہ برطانیہ میں شخصی آزادی کی کیا قدر و قیمت ہے ۔ اور آج سے صدیوں قبل بھی انہوں نے شخصی آزادی اور Liberties کا احترام کیا تھا ۔ یہ حقوق اور آزادیاں مستقل جد و جہد کے بعد برطانیہ کے عوام کو حاصل ہوئیں ۔ جس میں عدالتوں نے ان کی مدد کی ۔ پارلیمنٹ میں ان کے معاملات کو پیش کیا گیا ۔ مجالس دستور ساز اور قانونی عدالتوں نے بھی ان کی مدد کی ۔ میں چاہتا ہوں ۔ کہ ہم پاکستان میں بھی شخصی حقوق کا تحفظ اور شخصی جائیداد کے حقوق کا بھی تحفظ کریں ۔ اس کے علاوہ جو بھی دوسرے حقوق ہیں ۔ ان کا تحفظ اس طریقے سے کریں ۔ کہ جس طریقے سے ان ممالک میں کیا جاتا ہے اور اس طریقے سے قوانین کا نفاذ کریں ۔ کہ جس طریقے سے ان ممالک میں کیا گیا ہے ۔ جن ممالک سے کہ ہم یہ قوانین حاصل کرتے ہیں ۱۹۴۷ء کے بعد پاکستان میں یہ خیال کار فرما تھا ۔ کہ یہاں پر نشو و نما ہو گی ۔ ترقی ہو گی ۔ اور شہری آزادی ہو گی لیکن میں سمجھتا ہوں ۔ کہ شہری آزادی کو جس طرح پامال کیا گیا ہے ۔ اور جس کی زندہ مثال بلیک اینڈ وائٹ میں موجود ہے ۔ آپ کی قوانین کی کتابیں موجود ہیں میں اسے بار بار اس ہاؤس میں کیا دھراؤں ۔ ان میں آپ کا یہ کریمنیل لاء امینڈمنٹ بل ہے ۔ یہ جرگے کا قانون ہے ۔ اور آپ کا یہ ایف ۔ سی ۔ آر ۔ ہے اور اب اس کے بعد یہ غنڈہ ایکٹ ہے ۔ آپ اس ایکٹ کو ان لوگوں پر ضرور نافذ کیجیے ۔ جو ناپسندیدہ ہوں ۔ ان کو سزائیں دیجئے ۔ لیکن اس کو یہ تحفظ ضرور دیں ۔ کہ وہ اپنی حفاظت کے لئے ایک عام شہری کی حیثیت سے جو اسے حاصل ہے ۔ آپ اسے اس تحفظ سے محروم نہ کریں ۔ آپ قانون شہادت کو exclude کر کے اور بند کمرے میں کارروائی کی اجازت دے کر میں سمجھتا ہوں ۔ کہ آپ ناانصافی

کر رہے ہیں ۔ اور یہ آپ کا کسی طرح بھی حق نہیں ہے ۔ کہ آپ کسی کی شہری زندگی کو سلب کر کے ایسا کوئی طریقہ کہ جس سے وہ اپنی بے گناہی ثابت کر سکتا ہے ۔ اسے اس حق سے محروم کر دیں ۔

اب میں ان دفعات کی طرف آتا ہوں ۔ کہ جن دفعات کی موجودگی میں آپ کا یہ قانون یا تو duplicacy ہے ۔ یا یہ غیر ضروری ہو کر رہ جاتا ہے ۔ مثال کے طور پر اس وقت آپ کے پاس کریمینل پروسیجر کوڈ ہے ۔ اس کا سیکشن نمبر ۱۰۷ اس وقت لاگو ہوتا ہے ۔ جب کہ آپ کسی شخص کو دیکھیں ۔ کہ وہ Breach of peace and order کرے ۔ پھر اس قانون میں دفعہ نمبر ۱۰۸ ہے ۔ وہ اس وقت لاگو کیا جا سکتا ہے ۔ جس وقت آپ دیکھیں ۔ کہ کوئی شخص seditions matter کو زبانی یا تحریری طور پر پھیلا رہا ہے ۔ تو اس وقت آپ اس دفعہ نمبر ۱۰۸ کو اس کے خلاف نافذ کر سکتے ہیں ۔ اسی طرح سے سیکشن ۱۰۹ ہے ۔ اس میں اگر آپ دیکھیں کہ کوئی شخص اپنے آپ کو اس طرح Conceal کر رہا ہے کہ اس کا ارادہ کسی جرم کے کرنے کا ہے ۔ تو آپ سیکشن ۱۰۹ کا اس پر اطلاق کر سکتے ہیں ۔ اس کے بعد سیکشن ۱۱۰ ہے ۔ یہ سیکشن ایسا ہے کہ اگر کسی شخص کی شہرت خراب ہو ۔ چوری کرتا ہے ۔ قفل شکنی کرتا ہے یا چوری کا مال حاصل کرتا ہے یا ایسے جرائم کا ارتکاب کرتا ہے آپ اس پر اس سیکشن کا اطلاق کر سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ اسی طرح سے سیکشن ۱۱۲ میں آپ ایسے عادی مجرم سے بانڈ حاصل کر سکتے ہیں ۔ اس طرح سیکشن ۱۰۴ پاکستان پینل کوڈ ہے ۔ جس کے تحت سزا دے سکتے ہیں ۔ آپ بتائیں جب آپ کے پاس کریمینل پروسیجر کوڈ کی دفعات موجود ہیں اس کے بعد اس حکومت نے جو نیا تحفہ اس ملک کو دیا ہے اس کی کیا ضرورت ہے ۔ کریمینل لا امنڈمنٹ ایکٹ کی دفعہ ۱۳ بھی موجود ہے ۔ اس کے تحت بڑی آسانی سے ضمانت

حاصل کر سکتے ہیں ۔ جناب والا۔ ان کی موجودگی میں آپ یہ فرمائیں کہ یہ ایڈیشنل قانون کس طرح سے متعلقہ ہے اور کس طرح آپ اس کو ایک ضروری قانون قرار دے سکتے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان قوانین کی موجودگی میں ایک ایڈیشنل قانون جس کو کراچی کے لئے مخصوص کر کے آپ لگانا چاہتے ہیں یہ آپ کے آئین کے اور بنیادی حقوق نمبر ۱ کے متصادم ہے جس کے تحت تمام لوگوں کے لئے پاکستان میں یکساں قوانین رائج کرنے ہوں گے اور تمام لوگوں کو وہی مراعات قانون کے سامنے اپنے آپ کو بے گناہ ثابت کرنے کے لئے حاصل ہوں گی جو ملک کے دوسرے حصوں میں ہیں ۔ در اصل آپ خرابی کی جڑ کی طرف نہیں آتے ۔ آپ نے کبھی اس کی تحقیقات نہیں کی ۔ آپ نے کبھی ریسرچ نہیں کی کہ یہاں آپ کے سخت قانون کے ہوتے ہوئے بھی جرائم میں کیوں اضافہ ہو رہا ہے ۔ ملک میں تین طبقات ہیں ۔ ایک وہ طبقہ ہے جو مالدار ہے ۔ جس کے بینک بیلنس ہیں ۔ جن کے پاس بیوک کاریں ہیں ۔ ایک مڈل کلاس طبقہ ہے اور وہ کوشش تو کرتا ہے کہ بڑھے لیکن آپ نے ان کے راستہ میں ہمالیہ جیسی دشواریاں پیدا کر رکھی ہیں ۔ وہ طبقہ مڈل کلاس پیدا ہوتا ہے اور مڈل کلاس ہی رہے گا ۔ نہ تو آپ ان کے بچوں کے لئے تعلیمی سہولتیں مہیا کرتے ہیں اور اگر کسی خاندان میں ایک شخص بر سر روزگار ہو تو مڈل کلاس . . . . . (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Akhtar may please take his seat. Let them finish first.

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The House is in quorum.

ملک محمد اختر ۔ یہ مڈل کلاس طبقہ ہے جس کو آپ نے کبھی

بھی ترقی کے مواقع فراہم نہیں کئے ۔ یقیناً آپ کے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں اور تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں دعوے کئے گئے ہیں ۔ لیکن ان کے نتائج اگر آپ دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ آپ نے امیر کو امیر تر اور غریب کو غریب تر بنایا ہے ۔

Minister of Revenue : Is the discussion on the Five-Year Plan also releveant ?

Mr. Speaker : The Member should be relevant.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا۔ وہ یہ بتا رہے تھے کہ غنڈے کس طرح پیدا ہو رہے ہیں ۔ یہاں ان کی پالیسی کی وجہ سے ایسے طبقات بنا دیئے گئے ہیں کہ لوگ مجبوری کی حالت میں غنڈہ گردی کرتے ہیں ۔

Mr. Speaker : How is it relevant ?

ملک محمد اختر ۔ جناب والا اقتصادی بد حالی کے باعث ملک میں جرائم ہوتے ہیں ۔

Now I consider you will follow that I am relevant.

Minister of Revenue : I plead guilty. I don't follow the Member.

ملک محمد اختر ۔ ''کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی،، جناب والا۔ یہ اقتصادی بد حالی ہی ان تمام جرائم کی جڑ ہے ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ فٹ پاتھ پر وہ لوگ جو رات کو . . . . . .

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر اختر اس کا Karachi Control of Disorderly Persons سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا۔ اب میں اس قانون کی ان دفعات کی

طرف آتا ہوں جو دفعات میری نظر میں ہمارے آئین سے متصادم ہیں۔ اس قانون سے متصادم ہوتی ہیں جن قوانین کو مہذب ممالک میں رائج کیا گیا ۔ بلکہ میرا یہ اعتراض ہے کہ Evidence Act جو ہے جس کے متعلق ابھی کہا گیا ہے کہ اس میں ترمیم کی جائے گی یا خدا معلوم کیا جائے گا ۔ میں دعوے سے کہتا ہوں اور میں کوٹیشن دینے کو تیار ہوں کہ ہمارا Evidence Act نہایت مکمل اور نہایت ہی اچھا قانون ہے ۔ ۱۶۷ دفعات میں دریا کو ایک کوزہ میں بند کر دیا گیا ہے ۔ جس شخص نے بھی ڈرافٹ کیا ہے غالباً Mr. Bentham and Macauley نے اس کو ڈرافٹ کیا ہے ۔ جنہوں نے بہت دفعات پر ایک ایک اور دو دو لائینوں کے سیکشن بنا کر اس کو اتنا جامع اور مکمل کیا ہے کہ ہم اس قانون پر فخر کر سکتے ہیں ۔ شہادت کے قانون کو exclude کر دینا ٹھیک نہیں میرے دعوے کے متعلق کچھ کہا جا رہا ہے ۔ میں اس پر بحث کرنے کو تیار ہوں ۔ اور میں کل ''بک آف لٹریچر،، اپنے ساتھ لا کر یہ ثابت کروں گا کہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں وہ درست ہے ۔ اور ہمارا شہادت کا قانون بھی مہذب ممالک کے قوانین سے بہت مطابقت رکھتا ہے ۔ بلکہ ان سے بہتر قانون ہے ۔ یہ زیادتی ہے کہ ان کی انتظامیہ کو اندھا دھند پاورز دینے کے لئے ہم اپنے عوام کو وحشی گردانتے ہیں ۔ اور قانون کی پروٹیکشن سے محروم کرتے ہیں ۔ اور یہ ہماری ذاتی اغراض جوئی اور ذاتی مفاد کوشی کا نتیجہ ہے کہ ہماری انتظامیہ نا اہل ہے ۔ اور آرڈنری لا کی دفعات جو موجود ہیں ان کو صحیح طور پر نافذ نہیں کر سکتی ۔ وہ ایسے قوانین کا سہارا لیتی ہے کہ باہر کے ممالک سوچنے پر مجبور ہو جائیں گے کہ پاکستان میں کچھ اس قسم کی آبادی ہے اور کچھ ایسے طبقات ہیں جو نیم وحشی ہیں جن کے لئے اس قسم کا قانون ضروری ہے اور ہمیں وحشی گردانا جاتا ہے ۔

جنلب والا۔ اس کے بعد میں سیکشن ۶۰ کی طرف آتا ہوں ۔ سیکشن ۶۰ میں

right of appeal ہے ۔ اس کو سلب کر دیا گیا ہے ۔ دوسرے مغربی پاکستان کے حصے ہیں وہاں بھی similar laws نافذ کئے گئے ہیں ؟ کیا وہاں پر right of appeal نہیں ہے ؟ میں نہیں سمجھتا کہ کراچی کی آبادی کو کیوں ایسے قانون سے نوازا گیا ہے جس میں right of appeal نہ ہو میں جناب فاروقی صاحب کی تائید کرتا ہوں کہ اگر آپ نے اس قانون کو رکھنا ہی ہے تو اس میں کم از کم ایسی شق لگا دیجئے کہ disorderly persons کے لئے جس میں right of appeal تو ہو اس کے بعد میں عرض کرتا ہوں کہ ایسے قانون جو آپ disorderly persons کے لئے لگاتے ہیں ۔ در اصل ان کا استعمال ان کے خلاف ہوتا ہے ۔ کیا آپ اس حقیقت کی تردید کرنے کو تیار ہیں کہ ملک میں جو جرائم ہوتے ہیں وہ آپ کی انتظامیہ ۔ پولیس افسر اور دوسرے افسران کے ساتھ مل کر نہیں ہوتے ہیں ان کی منشا سے نہیں ہوتے ہیں ۔ کیا آپ کے پولیس افسر شامل نہیں ہیں ۔ کیا منشیات کے دوسرے اڈے جو چلتے ہیں اس کے بعد بد کاری کے اڈے ۔ جوئے کے اڈے (میں نہیں کہتا کہ تمام پولیس کرپٹ ہے) ۔ جو ہیں کیا ان لوگوں کا اس میں حصہ نہیں ہوتا ۔ کیا ان لوگوں کی سر پرستی سے برائیاں نہیں ہوتیں ؟

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ پوائنٹ آف آرڈر . . . .

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب آپ کو یہ معلوم ہے کہ آپ اپنی نشست پر ہیں یا نہیں ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ جناب والا ۔ میں اپنی نشست پر ہوں ۔ آج اخبار میں لکھا ہے کہ سر راہ دو نائب تحصیلداروں اور ایک تھانے دار کو کراچی میں گولی مار دی گئی ہے ۔ ایسی بھیانک وارداتیں کیوں ہوں ۔ ان کے لئے ایسے قوانین بنائے جائیں جہاں ایسے غنڈے ہوں ۔

اور جہاں ایسے ظالم لوگ ہوں ۔ ان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ آپکا پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ یہ ان کے جواب میں آپ نے نہایت مختصر سی تقریر کی ہے ۔

وزیر مال ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ اختر صاحب کہتے ہیں کہ پولیس والے خراب ہیں ۔ بد دیانت ہیں ۔ وحشی ہیں ۔ کیا ان کے تھانے کی پولیس بھی اس میں شامل ہے یا نہیں ہے ۔

I want to ask whether it is included or excluded.

Mr. Speaker : The Member can put a question to him. This is no a point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا۔ اگر آپ اپنی گرفت مجھ پر کرنے کے لئے short cut کرنا چاہتے ہیں تو پھر مجھے پرولیج سے محروم کر دیا جائے اور انہیں کہیں کہ مجھے پکڑ لیں ۔

وزیر تعلیم ۔ فاضل ممبر نے کہا ہے کہ ساری پولیس خراب نہیں ہوتی البتہ ان کے تھانے کی پولیس خراب نہیں ہے ۔ اور یہ بھی ہے ۔ کہ آپ سارے ان کے لئے خراب نہیں ہوتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر۔ میں معزز صاحب اقتدار دوستوں سے جو ہمارے قریب بھی ہیں یہ گذارش کروں گا کہ ایسا کیوں نہ ہو کہ ایک کمشن بٹھائیں جو تحقیقات کرے کہ ان جرائم کی اور ان برائیوں کی جڑ کیا ہے ۔ اور اس جڑ کو ختم کیا جائے ۔ جو آپ قوانین بناتے ہیں وہ لائبریری کی کتابوں میں رہ جاتے ہیں ۔ ان پر عمل نہیں ہوتا ۔ ایسے بھیانک قوانین بنانا میں سمجھتا ہوں کہ یہ انصاف کے سراسر منافی ہے ۔ ان پاورز کے misuse ہونے کا احتمال ہے ۔ میں اب تجویز کرتا ہوں کہ آپ اس قسم کا کمشن بٹھائیں کہ وہ ان تمام چیزوں کے

causes کو پکڑیں ۔ آرڈنری لاز آپ کے پاس ہیں ابھی میں نے چھ سات دفعات اس کریمینل پروسیجر کوڈ کی آپ کے سامنے پیش کی ہیں ۔ آخر کیا وجہ ہے کہ آپ نے جب آبادی کے مطابق پولیس کی تعداد مقرر کی ہے اور قانون بھی موجود ہے تو پھر اس کے بعد بھی جرم ہوتا ہے ۔ جرائم کا انسداد بھی موجود ہے ۔ پھر کیوں نہ عام طریقہ کار سے اس کا انسداد کیا جائے ۔ اور کیوں ایسے قوانین بنائے جائیں جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ پاکستان میں بسنے والے جو لوگ ہیں وہ عام قوانین کے تحت نہیں چلتے ہیں ۔ اور ان کے لئے ایسے سخت اور غیر مہذب قوانین کی ضرورت ہے ۔

جناب والا۔ میں مؤدبانہ معافی مانگتا ہوں اگر میری باتوں سے کسی کو دکھ پہنچتا ہے ۔ لیکن میں یہ کہوں گا کہ personal liberty اور personal right جو ہیں جب تک آپ ان کا احترام نہیں کریں گے آپ ایک اچھے معاشرے اور ایک اچھی سوسائٹی کا قیام نہیں کر سکتے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)۔ جناب والا۔ اس موضوع پر میرے محترم دوستوں نے بہت کچھ کہا ہے ۔ میں بھی چند منٹوں میں اپنی گذارشات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنے کی جسارت کروں گا ۔

جناب والا۔ قانون زیر بحث ۱۹۶۲ء میں معرض وجود میں ایا ۔ اس کے بعد وقتاً فوقتاً اس کی میعاد کو بڑھایا جاتا رہا ۔ اس زمانے میں مجھے اس سے انکار نہیں ہے یہ عین ممکن ہے ۔ کہ جن واقعات کی بنا پر یعنی جن واقعات کا میرے دوست جناب محمود اعظم فاروقی صاحب نے ذکر کیا ہے وہ بھی اس زمانے کی حکومت کے مد نظر ہوں جب انہوں نے اس قانون کا نفاذ کیا تھا لیکن اس کے علاوہ بھی ایک وجہ تھی جو میرے نقطہ نظر سے خاص اہم ہے ۔ جناب والا۔ قیام پاکستان کے بعد بھی کم و بیش

ایک کروڑ افراد ہندوستان سے ہجرت کر کے پاکستان تشریف لائے۔ ان میں سے بڑے بڑے نیکو کار اور پارسا بھی تھے - بڑے بڑے دین دار بھی تھے لیکن بعض ایسے افراد بھی ہیں جن کا چال چلن شبہ سے بالا تر نہیں ہے - ایسے لوگوں نے کراچی شہر کو اپنی آماجگاہ بنایا - پولیس کے پاس ان کا سابقہ ریکارڈ نہ تھا کہ یہ کس قسم کے لوگ ہیں - اس لئے اس زمانہ میں اس قسم کا قانون جو میرے نقطہ نظر سے عام حالات میں کسی صورت میں نافذ کرنا جائز نہیں نافذ کیا گیا -

جناب والا- میری یہ مراد نہیں ہے کہ میں اس زمانے کے ہوم منسٹر یا اس زمانے کی حکومتوں کو کسی طور پر بھی defend کروں کہ انھوں نے اس قسم کا بھیانک قانون - اس قسم کا ایک خطرناک قانون اس زمانے میں کراچی شہر پر مسلط کر دیا - جس سے انتظامیہ کے ہاتھ میں بے پناہ طاقت آ گئی اور وہ اس طاقت کا جائز اور نا جائز طریقے سے یعنی دونوں صورتوں میں استعمال کر سکتے ہیں -

جناب والا- اس میں کوئی شک نہیں کہ چاقو ایک مفید چیز ہے - اگر کسی ڈاکٹر کے ہاتھ میں ہو تو اس سے وہ اصلاح کا کام لے گا - اس سے عوام کو تندرستی بخشنے کی کوشش کرے گا - یہی ہتھیار ہے جس کے ذریعے عوام کی صحت کو اور مریض کی صحت کو بحال کیا جا سکتا ہے - لیکن وہی چاقو اگر کسی ایسے انسان کے ہاتھ میں ہو گا جو نتائج سے بے پروا ہو کر اس کا استعمال کرنا چاہتا ہے تو وہ صورت حال انتہائی خطر ناک ہو گی - وہی ایک فائدہ مند اور سود مند چاقو انتہائی خطر ناک ہتھیار کی صورت اختیار کر کے انسانوں کے لیے جان لیوا ثابت ہو گا - اس طرح میری رائے میں قانون کی پوزیشن ہے - اس قانون میں اگرچہ بذات خود بے پناہ خرابیاں ہیں لیکن کوئی قانون بلی بذات خود نہ اچھا ہوتا ہے نہ برا ہوتا ہے در اصل اس کو چلانے والے - اس کو

استعمال کرنے والے جس طور پر استعمال کریں گے وہی اس کے نتائج بر آمد ہوں گے ۔ جو کہ وہ چاہیں گے . . . . .

جناب والا ۔ ہمارے ملک میں عام قوانین سے ہٹنے کی ایک رسم سی چل نکلی ہے ۔ ہنگامی قوانین کے نفاذ کی عام وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ ہمارا معاشرہ بہت خراب ہو چکا ہے ۔ چنانچہ میں قائد ایوان سے سوال کرتا ہوں کہ جب ہمارا معاشرہ خراب ہو چکا ہے ۔ تو ہمارے وہ افسران جو ہمارے ان خصوصی قوانین کو نافذ اور استعمال کرنے پر متعین ہوں گے ۔ وہ بھی تو اسی خراب معاشرے کی پیداوار ہوں گے ۔ وہ کس طرح ان قوانین کو درست طور پر استعمال کر سکیں گے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا ۔ اور میرے ساتھ قائد ایوان نے اتفاق فرمایا ہے ۔ ایسے قوانین بلکہ برے سے برے قوانین بھی معاشرے کی اصلاح کے لئے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن جب صورت حال یہ ہو تو اچھے سے اچھے قوانین سے جن کے متعلق یہ دعوے کرتے ہیں ۔ برے نتائج پیدا ہوتے ہیں ۔ جب ایک قانون بذاتہہ برا ہو ۔ جب اس کی وجہ سے ایسے حالات ۔ chances اور مواقع پیدا ہونے کا امکان ہو کہ اسے غلط طور استعمال کیا جا سکتا ہو ۔ تو ایک بد فطرت انسان اسے ضرور غلط طور پر استعمال کرے گا ۔

جناب والا ۔ legislature کا یہ کام ہے کہ ایسے قوانین وضع کرے اور بنائے جن کے غلط استعمال کا کم سے کم موقع ہو یا جن کا غلط استعمال تقریباً تقریباً نا ممکن ہو ۔ اگرچہ یہ صحیح ہے ۔ کہ انسان تو خود perfect نہیں ۔ اس لئے اس کی بنائی ہوئی کوئی چیز بھی perfect نہیں ہو سکتی ۔ خواہ وہ قانون کتنے ہی غور و فکر کے بعد کیوں نہ بنایا جائے ۔ ایک دوسرے شخص کی عقل اس میں ضرور کوئی نہ کوئی رخنہ نکال کر اس کا غلط استعمال کر سکتی ہے ۔ لیکن پھر بھی ہمارا فرض ہے کہ اپنے طور پر ان قوانین کو اس حد تک perfect

بنائیں جس حد تک انسانی عقل و دانش ان کو perfect بنا سکتی ہے ۔ اپنی طرف سے ان میں کم سے کم خامیاں رہنے دیں ۔ اور ان کو اس حد تک fool proof بنا دیں کہ ان کے غلط استعمال کا موقع ہی نہ ہو ۔

جناب والا ۔ اس تمہید کے بعد اگر ہم اس موجودہ قانون کو عام معیار کے مطابق جانچیں ۔ تو مجھے اس کی ایک ایک شق پر اعتراض ہے ۔ اس میں انتظامیہ کو اس قدر بے پناہ اختیارات دئیے گئے ہیں کہ وہ ان اختیارات کو ہر قدم پر غلط استعمال کر سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ سیکشن نمبر ۵ کے متعلق میرے دوست جناب فاروقی صاحب نے خاصی شرح وبسط سے ذکر کیا ہے ۔ اس کے متعلق شاید ہی کوئی بات ایسی ہو جس کا انہوں نے ذکر نہ کیا ہو ۔ لہذا میں سیکشن نمبر۵ کے متعلق کچھ نہ کہتے ہوئے سیکشن نمبر ۶ کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ اس سیکشن میں چالان مرتب کرنے کے قواعد دئیے گئے ہیں ۔ یعنی ایک الزام علیہ یامسئول علیہ کے خلاف کسی انسپکٹر پولیس کے پاس اگر کوئی وجوہات ہوں تو وہ ان کا ایک چالان مرتب کر کے ٹریبونل کے سامنے پیش کرے گا ۔ یعنی اس میں اختصار کے ساتھ وہ تمام وجوہات درج کرے گا ۔ جن کی بنا پر وہ اس مسئول علیہ کو ایک disorderly person یا dangerously disorderly person گردانتا ہے ۔ اس کے ساتھ ہی وہ اس کے کردار کے متعلق اگر اسے کوئی معلومات ہوں ۔ مثلاً وہ سابقہ سزا یافتہ ہو ۔ یا اس پر کوئی سابقہ شبہات ہوں ۔ ان کا بھی ذکر کر سکتا ہے ۔ نیز وہ اس کے ساتھ ایک فہرست گواہان بھی منسلک کرے گا ۔ یہ گواہان ان عادات اور ان امور کا ثبوت پیش کریں گے جن کا اس چالان میں کیا گیا ہو ۔

جناب والا ۔ اس حد تک تو یہ بات سمجھ میں آ جاتی ہے کہ انسپکٹر صاحب کو ان گواہان کی فہرست دینا ہے ۔ اور انسپکٹر صاحب نے چالان میں ان تمام الزامات کا ذکر کرنا ہے جو مسئول علیہ کے خلاف ہوں ۔

یہاں تک تو بات میری سمجھ میں بھی آ جاتی ہے ۔ اور یہ ہے بھی درست ۔ لیکن اس کے آگے اگر وہ انسپکٹر صاحب یہ بھی تحریر فرمادیں کہ ٹریبونل اس چالان کا فلاں حصہ خفیہ رکھے ۔ تو وہ ٹریبونل اسے سربمہر لفافے میں بند کر کے رکھے گا ۔ اور کسی کو نہ دکھائے گا ۔ یہاں تک کہ اگر فہرست گواہان ۔ ساری کی ساری یا اس کا کوئی حصہ وہ انسپکٹر پولیس کہیں کہ اسے خفیہ رکھا جائے تو اسےبھی خفیہ رکھا جائے گا ۔

اب جناب والا ۔ آپ ملا حظہ فرمائیں کہ اس مقدمہ کی سماعت کیسے ہو گی ۔ ایک الزام علیہ یا مسئول علیہ کو عدالت میں بلایا جاتا ہے ۔ جسے یہ علم نہیں کہ اس کے خلاف الزام کیا ہے ۔ کیونکہ وہ سب کچھ تو ایک خفیہ لفافے میں سر بمہر ہے اسے یہ معلوم نہیں کہ اس کے خلاف کون کون سی شہادت ہے کیونکہ وہ بھی ایک لفافے میں سربمہر ہے ۔

وزیر قانون ۔ خواجہ صاحب اسے ہر چیز کا علم ہوتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اسے پتہ ہوتا ہے ۔ کیسے خفیہ طور پر ؟ کسی کو پیسے دے کر پتہ چلا لیتا ہو گا ۔ لیکن جناب اس دفعہ ۶ میں تو یہ لکھا ہے ۔

The officer laying information may, if he thinks fit, enclose any of the above particulars in a sealed cover and request that the same be kept secret, and the Tribunal shall order that such particulars shall not be disclosed at any stage of enquiry, and that when the said particulars fall under (a) of sub-section (11) the name of the witness shall not be disclosed until such time as such witness is produced in evidence : provided if the said officer or the person conducting the prosecution before the Tribunal desires that the name of any witness may not be disclosed at all, the Tribunal shall order accordingly."

جناب والا ۔ اس قانون کے ہوتے ہوئے بھی اگر مسئول علیہ کو پتہ چل جاتا ہے ۔ تو پھر تو اسے کوئی بہت بڑا تمغہ ملنا چاہئے ۔ اس بات کے لیے کہ وہ اتنے خفیہ کاغذات کی جو سر بمہر رہتے ہیں ۔ ٹریبونل سے اطلاع

حاصل کر لیتا ہے ۔ اور اس ٹریبونل کو بھی تحفہ ملنا چاہئے جو ایسی اطلاع کو leak کر دیتا ہے جو کہ صریحاً اس قانون کے منشاء کے خلاف ہے ۔ (ایک آواز ۔ پیسے سے بڑے بڑے معجزے ہو جاتے ہیں ۔) میرے دوست فرماتے ہیں کہ پیسہ بڑے بڑے معجزے کر دیتا ہے ۔ میں مانتا ہوں ۔ اور اس پیسے کی وجہ سے ہی وہ کاغذات غالباً رینگ کر باہر چلے آتے ہیں ۔ اور پھر رینگ کر ہی کسی اور طرف چلے جاتے ہیں ۔

تو جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ میرے نزدیک صرف یہ دفعہ ۶ ہی اس قدر قابل اعتراض ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے کسی شخص کے لیے جس پر کوئی الزام عائد ہو اور وہ مقدمہ میں مسئول علیہ ہو ۔ انصاف کی توقع رکھنا عبث ہے ۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں آپ کی توجہ دفعہ ۸ کی طرف دلاتا ہوں ۔ اس کے تحت جب کوئی شخص بذریعہ سمن ۔ یا بذریعہ قابل ضمانت وارنٹ گرفتار ہو کر یا طلب ہو کر ٹریبونل کے سامنے پیش ہو ۔ تو ٹریبونل کو یہ اختیار ہے کہ وہ اس کی ضمانت لے ۔ یعنی جسے عام مقدمات میں ضمانت حاضری کہتے ہیں لے لے ۔ یا ضمانت لینے سے انکار کر دے ۔

اور تا فیصلہ مقدمہ اسے حوالات میں بند رکھیں ۔ اور اس کے لیے حکم دے دیں ۔ ابھی ایوان میں میرے محترم دوست نے میرے کان میں کہا تھا ۔ کہ فلاں مقرر وکیل نہیں اس لئے انہیں معلوم نہیں ۔ میں تو کہتا ہوں ۔ کہ ان لوگوں کو جن کے خلاف کارروائی کی جائے گی ۔ ملزم کہہ کر پکڑ لیں ۔ حالانکہ وہ ملزم نہیں ۔ بلکہ وہ صرف مسئول علیہ ہیں ۔ ان کا یہ اعتراض نہایت درست ہے ۔ لیکن میں جناب قائد ایوان جو ایک قابل وکیل اور eminent جج رہ چکے ہیں ۔ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ اسے ملزم کا نام نہ دیں ۔ کیونکہ یہ کوئی الزام نہیں ۔ بلکہ اسے مسئول علیہ

کہتے ہیں ۔ اور اس کے لیے ایک سوال ہے ۔ نیز کیا آپ اسے بلا وجہ تا فیصلہ مقدمہ حوالات میں رکھیں گے ۔

ملک قادر بخش ۔ ضابطہ فوجداری میں دفعہ ۱۰۷ اور ۱۰۸ موجود ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ۱۰۷ میں ضمانت ہو سکتی ہے ۔

Malik Qadir Bakhsh : No, Sir.

خواجہ محمد صفدر ۔ دفعہ ۱۰۷ کے تحت میں مانتا ہوں ۔ کہ ملزم کا ذکر ہے۔ لیکن یہاں تو مسئول علیہ کا معاملہ ہے ۔ اس کے لیے حکم ہو سکتا ہے ۔ اور اس کو ضمانت کی رقم دینا پڑے گی ۔ ضمانت دینے کے بعد اسے نہیں پکڑا جائے گا ۔

ملک صاحب تو پرانے تجربہ کار وکیل ہیں ۔ لیکن اب انہوں نے اس پیشہ کو تیاگ دیا ہے ۔ اور بقول خود ان کے انہوں نے ۳۵ سال جھک ماری ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ اس میں لفظ Shall ہے ۔ May نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ملک صاحب تو میرے استاد ہیں ۔ لیکن مجھے ان سے یہی شکایت ہے ۔ کہ انہوں نے پریکٹس کیوں چھوڑ دی ہے ۔

ملک قادر بخش ۔ اب میں پریکٹس نہیں کر سکتا ۔

مسٹر غلام قاسم خان خاکوانی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا۔ ہمیں سمجھایا جائے کہ ''جھک ماری'' کا مقصد کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔ آپ ایوان سے باہر جا کر دونوں اصحاب سے دریافت کر سکتے ہیں ۔

خواجہ صاحب ۔ اب آپ جلدی ختم کر دیں ۔ صرف پانچ منٹ باقی رہ گئے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کیا ملک صاحب Criminal Lawyer ہیں ۔

Mr. Speaker : He is a great Criminal Lawyer.

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب مجھے تقریر کے لیے اجازت دی جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر آج اس بحث کو ختم کر دینا ہے ۔ تو پھر میں بیٹھ جاتا ہوں ۔ تا کہ حاجی صاحب تقریر کر سکیں ۔

I can accommodate him.

حاجی سردار عطا محمد ۔ خواجہ صاحب نے مہربانی کی ہے ۔ لیکن میں صرف دو چار منٹ ہی تقریر کر سکوں گا ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ شروع تو کریں ۔ اگر ۵ منٹ سے زیادہ وقت درکار ہوا ۔ تو وقت بڑھا دیا جائے گا ۔

Minister of Revenue : He will have only five minutes.

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ اگر آپ اس آرڈیننس پر جو زیر بحث ہے ۔ تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔ تو بے شک ۵ منٹ سے زیادہ وقت لے لیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ یہاں

پر ہر ممبر کے لیے تقریباً ایک سو روپیہ کی رقم ہر روز خرچ کی جاتی ہے ۔ اور یہ روپیہ پبلک کے پیسہ سے فراہم ہوتا ہے اس لیے ہر ممبر کا فرض ہے ۔ کہ وہ اس ہاؤس میں اپنے خیالات اور اپنی رائے کا اظہار کرے ۔ اس لیے میں چاہتا ہوں ۔ کہ میں بھی اپنی رائے پیش کروں ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس پر کافی بحث ہو چکی ہے ۔ اور مجاہدوں نے بہت تقریریں کی ہیں ۔ جن کو حزب مخالف کہتے ہیں ۔ ان کو میں نے مجاہد کے نام سے تعبیر کیا ہے ۔ اگر یہ الفاظ پارلیمانی اصول کے خلاف نہیں ہیں ۔ تو میں ان کو مجاہد ہی کہوں گا ۔

وزیر مال ۔ آپ ان کو بے شک غازی کہتے ہیں ۔

ایک ممبر ۔ آپ کراچی کے متعلق کچھ فرمائیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ کراچی کے متعلق تو بعد میں عرض کروں گا ۔ وہ تو بہت دور ہے ۔ پہلے میں اپنوں سے نپٹ لوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تقریر شروع کریں ۔

حاجی سردار عطا محمد (خیرپور ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ یہ آرڈیننس سب سے پہلے گورمانی صاحب لائے تھے ۔ اس سلسلہ میں میں ایک سندھی کی کہاوت عرض کرتا ہوں ۔ وہ ہے ۔

"ڈائن تو گئی ۔ دانت چھوڑ گئی ۔"

اردو میں اگر اسے کہیں تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے ۔ کہ ڈائن یعنی وہ عورت جو تازہ مردہ کا قلب نکال لیتی ہے وہ خود تو چلی گئی ہے ۔ لیکن اپنے دانت چھوڑ گئی ہے ۔ بالکل یہی صورت اب ہے ۔ گورمانی صاحب تو چلے گئے ۔ لیکن یہ قانون ابھی تک موجود ہے ۔

سید حمید الدین ۔ آپ نے دیکھا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ سنا ہے ۔

وزیر مال ۔ ڈائن کون ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے اجازت ہو ۔ تو میں clear کروں ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کی ضرورت نہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ میں کسی کو مخاطب نہیں کرتا ۔ میں نے تو ایک کہاوت آپ کی خدمت میں پیش کی ہے ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے ممبر صاحب کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا ۔ کہ وہ بتائیں ۔ کہ ڈائن کون ہے ۔ ہمیں شک ہے ۔ کہ وہ ہم میں موجود نہ ہو ۔ ایانداری سے وہ خود ہی بتا دیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ یہی اچھا ہے ۔ کہ آپ نہ پوچھیں ۔

جناب والا ۔ اس قانون کے ذریعہ پولیس کو اختیار دیا گیا ہے ۔ سب کو معلوم ہے ۔ کہ پولیس جو بھی مقدمات جانچ پڑتال کرکے عدالتوں میں پیش کرتی ہے ۔ ان میں ۹۰ فیصدی مقدمات جھوٹے ہوتے ہیں ۔ لیکن کسی کی باز پرس نہیں ہوتی ۔ جس سے ان لوگوں کو خوف اور ڈر ہو ۔ اور وہ جھوٹے مقدمات پیش نہ کریں ۔ یہی وجہ ہے ۔ کہ وہ پروا نہیں کرتے ۔ اور جھوٹے مقدمات پیش کرتے ہیں ۔ کیوں کہ ان کو بہت سے اختیارات حاصل ہیں ۔

اس لیے کہ آپ کو مغالطہ نہ ہو ۔ میں اپنے ضلع کی بات کرتا ہوں ۔ وہاں عدالتوں میں پولیس کے مشیر ہوتے ہیں اور جب ان سے پوچھا جاتا

ھے ۔ کہ آپ پولیس کے مشیر ھیں ۔ تو صرف اس ایک بات پر عدالت مقدمہ خارج کر دیتے ھیں ۔ اس قانون کے ذریعہ آپ نے پولیس کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دے دیئے ھیں ۔ اس سے پولیس کے لیے رشوت کے دروازے کھل جائیں گے اور حقیقت یہ ھے ۔ کہ جس طرح کے آپ قانون بنا رھے ھیں ۔ ان سے ھماری قوم اور ھمارے ملک کی اصلاح ھونا نا ممکن ھے ۔ اصل بات یہ ھے ۔ کہ لوگوں کو عملی زندگی کے لئے تیار کیا جائے ۔ اور عملی زندگی تب ھی بن سکتی ھے ۔ جب ھم ملک میں اسلامی تعلیم اور اسلامی قانون رائج کریں گے ۔

آپ اسلامی قانون رائج کریں جس طریقے سے کہ بڑی خوشی ھوئی کہ مشرق پاکستان والوں نے مشرق پاکستان ھاؤس میں یہ ریزولیوشن پاس کیا ھے کہ ایک عربی یونیورسٹی قائم کی جائے ۔ ھمیں تو کچھ اختیار نہیں ھے کہ کوئی ریزولیوشن پاس کرنے کا ھمیں اس ھاؤس میں اکثریت حاصل ھو سکتی ھے ۔

Mr. Speaker : The time is extended by fifteen minutes.

حاجی سردار عطا محمد ۔ اب دیکھنا یہ ھے کہ اس کی اصلاح کرنے کے لیے اس کو درست کرنے کے لیے جو ۱۹۵۲ء سے درست نہ ھوا کیا کیا جائے ھمیں چاھئے کہ ھم جس راستے سے یہاں تک پہونچے ھیں اس راستے پر آئیں یعنی اسلام نے جو بائی لا پیش کیا ھے ھم اسی طرف لوٹیں ۔ آج سے پہلے کیا تھا ۔ آج سے تیرہ صدی پہلے یہ غنڈہ گردی تھی کہ زندہ لڑکیوں کو دفن کر دیتے تھے اس لیے سزا کی حد مقرر کی گئی اور وہ یہ نہیں کہ رئیسوں کے لیے سزا کچھ اور غریبوں کے لیے سزا کچھ اور ۔ اس وقت مٹھی بھر مسلمانوں نے ایک ایسا بائی لا پیش کیا اور نہ صرف پیش کیا بلکہ اس پر عمل کرکے دکھایا ۔ اگر قرآن شریف ایک لفافہ میں بند کرکے بھیج دیا جاتا تو ھم ضرور کہتے کہ اس پر عمل کرنا مشکل ھے

بلکہ اللہ تعالیٰ نے نبی بھیجا اور اس نے ۲۳ - برس ہم کو تعلیم دی اور صرف تعلیم ہی نہیں دی بلکہ اس نے عمل کرکے اور اس راستے پر چل کر ہم کو دکھایا - پھر اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے -

لااکراہ فی الدین قد بتین الرشد من الغی

یعنی تم سختی سے دین نہ پھیلاؤ اس لیے کہ سختی سے عمل نہیں بنتا ہے - یہ بائی لا ہم کو بتاتا ہے کہ سختی سے غنڈہ گردی کی اصلاح نہیں ہو سکتی - اس کے بعد اللہ تعالیٰ پھر ایک جگہ قرآن میں فرماتا ہے کہ ''یہ ایک ایسی رسی موجود ہے جس کو کوئی توڑ نہیں سکتا'' - اب میں عالی جناب سپیکر صاحب کے توسط سے ہاؤس سے اور ہاؤس کے لیڈر سے اور گورنر صاحب سے . . . . .

وزیر صحت (خان محمد علی خاں) - پوائنٹ آف آرڈر - اس کتاب میں چوری کے لیے کیا سزا تجویز کی گئی ہے -

مسٹر سپیکر - یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے - یہ سوال ہے -

حاجی سردار عطا محمد - چوری کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے - جناب یہ تو صرف چوری کے لیے ہی پوچھ رہے ہیں میں کہتا ہوں کہ ہر بات قرآن میں موجود ہے جس مسئلہ کو یہ پوچھیں قرآن بتاتا ہے اگر آپ پوچھنے کے لیے تیار ہوں تو میں بتانے کے لیے تیار ہوں بہر حال میں مولوی نہیں ہوں - یہ جو آپ نے زنا کے متعلق ریزولیوشن پاس کیا ہے اس کے لیے بھی قرآن کہتا ہے کہ زنا نہ کرو -

خواجہ محمد صفدر - اس وقت جب کہ یہ زنا کی قرارداد پاس کر رہے تھے قرآن یاد نہیں رہا تھا -

حاجی سردار عطا محمد - اس لیے بہتر ہوگا کہ آپ ایسی تعلیم

دین جو اسلامی ہو اور اصلاح ہو ۔ آپ ایسے قانون پاس کریں کہ لوگ یہ سمجھنے لگیں کہ جو حکومت ہماری حکومت ہے وہ ہمارے لیے برائی نہیں کر رہی ہے بلکہ ہماری اصلاح کر رہی ہے ۔ اور اس اسلامی اصول نے آپ کو ہندوستان سے پاکستان کا ایک خطہ لیکر دیا میرے قائد ایوان یہاں موجود ہیں ان کو معلوم ہے کہ پاکستان بنے ہوئے ابھی چند دن ہوئے ہیں اور جن لوگوں نے اس کو اسلام کے نام پر بنایا ان کی نظر میں صرف یہی ایک اصول تھا جس کی وجہ سے پاکستان بنا ۔ میں ان سے کہوں گا کہ وہ اس اصول کو نہ چھوڑیں ۔ اب میں خلفائے راشدین کا حوالہ دوں گا ۔ ہم خلفائے راشدین ہی کی ایسی حکومت چاہتے ہیں آج سے پہلے جو پاکستانی حاکم تھے ہم انہیں نہیں چاہتے اور نہ غیر اسلامی حکومت چاہتے ہیں ۔ ہم ۔ عوام سے بھی کہا ہے کہ یہاں اسلامی حکومت ہوگی ۔ میں آپ سے سچ کہتا ہوں کہ جب تک آپ اسلامی قانون کی طرف توجہ نہیں کریں گے اس وقت تک اصلاح نہیں ہوگی ۔ یہ اصلاح آرڈننس سے نہیں ہوگی ۔

اس کے بعد میں اب زنا اور فاحشہ عورتوں کے لیے بھی کچھ کہوں گا ۔ پہلے تو یہ عرض ہے کہ آپ یہ بتائیں کہ آپ فاحشہ کس کو کہتے ہیں اور کس جگہ یہ عورتیں ٹھہرتی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان عورتوں کے لیے جو کچھ آپ نے کیا ہے وہ بجائے اصلاح کے ان کو عتاب میں ڈال رہے ہیں جس سے میں متفق نہیں ہوں ۔ اور اسی طرح جہاں تک جوا کھیلنے کا تعلق ہے میں سمجھتا ہوں کہ آپ غریبوں کو نقصان پہونچا رہے ہیں کلبوں میں جائیے تو بڑے آدمی جوا کھیلتے ہیں ان کے لیے کچھ جرم نہیں ہے ۔ اس کے بعد بنگلوں میں جا کر دیکھئے تو بڑے آدمی ''رمی'' کھیلتے ہیں ان کے لیے کوئی قانون نہیں ہے ۔ بڑے آدمی جس طرح چاہیں جوا کھیلیں تو کوئی بات نہیں ہے لیکن غریب آدمی کے لیے قانون ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ یہ رمی کیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب قائد ایوان یہ نہیں جانتے کہ رمی کیا ہے ۔

وزیر مال ۔ رمی کیا ہے ذرا یہ بتائیے ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ عرض یہ ہے کہ رمی کے متعلق بڑے آدمی جو جوا کھیلتے ہیں ان سے پوچھئے وہی بتا سکیں گے میں نہیں جانتا ۔ اور ملزم کی غیر حاضری میں گواہی ہو جانے کے متعلق مجاہد محمود اعظم صاحب نے کافی کہا ہے اس پر میں کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ لیکن جب آپ بند کمرے میں فیصلہ کریں گے تو آپ کس کی اصلاح کریں گے ۔ اسلام تو کہتا ہے کہ کھلی ہوئی سزا دو تاکہ لوگ سنیں اور وہ سزا سن کر جرم کرنے سے باز آئیں اور ان کو شرم آئے ۔ اگر آپ بند کمرے میں سزا دیں گے تو ان کو کیا شرم آئے گی ۔ یہ آپ نے کس طرح کا قانون بنایا ہے کہ اس کی غیر حاضری میں بھی فیصلہ ہو سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر کسی لاہور کے باش سے کراچی کے انسپکٹر کو انتقام لینا ہے تو وہ سمن پھاڑ دیگا اور کہہ دے گا کہ سمن تعمیل نہیں ہوا اور اگر وہ سمن تعمیل نہ کرنے کا تو کیسے کام ہوگا ۔ آرڈیننس ہی تو ان کے پس غائبانہ سزا مقرر کی جا سکتی ہے اس کے معنی یہ ہے کہ لاہور سے جب وہ آدمی کراچی پہنچے تو اس کو سزا بھگتنی پڑے گی اور ان کی نامعلومی کی وجہ اپیل کی میعاد پر گذر جاتی یہ آرڈیننس ظلم کے مترادف ہے اس لیے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ جناب والا۔ میں نے پہلے ہی عرض کیا تھا کہ مجھے اجازت دی جائے ۔

وزیر مال - حاجی صاحب نے وعدہ کیا تھا کہ وہ پانچ منٹ میں ختم کر دیں گے -

حاجی سردار عطا محمد - میں نے کچھ نہیں کہا تھا - (شور)

Mr. Speaker : Order please.

ایک ممبر - اچھا ہے نصیحت کر رہے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد - مجھے پانچ منٹ اور دے دیجئے - میں نے کوئی وعدہ نہیں کیا تھا -

Mr. Speaker : Yes please.

حاجی سردار عطا محمد - میں نے نصیحت تو نہیں کی - میں نے اپنی خواہشات کا اظہار کیا ہے - ماشاً اللہ اگر نصیحت سمجھیں تو اچھا ہے - دیکھئیے جناب مجھے وہ بولنے سے روکتے ہیں لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ پاکستان لوگوں کی ہڈیوں سے بنا - ان کے خون سے بنا - آپ اس کے اندر ہنسی اڑا رہے ہیں - افسوس کی بات ہے - آپ کو مدبرانہ طریق پر وچار کرنا چاہئیے کہ ہم نے اس ملک میں رہنا ہے اور اس ملک کی اصلاح اس طریقہ سے ہونی چاہیے کہ اسلام کے بتائے ہوئے اصولوں پر چلیں - اس طریقہ سے نہیں ہونی چاہئیے کہ آپ تنگ نظری سے ہمیں دیکھیں - میری عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ بھی کچھ کر سکتے ہیں - تو میں عرض کروں گا کہ ان تمام باہمی جھگڑوں کو ختم کر دینا چاہئیے - میں پہلے آپ کو قرآن شریف کا حوالہ دیتا ہوں کہ اس میں کیا لکھا ہے - اور میں آپ کو مخاطب پہلے کرتا ہوں کیونکہ مجھے خود ہدایت کے سننے کی عادات کم ہے اس لیے خود کو ہدایت کرتا ہوں قرآن شریف کیا کہتا ہے -

انما یستجیب الذین یسمعن و ا لموتی یبعثہم اللہ ثم الیہ یرجعون

ترجمہ - (''مانتے تو وہی ہیں جو سنتے ہیں'' مانتے تو وہی نہیں جو سنتے نہیں اور اللہ تعالیٰ مردہ دلوں کو اٹھائیگا پھر وہ اسی کی طرف ہانکے جائیں گے'') -

اس لئے ہمیں عادت ہونی چاہئیے کہ ہم سنیں اور اچھے طریقہ سے سنیں چاہے چھوٹے ہوں یا بڑے ہوں ۔ سب کو میں عرض کروں گا ۔ ہماری ایک حزب اختلاف ہے جس کو ہم مجاہد کہتے ہیں۔ اس کے اور حزب اقتدار کے درمیان جھگڑا ہے ۔ یہ کتاب موجود ہے ۔ وہ کیا بتاتی ہے ۔ ہمیں اس کی طرف رجوع ہونا چاہیئے ۔ میں اپنے بھائیوں سے عرض کروں گا کہ وہ ہم میں سے بنیں ۔ مغربیت کو نہ پھیلائیں ۔

یا یہا الذین امنوا اطیعو اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم فان تنازعتم فی شی ء فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم تومنون باللہ والیوم الاخر ۔ ذلک خیر و احسن تاویلاً

ترجمہ ۔ اے ایمان والوں ۔ اللہ کی اطاعت کرو اور اللہ کے رسول کی اطاعت کرو اور ان لوگوں کی اطاعت کرو جو تم میں صاحب حکم و اختیار ہیں ۔ اگر تم لوگ کسی معاملے میں جھگڑ پڑو پس اللہ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کرو اگر تم لوگ اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو ۔ تو اسی میں بہتری اور انجام کار کی خوبی ہے)

تو یہ بہتر ہے کہ تمام جھگڑے ختم ہو جائیں ۔ کون سی چیز ہے جو قرآن شریف نہیں بتاتا ۔ ہم مشاورتی کمیٹی علماً کی بناتے ہیں جیسے اکبر بادشاہ نے بنائی تھی ۔ ہم گو ان پڑھ آدمی ہیں لیکن ہم جانتے ہیں کہ یہ ہر چیز بتاتا ہے اور اللہ تبارک و تعالیٰ یہ بھی کہتا ہے کہ جب تک خود اپنی مدد آپ نہیں کریں گے ۔ جب تک آپ خود اپنی حالت نہیں بدلیں گے تو اس کے اوپر یہ لازم نہیں کہ وہ ہمارا ملک بحال رکھے اور ہمیں بحال رکھے ۔ وہ ایک منٹ میں کچھ کا کچھ کر سکتا ہے اور ہمارے اوپر دوسری قوم لا سکتا ہے اور دوسرا ملک بنا سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں ۔

The time is extended by 5 minutes. The Law Minister

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Sir, I will not take more than five minutes. The member from Karachi, Mr. Farooqi, advocated unification of laws and in that context suggested that the Control of Goondas Act should be applied in Karachi in preference to the Disorderly Persons Act.

Khawaja Muhammad Safdar: Both should be abolished. He never advocated it.

Minister of Law: This is what I understood the member saying in that context and I assure the members of this House that the Government is committed to unification of laws and has been doing it and shall continue to do so, because this is the main object of unification of this province. The Ordinance which will follow immediately after this is an attempt in that direction. I would say only a few words to the member. Admittedly Karachi is a cosmopolitan town; it produces cosmopolitan goondas and disorderly persons and, therefore, it will need cosmopolitan law which the members will find in the Disorderly Persons Act. It is the doings in a particular place which necessitated the imposition of a particular law. I was expecting very anxiously at least from Mr. Farooqi to cite just one single instance out of the cases placed before the House to show that this is within his knowledge that there is a case of political victimisation or in which there has been miscarriage of justice. I am glad that none has been quoted, none has been cited because none exists. As I have said earlier, this Act is being used very sparingly and in appropriate cases. There is not the slightest suggestion of any victimisation. So far as the need is concerned, the need is still there, although it may not be used, or very sparingly used. I would, therefore, again appeal to the members that it is not too late to please make up your mind and support this resolution.

Mr. Speaker: The question is:

That this Assembly do approve of the Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th April, 1965.

The motion was carried

Mr. Speaker: Before the House is adjourned, there is an announcement. Some of the members of the House have not so far paid one day's allowance towards the journalists benevolent fund. I would request them to do so at the earliest possible time.

The House now stands adjourned till 8.00 a.m. tomorrow.

The Assembly then adjourned till 8.00 a.m. on Wednesday, the 7th July, 1965.

Appendix I

(Ref: Starred Question No. 40)

EDUCATIONAL AND SOCIAL WELFARE ADVISORY COMMITTEE—MINUTES OF THE MEETING HELD ON 6TH MARCH, 1965 AT 12-30 P.M.

The third meeting of the Advisory Committee for Educational and Social Welfare set up by the Minister for Social Welfare, was held in the office of Mr. Qaiser Ali Khan, Provincial Organiser, Social Welfare, 41, Empress Road, Lahore, on 6th March, 1965, at 12-30 P M.

2. The following members attended the meeting :—

(1) Mr. Qaiser Ali Khan, C.S P., Provincial Organiser, Social Welfare.	...	Chairman.
(2) Dr. S.M.K. Wasti, FRCP., King Edward Medical College, Lahore.	...	Member.
(3) Mr. Mukhtar Sadiq, O.S D., Bureau of Curriculum Development, W/Pakistan, Education Department.	...	,,
(4) Sh. Mukhtar Ahmad, Superintending Engineer, Public Health Engineering Deptt; Temple Road, 1-Park Lane, Lahore.	...	,,
(5) Mian Zahoor-ul-Haq Farooqi, Represented Mian Mushtaq Ahmed, D.E., Lahore Region, Lahore.	...	,,
(6) Mr. Fakhar-ud-Din Balley, Press Information Officer to the Minister for Social Welfare, W/Pakistan.	...	,,
(7) Prof: Aman Ullah Khan, Represented Department of Islamic Studies, University of the Punjab, Lahore,	...	,,
(8) Maulana Abdul Quadar Azad, General Secretary, Islamic Mission, Bahawalpur.	...	,,
(2) Sayyid Ghulam Shabbir Bokhari, Education Advisor, Auqaf Deptt:	...	Secretary.

3. The minutes of the last meeting were passed.

EDUCATION SUB-COMMITTEE

4. The recommendations of the Education Sub-Committee were read out and considered by the Advisory Committee.

5. All the members were unanimous in their appreciation of the very useful and comprehensive recommendations made by this Sub-Committee.

6. The Committee was unanimously of the opinion that in order to successfully implement these deliberations, it is absolutely essential to fully involve the Education Department of the Provincial Government.

It was decided that a working paper, clarifying different issues, courses and areas of action and their timing be prepared by the Sub-Committee. This Working Paper will then be sent by the Chairman of the Advisory Committee to the Education Secretary to form the basis of his personal

meeting with the latter. The proposed meeting will also be attended, and in fact its deliberations will be guided by Mr. Mukhtar Sadiq.

It was further decided that in the light of the decisions taken in this meeting, ground should be prepared for a higher level meeting between the Minister for Social Welfare, the Minister for Education and the Chief Administrator of Auqaf.

7. The following further decisions were taken :—

I. The Sub-Committee should kindly go ahead with the re-orientation of the Text-Books in accordance with its deliberation. In this project, the Sub-Cammittee should associate and take guidance from the Education Department as fully and comprehensively as possible.

II. Supplementary books for the libraries, as recommended by the Sub-Committee, should be got prepared in the same manner, as quickly as possible.

III. Action in regard to the education and training of the teachers should also be undertaken simultaniously on the same lines as action in regard to the re-orientation of the Text-books for students. In fact, education and training of the teachers is required to proceed the education of the students but a line in point of time should not be drawn lest the work in respect of education of the students is delayed.

IV. In regard to the establishment of model school, it was unanimously decided to emphasise that, as recommended by the Sub-Committee, these schools, in spirit and in form, *must not be allowed to reflect life and culture of any alien Society*. The members strongly felt that in the matter of organization of new schools, the system and the contents of their education therein, or their architecture this basic principle must be our sole guide.

V. This Committee further appreciated very much the suggestion that where Government finances cannot meet the requirements of these projects, charitable limited concern should be floated with shares small enough to allow people of all income groups to make investment in the enterprise. It was decided that this concept be further examined by the Sub-Committee and a comprehensive scheme for its implementation be drawn up.

VI. The Sub-Committee should do all which is possible, for having the proper survey of the existing schools conducted so as to select suitable institution out of them for introducing new programme.

VII. Mr. Fakhar-ud-Din Balley, be requested to make recommendations for publicising the activities of this Advisory Committee in order to keep the people informed about the usefulness of the proposed projects and programme and to receive their fullest co-operation.

VIII. In regard to the Bahawalpur school, it was decided that, since this school has to be established specifically in accordance with the desire of the Minister for Social Welfare, the necessary details may be discussed by Mr. Mukhtar Sadiq and Sh. Mukhtar Ahmad with the Minister as soon as possible and further action may be taken by them in accordance with the Minister's instructions.

8. ISLAMIC MISSION PROJECT SUB-COMMITTEE

The deliberations of the Islamic Mission Project Sub-Committee were considered by the Advisory Committee.

9. It was felt that the establishment of a 'DAR-UL-MUBALIGHEEN' at Lahore is going to serve a very useful purpose, chiefly of providing the Government with properly trained personnel for looking after the Mosques and certain other institutions. It was unanimously decided that these deliberations be placed before the Minister who is personally interested in this Project and further action be taken in accordance with his advice.

Allama Ala-ud-Din Siddiqi, Sayyid Ghulam Shabbir Bokhari and Maulana Abdul Quadar Azad, were requested to take up this matter with the Minister.

10. SUB-COMMITTEE TO ORGANISE MORAL AND PHYSICAL WELFARE, PARTICULARLY IN RURAL AREAS

The recommendations of the Sub-Committee were read out. The Advisory Committee unanimoualy adopted these recommendations.

11. The following further suggestions were made :—

I. The Sub Committee should endeavour to ensure that the establishment of dispensaries, educational and recreational centres should be so planned so as to cut down the over-head cost of the establishment.

II. The report of the UNESCO. Study Group on 'Adult Education Campaign' should be studied and discussed since it might contain very useful ideas.

12. Dr. Wasti informed the Advisory Committee :—

(*i*) that the Health Technicians trained in Bahawalpur Medical School and Amin-ud-Din Medical School Quetta, might be available to fulfil some of these objectives after certain re-orientation in education, sports and moral studies.

(*ii*) that Dr. Toosi, Director of Health Services, Lahore Region, is organising a Total Health Endeavour Programme in two Union Councils in Sheikhupura District and the Government is providing the services of Lady Health Visitors, Vaccinators and Dispensers to these Union Councils.

13. The Advisory Committee was of the opinion that the ventures described above and others of the kind should be exploited in full to improve or supplement whatever the Sub-Committee has been c arged to do.

14. The Advisory Committee requested the Sub-Committee to persuade the Homeopaths also to take part in this project ond that the Sub-Committee may frame detailed proposals of various schemes suggested by it and place before the Advisory Committee as early as possible.

15. FINANCE SUB-COMMITTEE

The formation of the Finance Sub-Committee and its line of action were kept for the specific instructions of the Minister for Social Welfare. Maulana Abdul Quadar Azad, was requested to remind the Minister and to solicit his directions in this behalf.

16. The date and time of the next meeting of the Advisory Committee

will be fixed after the Sub-Committees have expedited and made further progress in the work assigned to them.

(QAISER ALI KHAN) CSP.,
Chairman,
Advisory Committee.

No. Dated.

A copy is forwarded for information :—

(1) The Minister for Cooperation, Labour and Social Welfare, West Pakistan, Lahore.

(2) All the members of the Advisory Committee and Conveners of the Sub-Committees with spare copies.

(Qaiser Ali Khan) CSP.,
Chairman,
Advisory Committee.

APPENDIX II

(*Ref* : *Starred Question No. 45.*)

ANNEXURE 'A'.

Period.	Amount of Taccavi Loans Advanced.		Amount of Taccavi Loans recovered.	
	Act XIX of 1883	Act XVII of 1958	Act XIX of 1883	Act XVII of 1958
1962-63.	33,17,400	57,59,863	27,85,674	42,73,299
1963-64.	45,02,622	67,13,415	26,51,679	39,15,909
1964-65.	74,39,181	82,57,529	22,71,819	27,35,754

ANNEXURE 'B'

Starred Assembly Question No. 45. Taccavi Advanced to M.N. As and Recovery Thereof.

PESHAWAR DIVISION.

S.No.	Name	District	Year	Amount Advanced	Amount so far Recovered.
1.	Khan Fida Muhamman Khan, M.N.A.	Peshawar.	1963-64.	5,000	No recovery.
2.	Azmat Ali Khan, M.N.A.	Kohat.	1962-63.	5,000	Recovery not yet due.
3.	—do—	—do—	1963-64.	10,000	—do—

HYDERABAD DIVISON.

4.	Jam Sadik Ali, M.N.A.	Sanghar.	1964-65.	15,000	—do—

ANNEXURE 'C'

Starred Assembly Question No 45. Taccavi Advanced to M.P. As and Recovery Thereof.

S.No.	Name	District	Year	Amount Advanced	Amount so far Recovered.
1.	Muhammad Hanif Khan, M.P.A.	Hazara.	1963-64.	5,000	No recovery.
2.	S.Haziq Ali Shah former M.P.A.	Kohat.	1962-63.	10,000	Recovery not yet due.
3.	—do—	—do—	1963-64.	5,000	—do—
4.	—do—	—do—	1964-65.	5,000	—do—
		D.I. KHAN DIVISION.			
5.	Muhammad Akbar Khan, M.P.A.	D.I. Khan.	1962-63	4,000	No recovery.
6.	Habibullah Khan, M.P.A.	—do—	1962-63	2,532	501.00
7.	Raza Khan, M.P.A.	Bannu.	1964-65.	2,000	Recovery not yet due.
		SARGODHA DIVISION			
8.	Hamidullah Khan, M.P.A.	Mianwali	1963-64	993	No recovery.
		MULTAN DIVISION.			
9.	Mal k Mohd Hussain, M.P.A	Muzaffargarh.	1962-63	1,000	1,000
10.	Mian Mohd Ibrahim, M.P.A.	—do—	1962-63.	5,575	2,358
11.	—do—	—do—	1964-65.	981	
		BAHAWALPUR DIVISION.			
12.	Mian Ghulam Nabi Maharvi former M.P.A.	Bahawal-nagar.	1963-64.	5,000	Recovery not yet due.
		HYDERABAD DIVISION.			
13.	Pir Ali Shah Ex-MPA.	Hyderabad.	1963-64.	20,000	No recovery.
14.	Khan Mohd Naizamani, M.P.A.	—do—	1964-65.	15,000	Recovery not yet due.
15.	Mir Wali Mohd, M.P.A. for himself and on behalf of his brother Ali Nawaz.	—do—	1964-65.	50,000	—do—

Assembly Question No. 45.

S.No.	Name	District	Year	Amount Advanced	Amount so far Recovered.
16.	Mir Wali Mohd, M.P.A. on behalf of Mst. Amna and Mir Shahid Ahmad being their General Attorney.	Hyderabad.	1964-65	30,000	—do—
17.	Malik Sikandar Khan, M.P.A.	Dadu.	1964-65.	6,000	—do—
18.	Mir Khuda Bux, M.P.A.	Tharparkar.	1964-65.	30,000	—do—
19.	Mir Khuda Bux, MPA. on behalf of his wife.	Tharparkar.	1964-65	30,000	Recovery not yet due.
20.	Mir Mohd Khan, M.P.A.	—do—	1964-65.	25,000	—do—
21.	Jamal Khan Ex-MPA	Thatta	1962-63.	5,000	5,000
22.	Sher Ali Shah, M.P.A.	—do—	1962-63.	20,000	Rs.8,000 recovered.
23.	Bashir Ahmad Shah, M.P.A.	—do—	1964-65.	10,000	Recovery not yet due.
24.	Jamal Khan Ex-MPA.	—do—	1964-65	25,000	—do—
25.	Jamal Khan Ex-MPA, on behalf of his two minor sons Ajaz Ali and Muzaffar Ali.	—do—	1964-65	30,000	—do—

APPENDIX III

(Ref : Starred Question No. 274)

STATEMENT "A."

Statement showing damage and losses caused by floods in Mianwali District in 1965.

Name of Tehsils	No. of villages affected.	Area affected in Acres.	Persons dead or missing.	Cattle lost.	Houses damaged or destroyed.		Food-grains destroyed in Mds.	Bhoosa destroyed in acres.	Croppod area distroyed in acres.	No. of wells/ Tube-wells damaged.		Value of Ghandiat.
										T.W.	Wells.	
					Kacha	*Paoca.*						
Mianwali.	57	9978	1	900	588	110	78091	76475	227	2	62	56165/-
		Wheat										
Isahkhel.	19	9559		483	163	82	3765	3765	284	5		18100/-
		523	—	—					—	—	—	—
Bhakkar.	85	1172	—	91	—	—	7100	7100	284	—		—
Total :—	161	11673	1	1474	751	192	88956	87340	583	7	52	74265/-
		11202 Wheat			943							

Sd/-
for Deputy Commissioner,
Mianwali.

STATEMENT B.

Statement showing estimated value (in rupees) of damage and losses caused by Floods in Mianwali District in 1965.

Name of Tehsil affected.	Estimated value of cattle-lost.	Estimated value of private houses damaged/ destroyed.	Estimated value of foodgrains destroyed.	Estimated value of Bhoosa destroyed.	Estimated value of crops destroyed.	Estimated cost of repairs/ reconstruction of wells/tube wells.	Estimated value of Ghandiat.	Total estimated value of loss.	Remarks,
Mianwali.	158915/-	235915/-	1656698/-	474176/-	38950/-	47180/-	56165/-	2607999/-	
Isakhel.	47483/-	54054/-	54264/-	13564/-	42010/-	25000/-	18100/-	254471/-	
Bhakkar.	15700/-	—	113600/-	28400/-	28400/-	—	—	186100/-	
Total :—	222098/-	289955/-	1824562/-	456140/-	109360/-	72180/-	74265/-	3048570/-	

Sd/-
for, Deputy Commissioner,
Mianwali.

APPENDIX IV

(Ref : Starred Question No. 376)

Statement showing the Allocation of Budget grant and Expenditure in Respect of Hyderabad and Khairpur Division for the year 1962-63.

PAY OF OFFICERS.

Name af Officers		Budget Grant	xpenditure	Variation	Reasons.
D.C.	Hyderabad.	3030	3000	(—) 30	
,,	Sukkur.	3380	3730	(+) 350	
,,	Khairpur.	4800	4600	(—) 290	
,,	Larkana.	3370	3200	(—) 170	
,,	Jaobabad.	...	...	...	
,,	Nawabshah.	3000	3000	...	
,,	Mirpurkhas.	3370	3300	(—) 70	
,,	Dadu.	3020	3090	(+) 70	
,,	Sanghar.	3620	3600	(—) 20	
,,	Thatta.	...	...	...	
	Total.	27,590	27,520	(—) 70	

PAY OF ESTABLISHMENT.

Name of Officers		Budget Grant	Expenditure	Variation	Reasons.
D.C.	Hyderabad.	8700	10550	(+) 1850	
,,	Sukkur.	5900	5000	(—) 900	
,,	Khairpur.	5610	13000	(+) 7390	
,,	Larkana.	5000	5000	...	
,,	Jacobabad.	4300	1200	(+) 3100	
,,	Nawab shah.	8200	7090	(—) 1110	

,,	Mirpurkhas.	11000	8170	(—) 2830
,,	Dadu.	6600	7600	(+) 1000
,,	Sanghar	7000	5690	(—) 1310
,,	Thatta.	4400	1730	(—) 2670
	Total.	66,710	65,030	(—) 1680

TRAVELLING ALLOWANCE.

Name of Officers		Budget Grant	Expenditure	Variation	Reasons.
D.C.	Hyderabad.	2300	3000	(+) 700	
,,	Sukkur.	900	830	(—) 70	
,,	Khairpur.	4700	3100	(—) 1600	
,,	Larkana.	3000	1030	(—) 1970	
,,	Jacobabad.	350	150	(—) 200	
,,	Nawabshah.	1050	800	(—) 250	
,,	Mirpurkhas.	3450	2600	(—) 850	
,,	Dadu.	2700	2400	(—) 300	
,,	Sanghar.	4150	2230	(—) 1920	
,,	Thatta	450	...	(—) 450	
	Total.	23,050	16,140	(—)6,910	

OTHER ALLOWANCES & HONORARIA.

Name of Officers		Budget Grant	Expenditure	Variation	Reasons.
D.C.	Hyderabad.	5900	5220	(—) 650	
,,	Sukkar.	5700	3000	(—) 2700	
,,	Khairpur.	4000	3000	(—) 1000	

,,	Larkana.	4000	3250	(—) 750
,,	Jacobabad.	1950	700	(—) 1250
,,	Nawab Shah.	6800	6740	(—) 60
,,	Mirpurkhas.	4950	5050	(+) 100
,,	Dadu.	4500	4500	...
,,	Sanghar.	5050	5050	...
,,	Thatta.	2500	500	(—) 2000
	Total.	45,350	37,010	(—)8,340

CONTENGINCIES.

Name of Officers		Budget Grant	Expenditure	Variation	Reasons.
D.C.	Hyderabad.	1990	1390	(—) 600	
,,	Sukkur.	1500	720	(—) 780	
,,	Khairpur.	1200	260	(—) 940	
وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ حاجی صاحب اس علاقے کے ممبر ہیں ۔ وہ خود ہی بتائیں کہ اب تک وہاں کس چیز کی کمی ہے ؟ اگر ایسا ہوا تو ہم ان کے خلاف کارروائی کریں گے کہ انہوں نے ہمیں غلط جواب کیوں دیا ہے ۔

حاجی عطا محمد ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر صاحب کو یہ بات بتا دینا چاہتا ہوں کہ وہ بنا ہوا بھی نہیں اور نہ ہی چلنے کے لائق ہے ۔ اور اس طرح لوگوں کو بہت تکلیف ہے ۔

MONTHLY TRAVELLING ALLOWANCE FOR SUB-DIVISIONAL OFFICERS OF THE BUILDING AND ROAD DEPARTMENT

***611. Haji Sardar Atta Muhammad Khan Lund** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that Sub-

Divisional Officers of the Building and Road Department serving in the former Province of Sind, do not get any monthly Travelling Allowance as is given to their counterparts in the former Province of Punjab ; if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون): مہتمم صاحبان (ایس۔ڈی۔او) محکمہ تعمیرات عامہ سابقہ صوبہ سندھ کو ماہانہ سفر خرچ نہیں ملتا اور انکے متقابل سابقہ صوبہ پنجاب کے مہتمم صاحبان (ایس۔ڈی۔او) کو بھی ماہانہ سفر خرچ نہیں ملتا ۔

METALLING OF GUJAR KHAN-BAGHAM ROAD IN RAWALPINDI DISTRICT

*627. **Brigadier Chaudhri Fateh Khan** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that ceremony of launching of work on Gujar Khan-Bagham Road in Rawalpindi District was performed by the Deputy Commissioner of the said District about 3 months ago, but no work has so far been started on its metalling ; if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : جی ہاں یہ صحیح ہے کہ راولپنڈی کے ڈپٹی کمشنر جو کہ دیہی کاموں کے پروگرام کا پروجیکٹ ڈائرکٹر بھی ہے اس سڑک پر کام شروع کرنے کی رسم کا افتتاح ۱۱ مارچ ۱۹۶۵ء کو کیا ۔ یہ P.W.D. کی سڑک نہیں ہے ۔ بلکہ ڈسٹرکٹ کونسل کی سڑک ہے P.W.D. اس سڑک کو ڈسٹرکٹ کونسل کی جانب سے پختہ کر رہی ہے ۔ اس کام کے شروع کرنے میں تاخیر اس وجہ سے ہوئی کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے دیر سے پیسے دیئے ۔ پیسوں کی پہلی قسط ۱۹ جون ۱۹۶۵ء کو ملی اور کام ۲۱ جون ۱۹۶۵ء کو شروع کردیا گیا۔

LAYING OF A RAILWAY TRACK BETWEEN JAMKE CHATHA AND CHINIOT

*628. **Chaudhri Saifullah Khan Tarar :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the date on which (*i*) orders were issued for undertaking preliminary survey of the area between Jamke Chatha and Chiniot in Chenab Valley for laying a railway track there ; (*ii*) preliminary survey was started and (*iii*) the work on preliminary survey was completed ;

(*b*) whether as a result of the said preliminary survey, the financial prospects have been found favourable and final survey is being undertaken ; if so, the approximate time required for laying the said track ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خاں تمن): (الف) (i) فروری ۱۹۶۴ء

(ii) فروری ۱۹۶۴ء -

(iii) جون ۱۹۶۴ء -

(ب) مالی نتائج اس سکیم کے حق میں نہیں ہیں لہذا تفصیلی ٹریفک و انجینئرنگ سروے کرنے یا لائن بچھانے کا سوال پیدا نہیں ہوتا -

---

METALLING OF KHUSH MAQAM-TARO JABHA TARKHA ROAD

*642. **Mr. Jala-ud-Din** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether Government have allocated any amount for metalling Khush Maqam-Taro Jabha Tarkha Road ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative the amount so allocated;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the negative whether there is any scheme for metalling the said road;

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) جی نہیں ۔

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(ج) جی نہیں ۔

FORMULATION OF SCHEME BY RAILWAY ADMINISTRATION FOR PROVIDING CERTAIN AMENITIES FOR PASSENGERS IN QUETTA DIVISION

***664. Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Railway Administration has formulated new schemes for providing certain amenities for passengers at a number of Railway Stations in Quetta Division ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) details of the said amenities, (*ii*) the names of the stations in the said Division where the said amenities will be provided, (*iii*) the amount sanctioned for each scheme and (*iv*) the time by which the said schemes will be implemented ?.

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان ٹمن) : (الف) جی ہاں ۔

(ب) سہولتوں کے کوائف ، سٹیشنوں کے نام جہاں یہ سہولتیں فراہم کی جائینگی ، اس سلسلے میں ہر ایک کام کیلئے منظور شدہ رقم اور وہ مہینہ جس میں مذکورہ کام مکمل ہونے کی توقع ہے منسلکہ ضمیمہ اے میں درج کر دئے گئے ہیں ۔

ANNEXURE 'A'

Full particulars of the amenities which have been included in the 1965-66 programme for different stations on Quetta Division.

S. No.	Particulars of the amenities	Name of Stations where amenities are to be provided	Amount sanctioned	Time by which amenities will be provided.
1	2	3	4	5
1.	Extension of the shelter in front of refreshment room.	Sibi	Rs. 46,000	June, 1966.
2.	Third class waiting hall.	Shelabagh	Rs. 13,000	November, 1965.
3.	Flush type latrines in upper class waiting rooms.	Bostan and Chaman	Rs. 13,000	October, 1965.
4.	Tea stalls	Mustang, Chaman, Shelabagh, Qila Abdullah, Bostan, Yaru, Abigum, Babar Kachh, Killa Saifullah, Simzai and Spezand.	Rs. 20,000	May, 1966.

5.	Shelter over passenger platform No.1	Quetta	Rs. 75,000	June, 1967.
6.	Benches at stations	Khanai, Hindu Bagh, Kila Saifullah, Nushki, Ahmadwal, Dalbandin, Nok Kundi, Bostan and Chaman.	Rs. 3,000	June, 1966.
7.	Foot over-bridge	Mach	Rs. 49,000	June, 1966.
			Rs. 2,19,000	

PROVISION OF EMPTY RAILWAY WAGONS AT CERTAIN STATIONS IN QUETTA AND KALAT DIVISIONS

*665. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the yearwise number of empty railway wagons provided for the loading of fruit, coal, chromite and other commodities during the years 1963-64 and 1964-65 in Quetta and Kalat Divisions at each of the following stations for each commodity separately :

(1) Quetta

(2) Spezand

(3) Mach

(4) Harnai

(5) Shahrig

(6) Khost

(7) Abi-Gum

(8) Zardalu

(9) Chaman

(10) Gulistan and

(11) Hindubagh

(*b*) whether it is a fact that due to the non-availability of empty wagons, the coal remains unloaded at various stations in the said Divisions for a long time with the result that it catches fire causing a loss of lacs of rupees to the coal mine owners and also to Government;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take to remedy the situation;

(*d*) the estimated number of empty wagons to be supplied each of the above mentioned stations for the loading of each of the said commodities during 1965-66?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : **(الف)** خالی ویگنوں کی تعداد جو پھل ، کوئلہ ، کرومائٹ اور دوسری اشیاء کیلئے ۱۹۶۳-۶۴ء اور ۱۹۶۴-۶۵ء میں کوئٹہ اور قلات سول ڈویژنوں کے محولہ بالا سٹیشنوں پر دی گئی درج ذیل ہے -

سٹیشن	۱۹۶۳-۶۴ء					۱۹۶۴-۶۵ء				
	پھل	کوئلہ	کرومائٹ	دیگر اشیاء	کل تعداد	پھل	کوئلہ	کرومائٹ	دیگر اشیاء	کل تعداد
کوئٹہ	۱۳۴۳	۱۶۵۸۹	—	۵۱۹۱		۱۷۷۲	۱۵۱۲۱	—	۷۲۶۰	
سپیزند	—	۵۶۳۳	—	۲۲		—	۵۰۵۵	—	—	
مچھہ	—	۳۷۷۶	—	۳۵۵		—	۳۷۳۶	—	۸۳۳	
ہرنائی	۲۴۹	۶۶۹	—	۵۳۹		۱۸۳	۶۶۵	—	۳۲۲	
شارگ	—	۴۰۶۹	—	۴۲		—	۴۰۷۰	—	—	
گھوسٹ	—	۴۳۲	—	—		—	۳۹۲	—	—	

سٹیشن	۱۹۶۳-۶۵ء					۱۹۶۴-۶۵ء				
	پھل	کوئلہ	کرومائٹ	دیگر اشیاء	کل تعداد	پھل	کوئلہ	کرومائٹ	دیگر اشیاء	کل تعداد
ابی گم	—	۴۴۰	—	۱۱۸۳		—	۲۷۰	—	۱۲۱۰	
زرد آلو	—	۳۲۲	—	—		۳۱۸۹	۵۳۴	—	—	
چمن	۱۵۳۷	—	—	۲۱۶		—	—	—	۳۶۸	
گلستان	۲۹	—	—	—		۷۲	—	—	—	
ہندو باغ	—	—	۹۳۴	—		—	—	۱۰۲۴	—	
کل تعداد	۳۱۵۸	۳۱۹۳۰	۹۳۴	۷۵۷۸	۳۳۶۰۰	۵۲۱۶	۲۹۸۴۳	۱۰۲۴	۹۹۹۴	۴۶۰۷۷

(ب) جی نہیں ۔ درست صورت حال یہ ہے کہ عام طور پر ضروریات کے مطابق ویگن مہیا کر دئیے جاتے ہیں البتہ چند مواقع ایسے ضرور آئے ہیں جب کہ کوئلہ کی لدائی کوئلہ کی کانوں کے مالکان نے روک دی تھی ۔ تاکہ مارکیٹ کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جا سکے ۔ ایسے مواقع پر کوئلہ جمع ہو گیا تھا ۔

(ج) حصہ (ب) بالا کا جواب چونکہ اثبات میں نہیں ہے لہذا تدارکی کارروائی کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(د) ۱۹۶۵-۶۶ء میں خالی ویگن سپلائی کرنے کی تعداد کا اندازہ مہیا نہیں کیا جا سکتا ۔ ویگن مہیا کرنے کا دار و مدار مختلف قسم کے سامان کے لئے ویگنوں کی مانگ پر منحصر ہے ۔ بہرحال مانگ کے مطابق مسلسل طور پر ویگن مہیا کرنے کا انتظام کیا جائے گا ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ جناب وزیر ریلوے نے میرے سوال کے حصہ (ب) کا جو جواب دیا ہے وہ میرے خیال میں درست نہیں ۔ کیا جناب وزیر بتا سکتے ہیں کہ ۱۹۶۳-۶۴ء میں کوئلے کے لئے جتنے ویگن مہیا کئے گئے تھے ان کے مقابلے میں ۱۹۶۴-۶۵ء میں کتنے ویگن کم مہیا کئے گئے ؟ اور کیا آپ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ ویگن مانگ کے مطابق مہیا کئے جاتے ہیں ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ میرے سوال کے جواب میں جناب وزیر نے یہ جو فرمایا ہے کہ بعض اوقات کوئلے کے مالکان

خود اس کی loading بند کرکے کوئلے کی قیمتیں کنٹرول کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اس کے متعلق میں ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ یہ بالکل غلط ہے ۔ کوئلے کے مالکان نے آج تک کبھی ایسا نہیں کیا ۔

کیا جناب وزیر بتا سکتے ہیں کہ کوئلے کے مالکان کی طرف سے کتنی تاریں ۱۹۶۴-۶۵ء کے دوران جنرل مینجر صاحب اور دیگر افسران بالا کو بھیجی گئی تھیں؟

Mr. Speaker : I think the Member should give fresh notice for that so that the Minister may be able to give the number of telegrams.

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ میرے سوال کے جواب میں جو فقرہ استعمال کیا گیا ہے ۔ یہ ڈویژنل ٹرانسپورٹ آفیسر کوئٹہ کی طرف سے لکھا گیا ہے ۔ جس کے ہاتھ سے کوئلے کے مالکان سخت تنگ ہیں ۔ اور اس امر کی کوئلے کے مالکان کئی بار شکایت کر چکے ہیں کہ اس کا رویہ کوئلے کے مالکان کی طرف درست نہیں ۔ اور وہ ان کو ہمیشہ تنگ کرنے کی کوشش کرتا ہے ۔

جناب والا ۔ اگر جناب وزیر مجھے اجازت دیں تو میں اس فقرے کی بابت یہ چیز ثابت کروں گا کہ یہ ڈویژنل ٹرانسپورٹ آفیسر کوئٹہ کی زیادتی ہے ۔

Mr. Speaker : Will the Minister please look into it ?

وزیر ریلوے ۔ جناب ۔ گذارش یہ ہے کہ میں آپ کے سامنے

figures پیش کرتا ہوں جن سے آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ انہوں نے کوئلہ hold کیا ہے یا نہیں ۔

یکم مئی ۱۹۶۴ء کو وہاں ان کا سٹاک ۵۸۹ ٹن تھا ۔ اور جو انہوں نے load کرایا ۔ وہ ۲۱۶ ٹن تھا ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ یہ کس سٹیشن کا ذکر ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب یہ combined loading کا total ہے ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ کوئلہ کی loading تو مختلف سٹیشنوں سے ہوتی ہے اور وہ سٹیشن تو بہت دور دور ہیں ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب یہ ہماری loading کا total ہے ۔ اگر آپ علیحدہ علیحدہ چاہیں تو مجھے نوٹس دے دیں ۔ میں آپ کو اس کا جواب بھی مہیا کر دوں گا ۔

علاوہ ازیں آپ نے جو یہ شکایت کی ہے کہ وہ اس سے تنگ ہیں ۔ یا صحیح figures مہیا نہیں کئے گئے ۔ تو ان کے لئے آپ میرے پاس تشریف لے آئیں ۔ جو کچھ آپ کہیں گے ۔ میں اس کے متعلق معلومات حاصل کر کے انکوائری کرا لوں گا ۔

سردار محمد اسحاق خان ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں وزیر صاحب ریلوے کے پاس پہنچ کر یہ چیز ثابت کروں کہ یہ فقرہ بالکل غلط ہے ۔

وزیر ریلوے - جناب والا - معزز رکن جس وقت چاہیں تشریف لا سکتے ہیں -

---

FORMULATION OF SCHEMES BY RAILWAY ADMINISTRATION FOR PROVINDING CERTAIN FACILITIES TO ITS CLASS III AND IV STAFF IN QUETTA DIVISION

*666. **Sardar Muhammad Ishaq Khan** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Railway Administration has formulated some new schemes for providing residential, medical, educational and other facilities to its Class III and IV staff in Quetta Division during 1965-66;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the amount provided for each of the said schemes, (*ii*) the stations where the said facilities will be provided to the said staff and (*iii*) the approximate date by which the said schemes will be implemented ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) - (الف) جی ہاں -

(ب) (*i*) ان میں سے ہر ایک سکیم کے لئے جو رقم مخصوص کی گئی ہے مندرجہ ذیل ہے -

رہائشی سہولتیں	۱۸۰۶۰۰ روپے
طبی سہولتیں	۲۵۰۰۰۰ روپے
تعلیمی سہولتیں	۱۷۰۰۰۰ روپے
دیگر سہولتیں	۵۰۰۰۰ روپے

ہر ایک سکیم کا اندازاً خرچ اور وہ رقم جو سال ۱۹۶۵-۶۶ء میں خرچ ہوگی منسلکہ ضمیمہ نمبر ۱ میں درج ہیں* -

(i) ان سٹیشنوں کے کوائف جہاں سہولتیں بہم پہنچائیں جائیں گی منسلکہ ضمیمہ نمبر ۱ میں درج کر دئے گئے ہیں* -

(ii) یہ تمام سکیمیں مالی سال ۱۹۶۵-۶۶ء میں شروع کر دی جائیں گی لیکن موجودہ سال میں اتنا ہی خرچ کیا جا سکے گا جس قدر رقم مہیا کی جائے گی کہ یہ تمام سکیمیں تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں مکمل ہو جائیں گی - کام ختم ہونے کی تاریخ اس وقت نہیں بتائی جاسکتی کیونکہ اس کا انحصار تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے دوران سال بہ سال رقم کی فراہمی پر منحصر ہے -

---

PAYMENT OF THE ARREARS OF SALARY TO CH. MUHAMMAD SALIM AN OVERSEER IN B. AND R. LYALLPUR CONSTRUCTION DIVISION, BAHAWALPUR REGION

*694. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Ch. Muhammad Salim is employed as an Overseer in B. and R. Lyallpur Construction Division, Bahawalpur Region ;

(*b*) whether it is also a fact that arrears of salary for the period from 24th March 1954 to 30th August 1956 amounting to Rs. 4311/10 are due to him, vide Chief Engineer, West Pakistan B. and R. Department's letter No. 143-E/56/791-E 11 (*i*) dated 24th May 1960 addressed to Mr. Bashir Ahmad, father of the said Chaudhri Muhammad Salim ;

*Please see Appendix II at the end.

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for with-holding payment of the said amount, (*ii*) date by which payment is likely to be made ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) اس معاملہ کی نوعیت زائدالمیعاد مطالبہ کی ہے ۔ اور اس سلسلہ میں محکمہ مالیات کی منظوری حاصل کرنا لازمی ہے ۔ جہاں کہ یہ معاملہ زیر غور ہے ۔ مطلوبہ رقم کی ادائیگی محکمہ مذکور کی منظوری ملنے پر کی جائے گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ یہ case محکمہ کے تساہل کی وجہ سے زائدالمیعاد ہوا ہے یا متعلقہ اہل کار کی وجہ سے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ کیس محکمہ کی وجہ سے نہیں ہوا ۔ بلکہ اہل کار کی وجہ سے ہوا ہے ۔ متعلقہ اورسیر کے خلاف پولیس نے ایک کیس رجسٹر کیا تھا ۔ اس سلسلہ میں اسے ۴-۴-۴۳ کو suspend کیا گیا اور پھر ۱-۹-۵۶ کو دوبارہ اسے ڈیوٹی پر تعینات کیا گیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ۹ سال تک بقایاجات نہیں مل سکے ۔

وزیر تعمیرات و مواصلات ۔ حمزہ صاحب کی خاطر انشاءاللہ اب اسے دو ہفتہ میں بقایاجات مل جائیں گے ۔

PROVISION AND EXTENSION OF THE INTER-CLASS COMPARTMENT IN THE SHAHEEN EXPRESS

*695. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there was no Inter-Class Compartment on 19th June 1965 in the Shaheen Express running between Sialkot and Karachi *via* Lyallpur ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor ;

(*c*) whether it is a fact that there is a general complaint that inter-class accommodation provided in the train mentioned in (*a*) above is extremely short of requirements;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, whether the Railway Administration intends to meet the people's demand and provide more inter-class compartments in the said train?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) مورخہ ۱۹ جون ۱۹۶۵ء کو ۱۰ ڈاؤن شاہین ایکسپریس میں انٹر کلاس کی جگہ نہیں تھی کیونکہ اس گاڑی میں لگائے جانے والا انٹر کلاس کا ڈبہ خراب ہو گیا تھا اور فی‌الوقت اس کو بدلنے کے لئے کوئی فالتو ڈبہ موجود نہ تھا ۔

(ج) جی نہیں ۔ عام طور پر شاہین ایکسپریس میں جو سیالکوٹ اور کراچی کے درمیان چلتی ہے ایک انٹر کلاس کا ڈبہ جس میں ۸۴ مسافر بیٹھ سکتے ہیں مہیا کیا جاتا ہے جو انٹر کلاس میں سفر کرنے والے مسافروں کے لئے کافی تصور کیا جاتا ہے ۔

(د) شاهین ایکسپریس میں انٹر کلاس کے لئے جگہ کم ہونے کے بارے میں کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے لیکن اتفاقیہ بھیڑ کی وجہ سے جو لائل پور سے ہوتی ہے تیسرے درجہ کے دو ڈبوں میں سے ایک کو جو شاہین ایکسپریس کے ساتھ لائل پور اور کراچی کے درمیان چلتے ہیں ایک ملے جلے انٹر تھرڈ ڈبہ سے تبدیل کرنے کا خیال ہے ۔ یہ انتظام عنقریب کر دیا جائے گا جب کہ کچھ نئے مخلوط ڈبے چلائے جائیں گے۔ انٹر کلاس میں لائل پور اور کراچی کے درمیان ۴۲ سیٹوں کا اضافہ ہو جائے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ نے فرمایا ہے کہ ۹-۶-۶۵ کو شاہین ایکسپریس میں کوئی ڈبہ نہیں تھا ۔ کیونکہ وہ خراب ہو گیا تھا ۔ میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ کیا آپ کا محکمہ ایسے ناگزیر حالات میں جب کوئی ڈبہ خراب ہو جائے متبادل انتظام نہیں کر سکتا ؟

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ ہم فالتو ڈبے رکھتے ہیں اور ایسے موقعوں پر کوئی ڈبہ replace بھی کیا جا سکتا ہے لیکن آپ ذرا ان دنوں پر نظر ڈالیں جب بارڈر کی طرف ٹریفک زیادہ ہو گیا تھا ۔ محکمہ کے پاس جتنے فالتو ڈبے تھے وہ اس وقت کام میں لگے ہوئے تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ بتا سکیں گے کہ اس ڈبہ کی گنجائش کیا تھی ؟

وزیر ریلوے ۔ ۸۴ تھی ۔

مسٹر حمزہ - آج ڈیڑھ ماہ ہو گیا ہے کیا آپ یقین کریں گے کہ میں نے خود اس گاڑی میں سفر کیا ہے - انٹر کلاس کے ڈبہ میں صرف ۱۲ مسافروں کی گنجائش تھی -

وزیر ریلوے - اس کے لئے میں نے جواب کے حصہ (د) میں عرض کر دیا ہے -

مسٹر حمزہ - ۸۴ کی کیسے گنجائش ہو سکتی ہے وہاں تو صرف ۱۲ کی گنجائش تھی -

وزیر ریلوے - ہم ایک اور ڈبہ لگانے کی تجویز کر رہے ہیں اور اب ۴۲ سیٹیں بڑھ جائیں گی -

مسٹر حمزہ - آپ کی بڑی مہربانی ہے لیکن میں یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ آپ نے جو جواب دیا ہے وہ درست نہیں - ۸۴ مسافروں کی گنجائش نہیں تھی- ڈیڑھ ماہ پہلے میں نے خود اس گاڑی میں سفر کیا صرف ایک ڈبہ تھا - مرد اور عورتوں کے لئے - اور اس میں صرف ۱۲ کی گنجائش تھی -

وزیر ریلوے - کیا آپ تاریخ بتا سکتے ہیں؟

مسٹر حمزہ - مجھے افسوس ہے کہ اس وقت میں تاریخ نہیں بتا سکتا -

وزیر ریلوے - آپ مجھے بعد میں بھیج دیں میں انکوائری کرا لوں گا -

CONSTRUCTION OF A METALLED ROAD UPTO TAUNSA BARRAGE TO LINK FORMER BALUCHISTAN WITH FORMER PUNJAB THROUGH KINGRI, BOOHA, HINGLOON KACH AND BARTHI

*712. **Sardar Manzoor Ahmad Khan**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether there is any scheme under the consideration of Government to construct a metalled road up to Taunsa Barrage to link former Baluchistan with the former Punjab through Kingri, Booha, Hingloon Kach and Barthi;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that the construction of the said link road *via* Musa Khel, Drug and Kot Qaisrani up to Taunsa Barrage would reduce the distance between the two areas and also minimise the expenditure to be incurred thereon;

(*c*) whether it is a fact that the distance between Multan and Fort Sandeman and Loralai would be reduced by 100 miles, if the link road is constructed according to the alignment given in (*b*) above;

(*d*) whether it is a fact that more tribes belonging to former Baluchistan are likely to be benefited from the link road mentioned in (*b*) above;

(*e*) the amount likely to be saved by Government in case the said road is constructed according to the alignment proposed in (*b*) above;

(*f*) whether it is a fact that the road referred to in (*b*) above will pass through under developed areas of former Baluchistan and former Punjab;

(*g*) whether it is a fact that both the District Councils, Fort Sandeman and Loralai, recommended the construction of the road mentioned in (*b*) above;

(*h*) whether it is a fact that the Divisional Council Quetta also recommended the construction of the road referred to in (*b*) above ; if so, the steps Government intend to take in this behalf ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی نہیں ۔ فاصلہ اور لاگت زیادہ ہوں گے ۔

(ج) ملتان تا فورٹ سنڈیمن اور ملتان تا لورالائی بذریعہ راستہ نمبر (الف) قریب ۲۶۷ ، ۲۴۱ میل ہوگا مگر بذریعہ راستہ نمبر (ب) فاصلہ جات ۲۱۳ ، ۲۸۰ علی الترتیب ہوں گے ۔

(د) یہ تو معلوم نہیں کہ ہر متذکرہ راستے سے کتنے قبیلے مستفیض ہوں گے مگر کمشنر صاحب کوئٹہ ڈویژن نے کنگری تا تونسہ بیراج راستہ کی سفارش کی ہے ۔

(ہ) راستہ متجودہ شک (ب) نہ تو قابل عمل ہے اور نہ ہی کم خرچ ۔

(و) دونوں ہی راستہ جات غیر ترقی یافتہ علاقوں سے گذرتے ہیں مگر راستہ متجودہ شک (ب) قابل عمل نہیں ہیں ۔

(ز) و (ح) یہ تو علم نہیں کہ کونسا ضلع کونسل نے کس راستہ کے حق میں ہے ۔ مگر کمشنر صاحب کوئٹہ ڈویژن نے کنگری تا تونسہ بیراج راستہ کی سفارش کی ہے ۔

METALLING OF ROAD FROM GLOAI TO PUNIALA IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

*727. **Khan Muhammad Akbar Khan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that the road from Gloai to Puniala in Dera Ismail Khan District is a katcha road; if so, whether there is any scheme for the metalling of the said road during the Third Five Year Plan Period?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - یہ سکیم گورنمنٹ کے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ کی تجاویز میں شامل ہے - جو اس وقت حکومت کے زیر غور ہیں -

---

METALLING OF ROAD RUNNING ALONG PAHARPUR CANAL TO CHASHMA IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

***728. Khan Muhammad Akbar Khan** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the road running along the Paharpur Canal to Chashma in Dera Ismail Khan District is a katcha road ;

(*b*) whether it is also a fact that during rainy season the said road becomes impassable and consequently the villages situated on the said road are cut of from the District Headquarters ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for metalling the said road during the 3rd Five Year Plan ; if so, the time by which the said road will be metalled ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں -

(ج) جی نہیں -

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

CONSTRUCTION OF THE ROAD FROM SUKKUR TO PIRYALO GOTH VIA PIRYALO

*745. **Haji Sardar Atta Muhammad Khan Lund**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the date on which the work on the construction of the road from Sukkur to Piryalo Goth via Piryalo from 8th mile onwards commenced;

(*b*) the work so far done on the said road ;

(*c*) the time by which the work on the said portion of the road was scheduled to be completed ; and the time by which it is likely to be completed ;

(*d*) whether it is a fact that due to construction of the said portion of the road heavy traffic, including Buses, Motor Cars, Trucks is directed to pass on another road which besides being in a deplorable condition and 6 miles to the journey ?

وزیر مواصلات - (مسٹر محمد خان جنیجو) - (الف) اس حصہ کا کام ۱۹۶۴ء کے آخر میں شروع ہوا -

(ب) تین میل سڑک پختہ ہو چکی ہے -

(ج) یہ کام ۱۹۶۵-۶۶ء میں مکمل ہونا قرار پانا تھا توقع ہے کہ کام اس دوران مکمل ہو جائیگا -

(د) جی ہاں - چونکہ سڑک زیر تعمیر ہے لہذا ٹریفک کو مجبوراً قریباً ۵ میل غیر پختہ ڈسٹرکٹ کونسل سڑک پر سے گذارنا پڑا -

METALLING OF THE ROAD FROM SETHARJA TO THHARI

*746. **Haji Sardar Atta Muhammad Khan Lund**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the shingling of the road from Setharja to Thhari was completed some time ago but the metalling of the road has not yet been done ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the time by which the metalling of the said road is likely to be completed?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) یہ سکیم تار کول کرنے کے لئے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں شامل کی گئی ہے اور سال روان میں ۲ لاکھ روپے مخصوص کئے گئے ہیں ۔ توقع ہے کہ سڑک منصوبہ کے اندر مکمل ہو جائے گی ۔

REPAIRS OF ROADS IN PESHAWAR DIVISION

*757. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the mileage of roads repaired in the Peshawar Division during 1963-64 and 1964-65 alongwith the mileage of those to be repaired during 1965-66 in the said Division ;

(*b*) the names and mileage of roads repaired in each tehsil of Hazara District during each of the said years and in case, no road was repaired in Abbottabad tehsil during the said period, reasons therefor;

(*c*) the names and total length of roads to be repaired in the above named tehsil during 1965-66 ?

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) : (*a*) Total mileage of Road repaired during 1963-64 and 1964-65 and to be repaired during 1965-66 in (Peshawar Division Area) is as under :—

1	2	3
Year	*Metalled*	*Unmetalled*
1963-64	1082.40	1828.663
1964-65	1196.161	1790.473
1965-66	1214.616	1788.623

(*b*) The names and mileage of Roads repaired Tehsil-wise in Hazara District are as under :—

1	2		3	4
Year	*Tehsil*		*Metalled*	*Unmetalled*
1963-64	*Abbottabad Tehsil*			
1.	Hazara Trunk Road	...	23.00	...
2.	Abbottabad-Thandiani Road	...	0.34	12.00
3.	Nawan Shehar-Mirpur Link Road	...	0.75	3.25
4.	Nawan Shehar Approach Road	...	1.09	...
5.	Abbottabad-Murree Road	...	21.76	12.24
6.	Galies Location Road	...	...	13.34
7.	Civil Station Road Abido	...	4.506	...
8.	Abbottabad Sherwan Road	...	0.265	22.96
9.	Gada Halagali Road	...	...	23.642

1	2	3	4
Year	*Tehsil*	*Metalled*	*Unmetalled*
10.	Old Shewan Road ...	...	1.00
11.	Havelian Upper and Lower Railway Station Approach Road	... 1.14	... ...
12.	Maqsood-Lora Ghora Gali Road ...	...	33.024
		52.851	121.456
1963-64	*Haripur Tehsil*		
1.	Hazara Trunk Road ...	23.544	...
2.	Kot Najib Ullah Railway Station Approach Road ...	2.88	...
3.	Haripur Tenda Ghazi Road ...	31.50	...
4.	Haripur Fort of Tehsil Link Road ...	...	0.64
5.	Approach Road to Central Jail Road Haripur ...	1.027	...
6.	Haripur Seri Kot Road Saleh ...	10.00	8.26
7.	Mirpur Sarai Saleh Road ...	13.70	...
8.	Haripur Khanpur Turbla Road ...	22.778	...
9.	Approach Road to Jandiala Temple ...	0.11	...

1	2		3	4
Year	*Tehsil*		*Metalled*	*Unmetalled*
10.	Mohra Morado Road	...	0.085	...
11.	Janlian Manesty Road	...	0.75	...
12.	Likarian Dak Bangalo Road	...	0.13	...
13.	Sarai Saleh Railway Station Approach Road	...	0.176	...
14.	Balder Railway Station Road	...	0.06	...
15.	Haripur-Talakar Road	...	...	0.66
16.	Kalabat Kachi Road	...	...	7.00
17.	Sarai Saleh-Rehana Road	...	3.86	...
18.	Pind Ghakara Road Jullian Link Road and Usman Khattar Road	...	0.125	...
19.	Rehana Khanpur Texila Via Pir Kot Nurdi Mong, Road	...	3.00	...
20.	Maqsood Lora-Ghora Gali Road	...	...	5.00
			113.725	21.56

1	2		3	4
Year	*Tehsil*		*Metalled*	*Unmetalled*
1963-64	*Amb State*			
	Thaple Darband Sher Garh Oghi Ahl Road	...	...	22.575
			...	22.575
1963-64	*Mansehra Tehsil*			
1.	Hazara Trunk Road from Mile 83 to 109	...	26.00	...
2.	Dadar Bhogramong-Sacha Battal Road	...	19.00	23.22
3.	Mansehra Baffa Ichhrian Ahl Battal Sharkool Road mile 8 Junction to Sherkool including Baffa Link Road	...	19.25	7.00
4.	Kaghan Valley Road from Dogar Nala to Babu Sarpass	...	3.00	102.50
5.	Mansehra Khaki Oghi Delbori Battagram Thakot Road	...	7.06	49.825
6.	Khaki Paniali Road	...	...	5.625
7.	Thapla Darband-Shergarh Oghi Ahl Road	...	...	34.00

1	2		3	4
Year	*Tehsil*		*Metalled*	*Unmetalled*
8.	Khaki Phulra including Approach Road to Barhana Village.	...	...	10.75
9.	Shinkiari Ram Nagar Road	...	...	2.50
			74.31	235.42
1964-65	*Abbottabad Tehsil*			
	As per last year	...	52.851	121.456
	Abbottabad-Murree Road	...	+ 2.740	—2.740
		Total	55.591	118.716
	Haripur Tehsil			
	As per last year	...	113.725	21.56
	Pind Ghakara Jullian Link Road and Urmar Khattar Road	...	2.965	...
	Rehana Khanpur Texila Road via Pirkot Nurdi Mong	...	1.500	5.83
		Total	118.19	27.39

1	2		3	4
Year	*Tehsil*		*Metalled*	*Unmetalled*
	Umb State			
	As per last year	...	...	22.575
		Total	...	22.575
	Mansehra Tehsil			
	As per last year	...	74.31	235.42
	Mansehra-Baffa Ichrian Road	...	5.25	2.50
		Total	79.56	232.92
1965-66	*Abbottabad Tehsil*			
	As per last year	...	55.591	118.716
	Haripur Tehsil			
	As per last year	...	118.19	27.39
	Amb State			
	As per last year	...	...	22.575
	Mansehra Tehsil			
	As per last year	...	79.56	232.92

Total length of Roads to be repaired in the Abbottabad Tehsil during 1965-66 may be considered the same as indicated against Item (b) above.

CONSTRUCTION OF ROAD BETWEEN VILLAGE KALA BAGH AND BAGAN IN TEHSIL ABBOTTABAD

*775. **Sardar Gul Zaman Khan** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that no road exists between Village Kala Bagh and Bagan in Tehsil Abbottabad and the residents of these villages have, therefore, to face great hardships for lack of means of communications ;

(*b*) whether it is a fact that funds have already been allocated for constructing a road between the said villages ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, (*i*) the length of the proposed road, and (*ii*) the date by which construction work on it will be taken in hand ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ (الف) ایبٹ آباد تحصیل میں کالا باغ اور بھاگاں گاؤں کے درمیان محکمہ بی اینڈ آر کی کوئی سڑک نہیں ہے ۔

(ب) محکمہ بی اینڈ آر میں ایسی کسی سڑک کے لئے کوئی رقم مخصوص نہیں کی گئی ۔

(ج) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

EXTENSION IN TIME FOR THE PRESENTATION OF STANDING COMMITTEES REPORTS

Mr. Speaker : There are a few motions for the extension of time for the presentation of the Reports of various Standing Committees. The first one is from Mr. Zain Noorani.

Mr. Zain Noorani : I move—

That the time for the presentation of the Reports of the Standing Committee on Public Accounts on the Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the years 1960-61 and 1961-62 and the Audit Reports 1962 and 1963 be extended upto 31st December, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That the time for the presentation of the Reports of the Standing Committee on Public Accounts on the Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the years 1960-61 and 1961-62 and the Audit Reports 1962 and 1963 be extended upto 31st December, 1965.

The motion was carried

Begum Mumtaz Jamal : I move—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Social Welfare on the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 be extended upto 31st December, 1965.

Mr. Speaker ; Motion moved, the question is—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Social Welfare on the Punjab Trade Employees (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 be extended upto 31st December, 1965.

The motion was carried

Khawaja Muhammad Safdar : I move—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965, be extended upto 31st December, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is—

That the time for presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965, be extended upto 31st December, 1965.

The motion was carried

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :—

That the time for the presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan National Language Bill 1965 be extended upto 31st December, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :—

That the time for the presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Parliamentary Affairs on the West Pakistan National Language Bill, 1965 be extended upto 31st December, 1965.

The motion was carried.

ORDINANCES

THE SIND CO-OPERATIVE SOCIETIES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Memon.

Minister of Law: Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the Sind Co-operative Societies (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th April, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That this Assembly do approve of the Sind Co-operative Societies (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th April, 1965.

Mr. Hamza : It is opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I am glad to announce that this Ordinance is one more feather in the cap of unification.

Khawaja Muhammad Safdar : It is the first feather.

Minister of Law : So many feathers I have already placed in the past. The House is aware that before the promulgation of this Ordinance various co-operative laws were operating here in the province. To start with briefly, Sind and Karachi were governed by the Co-operative Societies Act of 1925 which Sind inherited from Bombay and which before the separ-

ation was known as the Bombay Co-operative Societies Act. As against that in Khairpur and Bahawalpur there were two separate co-operative laws. In the Punjab and Frontier the Co-operative Societies Act of 1912, which is a Central law, was operating. In 1960, under the Presidential Order the Co-operative Societies Act of 1912 was extended to Khairpur and Bahawalpur, thereby repealing their existing laws. In order to unify the laws, which is the main object of unification of the province, the Co-operative Department called a meeting of Regional Co-operative Registrars of Co-operative Societies and with the assistance and co-operation of the members of the Co-operative Development Board, a unanimous decision was arrived at that the Sind Co-operative Societies Act of 1925 with certain suitable modifications should be extended to the whole of the province of West Pakistan. In pursuance of this decision, the Governor promulgated this Ordinance whereby the Sind Co-operative Societies Act of 1925 has now ceased to be the Sind Co-operative Societies Act and is the Co-operative Societies Act for the whole of West Pakistan with certain necessary amendments.

The salient features of this Ordinance which has been extended are these. These powers were wanting and they were conspicuous by their absence in the Co-operative Societies Act and they now find a place in the amending Ordinance.

(1) Powers to registrars to recover books and documents of co-operative societies;

(2) Obligatory provisions for calling of annual and special general meetings;

(3) Amalgamation of co-operative societies and transfer of their liabilties and assets to society so amalgamated ;

(4) Creation of charge on the borrowing members' assets ;

(5) Disqualification of being and for voting at an election of a Director and other officers and in respect of defaulters ;

(6) Assessment of damages against delinquent promoters and directors and officers of the co-operative societies ;

(7) Provision of provident fund in co-operative societies ;

(8) Inspection of books of an indebted society by the Financing Bank;

(9) Provision of winding up of a society before its dissolution ;

(10) Bar of suits in binding up on dissolution in respect of co-operative societies ;

(11) Power of judgment before award ;

(12) Powers of registrar to recover Co-operative societies' dues as arrears of land revenue ;

(13) Powers of distraint ;

(14) Offence prescribed under the Act and penalties therefor ;

(15) Power of Provincial Government and Registrar to modify, annul or supersede the orders by the subordinates.

(16) Finality of orders of Provincial Government ;

(17) Compulsory deductions of instalments payable to a society by a member from his salary or wages by his employer.

The House is aware that the dues of the Co-operative Banks against defaulters amounted to lakhs and lakhs of rupees with the result that the Financing Banks were rather hesitant to advance any more loans. Frantic telegrams and representations were received by the Government from those who were supposed to gain by the Financing Banks and the societies in the shape of loans that certain individuals who were gaining at the cost of the rest had borrowed these amounts and were rather reluctant to use a more modest term in making the repayment. The result was that the societies here, the banks here and the Department here were not in a position to recover those loans by way of distraint as arrears of land revenue under the Land Revenue Code as is the law under the Sind Co-operative Societies Act, with the result that recoveries were delayed beyond all measure. Keeping this in mind and realising the urgency of the situation, the Governor promulgated this Ordinance to facilitate the Department, to facilitate the Banks to have their loans recovered by the cheapest, the easiest and the quickest method and since the Assembly was not in session, the Governor thought

it fit in his descretion to issue this Ordinance and the Ordinance is now before the House for favour of approval.

I expected that when one of the members got up to say that he is opposing this resolution, probably he may be having something in his mind to make the Department wiser, I will see that it is done. I will request the members on the opposition benches to extend their hand of co-operation and help us in approving of this resolution at the earliest opportunity and in the quickest possible time.

Mr. Speaker : Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - جناب وزیر قانون جو خوش قسمتی سے سندھ سے تعلق رکھتے ھیں وہ سندھ کی طرف سے مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں کے لئے ایک تحفہ لائے ھیں - یہ آرڈیننس جو کہ پہلے قانون کی صورت میں سابقہ سندھ میں نافذ تھا انہوں نے سوغات کے طور پر مغربی پاکستان کے دوسرے حصوں کے لئے پیش کیا۔ اس ایوان کو اس سوغات کو منظور کرنا ھوگا - اس کو اختیار نہیں ھے کہ وہ اس سے انکار کرے اور سوغات کو قبول نہ کرنا تو بہت ھی بری بات ھوتی ھے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جناب وزیر قانون صاحب کو اس چیز کا اعتراف کر لینا چاھئے تھا کہ سابقہ صوبہ پنجاب میں جس شکل میں بھی ۱۹۱۲ء سے Co-operative Societies Act نافذ تھا اس سے ایسی صورت حال پیدا ھوئی کہ Co-operative Movement یا تحریک امداد باھمی بالکل ھی ناکام ھو کر رہ گئی - انہوں نے خود بھی یہ فرمایا کہ لکھو کھا روپیہ بعض لوگوں کی طرف بقایاجات کی صورت میں موجود ھے اور ان سے وصول نہیں کیا جا سکتا - میرے خیال میں قبل اس کے کہ وہ Unification کے بھیس میں یا Unification کے بہانے کے طور پر سندھ کا قانون سارے مغربی پاکستان میں نافذ کرتے ان کا یہ

فرض تھا کہ وہ ماہرین کی کمیٹی بناتے۔ experts کی کمیٹی بٹھاتے جس کے صدر ھائی کورٹ کے جج ھوتے ۔ وہ تمام معاملات کی تحقیق کرتی اور یہ بتاتی کہ سابقہ پنجاب میں ایکٹ ۱۹۱۲ء کے تحت جو کچھ بھی ھوتا رھا اس کی ذمہ داری Co-operative Societies Act پر تھی ۔ ایکٹ میں نقائص تھے یا اس ایکٹ کے چلانے والوں کی کوتاھیوں اور نالائقیوں کی وجہ سے یہ صورت حال نمودار ھوئی ۔ جناب سپیکر ۔ اس قانون میں اسی انتظامیہ کو انہی رجسٹرار صاحبان کو اختیارات دئیے جا رھے ھیں جنہوں نے اپنے سابقہ اختیارات کا صحیح استعمال نہیں کیا اور ذمہ داریوں کو صحیح طور پر نہیں نبھایا ۔ اب ھم ان سے یہ کیسے توقع کر سکتے ھیں کہ وہ اس قانون کو امداد باھمی کی تحریک کو مقبول عام بنانے کے لئے استعمال کریں گے ۔ جناب سپیکر ۔ ھر ذی شعور شخص کو اس چیز کا علم ھے کہ اس ملک میں تحریک امداد باھمی حکومت نے رائج کی ۔ یہ حکومت کی طرف سے رائج کی گئی اور حکومت ھی ھمیشہ اس کی سر پرستی کرتی رھی لیکن جب سے پاکستان معرض وجود میں آیا ھندوبنیوں کے جانے کی وجہ سے ایک ایسا خلاء پیدا ھو گیا تھا جس کی وجہ سے عوام کو قرضہجات حاصل کرنے میں تکلیف کا سامنا کرنا پڑا ۔ ان کی قرضہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے محکمہ امداد باھمی بہت اھم کردار ادا کر سکتا تھا ۔ پاکستان بنے آج ۱۸ سال گزر گئے ھیں وزیر قانون صاحب نے بالواسطہ اس چیز کو تسلیم کیا ھے کہ امداد باھمی کا محکمہ یہ کردار ادا کرنے میں بہت ھی بری طرح ناکام ھوا ھے ۔ جناب سپیکر ۔ میں ان سے یہ پوچھتا ھوں کہ جب آپ کے محکمہ نے یہ Co-operative Societies بنائیں یہ ان کی زیر نگرانی چلتی رھیں ۔ ان کی

سفارشات پر قرض دئیے جاتے رہے اور قرضہ جات کی وصولی کا کام بھی ان کے ذمہ تھا ۔ کیا محض قانون میں ہی ایسا نقص تھا جس کی وجہ سے ان قرضہ جات کی وصولی کا کام بالکل ہی معطل ہو کر رہ گیا ۔ آپ یقین کیجئے کہ پبلک کا اس میں کچھ نہ کچھ ضرور قصور ہے لیکن زیادہ تر ذمہ داری محکمہ کے عمال کی ہے ۔ محکمہ کے ذمہ دار افسران کی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ قانون اب سارے بے کار ہو گئے ہیں کیونکہ قانون کے چلانے والے ٹھیک نہیں ہیں ۔ قانون بحیثت خود کیا معنی رکھتا ہے ۔ آج تک حکومت نے بنیادی غلطی کو ، بنیادی نقائص کو محسوس نہیں کیا اور نہ ان کو اب ماننے کے لئے تیار ہے ۔ ایک یہی قانون کیا اس کے علاوہ بیسیوں نئے قوانین لائے جا چکے ہیں لیکن جو نتائج حکومت ان سے برآمد کرنا چاہتی ہے جن نتائج کی توقع کا اظہار کرتی ہے وہ کبھی پوری نہیں ہوئی ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ قانون بذات خود بیجان ہے ۔ ان پر عمل کرنے کے لئے ایک اچھی انتظامیہ کی ضرورت ہوتی ہے اور اچھی انتظامیہ اسی صورت میں آ سکتی ہے جب اس کے چلانے کے لئے ایک اچھی حکومت موجود ہو ۔ جناب سپیکر ۔ Sind Cooperative Societies Act اس قدر سخت ہے کہ اسے ہم Pakistan Penal Code 1965 کہہ سکتے ہیں ۔ محکمہ کے افسران کو اتنے وسیع اختیارات دئیے گئے ہیں کہ ان کے ہوتے ہوئے اس محکمہ کو محکمہ امداد باھمی کہنا ہی زیادتی ہے ۔ میں آپ کے سامنے سیکشن ۴ (اے) پڑھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

"For the purpose of recovering any papers, documents or books of account belonging to a society, the Registrar may issue a search warrant and exercise all such powers with respect thereto as may be lawfully exercised by a magistrate under the provisions of Chapter VII of the Code of Criminal

Procedure, 1898, and all such searches shall be made in accordance with the provisions of that Code."

جناب سپیکر ۔ انہیں تلاشی لینے کا بھی اختیار ہے ۔ جنہوں ۔ قانون کا بذات خود غلط استعمال کرکے اپنی بد عنوانیوں کی وجہ سے اپنے ذاتی لالچ کی وجہ سے سابقہ قانون کا غلط اور ناجائز استعمال کیا اور امداد باھمی کی تحریک کو ملک میں مقبول نہ ہونے دیا ۔ ان کو ھی یہ اختیار دیا گیا ھے کہ وہ لوگوں کے گھروں کی تلاشی لیں ۔ سابقہ پنجاب کے امداد باھمی کے قانون میں بھی یہ اختیارات موجود تھے ۔ مگر وہ اختیارات اس قدر تھے جتنے کسی افسر کو اپنا کام چلانے کے لئے ضروری ہوتے ھیں ۔

The Registrar, the Collector or any person authorised by general or special order in writing in this behalf by the Registrar shall, at all times, have access to all the books, accounts, papers and securities of a society and every officer of the society shall furnish such information with regard to the transaction and the working of the society as the person making such inspection may require."

اختیارات موجود تھے اب آپ نے انہیں لامحدود اختیارات دے دیے ھیں ۔ اب ان کے ناجائز استعمال ہونے کا خطرہ موجود ھے ۔

وزیر قانون ۔ ھم نے انہیں ضابطہ فوجداری یعنی میکالے کا قانون دیا ھے ۔ جس کی آپ کل تک تعریف کر رھے تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ میکالے اتنا X X X X X X X X X X X *

Mr. Speaker : This is not a desirable remark.

مسٹر حمزہ ۔ جناب میں اپنے الفاظ واپس لیتا ھوں ۔

*Expunged as ordered by the Speaker.

Mr. Speaker : It is expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ - وہ قانون جو ہمیں تحفہ کے طور پر Unification of Law کے لبادہ میں پیش کیا گیا ہے اس میں رجسٹرار کے اختیارات کا اندازہ آپ اس سے لگائیں -

"Section 59D : Where any debt or outstanding demand is due to a society from any member or past member or due to a society which is authorised by the Registrar under sub-section (1) of section 34 to make loans to non-members, from any person who is not a member of a society, the society may, in addition to any other remedy to which it is entitled by law, present an application to the Registrar requesting him to recover the debt or outstanding demand by distraining, while in possession of the defaulter any crop or other produce belonging to him, whether the same is growing or is ungathered or has been reaped or gathered."

جناب سپیکر - اس سے قبل غلامی کے دور میں جب قرض خواہ ہندو بنیا نے چھوٹے کاشتکاروں کو مالی طور پر تباہ کر دیا تھا - اس وقت سر چھوٹورام نے اسے بنیے کے چنگل سے چھڑوایا - آج بھی سابقہ پنجاب کے لوگ سر چھوٹو رام کو یاد کرتے ہیں - ان کا یہی کارنامہ تھا - اس نے ان دنوں جب چھوٹا کاشتکار بنیے کا مقروض تھا یہ قانون پاس کروایا ، بنوایا کہ کاشتکار کی جائداد ضبط کی جا سکتی ہے مگر وہ اشیاء نہیں جو اس کے ذریعۂ معاش کے لئے لازمی ہوں - لیکن آپ اس قانون کی سختی دیکھیں - اس سے حکومت کی سنگدلی کا بھی اندازہ ہوتا ہے - اب ایک کاشتکار کی فصل جو ابھی کاٹی نہ گئی ہو - اگی ہوئی کھڑی ہو - اس قانون کے تحت اس پر بھی قبضہ کیا جا سکتا ہے - اسے ضبط کیا جا سکتا ہے - جناب سپیکر - کسی مہذب ملک کی حکومت ایسا اختیار لینا بھی پسند نہیں کرتی - چہ جائے کہ وہ ایسے اختیارات

کا استعمال کرے ۔ اس سے آگے اس قانون کی سختی کی ایک اور مثال میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ جب ۵۹ (E) کے تحت کھڑی فصل پر قبضہ کی کارروائی کی جاتی ہے اس کے لئے ایک خاص طریق کار مقرر ہے ۔ جو سب سیکشن ۲ میں دیا گیا ہے ۔

"Provided that the person against whom an application is made shall be given a reasonable opportunity of being heard."

وہ شخص جس کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے ۔ اسے معقول موقعہ دیا جائے گا۔ مناسب موقعہ دیا جائیگا کہ وہ اپنے اعتراضات پیش کرے۔ مگر یہ اعتراضات سن کر ان پر فیصلہ کرنے کا اختیار رجسٹرار کو حاصل ہو گا یا اس شخص کو جسے وہ اپنے اختیارات تفویض کر دے۔ جو عام طور پر سب رجسٹرار ہوتا ہے ۔ اگرچہ اس قانون میں کوئی ایسی پابندی نہیں ہے ۔ رجسٹرار چاہے تو اپنے چپڑاسی کو بھی یہ اختیارات دے دے ۔ سب سیکشن ۳ میں وہ فرماتے ہیں ۔

"Where the Registrar does not at once admit or reject the application, he may make an order prohibiting the removal of the crop or other produce specified in the application, pending a final decision on the application."

درخواست دینے کے باوجود اس شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہوگا کہ وہ اپنی فصلوں کو وہاں سے اٹھائے ۔ سب سیکشن ۶ میں ان کے اختیارات کا اس طرح ذکر کیا گیا ہے ۔

"Any person who shall disobey any order made under sub-section (4) prohibiting the removal of any crop or produce pending the execution of the order of the distraint, after the same has been published or served upon him, or who shall, within the meaning of the Pakistan Penal Code, abet the disobedience of any such order, shall be liable, on conviction after a summary enquiry by the Collector, to a fine not exceeding double the amount due to

the society for the recovery of which it is proposed to make the distraint. Such fine shall be recovered as an arrear of land revenue."

اگر کوئی شخص ان کے فیصلے سے انحراف کرے یا انحراف کا اس پر الزام ہی ہو تو اس سے دوگنی رقم وصول کی جا سکتی ہے ۔ لیکن جب آپ اس کو جرمانہ کرتے ہیں تو اس کو اپنی بےگناہی ثابت کرنے کے لئے باقاعدہ عدالت میں جانے کا موقع بھی مہیا نہیں کرتے ۔ اس میں دیا گیا ہے کہ سرسری انکوائری ہو ۔ اور افسران جن کو آپ یہ اختیارات دے رہے ہیں ۔ وہ جس قسم کی تحقیقات کریں گے ۔ اس کا اندازہ آپ خود لگائیں ۔ جنہوں نے کہ سابقہ پنجاب میں کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ کو بالکل ناکام بنایا ہے ۔ آپ ان سے تحقیقات کرائیں گے ۔ ہوتا یہ ہے کہ جب کہیں کوئی لغزش ہوتی ہے ، جب کسی خامی کی نشاندھی کی جاتی ہے ، جب کہیں قرضہ جات کی وصولی نہیں ہوتی ، تو حکومت کے ذمہ دار افسران کبھی یہ بات تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتے کہ اس میں ان کا کتنا حصہ ہے ۔ اور ہمیں حکومت پر افسوس ہے کہ بجائے اس کے کہ ان افسران کو پوچھیں کہ آپ تنخواہ کاہے کی وصول کرتے ہیں ۔ اور تنخواہ کے علاوہ بھی آپ بہت کچھ وصول کرتے ہیں ۔ لیکن آپ اس کے باوجود کام ٹھیک طرح سے کیوں نہیں چلاتے ۔ اس کے برعکس وہ گورنمنٹ کو یہ طریقے بتاتے ہیں کہ قانون کو سخت بنائیے تو سب معاملات ٹھیک ہو جائیں گے ۔ میرا یہ تجربہ ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں ، کہ دوسرے معزز ممبران بھی اس بات کو تسلیم کریں گے کہ جتنے بد دیانت افسر ہوں گے۔ اور آپ ان کو جتنے زیادہ اختیارات دیں گے ، اس سے صورت حال کبھی بہتر نہیں ہو سکتی بلکہ اس سے رشوت ستانی بڑھے گی ۔ اور

رشوت کی شرح میں اضافہ ہو گا ۔ عام پبلک ان کی کارگزاریوں سے بیزار ہوگی ۔ اور حکومت کے خلاف نفرت اور حقارت کا جذبہ اور زیادہ بڑھے گا۔ قانون کی سختی سے افسروں کے مزاج درست نہیں ہو سکتے ۔ ان کے مزاج زیادہ بگڑتے ہیں ۔ کیونکہ کہتے ہیں کہ "Power corrupts and absolute power corrupts absolutely."

جناب سپیکر ۔ میرے بزرگ و محترم ملک قادر بخش صاحب اس قانون کے نفاذ سے بہت خوش ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ خیال ہے کہ اس قانون کے نفاذ سے صورت حال بہتر ہو جائے گی ۔ انہوں نے ۴ نومبر ۱۹۶۳ء کو کوآپرٹیو ڈے کی تقریب کے سلسلے میں جب کہ وہ صدارت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے یہ فرمایا تھا ۔ اور میں ان سے معذرت چاہتا ہوں ، کہ یہ ہو سکتا ہے کہ ان کے ارشاد کردہ وہ الفاظ لفظ بہ لفظ بیان نہ کر سکوں ۔ جو کہ اس وقت انہوں نے استعمال کئے تھے ۔ لیکن انہوں نے جو فرمایا تھا اس کا مفہوم یہ تھا ۔ محکمہ امداد باہمی میں تمام کام بوگس ہو رہا ہے ۔ اور انہوں نے یہ بھی فرمایا تھا کہ ان کے آبائی گاؤں میں ایک سوسائٹی رجسٹر ہوئی ہے ۔ جس کی رقم کو اس کے ممبران خرد برد کر رہے ہیں ۔ اور جتنی بھی یہ بوگس سوسائٹیز بنائی جاتی ہیں ۔ ان کا مقصد محض روپیہ کو خرد برد کرنا ہی ہوتا ہے ۔ جناب سابقہ وزیر موصوف نے کو آپرٹیو کمشنر صاحب کی توجہ بھی اس وقت اس افسوس ناک صورت حال کی طرف مبذول کرائی تھی ۔ کیونکہ کمشنر موصوف نے اپنی تقریر میں کوآپرٹیو سوسائٹیز کے اعداد و شمار کو بڑھا چڑھا کر بیان کیا تھا ۔

جناب سپیکر ۔ جناب ملک قادر بخش صاحب کی حق گوئی اور بیباکی مسلمہ ہے ۔ اور چاہے کوئی خفا ہو ، چاہے کوئی ناراض ، وہ اس بات کی پرواہ کئے بغیر حق بات کہہ جاتے ہیں ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ شکر ہے ۔ آپ آج کل تو اس بات کو مان گئے ہیں ۔ جب وہ وزیر تھے اس وقت تو آپ نہیں مانتے تھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ وزیر بننے کے بعد آدمی میں کچھ تبدیلیاں آ جاتی ہیں ۔ جو کہ وزیر کو مجبور کر دیتی ہیں ۔

چودھری محمد نواز ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حمزہ صاحب آرڈیننس پر تقریر فرما رہے ہیں ۔ یا ملک قادر بخش صاحب پر تقریر فرما رہے ہیں ۔

وزیر تعلیم ۔ ملک قادر بخش بھی آرڈیننس سے کم نہیں ہیں ۔

ملک قادر بخش ۔ تو wind up کرنے کی اجازت مجھے دی جائے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ان کا یہ فرمان شک و شبہ سے بالکل بالاتر تھا ۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ سوسائٹی میں ممبران کی اکثریت بوگس ہوتی ہے ۔ اور بہت سی سوسائیٹز تو سرے سے ہی بوگس ہوتی ہیں ۔ اس قانون کے تحت اس وقت سوسائیٹز کی جو مختلف اقسام کام کر رہی ہیں اور آئندہ بھی اس نام نہاد unified قانون کے تحت کام کریں گی یہ ہیں ۔

1. Co-operative Credit Societies.

2. Co-operative Savings Societies.

3. Co-operative Multi-purposes Societies.

4. Co-operative Industrial Societies.

5. Co-operative Agricultural Societies and

6. Co-operative Commission Shops.

جناب سپیکر ۔ ہوتا یہ ہے کہ جب کوئی سوسائٹی بنائی جاتی ہے ۔ تو اس کے لئے با ضابطہ درخواست دی جاتی ہے ۔ محکمے کا عملہ با قاعدہ اس درخواست پر کارروائی کرتا ہے ۔ تحقیقات کرتا ہے ۔ اور دیکھتا ہے کہ جس کام کے لئے یہ سوسائٹی بنائی جا رہی ہے محکمہ کے نقطہ نظر سے موزوں ہے یا نہیں ۔ اس کے بعد وہ سوسائٹی جس کام کے لئے قرضہ مانگتی ہے آیا اس کے لئے قرضہ دینا مناسب ہے یا نہیں ۔ وہ اس کے متعلق اپنی رپورٹ دیتے ہیں ۔ اور ان کی اس رپورٹ پر ہی سب کچھ کیا جاتا ہے ۔ بلکہ جب سوسائٹی کو قرضہ دے دیا جاتا ہے تو اس کے بعد بھی اس محکمے کے پاس عملے کی بہتات ہے بلکہ بہت بڑی فوج ہے جس کو محض اسی لئے تنخواہ دی جاتی ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ وہ قرضہ جو بینکوں کی طرف سے سوسائٹی کو بطور قرضہ دیا جاتا ہے آیا وہ صحیح طور پر ان مقاصد کے لئے استعمال ہو رہا ہے یا نہیں ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ اگر آپ کا یہ عملہ دیانتدار ہے تو یہ کیسے ممکن تھا کہ بوگس سوسائٹیز رجسٹر ہو جائیں اور پھر انہیں بطور قرضہ رقومات بھی دیدی جائیں ۔ یہ محض اس لئے ہوتا تھا کہ وہ ان قرضہ جات سے گلچھرے اڑائیں اور

قومی مفاد کو نقصان پہنچائیں ۔ اگر آپ کا عملہ اچھا ہوتا تو وزیر قانون ہمیں قوانین کی یکسانیت کے پردے میں یہ سوغات نہ دیتے ۔

جناب سپیکر ۔ کہ جب کوئی ناجائز کام ہوتا ہے ۔ اور اگر آپ یہ کہیں ، کہ فرد واحد یہ ناجائز کام کرتا ہے تو میں یہ کہونگا ہرگز نہیں ۔ دراصل ہوتا یہ ہے کہ جب ایک آدمی کو یہ پتہ چل جاتا ہے ۔ کہ فلاں جگہ نقص ہے ۔ تو دوسرا آدمی جس کی نیت خراب ہوگی ۔ وہ جاکر اس آدمی کو نقص بتائے گا ۔ اور اسے کہے گا کہ اس میں سے مجھے بھی حصہ دو ۔ اس طرح اپنا حصہ لے کر اس معاملے کو دبا دیا جاتا ہے ۔ جب بوگس کوآپریٹو سوسائٹی بنتی ہیں ۔ عملے کا اس میں حصہ ہوتا ہے ۔ حکومت یہ بڑی زیادتی کرتی ہے کہ وہ عملہ جو تمام روپیہ خرد برد کرتا رہا ہے ۔ آپ انہی کو مزید اختیارات دے رہے ہیں ۔ تاکہ واجبات ان تمام لوگوں سے وصول کریں ۔ جو ان سوسائٹیز کے ممبر ہوں گے ۔ مانتا ہوں انہوں نے لازماً کچھ رقم اس میں سے کھائی ہو گی ۔ لیکن زیادہ رقم آپ ہی کا عملہ کھا گیا ۔ آپ ان کے خلاف اس ایکٹ کے تحت کوئی کارروائی نہیں کرنا چاہتے ۔ نہ آپ کی نیت ہے ۔ اور نہ ان پر آپ کا کوئی اختیار ہے ۔ خدا معلوم وہ کب کریں گے ۔ وہ دن کب آئے گا ۔ وہ دن کب چڑھے گا ۔ آرڈیننس آگیا ہے ۔ آج یہاں پریس میں تو کچھ نہیں آیا ۔ پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس کے تحت آپ کو اختیارات حاصل ہیں کہدیا ہوگا کہ اس کو مت چھاپنا ۔

جناب سپیکر ۔ ہوتا یہ ہے کہ جب کسی سوسائٹی کی طرف سے قرض کا مطالبہ کیا جاتا ہے یہ عملہ پہلے ہی ان سے ۱۰ فیصدی یا ۱۵ فیصدی

خود وصول کر لیتا ہے ۔ پھر آپ اس عملہ سے کیسے توقع کرتے ہیں کہ یہ ۱۰ فیصدی یا ۱۵ فیصدی خود وصول کرنے کے بعد لکھ دے کہ ممبران جن مقاصد کے لئے روپیہ مانگ رہے ہیں ٹھیک نہیں ۔ ان کو ہر چیز کا علم ہوتا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ قانون لائیں ، اس سے زیادہ سخت لائیں ، ملکی مفاد کو نقصان پہنچانے والوں کو سخت ترین سزا دی جائیں لیکن پہلے وہ لوگ جن کے ہاتھ میں آپ اختیارات دے رہے ہیں ان کو ٹھیک کیا جائے ۔ جب تک آپ ان کو ٹھیک نہیں کریں گے آپ خواہ مخواہ ایوان کا وقت ضائع کرتے ہیں ۔ اس قوم کو تباہ کر رہے ہیں ۔ اس قوم کے اخلاق کو تباہ کر رہے ہیں ۔ اس قوم کے اندر بد دلی پھیلا رہے ہیں اور غیر ممالک میں ملکی وقار کو گرا رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اب یہ ہوگا ان کو اس آرڈیننس جس کو ہنگامی قانون کہتے ہیں زیادہ اختیارات مل جائیں گے ۔ جناب والا ۔ آپ غیر جانبدار افراد پر مشتمل ایک کمیشن بٹھائیں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ اسی محکمہ کے بڑے بڑے افسران نے بوگس سوسائٹیاں بنائی ہوئی ہیں ۔ اپنی بیویوں کے نام اور اپنے رشتے داروں کے نام انہوں نے رقومات حاصل کی ہوئی ہیں اور بعض جگہوں پر ایسے لوگوں کے نام رقومات حاصل کی ہوئی ہیں کہ جب آپ ان کو ڈھونڈنے نکلیں آپ کو کسی جگہ بھی نہیں ملیں گے ۔ آپ وہ رقومات کہاں سے وصول کریں گے ۔ جناب والا ۔ مجھے اپنے علاقے کے متعلق علم ہے کہ وہاں کثیرالمقاصد سوسائٹیاں بنائی گئیں ۔ ہمارے سنٹرل کوآپریٹو بنک کا تقریباً تین چار لاکھ روپیہ خرد برد ہو چکا ہے ۔ تقریباً بارہ چودہ سال گزر چکے ہیں

کہ وہ لوگ جو کثیرالمقاصد سوسائیٹیوں کے کرتا دھرتا تھے انہوں نے روپیہ کو ضائع کر دیا ۔ میں نے سابقہ اسمبلی میں بھی یہ بات کہی تھی اب پھر اس کو دھراتا ہوں آپ برا نہ منائیں Multi-Purpose Society کو جو لوگ پنجاب میں رہتے ہیں اور پنجابی بولتے ہیں اس کو ''مٹی پٹ سوسائٹی،، کہتے ہیں ۔ عہدیداروں نے اس سوسائٹی کو اس طریقے سے چلایا بلکہ اس کے سرمایہ کو قومی سرمایہ نہ سمجھا ۔ مال مفت دل بے رحم کے طور پر استعمال کیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تین چار لاکھ روپے کا نقصان ہوا ۔ لیکن جو لوگ کرتا دھرتا ہوتے ہیں ان کو قانون کے نقائص اور پول کا بھی علم ہوتا ہے ۔ اگر آپ یہ ایکٹ لائے ہیں خامیاں اس میں بھی ہوں گی ۔ نافذ اس کو بھی انسانوں نے کرنا ہے ۔ وہ انسانوں کو موم بنانا جانتے ہیں ۔ شیشے میں اتارنا جانتے ہیں ۔ رشوت دینا جانتے ہیں ۔ خوشامد کرنا جانتے ہیں ۔ ان کو مسلم لیگی بھی بننا آتا ہے ۔ آپ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کر سکیں گے ۔

Mr. Speaker : The Member is not relevant. He may please discuss the provisions of the Ordinance.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا میں Multi-purpose Socities کے بارے میں عرض کر رہا تھا .....

Mr. Speaker : This is again irrelevant.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ جب ان لوگوں سے یہ واجبات وصول کریں گے ۔ اور اس ہنگامی قانون کے تحت وصول کریں گے ۔ ۔ ۔ ۔

حاجی سردار عطا محمد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*), The House is in quorum.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے علاقے میں وہ تمام لوگ جن کی طرف سنٹرل کوآپریٹو بنک کے واجبات بقایا ہیں وہ اپنے فن میں ماہر ہیں ۔ انہوں نے آج تک اس محکمہ کو بڑی کامیابی سے (Dodge) ڈاج کیا ہے ۔ ڈاج کرنے کی وجہ اور گرفتاری سے بچنے کی وجہ محکمہ کے ذمہ دار افسران تھے ۔ اگر محکمہ کے افسران یا عملہ ایسا نہ کرتا تو وہ غبن نہیں کر سکتے تھے ۔ روپیہ ناجائز استعمال نہیں کر سکتے تھے ۔ اگر ناجائز رقومات کو انہوں نے استعمال کیا تھا تو آج جب کہ تقریباً بارہ تیرہ سال گزر چکے ہیں کبھی کی ان سے رقومات وصول کر لی جاتیں ۔ وہ لوگ ایسے ہوشیار ہیں کہ انہوں نے گرفتار ہونے سے پہلے اپنے حصے دوسروں کے نام منتقل کر دیئے ایسے لوگوں کے نام جن کے نام ذاتی جائیداد نہیں ہے ۔ آپ یہ کہیں گے کہ اس قانون کے تحت رجسٹرار صاحب کو بہت وسیع اختیارات ہیں ۔ اس قسم کے اختیارات جیسے جرگہ کو حاصل ہوتے ہیں ۔ جنہیں کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا ۔ لیکن آپ یقین کیجئے کہ جن لوگوں کے خلاف آپ اس قانون کو استعمال کرنا چاہتے ہیں وہ اتنے ماہر ہیں کہ وہ آپ کی گرفت میں کسی صورت میں نہیں آسکیں گے ۔ آپ محض قانون کی شکل بگاڑنا چاہتے ہیں اور وقتاً فوقتاً

اس قسم کا قانون پیش کرکے قوم کو دلاسا دلاتے ہیں کہ ہم ایک نیا قانون لا کر اب صورت حال میں خوش گوار تبدیلی پیدا کر دیں گے ۔

وزیر قانون ۔ ان کو جرگہ میں بھیجیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ضرور بھیجیں ۔ وہ جرگہ کو بھی گانٹھ لیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یقین کیجئے وہ بہت پرانے ٹوڈی ہیں ۔ جب انگریز ملک پر قابض تھا تو وہ اس کے حامی تھے ۔ جب پاکستان بنا سب سے پہلے چھلانگ مار کر مسلم لیگی بن گئے اور عہدوں پر قبضہ کر لیا ۔ پھر وقت آیا ریپبلیکن حکومت کا ساتھ دیا ریپبلیکن بن گئے ۔ ہمارے ملک میں مارشل لاء نافذ ہوا صدر ایوب کی مدح سرائی کرنے لگے ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The member is discussing the people and not the provisions of this Ordinance.

Haji Gul Hassan Mangi : On a point of order. Has Mr. Hamza joined any Jamaat ?

Mr. Speaker : This is no point of order.

مسٹر حمزہ ۔ میں آج تک کسی جماعت میں شامل نہیں ہوا

* X X X X X X X X X X X X X X X X X

Mr. Speaker : These remarks are personal ones Mr. Hamza may please withdraw these words.

Mr. Hamza : I withdraw.

Mr. Speaker : These remarks are expunged from the proceedings of the Assembly.

---

*Expunged as ordered by the Speaker.

مسٹر حمزہ - آپ کی بڑی مہربانی ہے کہ آپ نے مجھے کافی وقت دیا - میں اب تقریر ختم کرتا ہوں -

مسٹر سپیکر - خواجہ محمد صفدر -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) - جناب والا - میرا قطعاً ارادہ نہیں کہ میں آج کوئی تقریر کروں (قہقہہ) - میرے دوست بہت خوش ہوں گے - بہر حال میں جناب والا دو ایک باتیں کہنی چاہتا ہوں - میں ان لوگوں میں سے ہوں جو یہ چاہتے ہیں کہ اس صوبہ میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے ہر سمت ہمارے قوانین میں یکسانیت کا ہونا لازم ہے -

جناب وزیر قانون صاحب نے اس امر پر فخر فرمایا ہے کہ انہوں نے کوآپریٹو سوسائٹیز کے متعلقہ قانون میں یکسانیت پیدا کی ہے - ہم آہنگی پیدا کی ہے - میں ان کے اس کارنامہ کو واقعی ان کے لئے قابل فخر سمجھتا ہوں - جہاں تک مجھے علم ہے قانون کی یکسانیت کی طرف یہ پہلا قدم ہے - شاید اور بھی کوئی چھوٹا موٹا قدم ہو جو مجھے یاد نہ رہا ہو - بہر حال میں ان کے اس کارنامہ پر ضرور مبارک باد دیتا ہوں - لیکن اس مبارک باد کے ساتھ کچھ تھوڑی سی شکایت اور گلہ بھی کرنا چاہتا ہوں - اگرچہ میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ وہ شکایت اور گلہ تھوڑا سا ہوگا لیکن اس کی شدت میں کوئی کمی نہیں ہوگی - شکایت جناب والا یہ ہے کہ تقریباً ۵۰ صفحات پر مشتمل اور تقریباً ایک سو سیکشنز پر مشتمل یہ قانون - - - - -

وزیر قانون - آرڈیننس تو دو صفحے کا ہے -

خواجہ محمد صفدر - میرے نہایت ہی فاضل دوست نے میری صحت فرمانے کی سعی فرمائی ہے کہ آرڈیننس صرف دو صفحے کا ہے - لیکن اس کے متعلق جو بات کرنی ہے اس کے لئے جب تک سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ نہ پڑھا جائے اس وقت تک اس کے متعلق قطعاً کوئی بات نہیں کہی جا سکتی - جو ترمیم انہوں نے اس امنڈنگ آرڈیننس کے ذریعہ سے پیش کی ہے وہ صرف اسقدر ہے - جہاں لفظ سندھ درج تھا اب ''ویسٹ پاکستان،، کا اضافہ کر دیا گیا ہے - اس کے علاوہ افسران کی designation کے لحاظ سے ''ریونیو کمشنر،، کی جگہ کمشنر Commissioner درج کیا گیا ہے - کلاز اول میں بجائے سندھ کے سارے مغربی پاکستان کو شامل کیا گیا ہے - اس طرح سندھ کوآپریٹو ایکٹ کے بارے میں کلاز دوم میں جو تبدیلی کی گئی ہے - اس پر مسٹر حمزہ نے کافی روشنی ڈالی ہے - سندھ کوآپریٹو ایکٹ کو ایک لمبے چوڑے آرڈیننس کی شکل میں پیش کر دیا گیا ہے - وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے کہ ۲۸ سالوں سے انہیں دقتیں پیش آرہی تھیں - جن کو آرڈیننس کے ذریعے رفع کیا گیا ہے - انہوں نے خاص طور پر بتایا کہ لکھوکھا روپیہ مختلف افراد سے بطور قرضہ قابل وصول تھا اور ہمارے فنانسنگ بنک اپنا روپیہ مانگ رہے تھے - ہمیں اس قرضہ کی وصولی کی اشد ضرورت تھی لیکن میرے خیال میں یہ وجوہات آرڈیننس کے جواز کے لئے کافی نہیں ہیں - بنکوں کے نا دھند آج سے پہلے بھی موجود تھے - اس وقت آرڈیننس کیوں نہ بنایا گیا - خاص کر موجودہ وقت میں کونسی emergency پیدا ہو گئی تھی - ضرورت تو ۱۸ سال سے

چلی آرہی تھی۔ اب اجلاس اسمبلی شروع ہونے والا تھا اس سے تھوڑا عرصہ پہلے آرڈیننس بنا دینا جائز نہ تھا ۔ پرانے قانون میں قرضہ کی وصولی کی دفعات موجود تھیں ۔ اس سے قبل جتنے رجسٹرار گزر چکے ہیں ان میں سے کوئی ایک بھی یہ نہ چاہتا ہوگا کہ قرضے وصول نہ کئے جائیں ۔ اس لئے میری رائے اس آرڈیننس کے خلاف ہے اور اس کی کوئی وجہ جواز نظر نہیں آتی اور پھر اس آرڈیننس سے کوئی بہتری کی شکل بھی پیدا نہیں ہوئی۔ گذشتہ چار سال میں ایک دو بار اس ایکٹ کی ترمیم بھی کی جا سکتی تھی ۔ اور اگر ایوان ہذا میں ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا جاتا تو ایوان کو اس قانون کی ساری شقوں پر غور کرنے اور اظہار رائے کا موقعہ مل سکتا تھا ۔ جناب والا۔ مجھے مسٹر حمزہ کی اس رائے سے کامل اتفاق ہے کہ حکومت نے محکمہ کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دے کر ان کے ناجائز استعمال کا خدشہ اور خطرہ پیدا کر دیا ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں amending کلاز ۱۵ کی تحتی شق ۳ کو انگریزی میں پڑھکر سناتا ہوں :۔

"All rules, regulations, notifications and orders made or issued under *this Act*, and in force at the time of the commencement of the Sind Co-operative Societies (West Pakistan) Amendment Ordinance, 1965 . . ."

جناب والا ۔ اس میں "This Act" کے الفاظ کا استعمال غلط کیا گیا ہے کیونکہ اصل میں اسکی بجائے Principal Act لکھنا چاہئے تھا ۔ جناب والا ۔ اسکی ابھی سے ترمیم کر دینی چاہئے ۔ ورنہ This Act کا مطلب Principal ایکٹ نہیں لیا جا سکے گا بلکہ اسکا مطلب یہ ہوگا کہ آپ موجودہ ترمیم شدہ ایکٹ کو This Act کہہ رہے ہیں جو کہ صریحاً

غلط اور آپ کی اصل مراد کے خلاف ہوگا ۔ اسی طرح آپ سیکشن ۴ ملاحظہ فرمائیں ۔

For section 2 of the Principal Act, the following section shall be substituted namely :—

"This Act extends to the whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas".

اس سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو قانون After amendment نیا بنے گا اسکو This Act کہا جائے گا ۔ جناب والا ۔ گورنمنٹ نے اس کو خود ہی define کر دیا ہے جہاں جہاں Principal Act کا نام استعمال ہوا ہے ۔ اس سے سندھ کوآپریٹوسوسائٹیز ایکٹ ہی مراد لیا جائے گا نہ کہ موجودہ ترمیم شدہ قانون ۔

اسی طرح جناب والا سب سیکشن (۳) سیکشن ۱۵ کی عبارت انگریزی میں ملاحظہ فرمائیے :

"All rules, regulations, notifications and orders made or issued under this Act..."

اس ایکٹ کے تحت رول جاری ہونگے ، آرڈر جاری ہونگے ، نوٹیفیکیشن جاری ہونگے ۔ انکے جاری ہونے سے پہلے تو کوئی رول آرڈر یا نوٹیفیکیشن اسکے تحت موجود نہیں تھا جس کا حوالہ یہاں لیا گیا ہے ۔ ان رولز کی validity کا سوال کیسے پیدا ہوگیا جب کہ یہ رولز اور قواعد ابھی تک بنائے ہی نہیں گئے تھے بلکہ اب آئندہ ایکٹ ھذا کے تحت بنائے جائیں گے یہ validating کلاز قواعد و ضوابط اور رولز کی عدم موجودگی میں بے معنی ہو گی اس لئے جب تک This Act سے مراد پرنسپیل ایکٹ نہ لیا

جائیگا ۔ جسکے تحت رولز اور قواعد و ضوابط بن چکے ھیں اس وقت تک یہ تصحیح غلط رھے گی ۔ آرڈیننس کا ڈرافٹ لکھتے وقت پرنسپل ایکٹ اور This Act کے مفہوم میں گڑبڑ پیدا ھو گئی ھے جس کی وضاحت لازمی ھے ۔

Mr. Speaker : Does'nt this Act mean the Principal Act ?

خواجہ محمد صفدر ۔ No Sir. جناب والا ۔ انہوں نے خود ھی define کر دیا ھے کہ کس کس جگہ پر پرنسپل ایکٹ مراد لیا جائیگا ۔ پھر سیکشن چھ میں بھی پرنسپل ایکٹ کے لفظ درج ھیں ۔ اور اس میں کیپیٹل ,,پی،، کا حرف لکھا گیا ھے ۔ سیکشن ۱۴ اور ۱۵ میں بھی This Act سے پرنسپل ایکٹ مراد ھے لہذا This Act کی جگہ پرنسپل ایکٹ درج کرنا چاھئے تھا ۔ تو اب جناب آپ خود ھی دیکھ لیں کہ بہر حال ایسی غلطیاں تو قانون میں ضرور ھی رہ جاتی ھیں ۔ یہ قدرتی امر ھے ۔ اور میں اس کیلئے کسی کو ذمہدار نہیں ٹھہراتا ۔ یہ بالکل فطری چیز ھے کہ جب کبھی اس قسم کے قوانین بنائے جائیں ۔ کوئی مضمون لکھا جائے یا اور کوئی تسوید کی جائے ۔ تو اس میں اس قسم کی غلطیاں رہ جایا کرتی ھیں ۔

تو جناب والا ۔ میرا یہی اعتراض ھے اور میں اس قانون کی اس لئے مخالفت کررھا ھوں کہ یہ ایک آرڈیننس کی صورت میں اس ھاؤس کے سامنے پیش ھو رھا ھے ۔ اگر یہ ایک بل کی شکل میں آتا تو ھم نہایت پرجوش الفاظ میں اسے welcome کرتے اور اس کی سختیوں کو نرمیوں میں تبدیل کرنے کی سعی کرتے اور جتنی سختی ضروری ھوتی ھم اسے قائم رکھنے کی کوشش کرتے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیرپور - ۲) - جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے حکومت کو اس کی اچھی اچھی سکیموں کیلئے مبارکباد دیتا ہوں - جو اس نے عوام کی بہبود کیلئے پیش کی ہیں - ان کی مخالفت تو مجھ سے پہلے مجاھدین نے کی ہے - لیکن انہوں نے دراصل محض مخالفت ھی نہیں کی بلکہ جناب وزیر قانون صاحب کی خدمت میں حالات کا صحیح نقشہ پیش کیا ہے - کہ اس سے لوگوں کا کس حد تک نقصان ہوتا ہے اور گورنمنٹ کا کتنا نقصان ہو رہا ہے - چنانچہ میری اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے حکومت کو چاہیئے کہ قانون رائج کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی نظم و نسق کی مشینری کی بھی اصلاح کرے -

جناب والا - جہاں تک اس قرضے کا تعلق ہے - اس میں شک نہیں کہ لوگ اکثر محکمہ کے اہل کاروں کے ساتھ میل جول قائم کرکے بے ضرورت اور محض عیاشی کیلئے بھی قرض لے لیتے ہیں - اور اس قرض سے صرف ہمارے صاحب اقتدار حضرات ھی فائدہ اٹھاتے ہیں - غریب عوام بیچارے تو قرض لیتے ھی نہیں کیونکہ ان کیلئے قرض حاصل کرنا بڑا مشکل ہوتا ہے - ہمارے صاحب اقتدار حضرات لاکھوں روپے کی رقوم قرض کے طور پر لیتے ہیں اور ان کو انتخابات کے وقت کام میں لاتے ہیں یا انتخابات کے آنے سے پہلے بھی اسی مقصد کیلئے خرچ کرتے ہیں - لیکن میں یہ بات یہاں واضح کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ قرض کی رقوم ان کو واپس ضرور دینا پڑینگی - خدا جانے ان کو یہ گھمنڈ کیوں اور کس طرح پیدا ہوا کہ ان کو یہ رقوم واپس نہ کرنا پڑینگی -

ان کی دیکھا دیکھی وہ غریب عوام جو قرضہ وغیرہ لیتے ہیں - وہ بھی محکمہ متعلقہ کے عملے کے ساتھ ساز باز کر کے اس کی ادائیگی کو ٹالتے رہتے ہیں نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جن لوگوں نے سالہا سال سے اپنے قرضے کی رقوم واپس نہیں کیں وہ دوسرے لوگوں کو بھی اکساتے رہتے ہیں کہ ان سے قرضہ وصول نہیں کیا جائیگا - لیکن میں ان کو متنبہ کر دینا چاہتا ہوں کہ یہ ان کی خوش فہمی ہے - اس لیے جناب سپیکر - میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان اور معزز ارکان ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا- مجھے امید ہے کہ وہ ایک مثال پیش کرنے پر مجھے معاف فرمائینگے - یہ میری اپنی مثال ہے - قصہ کہانی نہیں - مجھے امید ہے کہ یہ مثال جناب والا کی وساطت سے ہمارے محترم صدر اور جناب گورنر صاحب تک پہنچا دی جائیگی -

جناب سپیکر - ہمارے علاقے میں ایک بہت بڑا بنیا تھا - جب وہ مر گیا تو اس کے لڑکے نے وفات کے موقع کی تمام رسومات ادا کرنا شروع کیں - یہ رسومات تقریباً ویسی ہی ہوتی ہیں جیسے ہمارے ہاں مسلمانوں میں ختم ہوتا ہے- تو وہاں یہ رواج تھا کہ وفات کے تیسرے دن ایک کوٹھے میں ایک بڑی سی چادر بچھا کر اس پر کھانے اور پہننے کی تمام چیزیں مہیا کر دیتے تھے - چنانچہ ان کے ہاں ہمارے مولویوں کی طرح پڑھنے پڑھانے کے لئے برھمن ہوتے ہیں - جو ان سب چیزوں کے ارد گرد بیٹھ جاتے اور پڑھنے پڑھانے کے بعد سب چیزیں اپنے ساتھ لے جاتے تھے - وہ گیا اور ایک برھمن لے آیا جو کہ ان پڑھ تھا - اسے بٹھا کر وہ دوسرے برھمن کو لینے کیلئے چلا گیا - اب اس دوران میں

وہ ان پڑھ برھمن اپنے آپ کو کہتا ھے کہ میں نے یہ سب چیزیں لے جانا ھیں اور ان کو لے جانے سے پہلے کچھ پڑھنا بھی ضروری ھے اسے آتا تو تھا کچھ نہیں ، وہ کہنے لگا ۔ میں تو کچھ نہیں جانتا میں تو کچھ نہیں جانتا ۔ اتنے میں وہ بنیے کا بیٹا دوسرے برھمن کو بھی لے آیا ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ یہ کہانی کتنی لمبی ھے ؟ ذرا اختصار سے بیان فرمائیے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ بہت اچھا جناب۔ یہ بالکل مختصر ھے۔ اس دوسرے برھمن نے جب دھیان لگا کر اسے سنا تو وہ بھی کہنے لگا۔ میں بھی تمہارے جیسا ھوں ۔ پھر وہ تیسرے برھمن کو لے آیا ۔ وہ کچھ پڑھا ھوا تھا ۔ اس نے جب سنا کہ ایک تو کہتا ھے کہ میں کچھ نہیں جانتا اور دوسرا بھی کچھ ایسی بات ھی کہتا ھے ۔ تو اس نے سوچا کہ آخر اس طریقے سے کام کیسے چلے گا ۔ اسی طرح ایک چوتھا برھمن بھی آ گیا ۔ وہ بھی پڑھا ھوا تھا ۔ اس نے جب تینوں کو سنا تو وہ حیران ھوا اور کہنے لگا کہ اس طرح کام کیسے چلے گا ۔ بالآخر وہ اس نتیجہ پر پہنچا کہ بہر صورت کام تو چلانا ھے ۔ تو وہ کہنے لگا کہ جب تک چلے چلاتا جا ، جب تک چلے چلاتا جا ۔

اس لحاظ سے آخر ھماری گورنمنٹ کب تک چلے گی ۔ یہ بیرونی قرضوں اور ان ٹیکسوں سے کب تک چلے گی ۔ اس لئے میری گذارش ھے کہ آپ اپنی مشینری کی اصلاح کریں ۔ بجائے اس کے کہ آپ ان آرڈیننسوں پر اتنا اعتماد اور بھروسہ کریں ۔ لہذا یہ مشورہ دیتے ھوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

مسٹر سپیکر - چودھری محمد نواز -

چودھری محمد نواز (منٹگمری - ۲) - جناب سپیکر - یہ آرڈیننس ایک نہایت ہی اچھا آرڈیننس ہے - اور میرے فاضل دوست حمزہ صاحب نے خود اپنی ہی تقریر میں اس کے نفاذ کا جواز پیش کر دیا ہے - انہوں نے فرمایا ہے کہ کوآپریٹو بنکوں پر کچھ لوگوں کی اجارہ داری ہے اور وہ عرصہ دراز سے ان پر چھائے ہوئے ہیں- انہوں نے لاکھوں روپے قرض لے کر قرض کی صورت میں غبن کئے ہوئے ہیں - اور ان رقوم کو انہوں نے آج تک واپس کرنے کا نام ہی نہیں لیا - جب مارشل لاء آیا تو اس وقت یہ کوشش کی گئی کہ اس روپے کو متعلقہ لوگوں سے وصول کیا جائے - لیکن افسوس کہ ہمارے کوآپریٹو ایکٹ میں کچھ سقم ہونے کی وجہ سے وہ رقومات اوروہ بقایاجات ویسے کے ویسے ہی رہے اور وصول نہ ہو سکے - چنانچہ اس کے بعد مجبوراً اس سندھ کوآپریٹو ایکٹ کو یہاں نافذ کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی -

اس کے علاوہ میرے فاضل دوست حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ multi-purpose سوسائٹیوں کا روپیہ بھی لوگوں نے اسی طرح ہضم کر رکھا ہے - میں ان سے اتفاق کرتا ہوں اور ان کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ آرڈیننس اسی وجہ سے نافذ کیا گیا ہے -

Mr. Hamza : Sir, the House is not in quorum.

Mr. Speaker : The House is not in quorum, let the bells be rung. (*Bells were rung*). The House is now in quorum.

چودھری محمد نواز - جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ میرے دوست حمزہ صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ اس محکمہ میں بوگس سوسائٹیاں بنائی جاتی ہیں - میں ان کی اس بات سے اتفاق نہیں کرتا - کیونکہ میں جانتا ہوں کہ یہ محکمہ ایسا ہے کہ اگر کہیں یہ کہا جا سکتا ہے کہ کام اچھا ہو رہا ہے یا ایمانداری سے ہو رہا ہے تو یہی کوآپریٹو سوسائٹیز کا محکمہ ہے - کوآپریشن کی اس تحریک کے لئے جس نے زمینداروں کے مفاد کے لئے بہت اچھا کام کیا ہے سارے کا سارا کامیابی کا سہرہ محکمہ کے افسران کے سر ہے -

جناب والا - اس ایکٹ میں دو تین خامیاں ہیں - جن کے لئے میں مختصراً عرض کر دوں کیونکہ میرے دوست چاہتے ہیں کہ میں لمبی تقریر نہ کروں - میں اس آرڈیننس کے دو تین پوائنٹ پیش کروں گا اور آپ کی وساطت سے قائد ایوان اور وزیر قانون صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر اس میں ترمیم ہو جائے تو زمینداروں کے لئے یہ نہایت اچھا قانون بن جائے گا - جہاں تک لوگوں سے بقایا جات کی وصولی کا تعلق ہے یہ آرڈیننس نہایت ہی اچھا ہے -

Minister of Revenue (Khan Habib Ullah Khan): The member should know that no amendments can be made in this Ordinance at this stage. He may make suggestions but that will be a waste of time. It is neither up to the Minister nor to the Member to make any amendments in the Ordinance. He can suggest amendments but there can be no question of amending the Ordinance at this stage.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, I would have wished Khawaja Muhammad Safdar to be here but in spite of my appeal to him he has left the House.

Khawaja Muhammad Safdar : I am here.

Minister of Law : Thank you very much.

Sir, Khawaja Sahib's contention is that in Section 15 of the Odinance instead of the words "This Act", the words "Principal Act" should have been used. My respectful submission is that that could not be done. Khawaja Sahib will kindly spare some minutes with me to read Section 72 of the Principal Act as it stands. Section 72 (1) reads—

"Every Society now existing which has been registered under the Co-operative Credit Societies Act, 1904 or under the Co-operative Societies Act, 1912, shall be deemed to be registered under this Act, and its bye-laws, so far as the same are not inconsistent with the express provisions of this Act, continue in force until altered or rescinded."

Then we come to sub-section (2) which reads:

"All appointments, rules and orders made notifications and notices issued and suits and other proceedings instituted under the said Act shall, so far as may be, be deemed to have been respectively made, issued and instituted under this Act."

This is Section 72 of the Principal Act, namely, the Sind Co-operative Societies Act. Section 15 of the Ordinance says that this shall disappear from the Principal Act and in its place shall be substituted:

"The following enactments are hereby repealed."
Section 15—

"15. For section 72 of the Principal Act, the following section shall be substituted, namely :—....."

So, instead of Section 72 as it should have been in the Principal Act, this section will take its place as amended and when this is transplanted in the Principal Act, it cannot read in the Principal Act. It must read in this Act. Is that correct?

Khawaja Muhammad Safdar : Correct.

Minister of Law : I will add a few words here that I have on no

occasion during my tenure as Law Minister here ever claimed to be perfect. I have got my limitations. I have always complimented Khawaja Muhammad Safdar for whose knowledge of law I have got the highest respect. It is no shame and I will never hesitate to accept any suggestion either from Khawaja Sahib or, as a matter of fact, any other member of this House. I again repeat that I have by no means ever claimed to be perfect. After all it is a case of legislation and human being is liable to err. I always welcome any suggestion which will make me wiser and I will never hesitate to accept that I have committed a mistake when I have committed it. I hope in view of the agreement of the Leader of the House there is hardly anything for me to say either on facts or on law. I would, therefore, request that question may now be put.

مسٹر سپیکر - میں ایک چیز آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ کسی خاص آرڈیننس میں آپ جب اس کے ہر سیکشن میں الفاظ سندھ وغیرہ substitute کرتے ہیں اور ہر موقع پر یہ کہتے ہیں کہ ایکٹ کو سامنے رکھ کر پھر دوسرے ایکٹ سے مقابلہ کر کے دیکھیں کہ اس میں کون کونسی ترمیمات ہیں - اس سے کیا یہ بہتر نہیں کہ آپ جب uniform Laws بنا رہے ہیں تو آپ اس کے لئے بھی ایک Independent Law جاری کر دیں -

Minister of Law : It is really the procedure that stands in our way that instead of incorporating the whole of the consolidated law into one Ordinance and issuing it as one Ordinance we had to do this because not many amendments were needed except some formal, textual amendments.

Mr. Speaker : At least there were amendments in 16 sections. The lawyers and other persons who want to know on the point they shall have first to read the Co-operative Societies Act and then they shall have to read this Ordinance and then they will make out where the change has taken place.

Minister of Law : I may inform the Speaker that the Ordinances which are being amended or the existing laws which are being amended like this, the Law Department is already working on them and a consolidated

Ordinance incorporating these amendments as well as the existing laws will very soon be available for sale in the market. That is being done.

خواجہ محمد صفدر - یہاں میں آپ سے differ کرتا ہوں - میرے پاس Amended Volume of W. Pakistan Laws ہے اس میں آرڈیننس کی ترمیمات دی ہوئی ہیں -

Minister of Law : I quite appreciate. It is a very good suggestion and is being implemented. It is in the process of implementation.

Mr. Speaker : That is the difficulty of the lawyers which I have pointed out.

Minister of Law : Yes, Sir, it is a very genuine difficulty.

Mr. Speaker : Some times we make three amendments in an Ordinance and they have to consult three or four Ordinances and then they come to a conclusion as to what is the law on the point.

Minister of Law : True. That is being done.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Assembly do approve of the Sind Co-operative Societies (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th April, 1965.

The motion was carried

THE ROAD TRANSPORT CORPORATION (WEST PAKISTAN) REMOVAL OF UNDESIRABLE EMPLOYEES ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law : I beg to move :—

That the Assembly do approve of the Road Transport Corporation (West

Pakistan) Removal of Undesirable Employees Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

Mr. Speaker : The motion is :—

That the Assembly do approve of the Road Transport Corporation (West Pakistan) Removal of Undesirable Employees Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the Ordinance before the House, as its nomenclature shows, is meant to govern the service conditions of the employees of the Road Transport Corporation. The House is well aware that the employees of the Road Transport Corporation, except those who hold posts in Government departments and are on deputation with this Corporation, are not Government servants as contemplated by the Constitution. Consequently their conditions of service could not be governed by the Constitution as a matter of right. The Constitution has guaranteed one thing at least in respect of every Government servant, namely, that before his services could be terminated he shall be given an opportunity of showing cause against the proposed action. It was thought that this Corporation may not incorporate this constitutional provision, which, as I have already respectfully submitted, will not be binding on them and this Ordinance was, therefore, enacted to ensure that this Corporation does concede to its employees the right of showing cause before their services are terminated. In the existing Rules all that is provided is—and this is common in so many other rules and regulations of similar corporations—that the services of an employee could be terminated by mere notice of a prescribed period, which does not necessarily mean a show cause notice. The show cause notice will necessarily entail a charge-sheet containing the allegations against the employees, his explanation, his defence, if any, and then the consequent order will follow. Keeping this in mind it was thought necessary that this minimum requirement, before his services are terminated, should be guaranteed to the employees of the Corporation and hence this Ordinance was issued. Many cases of such employees were pending disposal of the Corporation and it was thought urgently necessary and an emergency has come up so that this Ordinance should be issued in order to pin down the superiors in the Corporation to comply with this salutary rule, hence this Ordinance has been issued which ensures that before the services of any employee of this autonomous body are terminated he shall be as a matter of right entitled to have a show cause notice.

Ample and adequate provision has been made in this Ordinance for appeal against the order passed against an employee. I would, therefore, as I have been doing, appeal to the members on the opposition side to join hands and at least see that this Ordinance is approved without any further debate.

Mr. Speaker : Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - وزیر قانون - - -

مسٹر حمزہ - جناب کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - مجھے محترم وزیر قانون کی اس خواہش کا بڑا احترام ہے کہ کم سے کم ایک آرڈیننس تو ایسا ہو جس پر ہم متفق ہو سکیں اور اسے ایوان میں منظور کر لیں - مشکل یہ ہے کہ میرے اوپر کچھ دوسرے فرائض بھی آتے ہیں - میں مجبور ہوں کہ کم سے کم اس آرڈیننس کے سلسلے میں آپ کی خواہش کے احترام کے باوجود اپنی زبان بند نہ کروں اور جس چیز کو میں صحیح سمجھتا ہوں اسے عرض کروں اور جس کو غلط سمجھتا ہوں اس کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرا دوں -

جناب والا - یہ آرڈیننس روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے ارباب اقتدار کو اور اس کے چیئرمین اور اس کے دوسرے افسروں کو بڑا وسیع حق

دیتا ہے کہ جس ملازم کی صورت ان کو پسند نہ آئے تو وہ اس کو بیک جنبش قلم ملازمت سے برطرف کر دیں - میری سمجھ میں وزیر قانون کی تصریح کے باوجود یہ نہ آیا کہ صرف اسی ادارے کے لئے ایسے قانون کی کیا ضرورت پیش آئی - گورنمنٹ کے علاوہ ملک میں دوسرے صنعتی ادارے نیم سرکاری بھی اور غیر سرکاری بھی موجود ہیں - ہر جگہ کے ملازمین کو یہ اختیار ہوتا ہے بلکہ ان کا یہ حق ہوتا ہے کہ اگر ان کے خلاف کوئی زیادتی ہو اور ان کو اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے ملازمت سے علیحدہ کیا جائے تو وہ اپنی شکایات کو کم سے کم صنعتی ادارہ تک تو لے جا سکیں - غیر سرکاری محکموں میں جو کہ صنعتی ادارہ کی بنیاد پر چلائے جاتے ہیں مثلاً ریلوے اتنا بڑا ادارہ ہے پبلک utility سروس بھی ہے - پھر بھی اس کے ملازمین کو یہ اختیار ہے کہ اپنی یونین بنائیں اور اگر ان کے خلاف زیادتی ہو تو وہ فرداً فرداً اور مجموعاً بھی اپنی شکایات کو صنعتی اداروں کے سامنے لے جا کر ان کے ازالہ کی کوشش کرسکیں - جہاں تک کارپوریشن کا تعلق ہے ان کے ملازمین کو بھی یہ حق حاصل ہے - چنانچہ پی - آئی - اے بھی ویسا ہی ادارہ ہے پی - آئی - اے کے ملازموں کو بھی یہ اختیار ہے اور ان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی یونین بنائیں اور اگر ان کے افسران اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے کسی شخص کو اس کے ذریعہ معاش سے محروم کرنے کی کوشش کریں تو وہ اس کے خلاف اپنی شکایات صنعتی ادارہ تک لے جا سکیں اور اس طرح وہ اپنی شکایات کا ازالہ کر سکیں - جناب والا - کسی ادارہ کے ذمہ‌دار لوگوں کو یہ حق دینا کہ جس شخص کی صورت ان کو پسند نہ آئے ان کے نزدیک وہ ناپسندیدہ ہو جائے اور

وہ اس کو ملازمت سے علیحدہ کر دیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی ہے ۔ آپ اس کی اس شق کو ملاحظہ فرمائیں :

"If in the opinion of the appropriate authority any employee is undesirable . . . ."

Undesirable کسی نوعیت کا کیوں نہ ہو ۔ اس کے لئے یہ بھی کافی ہو سکتا ہے کہ چونکہ ہنستے میں تمہارے دانت باہر نکل آتے ہیں اس لئے ہمیں تمہاری صورت پسند نہیں ہے ۔ ہم تم کو علیحدہ کرتے ہیں ۔

". . . . and it is expedient, in the public interest, to terminate his services, the appropriate authority may, notwithstanding anything to the contrary contained in any law, rule or instrument having the force of law —

(i) after giving such employee a reasonable opportunity to show cause against the action proposed to be taken against him . . . ."

وزیر قانون نے اپنی تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ show cause نوٹس میں اس کو چارج شیٹ بھی دی جائے گی ۔ اس شق سے اس کو یہ اختیار ہے کہ اگر محکمہ کا افسر اعلیٰ اس کو ذریعہ معاش سے علیحدہ کرنے کا نوٹس دے تو اس کو یہ موقع دے گا کہ وہ اس کو بتائے کہ اس کے خلاف یہ کارروائی کیوں نہ کی جائے ۔ یعنی اس کو علیحدہ کیوں نہ کیا جائے ۔ یعنی افسر اعلیٰ پر یہ پابندی ہرگز عائد نہیں ہوتی کہ اس کو یہ بھی بتائے کہ تمہارے خلاف چارج کیا ہے ۔ دوسرے قوانین میں اور دوسرے سرکاری ملازموں کی ملازمت کی جو شرائط ہیں اس میں یہ بات صراحت سے موجود ہے کہ اگر کسی سرکاری ملازم کے خلاف کارروائی کی جائے گی تو اس کو چارج شیٹ دی جائے گی اور وہ اس کا جواب دے گا ۔ لیکن اس قانون میں

صرف یہ رکھا گیا ہے اور صرف یہ چیز موجود ہے کہ افسر اعلیٰ یہ بتائے گا کہ تم کو یہ سزا کیوں نہ دی جائے - جو تمہارے خلاف کارروائی کی جانے والی ہے وہ کیوں نہ کی جائے لیکن اس کارروائی کے اسباب کیا ہیں اور کیا وجوہ ہیں جن کی بناء پر اسے ملازمت سے علیحدہ کیا جا رہا ہے تو اس کے لئے وہ مجبور نہیں ہے کہ وہ ملازم کو بتائیں یا اس کا جواب طلب کریں اس کے بعد اس کے سیکشن ۵ میں ہے -

"No suit, prosecution or other legal proceedings shall lie against the Government, the Corporation or any other officer or servant of the Corporation for anything in good faith done or intended to be done under this Ordinance."

تو سابقہ آرڈیننس کی طرح اس آرڈیننس میں بھی عدالت کے اختیارات کو محکمہ کے افسران کے سپرد کر دیا گیا ہے - دوسرے صنعتی اور کاروباری ادارے خواہ وہ سرکاری ہوں یا نیم سرکاری ہوں یا بالکل نجی ہوں ان میں تمام ملازمین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ صنعتی اداروں کے پاس اپنے معاملات لے جا سکیں - پبلک سروس کو اتنی اہمیت حاصل ہے کہ کسی ادارے میں سے اگر کسی ملازم کو الگ کیا جائے تو اس کے خلاف کارروائی کی جا سکتی تھی لیکن اس قانون کے تحت کوئی کارروائی نہیں کی جا سکتی - میں سمجھتا ہوں کہ اس کی کوئی وجہ نہیں تھی - ملازمین کے لئے قوانین آخر کچھ تحفظ دیتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ جو چیز ملازمین کے لئے فائدہ مند ہو اس کا اطلاق کیوں نہ ان پر کیا جائے - یہ roads کے اور موٹروں کے ادارے کے ملازمین کے لئے علیحدہ قوانین بنانے کی کیا ضرورت تھی اور وہ بھی اتنے سخت قوانین کہ جس ملازم کو چاہیں ملازمت سے علیحدہ کر دیں اور پھر نہ وہ اس کے خلاف

فریاد کر سکے اور نہ وہ کسی عدالت میں اپنے معاملہ کو لے جا سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ملازمتوں کے حق پر ایک بہت زبردست اور بہت ہی شدید حملہ ہے اور اس سے اس بات کا امکان ہے کہ جس ادارے کو آپ مفاد عامہ کے لئے ضروری سمجھتے ہیں اس کے ملازمین میں بے اطمینانی پھیلے اور بے اطمینانی کے نتیجہ میں شدید طور پر اس کا کاروبار معطل ہو اور انصاف کو ٹھیس پہنچے ۔ جناب والا ۔ جب آپ کسی ادارے کے ملازمین کو یا کسی ملک کے عوام کو ان کی اپنی مشکلات کے ازالے کے لئے جائز سہولتیں فراہم نہیں کرتے اور ان کے لئے قانونی راستے بند کر دیتے ہیں اور ان کے لئے صحیح راستے مسدود کر دیتے ہیں جن کے اوپر چل کر وہ اپنی مشکلات کا حل کر سکیں تو لازماً ان کی طبائع دوسرا رخ اختیار کرتی ہیں اور وہ دوسرا رخ میں سمجھتا ہوں نہ تو یقیناً عوام کے لئے مفید ہوتا ہے اور نہ اس ادارے کے لئے مفید ہوتا ہے ۔ ملک کے وسیع تر مفاد میں کسی ادارے کے مفاد میں نہیں بلکہ ملک کے عوام کے مفاد میں یہ ضروری ہے کہ آپ اس آرڈیننس کو واپس لیں اور اس کی بجائے اگر آپ نے کوئی قانون بنانا ہے تو ایسا قانون بنائیں اگر جو کہ منصفانہ طریق سے ملازمین کو یہ حق دیتا ہو کہ وہ اپنے حقوق کی پامالی کے خلاف عدالت میں چارہ جوئی کر سکیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک محمد اختر ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی ہمارے محترم وزیر قانون صاحب نے فرمایا تھا کہ ہم اس آرڈیننس کو بلا کسی قسم کی

مخالفت کے پاس کر دیں ۔ کاش وہ یہاں پر ہوتے تو میں ان سے خطاب کر سکتا ۔ محترم وزیر قانون صاحب نے اس آرڈیننس کی افادیت کے متعلق کچھ کہتے ہوئے ہاؤس میں اپنی خواہش کا اظہار کیا کہ اس آرڈیننس کو پاس کر دیا جائے کیونکہ یہ مفاد عامہ میں ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ ثابت کروں گا کہ اس آرڈیننس کا ہر Full Stop and Comma مفاد عامہ کے منافی ہے اور وہ تمام دعویٰ جات جو محترم وزیر قانون صاحب نے فرمائے وہ دراصل اپنی تمام باتیں کسی غلط فہمی کی بناء پر کر گئے جو حقیقت سے بالکل متضاد اور الٹ ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں اس آرڈیننس کے Preamble کی طرف آؤں گا ۔ Preamble میں یہ کہا گیا ہے ۔

"Whereas it is expedient to make provision for the termination of the services of undesirable employees of the Road Transport Corporation, in the manner hereinafter appearing;"

ملازمین کے متعلق Preamble میں اگر ذرا اور وضاحت سے کوئی شق لگا دیتے یعنی یہ کہہ دیا جاتا کہ یہ مراد ہے اور یہ حالات اور reasons تھے جنہوں نے اس آرڈیننس کو لگانا inevitable کر دیا یعنی حکومت کو مجبور کر دیا تھا تو میں سمجھتا کہ ہمیں یہ بات سمجھنے میں سہولت ہو جاتی لیکن بد قسمتی سے وہی جچے تلے الفاظ ہوتے ہیں جنہیں تمام آرڈیننسوں میں شامل کر دیا جاتا ہے اور انہیں کو repeat کر دیا جاتا ہے ۔ Statement of Objects and Reasons میں بھی کوئی ایسی reasonable بات نہیں کی گئی جس کی بناء پر ہم اس آرڈیننس کی مخالفت نہ کرتے ۔ اس کے بعد دفعہ (۱) میں پھر وہی بات دہرائی گئی ہے ۔

This Ordinance may be called the Road Transport Corporation (West Pakistan) Removal of Undesirable Emyloyees Ordinance, 1965.

(2) It shall come into force at once.

یعنی کوئی reason دئیے بغیر کہ Undesirable elements کون ہیں ۔ کیا وجوہات ہیں ۔ جناب والا ۔ یہی کہہ دیا جاتا کہ وہ Undesirable Elements وہ ہم ہیں یا ہمارے ساتھی ہیں یا اس کا امکان ہے کہ وہ ہماری حکومت سے ذرا ادھر ہو جائیں گے اور یہ اس لئے کیا جا رہا ہے ۔ Arguments سے کسی حد تک یعنی حکومت متاثر ہوگی تو یہ بھی کچھ قابل قبول ہوتا ۔ لیکن جناب والا ۔ کسی طرح بھی دفعہ (۱) میں ایسے reasons نہیں دئیے گئے صرف یہ کہا گیا ہے کہ یہ تلوار ہے جس سے قتل عام ہوگا اور اس کا نفاذ — اس پر عمل درآمد فوری طور پر کر دیا جائے گا ۔ سیکشن ۲ میں کچھ definitions ہیں جن کی تفصیل میں جانے کی میں چنداں ضرورت نہیں سمجھتا ۔ اب آئیے دفعہ ۳ پر ۔ دفعہ ۳ میں پڑھوں گا ۔ اس کے بعد میں اس کو analyse کروں گا اور یہ ثابت کروں گا کہ محترم وزیر قانون نے جو فرمایا ہے وہ دراصل اس آرڈیننس سے بالکل متضاد ہے ۔

"If in the opinion of the appropriate authority, any employee is undesirable and it is expedient, in the public interest, to terminate his services, the appropriate authority may, notwithstanding anything to the contrary contained in any law, rule or instrument having the force of law—"

اب جناب والا ۔ یہ دفعہ ۳ جو ہے یہ ساری کی ساری public interest کے منافی ہے ۔ یہ employees کے interest کے منافی ہے اور اس کا ایک ایک لفظ جو ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ قابل اعتراض ہے ۔ پہلے اسے سن لیجئے ۔

(i) after giving such employee a reasonable opportunity to show cause against the action proposed to be taken against him, terminate his services ; and

(ii) direct that such gratuity or Provident Fund as may be admissible to such employee under the rules and specified in the order be paid to him..."

"If in the opinion of the appropriate authority, any employee is undesirable . . ."

میں جناب والا ۔ محترم وزیر قانون سے بڑی مؤدبانہ گذارش کروں گا اور humbly submit کروں گا کہ وہ خدا را چونکہ وہ اس آرڈیننس کے author ہیں Undesirable کے لفظ کی ہیں ۔ جو ان کے ذہن میں ہے تشریح فرما دیں کیونکہ Undesirable کا لفظ جس طریق سے اس دفعہ میں استعمال کیا گیا ہے اس دفعہ کو اتنا Exhaustive کر دیا گیا ہے اور Undesirable کا scope اتنا wide ہے کہ ہم حیران ہیں کہ Undesirable آدمی ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ جب وہ روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ کا جو چیئرمین ہے اس کے سامنے پیش ہو اور اس کی ٹائی اچھی نہ ہو ۔ اس کے کپڑے اچھے طریق سے Press نہ ہوئے ہوں اور وہ اسے پسند نہ کرتے ہوں تو وہ اس کو Undesirable گردان سکتے ہیں ۔ Undesirable کے لفظ کی میں سمجھتا ہوں کوئی Definition نہ دینا اور اتنے بڑے وسیع اختیارات اتنے بڑے حاکم کو دے دینا جن سے وہ جب چاہے ایک ایسے شخص کو جس پر کئی کنبے پلتے ہوں ایک حرف غلط کی طرح مٹا سکتا ہے ۔ بڑی زیادتی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری حکومت ہمارے ارباب اختیار کی سب سے بڑی زیادتی جو ہے وہ یہ ہے کہ وہ عام قانون سے استفادہ کرنے کی کوشش نہیں کرتے اور اس کے علاوہ مجھے ایک اور گذارش جو کرنی ہے وہ یہ ہے کہ اگر ہمارے حکام عام قانون سے استفادہ نہیں کر سکتے تو

یہ ان کی اپنی inefficiency ہے ۔ آپ ان کی inefficiency کو کیوں protection دیتے ہیں ۔ کیوں نہ ایک انسپکشن ٹیم ہو جو موقعہ پر جائے۔ اور مختلف محکمہجات کا جائزہ لے ۔ ایک انسپکشن ٹیم گورنر صاحب کی موجود ہے ۔ ہمارے یہ ارباب اختیار عام قوانین کے ہوتے ہوئے کیوں اپنا ڈسپلن قائم نہیں رکھ سکتے ۔ کیوں اپنا کام عمدگی سے نہیں کر سکتے ۔ وہ کیوں عام حالات میں ایسے قوانین کا نفاذ کرتے ہیں ۔ جنہیں صرف ہنگامی دور میں یا جنگ کے وقت میں ہاتھ میں لینا چاہئے۔ اس صوبے کا نظم و نسق تباہ ہو کر رہ گیا ہے ۔ کسی بھی اہل کار کو اپنے افسروں پر اعتماد نہیں رہا ۔ وہ اپنے افسروں کے رحم و کرم پر ہیں ۔ افسر جس وقت چاہیں انہیں ختم کر سکتے ہیں ۔ یہی نہیں بلکہ انہیں بھیانک سزا دے سکتے ہیں ۔ جس سے ان کے کنبے والے اور ان پر انحصار رکھنے والے بے بس ہو کر رہ جائیں بالکل ختم ہو کر رہ جائیں ۔ میں سمجھتا ہوں اس آرڈیننس میں یہ جو ایک لفظ undesirable رکھ دیا گیا ہے ۔ اس سے اس کا scope اتنا وسیع ہو گیا ہے کہ تمام ملازم غیر محفوظ ہو کر رہ گئے ہیں ۔ اس سے افسروں کے ہاتھ میں بہت وسیع اختیارات آ گئے ہیں ۔ اب وہ جسے چاہیں undesirable کہہ کر باہر نکال سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اسی طرح کا ایک اور جملہ in the public interest ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ public interest کو بہت سی کتابوں اور بہت سے رولز میں define کیا گیا ہے ۔ اس طرح سے متعلقہ افسروں کے ہاتھ میں بہت سے اختیارات discretionary آ جاتے ہیں اور وہ اپنے ماتحتوں کی سروس ختم کر سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔ Road Transport Board میں کئی قسم کے ملازمین ہیں ۔ ایک کلاس ان کی ہے جو یہاں deputation پر آئے ہوئے ہیں ۔

Mr. Hamza : Sir the House is not in quorum.

Mr. Speaker : The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ میں تین قسم کے ملازمین ہیں ۔ ایک وہ جو deputation پر آئے ہوئے ہیں ۔ دوسرے وہ جو اس محکمے میں براہ راست بھرتی ہوئے۔ اور تیسرے وہ جو سرکاری ملازم تھے۔ مگر اب ان کی سروس اس محکمے میں منتقل کی جا چکی ہے ۔ یہ جو پچھلی دو کلاسیں ہیں ملازمین کی ، وہ اس آرڈیننس کی براہ راست زد میں آتی ہیں ۔ آپ کے ملک میں Contract Act موجود ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Malik Sahib may please take his seat. This is highly objectionable. I have been warning the members time and again, and I am sorry to note that the members come in the House and talk with the Ministers etc. on their own affairs and not in connection with the Assembly business.

Yes, Malik Akhtar may resume his speech.

ملک محمد اختر ۔ تو جناب والا ۔ ان دو کلاسوں کی ملازمت کے سلسلے میں جو قانونی پابندیاں یا ذمہ داریاں ہیں انہیں اس آرڈیننس کے تحت بیک جنبش قلم ختم کیا جا سکتا ہے ۔ اس طرح وہ بیچارے

ملازمین جو پہلے کسی اور سرکاری محکمہ میں ملازم تھے اور انہوں نے اپنی سروسز اس بورڈ میں ٹرانسفر کرا لیں ۔ اب وہ بے یارو مددگار رہ جائیں گے ۔ اپنے پہلے محکمہ میں جو استحقاقات اور مراعات انہیں حاصل تھیں اور جنہیں انہوں نے دس ، پندرہ یا بیس برس کی ملازمت کے بعد earn کیا تھا ۔ اب انہیں ان سے محروم کیا جا سکتا ہے ۔

"Notwithstanding anything to the contrary contained in any law, rule, instrument having the force of law . . ."

ان کی سروس ختم کی جا سکتی ہے ۔ انہیں ان سہولتوں سے محروم کیا جا سکتا ہے جو اس وقت گورنمنٹ کے دوسرے محکمہ جات میں جہاں سے انہیں ٹرانسفر کیا گیا تھا ۔ ملازموں کو حاصل ہیں ۔

اب جناب والا ۔ میں سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کا ایک نوٹیفیکیشن پیش کرتا ہوں ۔

Rule 6 of the West Pakistan Government Servants Efficiency and Discipline Rules 1960 کے رول نمبر ۶ میں وہ طریقہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک سرکاری ملازم کی سروس کو کیسے ختم کیا جا سکتا ہے ۔

"Where a Government servant is to be proceeded against under clauses (*a*), (*b*) or (*c*) of rule 4, the following procedure shall be observed. . ."

اس طریق کار کا یہاں بیان کرنا اس لئے ضروری ہے تاکہ مقابلہ کیا جا سکے ۔ کہ اس آرڈیننس کے آنے کے بعد یہ جو ہمارا موجودہ بورڈ ہے ۔ اس کی سروس کی شرائط کتنی مختلف ہو جائیں گی ۔ اس آرڈیننس میں کسی جگہ پر نہیں کہا گیا کہ کسی کی سروس کو ختم کرنے کا جو طریق کار ہوگا اس کے لئے رولز بنائے جائیں گے ۔ ایسی کوئی شق نہ

ہونے کی وجہ سے میں یہ Presume کرنے پر مجبور ہوں ۔ کہ Arbitrarily شو کاز نوٹس جاری کیے جائیں گے اور ان کی سروسز ختم کر دی جائیں گی ۔ اور نہ ہی وزیر قانون صاحب کی زبانی گارنٹی ہی اس بات کے لئے کوئی ہو سکتی ہے ۔ جب تک اس میں ترمیم کرکے ان دفعات کو شامل نہ کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس شق کی غیر موجودگی میں ہم یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہیں کہ اس کے تحت arbitrary proce- dure adopt کیا جائیگا ۔ اس رول کے نمبر ٦ (١) (٢) اور (٣) کے تحت جو مراعات ہیں وہ اس طرح ہیں ۔

"6. (1) When a Government servant is to be proceeded against under clause (a), (b) or (c) of rule 3, the following procedure shall be observed :—

(*i*) The authority may, if it thinks fit, appoint an officer of the Department or office to which the Government servant (hereinafter called the accused) belongs, to examine and report on the allegations against him to enable the authority to decide whether a formal inquiry should be held, and such officer may also informally examine the accused.

(*ii*) If the authority decides that a formal inquiry should be held, it shall decide further whether the allegations, if established, would call for a minor or a major penalty.

(*iii*) (a) In cases calling for a minor penalty, the authority or such officer as may be appointed by it in that behalf, shall frame a charge, communicate it to the accused and call upon him to answer it within a specified time, which shall not be less than seven days nor more than fourteen days from the date the charge is communicated to him, and to state, together with his answer, whether he desires to be heard in person or to lead evidence in defence.

(b) Where the accused answers within the specified time, the authority, or the said officer, shall if satisfied that there is a prima facie case and if the accused has so desired, give him an opportunity to be heard in person and to lead evidence in defence ;"

جناب والا ۔ یہ تو ہے ۔ آپ کا وہ پروسیجر جو اس وقت تمام کے تمام سرکاری ملازمین کے لئے رائج ہے۔ اور جس سے کہ آپ روڈ ٹرانسپورٹ

بورڈ کے ملازمین کو بلا وجہ بتائے محروم کر رہے ہیں ۔ اور پھر یہ حکم بھی صادر فرما رہے ہیں ۔ اور اگر یہ غیر پارلیمانی نہ ہو ۔ اور آپ کو یہ زیادہ قابل اعتراض محسوس نہ ہو تو ہم یہ زہریلا تیر کھا بھی جائیں ۔ اور آف تک بھی نہ کریں ۔ آپ اس پروسیجر کی دفعہ نمبر ۸ (اے) کی طرف آئیے ۔ تو اس کو اس قدر تحفظ دینے کے بعد یہ اندازہ کیا جائیگا کہ اگر اس پر کوئی میجر پینلٹی یا مائنر پینلٹی inflict کی جا سکتی ہے تو پھر اس کے بعد اس کا جواب آنے کے بعد مزید پروسیجر adopt کیا جائے گا ۔

"8. (1) Where a Government servant is proceeded against under clause (a) or clause (b) or clause (c) of rule 3, and the authority decides that the allegations against him, if proved, call for a major penalty, the authority, shall appoint an officer, senior in rank to the person proceeded against, to be Inquiry Officer and to conduct the proceedings against him.

(2) The Inquiry Officer shall hear the case from day to day, and no adjournment shall be given except for reasons to be recorded in writing. Every adjourument, with reasons therefor, shall be reported forthwith to the authority. No adjournment ordinarily shall be given for more than a week.

(3) If the Inquiry Officer is satisfied that the Government servant proceeded against is hampering or attempting to hamper the progress of the inquiry he shall administer warning to him, and if thereafter he is satisfied that the accused is acting in disregard of the warning he shall record a finding to that effect, and proceed to complete the inquiry in such manner as he thinks best fitted to do substantial justice."

میں اس کو مختصراً عرض کرتا ہوں ۔ آگے پروسیجر رول نمبر ۹ کے تحت ہے ۔

"9. (1) The authority shall consider the report of the Inquiry Officer, and if upon such consideration it is of the opinion that a penalty should be imposed upon the accused, it shall provisionally determine the penalty to be imposed and shall so inform the accused and supply him with a copy of the report and call upon him to show cause within a reasonable time, which shall

not be less than seven days, nor more than fourteen days, why the penalty proposed should not be imposed.

(2) The authority shall take into consideration any cause shown by the accused before passing final orders."

جناب والا ۔ دیگر سرکاری محکمہ جات میں آپ نے جو پروسیجر adopt کیا ہے وہ یہ ہے ۔ یعنی سب سے پہلے آپ یہ کریں گے کہ اسے statement of case دیں گے ۔ اس کا جواب یا explanation آنے کے بعد آپ اس پر مزید غور کریں گے کہ اس پر جو penalty inflict کرنی ہے ۔ وہ میجر ہوگی یا مائنر ہوگی ۔ پھر اس کے بعد اسی طریقے سے آپ enquiry conduct کریں گے ۔ اور ایک انکوائری افسر کا تعین کریں گے ۔ اس متذکرہ افسر کی رپورٹ آنے کے بعد آپ ملزم کو بتائیں گے کہ آپ کے خلاف penalty impose کی جا رہی ہے ۔ پھر اگر وہ اس کے متعلق کچھ کہنا چاہے یا اگر وہ کچھ نہ کہے تو اس کے بعد ہی آپ اس پر اپنی سزا inflict کریں گے ۔ آپ یہ دیکھیں کہ سرکاری محکمہ جات میں آپ سرکاری ملازمین کو جن مراعات کا اہل سمجھتے ہیں ان ہی ملازمین پر روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ میں آنے کے بعد ان مراعات کو ختم کیا جاتا ہے ۔ تو اب ان ملازمین کے لئے تو جناب وزیر قانون صاحب ہی فرمائیں کہ جو قانون وہ ناپسندیدہ لوگوں کے لئے لائے ہیں ان کے لئے یہ ناپسندیدہ ہے کہ نہیں ۔ جن لوگوں کے ساتھ روڈ ٹرانسپورٹ بورڈ نے فنی بنیادوں پر معاہدات کئے ہوں ۔ ان کو اس طرح سے ختم کر دینا کہاں تک واجب ہے ۔ اور پھر اس پر یہ کہنا کہ آپ ان کی ملازمتوں کو مفاد عامہ کے پیش نظر ختم کر رہے ہیں ۔ حالانکہ اس مفاد عامہ کا نہ تو آپ نے کہیں پر حوالہ دیا ہے اور نہ ہی آپ نے اس کی وضاحت کی ہے ۔

اب آپ ھی فرمائیں کہ کیا یہ مفاد عامہ میں نہیں ھے ۔ کہ اس ناپسندیدہ آرڈیننس کو اسی وقت بالکل ختم کر دیا جائے اور اسے نامنظور کر دیں ۔

جناب والا ۔ میں اس کی اگلی دفعات کی طرف آتا ھوں ۔ اس میں آپ نے صرف یہ opportunity رکھی ھے ۔ "opportunity to be heard" میں تو کہتا ھوں کہ آپ سیدھے سیدھے یہ کہہ دیتے ۔

Any person who is considered to be undesirable, his services shall be terminated.

جب عملی طور پر آپ نے اسی طریقے سے عمل پیرا ھونا ھے تو پھر الفاظ کے ھیر پھیر کو کیوں لاتے ھیں ۔ اور اس پر عمل کیوں نہیں کرتے ۔ اب میں اس کی دفعہ نمبر ۴ کی طرف آؤنگا ۔

"Any employee in respect of whom an order terminating his services has been made under section 3 by the Chairman or the Corporation, may, within fifteen days of the communication to him of the order, appeal against the order to Government and the order made in appeal shall be final."

جناب والا ۔ اپیل کی گنجائش رکھی گئی ھے ۔ کہ جس وقت بلا موقع دیئے کسی کو نکالا جائیگا ۔ اور اس سے پہلے اس نے چارج شیٹ کا جواب دیدیا ھو ۔ اور اس پر comment دینے کے بعد جو ڈائریکٹر یا چیئرمین ھوگا ۔ وہ اسکی ملازمت کو ختم کر دیگا ۔ لیکن پندرہ دن کے اندر اندر اسکے حکم کے خلاف اپیل کا حق ھوگا ۔ گورنمنٹ کے پاس جو اپیل ھوگی ۔ تو اسکے لئے کوئی opportunity to be heard اس شخص کے پاس ھے ۔ کوئی proper procedure adopt نہیں کیا گیا ۔ اسکو موقع نہیں دیا گیا ۔ کہ وہ کوئی شہادت پیش کر سکے ۔ یا اس پر جو الزامات لگائے گئے ھیں ان کے

بارے میں شہادت دینے والوں پر جرح کر سکے - تو پھر وہ کونسا ریکارڈ یا طریقہ کار ہوگا کہ گورنمنٹ کے سیکرٹری یا افسران اس طریق کار کو بروئے کار لاتے ہوئے یہ دیکھیں کہ یہ آدمی بیگناہ ہے یا نہیں - یا اس نے جرم کیا ہے یا نہیں - تو جس form میں یہ آرڈیننس پیش کیا گیا ہے - اس لحاظ سے اپیل کی یہ دفعہ غیر ضروری ہے - آپ صرف اس آدمی کو صرف چند دن کے لئے بیروزگار رکھیں گے -تاکہ وہ کچھ عرصہ آپ کے سیکریٹریٹ کے ارد گرد گھومے - اور پھر اس ریکارڈ پر انحصار کریں گے کہ جس میں کوئی fact ہی نہیں ہے -

"Where an order of retirement under section 3 has been made by Government, no appeal shall lie against such order, but the person in respect of whom such an order has been made, may, within fifteen days of the communication to him of such order, apply for review of the order to Government, and any order passed in review shall be final."

اگر کوئی ایسے اشخاص ہیں جن کی competent appointing authority گورنمنٹ ہے ان کا اس سے بھی برا معاملہ ہے - یعنی پہلے صاحب جن کو چیئرمین صاحب نے فارغ کر دیا ہے یا روڈ ٹرانسپورٹ نے فارغ کر دیا ہے ان کو کم از کم ایک ہلکی سی امید ضرور تھی کہ وہ اپیل کر لیں گے لیکن اب وہ لوگ جن کی سروسز کو گورنمنٹ کے کسی افسر نے یا سیکرٹری نے terminate کر دیا ہے وہ اپیل کا حق نہیں رکھتے ہیں - وہ صرف اتنا حق رکھتے ہیں کہ وہ review میں جائیں - اور جب review ہو تو اسی افسر کے پاس ہو جس نے پہلے اس آرڈر کو پاس کیا ہے - آپ بتائیں اس سے arbitrary اور کیا ہو سکتا ہے - جناب والا - سب سے بڑا ظلم جو اس آرڈیننس میں کیا گیا ہے وہ یہ ہے - دفعہ ۵ میں یہ کہا گیا ہے -

"No suit, prosecution or other legal proceedings shall lie against Government, the Corporation or any other officer or servant of the Corporation for anything in good faith done or intended to be done under this Ordinance."

جناب والا ۔ آپ دیکھیں کہ آپ اس کو اپیل کا حق نہیں دیتے ہیں آپ کیوں نہیں اس کو اس ملک سے باہر نکال دیتے۔ جس کی services کو آپ نے terminate کیا ہے اپیل کا حق اس غریب کو نہیں ہے ۔ سول کورٹ کا دروازہ وہ کھٹکھٹا نہیں سکتا یا اور کوئی لیگل پروسیجر اس افسر کے خلاف نہیں کر سکتا ۔ اپیل نہیں کر سکتا ۔ کیا آپ کے یہ دعوے ہیں جن کی وجہ سے آپ popular ہونا چاہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Malik Sahib should not get sentimental.

ملک محمد اختر ۔ I am sorry, Sir

جناب والا ۔ میں مودبانہ عرض کر رہا تھا کہ وہ حکومت جو اس صوبہ میں قائم ہے وہ ہم میں سے ہے ۔ ہمارے نمائندوں پر مشتمل ہے ۔ وہ کیوں یہ سمجھ بیٹھی ہے کہ ۱۹۴۷ء کے قبل کا زمانہ ہے ۔ وہ حاکم ہیں اور ہم محکوم ہیں ۔ ہمارے لئے کیوں ایسے قوانین بنائے جاتے ہیں اور ان کو نافذ کیا جاتا ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ دفعہ سب سے زیادہ harsh ہے ۔ Civil rights کے لئے دیوانی عدالتوں کا خدا را ہرگز دروازہ بند نہ کیا جائے ۔ ہمیں ان سے استفادہ کرنے دیا جائے ۔ ہو سکتا ہے کسی وقت آپ نے نیک نیتی سے آرڈر دیا ہو اور اس میں آپ Undesirable ہو گئے ہوں ۔ تو کیوں نہیں آپ سول ججز کو ، ہائی کورٹ کے جج صاحبان کو اور سپریم کورٹ کے جج صاحبان کو موقع دیتے کہ وہ ہماری فریاد سنیں اور فریاد سن کر انصاف کریں ۔ میں اس چیز کو

پھر دھراتا ہوں کہ حکومت کے پاپولر ہونے کے لئے سب سے بڑی ضروری چیز جو ہے وہ یہ ہے کہ وہ عدل اور انصاف سے کام لے - آج بھی ہم خلفاء راشدین اور صحابہ کرام کے فیصلہ جات اور ان کے انصاف کو یاد کرتے ہیں - عدل فاروقی اور نوشیروان کے عدل کو آج بھی ہم یاد کرتے ہیں ، اس کی تمام عادتوں کے باوجود جہانگیر کے عدل جہانگیری کی نظیر ہمارے ملک میں ، ہماری ٹریڈیشن میں ، ہماری تاریخوں میں - ہماری کتابوں میں موجود ہے - میں گذارش کرتا ہوں کہ خدا را انصاف کیجئے اور دیکھیں کہ عوام کے حقوق کو اس طرح پائمال نہ کیا جائے اور محض اس لئے کہ آپ سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ یونین بنائیں گے اور اکٹھا ہو کر اپنی آواز اٹھائیں گے - اور لیڈروں کو دبانے کے لئے یہ قانون نافذ کیا جا رہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ جو بری نظیریں ہیں ان کو ختم کیا جائے - خدا را انصاف کیجئے - اپنی عوام کو اپنا سمجھئے اور ایسے قوانین کے نفاذ سے احتراز کیجئے - جس سے آپ ان کی سول لیبرٹی چھین لیں -

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - یہ ایسا ہنگامی قانون ہے جو ایک نیم خود مختار ادارے کے ملازمین کو محض (Undesirable) نا پسندیدہ کہہ کر نوکری سے علیحدہ کرنے کا اختیار دیتا ہے - بحیثیت ایک نیم خود مختار ادارے کے یہ وہ ادارہ ہے جو کہ سارے صوبہ میں روڈ ٹرانسپورٹ کے کام کا ذمہ دار ہے - بلکہ گورنمنٹ جتنی بھی روڈ ٹرانسپورٹ میں دلچسپی لے رہی ہے وہ تمام تر اسی محکمہ کی وساطت

اور ذریعہ سے ہے اور یہ بہت ہی بڑا ادارہ ہے جس میں زیادہ تر دخل حکومت کا ہے اور یہ ادارہ کافی عرصہ سے کام کر رہا ہے ۔ ہمیں اس ادارے سے توقع تو یہ تھی کہ اس کا سلوک اپنے اہلکاروں کے ساتھ ایسا ہوگا جو دوسرے اداروں کے لئے اور خاص طور پر نجی کاروباری اداروں کے لئے ایک مثال کے طور پر پیش کیا جاسکتا ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو علم ہے کہ اس نیم خود مختار ادارے کے ہزارہا کارکن ، مزدور ، ڈرائیور ، کنڈیکٹر مغربی پاکستان میں سخت سردی کے ایام میں بھی بہت ہی برے اور سخت حالات میں کام کرتے ہیں ۔ اور ان میں اکثر ایسے ہیں جن کو متواتر ۱۲ گھنٹے کام کرنا پڑتا ہے ۔ بعض اوقات بارہ گھنٹے سے بھی زائد ۔

جناب والا ۔ دوسری طرف آپ اندازہ لگائیں کہ مغربی پاکستان کے سابقہ پنجاب ، بہاولپور اور سندھ کے ان حصوں میں جہاں کہ شدید گرمی ہوتی ہے یہ ملازمین ان ایام میں بھی ہماری خدمت کرتے ہیں اور اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ان کو وہ سہولتیں جو کہ عام ملازمین کو مہیا ہوتی ہیں نصیب نہیں ہوتیں ۔ ہمیں چاہئے تھا کہ ہم ان کے ساتھ اس قدر فیاضانہ سلوک کرتے کہ دوسرے محکمے اس مثال پر عمل کرکے عام مزدوروں کے حالات زندگی بہتر بناتے اور اس محکمے کے مزدور اتنے مطمئن ہوتے کہ اس سے اس محکمہ کی کارگذاری یا کارکردگی پہلے سے بہتر ہوتی ۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ جب بھی کوئی قانون آتا ہے یہ کمزوروں ، مزدوروں اور تھوڑی تنخواہ پانے والوں کے حالات کو بہتر بنانے کے لئے نہیں ، ان کی مشکلات کو رفع کرنے کے لئے نہیں ، ان کی

تنخواہوں کو بڑھانے کے لئے نہیں، جن حالات میں وہ کام کرتے ہیں اور شرائط ملازمت کو بہتر بنانے کے لئے نہیں بلکہ ان کے حقوق کو سلب کرنے کے لئے یا اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان میں جو تھوڑی بہت خود داری کی رمق ہے یا اپنے حقوق کے مطالبہ کرنے کے لئے ان لوگوں میں سکت باقی ہے اس کو بالکل ختم کر دیا جائے - یہ ہنگامی قانون اس کی بد ترین مثال ہے -

وزیر قانون - حمزہ صاحب بہتر مثال بھی بتائیں -

مسٹر حمزہ - جناب والا - مجھ سے پہلے بہت سے مقررین نے ان سے دریافت کیا اور میں بھی ان سے دریافت کرتا ہوں کہ آپ کے پاس ناپسندیدہ قرار دینے کا کیا معیار ہے - آپ نے اس قدر مبہم لفظ اس مسودہ قانون میں شامل کی ہے اور اس کو اس قدر فیصلہ کن قرار دیا ہے اور اس کی کوئی وضاحت بھی موجود نہیں ہے - اور اس کے ناجائز استعمال کے خطرہ کی بد ترین صورت اسی مسودہ قانون میں موجود ہے -

جناب سپیکر - جیسا کہ اس حکومت کی سابقہ روایات سے ظاہر ہے کیا ہم ناپسندیدہ ملازم کا یہ مطلب لیں کہ وہ اپنے لئے یا اپنے ساتھیوں کے لئے بہتر شرائط ملازمت کا مطالبہ کرتا ہے یا اس ادارہ کی مزدور تحریک کا ایک اچھا کارکن ہے یا اس کے ناپسندیدہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ افسر کی بیگم اس سے ناراض ہے - کہ وہ اس کے گھر کا کام بہتر طریقے سے نہیں کر سکتا -

جناب سپیکر - عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ کوئی شخص بھی

چاہے کہ وہ دماغی کام کرے یا جسمانی طور پر، محنت و مشقت اگر وہ دیانت دار ہے ۔ اپنا کام بہتر طریقے پر کرتا ہے اس میں لازماً خود اعتمادی اور خود داری پائی جائے گی اور جو اچھا کام کرتا ہے وہ اپنے کام کے معاوضے کا مطالبہ بھی کرتا ہے ۔ ہم نے یہ دیکھا ہے اور یہ ہمارا تلخ تجربہ ہے جب کبھی بھی اس قسم کے لامحدود اختیارات افسران کو دیئے گئے ہیں انہوں نے اس کا ناجائز استعمال کیا ۔ اگر ان کی طبع نازک پر کسی آدمی کی کوئی بھی بات ناگوار گزری اس کا ملازمت میں رہنا دوبھر کر دیا ۔ اکثر اوقات افسر حالات ایسے پیدا کر دیتے ہیں جن کی وجہ سے اس شخص کا ملازمت میں رہنا مشکل ہو جاتا ہے ۔ اب ان کے ہاتھ میں ایسا ہتھیار دے دیا ہے جس کے ذریعہ کسی شخص کو جس کو وہ نا پسند قرار دیں (وجوہات تو بتانے کے لئے تیار نہیں) آسانی سے ملازمت سے علیحدہ کر سکتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس ناپسندیدہ کا عملی تجربہ ہم نے ان تجارتی اور کاروباری اداروں میں اور صنعتی اداروں میں بھی دیکھا ہے جو پرائیویٹ لوگوں کی ملکیت ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ ہوتا یہ رہا ہے اور خاص طور پر اس سلسلے میں میں لائل پور کی مثال دیتا ہوں کہ وہ مزدور یا کاریگر جو کہ مزدوروں کو ٹریڈ یونین کی صورت میں منظم کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں ان کو چن چن کر ملازمت سے علیحدہ کر دیا گیا ۔ ایک کارخانہ دار نے ایسا نہیں کیا بلکہ تمام کارخانہ داروں نے آپس میں مل کر یہ طے کر لیا کہ فلاں فلاں لوگ ایسے ہیں جو کسی صورت میں ہمیں برداشت نہیں ۔ ان کو کسی کارخانہ میں ملازمت کا موقع ہی

نہ دیا جائے ۔ ان کا یہ بڑا گناہ کیا تھا بلکہ گناہ عظیم جو اس ملک میں گناہ عظیم تصور کیا جاتا ہے ۔ جس کی سزا ہمارے بہت سے مزدور بھائی بھگتتے ہیں وہ یہ کہ وہ اپنا قانون حق مانگتے ہیں ۔ اور وہ ٹریڈ یونین جن کو حکومت برائے نام قانون کے مطابق یونین قرار دیتی ہے لیکن جب ان کی تنظیم کے لئے کوئی ملازم ، کوئی کارکن یا کوئی اچھا کلرک یا اچھا ڈرائیور یا اچھا میکینک کوشش کرتا ہے تو نجی صنعتی ادارے کے مالک کو ناقابل برداشت حد تک ناگوار گزرتا ہے اور اس کو ملازمت سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ہونا یہ چاہئے تھا کہ ہماری گورنمنٹ ان سرمایہ داروں ، ان کارخانہ داروں کو اس بات پر مجبور کرتی کہ وہ لوگ جو کہ خود دار ہیں ۔ وہ لوگ جو محنت و مشقت کے عادی ہیں اور جو محنت و مشقت کرنے کے بعد اپنا حق مانگتے ہیں ہماری حکومت ان کا حق دلوائے ۔ اس حکومت نے حق تو کیا دلوانا ہے انہوں نے ان لوگوں کو جو اپنی زندگیاں بہتر بنا سکتے ہیں ان کا جینا دوبھر کر دیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس مسودہ قانون سے مطلق العنانی کی بو آتی ہے ۔ یہ ڈکٹیٹرشپ کی بد ترین مثال ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ڈکٹیٹرشپ اگر ایک جگہ ہو تو انسان اس کو تسلیم بھی کر لے ۔ بد قسمتی یہ ہے کہ یہ ہر محکمہ میں ہر جگہ اوپر سے لے کر نیچے تک کار فرما ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Malik Qadir Bakhsh : On a point of order. With due respect Sir, may I ask, is he not a dictator himself We are obedient to him, we are listening to him. He is using all the force and all the language at his command and we are listening to him very patiently.

Mr. Speaker : He is not. And the point of order is ruled out.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - تمام ملک میں اوپر سے لے کر نیچے تک ایک ہی روح کار فرما ہے (قطع کلامیاں) -

جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ ایک اچھا کام کرنے والا آدمی ہمیشہ خود دار ہوتا ہے - اس قانون کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بجائے اس کے کہ اس محکمہ کے یا اس کارپوریشن کے ملازمین اپنے فرائض بطریق احسن سر انجام دینے کی کوشش کریں اب ان کو ہمیشہ یہ فکر دامن گیر رہے گا کہ وہ کس طرح خوشامد سے اپنے افسران کو خوش رکھیں - کام سے ان کو کوئی سروکار نہیں ہوگا - ان کی ملازمت میں رہنے کی ضمانت محض یہ ہوگی کہ وہ اپنے افسر کو جائز اور ناجائز طریقے سے خوش رکھیں - میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ آج سے تقریباً سال ڈیڑھ سال پہلے اس کارپوریشن میں سرکاری روپیہ اور مشینری کا لاکھوں روپیہ کا جو غبن ہوا تھا آج تک ہمیں علم نہیں ہوا کہ ہماری حکومت نے ان افسران کے خلاف کیا کارروائی کی حکومت جو ان بڑے افسران کو غبن کرنے سے نہیں روک سکتی ، بد دیانتی سے نہیں روک سکتی ہم ان سے یہ کیسے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ افسران جو بد دیانت ہیں اور اپنے ماتحت عملہ کو بلا وجہ پریشان نہیں کریں گے -

جناب سپیکر - ملک میں پھیلی ہوئی بے روزگاری کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے - آپ کو پتہ ہے کہ اقربا نوازی ، سفارش اور رشوت کا کس قدر دور دورہ ہے - - - -

Mr. Speaker : The member is not relevant.

مسٹر حمزہ - اور کسی شخص کے لئے ملازمت حاصل کرنا کتنا مشکل ہے -

جب کسی افسر کو اپنے کسی عزیز یا اپنے دوست کے کسی عزیز کو بھرتی کرنا مقصود ہوگا تو وہ کسی اہل کار کو جسے وہ نا پسند کرتا ہو - اس پر لازماً اس کی نگاہ عقاب اور نگاہ غضب پڑے گی اور وہ اسے ناپسندیدہ قرار دے کر نوکری سے علیحدہ کر دے گا - اور پھر اس کی جگہ اپنے عزیز یا دوست کے عزیز کو نوکری میں لے آئے گا -

جناب سپیکر - یہ صورت حال تسلی بخش نہیں ہے - ملک میں حالات بہت حد تک بگڑ چکے ہیں - اس لئے میں ان سے پوچھتا ہوں کہ آخر آپ کے پاس اس چیز کی کیا ضمانت ہے کہ یہ اختیارات آپ جن لوگوں کو دے رہے ہیں - اور جن کے بارے میں ہمیں پتہ ہے کہ آج سے ایک ڈیڑھ سال قبل اسی محکمے میں کئی لاکھ روپے کا غبن ہوا - یہ افسران اپنے اختیارات کو جائز اور صحیح طور پر استعمال کریں گے - بہتر تو یہ ہے کہ ہماری موجودہ حکومت یہ ہنگامی قوانین پیش کرنے اور جاری کرنے کے تمام تکلفات چھوڑ دے اور اس چیز کا برملا اعلان کر دے کہ ہم اس ملک میں کوئی مزدور تحریک دیکھنا نہیں چاہتے - اور نہ ہی اسے برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں - مزدور تحریک کو خلاف قانون قرار دے دیں - اسے ناجائز قرار دے دیں -

Mr. Speaker : Mr. Hamza is not relevant.

مسٹر حمزہ - اگر آپ مزدوروں کو محض اس بناء پر کہ وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے مزدور تحریک کی تنظیم کرتے ہیں - ملازمت سے علیحدہ کرنے کے اختیارات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس سے بہتر یہ ہے کہ آپ سیدھے طریقے سے کام کرنے کی کوشش کریں - آپ تو اکثر اس ایوان کی معرفت اپنی قوم کو بتایا کرتے ہیں کہ سارے ملک میں بدامنی پھیل رہی ہے - ویسے آپ کی نیتیں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں - میں اس آرڈیننس کی مخالفت اس لئے کر رہا ہوں کہ شاید میری معروضات کے بعد گورنمنٹ پارٹی کے ممبران کو ان غریبوں کی حالت پر کچھ ترس آ جائے - اور جس طریقے سے اس آرڈیننس کے تحت دئے گئے اختیارات بد دیانت افسران کے ہاتھوں غلط طور پر استعمال ہونے کا امکان ہے - میں سمجھتا ہوں اس بات میں وہ بھی مجھ سے اتفاق کریں گے -

مسٹر سپیکر - ملک قادر بخش -

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ - ۲) - جناب سپیکر - میں نے بہت کوشش کی کہ اپنے عزیز حمزہ صاحب کے اعتراضات کو follow کروں - لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ غالباً عمر کے تقاضے کی وجہ سے کچھ سمجھنے سے قاصر رہا ہوں - بہر حال جو کچھ سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ انہوں نے کچھ باتیں presume کر لی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ ہم سب جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں ان سب کی نیت خراب ہے -

دوسری چیز یہ ہے کہ اس قانون کی بناء پر ہم جن ملازمین سرکار کے ہاتھوں میں اس کے اجرا کی ذمہ داری سپرد کریں گے وہ سب بد دیانت

ہوں گے ۔ اور تیسری چیز جو انہوں نے presume کر لی ہے یہ ہے کہ جن بیچاروں کے خلاف یہ قانون استعمال ہوگا وہ سب کے سب بے گناہ ہوں گے ۔ اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ بات بھی presume کر لی ہے کہ جو لوگ گرمی یا جاڑے کے دنوں میں کام کرتے ہیں اور عملے کی آسائش کے لئے کام کرتے ہیں ۔ ان کا خواہ کوئی فعل بھی ہو وہ ضرور protection کے مستحق ہیں ۔ ان کو ہاتھ نہ لگایا جائے ۔ یہ ہے جو کچھ میں ان کی تقریر سے سمجھ سکا ہوں ۔ میرے خیال میں اس ہاؤس کے معزز ممبران بھی میرے ساتھ اس بات میں اتفاق کریں گے کہ اس ایک theme پر وہ اپنی تقریر کو centre round کرتے رہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Road Transport ہمارا ایک اہم ادارہ ہے ۔ یہ ایک Public utility اور مفاد عامہ کا ادارہ ہے ۔ جس کا مقصد حکومت کے لئے صرف پیسے کمانا ہی نہیں ۔ یہ تو ایک secondary چیز ہے ۔ اس کا اصل مقصد لوگوں کی نقل و حمل ، ان کے سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ، مسافروں کو ہر طرح کا آرام پہنچانا اور ان کی ہر قسم کی تکالیف رفع کرنا ہے ۔

پھر ان کا یہ بھی فرض ہے کہ ان کی کسی Vehicle میں اگر خواتین سوار ہوں یا شرفا اور دیگر مسافر ہوں تو ان کے ساتھ ان کا سلوک ہمیشہ ایسا ہو جس سے یہ ظاہر اور نمایاں ہو کہ یہ ملازمین انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں ۔ اور مسافر یہ محسوس کرنے پر مجبور ہوں گویا یہ ملازمین حکومت سے زیادہ مسافروں کے ملازم ہیں ۔ مگر افسوس کہ آج یہ احساس نہیں ہے ۔ اس لئے ہمیں یہ احساس پیدا کرنا ہوگا ۔

جناب والا ۔ ہم ہر روز اخبارات میں پڑھتے ہیں کہ سڑکوں پر حادثات کی وجہ سے اکثر انسانی جانیں تلف ہوتی رہتی ہیں ۔ جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ بسوں وغیرہ کے ڈرائیور اکثر چرس یا چنڈو پی لیتے ہیں اور پھر سفر پر روانہ ہوتے ہیں ۔ اور یہ ایک حقیقت ہے ۔ حمزہ صاحب کو بھی ضرور اتفاق ہوا ہوگا خود پینے کا نہیں ۔(قہقہہ) بلکہ اس حقیقت کا مشاہدہ کرنے کا ۔

جناب والا ۔ اب عرض یہ ہے کہ یہاں یہ کہنا کہ یہ ایک خود مختار ادارہ ہے ۔

Sir, just like a private company no doubt under the Government, but like a private empire.

یعنی وہ یہ کریں کہ اگر کسی ڈرائیور کی شکایت پہنچے تو پہلے تو اس کے اوپر checker یا اس پر اگر کوئی سپرنٹنڈنٹ ہو تو وہ اس کی ابتدائی تحقیقات کرے ۔ کچھ عرصہ اس پر لگ جائے ۔ پھر اس کے بعد کا مرحلہ طے کیا جائے ۔ اس کے بعد اسے ۱۴ دن کے اندر جواب دینے کا موقع دیا جائے ۔ اور اس کے سلسلے میں میرا تجربہ یہ ہے کہ اگر ایک ملازم سرکار جواب نہ دینے کا کوئی نہ کوئی بہانہ ڈھونڈنے پر تل جائے تو وہ آسانی سے اسے ایک دو سال تک طول دے سکتا ہے ۔ اور بغیر کوئی جواب دئے ایسا کر سکتا ہے ۔ اس کے بعد اس کی موجودگی میں شہادتوں کا مرحلہ آتا ہے ۔ پھر ان پر جرح کا موقع آئے ۔ اس کے بعد اسے صفائی کا موقع دیا جائے ۔ پھر اسے زبانی سننے کا موقع دیا جائے ۔ تب کہیں جا کر یعنی کئی سالوں کے بعد اگر ڈرائیور کا قصور ثابت ہو

جائے تو وہ ادارہ ایک ڈرائیور کو نکال سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس طرح وہ ادارہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں ہمیں تو حمزہ صاحب سے یہ توقع تھی کہ وہ اس بات پر بحث کریں گے کہ اس ٹرانسپورٹ بورڈ کی کوئی ضرورت ہی نہیں لیکن ان کی تقریر سے ظاہر ہے کہ اس کی افادیت سے انہیں بھی انکار نہیں ۔ لہذا اگر اس کی اگر افادیت ہے تو پھر اسے کامیابی سے چلانے کے لئے اس پر مناسب checks اور brakes لگانا ہوں گے ۔ اور جیسا کہ بیکو کمپنی والے فرمایا کرتے ہیں کہ وہ ہر حالت میں اپنے مفاد کو دیکھتے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب کمپنی کا کوئی ملازم یا اہلکار سازشیں کر رہا ہو ۔ اور اس طرح کمپنی کے مفاد کو نقصان پہنچا رہا ہو ۔ تو وہ اسے نکالنے کا حق رکھتی ہے اور اسے نکال سکتی ہے ۔ لیکن حکومت اس کی یہ سب سرگرمیاں اپنی آنکھوں سے دیکھتی رہے ۔ اور وہ جو کچھ بھی کرتا ہے ۔ اسے کرنے دے ، محض اس لئے کہ حمزہ صاحب چاہتے ہیں کہ ایک undesirable person رہ جائے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ان کی اپنی زمین پر ہل چلانے والا کوئی شخص ہے؟ اسے نکالنے میں آپ یہ کیسے اندازہ لگائیں گے کہ undesirable ہے ۔

Sir, when the employer thinks that a certain man is undesirable in the ordinary dictionary meaning, he is undesirable.

اس میں کسی کی تعریف یا ایسی چیزوں کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپریٹ میں ضرورت نہیں ہوتی ۔

ملک قادر بخش - جناب جس آمریت کا یہ ذکر فرما رہے ہیں اس کے متعلق میں نے یہ کہا تھا کہ حمزہ صاحب ہمارے لئے آمر ہیں - جب وہ تقریر فرما رہے ہوں تو ہم چپ چاپ دم بخود ہو کر سنتے ہیں خواہ وہ relevant ہوں یا نہ ہوں (قہقہہ) - آمریت تو ان پر زیادہ صادق آتی ہے -

بہر حال میں حکومت کو یہ قانون پیش کرنے پر مبارک باد دیتا ہوں (تالیاں) - میری گذارش یہ ہے کہ اس قانون کو صرف ٹرانسپورٹ بورڈ تک ہی محدود نہ رکھا جائے - اور یہیں تک ہی اکتفا نہ کی جائے- بلکہ وہ اس کا اطلاق ہمارے سب خود مختار اداروں پر کیجئے - تاکہ what I said then یہ جو security کے متعلق آج بھی کہہ رہے ہیں - میں تو کہتا ہوں کہ انہیں security دو -

He should feel that he is secure.

لیکن سیکورٹی کی آڑ میں حمزہ صاحب کو کھیلنے نہیں دیا جائے گا -

جناب سپیکر - میرے نزدیک یہ بہترین Piece of Legislation ہے - اور مجھے امید ہے - اور خواجہ صاحب میری تائید کریں گے -

مسٹر سپیکر - خواجہ محمد صفدر -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس آرڈیننس کو ملک قادر بخش صاحب نے بہترین قرار دیا ہے مگر میرے نزدیک وہ بد ترین ہے -

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے چند گھناؤنے قوانین میں سے یہ ایک قانون ہے جس کے ذریعہ حکومت چاہتی ہے کہ عوام کے کسی طبقہ کے حقوق یا آزادی یا اس کا جینا چھین لے یا اس کا جینا دوبھر کر دے ۔ جناب والا ۔ بظاہر اس قانون میں یہ بات عیاں نہیں ہے اور اس سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا ۔ دراصل اس خود مختار ادارہ میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں ملازمین ہیں ۔ ان کے حقوق اور ان کے مفاد اور ان کی آزادی جو ان کو حاصل ہے ۔ اسے نیست و نابود کرنے کے لئے یہ ایک سازش ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارا یہ ایک خود مختار ادارہ جسے روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کا نام دیا گیا ہے ۔ اس کی شاخیں سارے مغربی پاکستان میں ہیں ۔ اس کی بسیں اور لاریاں چلتی ہیں ۔ اس کے اپنے سٹیشن ہیں ۔ غرضیکہ اس کا بڑا وسیع انتظام ہے ۔ اور ایک نظام کے تحت سارا کام چلتا ہے ۔ لاکھوں ملازمین کام کر رہے ہیں اس خود مختار ادارے نے اپنے پاس یہ اختیار حاصل کرنے کے لئے دراصل اس بات کی کوشش کی ہے کہ کہیں ان مزدوروں کی ٹریڈ یونین منظم نہ ہو جائے ۔ اور وہ اجتماعی طور پر کوئی سودا نہ کر سکیں جس کا انہیں حق حاصل ہے ۔ جب کہ آپ کے ملک نے international مواعید پر دستخط کئے ہوئے ہیں تو ان کی رو سے مزدور لوگ اکھٹے ہو کر مجتمع ہو کر اپنے حقوق کے لئے لڑ سکتے ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اختیارات محض اس لئے دئے گئے ہیں تاکہ ورکرز یا مزدور جو اس قسم کے اجتماع کرنا چاہیں یا اکٹھ کرنا چاہیں ان کے خلاف اس تلوار کو استعمال کیا جا سکے ۔ جناب والا ۔ مجھے

ملک صاحب سے شدید اختلاف ہے ۔ اگر اس بات کی ضرورت تھی کہ وہ desirable اور undesirable میں تمیز کرنے کے لئے کچھ اختیارات ادارہ کے سربراہ کو یا خود کارپوریشن کو دینا چاہتے ہیں ۔ تو میں نہایت ادب سے گذارش کروں گا اور تجویز پیش کروں گا کہ ان کے لئے Service Rules بنائے جائیں تاکہ یہ ادارہ ان Service Rules کے ماتحت اپنے ملازمین کو رکھ سکے یا انہیں برخواست کر سکے ۔ انہیں چھٹی دے دے یا بالکل نکال سکے ۔ ہماری گورنمنٹ کے سروس رولز بنے ہوئے ہیں ۔ آپ سوچیں کہ حکومت کو ان کی ضرورت ہے ۔ اور یہ رولز کیوں بنائے ہوئے ہیں ۔ کیا وہ ایسا نہیں کر سکتی کہ کسی ڈویژن کے کمشنر کو اختیار دے دے کہ اس کے ماتحت جتنے ملازمین کام کر رہے ہیں ۔ ان کو جب چاہے چھٹی دے دے ۔ جب چاہے نکال دے ۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے ؟ ہماری حکومت نے مختلف categories کے لئے سروس رولز کیوں بنائے ہوئے ہیں ۔ C.S.P. افسران کے لئے الگ ہیں ۔ دوسرے ملازمین کے لئے الگ ہیں ۔

Mr. Hamza : Point of order. The House is not in quorum.

Mr. Speaker : Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ہمارے ملک نے I. L. O.

Convention پر دستخط کئے ہوئے ہیں ۔ ہم نے اسی Convention کو تسلیم کیا ہوا ہے ۔ اور یہ بھی تسلیم کیا ہوا ہے کہ مزدوروں کو حق حاصل ہے کہ وہ اکٹھے ہو کر اجتماعی طور پر اپنے کارخانہ کے مالک یا اپنی establishment کے مالک سے سودا کر سکیں ، اپنے حقوق منوا سکیں اور سٹرائیک کر سکیں ۔

ہمارے ہاں بھی ایسے قوانین موجود ہیں جن کے ذریعہ آپ نے تسلیم کیا ہوا ہے کہ ٹریڈ یونینیں قائم رہ سکتی ہیں یا قائم کی جا سکتی ہیں ۔ کیونکہ کوئی ملازم اکیلا ہو کر اپنے مالک سے مراعات حاصل نہیں کر سکتا ۔ اور کسی صورت میں کوئی واحد مزدور اپنے employer سے بات بھی نہیں کر سکتا ۔ یہ اصول دنیا بھر میں تسلیم کیا جا چکا ہے کہ کسی ادارہ میں یا کسی establishment میں مزدور اکھٹے ہو کر establishment کے ناخداؤں اور کارخانہ کے مالکان سے بات چیت کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ محکمہ ریلوے کو دیکھیں تو یہ اس ادارہ سے بہت بڑا ادارہ ہے ۔ اس میں بھی مزدوروں کے اسی حق کو تسلیم کیا جا چکا ہے کہ ٹریڈ یونینیں بنائی جائیں ۔ یہ دوسری بات ہے کہ بعض حالات میں اس کے لئے لیت و لعل کیا جاتا ہے کہ کسی ٹریڈ یونین کو منظور کیا جائے یا نہ کیا جائے ۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ مزدور اپنے حقوق منوانے کے لئے لڑ سکتے ہیں ۔ خواہ اُن کی نمائندگی کوئی باہر کا آدمی کرے ۔

شیخ عبدالغفور اور مسٹر ابراهیم بھی تو مزدوروں کے حقوق منوانے کے لئے گرفتار هوئے هیں ۔

هم اس چیز کے خلاف هیں که باهر سے کوئی لوگ جا کر کسی اداره میں کسی قسم کا فساد یا ناراضگی پھیلائیں ۔ لیکن هم اس چیز کے حامی هیں که خود ان مزدوروں کو حق هو جو اس اداره سے منسلک هوں که وه اکٹھے هوکر اپنا حق طلب کر سکیں ۔ ملک صاحب نے ایک شق کے متعلق فرمایا هے که سارے خود مختار اداروں کو یه حق حاصل هے که جب چاهیں اپنے کسی ملازم کو نکال دیں ۔ تو میں ان کو یاد دلاتا هوں اور آپ کو بھی یقیناً یاد هوگا که پچھلے سال هم نے اپنی اغراض کے لئے کہا تھا که واپڈا ایک بڑی organization هے ۔ لیکن اس کے پاس اپنے ملازمین کو رکھنے اور برخواست کرنے کے لئے کوئی رولز نہیں هیں ۔ اس اداره کے ورکرز اور ملازمین کے کچھ اپنے مسائل بھی هیں ۔ جن کے حل کے لئے ان کا دعویٰ هے که کوئی رولز هیں ۔ لیکن میں سمجھتا هوں کوئی سروس رولز نہیں هیں ۔ ملک صاحب تین سال تک اس اداره کے سربراه رهے هیں ۔ یه اداره ان کے ماتحت تھا ۔ انہوں نے اس عرصه میں اتنا گوارا نہیں کیا که اس کے لئے کوئی سروس رولز بنا دیں ۔ شاید اس خیال سے انہوں نے ایسا نہیں کیا ۔ کیونکه وه چاهتے هیں که اس اداره کا چیئرمین یا ممبر یا کوئی اتھارٹی جب چاهے کسی ملازم کو

برخواست کر دے ۔ جناب والا ۔ اس کی اہمیت یوں ہے کہ اس مغربی پاکستان کے صوبے میں کئی لاکھ مزدوروں کی گردن اس کارپوریشن کے بڑے افسروں کے ہاتھ میں دے دی گئی ہے کہ جب چاہیں اس گردن کو مروڑ دیں ۔ میں اس لئے انتہائی زور کے ساتھ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ Blackest of the Blackest law ہے ۔ اور اس ایوان کو اسے منظور نہ کرنا چاہئے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, there are some points which have been raised by the members here which require clarification. Mr. Farooqi from Karachi seems to be labouring under a misapprehension. No doubt, he is under a *bona fide* misapprehension, I would like to remove those misappre hensions.

To start with, the Ordinance under discussion is not a new legislation—the first of its kind—but its counter-part exists on the Statute Book which is known as the Undesirable Employees (University) Ordinance wherein the member will find similar provisions. He said that it does not define what a show cause notice means and therefore, this show cause notice does not necessarily imply that the employee concerned will be informed of the charge against him, the grounds on which the Government proposes to take action against him and the consequent action that will follow. I would, with all respect, like to bring to his notice that this expression 'a show cause notice' has been the subject matter of repeated litigation and interpretation by the highest court in the country and in their decision they have laid down what a show cause notice means and they have said—I say so with all respect—'a show cause notice' means that the notice must show the material on which the charge is based, the grounds on which it is proposed to

take action with sufficient clarity to convey to the empolyee concerned what is actually against him for which action is proposed to be taken and that he is to be given material sufficient enough which will enable him to make an adequate representation against the notice. Therefore, on that score the member may have no apprehension. I assure him that the employee concerned will have ample opportunity and that his case will not be prejudiced. The member also seems to be under the impression—and it does not seem to be the impression of Mr. Farooqi alone but of some other members too—that the operation of Labour Laws has been excluded by this Ordinance. I say with full sense of responsibility that that is not the spirit of this Ordinance. This is far from the mind of the Government. This Ordinance does not exclude the operation of Labour Laws. The Labour Laws will be very much applicable.

Khawaja Muhammad Safdar : Please read Section 3 which says :—

> ".....notwithstanding anything to the contrary contained in any law, rule or instrument having the force of law."

Minister of Law : This is with regard to termination of service and this is with regard to any procedure that may follow. The Labour Laws will very much apply. The remedy is available to the employees under the Labour Laws, and it will be available to them. Over the top of everything, at least Khawaja Sahib will agree with me that Article 98 of the Constitution is there and any action taken under this Ordinance which is either without jurisdiction or is in excess of jurisdiction vested in the State or is a failure of the exercise of jurisdiction of this Ordinance, can very couvenientły, adequately and effectively be challenged before the High Court and the powers of the High Court, under Article 98 of the Constitution, are wide enough to give the relief sought.

Then, Sir, a reference has been made to a Section of this Ordinance which says that *bona fide* action taken under this Ordinance shall not be

questionable in any court of law. The members are aware, particularly Khawaja Sahib, that this is a general clause which will always be found in the Statute which gives protection only to *bona fide* action and not *mala fide* actions. Any *mala fide* action, any action taken by any officer or any authority on the basis of extraneous considerations is challengable and is not protected under this Ordinance. I will, with all respect, refer the members to clause 2 (b) to Article 177 of the Constitution. Earlier part of Article 177 lays down that in the case of Government servants they shall be entitled to a show cause notice and the Constitution has laid down that even this show cause notice can be dispensed with under certain circumstances and a Government servant can be removed, can be discharged or his services terminated even without a show cause notice, because, as I have said earlier, all that a Government servant is entitled under the Constitution and can insist and claim, as a matter of right, is only a show cause notice and nothing else. No enquiry whatsoever he is entitled to under the Constitution. So, even this right of a show cause notice can be taken away from him in certain circumstances.

Clause 2 (*b*) of Article 177 is as under :—

> "Where an authority empowered to dismiss or remove a person from service, or to reduce a person in rank, considers that, in the circumstances of the case, it is not practicable to give to the person an opportunity of showing cause or that it would be prejudicial to the security of Pakistan for the person to be given such an opportunity."

Under these circumstances even this show cause notice can be dispensed with, and as the Article says, it is entirely, purely and exclusively the discretion of the officer concerned and none else. This Ordinance has been criticised that discretion has been vested in the officers. My respectful submission is 'yes', the discretion is always vested in the executive who are supposed to administer the law and, therefore, a provision has been made in this Ordinance. The Ordinance says that show cause notice

is a "must" and that it shall not be dispensed with in any circumstance, in any individual case, it must be given. Therefore, this Ordinance has given much more than what even the Constitution has conferred on Government servants under the prescribed circumstances. I assure the members that there is absolutely no cause for any apprehension or any victimisation. It is in the interest of public servants, it is in the interest of justice that this Ordinance has been enacted and it shall be administered with the best interests of the country at heart.

Mr. Speaker : The question is :—

That the Assembly do approve of the Road Transport Corporation (West Pakistan) Removal of Undersirable Employees Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN UNIVERSITY OF ENGINEERING AND TECHNOLOGY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan University of Engineering and Technology (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan University of Engineering and Technology (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by

the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

Malik Muhammad Akhtar : It is opposed.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, by this Ordinance an amendment has been effected in Section 24 of the West Pakistan University of Engineering and Technology Ordinance 1961.

According to Section 24 of the West Pakistan University of Engineering and Techonolgy the Syndicate had the authority to frame ordinances about the subjects mentioned in Section 23. In Section 23, Sir, there are nearly nine or ten subjects about which the Syndicate is empowered to frame Ordinances. If on four out of these items the Syndicate decides to frame Ordinances they were to be sent to the Academic Council for consultation and the Syndicate was bound to get the opinion of the Academic Council. Now, Sir, with your permission may I read those four items :

"(*f*) fees to be charged by the University ;

(*g*) creation of posts and abolition of posts' "

This is very important for the purpose of this amending Ordinance.

"(*h*) establishment of Teaching Departments and Faculties ; and

(*i*) all other matters which under the Statutes are required to be provided for by the University Ordinances."

In the previous law Section 24 read like this:

The Syndicate may frame any University Ordinance on a subject mentioned in section 23 :

Provided that University Ordinances on matters mentioned in clauses (*f*), (*g*), (*h*) and (*i*)" which I have read, "of that section shall first be referred to the Academic Council for expression of opinion."

Sir, I draw the attention of the Members of the House to clause (*g*) which dealt with creation of posts and abolition of posts. Now, Sir, in the case of creation and abolition of posts the Syndicate had to consult the

Academic Council even in the case of those employees of the University who were not teachers and even in the case of peons and other ordinary employees. In case of creation as well as abolition of such posts the Syndicate had to consult the Academic Council. With the result that there was undue delay in matters of administration and even ordinary matters lingered for quite a long time. It was therefore felt that the Academic Council should have nothing to do with the abolition or creation of posts other than those of teachers. Now we have amended this. Sub-section (1) of Section 24 of the amended Ordinance now reads :

"The Syndicate may frame a University Ordinance . . . . . If the University Ordinance relates to—

(*i*) fees to be charged by the University ; or

(*ii*) creation or abolition of posts of University Teachers . . "

Now it is not in the case of abolition or creation of all posts but only in the case of the creation or abolition of posts of University Teachers.

"(*ii*) . . . . .or

(*iii*) the mode of appointment of University Teachers ; or

(*iv*) duties of the University Teachers ; or

(*v*) establishment of Teaching Departments of Faculties, the University Ordinance shall be referred to the Academic Council for expression of its opinion before it is taken up by the Syndicate for final consideration."

Sir, I have now explained fully before this House and I think there is nothing very much controversial in it. It is an innocent and minor amendment. I know that the appeals already made by the Law Minister were not acceded to by the Members of the Opposition. Perhaps my appeal in this case can very well be accommodated if they so like.

Malik Muhammad Akhtar :No Sir.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : May I ask the Minister to just explain how the Syndicate and the Academic Council are formed. What is the method of composition ?

Minister of Education : In the Syndicate there are certain nominated Members who issue Ordinances in certain cases. The Ordinances are passed by the Syndicate and finally approved by the Chancellor of the University.

In the Academic Council there are representatives of different Faculties. They are people from different sections of Teaching Departments of the University who formulate the Academic Council. They mainly deal with the academic side of the University and they do not take up matters connected with the executive and general side of administration of the University.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : May I say a few words ?

Mr. Speaker : Yes.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat II) : Mr. Speaker, I do not think the House will have any objection to whatever rules and regulations the Minister would like to introduce for the improvement of students academic career, particularly at the University level. I confess that I have not given the subject a careful thought that it deserved. But I would humbly place before him a little experience that I had in this respect. As I am not certain, and the Minister's reply did not make it quite clear, I would urge, Sir, that let our Universities be as independent as we can possibly make them. You would agree that to the world at large for the first time a corporate University came into existence with the advent of the Muslim era in the world and Universities of Baghdad and Cardova (and another famous University in Portugal) were the beacon-lights which guided concept and thought in the whole of Europe.

Sir, we had a University in Peshawar and I was connected with its inception. What I suggested to the then Government was that, "let the University grow from an humble beginning, let us not create it by an Ordinance. You can create a University by an Ordinance but you cannot cater for its Faculties." Any how that advice was not agreed to and we had ten or twenty Departments added to it. We had to find teachers and we had to promote 3rd Class teachers to the University status and they became Professors. Then, Sir, again the Syndicate was nominated by the Government and was composed by the Heads of Departments. Now, Sir, I do not know what is going to be the constitution of this Syndicate.

Khawaja Muhammad Safdar : Same.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Sir, I do not object to the Heads of Departments association with Universities because most of the Heads of Departments are very highly technically qualified people. I do not propose that they should be debarred from becoming Members of the Syndicate or the Academic Council. But, Sir . . . . .

تلک الایام نداولها بین الناس

"Today you are the Government, tomorrow there may be some other Government" and once you adopt the method of nomination in the Syndicate and the University Academic Councils, I think, you would retard the growth of education tremendously. I think, Sir, that the great Universities of the world like Oxford and Cambridge and other Universities grew independently of the Government. Government's guidance and paternal interests would be far more effective than the nomination of people on the Syndicate or the Academic Council.

Sir, this is the only suggestion that I wanted to make to you otherwise whatever you do to further the cause of the Universities, I think, would be most gracefully accepted by the House.

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) جناب سپیکر - موجوہ ویسٹ پاکستان انجینئرنگ یونیورسٹی آرڈیننس میں جو ترمیم تجویز کی گئی ہے - اس کا پس منظر بیان کرنا ضروری ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ اس ترمیم کے نتائج کیوں دور رس ہوں گے - اغلباً ۱۹۶۲ء میں undesirable ملازمین کو گورنمنٹ سروس سے remove کرنے کی ترمیم کی گئی - اس وقت جو آرڈیننس پیش ہے ، اگر میں نے غلط نہیں سمجھا تو اس میں تو وہ دفعہ شامل ہے - جناب والا - میں اب ان اختیارات کی طرف آتا ہوں جو مختلف یونیورسٹی آرڈیننسوں کے ذریعے بتدریج سلب کئے جا چکے ہیں -

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : On a point of order Sir. In this ordinance we are only making an amendment to this effect that a particular subject, which was previously to be referred to the Academic Council, is now not to be referred to the Academic Council but only in certain cases such matters will be referred to the Academic Council. Our amendment is only to that extent. So I will submit that the member will not be relevant if he takes up the whole Ordinance.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, the acts of commission and omission both can be the subject of the debate in this House. I can suggest to the Minister for Education that such and such other amendments should also be brought into this Ordinance, which is the principal ordinance of 1961. Therefore, if any member suggests something, that should be acceptable as relevant to the subject.

Mr. Speaker : In the case of a bill the member can put in an amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : But here we can only suggest things Sir. While discussing the ordinance, we can only give suggestions that such and such other amendments could also be brought in. So Sir, in an independent ordinance, which is not an amending ordinance, I can say that such and such clauses should have been deleted or omitted, and such and such further clauses should have been added. That is quite simple Sir, and I think Mr. Wattoo will agree with me that in the case of a bill, there is a provision that we can move certain amendments in that bill and those amendments will be discussed in due course of time.

Mr. Speaker : But, Khawaja Sahib can move a private Member's Bill on that subject.

Khawaja Muhammad Safdar : Yes Sir, that is another avenue left to us, but here in this House while discussing this ordinance or any other ordinance, my humble submission is that we can make suggestions.

Mr. Speaker : The member may omit all this, which has been suggested, and make his own suggestions ?

Khawaja Muhammad Safdar : We will discuss this as well. We must discuss the merits and demerits of the ordinance, as it is, but we can also make suggestions besides this.

Minister of Education : My submission on the point is that they can discuss so far as the amendment in the ordinance is concerned, but making suggestions about anything and everything while talking about a particular ordinance, or a particular amendment, I very humbly submit Sir, will not be relevant. The way open to the members is to move a private members' bill, and the procedure is there, so that we do not become irrelevant. When they will be placing some amendments to this ordinance, in that bill, then

the principle in the bill, the matter in the bill, and amendments in that bill, everything will be discussed, and that would be relevant. Now the only thing relevant is the amendment made by this ordinance, and not that anything in the University Ordinance becomes relevant. Then there would be no end to it.

Mr. Speaker : I will make this thing clear after going through the May's Parliamentary Practice.

Khawaja Muhammad Safdar : Thank you Sir. This is a point to be studied Sir.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا - دراصل میرا مطلب یہ ہے کہ موجودہ ترمیم سے ایک پورا قانون مسخ کر کے رکھ دیا گیا ہے - پیشتر اس کے کہ اس ایوان کے معزز اراکین اس آرڈیننس کی منظوری دیں میں وہ تمام متعلقہ تصویر جس کے نتیجہ کے طور پر عوام کے اختیارات مزید سلب کر لئے جائیں گے یہاں پیش کرنے کی کوشش کروں گا -

Minister of Education : Point of order Sir. My learned friend has mentioned that he is going to discuss something by which some rights of the public have been adversely affected. I may submit here that we are just changing a procedure.

Mr. Speaker : He wants to give the background why these changes have been effected.

Minister of Education : Sir he has mentioned that he wants to tell this to the House that some rights of the public have been adversely affected

by this amendment. I submit that this has just changed the procedure, but both the authorities remain.

Mr. Speaker : By this amendment, certain rights of the public have been infringed, and he is well within his right.

Minister of Education : My submission is that whatever existed already, is there but change has been brought about between the two existing bodies and the procedure about the framing of the ordinance. Nothing beyond that.

Mr. Speaker : That we can only determine after hearing him.

Malik Muhammad Akhtar : Sir the Minister has got every right to make a concluding speech and then he can reply.

جناب والا ۔ اس لئے میں اس ترمیم پر بڑا محتاط ہو کر اور بڑی relevancy کے ساتھ عرض کروں گا کہ اس وقت یونیورسٹی آرڈیننس کے تحت دو باڈیز موجود ہیں ۔ ایک سنڈیکیٹ ہے ۔ جسے آپ یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کمیٹی کہہ لیں ۔ اس کا کام ایڈمنسٹریشن ہے ۔ دوسری اکیڈمک کونسل ہے جو کہ مشتمل ہے ٹیکنیکل ڈیپارٹ منٹس کے ہیڈز پر ، اس میں چانسلر صاحب دس اشخاص کو نامزد کرتے ہیں ۔ جو گذشتہ پالیسی ہے اس کے مطابق یہ دس لوگ افسروں یا ریٹائرڈ افسروں میں سے لئے جاتے ہیں ۔ ان کا یہ کام ہے کہ وہ تعلیمی معاملات کے متعلق ریزولیوشن پاس کریں ۔ نصاب کے متعلق فیصلہ کریں ۔ امتحانات کے

متعلق اپنی پالیسی بنائیں ۔ سنڈیکیٹ کا یہ کام ہے کہ وہ کونسل کے فیصلہ جات حکومت کو توثیق کے لئے بھیجے ۔ یہ ہیں ان دونوں اداروں کے کام اور اسی کے مطابق طریق کار اختیار کرنا چاہئے ۔ میں پھر یہ گذارش کروں گا کہ اس تبدیلی سے اکیڈمک کونسل کے اختیارات کم کر دئے گئے ہیں ۔ حالانکہ کونسل سنڈیکیٹ سے زیادہ بڑی ہے ۔ جس سے ظاہر ہے کہ یہ بتدریج کوشش ہے کہ وہ اختیارات جو زیادہ لوگوں کے ہاتھ میں تھے وہ کم لوگوں کے ہاتھ میں دے دئے جائیں ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس سے پہلے ہماری یونیورسٹی میں چار ادارے ہوا کرتے تھے ۔ سب سے بڑا ادارہ اور سپریم باڈی سینیٹ تھی ۔ اس میں ۱۲۵ فیلوز ہوتے تھے ۔ ۱۰۰ نامزد اور پندرہ کو رجسٹرڈ گریجویٹ منتخب کرتے تھے ۔ ہمارے ہاں جو گریجویٹ بیٹھے ہوئے ہیں ۔ انہیں تجربہ ہوگا ۔ ہم کبھی الیکشن کیا کرتے تھے اور پندرہ فیلوز کا الیکشن ہوتا تھا ۔ اور جو بقایا دس تھے faculties ان کا الیکشن کرتی تھی ۔ فیکلٹیز وہ تعلیمی جماعتیں ہیں جو کسی مضمون کے متعلق ماہرین پر مشتمل ہوتی تھیں ۔ اور ہر دو سال کے بعد ان کی term expire ہوتی تھی ۔ اور وہ sitting members نئے لوگوں کا الیکشن کرتے تھے ۔ دس ممبروں کا الیکشن کرتے تھے ۔

Malik Qadir Bakhsh: Is the member relevant ?

Mr. Speaker : No, he is not relevant. Mr. Akhtar may please be relevant.

Mr. Hamza : There is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*Count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). I would like to have a look at the attendance register. (*a pause*). The House is in quorum. Yes, Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تعمیل ارشاد کرتے ہوئے میں اب اس حصے کو curtail کرتا ہوں ۔ صرف اتنا کہنے کے بعد کہ پہلے تمام فیصلہ جات سینیٹ میں آتے تھے اور پھر سنڈیکیٹ میں جاتے تھے ۔ اب دو باڈیز کو رہنے دیا گیا ہے۔ اور ان تمام فیکلٹیز سے وہ حقوق لے لئے گئے ہیں جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ entirely nominated ہیں ۔ جیسا کہ مجھ سے پہلے بہت سے معزز اراکین نے فرمایا ہے کہ طریقہ کار ایسا ہونا چاہئے کہ جس سے اس میں پبلک کو associate کیا جائے۔ اور باڈیز صرف ایسے لوگوں پر مشتمل کی جانی چاہئیں کہ یا تو وہ تمام government officials ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

کیونکہ اس سے قباحتیں پیدا ہوتی ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ زیادہ liberal ہو کر اس قسم کے حالات پیدا کرتی کہ جس سے ہم زیادہ عوامی نمائندوں کو اس میں شامل کر سکتے ۔ مجوزہ ترمیم صرف یہ ہے کہ اس میں ایگزیکٹو کو لانا مطلوب ہے ۔ اور وہ چھوٹی

ی باڈی جو کہ نامزد نمائندوں پر مشتمل تھی ۔ اب اس کو بھی curtail کر دیا گیا ہے ۔ اور صرف دو چار ٹیچرز رکھنے کے متعلق مشورے کے لئے رہنے دیا گیا ہے ۔ اس کے علاوہ حکومت کی موجودہ پالیسی سے جو بات نکلی ہے وہ یہ ہے کہ ہم نے اکثر دیکھا ہے کہ جو نصاب منظور کیا جاتا ہے وہ بھی ان ترامیم کے ذریعے ان لوگوں سے دور ہی رکھ کر منظور کیا جائے گا ۔ ہمارا نصاب اکثر منظور ہوتا ہے ۔ اور آپ نے اخبارات میں اس کے متعلق اکثر پڑھا ہوگا ۔ اور یونیورسٹی کی کارکردگی کو جن الفاظ میں یاد کیا جاتا ہے وہ بھی آپ نے ملاحظہ کئے ہوں گے (وزیر تعلیم صاحب آج کچھ برہم سے لگتے ہیں) ۔ شاید وہ چاہتے ہیں کہ میں اپنی گذارشات مختصر کروں ۔

وزیر تعلیم ۔ آپ بے شک زیادہ بولیں ۔ لیکن relevant بولیں ۔

ملک محمد اختر ۔ ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ ان کی یونیورسٹی کے ارباب اختیار نے اپنی کوتاہیوں کے باعث عوام کے نمائندوں کو اپنے اعتماد میں نہ لے کر صرف چند لوگوں کے مشورے سے انتخاب از شعرائے ایران جیسی فحش کتاب بھی نصاب میں رکھی ہے ۔ جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں نہیں ہونی چاہئے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ آپ centralization of power کرکے ، اور یونیورسٹی کے ارباب بست وکشاد کو نامزد کرنے سے اور عوام کو یونیورسٹی کے معاملات سے زیادہ سے زیادہ دور کرنے سے کسی طرح ان قباحتوں کو دور نہیں کر سکیں گے ۔ جو کہ یونیورسٹی کے معاملات میں پائی جاتی ہیں ۔

اور جو مشکلات عوام کو درپیش ہیں ۔ ایک وقت وہ بھی تھا جب کہ ہماری پنجاب یونیورسٹی کو ساڑھے چار لاکھ روپے سالانہ گرانٹ ملتی تھی ۔ وزیر تعلیم نے بہت اچھا اقدام کیا ہے کہ یونیورسٹی کیمپس کا ایک منصوبہ تیس کروڑ روپے کا بنایا ہے ۔ لیکن آپ یہ بھی دیکھیں کہ آپ ایک cafeteria پر چھ لاکھ ستر ہزار روپے خرچ کر رہے ہیں ۔

Minister of Education : Again, Sir, I will submit that the member is not relevant.

Mr. Speaker : Please be relevant.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اس کی relevancy یہ ہے کہ یہ روپیہ جو آپ ایک cafeteria پر خرچ کر رہے ہیں ۔ یہی روپیہ آپ طلباء کی بہبودی پر خرچ کر سکتے تھے ۔

وزیر تعلیم ۔ میں فاضل ممبروں کی اطلاع کے لئے عرض کروں ۔ کہ cafeteria کی عمارت کیمپس کے منصوبے میں شامل ہے ۔ اس کی عمارت علیحدہ نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : Is it necessary that Minister should reply to irrelevant questions ? He himself pointed out that the member was not relevant.

Minister of Education : If he is stating something wrong I must clarify it.

Malik Muhammad Akhtar : I challenge the Minister. My statement is correct and, unfortunately, the Minister of Education has made a statement which is not correct.

Minister of Education : I was saying it with full authority and again submit that the member is not correct.

ملک محمد اختر - بہر حال میں آپ کی بزرگی کے پیش نظر اسے تسلیم کرتا ہوں -

خواجہ محمد صفدر - بزرگ نہیں ہیں - برخوردار ہیں -

ملک محمد اختر - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کے ذریعے یونیورسٹی کی باڈیز کے آئین میں کچھ اس طرح کی پابندیاں لگا دی ہیں کہ عوام کو اس سے دور کر دیا ہے - اور اس ترمیم کے ذریعے جس پر کہ یہ اصرار کر رہے ہیں - اس کے ذریعے ہم عوام کو یونیورسٹی کے معاملات سے بالکل ہی لا تعلق بنا رہے ہیں - جس کی وجہ سے طلباء میں بیچینی بڑھ رہی ہے - اس لئے میں یہ تجویز کروں گا - اور اگر میری تجویز قابل قبول نہ ہو تو اگر محترم وزیر تعلیم پسند فرمائیں تو اپنی طرف سے یہ تجویز پیش کر دیں - کہ جو کمیشن بٹھایا گیا ہے - جس نے کہ یونیورسٹی کے تمام امور کا جائزہ لینا ہے - وہ اس کے علاوہ اس قانون کا بھی جائزہ لے - آج اخبارات

میں ایک چھوٹی سی خبر تھی کہ طلبا پر جو پابندیاں لگائی گئی ھیں - - - -

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) - جناب والا - آج وزیر تعلیم نے relevancy کا دائرہ اتنا تنگ کر دیا ھے کہ فکر اس کے اندر رہ کر کسمسائے - لیکن اس سے باھر نہ نکل سکے - بہر حال یونیورسٹی آرڈیننس میں جو ترمیم کی گئی ھے - یہ ھے تو بڑی مختصر سی لیکن میں سمجھتا ھوں کہ اس کے اثرات کافی دور رس میں - اور میرے دوست ملک محمد اختر صاحب نے سنڈیکیٹ کے اختیارات اور اکیڈمک کونسل کے اختیارات کے متعلق جو کچھ فرمایا ھے - میں سمجھتا ھوں کہ میں اس کی تھوڑی سی باقی غلط فہمی رفع کر دوں - اور میں سمجھتا ھوں کہ وزیر تعلیم کو یہ شکایت نہ ھوگی کہ یہ irrelevant ھے - یونیورسٹی آرڈیننس میں سنڈیکیٹ کی تشکیل اس طرح سے ھے کہ اس میں گیارہ ارکان ھوں گے - وائس چانسلر ، ایجوکیشن سیکرٹری ، دو ڈینز اور چانسلر کے نام نامزد کردہ سات افراد - اور اکیڈمک کونسل کی تشکیل اس طرح سے ھے کہ وائس چانسلر ، ایجوکیشن سیکرٹری (فیکلٹز) ٹیچنگ ڈیپارٹمنٹس کے تین ھیڈز آف ڈیپارٹمنٹس - پروفیسرز اور ریڈرز - ڈائریکٹر آف ریسرچ اور چانسلر کے دس نامزدگان - جناب والا - میں نے

سنڈیکیٹ اور اکیڈمک کونسل کی function کا مسئلہ اس ایوان کے سامنے رکھا ہے ۔ یہ جو ترمیم ہمارے پیش نظر ہے اس میں سنڈیکیٹ کو اختیار دیا جاتا ہے اور اکیڈمک کونسل کو سفارش کا اختیار دیا جاتا ہے ۔ صورت یہ ہے کہ سنڈیکیٹ میں ۱۱ ارکان میں سے ۷ ارکان چانسلر کے نامزد کردہ ہوں گے ۔ یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ ان کا تعلق تعلیمی مشاغل سے ہو ۔ یہ بھی کوئی ضروری نہیں ہے کہ وہ تعلیم یافتہ ہوں ۔ کسی شخص کو بھی چانسلر اپنی مرضی کے مطابق سنڈیکیٹ میں نامزد کر سکتا ہے ۔ اس آرڈیننس میں دوسری دفعہ سنڈیکیٹ کے لئے نصف کا کورم مقرر کرتی ہے ۔ یعنی ۱۱ ارکان میں سے ۶ ارکان کا کورم ہوتا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ چانسلر کے نامزد کردہ اشخاص میں سے ۶ ارکان کورم پورا کر دیتے ہیں ۔ یعنی سینڈیکیٹ یونیورسٹی سے متعلق کوئی بھی مسئلہ بغیر ڈین کی مرضی کے بغیر یونیورسٹی کے دوسرے تعلیمی ماہرین کی مرضی کے صرف چانسلر کے نامزد کردہ ارکان میں سے ۶ ارکان جو کہ کورم پورا کرتے ہیں وہ بیٹھ کر طے کر سکتے ہیں ۔ وہ final authority ہیں ۔ ان کا فیصلہ آخری ہوگا ۔ اور وہ یونیورسٹی میں نافذ ہو جائے گا ۔ اس کے بر خلاف اکیڈمک کونسل میں کسی قدر ارکان کی تعداد زیادہ ہے ۔ اس آرڈیننس کو مرتب کرتے وقت اس کا پورا خیال رکھا گیا ہے کہ اکیڈمک کونسل کو broad based بنایا جائے تو اس

کا کورم اس طرح سے کم کر دیا جائے کہ ایک بار پھر چانسلر کے نامزد کردہ افراد کورم کو پورا کر کے جو قانون چاہیں بنا دیں - جو سفارش چاہیں پیش کر دیں - اکیڈمک کونسل کو broad based ہونے کے بعد اس کا کورم ایک تہائی ارکان کا مقرر کیا گیا ہے اور اس میں حکومت کے یعنی چانسلر کے نامزد کردہ ۱۰ افراد ہیں - اکیڈمک کونسل میں بھی صرف چانسلر کے نامزد کردہ افراد کورم پورا کرتے ہیں - سنڈیکیٹ میں بھی صرف چانسلر کے نامزد کردہ افراد کورم پورا کرتے ہیں - گویا یہ دونوں ادارے تمام تعلیمی ماہرین کی آرا سے بیگانہ ہو کر اور تمام یونیورسٹی کے ڈین - ریڈرز اور پروفیسرز کی تجاویز اور مشوروں سے بے نیاز ہو کر صرف ان ۶ اور ۱۰ نامزد کردہ ارکان جن کی تعلیم کی کوئی قید نہیں ہے - جن کے کردار کی کوئی قید نہیں - جن کے علمی تجربہ کی کوئی شرط نہیں صرف ان میں سے چند ارکان بیٹھ کر یونیورسٹی جو کہ تعلیمی اداروں کی سرتاج ہوتی ہے کا فیصلہ کرنے کے حق دار ہیں -

جناب والا - جس تاریخ کو آرڈیننس کا نفاذ کیا گیا تھا اس تاریخ کو ایک اور آرڈیننس نافذ ہوا تھا - وہ ویسٹ پاکستان ایگریکلچرل یونیورسٹی آرڈیننس ۱۹۶۱ ہے - یہ دونوں آرڈیننس ۲۸ ستمبر کو نافذ ہوئے تھے - یہ بات میری ناقص عقل سمجھنے سے قاصر ہے کہ یہ دو یونیورسٹیاں ہیں - دونوں کا اپنا لائحہ عمل ہے - اور اپنا اپنا میدان

عمل ہے ۔ دونوں تعلیمی مقاصد کے سب سے بڑے ادارے ہیں ۔ ایک ہی دن دونوں یونیورسٹیوں کے کام کے طریقہ کار کےمتعلق آرڈیننس نافذ ہوتا ہے ۔ ایک یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل میں چانسلر کو ۱۰ افراد کے نافذ کرنے کے اختیار حاصل ہیں اور دوسری یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل میں ۷ ارکان کو نامزد کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے ۔ اس کی وجہ کم از کم میری عقل سمجھنے سے قاصر ہے ۔ میں نے آپ کے سامنے اکیڈمک کونسل اور سنڈیکیٹ کی تشکیلی ہئیت اس لئے پیش کی ہے اور اس ترمیم کا آخری جملہ یہ ہے ۔

"the University Ordinance shall be referred to the Academic Council for expression of its opinion before it is taken up by the Syndicate for final consideration."

اس میں جو مسائل زیر غور آنے والے ہیں وہ سب وہ ہیں جن سے تعلیم کا بنیادی تعلق ہے ۔ مثلاً fee to be charged by the University یونیورسٹی طلبا سے کیا فیس لے گی ۔ یہ مسئلہ انتظامی نہیں ہے یہ تعلیمی مسئلہ ہے ۔ ملک کے حالات کو سامنے رکھ کر ، یونیورسٹی کے معاملات کو سامنے رکھ کر ، طلبا کی مالی ضروریات کو سامنے رکھ کر پھر فیس طے کی جا سکتی تھی ۔ فیس کو طے کرنے کا مسئلہ بالکل انتظامی نہیں ہے ۔ بلکہ یہ تعلیمی مسئلہ ہے ۔ اس مسئلے کے لئے آخری اختیار اکیڈمک کونسل کو ہونا چاہئے تھا ۔ جو broad based بھی ہے ۔ جس

میں تعلیم کے ماہرین بھی موجود ہیں ۔ لیکن یہ اختیار صرف سفارش کی حد تک ہے ۔ آخری اختیار سنڈیکیٹ کو دیا گیا ہے ۔ اس طرح دوسرا مسئلہ ہے Creation and abolishing of University teachers جناب والا ۔ یونیورسٹی میں کتنے اساتذہ کی ضرورت ہے کہ کس محکمہ میں اساتذہ کی تعداد میں کمی کی جائے ۔ کس محکمہ میں تعداد کی زیادتی کی جائے یہ ایک معمولی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ مسئلہ سراسر تعلیمی ہے انتظامی نہیں ہے ۔ اگر کسی دفتر میں کارک رکھنا ہو ۔ Controller of Examination کا سٹاف مقرر کرنا ہو ، یا رجسٹرار کو چپڑاسی رکھنا ہو بے شک یہ مسئلہ سنڈیکیٹ کا ہے لیکن یونیورسٹی کے مختلف اداروں میں کتنے اساتذہ ہوں ، کہاں تعداد کو زیادہ کیا جائے ، کہاں تعداد کو کم کیا جائے یہ مسئلہ انتظامیہ کا مسئلہ نہیں سراسر تعلیمی مسئلہ ہے ۔ اس میں یہ اختیار اکیڈمک کونسل کو ہونا چاہئے نہ کہ سنڈیکیٹ کو ہونا چاہئے ۔


وزیر اطلاعات (مسٹر غلام نبی مھ وریال میمن) :۔(الف) دو ۔

۱۔ سندھ نیوز (حیدر آباد)

۲۔ نعرۂ حق (سکھر)

(ب) درخواست دھندہ کا نام اور پتہ	ڈیکلریشن لاھور میں موصول ھونے کی تاریخ
۱۔ شیخ عبدالعزیز ولد احمد خان شیخ ٹنڈو آغا حیدر آباد (سندھ نیوز)	۱۱ فروری ۱۹۶۵ء
۲۔ میاں گلزار مھ شکار پور روڈ سکھر (نعرۂ حق)	۲۲ مئی ۱۹۶۵ء

(ج) وجہ تاخیر ۔

۱۔ سندھ نیوز۔ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو تحریری طور پر کہا گیا ھے کہ وہ درخواست دھندہ کو ھدایت کرے کہ وہ اخبار کے مالک سے ایسا مختار نامہ حاصل کر کے پیش کرے جسمیں اسے ناشر بننے کی اجازت دی گئی ھو ۔

۲۔ نعرۂ حق۔نعرۂ حق کے سکھر ایڈیشن کے دوبارہ اجراء کے متعلق ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے درخواست دھندہ کے مالی وسائل کے بارے میں رپورٹ کا انتظار ھے ۔

PRODUCTION AND SALE OF OPIUM IN WEST PAKISTAN

***793. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government is reducing the production and sale of Opium at the rate of 10% per annum ;

(*b*) the year-wise total production of Opium in West Pakistan since 1962 ;

(*c*) the yearly income from the sale of Opium since 1962 ;

(*d*) total production of Opium in the tribal areas of former N.-W.P. since 1962 ;

(*e*) the measures taken by the Government for controlling the illegal production of Opium in Tribal areas and its smuggling from there ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق) : (الف) مغربی پاکستان کی خوردنی افیون کی کھپت میں ہر سال دس فیصد کمی کی جاتی تھی ۔ لیکن ۱۹۶۴-۶۵ سے کمی نہیں کی گئی ۔ پیداوار میں کمی ۱۹۶۵ سے کی گئی ہے ۔

(ب) اور (ج) ۱۹۶۱-۶۲ میں ۲۴۱۰۷ من افیون کی پیداوار تھی اور آمدنی ۸۵,۹۵,۵۲۳ روپے تھی ۔

۱۹۶۲-۶۳ میں ۲۳۴۰۰ من افیون کی پیداوار تھی اور آمدنی ۸۷,۶۰,۹۷۳ روپے تھی ۔

۱۹۶۳-۶۴ میں ۲۳۳۰۵ من افیون کی پیداوار تھی اور آمدنی ۸۱,۶۶,۵۳۰ روپے تھی ۔

۱۹۶۴-۶۵ میں ۲۸۲۰۴ من افیون کی پیداوار تھی اور آمدنی ۷۷,۰۵,۳۵۰ روپے تھی ۔

(د) معلوم نہیں ۔

(ہ) ایکٹ ہائے افیون مجریہ ۱۸۵۷ اور ۱۸۷۸ قبائلی علاقہ میں نافذ نہیں ہیں ۔ اسلئے وہاں پوست کی کاشت اور افیون کی پیداوار کا

انسداد مشکل ہے البتہ پوست کی کاشت بند کرنے کے لئے مناسب پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے ۔ سمگلنگ روکنے کے لئے مختلف مقامات پر عملے میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ تمام متعلقہ محکموں نے انسدادی کارروائیاں تیز تر کر دی ہیں ۔ اور ان جرائم کی سزائیں بڑھانے کی تجاویز بھی زیر غور ہیں ۔

سردار محمد اسحاق خان۔۔حکومت اس نا مراد اور خطرناک نشے کو بند کیوں نہیں کر دیتی ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔۔جیسا کہ میں نے جواب میں عرض کیا ہے ۔ کہ جنیوا میں ہمارا ایک انٹرنیشنل ایگریمنٹ ہوا ہے جسکے مطابق ہم نے ۱۹۶۸ء میں افیون کھانے پر پابندی عائد کرنی تھی ۔ اب اس میعاد کو مزید چار سال کے لئے بڑھا دیا گیا ہے ۔ اور اب ۱۹۷۲ء میں اسے بند کر دیا جائیگا ۔ اب مشکل یہ ہے ، کہ بہت سی افیون چونکہ قبائلی علاقے میں پیدا ہوتی ہے ۔ اس لئے بارڈر سے سمگل ہوکر یہاں آتی ہے ۔ لیکن جو سرکاری افیون تیار کی جاتی ہے ۔ اسکا کوٹہ مقرر ہوتا ہے ۔ ہم اسکو اب بتدریج کم کر رہے ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ۔۔کیا وزیر صاحب اسکی وضاحت فرمائینگے ۔ کہ انٹرنیشنل ایگریمنٹ کیا چیز ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔۔اسکا مطلب ہے ۔ بین‌الاقوامی معاہدہ ۔ اور یہ وہ معاہدہ تھا ۔ جو کہ بشمول پاکستان کے دیگر بہت سے ملکوں نے کیا تھا ۔ جسکے تحت یہ فیصلہ کیا گیا تھا ۔ کہ افیون کا وہ استعمال جو نشے کے طور پر کیا جاتا ہے ۔ اسے بتدریج کم کر کے ۱۹۶۸ء میں بالکل بند کر دیا جائیگا ۔ اب اس میعاد کو بڑھا کر ۱۹۷۲ء کر دیا گیا ہے ۔ اور یہی وہ بین‌الاقوامی معاہدہ تھا ۔ جو جنیوا میں کیا گیا تھا ۔

ملک معراج خالد۔کیا اس بین‌الاقوامی معاهدے میں چین بھی شامل تھا ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔چین میں تو پہلے ہی رائے عامہ کے ذریعے افیون کا استعمال بند ہے ۔

چودھری غلام سرور۔کیا وزیر آبکاری یہ فرمائینگے ۔کہ افیون ایک ہی قسم کی استعمال ہوتی ہے ۔ یا اسکی بھی کئی اقسام ہیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔ایک سرکاری افیون ہے ۔ اور ایک وہ ہے ۔ جو سمگل ہوتی ہے ۔ آپکا مطلب اگر اس افیون سے ہے ۔ تو افیون بہر حال افیون ہے ۔ اسکے علاوہ اگر افیون کی کسی قسم کا آپکو علم ہو ۔ تو آپ بتادیں ۔ شاید آپ بہتر جانتے ہوں ۔

مسٹر حمزہ۔جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ چین میں افیون اس لئے بند کر دی گئی ہے ۔ کہ وہاں رائے عامہ اس کے خلاف تھی ۔ کیا وہ یہ فرما سکتے ہیں ۔ کہ یہاں رائے عامہ اس کے خلاف نہیں ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا ہے ۔ کہ ہم اس کے خلاف پراپیگنڈا کر رہے ہیں ۔ اب اگر کہیں تو پراپیگنڈا کا اردو ترجمہ بھی کر دوں ۔ مطلب تو یہی ہے ۔ کہ اس کو بند کر دیں ۔

چودھری محمد نواز۔جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ افیون سمگل بھی ہو کر آتی ہے ۔ تو کیا وہ یہ فرما سکتے ہیں ۔ کہ اس سمگلنگ کو روکنے کے لئے حکومت کیا تدابیر کر رہی ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات—میں ۔ عرض کیا ہے ۔ کہ ہم اس کے خلاف پراپیگنڈا بھی کر رہے ہیں ۔ اور سمگلنگ کو روکنے کے لئے عملہ بھی بڑھا دیا ہے ۔ کہ اسکو روکا جا سکے ۔

ملک قادر بخش—کیا وزیر صاحب اس بات سے مطمئن ہیں ۔ کہ سرکاری ٹھیکوں پ سمگل شدہ افیون فروخت نہیں ہوتی ۔

وزیر آبکاری و محصولات—یہ صحیح ہے ۔ کہ جہاں تک نیلام شدہ ٹھیکوں کا تعلق ہے ۔ ان میں وہ افیون سپلائی کی جاتی ہے ۔ جو ہماری اپنی فیکٹری میں بنتی ہے ۔ لیکن اگر وہاں سمگل شدہ افیون بھی بکتی ہو ۔ تو ہمیں اسکا علم نہیں ہے ۔ اگر آپ ایسا کوئی واقعہ بتا دیں ۔ تو ہم اس پر ایکشن لینے کے لئے تیار ہیں ۔

مسٹر محمد سرور خان—جناب والا ۔ کیا افیون کے علاوہ جو چنڈو پی جاتی ہے کیا اسکی اجازت گورنمنٹ کی طرف سے ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات—چنڈو کی اجازت بالکل نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ—وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ افیون ترک کرنے کا جو پراپیگنڈا ہے اس میں وہ ناکام رہے ہیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات—میں نے یہ نہیں کہا ہے کہ ہم ناکام رہے ہیں بلکہ ہم کامیاب ہو رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ—جناب والا ۔ جو اعداد و شمار مہیا کئے گئے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں بتدریج کمی ہو رہی ہے لیکن اسکے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ زیادہ تر افیون آزاد قبائل میں تیار ہوتی ہے جہاں پر حکومت کا کوئی کنٹرول نہیں ہے ۔ چین کی مثال آپکے سامنے ہے وہاں پر تو پراپیگنڈا کامیاب ہوتا ہے لیکن یہاں

حکومت جو پراپیگنڈا کرتی ہے ۔ وہ ناکام ہوتا ہے ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اسکی وجہ کیا ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات۔۔حمزہ صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے ۔ میں نے جواب میں کہا ہے کہ اس وقت ہماری Consumption ۲۸۲ من ہے ۔ اصل میں سرکاری طور پر جو افیون ٹھیکے داروں سے ملتی ہے ان میں نمایاں طور پر کمی واقع ہوئی ہے ۔

ملک قادر بخش۔۔کیا معزز وزیر صاحب فرمائیں گے کہ جو ۸۰ لاکھ روپے کی آمدنی ۲۰۰ من یا ۳۰۰ من پر ہو رہی ہے اور ظاہر ہے کہ اس قیمت پر تو کوئی شخص افیون نہیں خرید سکتا تو کیا ٹھیکوں پر سمگلنگ ہو رہی ہے ۔

I ask whether the Minister knows ?

Mr. Speaker : He has already answered the member's supplementary of this type.

ملک قادر بخش۔۔کیا کوئی کیس آپ کے نوٹس میں آیا ہے کہ ٹھیکے جو سرکاری بولی پر لئے جاتے ہیں ان میں سمگل شدہ افیون فروخت ہوتی ہے ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔۔یہ میرے علم میں نہیں ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔۔وزیر صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ انہوں نے Public opinion کے لئے کچھ پراپیگنڈا کیا ہے ۔ کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ اس سلسلے میں ابھی تک کیا طریقے استعمال کئے گئے ہیں ۔

وزیر آبکاری و محصولات۔۔پراپیگنڈا کا مطلب یہ ہے کہ جو اشتہارات وغیرہ کے ذریعے سے کرتے ہیں ۔ اس کے لئے انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ قائم کیا ہوا ہے ۔ You put this question to Mr. Memon

مسٹر محمود اعظم فاروقی--اخباروں کے ذریعہ نہیں ؟

وزیر آبکاری و محصولات--اخباروں میں بھی کرتے ہیں لیکن ڈان وغیرہ میں نہیں کرتے ہیں - کیونکہ وہاں پر ڈان اور دوسرے انگریزی اخبارات نہیں پڑھے جاتے -

خان محمد یوسف خاں--کیا وزیر صاحب کو علم ہے کہ بغیر پراپگنڈا کے آپ کے عوام افیون کے خلاف ہیں -

وزیر آبکاری و محصولات--مجھے علم ہے - پھر بھی ہم اپنے پراپیگنڈا کو تیز تر کریں گے تاکہ افیون کی عادت ختم ہو -

میاں محمد شفیع--جناب والا - ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ کچھ ٹھیکوں پر سمگل شدہ افیون بکتی ہے - آپ نے فرمایا ہے کہ یہ میرے نوٹس میں نہیں ہے - کیا آپ بتائیں گے کہ ان کی چیکینگ کا کیا انتظام ہے -

وزیر آبکاری و محصولات--ہم نے اس کام کے لئے خاص عملہ رکھا ہوا ہے وہ باقاعدہ چیکینگ کرتا ہے -

مسٹر محمد سرور خان--کیا حکومت کے نوٹس میں یہ بات آئی ہے کہ سمگل شدہ افیون افیون کے ٹھیکے داروں کی وجہ سے ہی زیادہ بکتی ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات--میں نے عرض کیا ہے کہ میرے نوٹس میں نہیں ہے - اگر آپ کوئی ایسا کیس میرے نوٹس میں لے آئیں تو ہم اسے دیکھ لیں گے -

ملک قادر بخش--جناب والا - اوکاڑہ کے مجسٹریٹ نے جو Non excise-able افیون پکڑی ہے میں وزیر صاحب کی توجہ اسکی طرف دلاتا ہوں - انہوں نے چھاپا مار کر Non excise-able افیون پکڑی تھی اسکی آپ تسلی کرائیں کہ اسکا کیا ہوا -

وزیر آبکاری و محصولات--میرے آدمی بیٹھے ہوئے ہیں -

I will call for the file and see.

خان گل حمید خان--کیا یہ نہیں ہوسکتا کہ افیون کو فوراً بند کر دیا جائے -

وزیر آبکاری و محصولات--میں نے عرض کیا ہے کہ ہم اسے بتدریج کم کر رہے ہیں -

مسٹر حمزہ--کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ اگر ٹھیکوں پر سمگل شدہ افیون آپ کے محکمے کے اہلکاروں کی اعانت سے فروخت ہوتی ہو تو اس کے متعلق کس طرح پتہ چل سکتا ہے -

مسٹر سپیکر--یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے -

ملک معراج خالد--کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ چین ایک نظریاتی سٹیٹ ہے - اور پاکستان بھی ایک نظریاتی سٹیٹ ہے اور وہاں پراپیگنڈا کرنے سے افیون کا استعمال بند ہوگیا ہے تو اگر ہم کوشش کرتے اور ان کے پراپیگنڈا کا مطالعہ کرتے اور دیکھتے کہ وہ اس میں کس طرح کامیاب ہوئے ہیں - - - -

وزیر آبکاری و محصولات--میں نے عرض کیا ہے کہ اب یہ برائے نام بکتی ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ

۲۸۲ من سارے مغربی پاکستان میں فروخت ہوتی ہے - سرکاری طور پر اگر اس کی اوسط نکالیں تو ہزار میں سے ایک بھی ایسا نہیں ہوگا جو افیون کا استعمال کرتا ہو -

Mr. Speaker : The Question Hour in over.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN EMPLOYEES' SOCIAL SECURITY ORDINANCE, 1965 (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Employees' Social Security Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

Yes, Mr. Mahmood Azam Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)—جناب والا - کل میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ مسودہ قانون جو ہمارے پیش نظر ہے باوجود اس کے کہ یہ صحیح سمت کی طرف ایک قدم ہے - اور میں اس کی مخالفت اس لئے نہیں کر رہا کہ میرا مقصد صرف مخالفت برائے مخالفت ہے - اس قانون میں بہت سے ایسے نقائص اور رخنے موجود ہیں کہ جب تک ان کو دور نہ کیا جائے اور اس قانون کو اسی طرح نافذ کر دیا گیا تو اس سے ملک کو بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا - اس قانون میں پہلی خامی یہ ہے کہ جن کے فائدے کے لئے یہ قانون معرض وجود میں لایا گیا ہے ان کے مفاد کا اس کے اندر کوئی تعین موجود نہیں - یعنی یہ جو فنڈ آپ مزدوروں کی فلاح کے لئے قائم کرنا چاہتے ہیں اس میں مزدوروں کی contribution کی شرح ۳/۱ اور صنعتکاروں کا حصہ ۳/۲ ہے - تاکہ اس فنڈ سے مزدور کو مختلف

صورتوں میں فائدہ ملے اور فوراً ملے ۔ یہ تمام امور اس قانون کی بنیادی حیثیت رکھتے ھیں ۔ ان کے بارے میں اس قانون میں کوئی صراحت موجود نہیں ۔ میں اس کے متعلق گفتگو کرتے ھوئے اس قانون کے سیکشن ۳ کی طرف آتا ھوں ۔ سیکشن ۳ میں یہ کہا گیا ھے کہ

"It shall come into force at once, but shall apply only to such areas, classes of persons, industries or establishments, from such date or dates, and with regard to the provision of such benefits as Government may, by notification, specify in this behalf."

جناب والا ۔ اس قانون کی اس دفعہ کا مطلب یہ ھوا کہ قانون تو ملک میں نافذ ھوگا لیکن کن اداروں اور کن حلقوں پر اس کا اطلاق ھوگا ۔ کن پر کونسی دفعہ کا اطلاق کب ھوگا ۔ اس کا تعین نہیں کیا گیا ۔ گورنمنٹ کے پیش نظر یہ ھے کہ بیک وقت ملک میں سارے صنعتی اداروں پر اس کا اطلاق نہ ھو بلکہ وہ وقتاً فوقتاً مختلف علاقوں پر یا کسی ایک صنعتی ادارے پر یا کسی دو صنعتی اداروں پر اس قانون کا اطلاق کریں گے ۔

جناب والا ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ھیں کہ یہ قانون صحیح ھے اور صنعتی اداروں کے مفاد کے لئے ضروری ھے کہ اس کا نفاذ کیا جائے تو میں سمجھتا ھوں کہ پھر کوئی وجہ نہیں ھے کہ اس قانون کو بیک وقت سارے ملک میں تمام صنعتی اداروں پر نافذ نہ کیا جائے ۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں صنعتی حلقوں میں اور مزدوروں میں یا ان سے کام لینے والوں میں بھی بے اطمینانی کی فضا پیدا ھوگی ۔ کیونکہ ایک علاقے میں ایک صنعتی ادارے کا مزدور اس سے استفادہ کر رھا ھوگا ۔ لیکن دوسرے صنعتی علاقے کا مزدور اس سے مستفید نہیں ھو رھا ھوگا ۔ تو کیا آپ سمجھتے ھیں کہ اس طرح ملک میں صنعتی بے چینی پیدا نہیں

ہوگی ۔ وزیر متعلقہ اس کے جواب میں یہ فرمائیں گے کہ پہلے ہم تجربہ کرنا چاہتے ہیں ۔ پہلے کچھ اداروں پر اس کا نفاذ کرکے دیکھتے ہیں کہ یہ عمل کتنا مفید ثابت ہوتا ہے ۔ اس کے بعد اس تجربہ سے فائدہ اٹھا کر دوسرے علاقوں میں اسکا نفاذ کرینگے ۔ میں عرض کروں گا کہ یہ مملکت آپکے لئے تجربہ گاہ نہیں ہے ۔ کہ آپ تجربے کے طور پر ایک قانون بنائیں اور پھر دیکھیں کہ وہ قانون کامیاب ہوتا ہے یا ناکام ہوتا ہے اور اگر وہ تجربہ ناکام ہو تو پھر آپ تجرباتاً دوسرا قانون بنائیں گے ۔ یہ صورت حال انتہائی خطرناک ہے ۔

جناب والا ۔ جو بھی اچھی حکومتیں ہوتی ہیں ان کا طریق کار یہ ہوتا ہے کہ وہ حالات کا اچھی طرح سے جائزہ لیں اور قانون کی دفعات کو پرکھیں کہ یہ قابل عمل ہیں یا نہیں اور ملک کے حالات کو پیش نظر رکھ کر اس نتیجہ پر پہنچیں کہ یہ قانون قابل عمل ہے اور لوگوں کے لئے ضروری ہے اور یہ دیکھیں کہ یہ ملکی مسائل کا حل پیش کرتا ہے اور عوامی مشکلات کو رفع کرنے والا ہے تو پھر اس کا نفاذ کریں ۔ سارے ملک کے نظام کیلئے قانون ایک ہی طرح سے نافذ کریں ۔ میں مثال کے طور پر بتاتا ہوں کہ اس سے پہلے آپکے ملک میں مزدوروں کے لئے Compensation Act نافذ تھا ۔

جناب والا ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ working labour کو Compensate کرنے کا قانون سارے ملک یا صوبے میں ایک نہیں ہے بلکہ سارا صوبہ کوئی دس علاقوں میں منقسم ہے اور ہر علاقے کا قانون دوسرے علاقوں سے مختلف ہے ۔ کیا یہ کوئی انوکھا ملک ہے جس میں یکساں قانون نہیں بنایا جا سکتا ؟ بلکہ میں تو کہونگا کہ یکساں قانون کا نہ ہونا اور مختلف طبقات میں مختلف قسم کے قوانین رائج کرنا

خود دستور ملک کے خلاف اور آئین ملک کے خلاف ہے ۔ کیونکہ آئین میں تمام شہریوں کو یکساں اور منصفانہ قانون کے ماتحت یکساں مراعات ملنی چاہئیں اگر ایک صنعتی ادارے کا مزدور بیمار پڑتا ہے تو اس کو علاج کی سہولت ملنی چاہئیے اسی طرح دوسرے صنعتی اداروں کے مزدوروں کو بھی علاج کی سہولت مہیا کرنی چاہئیے ۔ تاکہ سب مزدوروں کو ایک جیسی سہولت میسر آ سکے مگر یہ کہاں کا انصاف ہے کہ مختلف علاقوں کے علاوہ خود ایک ہی شہر کے اندر مختلف صنعتی اداروں کے لئے الگ الگ قانون ہیں یہ کہاں کا اصول اور انصاف ہے جناب والا اس قانون کی دفعہ ۲ کی تحتی شق ششم (۶) کو ملاحظہ فرمائیں ۔

" 'Dependent' means wife or wives or a needy invalid husband and any unmarried children under the age of sixteen years dependent upon the secured person".

جناب والا ۔ اس کے ماتحت یہ بات ہے کہ جو قانون ایک صنعتی ادارے پر نافذ کر دیا گیا ہے اس کے مطابق اگر کوئی مزدور کسی حادثے کا شکار ہو جائے تو اس کے ورثا میں اس کی بیوی یا بچے تو شامل ہونگے مگر اسکے بوڑھے والدین جن کی زندگی کا آخری سہارا وہ مزدور تھا ۔ انکو اس قانون کی مراعات اور اسکے فوائد سے یکسر محروم کر دیا گیا ہے ۔ پھر اسکے چھوٹے چھوٹے بہن بھائی بھی اس کے ورثا میں شامل نہیں کئے جائیں گے حالانکہ ہمارے مشرقی معاشرے میں اور ہمارے اسلامی معاشرے میں ایک کمانے والے شخص پر اس کے چھوٹے چھوٹے بہن بھائی اور بوڑھے والدین کا انحصار ہوتا ہے مگر گورنمنٹ نے ایک خاندان کا مغربی تصور اپنے سامنے رکھا ہے اور خاندان کے مشرقی و اسلامی تصور کو یکسر فراموش اور نظر انداز کر کے رکھ دیا ہے ۔ یہ ایک خاندان کا مغربی تصور ہے کہ کنبہ محض بیوی بچوں اور شوہر پر مشتمل ہوتا ہے

اور اس میں ۱۶ سال سے کم کے بہن بھائی بھی شامل نہیں ہو سکتے ۔ اور نہ ہی بوڑھے والدین اس میں شامل ہو سکتے ہیں یہ ایک خاندان کا مغربی تصور ہے ہمارے ہاں تو تمام غیر شادی شدہ بہن بھائی اور بوڑھے والدین ایک کنبے میں شامل ہوتے ہیں اور اسلامی لحاظ سے بھی بچے پر والدین کی خدمت فرض ہوتی ہے ۔ لہذا جو شخص بھی خاندان کے اسلامی تصور اور مشرقی تصور سے با خبر ہے وہ اس قسم کا قانون نہیں بنا سکتا کہ کسی خاندان سے ماں باپ اور بہن بھائیوں کو یکسر خارج کر دے اور کسی مصیبت زدہ اور حادثے کے شکار مزدور کے ماں باپ اور چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں کو اس کے ورثا میں شامل ہی نہ کرے جناب والا قانون مصدرہ ۱۹۶۰ء کی سیکشن ۲ کی شق نمبر (a) میں ''کنبہ'' کی اصطلاح کی تعریف میں خاندان کے ہمارے اسلامی اور مشرقی تصور کو تسلیم کیا گیا تھا ۔ اور چھوٹے چھوٹے بہن بھائیوں اور والدین کو خاندان میں شامل کیا گیا تھا جس کے الفاظ یہ ہیں ۔

"Family in relation to a Government Servant means his or her—

(iv) parents, sisters and minor brothers if residing with and wholy dependent upon him or her."

مگر قانون زیر بحث میں خاندان کے تصور سے چھوٹے بہن بھائیوں اور بوڑھے والدین کو خارج کر دیا گیا ہے جناب والا میرے خیال میں یہ بڑا سقم ہے ۔ جسے لازماً دور کرنا چاہئیے ۔ اب جناب والا اس قانون میں دوسرا بڑا سقم یہ ہے کہ متوفی مزدور کے ان بچوں کو جو ۱۶ سال سے بڑے ہوں ورثا کی فہرست سے خارج کیا گیا ہے ۔

"any unmarried children under the age of sixteen years dependent upon the secured person."

ہمارے معاشرے میں اس عمر کے بچے اس قابل نہیں ہوتے کہ وہ روزگار پر لگ جائیں یا تعلیم سے فارغ ہو چکے ہوں اب جناب والا خیال فرمائیے کہ ایک مزدور جو کسی حادثے کا شکار ہوچکا ہے اس کے بچے ۱۶ سال کی عمر تک نہ تو تعلیم سے فارغ ہوچکے ہونگے نہ برسر روزگار ہونگے ۔ کیا ایک مزدور کے بچوں کا یہ حق نہیں کہ وہ تعلیم حاصل کریں اور پھر کسی اچھے روزگار پر لگیں جب ۱۶ سال تک وہ اپنے باپ کی زندگی کے محتاج تھے تو باپ کی موت کے بعد بھی تو وہ بیچارے بے سہارا ہوکر مارے مارے پھریں گے صنعتی اداروں کا فرض ہے کہ ایسے محتاج بچوں کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کے قابل بنائیں تاکہ وہ تعلیم حاصل کر کے روزی کما سکنے کی اہلیت پیدا کریں لہذا ان کو ''ورثا،، کی فہرست میں شامل کر کے ان کی تعلیم و تربیت کا خرچ قانونی طور پر حکومت کو برداشت کرنا چاہئیے کیونکہ ۱۶ سال کی عمر تک بچوں کو نہ تو ملازمت مل سکتی ہے نہ ہی وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں وہ تو کسی دفتر میں کلرک تک نہیں ہوسکتے وہ تو اس عمر میں سڑکوں کی پیمائش کرتے پھرتے ہیں ۔ اس قانون میں بڑی خامی ہے ۔ کہ ان یتیم بچوں کو ورثا کی فہرست میں درج شدہ فوائد سے محروم کر دیا گیا ہے اگر حکومت ان کی تعلیم کا بندوبست کرے تو ممکن ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے پبلک سروس کمیشن کے امتحان مقابلہ میں بیٹھ سکنے کے قابل ہو جائیں اور انکو با عزت روزگار مل جائے انکو اس قانون سے استفادہ کے قابل بنانا لازمی ہے ۔ پھر جناب والا مسودہ قانون کے صفحہ تین پر درج شدہ لوگوں پر بھی یہ قانون اطلاق پذیر نہیں ہوگا ۔

"(a) Persons in the service of the State including members of armed Forces, Police Force and Railway servants ;

(b) persons employed in any undertaking under the control of any Defence organistion or Railway administration."

یہ لوگ اس سے وہ استفادہ نہیں کر سکیں گے جو اس قانون سے انہیں میسر آ سکتا تھا انکو بھی بہتر فوائد ملنے چاھئیں - یہ بھی اس قانون میں کمی ھے جسے دور کرنا ضروری ھے -

جناب والا - اس آرڈیننس کے صفحہ ۵ پر جہاں مزدور کی اجرت کی تعریف کی گئی ھے وھاں sub section (d) میں لکھا گیا ھے کہ یہ اس کی اجرت میں شامل نہیں ھو گا -

Any sum paid as bonus by the employer.

یعنی مزدور کو جو رقم بطور بونس اپنے مالکان سے ملے گی - وہ اس کی مزدوری میں شامل نہیں کی جائیگی - اس کا مطلب یہ ھوا کہ مزدور کو تنخواہ یا معاوضہ دیتے وقت یہ سمجھا جائیگا کہ بونس کی رقم کا اس سے کوئی تعلق ھی نہیں - بہر صورت اگر ان کو معلوم نہیں تو اب معلوم ھو جانا چاھئے کہ اس زمانے میں جب کہ صنعتی ادارے ایک مخصوص منزل کی طرف بڑی تیزی سے ترقی کر رھے ھیں - عام دستور کے مطابق بونس کو تنخواہ کا جزو سمجھا جاتا ھے - بلکہ بہت سے صنعتی اداروں میں مزدور کی تنخواہ مقرر کرتے وقت بونس کا اندازہ بھی لگا لیا جاتا ھے کہ اسے یکمشت اتنی رقم بطور بونس ادا کی جائیگی - یہ بونس تمام مالی پہلوؤں کے لحاظ سے مزدور کی مزدوری میں شامل ھوتا ھے - جب کوئی مزدور کسی حادثے کی وجہ سے بیکار ھو جاتا ھے - تو بہر صورت اسے کچھ معاوضہ ضرور دیا جاتا ھے - اب اس معاوضے کی ادائیگی کے موقع پر بونس کو تنخواہ سے الگ کر دینے کا مطلب یہ ھو گا کہ اسے معاوضہ کم ملے گا - حالانکہ اگر وہ عام حالات میں ذریعہ معاش حاصل کرنے کے قابل

ہوتا تو اس وقت اسے جتنی تنخواہ ملتی ۔ وہ اس سے بدرجہا زیادہ ہوتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب حکومت اپنے ملازمین کے مہنگائی الاؤنس کو ان کی تنخواہ کا جزو سمجھتی ہے ۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ بونس کو تنخواہ کا جزو نہ سمجھا جائے یہ چیز بظاہر مناسب اور معقول نظر نہیں آتی ۔

جناب والا ۔ اس قانون کے نفاذ کے بعد ایک Governing Body مقرر کی جائیگی ۔ جو ان تمام Funds وغیرہ کے انتظام کی جو ان مزدوروں پر خرچ ہوں گے ۔ ذمہ دار ہو گی ۔ اس Governing Body میں آپ نے چار حکومت کے نمائندے رکھے ہیں ۔ دیگر نمائندوں کے علاوہ ایک شخص اس کا صدر ہو گا ۔ یہ نمائندے حکومت کے نامزد کردہ ہوں گے ۔ تین نمائندے ملازمین کے اور تین مالکان کے ہوں گے ۔ ان کے علاوہ ایک ڈاکٹر بھی اس کا ممبر ہو گا ۔ اب حکومت نے اس Governing Body کا کورم ۵ رکھا ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہؤا کہ وہ چار نمائندے جو گورنمنٹ کے نامزد کردہ ہیں ۔ صدر کے ساتھ بیٹھ کر کورم پورا کر لیں گے اور مزدوروں اور مالکان کے نمائندوں کے بغیر ہی جو چاہیں گے ۔ فیصلے کر لیں گے ۔

جناب والا ۔ میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ جب آپ اس قسم کے قوانین بناتے ہیں تو آپ کے لئے لازم ہے کہ آپ اس بات کو بھی سامنے رکھیں کہ ایسے قوانین کے متعلق ان صنعتی اداروں کا تاثر کیا ہو گا ۔ جن میں نجی یعنی ملکی اور بیرونی سرمایہ لگتا ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ Point of order ۔ جناب ۔

جناب والا ۔ ہاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker. Let there be a count. (Count was taken). The House is not in quorum, let the bells be rung. (Quorum bells were rung). The House is in quorum. Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب آپ اس قسم کا کوئی قانون ملک میں نافذ کرتے ہیں جس سے صنعتی ادارے متاثر ہوتے ہیں - تو آپ کو یہ بات پیش نظر رکھنی چاہئے کہ اس قانون میں کوئی ایسا نقص یا سقم تو نہیں جس کی موجودگی سے اپنے ملک کے یا بیرونی سرمایہ دار اس صنعت میں سرمایہ لگانے میں متامل ہوں - ظاہر ہے کہ ہم نے اپنی ملکی صنعتوں کو قومی بنیاد پر قائم کرنے کا یعنی Nationalise کرنے کا تہیہ نہیں کیا ہؤا - اس لئے لازماً ہمارے ہاں صنعتوں کے ارتقا کی یہی ایک صورت ہے کہ نجی سرمایہ میدان میں آئے - چنانچہ جب آپ کوئی ایسا قانون بنا دیتے ہیں جو نجی سرمایہ لگنے کے بعد اسے بے اطمینانی کی حالت میں مبتلا کر دے - میں سمجھتا ہوں کہ آپ اپنی ملکی صنعت کے ساتھ کوئی اچھا سلوک نہیں کر رہے - اس قانون میں آپ نے جو Governing Body مقرر کی ہے - اس کے متعلق آپ نے سب سے پہلے تو یہ شق رکھی ہے کہ مزدوروں اور مالکان کے تین تین نمائندے جو Governing Body پر رکھے جائینگے - ان کو چننے کا اختیار بھی حکومت کو ہی ہو گا - یعنی چار نمائندے تو حکومت نے پہلے اپنے نامزد کر لئے - اور اس کے بعد مزدوروں اور مالکان کے جو چھ نمائندے ہوں گے - ان کو یہ بھی حق نہیں دیا گیا کہ وہ اپنے نمائندے ہی نامزد کر سکیں - اس کا طریقہ یہ رکھا گیا ہے کہ وہ ناموں کا ایک Penal پیش کر دیں گے - اور پھر حکومت کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ اس میں سے اپنی پسند کے جس آدمی کو چاہے منتخب کرے اور جس کو چاہے منتخب نہ کرے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ کسی ادارے کی کسی Body پر نمائندگی کا عجیب و غریب طریقہ ہے - آپ اس Body پر اس ادارے کو نمائندگی دے بھی رہے ہیں اور حقیقت میں اسے نمائندگی سے محروم بھی کر رہے ہیں - نمائندگی دینے کی خانہ پری آپ نے اس طرح سے کی ہے کہ وہ آپ کو ۵۰ آدمیوں کا ایک Penal دیدیں - اور اس کے بعد یہ

حق آپ کو ہے کہ آپ ان میں سے جن تین آدمیوں کو چاہیں ۔ منتخب کر لیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ نمائندگی کا حق اس طرح سے ہرگز ادا نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ پھر اس طرح منتخب کر کے اس body پر لینے کے بعد بھی آپ نے اس کا کورم ۵ مقرر کیا ہے ۔ جب کہ اس کے اندر چار ارکان پہلے ہی حکومت کی طرف سے موجود ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ جو چاہیں ۔ فیصلے کریں ۔ نہ تو ان سے مزدوروں کا کوئی تعلق ظاہر ہو اور نہ ہی ملک کا ۔ بالفاظ دیگر یہ تو سراسر حکومت کا ادارہ ہوگا ۔ جس میں پیسے تو مزدور کے ہونگے ۔ یعنی اس ادارے کا سارا فنڈ اس رقم پر مشتمل ہوگا ۔ جو وہ مزدور مہیا کرے گا یا مالک مہیا کریگا ۔ لیکن اس کے خرچ کا پورا اختیار ان چار نمائندوں کو ہوگا جو حکومت نے نامزد کئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ اس دفعہ کی موجودگی ان لوگوں میں جو اس ادارے کو رقم یعنی غذا مہیا کرینگے ۔ سوائے بے اطمینانی کے اور کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتی ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے صفحہ ۸ پر وہ Disqualifications گنائی گئی ہیں جو ایک شخص کو اس قابل نہ رکھینگی کہ وہ Governing body کا ممبر ہو سکے ۔ ان میں بہت سے اشخاص آ جاتے ہیں ۔ چنانچہ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ Governing body کے ممبر کو Member of the Legislature نہیں ہونا چاہیئے ۔ میں سمجھ نہیں سکا کہ مقننہ کا ممبر ہونا یا اس ایوان کا ممبر ہونا کونسا ایسا بڑا جرم ہے ۔ کیا ہم نے کوئی چوری کی ہے یا حکومت کے ساتھ کوئی غداری کی ہے کہ ہر شخص اس ادارے کا ممبر ہوسکتا ہے ۔ اور اس میں شامل ہو سکتا ہے الا یہ کہ

وہ چور ہو ۔ دیوالیہ ہو یا دوسری قسم کی خرابیاں رکھتا ہو ۔ اس کے ساتھ ہی وہ شخص بھی شامل ہو سکتا ہے جو جیل نہ گیا ہو ۔ گویا حکومت نے اس ایوان کے ارکان کو چوروں اور بد معاشوں کی صف میں لا کھڑا کیا ہے ۔ (قہقہہ) اس صف میں یہ لوگ ہیں جیسے چور ۔ پاگل یعنی جس کا دماغ خراب ہو ۔ ان کے ساتھ اس صف میں ہم بھی کھڑے ہیں ۔

Mr. Speaker : That is perhaps the first provision in any law.

خواجہ محمد صفدر—میمن صاحب کی عقل و فراست کی داد دینی چاہیئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی—جناب والا ۔ اگر میمن صاحب ہم سے یعنی اس ایوان کے ممبران سے نا خوش تھے ۔ تو وہ اور بات تھی ۔ لیکن وہ قومی اسمبلی کے ممبران سے کیوں نا خوش ہوگئے ۔ اس میں تو وہ بھی شامل ہیں ۔ یعنی اس ملک کی پارلیمنٹ کے جتنے ممبران بھی ہیں ۔ وہ پاگلوں ۔ چوروں اور بدمعاشوں کی صف میں شامل ہیں ۔

جناب والا ۔ اس سطح پر جہاں پر حکومت نے یہ اختیار حاصل کیا ہے ۔ کہ Governing body کے ممبران کو ان کے عہدہ سے معزول کر سکیں ۔ اس میں گورنمنٹ کو صرف ایک اطلاع دینے کی ضرورت ہے ۔ سیکشن (۲) ۱۲ میں ہے ۔

"Government may, by order in writing, remove the Chairman or a Member, if he—

(a) .....

(b) has, in the opinion of Government, abused his position as a Member ; "

یعنی اگر حکومت یہ محسوس کرے ۔ کہ اس گورننگ باڈی میں کوئی شخص خواہ وہ حکومت کا نامزد ہو ۔ خواہ وہ مزدوروں کا نمائندہ ہو ۔ اپنی ممبر شپ سے غلط فائدہ اٹھا رہا ہو ۔ یا اپنے اختیارات کا نا جائز استعمال کر رہا ہو ۔ تو اسے بہ یک جنبش قلم عہدہ سے معزول کر دے یا نکال دے ۔ حکومت نے اپنے ملازمین کے لئے تو ایسا انتظام کر رکھا ہے ۔ مثلاً حکومت کے سول سیکرٹریٹ میں اگر دیکھیں کہ کوئی آدمی معقول نہیں ۔ تو اسے محکمہ سے نکال دے اس کی بہت سی implications ہوسکتی ہیں ۔ ہم آپ کے اس اختیار کو مان لیتے ہیں ۔ لیکن وہ ادارہ جو کسی خاص طبقہ کے لئے بنایا ہے ۔ وہ ادارہ جس کو غذا پہنچانے والے لوگ ہوں گے ۔ اس کے نمائندے بھی اس Governing Body میں شریک ہوں ۔ آپ کو کیا حق پہنچتا ہے ۔ آپ اپنی مرضی سے جس کو چاہیں ۔ جب چاہیں اپنے whim ۔ اپنے وہم اور اپنے خیال کی بنیاد پر اس کو عہدہ سے معزول کر دیں ۔ ایک مزدور کا نمائندہ ہے ۔ ایک employer کا نمائندہ ہے ۔ جو ان کا معتمد علیہ ہے ۔ انہوں نے اپنا بہترین آدمی آپ کے سامنے پیش کیا ہے ۔ پہلے تو آپ نے یہ حق لیا ۔ کہ آپ نے ان کی پیش کی ہوئی فہرست میں سے اپنی پسند کے آدمی منتخب کئے ۔ اور اس باڈی میں ان کو شامل کر لیا ۔ اس کے بعد آپ نے مزید یہ حق حاصل کر لیا ہے ۔ کہ اگر آپ کی نظر کسی غلط آدمی پر پڑ گئی ہو ۔ تو اس قانون کے ذریعہ اس کو Governing Body سے معزول کر دیں ۔ اور پھر اپنی مرضی کا آدمی رکھ لیں ۔ اسی طرح تو آپ کو Governing Body پر کلی اختیار حاصل ہو جائیں گے ۔ پھر جس شخص کو جب چاہا آپ منفعت پہنچائیں جسکو چاہا منفعت نہ پہنچائیں ۔ جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے صفحہ ۱۰ پر سیکشن ۲۰ کے الفاظ اس طرح ہیں ۔

"Subject to other provisions of this Chapter, the employer shall, in respect of every employee, whether employed by him directly or through any other person pay to the institution a contribution at such times, at such rate ..."

آپ نے اس میں لفظ through جو رکھ دیا ہے یعنی

Employed by him directly or through any other person

تو اس میں ابہام پیدا ہو گیا ہے ۔ اب حکومت جس وقت اور جب چاہے کسی صنعتی ادارہ کے مالک کو پکڑ سکتی ہے ۔ جب آپ نے employer اور employee کے متعلق پوری definiction اس سیکشن کے حصہ ۲ میں دے دی ہے کہ employer کس کو سمجھا جائے گا ۔ آجر کون ہوگا اور مزدور کون ہوگا جو قانون کی زد میں آتا ہے تو پھر اس میں through کا کیا سوال ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر ایک شخص کسی صنعتی ادارہ میں contract پر کوئی کام دیتا ہے تو یہ قانون آپ کو اختیار مہیا کرتا ہے کہ آپ اس صنعتی ادارہ کے مالک سے کہیں کہ اس contract کے جو مزدور تھے وہ اسی سلسلہ میں contribution ادا کرے ۔ حالانکہ ان کی تعریف جو آپ پہلے دے چکے ہیں اس کے تحت ان کو employment میں تصور ہی نہیں کیا جا سکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس لفظ through کو اس دفعہ کے اندر رکھنے سے آپ کا مطلب یہ ہوگا اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ افسران اس قانون کو نافذ کریں گے اور ان کو صنعتی اداروں پر اختیار حاصل ہو جائے گا جس کے ذریعہ وہ اپنی پوزیشن کو exploit کر سکیں گے ۔ معاشرہ کا اس وقت جو حال ہے آپ اپنے افسران کی دیانت اور امانت کے معیار سے بخوبی واقف ہیں جہاں آپ کے افسران آپ کی ایڈمنسٹریشن اور انتظامیہ کا اخلاقی معیار اتنا پست ہو وہاں میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی کم سے کم گنجائش اور کم

سے کم ابہام رکھنا چاہئے ۔ تاکہ افسران غلط طور پر استفادہ نہ کر سکیں ۔ اور دوسرے لوگوں کو exploit نہ کرسکیں ۔ ہو سکتا ہے کہ through کا لفظ یہاں رکھتے وقت آپ نے خیال نہ کیا ہو یا آپ نے عمداً ایسا موقع پیدا کر دیا ہو جس سے آپ اپنے افسران کی پرورش کرنا چاہتے ہوں ۔ اس میں ایک اور عجیب و غریب چیز ہے ۔ سیکشن ۲۰ کے سب سیکشن ۳ (۱) میں ہے ۔

"Provided that—

(a) the employer shall not deduct the amount of the employee's contribution from any wages other than wages for the period to which the contribution relates ; "

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی مزدور کو کوئی contribution کسی ادارہ کو دینی ہے جو اس کی تنخواہ سے وضع کی جاتی ہے تو جس مہینہ کی وہ contribution ہوگی اسی مہینہ کی تنخواہ سے وضع کی جا سکے گی ۔ یہاں تک تو یہ ٹھیک ہے ۔ آگے اس کی کوئی گنجائش نہیں رکھی گئی ۔ فرض کیجئے کسی مہینہ میں کسی clerical غلطی کی وجہ سے کسی مزدور کی تنخواہ سے contribution وضع نہیں کی جا سکی تو پھر اس قانون کے تحت وہ کبھی بھی وضع نہیں کی جا سکے گی ۔ ایک مزدور اس قانون کے ذریعہ جو استفادہ کرنے کا حقدار ہے اس حق کے لئے اپنی تنخواہ سے اسی مہینہ کی contribution ادا کرنی ہے ظاہر ہے کہ اگر اسے دو روپیہ دینا ہے اور وہ کسی وجہ سے نہیں دے سکا تو قانون میں گنجائش ہونی چاہئیے کہ اگلے مہینہ میں دو کی بجائے چار روپیہ اس کی تنخواہ سے کاٹ لئے جائیں ۔ اس دفعہ میں یہ بات واضح طور پر لکھ دی ہے کہ اس کی تنخواہ سے وہی رقم وضع کی جائے گی

جو اس مہینہ کے متعلق ہوگی ۔ مطلب یہ ہوا کہ کوئی ایسے arrears جو غلطی کی بنا پر ہوں contribution کے طور پر وضع نہیں کئے جا سکے تو آئندہ کبھی بھی وضع نہیں کئے جائیں گے حالانکہ اس ادارے سے اس کو استفادہ کا حق باقی رہے گا ۔

جناب والا ۔ صفحہ ۱۳ پر بہت ہی بڑا اختیار حاصل کیا گیا ہے ۔

"Provided further that no contribution or excess amount of any contribution shall be refunded unless an application for such refund is made within six months of the date on which the contribution was paid."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کسی صنعتی ادارہ کا کوئی employer یعنی آجر غلطی سے اسی ادارہ کو زیادہ رقم اس رقم سے جو دینی چاہئے تھی دے دے تو اس کی واپسی کے لئے اگر وہ ٦ مہینے کے اندر درخواست دے تب تو وہ رقم واپس مل سکتی ہے اگر ایک دن بھی زیادہ گذر جائے گا تو اس کا روپیہ گیا ۔ یہ بھی ایک طرح اس کلیم کا limitation period ہے جو آپ نے اس قانون میں رکھا ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کسی قانون میں کسی قرض کے لئے یا ریونیو کے لئے ٦ مہینہ کی limitation رکھی جاتی ہے ۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ہر صنعتی ادارہ کے حسابات ایک سال کے بعد مکمل ہوتے ہیں ۔ اگر اس نے آپ کو کوئی رقم غلطی سے ادا کر دی ہے اور آڈٹ ہونے پر معلوم ہوگا کہ رقم واپس ملنی چاہئے تو اس قانون کے تحت واپس نہیں لے سکتا ۔ اس وقت تک ممکن ہے ٦ مہینہ گذر چکے ہوں ۔

آپ اپنے اداروں کو دیکھیں آپ کے ۱۹٦۰-٦۱ کے حسابات کی رپورٹ اب ہمارے سامنے آ رہی ہے ۔ آپ کے اپنے ادارہ کی

یہ حالت ہے کہ جن لوگوں کے بقایا جات یا رقوم حکومت کے ذمہ ہیں وہ سالہا سال حکومت کے دروازے پر - دفتر میں ، کلرکوں کی میزوں پر ، افسران کی چوکٹھوں پر جبہ سائی کرنے کے باوجود نہیں ملتی ہیں - اور نہ کوئی جواب ملتا ہے - ایک طرف تو محکمہ جات کی efficiency اور صلاحیت کا یہ حال ہے - پھر آپ ایک ادارہ سے یہ کیسے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ اتنا effiicent ہو - اس کا نظم و نسق اتنا اچھا ہو اتنا با صلاحیت ہو اور یہ خیال رکھیے کہ ٦ مہینہ کے اندر ہی معلوم کرسکے کہ کہاں زیادہ رقم گئی ہے - اور اس معیاد کے اندر ہی کلیم کر سکے - آپ یہ نہ بھولئے کہ آپ کے دفتروں میں جو افسران یا اہل کار ہیں وہ اسی معاشرہ کے لوگ ہیں اور اسی معاشرہ کے لوگ ان اداروں میں بھی کام کرتے ہیں وہ بھی اپنی نااہلی کا ثبوت دیتے ہیں تو اس سے کم تر نااہلی کا ثبوت تو وہاں بھی دیتے ہوں گے - اسلئے آپ کو معاشرہ میں اور اس ملک میں جہاں پر ایسی حالت ہو کسی قرض کی وصولی کے لئے یا کسی زائد رقم کی واپسی کے لئے ٦ مہینہ کے اندر اندر کس طرح توقع ہوسکتی ہے کہ اسکا کلیم دیا جا سکے گا - میں نہیں سمجھتا کہ وہ کونسی وجوہات ہیں جن کی بنا پر آپ نے ٦ مہینہ کی معیاد رکھی ہے -

صفحہ ١٥ پر سیکشن ٣٢ کے سب سیکشن ٣ میں حسابات میں آڈٹ کے لئے یہ فرمایا ہے :-

"The accounts of the institution shall be audited by an external auditor appointed by Government, at such times and in such manner as may be prescribed."

اس میں آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ آڈیٹر کون ہوں گے لیکن میں یہ

توقع رکھتا ہوں کہ شاید آپ کوالیفائڈ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اور پروفیشنل آڈیٹرز رکھیں گے اگر آپ نے اس نیم سرکاری ادارہ کے آڈٹ کا کام اپنے ان محکموں کو دیدیا جو اب تک ۱۹۶۰ء کا آڈٹ مکمل نہیں کر سکے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی غیر دانشمندانہ فعل ہو گا ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے صفحہ ۱۶ پر Section 35 (جس میں آپ نے ان Benefits کی نشاندھی کی ہے جو مزدوروں کو ملیں گے) کے سب سیکشن (۲) میں آپ نے فرمایا ہے :۔

"Sickness benefit shall be paid throughout the period of sickness of the secured person but for not more than ninety-one days in any continuous period of three hundred and sixty-five days:"

(At this stage, Senior Deputy Speaker, Mr. Umar Jan Khan occupied the chair).

اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کوئی مزدور بیمار پڑتا ہے تو آپ اس کو ۹۰ دن سے زیادہ کی بیماری کا فائدہ نہیں دیں گے ۔ میری سمجھ میں نہیں آیا کہ آپ نے بیماری کے لئے تین مہینے کی میعاد کس طرح سے متعین کی ہے کیا آپ کو یا آپ کے دستور کو Guarantee ہے کہ کوئی شخص تین مہینے سے زیادہ بیمار نہیں پڑے گا اور کیا آپ نے ضمانت لی ہے کہ کوئی مزدور تین مہینے سے زیادہ بیمار نہیں پڑے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ نے مزدور کے مفاد کے لئے کوئی قانون بنایا تھا تو اس کے اندر یہ قید مناسب نہیں کہ تین مہینے سے زیادہ کی بیماری کا فائدہ نہیں دیا جائے گا ۔ یہ مزدوروں کے ساتھ سراسر زیادتی ہے ۔ آپ کو اس کے لئے لا متناہی مدت رکھنی چاہئے تھی کہ جب تک کہ اس کی صحت بہتر نہ ہو جائے اس وقت تک موقع ہے کہ وہ اس قانون سے استفادہ کر سکے ۔ جناب والا ۔ اس قانون کے سیکشن ۳۳ میں صفحہ ۱۷ پر آپ نے ایک عجیب و غریب چیز رکھی ہے ۔ اور وہ Death گرانٹ ہے آپ کہتے ہیں کہ اگر کوئی مزدور مر جاتا ہے اور اس کی بیوی بھی موجود نہیں ہے تو

یہ Death گرانٹ اس شخص کو دی جائے گی جس نے اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اور جہاں تک میں نے غور کیا میری سمجھ میں یہ چیز نہیں آئی کہ اگر اس کی بیوی موجود نہیں ہے تو اسکے اور ورثاء ہوں گے اسکے لڑکے ہوں گے اسکی لڑکیاں ہوں گی اسکے والدین ہوں گے تو یہ Death گرانٹ جو اسکے مرنے کے بعد آپ دینے والے ہیں تو اس شخص کو کیوں دے رہے ہیں جس نے اس کی تجہیز و تکفین کا انتظام کیا ہے اور آخر کیا چیز مانع ہے اس کو دینے کے لئے ۔ آخر آپ اس گرانٹ کے لئے ان لوگوں کو کیوں حقدار نہ بنائیں جو اس کے وارث ہیں اور جو اس کے صحیح وارث ہیں خواہ اس کی لڑکیاں ہوں خواہ اس کے لڑکے ہوں خواہ کوئی ہو آپ ایسے شخص کو تلاش کرنے میں کیوں لگے ہوئے ہیں جس نے اس کی تجہیز و تکفین کی ہے ۔

جناب والا ۔ صفحہ ۱۸ پر سیکشن ۳۲ ہے جس میں پنشن کا تعین کیا گیا ہے کہ اگر ایک مزدور کسی صنعتی حادثہ کی وجہ سے ختم ہو جاتا ہے تو اس کے ورثاء کو پنشن دی جائے گی لیکن اس میں بھی آپ نے مبہم طریقہ اختیار کیا ہے ۔ آپ نے کہا ہے کہ ۵/۳ حصہ اس کی بیوہ کو ملے گا ۔ اور اگر ایک سے زیادہ بیویاں ہیں تو پنشن حصہ رسدی سب میں تقسیم ہو جائیگی ۔ اور اگر لڑکے ہوں گے تو ہر لڑکے کو پنشن کا ۱/۵ حصہ ملے گا وغیرہ وغیرہ ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کا بہت ہی اچھا انتظام کر سکتے تھے اور لوگوں کے سمجھنے میں بڑی آسانی کر سکتے تھے اگر آپ یہ لکھدیتے کہ مزدوروں کی زندگی میں ذریعہ معاش کی صلاحیت سے محروم ہو جانے کی صورت میں جو Disable ملازمین ہوں گے ان کو پنشن دی جائیگی اور ان کے مرنے کے بعد ان کے ورثاء کو بھی پنشن دی جائیگی ۔ یعنی اگر ایک مزدور صنعتی حادثہ کی وجہ سے جو کام کے دوران میں ہوتا ہے مر جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ Employer

کا فرض ہے کہ وہ Employees کے ورثاء کے معاش اور ان کی تعلیم کا انتظام کرے ۔ مگر اس میں ایک کلاز موجود ہے جس میں آپ نے یہ گنجائش رکھی ہے کہ اگر ایک شخص کسی حادثہ کی وجہ سے ذریعہ معاش حاصل کرنے سے محروم ہے لیکن زندہ رہے تو اسکو پنشن دی جائیگی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسکی پوری کی پوری پنشن کو اسکے ورثا' تک منتقل کرنا چاہئے ۔ خواہ اس کے بچے ہوں خواہ اس کے والدین یا بہن بھائی ہوں ان سب کو اسی شرح سے ملنا چاہئے جس حساب سے شریعت نے حصہ مقرر کیا ہے اور ان کو اسی حساب سے پنشن ملتی رہے اگر ایسا نہ کیا گیا تو گویا اس کے بہن بھائیوں کو محروم کیا جائے گا۔ آپ نے اس پنشن کو ۱۶ سال کے لئے مختص کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ مزدور کے بچوں کے لئے پنشن کو ۱۶ سال کے لئے مختص کرنا بالکل غلط ہے ۔ یہ مزدور کے بچوں کی تعلیم میں حارج ہوگا ۔ اور اس کو موقع نہیں مہیا کرے گا کہ وہ تعلیم حاصل کر کے ذریعہ معاش پیدا کر سکے ۔

جناب والا ۔ صفحہ ۲۱--پر دفعہ ۵۱-کا سب سیکشن (۲) ہے وہ Injury benefit کے متعلق ہے ۔

"No person shall be entitled to sickness benefit or maternity benefit or injury benefit for any day for which he receives wages."

اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو ملازمت کے دوران کوئی حادثہ پیش آتا ہے جسکی وجہ سے اسکو ملازمت سے چھٹی لینا پڑتی ہے تو اسوقت آپ کہتے ہیں کہ چھٹی اگر Due ہے اور اس کو چھٹی کے عوض تنخواہ مل رہی ہے تو بھی اس کو اس حادثہ کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک شخص اپنی ملازمت کی وجہ سے جو چھٹی earn کرتا ہے وہ اسکا حق ہے اور وہ اسکو ملنی

چاہئے اور Injury benefit کے علاوہ اسکی غیر حاضری کا فائدہ اسکو مزید برآن ہونا چاہئے ۔

جناب والا ۔ صفحہ ۲۲ ۔۔پر سیکشن ۵۳ ۔۔میں آپ نے فرمایا ہے ۔

" Where, according to the finding of a Court, an employment injury was sustained by a secured person by reason of a wrongful act or omission of the employer or his agent, the employer or his agent shall reimburse to the Institution the actuarial present value of any periodical payment or the amount of any lumpsum payment which the Institution is liable to make under this Ordinance . . . . . "

جناب والا ۔ جب آپ کسی صنعت کار پر یہ لازم قرار دیتے ہیں کہ اگر انسٹیٹیوشن کو کوئی رقم کسی مزدور کو صنعت کار کی غلطی یا کوتاہی کیوجہ سے ادا کرنا پڑتی ہے تو صنعت کار یا ادارہ یہ رقم Actuarial present value سے ادا کریگا ۔ Actuarial present value کا مطلب یہ ہے کہ وہ رقم جو کہ آج صنعت کار آپ کو دے رہا ہے اس رقم کے معاوضہ میں جو آئندہ دس سالوں میں مزدور کو دیگا اسکی قیمت آج کیا ہے یعنی اسکی Discounted value کیا ہے ۔ Discounted value کی صراحت ہونا ضروری تھی ۔ لیکن آپ نے Discounted value مقرر نہ کرکے تنازعہ کا ایک دروازہ کھول دیا ہے ضرورت اسبات کی تھی کہ آپ اسکا تعین کرتے تا کہ سرمایہ دار اور صنعت کار کو معلوم ہوتا کہ اسکو جو معاوضہ دینا پڑیگا اسکی Discounted value کیا ہوگی ۔

پھر اسکے بعد دفعہ ۶۴ ۔۔کی تحتی دفعہ (۲) میں آپ نے حسب معمول جیسا کہ تمام آرڈیننس میں آپ کا طریقہ ہے کہ جب آپ عدالت کو درمیان میں لاتے ہیں تو اسمیں ایک شرط رکھتے ہیں ۔

" An appeal shall lie to the High Court from an order of a Social Security Court if it involves a substantial question of law "

میں نہیں سمجھتا کہ اس کا فیصلہ کون کرے گا whether it is a substantial question of law or not ;

جب آپ کسی ادارے کے لوگوں کو خواہ وہ مزدور ہوں یا آجر انہیں عدالت میں جانے کا حق دیتے ہیں تو کیا یہ صحیح نہ ہوگا کہ آپ یہ حق بغیر کسی شرط کے دیتے ۔ یہ شرط لگانے کے بعد . . . .

If it involves a substantial point of law پھر ایک تنازعہ پیدا ہوتا ہے ۔ اس کا فیصلہ پہلے کون کرے گا کہ جس بنیاد کے اوپر وہ عدالت میں جانا چاہتا ہے وہ substantial point of law ہے یا نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ حق ایک ملازم کا عدالت میں جانے کا اور وہ حق جو سرمایہ دار اور مزدور دونوں کو ملنا چاہئیے تھا اس سے آپ نے ان کو محروم کر دیا ہے ۔ ایک ہاتھ سے آپ انہیں حق دیتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے ان کا حق آپ نے چھین لیا ہے ۔ تو جناب والا ۔ اس قانون میں یہ نقص تھا جس کی بناء پر میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ قانون جوں کا توں اس ملک میں نافذ کیا گیا تو تمام نیک خواہشات کے باوجود اس سے صنعتی حلقوں میں ہیجان اور بے اطمینانی پھیلے گی اور جو فوائد آپ اس سے حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔۔ اس سے حاصل نہیں ہونگے ۔ جس طرح آپ نے آج سے کچھ عرصہ پہلے ڈیڑھ سال پہلے employees insurance ordinance نافذ کیا تھا اور پھر اس کو repeal کرنا پڑا تھا تو اسی طرح بغیر اچھی طرح سے سوچے سمجھے بغیر صحیح process کے یعنی ایوان کے ذریعے سے یہ جو قانون آپ آرڈیننس کے ذریعے نافذ کرتے ہیں تو اس کا نتیجہ یہی ہوگا کہ اسے آج آپ بناتے ہیں اور کل اسے منسوخ کرنا پڑے گا ۔ ابھی ۱۹۶۲ء میں انہیں مقاصد کے حصول کے لئے آپ نے قانون بنایا تھا یعنی social service ordinance اور آج آپ اسے منسوخ کرکے

دوسرا قانون بنا رہے ہیں اور جیسا کہ میں نے بتایا ہے کہ اس میں بیشمار نقائص ایسے موجود ہیں کہ کل پھر آپ کو اسے repeal کرنا پڑے گا اور دوسرا قانون لانا پڑے گا۔ اس لئے میں آپ سے درخواست کرونگا کہ قانون بنانے کا جو طریقہ ہے جو دنیا میں معروف طریقہ ہے وہ آپ اس معزز ایوان کے سامنے اور ہرکلاز اور ہر شق پر بحث ہو تا کہ صحیح حالات کو سامنے رکھ کر صحیح طور پر قانون بنایا جا سکے۔ جب تک آپ یہ کام نہ کریں گے آپ اسی طرح قانون بناتے رہیں گے اور قانون توڑتے رہیں گے اور قانون کی خلاف ورزیاں ہوتی رہیں گی اور ملک کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ لوگوں میں ہیجان اور بے اطمینانی پھیلتی رہے گی۔ ان گذارشات کے ساتھ میں جناب وزیر قانون سے درخواست کرونگا کہ اگر یہ نقائص آپکے پیش نظر تھے تو ان کے دور کرنے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ آپ اس قانون کو واپس لے لیں اور نئے سرے سے اس ایوان میں بل پیش کریں تا کہ ہر شخص اس پر گفتگو کر کے اس پر نظر ثانی کر سکے۔

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad II) : Mr. Speaker, Sir, in fact the Opposition should have been frank enough and at least bold enough to come forward and praise the Government for having come forth for taking a very bold step in ameliorating the conditions of the labour class. But on the other hand this Ordinance has been unduly criticised by the members of the Opposition. This Ordinance, in fact, is merely to provide some social security for the labour class. It is a step whereby the demands of the people of this country, the labour class, who form a good majority of the population have been met. The general complaint has always been that the employers at the cost of the employees are deriving huge profits and are not sharing them with the employees who are really responsible for those profits Not only that, we know that from time to time various labour organisations have been claiming proper care for the employees and here the Government immediately after elections and in accordance with the manifesto of the President has, at the earliest opportunity, come forward with this legislation even in the shape of Ordinance without waiting for the Legislature to secure social security for the labour class.

Sir, as we will see in the Ordinance from Section 20 onwards, the burden of the responsibility has been mainly placed on the employer. It has been provided that it is his duty to make contribution initially even on behalf of the employee and the maximum liability of the employee, under section 20, has been fixed at 1/3rd of the contribution ; whereas the entire benefit, to which he contributes not more than one-third, is meant for the employee in various cases as detailed in this Ordinance to which I need not refer in detail and waste the time of the House. But breifly they are sickness, maternity and other cases where the employee becomes incapicitated and where on account of such incapicitation he is not able to perform his normal functions and not able to earn livelihood for his dependents. Therefore, Sir, this legislation is really needed and I am sure that the Opposition member in their heart of heart realise that it is a great step forward in ameliorating the conditions of the labour class, and, therefore, the Government deserves credit for coming forward with this Ordinance.

Even with regard to failure to pay, it is provided in section 23 that where any employer fails to contribute, he is even liable to a penalty for it in addition to the fact that those amounts can be recovered as arrears of land revenue which means that the Government is anxious to see that no default takes place in payment of these amounts.

The Ordinance as a whole need not be gone into in detail. It is self-explanatory and the mere object with which it has been brought is really commendable. I would only, before I conclude, draw the attention of the Minister of Law towards one fact regarding section 12 (1) (*i*) wherein disqualifications have been mentioned that no person shall be or shall continue to be a member, if he has failed to attend more than one-third of the number of meetings of the Governing Body held during any year. Actually minimum number should be prescribed that he should attend not less than one-third and not more than one-third . . . .

Minister of Law : It is a new term.

Mr. Ahmad Mian Soomro : Sub-section 12 (*c*) says :

" . . . if he—

absented himself from three consecutive meetings . . . "

These two are overlapping I would request the Law Minister to see if he is satisfied. In case there is some overlapping he may consider the matter.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲)۔جناب سپیکر - میں اس آرڈیننس کے متعلق کوئی زیادہ لمبی تقریر نہیں کروں گا - اس پر فاروق صاحب نے کافی بحث کی ہے - لیکن کچھ ایسی omissions جو قدرتی ہیں ان کی طرف توجہ دلانا ضروری ہے - میرا مطلب یہ ہے - کہ

قانون سازی اس ھاؤس کے ذریعے کی جائے یا یہ ھاؤس کرے ۔ لیکن بد قسمتی سے جو پریکٹس ھے وہ یہ ھے ۔ کہ اس وقت دو درجن آرڈیننس اس ھاؤس کے ایجنڈے پر موجود ھیں ۔ لیکن بلوں کی تعداد صرف دو ھے ۔ اگر اچھی نیت سے کام کرنا مقصود ھے تو چاھئیے کہ لوگوں کے نمائندوں کی رائے لی جائے ۔ اور اسے اس میں شامل کر لیا جائے ۔ اس سے جو صورت ھوتی ھے وہ زیادہ قابل قبول اور بہتر ھوتی ھے ۔ کیا ھی اچھا ھوتا اگر اس آرڈیننس کو بل کی شکل میں اس ھاؤس میں پیش کیا جاتا ۔ اور اسے عوامی نمائندوں کے سامنے پیش کر کے انکے مشوروں سے کچھ اس قسم کا خاکہ بتایا جاتا ۔ جو عوام کے لئے زیادہ قابل قبول ھوتا ۔ اور محنت کش انسانوں کے لئے جن کی بھلائی اور فلاح و بہبود کے لئے آپ اس کا نفاذ کرنا چاھتے ھیں ۔ ان کی حقیقی بھلائی اور دلداری ھو سکتی ھے ۔

جناب والا ۔ اس آرڈیننس کی دفعہ ۸۱ کے تحت بہت سے قوانین کو حذف کیا گیا ھے ۔ اور اس کے بعد اس آرڈیننس کے ذریعہ کچھ مراعات محنت کش انسانوں کو دینی مطلوب ھیں جو کارخانوں اور فیکٹریوں میں کام کرتے ھیں ۔ میں یہ سمجھتا ھوں کہ وہ تمام سہولتیں جو دیگر قوانین میں مزدوروں کو حاصل تھیں ۔ وہ ان قوانین کے منسوخ کر دینے سے ختم ھو گئی ھیں ۔ اس آرڈیننس کے نفاذ سے چاھئیے تو یہ تھا کہ وہ مراعات زیادہ وسیع ھو جاتیں ۔ مگر ایسا نہیں ھوا جناب سپیکر ۔ اب میں اس آرڈیننس کے preamble کی طرف آتا ھوں ۔

"Whereas it is expedient to introduce a scheme of Social Security for providing benefits to certain employees or their dependents in the event of sickness, maternity, employment, injury or death, and for matters ancillary thereto,"

sickness, maternity, employment, *injury* or death . . .

یعنی وہ سہولتیں جو حکومت کی طرف سے دلانے کی کوشش کی گئی ہے ان کا جو دائرہ ہے وہ محدود کر دیا گیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے نیک نیتی سے کام کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں ان کی تمام تکالیف، خواہ وہ تعلیمی ہوں یا اقتصادی بد حالی سے متعلق ہوں یا ان کی اور دقتیں ہوں، وہ سب اس آرڈیننس میں شامل کرنی چاہئیے تھیں۔ اور اس کا scope وسیع کر دنیا چاہئیے تھا۔ مثلاً انہیں تنگ دستی اور بیماری سے نجات دلانے کے علاوہ میرے نظریہ میں مزدودوں کی اولاد اور خاندان کو تعلیمی سہولتوں کے مواقع مہیا کرنے ضروری ہیں۔ اسی طرح ایسے دیگر مواقع جن سے ان کے اہل و عیال ترقی کر سکیں انکا بھی اس آرڈیننس میں شامل کیا جانا ضروری تھا۔

اب میں اس آرڈیننس کی دفعہ ۳ کی طرف آتا ہوں۔ اسمیں یہ کہا گیا ہے۔

"It shall come into force at once, but shall apply only to such areas, classes of persons, industries of establishments, from such date or dates, and with regard to the provision of such benefits as Government may, by notification, specify in this behalf."

جناب والا۔ جتنے بھی آرڈیننس ہم سے یہاں پاس کرائے جاتے ہیں ان میں یہ دفعہ ضرور شامل ہوتی ہے کہ اس کا نفاذ فوری طور پر ہوگا۔ اور تمام مغربی پاکستان کی حدود میں ہوگا۔ اکثر آرڈیننسوں میں ہم نے یہ کیا ہے لیکن موجودہ آرڈیننس میں یہ کلاز رکھ دی گئی ہے۔

It shall come into force at once .. etc etc.

اگر ہمارے ارباب اختیار ان مراعات کو حقیقتاً فوری طور پر تمام محنت کش طبقہ اور تمام مزدوروں کو عطا کرنا چاہتے تھے تو

اس کلاز کی ضرورت نہ تھی ۔ اس سے بلا وجہ شک و شبہ کی گنجائش پیدا ہوتی ہے ۔ کہ تمام مغربی پاکستان میں فوری طور پر اس قانون کے نفاذ کا کیوں فیصلہ نہیں کیا گیا ۔ تاہم میں توقع رکھتا ہوں کہ ہمارے متعلقہ ارباب اختیار جب بھی اس کا نفاذ کرنا قبول فرمائیں گے وہ تمام مغربی پاکستان کے لئے ہوگا ۔ اور اسکا اطلاق فوری طور پر تمام صنعتی اداروں کے مزدوروں اور گورنمنٹ ورکشاپوں کے ملازموں پر ہوگا ۔

اسکے بعد میں سیکشن ۲ کی دفعہ ے کی طرف آتا ہوں ۔

" disablement " means a condition caused by an employment injury which, as certified by a medical practitioner authorised for the purpose as provided in the regulations, has permanently reduced or is likely to reduce permanently a secured person's earning capacity, and disablement shall be " minor " where the loss of earning capacity ranges from five per centum to twenty percentum, " partial " where the loss of earning capacity ranges from twenty-one percentum to sixty-six per centum, and " total " where the loss of earning capacity is in excess of sixty-six per centum ;

جناب والا ۔ یہ جو تین Categories ہیں مجھے اس میں یہ خدشہ ہے کہ ان کی assessment کا طریقہ کیا ہوگا کیا ہمارے پاس اتنا مؤثر طریقہ ہے ؟ کیا ہم ایسے ماہر ڈاکٹر یا میڈیکل بورڈ مقرر کریں گے جو ان تینوں میں فیصلہ کر سکیں کہ کون سی injury کس نوعیت کی ہے ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ نقصان کا تعین کس طریق سے کیا جائے گا ۔ یہ کچھ اس قسم کی دفعات ہیں جو زیادہ موزوں نہیں ۔ میں اس کے لئے ایک اور remedy تجویز کرتا ہوں آپ ڈاکٹروں اور میڈیکل بورڈوں کے فیصلوں کو appellable کیجئے ۔ جیسے عام سروس میں تین میڈیکل بورڈوں میں fitness کے لئے اگر کسی کو unfit قرار دے دیا جائے تو اس کی اپیل کے لئے میڈیکل بورڈ ہے ۔ ایک میڈیکل افسر یا بورڈ پر انحصار نہ کیا جائے ۔ کسی کا claim زیادہ ہو تو اسے سہولتیں ہوں کہ وہ اپیل میں جا سکے ۔

اس کے بعد میں صرف چند دفعات کا مختصر ذکر کروں گا ۔ ایک دفعہ یہ ہے ۔

" persons in the service of a local council, a municipal Committee, a cantonment board or any other local authority ;

جناب والا ۔ اگر اس بات کا تعین کیا جائے کہ یہ جو exempt ہیں اس کلاز کی رو سے جو ان مراعات سے مستفیض نہیں ہو سکیں گے ۔ وہ دوسرے صنعتی اداروں میں وہ فائدے حاصل کر سکیں گے ۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یا تو حکومت کی یہ نیت ہو سکتی ہے ۔ اور میں توقع بھی کرتا ہوں کہ کسی آئندہ وقت میں اس طرح کا ایک اور آرڈیننس لایا جائے گا ۔ جو لوکل باڈیز ، لوکل کونسل اور دوسرے ایسے اداروں میں کام کرنے والے لوگوں کو مستفیض کر سکے گا ۔ اس کے بعد اس کے سب سیکشن میں یہ کہا گیا ہے ۔ کہ وہ لوگ جنکی ماہانہ تنخواہ پانچ سو روپے سے زائد ہوگی ۔ وہ ان مراعات کے حقدار نہ ہوں گے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ گرانی کے اس زمانے میں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Point of order. کورم نہیں ہے

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (count was taken). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*) The House is in quorum. Yes, Mr Akhtar.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ اس گرانی کے زمانے میں جبکہ ہماری خوراک کی اشیاء اسقدر گران ہیں ۔ اور آپ صرف آٹا ہی دیکھ لیجئے ۔ اسکا بھاؤ اٹھارہ روپے فی من ہے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ایسی حالت میں ان لوگوں کو امیر گردانتا جنکی ماہانہ تنخواہ پانچسو روپے ہے ۔ زیادتی ہے ۔ اس لئے آپ کو اس حد کو وسیع کرنا چاہئے ۔ اور میرے خیال میں اسے کم از کم ایک ہزار روپے تک بڑھانا چاہئے ۔ اور ایک ہزار روپے ماہوار تک تنخواہ لینے والوں کو بھی موقع دیں ۔ کہ انکو بھی یہ سہولتیں میسر

ہو سکیں ۔ اگرچہ انکی تعداد نہایت ہی قلیل ہوگی ۔ لیکن انکو یہی یہ حق ہوگا ۔ کہ اپنے employer سے وہ سہولتیں حاصل کر سکیں ۔ جو کہ وہ اپنے لئے اور اپنے dependants کے لئے مہیا نہیں کر سکتے ہیں ۔ فاروقی صاحب نے گورننگ باڈیز کی تشکیل پر کافی کچھ کہا ہے ۔ لیکن جو باتیں انہوں نے انکے متعلق نہیں فرمائی ہیں ۔ میں انکے متعلق عرض کروں گا ۔ کہ ان میں چار افراد تو حکومت کی نمائیندگی کریں گے ۔ جو صنعت ، محنت ، صحت اور محکمہ مالیات کے متعلق ہوں گے ۔ اور تین ایسے لوگ ہوں گے ۔ جو صنعت کاروں کی نمائندگی کریں گے ۔ اور تین ایسے لوگ ہوں گے ۔ جو secured persons یعنی ان لوگوں کی نمائیندگی کریں گے ۔ جو اس benefit کے entitled ہوں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ گورننگ باڈیز کی تشکیل بنیادی طور پر مناسب نہیں ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ secured persons کو کم از کم پچاس فیصد نمائندگی دینی چاہئے ۔ جب تک آپ ان لوگوں کی اس گورننگ باڈی میں واضح اکثریت نہیں رکھیں گے ۔ جن لوگوں کی آمدنی at stake ہے تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس باڈی کی پالیسی اور طرز عمل اور طریقہ عمل ایسا ہوگا ۔ کہ وہ یقیناً ان لوگوں کے مفادات کے منافی ہوگا ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا ۔ کہ آپ اس تعداد کو بڑھائیں ۔ ورنہ وہ مقاصد جو آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ وہ بالکل حاصل نہیں ہو سکیں گے ۔ اور آپ کا یہ قانون اور آرڈیننس بالکل غیر موثر ہوکر رہ جائیگا ۔

اسکے بعد سیکشن نمبر ۹ (۱) ہے جس کے تحت گورنمنٹ جب بھی چاہے ۔ اس گورننگ باڈی کو show cause نوٹس دے کر su, ersede کر سکتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ گورنمنٹ کے پاس supersession کا اختیار ضرور ہونا چاہئیے ۔ لیکن جن حالات میں یہ supersession

حاصل کرنی ہے ۔ اس قسم کا rider ہونا چاہئیے ۔ کہ جب وہ چاہیں ۔ جس وقت چاہیں ۔ کسی باڈی کو معطل کرکے نہ رکھ دیں ۔ کیونکہ ایسے اداروں میں حکومت کو اس قسم کا hold نہیں ہونا چاہئیے ۔ جن میں مزدوروں اور صنعتکاروں کے نمائندے شامل ہوں ۔ ان میں حکومت کو اتنا زیادہ ہولڈ نہیں ہونا چاہئیے ۔ اسکے بعد یہ کہا گیا ہے ۔ کہ اسکے کمشنر یا وائس کمشنر کا تقرر بھی حکومت ہی کرے گی ۔ زیادہ مناسب ہوگا ۔ اگر ان اداروں میں سرکاری افسران کو on deputation نہ بھیجیں ۔ بلکہ وہاں پر اس قسم کے لوگوں کو بھیجیں ۔ جو اہل درد ہوں ۔ جو عوامی مسائل میں دلچسپی رکھتے ہوں اگر ایسے لوگوں کا تقرر وہاں پر کیا جائے ۔ تو مزدور طبقہ زیادہ موثر طریقے پر اس سے مستفید ہو سکے گا ۔ اسکے بعد سب سے ضروری دفعہ جو اس آرڈیننس کی ہے ۔ اور جس کے تحت finances کو raise کرنا ہے ۔ اس کا طریقہ یہ دیا گیا ہے ۔ کہ (۱) ٹیکس لگائے جا سکیں گے ۔ اور (۲) اس میں ۳/۱ حصہ مزدور اور ۳/۲ حصہ صنعتکار ادا کریں گے ۔ اب آپ اندازہ فرمائیں ۔ کہ اس فنڈ کا جو مصرف ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ جو لوگ بیمار ہوں ۔ یا کسی حادثے کا شکار ہوں ۔ تو تب اس فنڈ کو صرف کیا جائے گا ۔ لیکن آپ اس تضاد کو ملاحظہ فرمائیں ۔ آپ فرسٹ کلاس افسروں کو مفت طبی سہولتیں بھی فراہم کرتے ہیں ۔ لیکن مزدوروں کیلئے جو فنڈز آپ مقرر کر رہے ہیں ۔ اس کیلئے رائیڈر لگا رہے ہیں ۔ کہ اس میں مزدوروں کی اپنی آمدنی کا ۳/۱ حصہ ہوگا ۔ اور ۳/۲ حصہ صنعتکاروں کا ہوگا ۔ تو اب اس تضاد کو دیکھتے ہوئے یہ فرمائیے ۔ کہ آپ کا نظریہ حاکمیت کا ہے ۔ یا نہیں ۔ آپ فرسٹ کلاس کے ملازمین کو تو مراعات دیتے ہیں ۔ بلکہ انکے dependants کو بھی

وھی مراعات دیتے ھیں ۔ یہاں تک کہ آپ انکو free passage بھی دیتے ھیں ۔ لیکن اس کے مقابلے میں اگر آپ نے مزدوروں کے لئے ایک فنڈ create کیا ھے ۔ تو اس میں آپ نے اس کو اس بات پر مجبور کیا ھے ۔ کہ اپنی کمائی کا ۱/۳ حصہ اس میں contribute کرے ۔ میں سمجھتا ھوں ۔ کہ مزدور طبقے کے ساتھ یہ نا انصافی ھے ان سے اس میں کوئی بھی contribution حاصل نہیں کرنی چاھئیے ۔ یہ فنڈ انکی بجائے بھاری صنعتوں کے مالکوں اور کارخانے داروں سے ٹیکس لگا کر وصول کرنا چاھئیے ۔ اور آپ یہ بھی دیکھئے ۔ کہ اگر کوئی شخص ڈیوٹی پر ھو ۔ اور وہ disable ھو جائے ۔ تو انکو جو ادائیگی ھوگی ۔ تو وہ بھی اسی فنڈ سے کرنی ھوگی ۔ لیکن disability کا جو بار ھے ۔ وہ صنعتکار پر براہ راست ھونا چاھئیے ۔ یعنی اگر کوئی مزدور کسی کارخانے مین کام کرتے ھوئے کسی حادثے کا شکار ھو جاتا ھے ۔ اور اسکے جسم کا کوئی حصہ کٹ جاتا ھے ۔ یا ضائع ھو جاتا ھے ۔ یا وہ بیکار ھو جاتا ھے ۔ تو اس کا بار اس فنڈ پر ھوگا ۔ جس میں کہ اس کی اپنی آمدنی کا ۱/۳ حصہ شامل ھوگا ۔ ان دلائل کی بناء پر یہ contribution آپ کو صنعتکاروں سے حاصل کرنا چاھئیے ۔ اور ٹیکس لگا کر حاصل کرنا چاھئیے ۔ بجائے اس کے کہ خود مزدور اس فنڈ میں contribute کریں ۔

اسکے بعد آپ نے اس ٹیکس کی وصولی کا طریقہ کار (جو اس آرڈیننس کے تحت لگایا جا رھا ھے) یہ رکھا ھے کہ وہ صنعت کار اگر اسکی ادائیگی وقت پر نہیں کرے گا اس پر ۵۰ فیصدی penalty لگائی جائے گی ۔ اسکے بعد اگر ضروری تصور کیا جائے تو لینڈ ریونیو کی طرح جرمانہ وصول کیا جائے گا ۔ جتنے بھی recovery کیلئے قوانین بنائے ھیں ان میں تضاد ھے ۔ ابھی آپ

نے کوآپریٹو سوسائٹیز کے متعلق آرڈیننس پاس کیا ہے ۔ اس میں جو recovery کا طریقہ رکھا گیا ہے وہ as arrears of land revenue ہے ۔ اور یہاں پر may کا لفظ کیوں ہے ۔ یہاں may کی بجائے shall ہونا چاہئیے ۔ ہر حالت میں کسی کو انتظامیہ کا افسر یا تحصیلدار رعایت نہ دے سکے ۔ جو صنعت کار اسکے اچھے مقاصد یا اچھے مفاد کیلئے اپنی contribution کی ادائیگی نہ کرے ۔ اس صنعت کار کے خلاف کارروائی کرے ۔

اسکے بعد سیکشن ۲۶ میں آپ نے یہ کہا ہے کہ اگر کسی کارخانے یا کسی فیکٹری کا ماحول ایسا ہو جس سے مزدوروں کی صحت پر برا اثر پڑتا ہو ان پر ایک سر چارج لگا دیا جائے اسوقت تک جس وقت تک sanitary حالات یا حالت پیدا نہ کریں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو ۲۰ فیصدی کا اضافہ تجویز کیا ہے آپ نے بطور penalty کے اسکی بجائے آپ کو prosecution کی دفعہ رکھنی چاہئیے تھی کہ اس صنعت کار اور اس فیکٹری کے مالک کی prosecution کی جائے گی جو ایسے unhygienic circumstances میں اپنے مزدوروں سے کام کراتا رہے گا ۔ دیکھئے کردار اور قوم کی صحت کا کوئی بھی معاوضہ یا قیمت نہیں ہوسکتی ۔ یہ نہایت ہی نامناسب دفعہ ہے یعنی آپ یہ سمجھتے ہیں کہ مزدور کے خون کی قیمت کا یہ معاوضہ ہونا چاہئیے ؟ آپ پروٹیکشن دینے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ جس سے ایسے حالات پیدا ہی نہ ہوں ۔

اسکے بعد administrative expenses کی دفعہ ۳۱ اے ہے ۔ اس کے متعلق عرض کروں گا ۔ ہمارے اکثر ایسے ادارے بنتے ہیں جن کی اسٹیبلشمنٹ پر جتنی ادارہ کی آمدنی ہوتی ہے ۔ اس سے اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں ۔ میں اس سلسلے میں گذارش کروں گا

کہ آپ کو establishment expenses کی کوئی حد مقرر کرنی ہوگی ۔ یہ نہ ہو کہ صنعتکار نہ مزدور کے لئے contribution دیں اور نہ ٹیکس دیں اور یہ تمام کا تمام اسٹیبلشمنٹ کی نظر ہو جائے ۔ میں سمجھتا ہوں establishment expenses کم و بیش پانچ یا دس فیصدی ہونے چاہئیں ۔ اس میں آج سے ہی حد مقرر کر دینی چاہئیے ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد جناب فاروقی صاحب نے اس ہاؤس میں فرمایا ہے میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا بلکہ استفسار کرنا چاہتا ہوں کہ اس آرڈیننس کے جو بھی مصنف ہیں کیا وہ فرمائیں گے کہ آخر ۳۶۵ دن میں بیماری کی حد ۹۰ دن یا ۹۱ دن کیوں مقرر کی گئی ہے ۔ اگر کوئی مزدور ۹۰ دن سے زیادہ بیمار ہے اس کو کیوں نہ entitled گردانا جائے کہ وہ بھی اس رقم سے مستفید ہوسکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پابندی اور حد بالکل نا واجب اور نامناسب ہے ۔

اس کے بعد دفعہ ۵۱ ہے ۔ یہ بہت قابل اعتراض دفعہ ہے ۔ اس میں کہا گیا ہے ۔ مجھے اس ہاؤس میں اس کو repeat کرنا ہوگا ۔

"A secured person shall not be paid, for the same period, more than one of the benefits referred to in sections 35, 36 and 39, namely sickness benefit, maternity benefit and injury benefit, and where any person is entitled to more than one of these benefits he shall be given the higher or highest of such benefits."

میں نہیں سمجھتا کہ اگر بیماری تین طرح کی ہو تو اس کا علاج ایک طرح سے کیسے کیا جا سکے گا ۔ اس دفعہ کو حذف کرنا چاہئیے ۔ یہ تینوں maternity illness benefit injury benefit and benefit at a time ملنے چاہئیں ۔ اگر ایک مزدور ایک وقت میں ان تینوں کا مستحق ہے تو

میں نہیں سمجھتا کہ کسی قسم کا رائڈر کیوں ہونا چاہئیے - اس رائڈر کو جب تک آپ دور نہیں کرینگے جو آپ کا مقصد ہے آپ وہ حاصل نہیں کر سکیں گے -

اب میڈیکل بورڈ کی طرف آتا ہوں - جس کو دفعہ ۵۶ میں specify کیا گیا ہے - اس میڈیکل بورڈ کے بعد اپیلیٹ میڈیکل بورڈز ہونا نہایت لازمی ہے -

اس کے بعد جو آپ نے عدالتیں بنائی ہیں اس میں جس جج کا تقرر کرنا ہے ہے اس کیلئے آپ کہہ رہے ہیں کہ تین سال کا اس کا عدالتی تجربہ ہو یا تین سال کا وکالت کا تجربہ ہو - میں سمجھتا ہوں کہ اس کوالیفیکیشن کو بڑھا دینا چاہئیے کیونکہ آپ نے اسکی اپیل صرف لا پوائنٹ پر ہائی کورٹ میں رکھی ہے - اس آسامی پر آپ کو کافی سینئر آدمی کا تقرر کرنا چاہئیے - تاکہ اس کے ہاتھ سے جو interpretation of law ہے وہ محفوظ ہو اور زیادہ بہتر ہو -

اس کے بعد دفعہ ۷۲ کافی اچھی دفعہ ہے کہ جب بھی کوئی ملازم sickness benefit, maternity benefit and injury benefit وصول کر رہا ہو اس کو ملازمت سے علیحدہ نہیں کرنا چاہئیے -

جناب والا - میری یہ گذارش ہے کہ آپ اس آرڈیننس کو زیادہ موثر بنائیں اور مزدور طبقہ کو جو مراعات آپ دے رہے ہیں اس کو اور زیادہ دی جائیں - اگر آپ مناسب سمجھیں - یہ نہایت اہم اور ضروری آرڈیننس ہے اگر آپ اس آرڈیننس کو پاس کرنا چاہتے ہیں تو اس آرڈیننس کی دفعات میں مناسب وقت پر ترمیم لے آئیں -

مسٹر حمزہ (لائل پور-۶)۔جناب سپیکر - بہت دنوں سے حکومتی پارٹی کی طرف سے اور خاص طور پر وزیر محنت اور امداد باھمی جو کہ اس وقت ایوان میں نہیں ھیں - بلکہ اب اس منسٹری میں بھی نہیں ھیں - کی طرف سے ایک وعدہ کیا جاتا رھا کہ وہ ایک ایسا مسودہ قانون بل کی صورت میں پیش کریں گے - لیکن یہ آرڈیننس کی صورت میں آیا ھے - ھمارے لیے یہ کوئی نرالی چیز نہیں ھے - انہوں نے کہا تھا - کہ اس قسم کا مسودہ قانون جسے ھم تحفظ ملازمین کا قانون کہیں گے - وہ اس ایوان میں پیش کریں گے - افسوس ھے کہ وہ وزیر جو کہ دوسروں کو تحفظ دلانا چاھتے تھے - وہ خود بھی محفوظ نہ رھے - اگر آج وہ محفوظ ھوتے تو زیادہ بہتر ھوتا تاکہ اس آرڈیننس کو ایوان میں پیش کرتے -

جناب سپیکر - اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ بہت لمبا چوڑا قانون ھے - اور اس کے preamble میں بھی کہا گیا ھے - کہ یہ محنت کشوں اور ان کے ورثا جب وہ کسی مصیبت میں گرفتار ھو جائیں کی مدد اور ان کی اعانت کے لیے بنایا گیا ھے - لیکن افسوس یہ ھے - اور میرے خیال میں اگر ھم اپنے حکومت کی سابقہ روایات کو دیکھیں - ان کے سابقہ کارناموں کو دیکھیں تو ھم بلکہ ساری قوم اس نتیجہ پر پہنچ چکی ھے - کہ اس ملک میں اگر تحفظ حاصل ھے تو بڑے سے بڑے صنعتکاروں کو ھے - اور یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ حکومت جو کہ بڑے بڑے صنعتکاروں کو تحفظ دیتی رھی ھے - بلکہ نئے صنعتکار پیدا کرتی رھی ھے - وہ کس طرح ان کے مفادات کو ٹھیس پہنچا کر اور ان کی منشاء کے خلاف ملازمین یا مزدوروں اور محنت کشوں کے تحفظ کا اھتمام کرے گی - کیونکہ جو مجھے معلومات حاصل ھیں - جو

میرے تجربات ھیں - وہ اس امر کی عکاسی کرتے ھیں - اور یہ چیز واضح ھے کہ اس ملک کا سرمایہ دار اور سرمایہ دار کی وجہ سے حکومت اس ملک کے ملازمین کے حقوق کی حفاظت کرنا اپنا فرض ھی نہیں سمجھتی - بلکہ ان کو پائمال کرنا اپنا فرض اولین سمجھتی ھے -

جناب سپیکر - اس ملک میں صنعتی امن و امان کو بعینہ ان سطور پر قائم کیا جاتا ھے - جس طرح سے کافی سال گزرے آپ کو یاد ھوگا کہ اٹلی میں فاشسٹو (fascists) اور جرمنی میں نازیوں (nazis) نے قائم کیا تھا - جب اس قانون کے تحت قائم کردہ ھم اس ادارہ کو دیکھیں جس نے کہ سماجی تحفظ ملازمین کے قانون کو نافذ کرنا ھے - اور قانون کے نفاذ کی تمام تر ذمہ داری جس ادارہ پر ھے - تو اگر آپ اسکی بناوٹ کو دیکھیں کہ وہ کن افراد پر مشتمل ھوا - اس سے ھی صاف پتہ چل جاتا ھے - کہ حکومت کی نیت اس معاملہ میں صاف نہیں ھے -

جناب سپیکر - سب سے پہلے تو ھماری حکومت کا یہ فرض تھا کہ اس قانون کو لاگو کرنے سے پہلے اور اس کو ایوان میں لانے سے پہلے اس امر کا فیصلہ کرتی کہ اس قانون کو کس قسم کی صنعتوں اور کن صنعتوں پر لاگو کرنا ھے - اس سے پہلے آپ کے علم میں ھوگا کہ فیکٹری ایکٹ یا ٹریڈ ایمپلائز ایکٹ میں بعض ایسی دفعات ھیں جن میں یہ واضح طور پر بتا دیا گیا ھے - کہ یہ قانون کن کارخانہداروں پر لاگو ھوگا - مثال کے طور پر فیکٹری ایکٹ میں یہ بتایا گیا ھے - کہ وہ صنعتکار جو ۲۰ ملازمین یا ۲۰ افراد کو ملازم رکھیں ان پر لاگو ھوگا حکومت اس قانون میں بھی اس قسم کی وضاحت کر سکتی تھی -

کہ فلاں انڈسٹری جس کا ادا شدہ سرمایہ اتنا ہو ۔ جس کے ملازمین کی تعداد یہ ہو ان پر لاگو ہوگا ۔ لیکن اس قانون میں حکومت نے یہ اختیار اپنے پاس رکھا ہے ۔ کہ جس صنعت پر یا جس کارخانے پر اس قانون کو لاگو کرنا چاہے ۔ آئندہ حکومت کی طرف سے جاری کردہ احکامات کے تحت اس پر عمل درآمد ہوگا ۔ ہم نے اسی اسمبلی میں اور سابقہ اسمبلی میں بھی دیکھا ہے ۔ کہ حکومت کی طرف سے بعض قانون محض فرد واحد یا ایک صنعتکار کو نقصان پہنچانے کے لیے جاری کیا جاتا ہے ۔ ہم اس حکومت سے کیسے توقع کر سکتے ہیں ۔ کہ یہ صنعتکاروں کے ساتھ بھی مساویانہ سلوک کرے گی ۔ جناب سپیکر ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ ہماری حکومت اس ملک میں . . . .

ملک قادر بخش—پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب مزدور کے حق میں ہیں یا صنعتکار کے حق میں ہیں ۔ یہ چیز واضح کر دیں ۔ سمجھ نہیں آرہی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—ملک صاحب کچھ بوڑھے ہوگئے ہیں ۔ اس لیے سمجھ نہیں سکتے ۔ (قہقہہ)

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ گورننگ باڈی بارہ افراد پر مشتمل ہو گی ۔ اور اس میں مزدوروں کے نمائندے کہیے یا وہ افراد جن کا تحفظ کرنا اس قانون کے تحت مقصود ہے ان کے تین نمائندے ہوں گے ۔ اور ان نمائندوں کو نامزد کرنا بھی حکومت کا کام ہو گا ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس کے ساتھ یہ بات پھر دھرانی پڑتی ہے کہ ہماری حکومت نے آج تک اس ملک میں مزدور تحریک (ٹریڈ یونین کی movement) کو بالکل پنپنے نہیں دیا ۔ اگر کوئی ایسی یونین اس ملک میں

قائم کی گئی تو حکومت نے صحیح معنوں میں نمائندوں کو اٹھا کر جیلوں میں ڈال دیا ۔ اور حکومت نے کارخانہ داروں کے ساتھ مل کر ہمیشہ (Pocket Unions) (پاکٹ یونین) قائم کی ہیں ۔ اور ان کے نمائندوں کو ہمیشہ اصلی یونینوں کے نمائندے سمجھا ہے ۔ پاکٹ یونین کے نمائندے جو کہ حکومت کے اشاروں پر ناچتے ہیں ۔ کو اس سے پہلے کئی بار ہمارے ملک کے مزدوروں کے مسائل پر بحث کرنے کے لئے بین الاقوامی اداروں میں اور دوسری انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن میں بطور ڈیلیگیٹ بھیجا جاتا رہا ہے ۔ جن کا مزدور تحریک کے ساتھ کسی قسم کا تعلق نہیں ہوتا ۔ بلکہ وہ مزدور تحریک کے دشمن ہوتے ہیں ۔ ان کی کارروائیاں مزدوروں کے مفاد کے بالکل منافی ہوتی ہیں ۔ لیکن حکومت ان کو بطور ڈیلیگیٹ نمائندہ بنا کر انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن میں بھیجتی رہی ہے ۔

جناب والا ۔ وہ حکومت جو کہ کل ہی

Road Transport Corporation (West Pakistan) Removal of Undesirable Employess Ordinance, 1965.

پاس کر چکی ہے جس کا طرہ امتیاز یہ ہو کہ وہ جہاں کہیں بھی ہو ان کو لیبر لیڈر مل جائے ان کو چن چن کر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: The member may please be relevant. We are not discussing trade unions, we are not discussing labour unrest. We have got a definite law before us. He should confine himself to it only.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپکی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اس قانون کے نفاذ کا تمام کا تمام کام اور ذمہ داری گورننگ باڈی پر ہے ۔ اگر اس گورننگ باڈی میں مزدوروں کے نمائندے نہیں ہوں گے تو یہ قانون اگر اس کو ہم قانون کہہ سکتے ہیں اور اگر اس کا مقصد سماجی تحفظ ملازمین ہے تو یہ بالکل بے معنی ۔ بے کار اور بے مقصد قانون ہے ۔ سب سے پہلے اس قانون کو لاگو کرنے کے لئے لازم ہے کہ

اس ملک کے اندر مزدور تحریک پھلے پھولے ۔ جب تک مزدوروں کے اصلی نمائندگان کو نامزد نہیں کیا جائے گا تو یہ قانون بالکل ایک دھوکا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کے سامنے حکومت کی اس سلسلے میں جو کار گذاری ہے ان کا ذکر کروں گا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law : Is the member quoting from a prescribed book ?

مسٹر حمزہ۔۔آپ ایوان سے باہر آئیں گے تو بتاؤنگا ۔

جناب سپیکر ۔ جب International Labour Organization قائم کی گئی جس کے ہم بھی ۱۹۴۷ء سے ممبر چلے آ رہے ہیں ۔ اس کے Constitution کے Preamble میں یہ الفاظ موجود ہیں ۔

" Whereas universal and lasting peace can be established only if it is based upon social justice ; And whereas conditions of labour exist involving such injustice, hardship and privation to large numbers of people as to produce unrest so great that the peace and harmony of the world are imperilled ; and an improvement of those conditions is urgently required ; as for example, by the regulation of the hours of work, including the establishment of a maximum working day and week, the regulation of the labour supply, the prevention of unemployment, the provision in case of injury arising out of his employment, the protection of children, young persons and women, provision for old age and injury, protection of the interests of workers when employed in countries other than their own, recognition of the principle of freedom of association, the organisation of vocational and technical education and other measures ; "

اس میں دیا گیا ہے کہ وہ ذمہ داریاں جو ہماری حکومت نے ۱۹۴۷ء میں اپنے ذمے لی تھیں ۔ اور جنہیں نبھانے کا وعدہ انہوں نے ۱۹۴۷ء میں کیا تھا ۔ آج وہ اسے اس قسم کے بھونڈے قانون سے پورا کر رہے ہیں ۔ جس کی Governing body پر ہمارے ملک کے محنت کشوں ۔ مزدوروں اور جفاکش لوگوں کے کسی نمائندے کے نامزد کئے جانے کی کوئی امید ہی نہیں ۔

وزیر قانون۔۔حمزہ صاحب ۔ یہ تو cancel ہو چکا ہے ۔ یہ تو آپ ۱۸۶۳ء کی ڈائری پڑھ رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ اس International Labour Organization کی اس Convention کے تحت وہ ممالک جنہوں نے اس پر دستخط کئے تھے اور حکومت پاکستان نے بھی اس کی پابندی کا وعدہ کیا تھا ۔ اس میں یہ بتایا گیا ہے ۔

" The ILO conventions create obligations on the member countries and must be implemented in toto if ratified by any country. The recommendations of the ILO, as distinguished from conventions only create standards, which can be adopted by any such country according to her material needs ....."

" The ratified conventions cover matters like hours of work in industry, restrictions on the employment of boys under a certain age, protection of dock-workers against accidents during loading and unloading of ships, the prohibition of underground work for women and children, the abolition of free-charge employment agencies, the proper enforcement of labour laws through inspection, the guarantee of freedom of association to the workers and the protection of their right to organize and to bargain collectively.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): We have not accepted this decision of the ILO. We are not a party to it. Wasting time unnecessarily.

مسٹر حمزہ—آپ ذرا صبر کریں ۔ میں آپ کو ابھی بتاتا ہوں کہ آپ نے کیا وعدہ کیا ہوا ہے ۔ اور آپ یہاں کیا کہہ رہے ہیں ۔ اب پاکستان کے متعلق بھی سنئے ۔

" Among those conventions Nos. 87 and 98 are the two important conventions ratified by Pakistan which deal with workmen's rights to combine and to bargain collectively. These conventions are, however, not properly implemented. Article 2 of convention 87 states :—

' Workmen and employers, without distinction, whatsoever shall have the right to establish, and subject only to the rules of the organization concerned, to join, organization of their own choosing without previous authorization '."

جناب سپیکر ۔ اس کے تحت ہماری حکومت پابند ہے کہ ہر شخص جب وہ کسی trade union میں شامل ہونا چاہے ۔ وہ کسی پابندی کے بغیر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Law: Point of order. Sir, the Member is not aware probably that the decisions taken at the ILO are not binding on the countries. It is absolutely optional with them to adopt them or not. The Member should kindly not quote something which is not an authority.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - میرے پاس ایک کتاب ہے جو حال ہی میں شائع ہوئی ہے - اس کا پیش لفظ ہمارے ملک کے وزیر قانون یعنی سابق وزیر قانون شیخ خورشید احمد صاحب کا لکھا ہوا ہے - میں اس میں سے جو کچھ بھی پڑھ رہا ہوں - مجھے یقین ہے کہ وہ بالکل درست ہے - اگر جناب وزیر قانون صاحب کو کسی قسم کا شک و شبہ ہو - یا انہوں نے اس کی تردید کرنا ہو - تو وہ میری تقریر کے بعد کر سکتے ہیں - درمیان میں مداخلت کا انہیں کوئی حق نہیں پہنچتا -

اس convention کے آئیکل ۹۸ کے ، جس پر ہماری حکومت نے بھی دستخط کئے ہوئے ہیں ، جس کی ہماری حکومت بھی پابند ہے الفاظ ہیں :-

وزیر مال—حمزہ صاحب - ذرا بتائیے - کس حکومت نے دستخط کئے ہیں -

مسٹر حمزہ - آپ کی حکومت نے دستخط کئے ہیں -

وزیر مال—کہاں ہیں وہ دستخط ؟

مسٹر حمزہ—جنہوں نے دستخط کئے تھے - آپ بطور ان کے نمائندہ یہاں بیٹھے ہیں -

Minister of Revenue : I want to point out-no signatures no thumb impressions.

Mr. Hamza : Article 98 of the convention says :—

> "Measures appropriate to national conditions shall be taken, where necessary, to encourage and promote the full development and utilization of machinery for voluntary negotiations between employers, employers' organizations and workers' organizations with a view to the regulation of terms and conditions of employment by means of collective agreement."

جناب سپیکر ۔ اس کے تحت ہماری حکومت اس بات پر مجبور تھی ۔ اور ان کا یہ فرض تھا ۔

وزیر مال ــ حمزہ صاحب ۔ آپ ہمیں وہ دستخط دکھائیے ۔

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ میں آپ سے مودبانہ عرض کرونگا کہ آپ مہربانی فرما کر قائد ایوان سے کہیں کہ وہ مجھے خواہ مخواہ interrupt نہ کریں اور بزرگ ہونے کا ثبوت دیں ۔ (قہقہہ) میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہماری حکومت اس بات کی پابند ہے کہ اپنے ملک میں labour organisation کی حوصلہ افزائی کرے ۔ اور ایسے حالات پیدا کرے جن میں محنت کش افراد آسانی سے اکٹھے اور منظم ہوکر کارخانہ داروں کے ساتھ bargain کر سکیں ۔ لیکن اس کے باوجود مجھے انتہائی افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ مارشل لا کے دوران بھی جب کبھی مزدوروں نے اپنے مطالبات حاصل کرنے کے لئے جدو وجہد کی ۔ تو بجائے اس کے کہ حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرتی ۔ ہماری حکومت کے ملازموں ۔ اہلکاروں اور ہماری اپنی پولیس نے ان پر گولیوں کی بوچھاڑ کی ۔ اور ان میں سے بہت سے لوگوں کو شہید کیا ۔ اور جناب سپیکر ۔ اس کی زندہ مثال اگر آپ آج سے تقریباً ۵ یا ۶ سال پہلے کی تاریخ اٹھائیں اور اس پر نظر ڈالیں ۔ تو آپ کو مل جائیگی ۔ یہ لاللہور میں دیکھنے میں آئی تھی ۔

جناب سپیکر ۔ صورت حال اس قدر بگڑ چکی ہے اور حالات اس قدر برے ہیں پھر بھی ہماری حکومت ملکی معاملات اور خاص طور پر مزدوروں کے حقوق سے بالکل بے نیاز ہو چکی ہے ۔

Malik Qadir Bakhsh : Sir where is the relevancy of what he is talking about. I would most humbly request that he should be asked to be relevant.

Minister of Law : Sir our patience is exhausted.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have requested the member to please be relevant.

Minister of Law : Will Khawaja Sahib please come to our rescue ?

بیگم زاهده خلیق الزمان—پوائنٹ آف آرڈر - معزز ممبر نے کہا ہے کہ یہ حکومت بے نیاز ہے - اگر بے نیاز ہے تو حکومت کی گاڑی کیسے چلتی ہے - میں سمجھتی ہوں وہ صرف افسانہ آزاد سنانے آتے ہیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں -

مسٹر حمزہ—میں یہ عرض کر رہا تھا کہ گورننگ باڈی جب بن جائے گی تو اس کے ذریعہ یا اس قانون کے ذریعہ ہماری حکومت ادنیٰ ملازمین مزدوروں اور محنت کشوں کے حقوق کی قطعاً حفاظت نہیں کرے گی - اور نہ ہی وہ حفاظت کر سکتی ہے میں آپ کو اس کا پس منظر بتاتا ہوں - پہلے کیا ہوتا رہا ہے اور آجکل کیا ہو رہا ہے - وہ مزدور کارکن اور محنت کش جنہوں نے لائل پور کی مل میں ہڑتال کی تھی - ان پر پولیس نے گولیاں برسائیں اور اس کی تحقیقات کے لئے ایک ہائی کورٹ کے جج کو تعینات کیا گیا -

Mr. Senior Deputy Speaker : What Mr. Hamza, is saying has got no relevancy with this ordinance. If he wants to bring in the police, then he can give just a reference, but I don't think even that has got any relevancy with this ordinance.

مسٹر حمزہ—میں پولیس کا ذکر تو کرچکا اب آگے سنیئے میں کیا کہتا ہوں -

Minister of Law : All the police officers, who were concerned in that enquiry at Lyallpur, to which the member is referring, have got promotions as a result of the finding of the judge himself.

مسٹر حمزہ—یہی تو میں کہتا ہوں اور یہی میری شکایت ہے کہ جن لوگوں نے ان ملازمین پر گولیاں برسائیں ان کو ترقیاں دی گئیں اور ہائی کورٹ کے جج نے جو رپورٹ دی تھی اس میں بتایا گیا تھا کہ جب مزدور بھاگ رہے تھے - تو ان بھاگتے ہوئے مزدوروں پر بلا ضرورت گولیاں چلائی گئیں - آپ نے مزدوروں کے حقوق کی کیا حفاظت کرنی ہے - آپ نے ہائی کورٹ کے جج کے فیصلہ کا احترام نہیں کیا بلکہ مزدور کش پولیس افسران کو ترقیاں دی ہیں - یہ ہے آپ کا کردار - اور یہ ہے مزدوروں کے حقوق کی حفاظت - جس کے لئے آپ اتنا کچھ کہہ رہے ہیں - ابھی چند دنوں کی بات ہے - اس ایوان کے سامنے ایک لیبر لیڈر نے ایک پمفلٹ تقسیم کیا - اس میں ریلوے کے مزدوروں کے مسائل کا ذکر تھا - اس جرم میں اسے سزا یہ دی گئی کہ اسے maintenance of public order کے تحت منٹگمری جیل بھیج دیا - آپ غور فرمائیں کہ ان لوگوں کا کردار کیسا ہوگا وہ کس قسم کے لوگ ہوں گے کس کریکٹر کے مالک ہوں گے جو ان مزدوروں کے نمائندے بنیں گے اور جن کو حکومت نے نامزد کرنا ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—میرے خیال میں آپ مجھ سے اتفاق کریں گے کہ ہمارے ہاں ایک اور قانون موجود ہے جس کے تحت مزدور ہڑتال کرسکتے ہیں - یہ قانون اس سے مختلف ہے -

Industrial Disputes Ordinance is separate from this ordinance. The member can discuss these things under that Ordinance.

وزیر قانون—یہ کیا چیز کھلی ہے کیا یہ بیاض حمزہ ہے ؟

خواجہ محمد صفدر—یہ آرڈیننس ہے -

مسٹر حمزہ—سیکشن ۱۲ میں حکومت کو اختیار ہے کہ کوئی ایسا شخص جو اس گورننگ باڈی کے لئے نامزد ہو جائے جس کے متعلق بعد میں پتہ چلے کہ - - - -

" No person shall be or shall continue to be a Member, if he--

(*h*) has lost the capacity by virtue of which he was appointed as a Member ;

یعنی حکومت کو یہ پتہ چل جائے کہ جس کام کے لئے اسے مقرر کیا گیا ہے اب وہ اسے سر انجام نہیں دیتا - تو اسے ہٹا دیا جائے گا - حقیقت یہ ہے کہ آپ سرمایہ داروں کی حفاظت کرنا اور مزدوروں کے حقوق کو پامال کرنا چاہتے ہیں - اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص جسے حکومت گورننگ کارکن مقرر کرے گی اگر کبھی اس کا ضمیر جاگ اٹھے اور وہ حکومت کے کہنے کے مطابق کام کرنے سے انکار کر دے - تو حکومت نے اس قانون کے تحت یہ انتظام کیا ہے کہ اسے گورننگ باڈی کی ممبر شپ سے علیحدہ کر دے - اس لئے وہاں محض ایک ممبر کی بات نہیں بلکہ تمام گورننگ باڈی اس حکومت کی ہدایات پر کام کرے گی - اس کی حکومت directions کے تحت جس حکومت کے بارے میں وزیر قانون ابھی بتا چکے ہیں کہ جس نے مزدوروں کو مارنے والوں ان پر گولیاں چلانے والے افراد کو ترقیاں دے کر انکی حوصلہ افزائی کی ہے بھلا ایسی حکومت کو اس قسم کے اختیارات دے کر کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ اس قانون میں بتائے ہوئے تقاضوں - کئے ہوئے وعدوں کے مطابق ٹھیک کام کریگی -

جناب سپیکر - سیکشن ۲۶ میں دیا گیا ہے -

" If an employer fails to observe rules of safety or hygiene prescribed by or under any enactment applicable to his establishment, the Commissioner may, subject to rules, by order in writing, increase the employer's rate of contribution ; provided that such increase shall not exceed twenty per centum of the contribution otherwise payable."

جناب والا ۔ جب اس قسم کے مسودہ قانون میں اس قسم کی شق رکھنا اس ترقی یافتہ زمانہ میں اس مہذب دنیا میں اور اس ملک میں جسے پاکستان کہا جاتا ہے بڑی شرمناک بات ہے ۔ آپ کو کس نے اختیار دیا ہے ۔ کہ کسی کارخانہ دار کو یہ حق دیں اور یہ موقع بہم پہنچائیں کہ وہ کسی ملازم کو خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا ۔ تھوڑی تنخواہ پانے والا ہو یا زیادہ تنخواہ لینے والا ۔ جسمانی طور پر کام کرنے والا ہو یا ذہنی طور پر کام کرنے والا ایسے حالات میں کام کرنے پر مجبور کریں جہاں کام کرنے سے اس کی صحت کے خراب ہونے کا ڈر ہو اور ان پر محض یہ جرمانہ لگا دیں اور سزا دے دیں کہ بیس یا پچیس فیصدی زائد چندہ ادا کرے ۔ میں کہتا ہوں کہ جہاں کہیں بھی اور جب کبھی اس قسم کا ادارہ آپ کے نوٹس میں آتا ہے یا آپ کو اس کا علم ہوتا ہے تو اسے فوری طور پر کیوں بند نہیں کر دیتے اور یہ کیوں نہیں کہتے کہ اگر مقررہ ایام کے اندر اگر کارخانہ دار اس قسم کا اہتمام و انتظام کرے گا جس سے اس جگہ کام کرنے والے لوگوں کی صحت پر برا اثر نہیں پڑے گا ۔ تو اسے چلانے کے لئے اجازت دیدی جائے گی اس سے پہلے نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ یہ عجیب مذاق ہے اس ملک کے عوام سے اور ان لوگوں سے جن کو آپ اپنا بھائی کہتے ہیں اور ان لوگوں سے جنہیں آپ انسان کہتے ہیں ۔ کیا انسانوں کے ساتھ اسی قسم کا سلوک کیا جاتا ہے ۔ بذات خود تو ہماری حالت یہ ہے کہ جب تک ہمارے کمرے ایرکنڈیشنڈ نہ ہوں ہم وہاں بیٹھ نہیں سکتے ۔ ہمارے لئے اچھی کاریں ہوں ہمارے کھانے کے لئے اچھی خوراک ہو آپ اپنے لئے تو اس قسم کے انتظامات کرتے ہیں اور وہ آبادی جسکو آپ ریڑھ کی ہڈی کہتے ہیں اس کو آپ

ناگفتہ بہ حالات میں کام کرنے پر مجبور کرتے ہیں اور جو ان سے اس حالت میں کام لیتے ہیں آپ ان سے صرف ۲۵ - فیصدی penalty لیکر چھوڑ دیتے ہیں -

جناب سپیکر - ہماری گورنمنٹ بڑی پریشان ہے -

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)--یہ تو آپ کا اپنا خیال ہے -

مسٹر حمزہ--اگر پریشان نہیں ہے تو بہت ڈھیٹ ہے - پریشانی کا اظہار بھی کرتے ہیں اور پھر ڈھٹائی سے کام لیتے ہیں - جناب سپیکر - میں آپکی خدمت میں یہ عرض کروں کہ ایک مزدور جو کہ بیمار ہو یا زخمی ہو جائے یا ایک مزدور جو کہ مر چکا ہو اس کے ورثاء جب تک کہ ملک کے اندر کوئی منظم مزدور تحریک نہ ہوگی اس وقت تک قانون کے تحت جتنے بھی لوازمات ہیں کسی صورت میں بھی پورے نہیں کر سکتے - اور وہ حقوق جو مزدور یا ورثاء کو اس قانون کے تحت دئے گئے ہیں حاصل نہیں کر سکتے - میں آپکی خدمت میں ایک زندہ مثال پیش کرتا ہوں جناب سپیکر - آپکو علم ہے کہ ہمارے ملک کے اس حصہ میں "workman compensation Act" نافذ ہے جس کے تحت اگر کوئی شخص یا کوئی مزدور کسی فیکٹری میں کام کرتے ہوئے زخمی ہوجائے تو اس کو compensation یا معاوضہ دیا جاتا ہے - ایک شخص جس کا نام مبارک احمد تھا گوجرہ میں ایک ice اور آئل فیکٹری میں کام کرتا تھا - کام کرتے ہوئے اسکی ٹانگ ٹوٹ گئی اسے ہسپتال میں داخل کر دیا گیا چند دن تک تو کارخانہ دار اس کی خدمت کرتے رہے اسکے بعد بدقسمتی سے اس کی حالت زیادہ خراب ہوگئی اور اس کی ٹانگ کاٹ دی گئی - ٹانگ کے کٹ جانے کے

بعد اس کے زخم سے پیپ جاری ہو گئی ۔ کافی عرصہ وہ ہسپتال میں رہا اس کا والد صرف ۲ ۔ ایکڑ زمین کا مالک ہے وہاں اس کا علاج معالجہ صحیح طور پر نہ ہو سکا آخر کار وہ لاہور میں آ کر داخل ہو گیا لیکن یہاں بھی اس کی حالت بہتر نہ ہوئی پھر وہ اپنے عزیزوں کے پاس سیالکوٹ چلا گیا ۔ سیالکوٹ میں کافی عرصہ رہنے کے بعد اسکا زخم درست ہوا ۔ اسنے کوشش کی کہ کارخانہ داروں سے معاوضہ مل جائے ۔ کارخانہ دار معاوضہ ادا کرنے پر تیار نہ ہوئے ۔ لائلپور کے لیبر آفیسر سے ملتا رہا ۔ چھٹیاں بھیجتا رہا اور رجسٹرڈ چھٹیاں بھیجتا رہا مگر کوئی اثر نہ ہوا ۔ جناب سپیکر ۔ وہ اکیلا مزدور تھا اور مزدور ہونیکے ساتھ اس کے پاس تھوڑی بہت جو پونجی تھی وہ اسکو بھی ختم کر چکا اس کے پاس اتنے وسائل نہ تھے کہ وہ عدالت میں جا کر اس کارخانے دار کے خلاف کوئی مقدمہ دائر کرتا اور وہاں سے قانونی حق حاصل کرتا ۔ جناب سپیکر ۔ ہوا یہ کہ میں نے اس شخص کے لئے ایک وکیل کی خوشامد کی وہ وکیل ملک قادر بخش کی طرح رحم دل تھے انہوں نے فیس نہیں لی تین چار مہینے مقدمہ چلتا رہا جہاں تک مجھے یاد ہے کہ اسکو گیارہ سو روپیہ بطور معاوضہ ملنا چاہئیے تھا لیکن کارخانہ دار وقتاً فوقتاً عدالت میں حاضر نہیں ہوتے تھے آخر کار میں نے کارخانہ دار سے ذاتی طور پر رابطہ پیدا کیا اور ان سے یہ عرض کی کہ آپ برائے مہربانی صرف پانچ سو روپے دیدیں تو پھر ہم مقدمہ کی پیروی نہیں کریں گے ۔ وہ پانچ سو روپے تقریباً تین چار سال کے بعد ملے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ یقین کیجئے کہ اس قانون کے تحت دیئے گئے لوازمات پورا کرنا ایک ملازم ایک محنت کش اور ایک کارخانے میں کام کرنیوالے مزدور کے بس کا روگ نہیں ۔ اور ایک مزدور معاوضہ

حاصل کرنے کیلئے یہ سب کچھ نہیں کرسکتا ۔ جب تک کہ اس ملک میں کوئی منظم مزدور تحریک نہ ہو اس قسم کا قانون بنانا بالکل بے معنی ہے اور اس کی قیمت اس کاغذ جتنی بھی نہیں ہے جس پر یہ لکھا ہوا ہے ۔ لہذا میں ان الفاظ کے ساتھ اسکی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔۔وہ خط حمزہ صاحب نے نہیں دکھائے ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔۔انہوں نے دستخط کر دیئے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔ہماری حکومت تو اس قسم کی ہے کہ وہ انگوٹھا لگاتی رہی ہے وہ دستخط نہیں کرتی رہی ہے ۔

وزیر تعلیم۔۔وہ آپ کے زمانے کی حکومتیں تھیں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)۔۔جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون پر اس سے قبل اس معزز ایوان میں کافی روشنی ڈالی جا چکی ہے خصوصیت سے میرے محترم دوست فاروق صاحب نے اس پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے ۔ میں صرف چند منٹوں میں کچھ عرض کروں گا ۔

وزیر قانون۔۔خواجہ صاحب چند منٹوں کے دو گھنٹے بن جاتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا ۔ میں جناب وزیر قانون کی تقریر دل پذیر کے متعلق عرض کروں گا اور مجھے امید ہے کہ وہ جب جواب دینے کیلئے تقریر کریں تو میری گذارشات کو بھی مد نظر رکھیں گے ۔ جناب والا ۔ کل جب اس ہنگامی قانون کے

کے متعلق ریزولیوشن جناب وزیر قانون نے پیش کیا اور اس کی تصریحات فرمائیں تو انہوں نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ مجھے بڑا افسوس ہے کہ آپوزیشن نے اس نہایت ہی مفید قانون کی بھی مخالفت کرنا ضروری سمجھا ہے لیکن وہ زبانی وعدہ کرتے ہیں کہ ہم محنت کشوں کے دوست ہیں ہمدرد ہیں بہی خواہ ہیں لیکن یہ دعوے صرف زبانی ہیں حقیقت میں اگر ہمیں کوئی ہمدردی نظر آتی تو ہم کل ہی اس قانون کو ان کے ساتھ مل کر منظور کر لیتے ۔

دوسرے جناب انہوں نے یہ ارشاد فرمایا کہ ہماری اس حکومت کو محنت کشوں کا اسقدر خیال ہے اور اسقدر ان کی دیکھ بھال اور ان کی آسائش کا خیال ہے کہ انہوں نے یہ گوارا نہیں فرمایا کہ دو ایک ماہ بعد جب اسمبلی آئیگی تو اس قانون کو بل کی صورت میں پیش کر دیا جائیگا بلکہ وہ اس ہمدردی کے جوش اور زور میں ایک آرڈیننس لے آئے ۔ جناب وزیر قانون نے اس تصریح کے بعد یہ بھی ارشاد فرمایا کہ اس مفید قانون کا ایک طرح سہرا ہماری اس وزارت پر ہے جو کہ محنت کشوں اور مزدوروں کی نہایت ہی ہمدرد ہے ۔ جناب والا ۔ میری رائے میں یہ قانون ایک اور سازش ہے جو ہماری حکومت نے کارخانہ داروں اور آجروں سے مل کر مزدوروں کے خلاف کی ہے ۔

وزیر تعلیم—جسکا خواجہ صاحب کو پتہ چل گیا ہے ۔

ایک آواز—کھلی سازش ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ اس قانون کو ایک سرے سے لیکر دوسرے تک پڑھ جائیں اور آپ دیکھیں کہ اسمیں مزدوروں

کے فائدہ کے لئے کیا کچھ کیا گیا ہے ۔ لیکن اسکی روسے کم و بیش ایک تہائی حصہ مزدور اس فنڈ میں contribute کریگا جو اسکی آسائش کے لئے قائم کیا گیا ہے ۔ یقیناً میرے محترم وزیر قانون اچھی طرح جانتے ہیں کہ اس وقت بھی اور اس سے پہلے بھی ایک ایسا قانون گذشتہ ۴۰-۴۲ سال سے اس صوبے میں اور اس ملک میں نافذ ہے جس میں آسائشیں بہت حد تک کم تھیں لیکن مزدور کو وہ آسائشیں حاصل کرنے کے لئے دینا کچھ نہیں پڑتا تھا ۔ میری مراد workmen's compensation act سے ہے جو کہ آج سے ۴۲ سال پہلے نافذ ہوا اور ان لوگوں نے یعنی اس وقت کے جو حکمران تھے انہوں نے محنت کشوں اور مزدوروں کی دیکھ بھال کے لئے ۔ ان کو کسی حادثہ کی صورت میں معاوضہ دینے کے لئے وہ قانون نافذ کیا ۔ آپ اس کی compensation کا جو چند حالتوں میں ملتی تھی اس کا مقابلہ اس scale سے کیجئے جو کہ اگرچہ یہاں دیا نہیں گیا ہے لیکن اسکا قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جو اہم چیزیں ہیں اس قانون کی کہ کیا معاوضہ ہوگا کس قدر ہوگا کس scale سے دیا جائے گا یہ تمام چیزیں قواعد کے لئے چھوڑ دی گئیں ہیں کہ وہاں پائی جائینگی یا دی جائینگی انہوں نے اس کی وضاحت نہیں کی لیکن جناب والا اس زمانے میں لوگوں نے workmen's compensation act کے تحت مزدوروں کو اس طور پر ان کی complete disablement یا partial disablement یا موت کے واقع ہونے کی صورت میں اس طرح معاوضہ دینے کا قانون بنایا ۔ یعنی اگر ایک آدمی کی ۵۰ روپیہ ماہوار مزدوری ہے اور بالفرض اس کی permanent disablement ہو جاتی ہے تو اسے ۲ ہزار ۵۲۰ روپیہ ملیں گے اور اگر وہ ۱۰۰ روپیہ ماہوار کماتا ہے تو اس کو ۴ ہزار ۹۰۰ روپیہ compensation دیجائے گی ۔ میں زیادہ تفصیل میں نہیں جانا چاہتا مگر مثال کے طور پر میں نے عرض کیا کہ اس زمانے کا ۵ ہزار کم و بیش آجکل کے

۴۰ ہزار کے لگ بھگ ہے ۔ اب آپ متعلقہ دفعہ پر غور فرما لیجیئے جو اس آرڈیننس میں دی گئی ہے کہ کیا کسی طور پر ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس قدر معاوضہ مزدور کو اس کی مکمل disablement ہو جانے کی صورت میں دیا جائے گا یا اس کی موت واقع ہو جانے کی صورت میں دیا جائے گا اس قانون کے تحت وہ مزدور اس فنڈ میں اپنی محنت کی کمائی سے کچھ نہ کچھ حصہ دیگا جس کی آخری حد ایک تہائی تک رکھی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ یہی نہیں بلکہ یہ کہنا کہ اس حکومت کو یہ خیال ہوا ہے اس قسم کے قانون کے لانے کا یہ بھی دعویٰ کچھ درست نہیں ہے ۔ سن ۱۹۶۲ میں مارشل لا کی حکومت نے ایک قانون نافذ کیا تھا جس کو social insurance ordinance کہتے ہیں اور میں جناب والا یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس قانون اور اس قانون میں ما سوائے ایک لفظ کے اور کوئی فرق نہیں ہے ۔ یہاں سوشل سیکیورٹی ہے وہاں سوشل انشورنس ہے ۔ صرف title کا فرق ہے ۔ اس کی دفعات ۸۱ ہیں اور اس کی ۸۲ ہیں ۔ اس کے علاوہ اور کوئی فرق نہیں ۔ دفعہ ۸۲ جو ہے یہ محض قانون کو repeal کرنے کے لئے بنائی گئی ہے ۔ اس لئے میرے محترم دوست نقال تو بہت اچھے ثابت ہوئے ہیں اگرچہ originality اس میں قطعاً نہیں ہے اور اس میں کوئی improvement نہیں ہے ۔ تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے یہی قانون دوسری شکل میں اس صوبہ میں نافذ تھا اور سنٹرل گورنمنٹ نے کوئی قدم نہیں اٹھایا کہ وہ کسی صنعت یا کسی علاقے پر اس قانون کا اطلاق کرے اور یہ قانون محض ہماری کتاب قانون میں پڑا رہا ۔ دیمک کی نذر ہوتا رہا اور مجھے یہ ڈر ہے کہ محض عوام کی واہ واہ حاصل کرنے کے لئے بلکہ میں کہوں گا کہ عوام کو دھوکا دینے کے لئے ۔ یہ حکومت مزدوروں

کی محنت کشوں کی ہمدرد ہے کہ اس قسم کا ایک ہی قانون اسی نام سے جاری کر دیا گیا لیکن اس پر کوئی عمل در آمد نہیں ہے ۔ اس کی تشریح دفعہ (۱) میں موجود ہے کہ جب حکومت چاہے جس وقت چاہے گی کسی علاقہ میں کسی صنعتی علاقہ میں جس وقت چاہے گی اس کا نفاذ ہوگا ۔ ہمارا تجربہ ہے کہ مرکزی حکومت نے جو اختیارات صوبائی حکومت کو تفویض کئے ہیں وہ صوبائی حکومت نے استعمال نہیں کئے کسی جگہ بھی اس قانون کا نفاذ نہیں ہوا اور مجھے خدشہ ہے کہ شاید یہ قانون بھی اس طرح پڑا رہے ۔ اس لئے میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں درخواست کرونگا کہ باوجود اس امر کے کہ اس میں ظاہرہ طور پر خوبی ہے لیکن ہمارے نقطہ نگاہ سے یہ ایک نہایت ہی نا مکمل قانون ہے لیکن اس کا نفاذ جلد از جلد کراچی ۔ حیدر آباد ۔ لائیلپور ۔ ملتان اور اس قسم کے دوسرے صنعتی علاقوں میں اور شہروں میں ہونا چاہیئے تاکہ ہم عملی طور پر دیکھیں کہ اس میں کیا خرابیاں ہیں اور خوبیاں ہیں ۔ میرا خیال ہے کہ کم از کم اس میں improvement کی ضرورت ہے ۔ کہاں کہاں اس میں ترمیم کی ضرورت ہے جس سے یہ قانون بہتر صورت اختیار کر سکے اور محنت کشوں کے لئے زیادہ مفید ہو سکے ۔ جناب والا ۔ ان گزارشات کے ساتھ میں اپنے محترم جناب وزیر قانون کا اس لحاظ سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس محکمہ کے صوبائی حکومت کی تحویل میں آجانے کے بعد اس قانون کو ایک نئے قالب میں اگرچہ اسی قسم کے قالب میں ڈال کر اس ایوان میں پیش کیا ہے اور مجھے توقع ہے کہ وہ اگلی فرصت میں متعلقہ قواعد وضع کرنے کے بعد اس قانون کا جلد از جلد نفاذ کریں گے اور ایسے ہی قانون کی کتاب میں پڑا نہیں رہنے دیں گے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, the main objection with regard to this piece of legislation is that in its clause 2 it has been said that it will be upto the Government when to apply, where to apply and against whom to apply this ordinance. I assure the members, particularly, Khawaja Sahib that if they would really not only read the lines but also read between the lines, then they would immediately come to the conclusion that the implementation of this Ordinance requires at least many many thousands of employees, to be trained, hospitals to be set up, dispensaries to be set up and that itself in its nature will take some time. I assure on behalf of the Department that this Ordinance will be put into operation to start with in Karachi-within 3 to 4 months' time. In the mean time I hope the necessary personnel and necessary staff will be trained.

Mr. Hamza referred to an incident at Lyallpur in the year 1958. I would not dilat e on this issue in any details.

For me, suffice it to say that I had appeared for one of the parties in that enquiry before a High Court Judge. It is not fair here in the absence of Mr. Hamza to say this. But in all fairness to the House he should have mentioned what the findings of the Judge were and which political party was behind this agitation. I assure Mr. Hamza and particularly Khawaja Safdar that that was the Government of the day and that was the Republican Government and this is the Muslim League Government.

اگر حمزہ صاحب یہاں ہوتے تو مجھے ایک بات یاد آ رہی ہے ۔ میں انہیں اردو میں یہ بات بتا دیتا ۔ ایک سکھ کا ذکر ہے جو ٹوبہ ٹیک سنگھ کا تھا ۔ اس نے ایک موٹر کار خریدی ۔ چار چھ مہینے کے بعد اسے خیال آیا کہ اسے بیچ دیں ۔ کسی دوست سے مشورہ کیا ۔ دوست نے کہا کہ اس کا میٹر پچاس ساٹھ ہزار میل چلا ہوا ہے ۔ آپ کسی بڑے میدان میں گاڑی لے جائیں ۔ اور گاڑی کو reverse چلائیں ۔ تاکہ mileage کم نظر آئے اور میٹر پیچھے چلا جائے ۔

حمزہ صاحب آ گئے ۔ حمزہ صاحب! یہاں ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایک سکھ کا ذکر ہو رہا تھا ۔ میں حمزہ صاحب کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ہم reverse میں نہیں جانا چاہتے ۔ ہم آگے چلانا چاہتے ہیں ۔ (تالیاں)

Whether it is new legislation or whether it is a copy of some old legislation, in any case this is now the law of the land and I assure the

House that the Government, in the appropriate Department, will take immediate steps as early as possible to see that this Ordinance is put into operation. And after its working, should it be found that it is really lacking in any material particulars or if experience shows that something more is needed the Government will not hesitate to amend it.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Employees' Social Security Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 17th May, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY (ALLOWANCES OF MEMBERS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Provincial Assembly (Allowances of Members) (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 20th May, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Provincial Assembly (Allowances of Members) (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 20th May, 1965

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law : Even this one ?

Sir, the House is aware that after the Provincial Assembly election the names of the Members were gazetted in the beginning of the third week of May, 1965. Under the law, as it stood, the Members were entitled to compensatory allowance which was to start from the date on which their names were gazetted in the official gazette. If this law had been allowed to remain as it is the Provincial Exchequer would have been required to pay not only to the Members right from the date their names were gazetted but even the Members of the out going Assembly would have been entitled to remuneration upto the last date i. e. 8th of June 1965. In order to remove this anomaly law was amended and the new Members were made eligible to this compensatory allowance from the date on which they took the oath of office which is the 9th of June 1965.

The urgency or emergency for this legislation was that there was no Assembly in session. The new Assembly was to meet on the 9th and it would have been definitely too late to have waited for the Assembly and to have brought this legislation in the shape of a Bill before this House. Hence the Governor issued this Ordinance.

It appears that the Members of the Opposition are not only opposed to Government but they are really opposed to everything that may come before this House from the Government. That being the attitude I never expect the Member of the Opposition to co operate with the Government and push through this Ordinance They are welcome. They are exercising their right. I am sorry that their co-operation has been denied to us in the labour field. I don't think we can expect anything better from them. I would, therefore, appeal to the House, minus the Members of the Opposition, to pass this Resolution.

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)۔۔جناب والا - میں تو صرف اس بنا پر اس کی مخالفت کرنا چاهتا هوں که یه آرڈیننس کی شکل میں آیا هے - ورنه میں یه سمجهتا هوں - که قانون ضروری هے هم اسے آئین کے مطابق بنا رهے هیں - لیکن چونکه یه آرڈیننس کی شکل میں هے - اس لیے میں اس کی مخالفت کرتا هوں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Provincial Assembly (Allowances of Members) (Amendment) Ordinance 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 20th May, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN AGRICULTURAL UNIVERSITY (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Agricultural University (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th May, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Resolution moved :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Agricultural University (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th May, 1965.

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)۔۔ opposed جناب والا - کل اس قسم کا ایک ترمیمی هنگامی قانون انجنیئرنگ یونیورسٹی کے متعلق اس ایوان میں پیش هوا تها اور اس پر هماری جانب سے بحث

بھی ہوئی تھی ۔ میں اس وقت اس ہنگامی قانون کے متعلق کوئی لمبی چوڑی بحث نہیں کروں گا ۔ صرف اتنا عرض کرتا ہوں ۔ کہ ہماری اس حکومت کو اب اپنی ساختہ پرداختہ اکیڈیمک کونسل پر بھی اعتماد نہیں رہا ۔ اس کے اختیارات کو کم کیا جا رہا ہے ۔ (قطع کلامیاں) وزیر تعلیم صاحب نے خود ارشاد فرمایا تھا ۔ کہ اس آرڈیننس کے ذریعے سنڈیکیٹ کے اختیارات میں توسیع کی جارہی ہے ۔ اکیڈیمک کونسل سنڈیکیٹ کو صرف مشورہ دے سکتی ہے ۔ یا اس کے پاس سفارش کر سکتی ہے ۔ گویا اس کے اختیارات میں کمی کی جا رہی ہے ۔

وزیر تعلیم—ان کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

خواجہ محمد صفدر—اگر وزیر صاحب کے پاس دو محکمے ہوں اور ان میں سے ایک محکمہ لے لیا جائے تو ان کا بار ہلکا تو ہوجائے گا ۔ مگر اس محکمے کی حد تک یہ سمجھا جائیگا کہ وہ یہ کام کرنے کے قابل نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ در اصل یہ ایک فلسفہ ہے ۔ جو کہ ہمارے حاکموں کے ذہنوں پر مسلط ہے ۔ کسی ادارے کی تعداد زیادہ بڑھ جائے تو یہ اس سے خوفزدہ ہو جاتے ہیں ۔ انہیں اس پر شک ہو جاتا ہے ۔ تھوڑی تعداد رہے تو اسے یہ زیادہ پسند کرتے ہیں ۔ سنڈیکیٹ کے چار پانچ ممبر ہیں ۔ ان سے یہ خوفزدہ نہیں ہیں ۔ سمجھتے ہیں جو فیصلہ چاہیں گے لے لیں گے ۔ مگر یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹ بڑھیں گے ۔ تو اکیڈیمک کونسل کے ممبروں کی تعداد بڑھ جائے گی ۔ شاید سو سے بھی بڑھ جائے ۔ سو آدمیوں

سے کام لینا کچھ آسان بات نہیں ہے ۔ اس کی مثال بعینہ یہی ہے ۔ ہم یہاں کہتے رہے کہ مان جائیے اور بالغ حق رائے دہی کے تحت الیکشن کے اصول کو مان جائیے ۔ لیکن وہ ''نہ'' ہی کرتے رہے اور میرا ریزولیوشن بھی نا منظور کر دیا گیا ۔ ان کا یہ stand تھا ۔ کہ اسی ہزار لوگوں کو تو قابو کیا جاسکتا ہے ۔ لیکن یہ اڑھائی کروڑ لوگوں کو کس طرح قابو کر سکتے ہیں ۔ اور یہی فلسفہ یہاں پر بھی کار فرما ہے ۔ اکیڈیمک کونسل پر تو ان کا اعتماد اٹھ گیا ہے ۔ لیکن سنڈیکیٹ پر انکا اعتماد ہے ۔ اس بنا پر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat II): Mr. Speaker, Sir, I am really grateful to the Minister for the assurance that he gave yesterday to the House that during his tenure he would like to work for the autonomous and independent growth of the Universities. Sir, I wouldn't like to say something against what has been done or the reasons for which this ordinance has been brought. As a matter of fact, a Syndicate is like a cabinet, with the Academic Council as the bigger body or the legislature. The powers of the Cabinet or the powers of the legislature are not something really very important. There is one point, however, to which I would humbly draw his attention, and that is the formation of the Syndicate. In the Syndicate, Sir, there is the post of the Secretary, I mean the Secretary Education is a member of the Syndicate. What has happened recently is that the all-wise, the all-knowing and the all-powerful member of the C S P is generally appointed as a Secretary Education. I shall be grateful if the Minister would very kindly give this matter his attention.

Sir, the education cadre does not lack either men with administrative capabilities nor do they lack people with academic qualifications. Therefore, it would be in the interest of the Universities itself if the Secretary of the Education Department was recruited from the education cadre. He need not be over-burdened with the administrative side but he would prove a great help in the formulation of policies or in the formulation of the course and the syallabi, something with which he has been connected all his life. At the same time, the education cadre is a very big cadre and the inferiority complex that creeps into the cadre because members from outside services are brought in is something which I would like to bring to the notice of the Minister. By this I don't mean that members of the C S P have not brilliant academic qualifications, but if they want to be connected with the education, there should be no objection to their being seconded to the education career, but at the moment I would earnestly request you to give this matter your earnest consideration.

Minister of Education (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, by this ordinance we have made the same amendment as we had already done in the case of the Engineering University. By this ordinance, we have substituted sub section (1) of section 21, and added sub section (3) to section 24. As I have already mentioned Sir, there are many authorities of the universities. Authorities have been defined in section 13, and two of these authorities are Syndicate and the Academic Council. They have their specified and the Academic Council. They have their specified jurisdiction and fields of work. So far as the Syndicate is concerned, Syndicate acts as the legislative body in the matter of statute as well as University's ordinance. This jurisdiction is already there with the Syndicate. Only in certain matters, which are connected with the duties and powers of the Academic Council, whenever the ordinances are to be framed, it was incumbent upon the Syndicate to consult the Academic Council. Now the Academic Council is to be consulted only in the matters, which are within the jurisdiction of the Academic Council. Some how or the other inadvertently when this original ordinance was issued, some matters, which were not within the jurisdiction of the Academic Council were included in those subjects in which the Syndicate had to consult the Academic Council. By practical experience, it came to our knowledge that the administrative working of the University suffered and many matters in which the Academic Council had nothing to do were delayed. So Sir, we issued this ordinance for the purpose of avoiding that delay, and there is nothing to be taken out of the jurisdiction or powers of the Academic Council.

Now Sir, about the second question raised by my learned friend, Mr. Aslam Khattak, that the Secretary Education should be from the department and the education cadre. I may submit Sir that there have been a few Secretaries from the Education Department itself, and I think the member will bear me out that atleast two of them—I know one of them was Professor Siraj and the other one was Mr. Sharif—were from the Education Department. Sir, as the House is aware, Mr. Sharif not only served as Secretary of Education under the Provincial Government, but he recently retired as Secretary of Education of the Pakistan Government. Now Sir, it is not necessary, and I think it is not advisable, to always have a person from the Education Department. We at times have somebody from the civil services, and if we have a competent man, we do take him from the Education Department. I may, Sir, for the information of the House, point out that we have a very senior officer from the Education Department as Joint Secretary—rather instead of one Joint Secretary we have two Joint Secretaries. Both of them are experts and they have always to be taken from the Education Department, and they have to act as advisers as well as Joint Secretaries—one on the general side and the other on the technical education side. So I think the objections raised by the learned member might perhaps have been based on some sort of misunderstanding somewhere. It is the policy of the Government that wherever we feel that a particular action is in the interest of education, we take that action to safeguard the interest of the people in the Education Department.

So Sir, as Khawaja Sahib said that there was only one question, I have replied to it in his absence and he might have heard it in the lobby. The

matter has been discussed at length and I would, therefore, submit that this resolution be passed.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Agricultural University (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th May, 1965.

The motion was carried.

Minister of Education : With your permission, Sir, I have to make a statement. Sir in the course of a supplementary question regarding a starred Assembly question of 6th July, 1965, the Leader of the Opposition stated that certain instructions had been issued by the B & R Department requiring the deposit of funds before schemes and projects prepared by the local councils were technically sanctioned. I had promised that I would find out the correct position and inform the members of the House accordingly on July 8, 1965.

It has been verified that no orders have been issued by the Communications and Works Department or any of its Chief Engineers requiring the deposit of the departmental charges before technical sanction is issued by the Department.

THE WEST PAKISTAN SEEDS AND FRUIT PLANTS ORDINANCE, 1965

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I beg to move :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Seeds and Fruit Plants Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 31st May, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Seeds and Fruit Plants Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 31st May, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law : Sir, as the very nomenclature of the Ordinance shows, this is yet another benevolent legislation which the Government had under-taken for the benefit of the fruit growers in the Province. The House is aware that anything wrong with the seed at the initial stage will never give a better fruit. It was, therefore, thought necessary that better seeds for plants and fruits should be encouraged to be grown by persons who are

registered and anybody who is not registered will not be competent to sell it. The idea being to add impetus to horti culture and to the production of good and better fruits and vegetables in the Province. I know the Opposition will not support it because all my appeals in the past have been falling on deaf ears. I have, therefore, not thought it fit to apeal to them not to oppose this Ordinance. They will oppose it and they are well within their rights to do so.

مسٹر سپیکر—مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی(کراچی ۔ ۸)—جناب والا ۔ یہ واقعی افسوس کی بات ہے کہ وزیر قانون صاحب کی بار بار کی درخواست اور یاد دھانی کے باوجود ہم مجبور ہوتے ہیں ۔ کہ پیش کردہ مسودہ قانون کی مخالفت کریں ۔ اس کی وجہ یہ ہے ۔ کہ آپ جو قانون آرڈیننس کی شکل میں بنا کر لاتے ہیں ۔ دونوں صورتوں میں سے ایک اس میں ضرور موجود ہوتی ہے ۔ وہ یہ کہ کبھی آپ زہر کی گولی میٹھے میں لپیٹ دیتے ہیں ۔ اور کبھی میٹھے شربت میں ہلاہل کا ایک قطرہ ڈال دیتے ہیں ۔ دونوں میں ایک بات ضرور ہوتی ہے جب آپ اچھا قانون لائینگے ۔ تو اس میں کچھ ایسے نقائص ہوں گے ۔ کہ مجبوراً اس کی مخالفت کرنی پڑتی ہے ۔ اگر آپ برا قانون لائیں گے تو وہ برا ہوگا ہی ۔

جناب والا ۔ یہ آرڈیننس جو آپ نے پھل پیدا کرنے والوں کے سلسلے میں بتایا ہے ۔ یہ ہے تو معصوم سا ۔ لیکن اس کا غور سے مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس میں ایسی خامیاں ہیں اور آپ پھر وسیع اختیارات اپنے ان افسران کو دینے پر اصرار کرتے ہیں ۔ جن کی بدعنوانی ۔ دیانت اور امانت پر آپ کو شبہہ ہے ۔ اس سے پہلی نشستوں میں قائد ایوان اور وزیر مال صاحب بار بار اس کو تسلیم کر چکے ہیں ۔ کہ ہمارے افسر دیانت و امانت کے اس معیار پر پورے نہیں اترتے جو کہ متوقع ہیں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلی چیز جو میں اس کے متعلق عرض کروں گا ۔ وہ صنعت اور زراعت میں پھلوں کو پیدا کرنے والے اور کھانے والے غلوں کے متعلق ہے ۔ اگر آپ ملک میں پیداوار میں اضافہ کرنا چاہتے ہیں ۔ تو لوگوں کو کچھ آزادی دی جائے اور اس طرح سے ہر طرف سے لوگوں کو پابند کر دینا کہ جس طرز پر آپ چاہتے ہیں ۔ اسی طرز پر کام ہو ۔ ٹھیک ہے اس کے کچھ فوائد بھی ہیں ۔ میں ان فوائد سے انکار نہیں کرتا بلکہ ضروری اس لیے نہیں کہ پیداوار کے پیدا کرنے والوں میں initiative ختم ہو جاتا ہے ۔ ایک شخص خود اپنے شوق سے آم کا باغ لگانا چاہتا ہے ۔ آم کا بیج مہیا کرنا چاہتا ہے ۔ اس میں جو دلچسپی ہوگی ۔ جو شوق ہوگا اور جس محنت سے وہ کام کرے گا یقیناً وہ دلچسپی اور وہ شوق اس کا باقی نہیں رہے گا ۔ اگر آپ اسکو مجبور کریں کہ تم آم لگانا چاہتے ہو کیلا لگاؤ ۔ اس سے بد دلی پیدا ہوگی ۔ اگر اس کی آم لگانے کی خواہش ہے تو آم لگانے دیجئے ۔ بلکہ یہ ملک کے لیے ہنر ہے ۔ لیکن آپ مجبور کریں گے کہ نہیں تمہاری خواہش آم لگانے کی ضرور ہے ۔ لیکن تم کیلا لگاؤ ۔ وہ کیلا اتنی خوبصورتی کے ساتھ ۔ اتنی محنت کے ساتھ اور اس شوق کے ساتھ پیدا نہیں کرے گا ۔ جس شوق کے ساتھ وہ آم پیدا کرتا ہے ۔ تو یہ قانون اسکو مجبور کرتا ہے ۔ کہ وہ پھلوں کی پیداوار میں اسی سمت پیش قدمی کرے جو سمت آپ متعین کریں لازماً اس کی دلچسپی اس کی محنت اس کا شوق متاثر ہوگا ۔ اور اس کے نتیجہ میں ملک کی زرعی پیداوار بھی متاثر ہوگی ۔ پھل مجھے تو نہیں ملے گا ۔ آپ کو بھی نہیں ملے گا ۔

جناب والا ۔ اس کے صفحہ ۲۱ پر سیکشن ۲ سب سیکشن ۴ میں یہ لکھا ہے ۔

"If such a person is approved by the competent authority his name shall be entered in a register to be maintained by the competent authority for that purpose."

اس سب سیکشن نمبر ۱ میں یہ ہے ۔ کہ کوئی شخص پھل یا بیج لگانا چاہتا ہو تو وہ آپ کے مقرر کردہ افسر کے سامنے پہلے درخواست پیش کرے گا ۔ کہ مجھے فلاں پھل پیدا کرنے کی اجازت دی جائے ۔ اور جب وہ افسر اس کی درخواست کو منظور کرے گا اس کے بعد اسے اجازت ہوگی کہ وہ پھل لگائے ۔ اس قانون میں کہیں بھی یہ موجود نہیں ہے ۔ کہ آخر اس افسر کی limitations کیا ہیں بلکہ اختیارات اتنے وسیع ہیں if approved کا مطلب یہ ہوا کہ نہیں بلکہ approve کر سکتا ہے ۔ اگر approve نہیں کرتا ہے تو وہ کیا حالات ہیں ۔ جس میں وہ approve کرے اور approve نہ کرنے کی صورت میں کیا وجوہات اور کیا دلائل بتائے گا کہ وہ approve کیوں نہیں کرتا ۔ یہ قانون بالکل تشنہ ہے ۔ یہ قانون اس افسر کو اس بات کا پورا اختیار دیتا ہے ۔ کہ وہ درخواست دہندہ کی درخواست کو رد کر دے ۔ بغیر وجہ بتائے ۔ بغیر کوئی دلیل دیئے اور بغیر اس کر موقع دیئے کہ وہ افسر اس کو بتائے کہ آپ کی درخواست جو نا منظور کرنا چاہتا ہو اس کی وجہ کیا ہے ۔ یہ اختیار اس افسر کو اتنا وسیع ہے ۔ کہ جس وقت وہ چاہے ملک کے مفاد کے خلاف اور اپنے مفاد کے حق میں استعمال کر سکتا ہے ۔ پھر آپ اس افسر کو یہ حق دیتے ہیں ۔ کہ وہ جس پودے کو چاہے high quality بتائے جس پودے کو چاہے low quality بتائے ۔ باغات لگانے والوں کے باغات کا جائزہ لینے کا معائنہ کرنے کا اسکو حق ہے ۔ اگر اس کے خیال کے نزدیک قانون کی خلاف ورزی ہو رہی ہو تو وہ اس کے پورے باغات کو اسکی پوری محنت کو اور اس کے

سرمایہ کو ضبط بھی کر سکتا ہے ۔ آپ سیکشن ۸ سب سیکشن ۲ کو دیکھیں ۔

"If a registered grower maintains a nursery which is below the standard notified under section 8, the competent authority may, after giving such owner an opp. rtunity of being heard, seize the nursery and confiscate it."

یعنی اس افسر کو اختیار ہے کہ ایک شخص پوری محنت سے نرسری تیار کرے ۔ اس میں سرمایہ لگائے ۔ پھر اپنی محنت اور اپنے خون کے قطرات اس کے اندر سمو دے اس کے بعد بھی اس افسر کو حق ہے کہ اس کی نرسری کو جب چاہے ضبط کر سکتا ہے ۔ یہ قانون ایسا ہے ۔ کہ ایک طرف اس کے initiative کو روکا اور دوسری طرف اپنے ایک افسر کو وسیع اختیارات کے ساتھ مسلط کیا اور وہ افسر جس کی دیانت و امانت کے بارے میں آپ خود شک کرتے ہیں ۔ آپ اس سے کیسے توقع رکھتے ہیں ۔ کہ وہ شخص آگے بڑھ کر اس میدان میں اور ملک کے پھلوں کی پیداوار میں اضافہ کے لیے contribution کرے گا ۔ جناب والا ۔ اس قانون کے اندر کوئی گنجائش موجود نہیں کہ اگر جس کے خلاف competent authority نے کوئی اقدام کیا یعنی اس کی نرسری ضبط کی ۔ اس کا مال ضبط کیا ۔ اور اس کو اجازت نہ دی کہ وہ باغ لگائے ۔ اس کے بعد پھر اسکا کیا حل ہے پھر وہ کس کے پاس جائے گا ۔ پھر وہ فریاد لیکر کس کے پاس جائے گا ۔ کس کے سامنے اپنی عرضداشت پیش کرے ۔ کس کے پاس اپنے دلائل پیش کرے ۔ یہی قانون کا اتنا بڑا نقص ہے ۔ کہ ایک افسر کو پورا اختیار دیتے ہیں ۔ پھر اس کے اختیارات سے جو شخص متاثر ہوتا ہے ۔ اس کو آپ کوئی اختیار نہیں دیتے کہ وہ آگے اپنی فریاد لے کر کس کے پاس جائے کہاں داد رسی کے لیے پہنچے میں سمجھتا ہوں ۔ یہ اس کے اندر اتنا بڑا نقص ہے ۔ اور پھر

بھی وزیر قانون صاحب ہم سے درخواست کرتے ہیں کہ اس کی مخالفت نہ کی جائے اور اسے پاس کیا جائے ۔ ایک درخواست میں بھی ان سے کروں گا ۔ کہ آپ آپوزیشن کی طرف دست تعاون بڑھائیں قانون کے نقائص کو تسلیم کیا جائے اور اس آرڈیننس کو واپس لے لیا جائے اور صحیح قانون بل کی صورت میں اس ایوان میں لائیں پھر ہمارے تعاون سے پاس ہو ۔ مجھے توقع ہے ۔ کہ آپ میری درخواست کو منظور فرمائیں گے ۔

ملک قادر بخش (مظفر گڑھ ۔ ۲) جناب والا ۔ میں بصد معافی عرض کرونگا کہ فاروقی صاحب اس بل کی خصوصی عرض و غائیت پر پورے طور پر غور نہیں کر سکے ۔ عرض ہے کہ جب ثمر دار درخت کا ایک ننھا سا پودا نرسری سے خریدا جاتا ہے تو اس پر ۸ سال تک محنت کرنے کے بعد کہیں جا کر پتہ چلتا ہے کہ وہ اعلیٰ نسل کے معیار پر پورا نہیں اترا اب ظاہر ہے کہ پودے کی ابتدائی قدرو قیمت کے بعد ۸ سال کی نگہداشت محنت مزدوری دیکھ بھال ضائع کر چکنے کے بعد جب پتہ چلے گا کہ خریدار کے ساتھ نرسری والوں نے دھوکہ کیا ہے تو اتنے بڑے اخراجات کا ذمہدار کون ہوگا اسلئے ضروری ہے کہ نرسری والوں کو ناقص پودا بیچنے کا اور دھوکہ دینے کا موقعہ ہی نہ دیا جائے اسلئے میرے خیال سے حکومت نے اس قانون میں ایک صحیح قدم اٹھایا ہے (نعرہ ہائے تحسین) نرسریوں کی رجسٹریشن اور سرٹیفیکیشن ضروری اور مفید ہے اگر کوئی پودے بیچنے نہیں چاہتا بلکہ اپنے استعمال کے لئے نرسری قائم کرے تو کوئی اسے منع نہیں کرتا لیکن اگر وہ پودے بیچنا چاہتا ہے تو اسکو لازماً سرٹیفیکیٹ حاصل کرنا پڑے گا ۔ جناب والا میں یہاں متعلقہ کلاز ۴ پڑھ کر سناتا ہوں ۔

" Any person desirous of raising certified seeds, fruit plants and the nursery thereof on commercial basis . . . . . "

جناب والا ۔ فاروقی صاحب نے اس کا صحیح مطالعہ نہیں کیا تھا ۔ اسلئے ذرا ٹھوکر کھا گئے یہ صرف پودے بیچنے والی نرسریوں پر اطلاق پذیر ہوگا اور انہیں سرٹیفیکیٹ لینا لازمی ہوگا ۔ سرٹیفیکیٹ کی بدولت عوام کو پتہ چل جائیگا کہ وہ کس نرسری سے صحیح نسل اور معیاری قسم کے پودے مل سکتے ہیں تاکہ عوام دھوکے سے بچ سکیں متعلقہ کلاز ملاحظہ ہو :۔

If he is once registered, if he is not, there is no penalty . . .

جناب والا ۔ جن حضرات کے باغات میں خصوصاً انور خان بلوچ صاحب وہ اگر دھوکہ میں آ کر پودے خرید لیں اور آٹھ سال بعد انکو پتہ چلے کہ پودے ناقص تھے تو پھر معاملہ علاج سے نکل چکا ہوگا اسلئے ایگریکلچر اور ہارٹی کلچر کو فروغ دینے والے زمینداروں کی امداد کے لئے ان کی exepectations کے مطابق نرسریوں کا قیام لازمی ہے اچھے ماہروں کے زیر نگرانی کام کریں اور جن کو ضروری سرٹیفیکیٹ حاصل ہونگے تاکہ کہیں کھٹے آم نہ فروخت ہو سکیں ۔ ہمارے ضلع مظفر گڑھ میں اس قسم کی ایک نرسری کے بڑے اشتہارات نکلتے تھے مگر خود نرسری Exist نہیں کرتی تھی ۔

I congratulate the Government on bringing this legislation.

Mr. Speaker : Malik Muhammad Akhtar.

ملک محمد اختر (لاہور۔۲) جناب والا ۔ جہاں تک جناب ملک صاحب کے ارشادات گرامی کا تعلق ہے مجھے ان کے خیالات عالیہ سے اختلاف ہے ۔ دوسری عالمی جنگ کے دور میں حکومت نے اشیاء کی سپلائی کے لئے سٹینڈرڈ معیار مقرر کیا تھا ۔ اور راشن ڈپو بھی مقرر کئے

تھے مگر سب لوگ جانتے ھیں کہ نہ سپلائی سٹنڈرڈ کے مطابق ھوتی تھی نہ راشن ڈپوؤں پر چیزیں سپلائی ھوتی تھیں اکثر و بیشتر اشیاء انڈر گراؤنڈ چلی جاتی تھیں ۔ اور بلیک مارکیٹ میں فروخت ھوتی تھیں ابھی حال کا واقعہ ھے کہ کھاد کی سپلائی میں بے شمار بد عنوانیاں ھو رھی ھیں اسلیئے ھم جس سوراخ سے ایک بار ڈسے چکے ھیں اسی سوراخ سے ھم دوبارہ ڈسے جانے کے لئے تیار نہیں ھو سکتے ۔ جب کبھی پرائس کنٹرول نافذ کیا گیا اشیاء کی سپلائی غائب ھو جایا کرتی ھے ۔ بلیک مارکیٹ زور پکڑتی جاتی ھے اور اصل مقصد حاصل نہیں ھوا کرتا اس لئے ھم تو حکومت کو کسی قسم کی monopoly اپنے ھاتھ میں لینے یا کسی فرم یا شخص کے میں ھاتھ monopoly دینے کے حق میں نہیں ھیں جہاں کہیں عام تجارت میں حکومت کا دخل ھو وھاں بے ضابطگیاں اور بد عنوانیاں پیدا ھو جاتی ھیں اور کبھی اچھے نتائج بر آمد نہیں ھوئے حکومت باغات کی اجارہ داری اور نرسریوں کی monopoly اپنے ھاتھ میں لے کر اپنے آدمیوں کو نوازنا چاھتی ھے مجھے تو اس قسم کے خدشات اور خطرات نظر آ رھے ھیں اور میں اس آرڈیننس کے خلاف ھوں مثال کے طور پر اس کے preamble کو لیجئے

" Whereas it expendient to provide for better production and distribution of seeds and fruit plants of high quality . . . "

میں کہونگا ۔ کہ حکومت کو کوئی دوسرا اور بہتر طریقہ اختیار کرنا چاھئے مثلاً نرسریوں کی رجسٹریشن کی بجائے گورنمنٹ خود باھر سے اچھی نسل کے پودے import کرے اور لوگوں کے پاس بیچے تو یہ بہتر ھوگا اور اگر چند افراد کو مخصوص لائسینس دیکر نرسریوں اور باغات کا کرتا دھرتا مقرر کر دیا گیا تو وہ اس اجارہ داری سے خوب اپنے ھاتھ رنگیں گے ۔ جناب والا اس قانون کا سیکشن نمبر ۳ ملاحظہ ھو :-

" Government may, by notification in the Official Gazette, specify :—

(*i*) the local areas where certified seeds, fruit plants and nurseries may be raised ;

(*ii*) the specise of seeds and fruit plants which may be raised by a registered grower in such areas ;

(*iii*) the standard which a seed, fruit plant and nursery shall attain for being certified under section 6."

ھمارا سب سے بڑا مقصد یہ ھے کہ حکومت بجائے اسکے کہ بعض باغات کے لئے علاقے مخصوص کرے اس کو چاھئے کہ وہ خود پودے پلانٹ کرے یا باھر سے درآمد کرے گورنمنٹ اشخاص اور علاقے مخصوص نہ کرے اور نہ ھی بعض مخصوص افراد کو monopoly دے بلکہ نرسری کی امپورٹ کے لئے اوپن جنرل لائسینس O.G.L. دینے کا طریقہ adopt کرے اور لوگ اچھی نرسری یا اچھے seeds import کرکے لوگوں کو واجبی قیمت پر فروخت کریں ۔ تاکہ نرسری کی ٹریڈ نشو و نما پائے اور کسی قسم کے سیاسی مقاصد نہ پورے کئے جائیں اور نہ ھی کسی قسم کی اجارہ داری قائم کی جائے ۔

اب جناب والا ۔ اس plantation پر اپنا پنجہ اور قابو رکھنے کیلئے جو طریق کار اختیار کیا گیا ھے ۔ اس کا ذکر section 4, sub-section (1) میں ھے ۔

"Any person desirous of raising certified seeds, fruit plants and the nursery thereof on commercial basis and possessing such qualifications as may be prescribed, may apply, in the prescribed manner, to the competent authority for registration under this Ordinance."

یعنی یہ وہ طریق کار ھے جس کی بنا پر یہ جن لوگوں کو نوازنا چاھینگے ۔ ان کو لائسنس دیدینگے ۔ ان کو رجسٹر کر دیا جائیگا ۔ اور یہی لوگ ھونگے جو بالآخر اچھے بیج تجارتی اغراض کے لئے درآمد کرسکیں گے ۔

اس کے بعد اسی سیکشن کا سب سیکشن ۲ ھے ۔

(2) If such person is approved. . .

میں جناب ملک قادر بخش صاحب سے نہایت ادب سے دریافت کرونگا کہ وہ مجھے اس phrase کا مطلب سمجھا دیں ۔

(2) If such person is approved by the competent authority his name shall be entered in a register to be maintained by the competent authority for that purpose.

Malik Qadir Bakhsh : Your name will be approved.

ملک محمد اختر—جناب والا ۔ میں اس خدشے کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ competent authority یقیناً ان لوگوں کو approve کریگی ۔ جو گورنمنٹ کے منظور نظر ہوں ۔ یہ competent authority پورے طورے پر مجاز ہے کہ وہ جس شخص کا چاہے نام درج کرے اور جس کا نام چاہے مسترد کر دے ۔ اب آپ خود ہی بتائیے کہ ایک شخص جس کا ۱۰-۲۰ یا ۵۰ ایکڑ رقبے میں مستند باغ ہو ۔ لیکن وہ حکومت کے ساتھ نہ ہو ۔ اور بہتر بیج درآمد کرنا چاہتا ہو ۔ آپ نے تو اس کے راستے میں ایک دیوار کھڑی کر دی ہے ۔ اب اس کے لئے کونسی گارنٹی یا طریق کار ہے اور آپ کی درآمد و برآمد کی policies کو کسی عدالت میں بھی چیلنج نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہاں پر بھی آپ نے بڑے Riders لگائے ہیں ۔ لیکن آپ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کر سکتے کہ جو لوگ آپ کی سیاسی مصلحتوں کی موافقت کرینگے ۔ ان کو تو آپ ہر قسم کے لائسنس وغیرہ دینگے ۔ لیکن جو لوگ گورنمنٹ کے مخالف ہونگے ۔ ان کو آپ بالکل محروم کر دینگے ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان—پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔

جناب والا ۔ ملک صاحب نے فرمایا ہے کہ جو لوگ گورنمنٹ کے مخالف ہیں ۔ ان کو لائسنس نہیں دئے جائینگے ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتی ہوں کہ وہ کون لوگ ہیں جو گورنمنٹ کے مخالف ہیں ؟

Mr. Speaker : The Member can reply to Begum Sahiba as a personal explanation. And this is not a point of order.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Point of order. The Export and Import policy relates to the Government of Pakistan and not the Provincial Government.

Khawaja Muhammad Safdar : This Ordinance refers to the import of seeds. 5 (2) reads :

> "A rigistered grower shall, if so required by the competent authority, *import seeds or fruit plants* of such specifications as may be laid down by the competent authority "

ملک محمد اختر۔۔جناب والا ۔ میں کس کس شخص کی نشاندھی کروں کہ کون گورنمنٹ کے ساتھ ھے اور کون گورنمنٹ کے مخالف ھے ۔ بہر حال میں اپنے موضوع کی طرف آتا ھوں ۔ سیکشن ۴ سب سیکشن ۲ کہتا ھے ۔

> " The competent authority shall issue to such person a registration certificate in the prescribed form specifying the seeds, the fruit plants and the nursery thereof which he shall be entitled to raise."

میں سمجھتا ھوں ۔ اس طریق کار کی بجائے اگر یہ بیجوں اور اشیائے خوراک کے لیے open general licence کا طریق کار رکھا جائے تو اس سے آپ کے وہ بڑے بڑے دعوے جو آپ نے اپنے تیسرے پنج سالہ منصوبے میں کئے ھیں ۔ پورے ھو جائیں گے ۔ اور زراعت کا وہ target جو آپ نے اس میں رکھا ھے ۔ وہ بھی بہت جلد حاصل ھو جائیگا ۔ اس قسم کی رجسٹریشن میں مجھے سب سے بڑا خدشہ یہ نظر آتا ھے کہ اس کے تحت abuse of power کے ذریعے صرف بعض لوگوں کو نوازا جائیگا ۔ جسے میں سراسر مفاد عامہ کے خلاف سمجھتا ھوں ۔ کیونکہ اس قسم کی کوئی بھی رکاوٹ ایک young ملک کے راستے میں جس کی ابھی نشو و نما ھو رھی ھو ۔ نہیں ھونی چاھئے اور بالخصوص ایک ایسے ملک

میں اس قسم کی کوئی قید نہیں ہونی چاہئے جس کے plan میں زراعت کے اتنے بڑے بڑے targets رکھے گئے ہوں ۔

اب جناب والا ۔ سیکشن ۵ کے سب سیکشن ۲ کی طرف آئیے ۔

" A registered grower shall, if so required by the competent authority, import seeds or fruit plants of such specifications as may be laid downby the competent authority."

یعنی جسے آپ رجسٹر کرتے ہیں ۔ اس کی درآمدی پالیسی کو بھی آپ محدود کر رہے ہیں ۔ بالفاظ دیگر جس چیز کو آپ چاہیں گے ۔ وہ صرف وہی درآمد کریگا ۔ اور اسی کے مطابق اپنے باغات کی نشو و نما کریگا ۔ وہ صرف وہی کچھ کریگا ۔ جو آپ کی مرضی کے مطابق ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ آزاد تجارت پر ایک اور پابندی ہے ۔ جو ہمارے آئین کے تحت بھی نہیں لگائی جا سکتی ۔

جناب والا ۔ اب سیکشن ۷ سب سیکشن (۱) کو لیجئے وہ شخص جو بیج درآمد کریگا ۔ وہ اس کے بعد اسے تقسیم کس طرح کرے گا ۔ اس میں اسکا طریقہ بتایا گیا ہے ۔

The certified seeds produced by a registered grower shall be disposed of in such manner as may be prescribed.

قواعد کی غیر موجودگی میں میں نہیں سمجھ سکا ۔ کہ وہ کس قسم کے قواعد prescribe کرنے والی ہے ۔ بہر حال بیجوں کی درآمد کے بعد ان کی تقسیم کے طریق کار پر جو rider لگایا گیا ہے ۔ میرے نزدیک یہ قابل اعتراض ہے ۔

اور اب سیکشن ۷ کا سب سیکشن ۲ یہ ہے ۔

" Out of the certified seeds produced by a registered grower, such quantity as may be allowed by the competent authority, shall be retained by him for his own use The remaining seeds shall, subject to the payment of price in advance, be sold by him to Government or the competent authority. Where the price has been so paid, the registered grower shall, subject to the payment of charges for storage, make arrangements for storage thereof until delivery is taken in pursuance of the sale. . . . . "

یہ وہ طریق کار ہے جس کے ذریعے ان بیجوں کی تقسیم کو مکمل طور پر راشن کر دیا گیا ہے ۔ اور ان پر کنٹرول عائد کیا گیا ہے ویسے راشن اور کنٹرول کی قباحتوں کے متعلق تو میں پہلے ہی عرض کر چکا ہوں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر اس چھوٹی سی تجارت کے لیے اتنے بڑے آرڈیننس کی اتنی لمبی چوڑی دفعات اور ان restrictions کی ضرورت ہی کیا تھی ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر اس کے consequences کیا ہوں گے ۔ بہر صورت میں یہ جانتا ہوں اور پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس قانون کے نفاذ سے جن نتائج کی حکومت توقع رکھتی ہے ۔ اس monopoly کے طریق کار سے اس کے بالکل adverse consequences ہونگے ۔

جناب والا ۔ اب دفعہ ۷ کا سب سیکشن ۳ کافی اہم ہے ۔

" For the purposes of sale of certified fruit plants and products of certified nurseries outside the local area specified under sub-section (3) of Section 1, the competent authority may require a registered grower to sell fruit plants and products of nursery to such persons and at such reasonable rates as may be specified by the competent authority, . . "

اب آپ ہی بتائیے کہ ان دفعات کے بعد جن کا میں نے آپ کے سامنے ذکر کیا ہے ۔ ان plantation اور باغات کو بالکل کنٹرول اور monopolise نہیں کر دیا گیا ؟

اس کے بعد سیکشن ۸ کا سب سیکشن ۴ دیکھئے ۔

" Whoever, not being a registered grower, raises a nursery of fruit plants of any quality on commercial basis shall be liable on conviction before a Magistrate of the First Class to a fine not exceeding one thousand rupees and, where the offence is continued after conviction, to a further fine of fifty rupees for each day during which the offence is continued.

اگر آپ کسی کو نوازنا ہی چاہتے تھے تو آپ اس کو بہتر بیج کی درآمد کا لائسنس دے دیتے - اس طرح تو آپ نے اس کی باقی کلاس پر بھی پابندی لگادی ہے - جس کی وجہ سے وہ لوگ اس قسم کی plantation نہیں کر سکیں گے - جب آپ growers کو آئندہ رجسٹر کرینگے - تو آپ خود ہی بتائیے کہ یہ پابندی نہیں تو اور کیا ہے - اس معصوم تجارت اور کاروبار پر آپ نے یہ جو ناروا قسم کی بندشیں لگائی ہیں - تو آخر ان سے آپ کا منشاء کیا ہے ؟ مجھے تو اس میں کوئی معقولیت نظر نہیں آئی اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو فی‌الحال یہ آرڈیننس واپس لینا چاہئے - اور اس کی بجائے growers کو اس قسم کی سہولتیں دینا چاہئیں جن سے وہ registered growers کی قباحتوں میں نہ پڑیں - تاکہ ان سہولتوں سے plantations بہتر ہوں اور ہمارا ملک زرعی طور پر بھی ترقی کر سکے -

مسٹر سپیکر—مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦)—جناب سپیکر - جناب وزیر قانون جن کا نام کافی لمبا ہے - یعنی جناب غلام نبی بھ وریال میمن - اگر وہ ہمیں تجارت یا سیاست کے بارے میں کوئی مشورہ دیتے تو ہم بصد شکریہ قبول کر لیتے - کیونکہ ایک میمن ہونے کی حیثیت سے تجارت میں - اور اس گورنمنٹ کا ایک وزیر ہونے کی حیثیت سے سیاست کا ان کو بڑا وسیع تجربہ ہے - انہوں نے یہ آرڈیننس پیش کیا ہے میں اسے ان کے بھولے پن پر محمول کرتا ہوں - اور جناب قادر بخش صاحب نے جو تقریر فرمائی - اس سے میں سمجھتا ہوں کہ وہ اپنی پرانی غلطیوں کا ازالہ کر رہے ہیں - (قہقہہ) اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان کو یہ وہم بھی ہو کہ میں اب

بھی وزیر ہوں - اور بحیثیت وزیر زراعت وہ اس کی حمایت پر مجبور ہوں - اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس قسم کے نکمے آرڈیننس کی بنیاد ان ایام میں رکھی گئی ہو - جب وہ وزیر زراعت تھے -

اس لئے ان کا فرض تھا کہ ان کی حمایت کرتے - ہر معاملہ میں حکومت کی مداخلت لوگوں کے لئے پریشانی کا موجب بنتی ہے خاص طور پر چھوٹے کاشتکاروں کے لئے یہ لوگ سادہ ہوتے ہیں - دفتروں کی کارروائی کو پورا کرنا ان کے لئے محال ہوتا ہے ان سادہ لوگوں یعنی کاشتکاروں کی سادگی سے دفتر والے نا جائز فائدہ اٹھاتے ہیں - اگر آپ کاشتکار کو مراعات اور سہولتیں بہم پہنچانا چاہتے ہیں تو اس کے دروازہ پر لے جائیں چہ جائیکہ آپ انہیں مجبور کریں کہ وہ خود درخواست دے - آپ کو چاہئیے کہ آپ خود سٹور کریں اور درآمد شدہ بیج ان کو دیں - یہ حقیقت ہے کہ عام کاشتکار کی بہت کم تعداد اس کام کو بہ طریق احسن انجام دے سکتی ہے - محکمہ والے تو بڑے ہوشیار ہوتے ہیں لیکن کاشتکار فطرتاً سادہ ہوتا ہے اس کو معلوم نہیں ہوتا کہ دفتری کارروائی کے علاوہ اور بھی بہت کچھ کرنا ہوتا ہے ان کی اکثریت اس معیار پر پورا نہیں اتر سکتی جس پر بدقسمتی سے محکمہ زراعت ان کو لانا چاہتا ہے - افسوس یہ ہے کہ محکمہ جات میں آج کل دوڑ ہے - کہ وہ زیادہ سے زیادہ اختیارات حاصل کریں آپ کو علم ہے کہ وہ شخص جس کو اپنے فرائض بطریق احسن انجام دینے ہوں اور دیانتداری سے سر انجام دینے ہوں اور اسے اپنی ذمہ داری کا احساس ہو - تاریخ میں ایسی کئی مثالیں ملتی ہیں کہ نیک نیت اور ایمان دار آدمیوں کو اگر بڑے سے بڑا عہدہ دیا گیا تو انہوں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا مگر جب

اس پر اس عہدہ کی ذمہ داری اس پر ڈال دی گئی تو وہ اللہ کے سامنے گڑگڑائے ۔ اور انتہائی پریشان رہتے اور انتہائی کوشش کرتے کہ جس طرح بھی ہو اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے انجام دیں ۔

جناب والا ۔ ہمارے ملک میں اختیارات حاصل کرنے کی ایک دوڑ ہے ۔ یہ دوڑ اس لئے ہے کہ جب اختیارات حاصل ہوں تو ان سے نا جائز فائدہ اٹھایا جائے دراصل حکومت کو کاشتکاروں کا مفاد مقصود نہیں ۔ مثلاً اے ڈی سی چاہتی ہے کہ کھاد کی تقسیم اپنے ذمہ لے لے ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔حمزہ صاحب تمہید سے اب آگے بڑھئے اور اس آرڈیننس کے متعلق کچھ ارشاد فرمائیں ۔

مسٹر حمزہ۔۔۔میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس آرڈیننس کو کیوں لایا گیا ۔ اور ایسے محکمے کو جو پہلے ہی اپنے فرائض صحیح طور پر انجام نہیں دے رہا تھا ۔ اس کو مزید ذمہ داریاں سونپی جا رہی ہیں ۔ یہ کہا جا رہا ہے اور یہ حقیقت بھی ہے کہ حکومت کروڑہا روپیہ محکمہ زراعت پر خرچ کر رہی ہے ۔ چونکہ پاکستان زرعی ملک ہے ۔ یہاں زراعت کو باقی تمام sectors سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے ۔ لیکن میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ اس سے پہلے حکومت کی طرف سے بھی نرسریز قائم کی گئی تھیں اور حکومت کی نرسریز سے جو بھی پھلدار پودے خریدے جاتے تھے ان کے بارے میں یہ توقع ہوتی تھی کہ وہ لازماً اس کاشتکار کے مقابلہ میں بہتر ہوں گے جو انہیں اپنے طور پر اگاتے تھے ۔ وہ لوگ trained تو ہوتے نہیں ۔ لیکن ہوا یہ ہے کہ گورنمنٹ کی نرسریز ہوتے ہوئے اکثر اوقات لوگ پرائیوٹ لوگوں

سے پھلدار پودے یا بیج خریدنا پسند کرتے ہیں ۔ اس کی وجہ کیا تھی ؟ اگر آپ چھوٹے پیمانہ پر بھی اس تجربہ کو کامیاب نہیں کر سکے ۔ اسکو مزید وسعت کیوں دے رہے ہیں ۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ گورنمنٹ کی نرسریز سے جو پودے خریدے جاتے ہیں وہ گھٹیا قسم کے ہوتے ہیں ۔ وہ اچھی طرح نشو و نما پائے ہوئے نہیں ہوتے ۔ اور جب لوگ ایسے پودے خرید کر کے لے جاتے ہیں تو وہ پھلتے پھولتے نہیں ۔ مجھے پچھلی رات ہی میرے ایک دوست نے بتایا جو کاشتکار ہیں اور انہوں نے باغ بھی لگایا ہوا ہے ان کے پاس نرسری بھی ہے لائل پور میں زراعتی کالج کی حالت یہ ہے کہ پودے نرسری میں فروخت ہوتے ہیں لیکن انہیں محکمہ زراعت کے افسران کے بنگلوں پر اگایا جاتا ہے ۔ ان کی کوالٹی یہ ہوتی ہے کہ وہ کسی افسر کے بنگلہ پر پالے گئے ہوتے ہیں وہاں ان کی نشو و نما پائی ہوتی ہے پھر اس کوالٹی کے پودے لوگوں پر ٹھونسے جاتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ جب محکمہ کی کار گذاری کی یہ حالت ہو تو پھر ہم کیسے توقع رکھیں کہ یہ محکمہ مغربی پاکستان کیلئے بہترین قسم کے پھلدار پودے اور بیج مہیا کر سکے گا ۔ اس وقت وزیر قانون باہر تشریف لے گئے ہیں ورنہ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا کہ حکومت کی طرف سے کپاس اگانے پر کنٹرول ہے اس کے لئے باقاعدہ زون مقرر کئے ہوئے ہیں تاکہ خاص زون میں خاص قسم کی کپاس اگائی جائے ۔ کاٹن کنٹرول ایکٹ سابقہ پنجاب میں تو پہلے ہی نافذ تھا اب سندھ میں بھی نافذ کیا جائے گا میں سندھیوں کو آگاہ کرتا ہوں ۔ لیکن آپ کو معلوم ہے کہ زون سے کپاس باہر لے جانے پر پابندی ہے بغیر اجازت

کپاس زون سے باھر لے جانا جرم ھے - لیکن درحقیقت کپاس رشوت کے زور سے ایک زون سے دوسرے زون میں جاتی رھتی ھے - اسی طرح زون میں کپاس کی کاشت بھی سوچی سمجھی سکیم کے تحت نہیں کروائی جاتی - ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کئی سال کا ان لوگوں کو تجربہ ھے وھاں کپاس کی وہ کوالٹی حکومت نے منظور کی ھوئی ھے یا مقرر کی ھوئی ھے جسے ایل ایس ایس کہتے ھیں اسکے مقابلہ میں تحصیل کونسل کے ریکارڈ سے ظاھر ھے کہ وھاں کی آبادی کئی سال سے یہ مطالبہ کر رھی ھے کہ L S S کی بجائے ۳۰۷ قسم کی کپاس بونے کی اجازت دی جائے کیونکہ ایل - ایس - ایس کے مقابلہ میں ۳۰۷ کوالٹی زیادہ کامیاب اور منافع بخش ھے - اور اسکی فی ایکڑ پیداوار زیادہ ھے - کاشتکار کیلئے بھی مفید ھے اور ملک کے لئے بھی - لیکن انتہائی کوشش کے باوجود گورنمنٹ اس بات پر مصر ھے کہ وھاں ایل - ایس - ایس ھی بوئی جائے - اسکے ساتھ ساتھ میں یہ حقیقت بھی حکومت کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اس قانون کی رو سے کپاس کی نقل و حمل پر پابندی ھے - اسکی وجہ سے رشوت ستانی اس قدر ھے کہ اسکی کوئی انتہا ھی نہیں - آپ جس قسم کی کپاس چاھیں باھر لے جا سکتے ھیں آپ کو صرف رشوت دینا پڑے گی - کاٹن کنٹرول انسپکٹر موجود ھوتے ھیں وہ رشوت لے لیتے ھیں - میں عرض کرتا ھوں کہ اس قانون کے تحت بھی یہی کچھ ھوگا - محکمہ کے کارندوں نے تو صرف سرٹیفیکیٹ دینا ھوتا ھے کہ یہ پودہ جات بہترین کوالٹی کے ھیں سمیاری ھیں اسلئے ان کو خریدا جائے - ھر شخص وھی پودے خریدنے پر مجبور ھوگا - اس کے علاوہ کسی کو اجازت نہیں کہ تجارتی بنیادوں پر نرسری لگائے - جب رشوت لے کر ایک کمزور پودے کو یہ کہہ دیا جائے گا

کہ بہت اچھی کوالٹی کا ہے بہت اچھا ہے بڑی آسانی سے پھلے گا پھولے گا ۔ تو اس کا فائدہ کسی افسر کو پہنچے گا یا Registered grower کو ۔ اور دوسری طرف عام کاشتکاروں کا نقصان ہوگا ۔

جناب ملک اختر صاحب نے فرمایا تھا کہ حکومت نے یہ ہنگامی قانون جاری کر کے بڑا مایوس کیا ہے ۔ کیونکہ حکومت اس قانون کو سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے استعمال کرے گی ہوسکتا ہے حکومت اسے محض الزام تراشی گردانے ۔ مگر میں کہوں گا ۔ کہ یہ حقیقت ہے ۔ حکومت نے کریمنل لا امنڈمنٹ ایکٹ نافذ کیا اس کے تحت جرگے کے ممبروں کی نامزدگی محض سیاسی نقطہ نظر سے کی گئی ۔

Mr Speaker : The Member is not relevant.

مسٹر حمزہ۔۔جناب اب میں محکمہ زراعت کی طرف آتا ہوں ۔ ہمارے کاشتکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے مارکیٹ کمیٹی ایکٹ موجود ہے ۔ میں مثال دیتا ہوں ۔ کہ محکمہ زراعت کا کام ہے ۔ کہ اسکے ممبر نامزد کرے ۔

Mr. Speaker : The Member is again relevant.

مسٹر حمزہ۔۔جناب سپیکر ۔ انکی معیاد گزرے ڈیڑھ سال سے زیادہ عرصہ گذر گیا یعنی ممبر زائد المعیاد ہوگئے لیکن آج تک نئے ممبروں کی نامزدگی نہیں کی گئی ۔

Mr. Speaker : I am sorry Mr. Hamza is again not relevant.

مسٹر حمزہ۔۔جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ جن لوگوں کو سرٹیفیکیٹ دیا جائیگا ۔ کہ ان کے پردے اچھے ہیں ۔

اس میں بھی سیاست کو دخل ہوگا ۔ یہ ہر کام میں سیاست کو لے آئے ہیں ۔ اور سیاست بھی بڑے گھٹیا درجہ کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔اگر بڑھیا ہو تو مان بھی لیجائے ۔

مسٹر حمزہ۔۔یقین کیجئے کہ اس سے ملک کو بہت نقصان ہوگا ۔ اب میں مسودہ قانون کو سیکشن وائز لیتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔۔مسٹر حمزہ میں نے آپ کو ایک دفعہ پوائنٹ آؤٹ کیا کہ آپ relevant نہیں ہیں ۔ پھر دوسری دفعہ پوائنٹ آؤٹ کیا ۔ پھر تیسری بار بتایا کہ آپ relevant نہیں ہیں ۔ اسکے بعد میرے پاس سوائے اس کے کوئی طریقہ کار نہیں ہے ۔ کہ میں آپ سے کہوں کہ آپ تشریف رکھیں ۔

مسٹر حمزہ۔۔جناب اب میں سیکشن وائز لے رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر۔۔نہیں اب آپ تشریف رکھیں ۔مسٹر میمن ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I would like to say something Sir.

Mr. Speaker : Yes, please.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)۔۔جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون کا مطلب جو میرے محترم بزرگ اور دوست ملک قادر بخش صاحب نے اپنی تقریر کے ابتدا میں نکالا ہے ۔ اگر وہی مطلب میں بھی نکال سکتا تو شاید مجھے اسکے خلاف کہنے کی گنجائش نہ ہوتی ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ میں وہ مطلب نہیں نکال سکتا یعنی یہ کہ ''عام لوگ بھی اپنی نرسری پیدا کر سکتے ہیں ۔ بیج پیدا کر سکتے ہیں اور ان کو تجارتی نقطہ نظر سے فروغ دے سکتے ہیں اور ان کی تجارت کر سکتے ہیں'' ۔ لیکن اس آرڈیننس کے

بعد یہ ممکن نہیں بلکہ ایسا کرنے والے کو اس ہنگامی قانون کے سیکشن ۸ - ضمنی سیکشن ۴ کے تحت سزا دی جاسکتی ہے - اور اگر وہ دوبارہ جرم کرے تو مزید یومیہ جرمانہ کی حد تک اسکو سزا دی جا سکتی ہے - اسلئے جناب والا - یہ دراصل بیج پیدا کرنے اور ثمردار پودوں کے پیدا کرنے پر ایک بہت شدید قسم کا کنٹرول کیا گیا ہے ہمیں اس نقطہ نظر سے اسکو دیکھنا ہے - کہ جناب محترم وزیر قانون نے یہ ارشاد فرمایا تھا - کہ اس ہنگامی قانون سے ہماری بیجوں کی پیداوار میں اور اسی تناسب سے ہماری زرعی پیداوار میں پھلدار درختوں کے پودوں اور اسی تناسب سے پھلوں میں اضافہ ہو جائیگا - میں یقین سے اور وثوق سے کہتا ہوں - کہ جناب وزیر قانون کا یہ دعویٰ درست نہیں ہے - بلکہ ہماری زرعی پیداوار کو نقصان پہونچے گا - وہ یقیناً کم ہوجائے گی ہمارے پھلدار درختوں کی تعداد کم ہو جائے گی - آئیندہ پھلدار درخت لگانے یا باغات لگانے کے شوقین اسطرف کم رجوع کریں گے - کیونکہ اس قانون سے اس میں خاصی دشواریاں ہو جائیں گی -

جناب والا - میں حیران ہوں - کہ اس قانون کی جو دشواریاں ہیں ان کو غالباً پورے طور پر پیش نظر نہیں رکھا گیا - اور اگر رکھا گیا ہے - تو شاید اسی وجہ سے سیکشن (۱) میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے - کہ جس علاقہ پر حکومت چاہے گی - وہاں اسکا اطلاق ہوگا اور جس قسم کے بیجوں پر حکومت چاہے گی ان پر اسکا اطلاق ہوگا - اور جس قسم کے پھلدار پودوں کے متعلق حکومت چاہے گی ان پر اسکا اطلاق ہوگا باقی پر نہیں ہوگا - یہ ساری کی ساری کلاز اگر موجود نہ ہوتی تو یہ ہماری

زرعی معیشت کو ستیاناس کر دیتا ۔ جناب والا ۔ میں اسکی اسطرح وضاحت کروں گا ۔ کہ اسوقت اے ۔ ڈی ۔ سی کارپوریشن کے پاس بہت سے seed farms ہیں ۔ لیکن وہ بیج جو ان فارموں میں پیدا ہوتے ہیں و ناکافی ہیں ۔ اے ۔ ڈی ۔ سی کو خود بازار سے لاکھوں من مقدار میں بیج خرید کر پھر ان کو کیمیاوی طریقہ سے treat کرنے کے بعد کاشتکاروں کے پاس فروخت کرنا پڑتا ہے ۔ اگر یہ قانون سارا کا سارا صوبے پر عائد ہوجائے تو اے ۔ ڈی ۔ سی خود بیج جو بازار سے اور منڈیوں سے خریدتی ہے ۔ نہ خرید سکے گی اسکا نتیجہ یہ ہوگا ۔ کہ کیمیکل treated بیج جو آجکل اے ۔ ڈی سی اپنی بوریوں میں اپنے سٹاکسٹ کے پاس رکھتی ہے ۔ او جسے زمیندار خریدتے ہیں ۔ وہ یقیناً نہ مل سکیں گے ۔ وہ میسر نہیں آئیں گے ۔ اور صورت حال ایسی ہو جائیگی کہ بازار میں پیدا کرنیوالے ہی نہیں رہیں گے ۔ بازار میں بیج ہی نہیں آئے گا ۔ کمرشل basis پر پابندی ہوجائیگی ۔ جناب والا ۔ اسطرح ہمارے ملک میں خصوصیت سے اس صوبے میں دوسرے صوبوں میں تو پھل وافر ہیں ۔ اس صوبے میں قیام پاکستان کے وقت پھل نہایت ہی قلیل تھے ۔ یعنی سنگترہ نہیں تھا ۔ آم نہیں تھا ۔ کیلا نہیں تھا ۔ ہم سارے کے سارے ہندوستان سے امپورٹ کرتے تھے ۔ زمینداروں نے اپنے شوق کی بنا پر اور اس منفعت کی بنا پر جو انہیں باغات سے حاصل ہوتی ہے ۔ اور ان کی کوششوں سے . . . .

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو)۔۔اور محکمہ زراعت کی کوششوں سے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔اور محکمہ زراعت کی کوششوں کے باوجود انہوں نے اس صوبے میں اس حد تک پھلدار درخت لگائے ہیں ۔ کہ

اس وقت نہ صرف آم میں ہم خود کفیل ہیں ۔ اور سنگترہ میں خود کفیل ہیں ۔ اور اسکے علاوہ نہایت عمدہ قسم کے کینو وغیرہ بھی ہم نے پیدا کئے ہیں ۔ جن کو ہم اکسپورٹ کرسکتے ہیں ۔ اگر ہمارے پاس مواقع ہوں ۔ اور ذرائع ہوں ۔ لیکن بعض چیزیں تو یہاں بہت زیادہ پیدا ہو رہی ہیں ۔ مثلاً کیلا ہم بہت افرات سے پیدا کر رہے ہیں ۔ خصوصیت سے جنوبی ریجن میں نہایت عمدہ قسم کا کیلا پیدا کر رہے ہیں اور وہ آسانی سے ہندوستان کے پیدا کردہ کیلے کا مقابلہ کر سکتا ہے ۔ لیکن اگر اس قسم کی رکاوٹیں جو اس قانون کے ذریعہ سے ہمارے فاضل وزیر قانون اب پیدا کرنا چاہتے ہیں عائد کی گئیں تو ان سے ملک کی معیشت کو نقصان ہوگا ۔ آج سے دس سال پہلے ہمارے یہاں پھلوں میں کچھ نہ تھا ۔ اگر اس قسم کی پابندیاں ہوتیں تو پھلوں سے ہم آج بھی محروم ہوتے اور آج بھی ہم تلاش کرتے کہ ہندوستان کا کیلا کہاں سے مل جائے ۔ جو ہم کھائیں ۔

Mr. Hamza : Point of order. The House is not in quorum

Mr. Speaker : Let there be a count (*count was taken*) The House is not in quorum, let the bells be rung. (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum.

خواجہ محمد صفدر--جناب والا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ اس قسم کے قانون اور اس قسم کی پابندیاں آج سے چند سال پیشتر عائد ہو جائیں جو کہ اسوقت فاضل وزیر قانون کا منشاء ہے کہ اب عائد کر دیجائیں ۔ تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے سبھی اصحاب اور معزز اراکین مجھ سے اتفاق فرمائیں گے ۔ کہ ہم آج ان تمام پھلوں سے محروم ہوتے ۔ جن کو کہ ہم export کرنے کی حد تک پہنچ چکے ہیں ۔ جناب

والا مجھے اس ضمن میں اس معزز ایوان کے معزز ارکان کی توجہ ایک اور جانب بھی دلانا ہے ۔ کہ ہمارا محکمہ زراعت نہ صرف seed farms پر بلکہ لاکھوں اور کروڑوں روپیہ کے حساب سے اس مد پر خرچ کر رہے ہیں ۔ کہ وہ ہمارے باغات کو spray کریں ۔ اگر کہیں کوئی بیماری کسی فصل میں پیدا ہوجائے تو اسکو رفع کریں ۔ plant protection جس کے لیے ہم لاکھوں روپیہ صرف کر رہے ہیں ۔ اس کے باوجود بھی اگر ہم کامیابی سے کام نہیں کر سکتے ۔ تو ان پابندیوں سے ہم کیسے کامیاب ہونگے ۔ مثال کے طور پر اگر میرے پاس ایک نرسری ہے ۔ اور میں اس کو کمرشل basis پر چلانا چاہتا ہوں ۔ تو میں پہلے اس کو رجسٹر کراؤنگا ۔ پھر میرے امداد کے لیے بقول ان کے محکمہ زراعت کی plant protection team موجود ہے ۔ وہ میرے باغ میں آ کر spray کرے گی ۔ اور اس کی دیکھ بھال کرے گی ۔ مجھے ہدایت کریگی کہ ان پودوں کی اس طرح نگہداشت کرنی چاہئیے اس طرح نہیں کرنی چاہئیے تو اس لحاظ سے اگر آپ دیکھیں تو یہ قانون ہمارے راستے میں بہت بھاری رکاوٹ بن جائیگا ۔ اور آئندہ زرعی ترقی میں خصوصیت سے بیج پیدا کرنے میں پھلوں کے پیدا کرنے میں ہمارے لیے دقت کا باعث ہوگا ۔ جناب والا اس ضمن میں آپ کی خدمت میں یہ بھی گذارش کرنی چاہتا ہوں ۔ کہ تجربہ نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ ہمارے govt. farms جہاں کہ پودے محکمہ زراعت کی زیر نگرانی بیج پیدا کئے جاتے ہیں وہ بازار میں خریدار نہ ملنے کی وجہ سے پڑے رہتے ہیں ۔ اور وہ بیج جو کہ پرائیویٹ طور پر لوگ پیدا کرتے ہیں یا اپنی اپنی نرسریوں میں sapplings یا پودے جو لوگ پیدا کرتے ہیں ۔ ان کی مانگ زیادہ ہوتی ہے ۔ لوگ زیادہ تر وہ خرید کرتے ہیں ۔ اس کی ایک وجہ ہے جناب ۔

ایک پرائیویٹ آدمی کی یہ کوشش ہوتی ہے ۔ کہ میرا مال اچھے سے اچھا ہو اور میری لیک نامی ہو جس سے کہ اس کے گاہکوں میں اضافہ ہو ۔ اس کے برعکس گورنمنٹ کے افسران کو باقاعدہ تنخواہ ملتی ہے ۔ اور سال کے بعد ان کو ترقی بھی ملتی ہے ۔ اس لیے انہیں پرواہ نہیں ہوتی کہ ان کے seed farms میں بہتر قسم کے بیج پیدا ہو رہے ہیں یا نہیں ہو رہے ۔ یا ان کی نرسریوں میں جو پھلدار پودے اگائے جا رہے ہیں ۔ ان کی نشو و نما کا بہتر انتظام ہے یا نہیں ہے ۔ اس لیے یہ personal incentive جو ہوتا ہے وہ غائب ہوجاتا ہے ۔ تو جب تک یہ personal incentive غائب رہتا ہے ۔ اور ایک آدمی کو توقع نہ ہو کہ اس کو اسکی محنت کا پھل ملے گا ۔ تو وہ محنت کرنے سے جی چرائے گا ۔ مگر جب اسے پتہ چلے کہ میری محنت کا پھل یا نتیجہ مجھے مل رہا ہے ۔ یا میری محنت کا انعام مجھے ملے گا ۔ تو وہ یقیناً محنت سے کام کرتا ہے ۔ وہ زیادہ کوشش کرتا ہے ۔ اور زیادہ تن دہی سے کام کرتا ہے ۔ تو اس لحاظ سے بھی یہ آرڈیننس ناقص ہے کہ ان لوگوں کا incentive روک دیتا ہے ۔ اور اس کے برعکس ایک مخصوص طبقہ پیدا کرتا ہے ۔ جو کہ certified یا registered seed growers ہوں گے ۔ ان کے علاوہ دوسروں کو اجازت نہ ہوگی ۔ اور وہ competitive market میں سے نکل جائیں گے اور وہ لوگ monopoly بنائیں گے ۔ جس طرح وہ چاہیں گے کام کریں گے ۔ اور بیجوں کو استعمال میں لائیں گے ۔ خاص کر اس قانون میں کئی خرابیاں کنٹرول کی وجہ سے پیدا ہوجائیں گی ۔ ہماری حکومت کی اسوقت تک یہی پالیسی رہی ہے ۔ اور اس کا بار بار اعادہ کیا جاتا ہے ۔ اور میں تسلیم کرتا ہوں کہ آج تک پالیسی یہ رہی ہے ۔ کہ وہ ہر قسم کے کنٹرول کے خلاف ہے اور اس پر فخر کیا جاتا ہے کہ

ہم نے گذشتہ پانچ سالوں میں کئی قسم کے جو کنٹرول ہیں ۔ ان کو ہٹا دیا ہے ۔ یا کم از کم انکی سختی کو نرمی سے تبدیل کر دیا ہے ۔ میرا خیال ہے کہ یہ چیز بنیادی پالیسی کے خلاف ہے ۔ اس سے seed regimentation نہیں ہوگی بلکہ initiative ایک فرد کے ہاتھ میں ہوگا ۔ جناب والا ۔ اسی بنا پر ہی نہیں بلکہ آخری وجہ یہ بھی میری مخالفت کرنیکی ہے ۔ کہ آخر اتنی جلدی کیا پڑی تھی ۔ کہ اس آرڈیننس کو نافذ کیا جاتا ۔ جناب والا ۔ غور فرمائیے کہ اس کی نوٹیفیکیشن ۳۱ مئی کو ہوئی اور یہ ایوان جناب والا ۹ تاریخ کو اکٹھا ہوا یعنی آٹھ دن کے بعد یہ ایوان مجتمع ہو رہا تھا ۔ جناب وزیر قانون نے قطعاً غور نہیں فرمایا کہ آٹھ دن کیوں نہ انتظار کر لیا جائے اور بلا وجہ اس آرڈیننس کو اس شکل میں اس صوبے پر تھوپ دیا گیا ہے ۔ اور اس کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے ۔ جناب والا ۔ اگرچہ میں پہلے کئی ایک آرڈیننسوں پر کہہ چکا ہوں کہ وہ اس ایوان کے لیے باعث ہتک ہیں ۔ اور اس ایوان کے اختیارات اس طرح غصب کیے جارہے ہیں ۔ اور اس صوبے کے پانچ کروڑ افراد سے مذاق کیا جارہا ہے ۔ انتخابات کے بعد نمائندوں کو چن چن کر بلایا لیا گیا ہے ۔ وہ مختلف حصوں سے یہاں تشریف لائے ہیں ۔ مقصد یہ تھا کہ ۱۵۵ احباب یہاں اکٹھے ہوں ۔ قانون سازی ہو ۔ بجٹ پاس ہو لیکن نہ بجٹ پاس کیا جاتا ہے اور نہ قانون سازی ہم سے کرائی جاتی ہے ۔ اس پر بھی کہتے ہیں ۔ کہ انگوٹھا لگا دو اور اگر انگوٹھا ہی ہم نے لگانا تھا تو میں محترم قائد ایوان سے پوچھوں گا ۔ کہ کیوں نہ ایسا کر دیا جائے کہ جو آرڈیننس ہیں ان پر ۱۵۵ میں سے ۱۴۲ یا ۱۴۵ انگوٹھے تو آ ہی جایا کریں گے ۔ تو اگر ان پر ہم نہ لگائیں تو کیا فرق پڑتا ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ

میں جناب وزیر قانون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان سے یہ درخواست کرونگا کہ وہ اپنی تقریر کے ابتدا میں ہی مجھے یہ بتا دیتے کہ اس آرڈیننس کی کیا ضرورت تھی ۔ کیا آٹھ دن کے لیے یہ آرڈیننس ٹھہر نہیں سکتا تھا تو زیادہ بہتر ہوتا ۔

Mr. Speaker : The question is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Seeds and Fruit Plants Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 31st May, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN GOVERNMENT SERVANTS BENEVOLENT FUND (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law : I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Goveronent Servants Benevolent Fund (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governer of West Pakistan on 5th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Government Servants Benevolent Fund (Amendment) Ordinance. 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I had high hopes that Members of the Opposition who failed to assist us in ameliorating the conditions of labour will at least co-operate with the Government in finding out some way at least to help the poor Government servants. But, lo and behold, even that is not forthcoming.

The sum and substance of this Ordinance is that this Alfalah Building which is just opposite this Assembly Hall has been constructed with the sweat of labour and the earnings of the poor employees of the West Pakistan Government serving here in the Secretariat. Experience showed that a considerable amount of rent fell into arrears and it was thought necessary that to augment this fund a law should be enacted to enable the management of this Alfalah Building to recover the rent from the tenants, who may be falling in arrears, as arrears of land revenue. Hence this

Ordinance had been enacted to enable the management to recover arrears of rent as arrears of land revenue. It is nothing new. The ordinary remedy is available that rent could be recovered under the Rent Restriction Ordinance. But it is just to facilitate the poor emplooyee not to be at the whim and caprice of an incorrigible or insincere tenant He should be able to recover the rent which is due to him by the quickest possible method i.e. as arrears of land revenue. It is nothing beyond that. Nothing extraordinary has been done for the poor employee. I hope the Opposition will come round and at least show by their action that they are sincere to the poor employees as they profess to be.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱)۔۔جناب والا۔ میں حیران ہوں۔ کہ کیوں ہماری گورنمنٹ یہ سمجھتی ہے کہ اس ملک کے عوام کے لئے ایک قانون ہونا چاہیئے اور ان کے لئے دوسرا قانون ہونا چاہیئے۔ اگر یہ اس قدر نا اہل اور نا فرض شناس ہیں۔ تو انہیں یہ جگہ چھوڑ کر اپنے سے زیادہ اہل اور زیادہ فرض شناس افراد کو اپنی جگہ آنے دینا چاہیئے۔ یہ سیدھی سی بات ہے۔ ابھی سال بھر نہیں ہوا۔ الفلاح کو تعمیر ہوئے۔ تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں۔ کہ اس کی دونوں اوپر کی منزلیں خالی ہیں۔ نچلی بھی پوری طرح پر نہیں ہوئی۔ اور اس پر benevolent fund کا دو کروڑ سے زائد روپیہ صرف ہوا۔ آخر کبھی اس وزارت نے سوچا ہے۔ کہ کیا وجہ ہے۔ کہ لاہور شہر میں کرائے کے لئے گز بھر زمین نہیں ملتی۔ اور یہاں ہزاروں مربع فٹ جگہ کرائے کے لئے خالی ہے۔ اور کوئی لیتا نہیں۔ کیا انہوں نے اسکی وجوہات معلوم کرنے کی زحمت کی ہے۔ پھر جناب! یہ بورڈ اس قدر competent ہے۔ کہ اسے سال بھر کے اندر ہی وسیع اختیارات حاصل کرنے کی ضرورت پڑ گئی ہے۔ یعنی یہ کہ اگر تیس دن کے اندر کرایہ دار سابقہ ماہ کا کرایہ ادا نہ کرے تو اسے قید کر دیا جائے۔ ملاحظہ ہو جناب۔ کہ الفلاح کی طرف کتنے لوگ فلاح پانے کے لئے آئیں گے۔ اگر

کوئی شخص غلطی سے یا مالی دشواری کی وجہ سے ایک ماہ کا کرایہ نہ دے سکے تو وہ اگلے مہینے حوالات میں ہوگا ۔ تحصیل دار صاحب اسے پروانہ بھیج کر تحصیل میں بلائیں گے اور حوالات میں بند کر دیں گے ۔ جب تک کرایہ ادا نہ کرو یہاں حوالات کے اندر رہو ۔ کیا کرایہ وصول کرنے کا یہی طریقہ ہے ۔ جناب والا ۔ میں یہ گذارش کروں گا کہ بنیادی خرابی یہ ہے کہ وہ بورڈ جس کے ہاتھ میں یہ فنڈ دیا گیا ہے ۔ جو اس کا انتظام کرتا ہے ۔ وہ حقیقت میں قابل افراد پر مشتمل نہیں ۔ وہ اس میں ذاتی دلچسپی نہیں لیتے ۔ اگر وہ اہل ہوں تو آج سال سے زیادہ عرصہ ہوا اس بلڈنگ کو مکمل ہوئے وہ آج تک لاکھوں روپے وصول کرتے کرائے کی صورت میں ۔ لیکن بلڈنگ کرایہ پر چڑھی ہی نہیں وہ وصول کس سے کرتے اگر وہ کرایہ کم دیتے اور زیادہ سے زیادہ کرایہ دار حاصل کرکے وہ پوری کی پوری بلڈنگ کرایہ داروں کے حوالے ہوتی اور وہ آمدنی حاصل ہو جاتی جس کی ہمیں توقع تھی ۔ اور جس کا دعوے ویسٹ پاکستان benevolent fund ordinance میں کیا گیا تھا ۔ نہ وہ دعوی پورے ہوئے ۔ نہ وہ آمدن ہوئی ۔ اس پر طرہ یہ چند کرایہ دار ہیں ان کو یہ بھگا دینا چاہتے ہیں ۔ کیا کبھی کسی کے ذہن میں کرایہ داروں کے لئے اس قسم کی شرط آئی ہے ۔ کہ وہ اگر تیس دن کے اندر کرایہ ادا نہ کریں تو انہیں قید کر لیا جائے ۔ گویہاں قید کا لفظ نہیں ہے ۔ مگر کوئی صاحب کسی شبہ میں نہ رہے ۔ کیونکہ land revenue کی وصولی کے متعلق میں جانتا ہوں ۔ اسکی وصولی کا یہی طریقہ ہے ۔

جناب والا ۔ اس لئے میری یہ گذارش ہے کہ الفلاح کے مینجرز کے لئے لازمی ہے کہ وہ عوامی قانون کا سہارا لیں اور اگر

کوئی کرایہدار کرایہ ادا نہ کرے تو اس کے خلاف دیوانی عدالت میں درخواست دیں rent restriction control ordinance کے تحت کہ وہ کرایہ وصول کرے ۔ تین سال تک کا کرایہ وہ وصول کرسکتے ہیں ۔ اور اگر ایک مہینے کے پندرہ دن کے بعد اگر کوئی کرایہ دار کرایہ ادا نہ کرے تو اس قانون کے تحت اسے بیدخل بھی کیا جا سکتا ہے ۔ اس لئے قانون کی ضرورت نہیں ۔ اور جناب والا ۔ آپکی خدمت میں آخر میں یہ باریک سی دو سطریں پڑھتا ہوں ۔ جو صفحہ دو پر سب سے آخر میں ہیں ۔

"The above ordinance was published in the Gazette of W st Pakistan ext a-ordinary, dated 6th June, 1965."

جناب والا ۔ مجھے کوئی صاحب ۔ خواہ وزیر قانون ہوں ۔ یا جناب محترم قائد ایوان ہوں ۔ وہ کسی قسم کی justification اس ایوان میں ۔ اس آرڈنینس کے متعلق پیش کر دیں ۔ کہ تین دن کے بعد اس ایوان کا اجلاس ہونے والا تھا ۔ اور تین دن پہلے یہ آرڈنینس جاری ہوا ۔ کیا وجہ تھی ۔ اسکے متعلق مکمل سکوت اور خاموشی ہے ۔ کیا اس سے ہم پھر یہ اخذ نہ کریں ۔ کہ ہماری یہ حکومت اس اسمبلی کو محض ایک ڈھونگ ، ایک سایہ ، ایک سراب ، ایک mirage کی حیثیت سے زیادہ حیثیت نہیں دینا چاہتے ۔ وہ اس اسمبلی کے معزز اراکین کو روکے ہوئے ہے ۔ کہ وہ اپنے اختیارات استعمال نہ کریں ۔ وہ اختیارات جو خود انکے اپنے آئین کے تحت اس اسمبلی کو حاصل ہیں ۔ یہ ۱۹۵۶ء کا آئین نہیں ہے ۔ یہ آئین ۱۹۶۲ء کا آئین ہے ۔ جو خود انکا اپنا پیدا کردہ ہے ۔ انکا اپنا وضع کردہ اور خود ساختہ ہے ۔ اور جس کے متعلق انہیں دعویٰ ہے ۔ کہ یہ perfect آئین ہے ۔ لیکن اس کے متعلق اس میں دیئے ہوئے ان اختیارات کو وہ نہایت دیدہ دلیری سے ، کھلم

کھلا ، چوری چھپے نہیں ۔ بلکہ یہ کہنا چاہیئے ۔ کہ ان اختیارات کو صرف غصب ھی نہیں کرتے ۔ بلکہ روز روشن میں مال روڈ پر ڈاکہ ڈال رہے ھیں ۔ اس لئے میں آن سے درخواست کروں گا ۔ کہ خدارا وہ اپنے اس طریقے کو بدلیں ۔ عوام پر اعتماد کریں ۔ عوام کے نمائندوں پر اعتماد کریں ۔ آپ اس ایوان کو اعتماد میں لیجئے ۔ کہ جہاں ۱۵۵ دوستوں میں سے ۱۴۵ دوست آپکی طرف بیٹھے ھیں ۔ آپ کو اس ایوان پر بے اعتمادی کیوں ھے ۔ اس طرف بیٹھنے والے کتنے ھیں ۔ صرف چند ھیں ۔ اگر ھم پر بے اعتمادی ھے ۔ تو کونسی بات ھے ۔ اپنے دوستوں کو اعتماد میں لیجئے ۔ وہ یقیناً آپ کے بلوں کو قانون کی شکل دے دینگے ۔ آپ ان پر اعتماد کیجئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

Minister of Law : Sir I have nothing more to say. Let it be put to the House.

Mr. Speaker : The question is —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Government Servants Benevolent Fund (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

The motion was carried.

THE INDUSTRIAL DISPUTES (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir I beg to move :—

That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is —

That the Assembly do approve of the Industrial Disputes (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar ; Opposed Sir,

Minister of Law : This ordinance Sir is the result of the judgement of the Supreme Court, in two cases, which went before it from Karachi. All that this amendment envisages is this that whereas before this amendment the Concilliation Officer had no option to find out and determine whether any strike notice given to him any industrial dispute raised actually complyed with the requirements of law or not ; the Supreme Court has held that he has no such power because the law doesn't give him any ; that is bound to proceed with the concilliation proceedings ; now he has power to determine whether the strike notice complies with the law. If the dispute has not been raised by the Secretary of the Union concerned, as is the law, or five members on behalf of the Union in the particular industry, and the notice has been given by those five persons or the Secretary, who are not the real representatives, the Supreme Court held that the Concilliation Officer has no power to go behind notice as it is, and he must go ahead with the concilliation proceedings. Under these circumstances, it was obvious that the employer will never co-operate. The result would have been that failure of the concilliation proceedings was a foregone conclusion and the labour unions unnecessarily would have been dragged to the industrial court to take some time to decide. This uncertainty was responsible for this, and it is this uncertainty which has been removed by this ordinance. Now the Concilliation Officer has the power to determine that a particular notice given to him does comply with the rule and law, and he has power to refuse to accept any such notice which does not conform with the letter of the law. This is an amendment of section 5 of the Industrial Disputes Ordinance, which is envisaged by this ordinance. No new change has been made. There is nothing substantily changed in the Industrial Disputes Ordinance, and I expect that the members on my opposite side will again not look to the form but to the substance of the amendment, and join hands in passing this resolution today.

Mr. Speaker : Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸)--جناب والا - اس ملک میں بندۂ مزدور کے اوقات تلخ کرنے کیلئے اب تک جتنے قوانین ہمارے وزیر قانون کی معرفت سے اس ایوان پر نازل ہوتے رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس زنجیر کی یہ بھی ایک کڑی ہے - اور اگر میں یہ کہہ دوں - تو بیجا نہ ہوگا کہ شاید تابوت میں یہ آخری کیل ہے - یہ وہ بدترین قانون ہے - بلکہ قانون سازی کی وہ بدترین مثال ہے - کہ اس قانون کی ماں یعنی ۱۹۵۹ء کا آرڈیننس . . . .

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)--اس قانون کی ماں نہیں - بلکہ دادی -

مسٹر محمود اعظم فاروقی--آپ نے ٹھیک کہا - اس قانون کی دادی I stand corrected اس میں جو قانون پیش کیا گیا یعنی اس قانون کی دادی کو جب ۱۹۵۹ء میں پہلی بار آرڈیننس کی شکل میں نافذ کیا گیا - اور اس کے تقریباً ڈیڑھ سال بعد ۱۹۶۱ء میں محسوس ہوا - کہ وہ قانون بے انتہا نقائص سے پر ہے - چنانچہ ۱۹۶۱ء میں ایک دوسرے آرڈیننس کے ذریعے اس قانون کو جو اس قانون کی ماں تھی - ۱۹۶۱ء کا آرڈیننس نمبر ۱۴ بدل دیا گیا اس قانون کی ۳۴ دفعات میں سے ۸ یکسر تبدیل کر دی گئیں - یعنی بہ الفاظ دیگر اس قانون کا ایک چوتھائی حصہ یعنی پچیس فیصد حصہ تبدیل کر دیا گیا - اور وہ اتنی اہم تبدیلیاں تھیں کہ جو قانون کی پہلی قسط تھی - اس سے بالکل ہی متناقض ہو اس سے نہایت ہی اہم طریقے سے تبدیل کرنے والی تھیں -

جناب والا - اب آپ جو مسودہ قانون ترمیم کے لیے لائے ہیں - یقیناً آپ نے اس میں کوئی خامی محسوس کی ہوگی - اور انسانوں کے ذہنوں کا بنایا ہوا قانون کبھی نقائص سے خالی نہیں ہوتا - اور پھر اس کے لیے وہی طریقہ کار آرڈیننس کا اختیار کیا تاکہ خامیاں باقی رہیں - اور پھر روزانہ اس میں ترمیم کرتے رہیں - آرڈیننسوں کے سلسلہ میں میرے محترم دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے بہت کچھ کہا ہے اور بھی عرض کر چکا ہوں لیکن وزیر قانون صاحب نے اس کے متعلق کچھ جواب نہیں دیا اس لیے پھر عرض کرونگا کہ اب شاید جواب دینے پر ان کی طبیعت مائل ہوجائے - قانون جب بھی آرڈیننس کے ذریعہ نافذ کرینگے - تو یقیناً اس میں نقائص ہونگے کیونکہ ایک شخص کے ذہن کی پیداوار یقیناً ۱۵۵ افراد کی کوششوں کے نتیجہ سے بہتر نہیں ہو سکتی -

جناب والا ۔ یہ ایوان آپکے دستور نے مقرر کیا ہے ۔ اس کے ارکان سینکڑوں میل سے اپنا کاروبار چھوڑ کر اپنی ضروریات کو ترک کر کے اپنے اہل و عیال کو چھوڑ کر لاہور میں آ کر مہینوں گذارتے ہیں ۔ کس کام کیلئے تفریح کیلئے نہیں بلکہ اس لیے کہ وہ قوم کیلئے قانون سازی کریں ۔ ملکی مسائل حل کرنے کیلئے عوام کے مسائل کو حل کرنے کیلئے قانون سازی میں آپ کی مدد کریں ۔ ہم آپ کے مشیر ہیں قانون نافذ کرنا آپ کا کام ہے ۔ ملک کے نظام کو قائم رکھنا اور ملک کے حالات کو بہتر طریقے سے چلانا آپ کی ذمہ داری ہے ۔ ہم آپ کے مشیر ہیں اور آپ کے ممد و معاون ہیں ۔ ہم آپ کا ہاتھ بٹانے کے لیے آتے ہیں ۔ لیکن آپ ہماری خدمات کو نہیں برتتے ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب نے صرف ایک قانون کے متعلق کہا ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں آپ نے ۵ جون کو چھ آرڈیننس نافذ کیے اور ۸ جون کو پانچ آرڈیننسز نافذ کیے ۔ جبکہ ۹ جون کو اسمبلی کا سیشن ہونے والا تھا ۔ میں آپ کو پورے اطمینان قلب کے ساتھ اور بلا خوف تردید یہ کہہ سکتا ہوں ۔ کہ آپ کے ۱۱ آرڈیننسوں میں سے ایک بھی ایسا نہیں تھا ۔ جس کا اجرا اگر ۱۵ دن تک ملتوی کردیا جاتا تو ملک میں حالات کچھ مختلف ہو جاتے ۔ اگر آپ قانون اس ایوان میں رکھتے ہم آپ کی مدد کرتے ۔ ہماری مدد سے جو آپ قانون بنائیں گے ۔ یقیناً عوام کو اس پر اعتماد ہوگا ۔ جب تک عوام کے دل میں قانون کا احترام اور اعتماد پیدا نہ ہو اس وقت تک جسٹس کارنیلیس کے الفاظ میں ''عوام پر قانون کبھی نافذالعمل نہیں ہو سکتا ۔'' اگر آپ قانون سازی اسی طریقے پر کرنے پر تلے ہوئے ہیں ۔ آپ نے طے کر لیا ہے ۔

کہ اس ایوان کا وقت اور خزانے کا ہزاروں روپیہ اس پر جو صرف ہوتا ہے ۔ اگر آپ اس کو ضائع ہی کرنا چاہتے ہیں ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ آپ ایک ریزولیوشن لائیں اور مرکزی حکومت کو یہ تجویز پیش کریں کہ دستور میں ایک ترمیم کر دی جائے کہ آرڈیننس بغیر ہمارے پاس آئے بھی نافذالعمل رہے گا تاکہ یہ زحمت بھی آپ کو برداشت نہ کرنی پڑے ۔ ہمارے قائد ایوان کو شعر و شاعری کا بڑا ذوق ہے ۔ میں میر کی زبان سے ایک بات ان سے عرض کروں گا ۔

نا حق ہم مجبوروں پہ یہ تہمت ہے مختاری کی

جو چاہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا

ہم کو بھی اپنے ساتھ ملوث کر کے بدنام کر رہے ہیں ۔

(قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر--آرڈر ۔ آرڈر ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی--ان پر ہمارا انگوٹھا لگوا کر ہمیں بھی بدنام کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ یہ وہ قانون ہے ۔ جس میں پہلے بھی ایک دفعہ ترمیم ہو چکی ہے ۔ اور اب نئی ترمیم لائے ہیں ۔ یہ ترمیم جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے ۔ یہ اتنی مختصر نہیں ہے ۔ جس دفعہ میں ترمیم کی ہے وہ سیکشن ۱ کا سب سیکشن ۵ ہے ۔ پہلا سیکشن یہ تھا ۔

"Where any industrial dispute exists or is apprehended, the Conciliation Officer shall hold conciliation proceedings in the prescribed manner."

یعنی اگر کسی مصالحتی افسر کو کسی وقت یہ محسوس ہو اس کا خیال ہو کہ کسی صنعتی ادارے میں یا گورنمنٹ کے کسی محکمہ میں جس پر صنعتی اختیار کا اطلاق ہوتا ہو کوئی صنعتی تنازعہ موجود ہے ۔ یا موجود ہونے کا امکان ہے تو یہ قانون اس پر لازم کرتا ہے ۔ اس پر واجب کرتا ہے ۔ کہ وہ وقت پر مصالحتی کارروائی کا آغاز کرے ۔ اب آپ نے جو ترمیم کی ہے اس میں شدید تضاد موجود ہے ۔ (۱۰ A) میں فرماتے ہیں ۔

" (1—A) Where any industrial dispute not falling in sub-section (1) exists or is apprehended, the Conciliation Officer may, and shall where a notice of strike has been received, hold conciliation proceedings in the prescribed manner. "

اس میں تقریباً وہی بات ہے ۔ جب اس افسر کو محسوس ہو کہ کہیں پر صنعتی تنازعہ موجود ہے ۔ یا صنعتی تنازعہ کے ہونے کا امکان ہے ۔ تو اگر سٹرائک نوٹس ہو تو مصالحتی کارروائی کا آغاز فوراً کرنا پڑے گا ۔ B میں آپ فرماتے ہیں ۔

" (1—B) Where a notice of strike, whether in a public utility service or in any other industry, has been received by the Conciliation Officer, the Conciliation Officer shall satisfy himself as to its validity before conducting the conciliat on proceedings."

It would thus appear that out of twelve Divisions of the Province five are represented. There was pressing demand from the other Divisions for representation on the Board. As the Constitution stood it was not on Divisional basis with the result that some Divisions had to go without representation on this Board and hence this demand from the divisions that they should have representation on this Board. The Cooperative Department, therefore, after mutual consultation and elaborate deliberations came to the conclusion that there should be a body which should assist in the movement of cooperation and that it should be so constituted that it should have representation from all over the Province of West Pakistan. Consequently this Ordinance has been brought before the House which envisages a Council which would consist of Members who would be returned from all the divisions and they will act as advisers to the Executive of this Cooperative Development Board in their day-to-day working on such matters as the Chairman of the Board thinks he should refer to the Members for advice. I thought that since this is absolutely an innocent piece of legislation which would cater and provide representation to all the divisions and regions in the Province the Members of the Opposition will have sympathy for those divisions which went unrepresented so far and will extend their helping hand. But, it appears that we are destined to have opposition on each and

every Ordinance irrespective of its merits and benefits. It is well within their right. I hope that after everything is said and done they will again make up their mind and see sense and assist us in rushing throngh and approving the resolution about this Ordinance.

Mr. Speaker: Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - اگر وزیر قانون یہ فرماتے - کہ they should see sense if there is any تو زیادہ مناسب ہوتا - بہر حال انہوں نے اپنے وضاحتی بیان میں خود ہی اس امر کو اس حد تک تسلیم کیا ہے کہ کواپریٹو ڈیولپمنٹ کی بجائے اب کواپریٹو یونین کے جو نمائندے ہونگے اور جن میں سے بارہ ڈویژنوں کی نمائندگی کریں گے - انکا کام ایگزیکٹو آف دی بورڈ یعنی چیرمین کو مشورہ دینا ہو گا - لیکن تمام کے تمام اختیارات کواپریٹو بورڈ کو ہی حاصل ہونگے - جناب سپیکر - اس سے پہلے میں یہ عرض کر چکا ہوں کہ سارے مغربی پاکستان میں کواپریٹو ڈیپارٹمنٹ کو چلانے کیلئے ایک ایسا قانون نافذ کیا گیا ہے جو کہ پہلے سندھ میں ناکام ہو چکا تھا - اسکے نفاذ کے بعد یہ لازمی تھا - پہلے اس محکمے میں سارے درباری اور سرکاری لوگ ہوا کرتے تھے اور اب محض سرکاری رہ جائیں - بحثیت ایک تحریک کے امداد باھمی سندھ کے ہنگامی قانون کے نفاذ کے بعد اسے تحریک ہی نہیں کہا جا سکتا ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ جب سے بر صغیر ہند و پاک میں تحریک امداد باھمی آئی اسکو حکومت نے ہی مقبول بنانے کی کوشش کی بلکہ اسکو چلانے کی تمام تر ذمہ داری ہی ہمیشہ حکومت کر رہی ہے - اسکی مثال یہ تھی - اس قانون کے نفاذ سے پہلے اس محکمے کی عمارت میں حکومت کا کردار محض سلاخوں کا تھا-یعنی جس طرح ہم جب کوئی عمارت بناتے ہیں اور اس میں سلاخیں لگاتے ہیں جو کہ اس عمارت کے بنانے میں بڑا اہم کردار ادا کرتی ہیں - لیکن اس محکمے کی اب جتنی بھی عمارت ہے وہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک تمام کی تمام حکومت ہی کی ہے اور اس

سے عوام کا کوئی تعلق ھی نہیں ھو گا ۔ آپ کو علم ھو گا ۔ کہ تحریک امداد باھمی نے سب سے پہلے جرمنی میں جنم لیا ۔ وھاں یہ بالکل ایک غیر سرکاری اور والنٹری تحریک تھی ۔ یہ تحریک وھاں خوب پھلی پھولی ۔ اور یورپ میں کہیں بھی گورنمنٹ کے محکمے کے طور پر کام نہیں کرتی ۔ یورپ میں سب سے زیادہ سویڈن اور ڈنمارک میں یہ تحریک مقبول ھے ۔ ڈنمارک میں یہ تحریک اس قدر مقبول ھے کہ آپ اس ملک کے (ھیڈ آف دی سٹیٹ) صدر مملکت کو آسانی سے مل سکتے ھیں لیکن اس تحریک کے چلانے والے کو یا اس شخص کو جس پر اس تحریک کے تمام ملک میں چلانے کی ذمہ داری ھے وہ اس قدر مصروف انسان ھے کہ اسے صدر مملکت (ھیڈ آف دی سٹیٹ) کے مقابلہ میں ملنا مشکل ھے ۔ وھاں اس تحریک کو اس قدر اھمیت حاصل ھے ۔ لیکن حکومت کو اس تحریک سے قطعاً کوئی واسطہ نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ پہلے جو ڈویلپمنٹ بورڈ تھا اس میں ۵ سرکاری اور ۵ غیر سرکاری ممبران ھوتے تھے ۔ لیکن موجودہ ترمیم کے بعد اس بورڈ میں محض سرکاری ممبر ھونگے اور ان کی تعداد ۱۰ سے کم کر کے ۵ کر دی گئی ھے اور اس کے ساتھ ساتھ اس میں کسی قسم کا بھی ابہام نہیں کوئی شبہہ کی گنجائش نہیں کہ جو ۵ افراد نامزد کئے جائیں گے وہ یقیناً کسی نہ کسی محکمہ کے افسر اعلیٰ ھوں گے اور اگر وہ کسی محکمہ کے باقاعدہ ملازم نہ ھوئے تو کم از کم پنشن خور ضرور ھوں گے۔

جناب سپیکر ۔ اس تنظیم کو چلانے کا جتنا کام جتنی ذمہ داری جتنے اختیارات اور جتنے وسیع اختیارات ھیں وہ یہ ھیں ۔

"The Board shall perform the following functions :—

(a) promote the organisation of cooperative societies of all types ;

(b) encourage, assist in and supervise the development of cooperative societies ;

(c) take over and manage the affairs of cooperative societies as and when required to do so by the Registrar under any law relating to cooperative societies in force in the province or any part thereof ;

(d) carry out survey of new projects in the cooperative field ;

(e) arrange for research and collection of statistics ; and

(f) do all such things as are incidental or conducive to the healthy development of the Cooperative Movement in the Province."

جناب سپیکر ۔ وہ اوگ جن کو بطور تکلف مشاورتی بورڈ (ایڈوائزری بورڈ) کا ممبر مقرر کیا جائے گا ۔ اسکے ممبران کے جتنے بھی الاؤنسز ہونگے ۔ جو کچھ بھی ان پر خرچ کیا جائے گا وہ تمام بیکار جائے گا اور اسکا غیر ضروری بوجھ عوامی خزانہ پر ہو گا ۔ جب آپ ایک مشاورتی بورڈ (ایڈوائزری بورڈ) مقرر کرتے ہیں اور اسکو اختیارات نہیں دیتے محض ان سے اتنا کام لینا چاہتے ہیں کہ وہ آئیں اور افسران جر کچھ کریں ان کی ہاں میں ہاں ملائیں ۔ اس طرح میں سمجھتا ہوں آپ مشاورتی بورڈ کو بدنام کریں گے ۔ اس سے پہلے بھی ہمیں یہ تجربہ ہے کہ جب کسی ادارے میں افسران موجود ہوں انکو اسقدر وسیع اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔ ان کو اگر عوامی نمائندے مشورہ دیں ان کی رائے کی کوئی وقعت نہیں ہوتی بلکہ رائے دینے کی ان کو جرآت نہیں ہوتی خاص کر جبکہ ان کی رائے افسران کی رائے کے خلاف جاتی ہو ۔ جناب سپیکر ۔ اس سے پہلے یہ تلخ تجربہ تحصیل کونسل اور ڈویژنل کونسل میں بھی ہو چکا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ حقیقتاً میرے نزدیک حکومت نے The West Pakistan Co-operative Board (Amendment) Ordinance, 1962 ہنگامی قانون نافذ کر کے امداد باھمی کی تحریک کو اس ملک میں بالکل ختم کر دیا ہے ۔ اگر اس میں تھوری بہت جان سندھ کواپریٹو ایکٹ نافذ کرنے کے بعد باقی تھی اس کی کسر اس ہنگامی قانون نے نکال دی ہے ۔ میں معزز ممبران اور محترم وزیر قانون صاحب جو کہ سندھ سے تعلق رکھتے ہیں کو

محض یہ کہوں گا کہ انہوں نے پہلے بھی ایک سندھی سوغات پیش کی تھی اسکے بعد دوسری سوغات بھی پیش کر دی ہے - ہم بحثیت آپوزیشن کے اس کو ناپسند کرتے ہیں لیکن اس سوغات کو قبول کرنے پر مجبور ہیں - کیوں کہ حکومت اپنی عدوی قوت سے اس ہنگامی قانون کی توثیق کروالیگی -

جناب والا - میں ان الفاظ کے ساتھ جناب وزیر قانون کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ہنگامی قانون جو ترمیم کی صورت میں پیش کیا گیا ہے - اس کی مخالفت کرتا ہوں -

Mr. Speaker : Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad - II) : Mr. Speaker, Sir my revered friend, Mr. Hamza, has attacked this ordinance mainly on the ground that this Development Board, which comprised originally of non-officials has been changed under this ordinance, and the non-officials have been given the advisory capacity.

Mr. Hamza : Point of order, Sir, there is no quorum in the House.

Mr. Speaker : Let there be a count. *(count was taken)* The House is not in quorum. Let the bells be rung (*quorum bells were rung*). The House is in quorum.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, as I pointed out that the main attack of my revered friend, Mr. Hamza, on this ordinance was that the non-officials have been removed from the Board, which had the authority, and now they have merely an advisory capacity.

Sir I myself am one who vehemently support the association of non-officials in responsible bodies. The case of the divisional councils and district councils referred to is quite different Sir. If we actually look to this cooperative movement, as the world itself shows, it is a sort of a movement to cooperate with each other, and therefore, it is a question which concerns the member, who are all officials, who are themselves supposed to go and implement certain schemes for certain purposes with their funds and with certain assistance from Government. In the cooperative movement, therefore, Sir, let us not forget what has been our actual

experience. It has been found mainly that the cooperative institutions, I would not say in all cases but in quite a number of cases, are managed by persons who have themselves, I would not hesitate to say, taken undue advantage of their authority in the said societies or banks under the cooperative movement. Those persons, who have themselves become defaulters, and instances are not wanting, Sir, where under the law they are disqualified from being directors or managing the affairs of those co-operative institutions but they still very much had those institutions and managed them although the law specifically provides that they as defaulters stand disqualified but the law in spirit and in practice is obviously not being practiced. Therefore, Sir, with this experience in the background, to place the Development Board as it has been up to this time, has not been a very healthy precedent. We find that the Co-operative Development Board before this exercised supervision over the co-operative movement. It has failed to do what it was constituted for and the result in, as in the case of my own region, I would say, that not less than six crores of rupees of the Sind Regional Co-operative Bank are standing as arrears and a single pie could not be recovered although they have asked for the recovery. Co-operative movement can only function when its members, whether realising their duty voluntarily or by co-operation, pay their dues. Unless recoveries are made co-operative movement cannot succeed with the result that so many societies and banks have got to be liquidated. We have this Sourthern Region where lakhs of rupees of public institutions have gone to dogs and the society, the bank, which was functioning with a very large capital had to be liquidated because of this system. The persons responsible for its management took advantage of their position and drew funds for their personal benefits. It is, therefore, essential that this movement must succeed, if we were to progress, and should be controlled by persons who have no personal interest so far as the funds of the co-operation movement are concerned. Therefore, I think, this step is in the interest of this movement. With the constitution of an Advisory Council it has also created a link between the public and the Supervisory Body so that matters of policy and matters of detail where the co-operation of this Board or where a particular policy is to be formulated, could easily be referred to this Advisory Council and the difficulties that are faced in this movement could be brought to the notice of the Board. I am sure the Development Board would not take the decisions of the Advisory Council lightly but where they are really in the benefit of the movement they would implement them. For this purpose we would like responsible

officers to be placed on the Board for supervision. This Board is essential in the interest of the Province.

نواب ذاده اصغر علی خان (گجرات-۱) - صاحب سپیکر - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کیا کہوں اور کیا نہ کہوں ایک پرانے کوآپریٹو کی حیثیت سے کچھ عرض کروں یا اس معزز ھاؤس کے ممبر ھونے کی حیثیت سے کچھ عرض کروں - میں حیران ھوں کہ آیا اس ریزولیشن کی تائید کروں یا اس سے اختلاف کا اظہار کروں - بہر حال جناب سمرو صاحب نے ارشاد فرمایا ھے کہ سابقہ صوبہ سندھ میں ۶ کروڑ روپے بقایا واجب الوصول ھے جسکی وصولی نہیں ھو سکتی یہ ان لوگوں کا قصور ھے جنھوں نے وھاں بنک کھولے مگر عوام کو ٹریننگ نہ دی اگر ان لوگوں کو کوآپریشن کا طریقہ کار سمجھایا جائے اور ان کو یہ بات ذھن نشین کرائی جائے کہ کوآپریشن کیا چیز ھے یہ کیونکر پیدا ھوئی اسے کیوں جاری کیا گیا ھے ؟ اور اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ لوگ بنکوں سے قرضہ تو لے لیں مگر اس کی واپسی اور ادائیگی کا خیال تک نہ کریں -

خواجہ محمد صفدر - لوگوں نے تو یہی سمجھا تھا کہ بنکوں کو لوٹ لو -

نواب زادہ اصغر علی خان - اس میں قصور افسران کوآپریشن کا ھے جناب والا آپ ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتے ھیں جو کہ پرانا کوآپریٹر ھے - جس نے ۱۹۰۶ میں کوآپریشن کی بنیاد رکھ کر پبلک کو ساھوکار کے چنگل سے نجات دلائی تھی یہ آپ کے خاندان اور دیگر پرانے کوآپریٹروں کی بدولت ھی پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا ھونے کے قابل ھوا تھا کیونکہ پاکستان بننے سے قبل ساھوکاروں سے عوام کو نجات دلا کر کوآپریٹو بنکوں کی سہولتیں مہیا کر دی گئیں تھیں جناب والا یہاں گجرات کوآپریٹو سنٹرل بنک کا تذکرہ بے جا اور بے محل نہ ھو گا - ضلع گجرات

میں ہم نے ۱۸۲ روپے کے سرمایہ سے گجرات کوآپریٹو سنٹرل بنک سٹارٹ کیا تھا ۔ مگر آج ایک کروڑ ۲۲ لاکھ کا سرمایہ اس بنک کا میرے پاس موجود ہے (خوب خوب کے نعرے) جس سے حضور والا سابقہ صوبہ پنجاب کے واقعات سندھ کے واقعات اور فرنٹیئر کے واقعات ایک دوسرے سے کچھ مختلف ہیں وہاں کوآپریشن نے بہت بڑی خدمت سر انجام دی تھی اور مختلف حالات کے مطابق مختلف قواعد و قانون نافذ کئے تھے کیونکہ جس طرح بیماریاں مختلف ہوتی ہیں اسی طرح علاج بھی مختلف ہوتے ہیں تپدق کا بخار اور ہے اوڈائریا کا بخار اور دونوں میں ٹمپریچر ہوتا ہے مگر یہ مختلف ڈگری کا بخار ہوتا ہے اور ان کا علاج بھی مختلف ہوتا ہے اس لئے یہ مناسب نہیں ہو گا کہ تمام بخار والوں کو تپدق کے ہسپتال میں داخل کرا دیا جائے (خوب خوب اور تالیاں) حضور والا چونکہ اس مسئلہ سے میری ذاتی دلچسپی ہے ۔ اس لئے میں اس قانون کی بحث میں پھر کبھی حصہ لونگا فی الحال کوآپریشن کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ ہمیں سب سے پہلے یہ دیکھنا ہے کہ کوآپریشن کیا چیز ہے اس کا کیا فائدہ ہے ؟ خاص طور پر پچھلے ۵۰ سال میں ملک کو اس سے کس قدر فائدہ پہنچا ہے ۔ اگر پچاس سال میں اس سے کچھ فائدہ پہنچا تھا تو کیا وجہ ہے کہ پچاس سال مسافر تو پیدل چل کر بھی آج تک کئی سو میل کا سفر ختم کر لیتا مگر ہم جہاں کھڑے تھے وہیں کھڑے ہیں پچاس سال پہلے پیدل چلنے والا تو آج ہوائی جہاز پر سفر کر رہا ہے مگر کوآپریشن کے لحاظ سے ہم آج بھی پیدل سفر کر رہے ہیں ۔ شروع میں اس محکمہ کوآپریشن کے افسران بھی پرائمری یا مڈل پاس ہوتے تھے۔ حضور والا ملک میں کوآپریشن کی تحریک کا آغاز ایسے کم تعلیم یافتہ اہلکاروں کے ذریعے کیا گیا تھا ۔ مجھے یاد ہے کہ اس زمانے میں سارے صوبہ پنجاب میں کوآپریشن کا ایک رجسٹرار ہوتا تھا اور ایک ہی ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز ہوا کرتا

تھا ۔ مجھے پتہ ہے اور میں نے اپنے والد صاحب کی زبانی اپنے کانوں سے خود سنا ہے کہ جب وہ ایک سب انسپکٹر کو آتے ہوئے دیکھا کرتے تو عموماً یہ فرمایا کرتے کہ یہ رحمت کا فرشتہ آ رہا ہے ۔ کیونکہ یہ بیچارہ ہم غریب زمینداروں کو ساہوکار کے چنگل سے چھڑانے کی تحریک میں بڑی کوشش اور محنت سے کام کر رہا ہے ۔ اب چاہیئے تو یہ تھا کہ آج یعنی ۵۰ سال بعد ہمارے ملک کے چپے چپے میں یہ تحریک اس قدر مقبول کر دی جاتی کہ ہمیں کسی قانون کی ضرورت ہی محسوس نہ ہوتی ۔ بیرونی ممالک کا یہ حال ہے کہ وہاں یہ تحریک امداد باہمی گورنمنٹ کے لئے بھی امداد کا باعث ہے لیکن ہمارے ہاں افسران نے اتنی ترقی کی ہے کہ اب یہ بیچاری قانون کی مدد کے بغیر ایک قدم بھی آگے نہیں رکھ سکتی ۔ لہذا اب غور طلب معاملہ یہ ہے کہ اس قائدے قانون یا بورڈ بنا دینے سے مجموعی طور پر اس کا اس تحریک پر کیا اثر ہو گا ۔

جناب والا ۔ سمرو صاحب کے قول کے مطابق وصولی تو بلا شبہ ہو گی لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ہمارے ان دیہاتیوں اور ان پڑھ لوگوں پر جو بہت پسماندہ ہیں ان کے دماغوں اور ان کی طبیعت پر اس قانون کا کیا اثر ہو گا ۔ کیا ہماری ترقی بدستور ممکن ہو گی کہیں ہم اس ترقی و تعمیر کو جاری رکھنے کی بجائے پد دل تو نہ ہو جائیں گے بہرصورت اس قسم کے قوانین منظور کرنے سے پہلے ہمیں پنجاب میں تحریک امداد باہمی پر غور کرنا چاہیئے ۔ کہ اس نے اس میدان میں کس قدر کام کیا ہے اس کی ایک چھوٹی سی مثال میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ partition کے موقع پر جب ہندو یہاں سے چلے گئے تو اس co-operation کی تحریک اور ان کے سنٹرل بنکوں سے کہا گیا کہ وہ ہندوؤں کی جگہ تمام کاروبار چلائیں کیونکہ اس وقت ہندو یہاں سے اپنے بنک بھی لے گئے تھے اورگورنمنٹ کے پاس بھی اس وقت اتنا روپیہ نہ تھا۔

مسٹر سپیکر ۔ نواب زادہ صاحب ۔ اس کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے کہ کوآپریٹو ڈیولپمنٹ بورڈ کے ممبران کی تعداد کم کر دی گئی ہے ؟

نواب زادہ اصغر علی خان ۔ حضور والا گذارش ہے یہ کہ اگر non-official تحریک پر صرف officials کا ایک بورڈ بنا دیا جائے تو میرے خیال میں وہ حکم تو اچھا کر سکتے ہیں لیکن جہاں تک امداد باھمی کا تعلق ہے وہاں ترقی نہیں ہو سکتی (تحسین و آفرین) کیونکہ ایک افسر کے دماغ میں کسی کام کی تکمیل حکم اور تعمیل سے ہوتی ہے ۔ اس کے برعکس دیہاتی لوگوں کے نمائندے اپنے ذاتی تجربوں کی بنا پر اس تحریک کے متعلق جتنی فائدہ بخش چیزیں ہونگی ان کے متعلق صحیح طور پر رائے دے سکتے ہیں اور جیسا کہ سمرو صاحب کا خیال ہے کہ کئی ڈائرکٹر جو defaulter ہوتے ہیں وہ بورڈ کے ممبر بن کر شاید اس کے کام کو کمزور کر دیں یا اس میں رکاوٹ یا کمی پیدا کرنے کی کوشش کرینگے تو اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ جب ہم نے اپنے ملک کے کاروبار اور نظم و نسق کو خود ہی چلانا ہے تو پھر کیوں نہ officials کے ساتھ non-officials لوگ بھی وہی ٹریننگ حاصل کریں جو صرف افسران کا حصہ ہی سمجھی جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک میری رائے کا تعلق ہے میں نے دیکھا ہے کہ وہی پرانا نظریہ اب بھی ہمارے دماغوں پر مسلط ہے ۔ یعنی باپ ملازم نہیں لیکن بیٹا ملازم ہے باپ کو تو ملازم یا افسر کے نظریے کے مطابق کہا جاتا ہے کہ یہ non-officials لوگ بیچارے کچھ نہیں جانتے ۔ نہ ان میں کوئی discipline ہے ۔ نہ ہوش ہے اور نہ واقفیت اب اسی باپ کا بیٹا جب وہ کسی جگہ ملازم ہو جاتا ہے تو اس وقت یہ نہیں کہا جاتا کہ یہ کس

باپ کا بیٹا ہے ۔ باپ تو ان پڑھ جاہل بیوقوف او کچھ نہ سمجھنے والا تصور کیا جاتا ہے اور بیٹا چونکہ سی۔ایس۔پی ہو گیا ہے اس لئے اس کی رائے اب بڑے بھائی سے بھی فائق ہے ۔ باپ سے بھی فائق ہے حتیٰ کہ تمام برادری سے فائق ہے ۔

جناب والا ۔ ایک چیز جو co-operation کیلئے بنیادی سمجھی جاتی ہے اور جیسا کہ سمرو صاحب نے فرمایا ہے ۔ دراصل co-operation کا مطلب ہی یہ ہے کہ ہم آپس میں تعاون کریں لیکن اگر ہم پہلا تعاون بھی توڑ دیں تو اسے co-operation کی بجائے non-co-operation کہنا چاہیئے (تحسین و آفرین) ۔

جناب والا ۔ ہمیں تو ان کو train کرنا چاہیئے اگر وہ ہم سے کچھ سیکھنا نہیں چاہتے ۔ تو نہ سہی لیکن ہمیں شامل کریں ۔ ہمیں بتائیں ۔ اور ہمیں اس کے متعلق سکھائیں ۔ سمرو صاحب کے قول کے مطابق جو ڈائرکٹر صاحبان defaulter ہیں ان کو پہلے قرضہ کس نے دیا ۔ ان کی حد قرضہ بھی سرکاری اہلکاروں نے مقرر کی اور ان کے متعلق رپورٹیں بھی انسپکٹر صاحبان اور اسسٹنٹ رجسٹرار صاحبان نے کیں ۔ دیہات میں جو کوآپریٹو سوسائٹیاں بناتے ہیں ۔ وہ کون بناتے ہیں اس کے متعلق آپ کو بھی علم ہے اور مجھے بھی علم ہے ۔ سوسائٹیاں تو وہ بناتے ہیں اور الٹا سندھ کا قانون ہم پر لاگو ہو جاتا ہے ۔ یہ سوسائٹیاں جس طرح بنتی ہیں اس کا آپ کو بھی علم ہے اور مجھے بھی ہے کیونکہ میں بھی عرصہ ۲۳ سال سے ایک سنٹرل بنک کا صدر چلا آتا ہوں یہ عین ممکن ہے کہ ایک افسر نے ایک سوسائٹی رجسٹر کی ہو اور وہ سوسائٹی شاید اچھا کھانا کھا کر ہی رجسٹر ہو گئی ہو اسی طرح ڈیولپمنٹ سوسائٹی کے بارے میں بھی ہم بڑے دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ اس میں سے کچھ ہتھیا لیا گیا ہو اور پھر وہ سوسائٹی بنا دی گئی ہو اور اگر ہم اس سوسائٹی کے shares نہیں دیتے تو وہ کہتے

ھیں کہ یہ تحریک نہیں چلنے دیتے ۔ یعنی تحریک نہ چلنے دینے کی ذمہ داری بھی ہم پر آتی ھے ۔ حالانکہ سوسائٹیاں بھی وہ بناتے ھیں اور حدّ قرضہ بھی وھی مقرر کرتے ھیں ۔

جناب والا۔ اب میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ ڈیویلپمنٹ بورڈ میں کیوں non-officials ھونے چاھئیں ۔ عرض یہ ھےکہ جب ان کے actions ھم پر اثر انداز ھوتے ھیں تو ھماری رائے بھی اس میں ضرور ھونی چاھیئے کیونکہ افسر تو بہرحال دو تین سال کے بعد تبدیل ھو جائیگا ۔ لیکن جو کچھ وہ کر جائے گا اس کے متعلق تو گورنمنٹ کو بعد میں پتہ چلے گا کہ وہ ٹھیک کر گیا یا غلط کر گیا۔ لیکن اس کے جو اثرات آپ کے اس صوبہ پر ھوں گے یا جو آپ کی اس کوآپریشن کی تحریک پر ھوں گے وہ باقی رھیں گے مثال کے طور پر میں دیکھتا ھوں کہ حکومت نے جب اپنے افسران کو بد دیانت سمجھ لیا یا ان کی غلط کارکردگی کی وجہ سے انہیں برخواست کر دیا تو جن ملازمین کے متعلق انہوں نے کوئی رپورٹ لکھی ھو گی ان کو بھی برخواست کر دیا گیا ھے ۔ بڑی مدت سے یہ خیال میرے دل میں آتا ھے کہ جب ایک افسر بد دیانت ھے تو پھر اس کی رپورٹ یا اس کی رائے کو کیوں ٹھیک سمجھ لیا جاتا ھے ۔

جناب والا ۔ یہ عوامی تحریک ھے اس میں عوام کا دخل بڑا ضروری ھے کوآپریشن کو تو جمہوری تحریک کہا جاتا ھے ۔ ھر سال اس کے اجلاس ھوتے ھیں اوپر سے لیکر نیچے تک افسران شامل ھوتے ھیں یہ اجلاس non-official ممبران کے ذریعہ سے ھوتے ھیں ۔ ان میں ڈائرکٹرز بھی بنتے ھیں اور ڈیویلپمنٹ بورڈ کا تعین بھی ھوتا ھے ۔ اب جب ان پڑھ ھو کر ھم دیہاتوں میں اس تحریک کو چلا سکتے ھیں جہاں اس کی اشد ضرورت ھے تو آپ میں کیا کمی ھے آپ میں کیا defect ھے کہ آپ ایسا

نہیں کر سکتے ۔ جب کہ آپ نے صرف کاغذی کام کرنا ہوتا ہے ۔ یہ بات میں اس لئے کہتا ہوں کہ کسی ڈاکٹروں کے بورڈ کے پاس بیمار کو بھی پیش ہونا چاہیئے ۔ بیمار کی عدم موجودگی میں ڈاکٹر اس کی بیماری کے متعلق کس طرح فیصلہ دے سکیں گے ۔ اس لئے میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس کے متعلق ضرور کوئی کارروائی کرنی چاہیئے ۔ جمہوریت کا بھی یہی تقاضا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ آرڈیننس بیماروں کو کم کر رہا ہے ان کی تعداد کو کم کر رہا ہے ۔

نواب زادہ اصغر علی ۔ جناب والا ۔ اس طرح تو یک طرفہ فیصلہ ہو جائے گا اور میں محسوس کرتا ہوں کہ یک طرفہ فیصلہ نہیں ہونا چاہیئے ۔ official اور non-official لوگ اکھٹے ہوں تو وہ زیادہ اچھا کام کر سکیں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر فاروق ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸) ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ امتیاز اچھا نہیں دنیا ایک طرف جا رہی ہے اور ہم دوسری طرف جا رہے ہیں ۔ آج قانون سازی اصلاح کی طرف کارفرما ہے اختیارات زیادہ سے زیادہ عوام کو منتقل کئے جا رہے ہیں عوامی ادارے بنائے جا رہے ہیں اس لئے اس اس کی ضرورت ہے کہ امداد باہمی کے ادارہ میں بھی عوامی نمائندے شامل کئے جائیں تا کہ وہ تربیت حاصل کریں اور پھر ایک ایسا وقت آئے جب کے عملاً اور واقعتاً عوامی حکومت ہو۔ عوام خود اپنے مسائل کو سمجھیں اور انہیں حل کرنے کی کوشش کریں ۔ ہمارا طریق کار مختلف ہے اور اس کا یہ جزو ہے کہ عوام کے اختیارات کو کم کیا جائے ۔ حکومت کے نامزد کردہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اختیار

منتقل کئے جائیں ۔ پہلے آپ کا بورڈ تھا جس کے ذمہ امداد باھمی کے سارے مسائل کو حل کرنا تھا ۔ اور وہ final authority تھا اس میں عوام کے بارہ نمائندے شامل تھے اب ان کو نکال کر ایک مشاورتی کونسل کے نام سے علیحدہ ادارہ بنا دیا ھے ۔ اس میں حکومت کے نامزد لوگ ھوں گے اور وھی تمام فیصلے کریں گے ۔ جو عوام سے تعلق رکھتے ھیں ۔ ھماری حکومت کے اکابرین اس اصول سے ناواقف نہیں کیونکہ بعض حالات میں عوام کو بھی اختیارات منتقل کئے جاتے ھیں اور یہ اس صورت میں ھوتا ھے جہاں ان کے اپنے مفاد وابستہ ھوں ۔ جس وقت وزارت کی کرسیوں پر چڑھنے کے لئے بنیادی جمہوریت کے زینہ کی ضرورت پیش آئی تو اس زینہ کو استعمال کرنے کے لئے بار بار یہ اعلان کیا گیا تھا کہ ھم بنیادی جمہوریت کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیں گے ۔ حکومت کے نامزد لوگ ان اداروں سے واپس لے لیں گے اور ان اداروں کو خود کار اور خود مختار بنا دیں گے ۔ ان اداروں کو اختیار دئے جائیں گے اور تربیت دی جائے گی تا کہ ان میں اپنے مسائل کو خود حل کرنے کی صلاحیت پیدا ھو ۔ یہ امداد باھمی کا بھی ایک ادارہ ھے اور اس سے عوام کے مفاد وابستہ ھیں پھر کیا وجہ ھے کہ اس میں دو سال پہلے جب ادارہ بنتا ھے تو عوام کے نمائندے شامل کئے جاتے ھیں جو اس کی نظم و نسق اور انتظام کو چلاتے ھیں پھر دو سال کے بعد کیسے القاء یا الہام ھو جاتا ھے کہ وہ غلطی تھی اس میں عوام کے نمائندے نہیں ھونے چاھئیں بلکہ سرکاری آدمی ھونے چاھئیں۔ میں ایک بار پھر آپ کو یاد دلاتا ھوں جیسا کہ میں نے چیف جسٹس مسٹر کارنیلیس کے ارشادات میں سے ایک اقتباس پڑھا تھا ۔ کہ عوام میں قانون پر اعتماد اور قانون کے پابند رھنے کی خواھش اور اس کے مطابق اپنی زندگی کو استوار کرنے کا ولولہ اس وقت پیدا ھو گا جب کہ یہاں جمہوریت ھو اور قانون سازی میں خود ھمارا بھی حق ھو ۔

جناب والا ۔ یہ ادارہ بھی ہماری جمہوریت کا حصہ ہے ۔ جب تک عوام میں اس ادارہ کے متعلق اعتماد پیدا نہیں ہو گا اس وقت تک وہ اس سے استفادہ نہیں کر سکیں گے ضرورت اس امر کی ہے کہ عوام اس ادارہ سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کریں ۔

جناب والا ۔ یہ ترمیم جو ہمارے وزیر قانون صاحب نے پیش کی ہے یہ بالکل ایسی ہے کہ شربت کے گلاس میں بڑی خاموشی سے انہوں نے زہر کا ایک قطرہ ڈال دیا ہے جو عوام کی نظروں سے تو پوشیدہ ہے لیکن میں نے اس کی تلخی کو محسوس کیا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ایوان کے ارکان کو مطلع کر دوں کہ اس شربت کے گلاس کو پیتے وقت اس چیز کا خیال رکھیں اس میں زہر کا ایک قطرہ بھی ہے ۔ صفحہ ۴ پر جو آپ نے ے (اے) میں اضافہ کیا ہے اس کے الفاظ یہ ہیں ۔

7 (1) "The council shall advise the Board on all matters placed before it by the Chairman."

اس کا مطلب یہ ہوا جو ایڈوائزری کونسل بنی ہے اس کے اختیارات محدود ہیں ۔ نظم و نسق میں اس کا کوئی اختیار نہیں ۔ وہ صرف مشورہ دے اور مشورہ دینے پر بھی یہ پابندی ہو گی کہ ان تمام معاملات کو جو چیئرمین اس کے سامنے رکھے ۔ (یہ چیئرمین نامزد کئے ہوئے بورڈ کا بھی چیئرمین ہے اور انتظامیہ کا سربراہ اعلیٰ ہے۔) اور وہ اس کے متعلق اپنا مشورہ دے ۔ چیئرمین کو اس کے مشورے پر عمل کرنے کی آزادی ہے وہ اپنی مرضی کے مطابق اپنے عامرانہ احکام کے ذریعے عمل کرے ۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ مشاورتی کونسل جسکو کو مشورہ دینے کا اختیار ہے وہ حقیقت میں بیکار ہے اسے کوئی اختیار نہیں ۔ غور سے دیکھیں تو اسے مشورہ کا اختیار بھی نہیں جو اختیار آپ نے اس کو ایک ہاتھ سے دیا ہے اس قانون کے ذریعہ سے دوسرے ہاتھ سے چھین لیا ہے ۔ نیز اس کو مشورہ دینے کا حق بھی اس

وقت ہے جب کہ مشورہ طلب کیا جائے گا اور اس طرح وہ ایک عضو معطل ہے اور اس کی کوئی وقعت نہیں ۔ اس آرڈیننس کے متعلق کافی باتیں ہو چکی ہیں اور کافی گفتگو ہو چکی ہے ۔ آخر میں میں صرف اتنا عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آپ اس شربت کے گلاس میں زہر کے قطرہ کو ضرور محسوس کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ ہمارے صوبہ میں ہماری اس حکومت نے نیم سرکاری اداروں میں وبا کی صورت پیدا کرنی شروع کر دی ہے ۔ ابھی میرے دوست مسٹر سمرو صاحب نے کوآپریٹو سوسائٹیوں اور بنکوں کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ان کے ریجن میں تقریباً ۶ کروڑ روپیہ بنکوں اور سوسائٹیوں کا مختلف افراد کے ذمہ واجب الادا ہے ۔ جہاں تک مجھے علم ہے اور جس کا ذکر بھی ہم نے کیا ہے کہ صرف ایک مد میں ڈیڑھ کروڑ روپیہ پچھلے سال تک ادا ہونا تھا جو واجب الادا ہے جو سوسائٹیوں سے وصول کرنا ہے اور وہ وصول نہیں ہو رہا ہے اور وہ جناب ولائتی کھاد کے سلسلے میں جو نئی سوسائٹی اسی بورڈ نے بنائی تھی ۔ کیونکہ تمام کھاد کو تقسیم کرنے کی ایجنسی اس کے پاس تھی پی ۔ آئی ۔ ڈی ۔ سی سے پہلے وہ بری طرح ناکام ہو چکی ہے ۔ اسلئے صرف یہ معیار قائم کر لینا کہ بعض بینکوں کو بعض لوگوں سے روپیہ حاصل کرنا ہے چونکہ ان میں نادھند آسامیاں بھی ہیں تو اس معیار پر پرکھتے ہوئے تمام ان لوگوں کو ایک ہی لاٹھی سے ہانک دینا ہے کہ یہ بد دیانت ہیں ۔ ناکارہ ہیں ۔ نااہل ہیں ۔ اسلئے ہم صرف آفیشل مشینری کوآپریٹو موومنٹ کیلئے بھی چلائیں گے حد درجہ

زیادتی ہے میرے محترم دوست جناب اصغر علیخان صاحب نے جنکا تجربہ اس مسئلہ میں نہایت وسیع ہے انہوں نے اپنے تجربہ کی بنا پر پراز معلومات تقریر میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ جاہل ان پڑھ دیہاتی بھائی اس تحریک کو چلانے والے تھے اور وہ اب بھی کامیابی سے چلا رہے ہیں جہاں آفیشل انٹرسٹ اسمیں آیا اسوقت یہ تحریک بیکار ہو گئی ۔

جناب والا ۔ یہ بورڈ جسکی تشکیل کے متعلق مختلف دوستوں نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے میں اس کو دھرانا نہیں چاہتا لیکن میں یہ عرض کرونگا کہ میرے محترم دوست جناب وزیر قانون نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ پہلے بورڈ میں مختلف ڈویژنوں کی نمائندگی نہیں ہو سکتی تھی اب ہر ڈویژن کو نمائندگی دیجا رہی ہے یہ ٹھیک ہے کہ پہلے جتنے ڈویژنوں کو نمائندگی دی گئی تھی اب ان کی تعداد بڑھا دیگئی ہے ۔ لیکن وہ نمائندگی اس طوز پر ہو رہی ہے کہ وہ سرے سے بورڈ ہی اڑایا جا رہا ہے اور اسکی جگہ ایک مشاورتی کونسل بنا دی گئی ہے جسکا اجلاس جب چیرمین صاحب چاہیں گے تب بلائیں گے اور جو چیز چیرمین صاحب انکے سامنے پیش کریں گے صرف اسی کیلئے مشورہ دینا ہو گا ۔ اسکے علاوہ اب اس بورڈ کا نام بھی تبدیل کر دیا گیا ہے پہلے یہ کواپریٹو ڈولپمنٹ بورڈ تھا اب یہ صرف کواپریٹو بورڈ ہے یعنی جو ڈولپمنٹ اسکے ذمہ تھی وہ ختم ہو گئی کم سے کم اسکے نام سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ جو صوبے میں ڈولپمنٹ کرنی تھی وہ یہ کر چکا یا آئندہ اسکے ذمہ ڈولپمنٹ نہیں ہو گی ۔ یہ لفظ وزیر قانون کے نکالنے کی کوئی وجہ ہو گی ۔ اور وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ ڈولپمنٹ ختم ہو چکی ہے یا اسکے ذمہ نہیں ہے ۔

جناب والا ۔ اسکے آگے آپ ملاحظہ فرمائیں کہ اس بورڈ کو بڑے

وسیع اختیارات ھیں اور بے پناہ اختیارات ھیں ۔ گورنمنٹ اسکو گرانٹ دیگی ۔ گورنمنٹ اسکو قرضہ دیگی یا گورنمنٹ کے علاوہ یہ بینکوں سے بھی قرضہ برداشت کر سکتا ھے اور یہیں تک بس نہیں یہ گورنمنٹ کی اطلاع کے بعد گورنمنٹ کی منظوری کے بعد گورنمنٹ کے مشورہ کے بعد یہ بیرونی ممالک سے بھی قرضہ برداشت کر سکتا ھے ۔ میں عرض کرتا ھوں کہ نہایت وسیع اختیارات کا حامل یہ بورڈ اسکا حساب کتاب کون دیکھے گا مجھے نہایت رنج کیساتھ یہ کہنا پڑتا ھے کہ تمام نیم سرکاری اداروں نے ایک ادھم مچا رکھا ھے ۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ھے خواہ وہ کے ۔ ڈی ۔ اے ۔ ھو خواہ وہ اے ۔ ڈی ۔ سی ھو یا واپڈا ھو خواہ وہ کسی قسم کا ادارہ ھو وہ اس ملک کی دولت کو دونوں ھاتھوں سے نہیں بلکہ بیسیوں ھاتھوں سے لوٹ رھے ھیں ۔ خود بھی کھا رھے ھیں اور اپنے عزیز و اقربا' میں بھی تقسیم کر رھے ھیں لیکن عوام اور عوام کے نمائندوں کو یہ پتہ نہیں چلتا کہ ان اداروں کے حساب کتاب کیا ھیں میرے خیال میں صرف گورنمنٹ جانتی ھے یا گورنمنٹ کے نمائندہ جو وھاں منتخب ھوئے ھیں وہ جانتے ھیں یا ان اداروں کے چیرمینوں کو پتہ ھوگا کہ انکا پیسہ کس جگہ خرچ ھو رھا ھے کیسے خرچ ھو رھا ھے اور کتنا ھو رھا ھے کسی پبلک کے نمائندے کو خواہ وہ کتنا بڑا یا چھوٹا کیوں نہ ھو اس چیز کے متعلق علم نہیں کہ یہ ادارے کیا کر رھے ھیں ۔

جناب اس بورڈ کے سکشن ۱۷ میں یہ ھے کہ بورڈ اپنی سالانہ رپورٹ گورنمنٹ کے پاس پیش کریگا ۔ ٹھیک ھے گورنمنٹ کو پیش ھی کرنا چاھئے اسلئے کہ گورنمنٹ کے افسر رپورٹ بنانیوالے ھیں وھی دیکھنے والے ھیں وھی سب کچھ ھیں کیا یہ اسمبلی جو ۱۵ کروڑ انسانوں کی نمائندگی کرتی ھے کیا اسکو یہ اختیار نہیں ھے کہ اس بورڈ

کے حسابات دیکھے ۔ کم سے کم ہم اسکے متعلق تو جناب وزیر قانون سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ وہ یہ ترمیم لا سکتے تھے کہ جب اس بورڈ کو اتنے وسیع اختیارات دئے گئے ہیں تو کیا یہ ایوان اس بورڈ کی سالانہ رپورٹ کے درشن نہیں کر سکتا ۔

جناب والا ۔ اسکے بعد میں ایک بوائنٹ یہ عرض کرونگا کہ اس بورڈ کے اختیارات سکشن ۸ میں دئیے ہوئے ہیں ۔

In section 7 of the principal Ordinance, after clause (c), the following new clause shall be inserted, namely :—

"(c) advise, supervise, control and guide the Cooperative Movement and the field staff of the Cooperative Department ;"

اس نئے کلاز سے میرے نقطہ نظر سے الجھنیں پیدا ہونگی اور کئی خرابیاں پیدا ہونگی ۔ جناب والا اسمیں کوئی شک نہیں کہ ایڈوائز بھی اس کے ذمہ ۔ کنٹرول بھی اس کے ذمہ ۔ سپروائز کرنا بھی اس کے ذمہ ۔ فیلڈ سٹاف بھی یہی کنٹرول کرتا ہے لیکن کواپریٹو سوسائٹی ایکٹ کے تحت رجسٹرار کو بھی کچھ اختیارات ہیں ۔ کئی field میں اتنے اختیارات سے duality یا دو عملی پیدا ہو جائیگی لہذا اسکی یہاں وضاحت ہونی چاہئے تھی کہ کواپریٹو سوسائٹیز ایکٹ کے تحت جو اختیارات بعض افسروں کو حاصل ہیں وہ بورڈ کے کام میں interference نہیں کر سکیں گے ۔ کواپریٹو ایکٹ کے تحت سپرویزن کا اختیار رجسٹرار کو ہوتا ہے اور انکو بھی سپرویزن عطا کر دیا گیا ہے تو اس duality کا نتیجہ کیا ہو گا ۔ کیا یہ کواپریٹو سوسائٹی موومنٹ کیلئے بہتری ہو گی یا اس سے خلفشار اور anarchy پیدا ہو گی جسکا نتیجہ یقیناً کواپریٹو سوسائٹی کیلئے میری رائے میں برا ہو گا ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the non-cooperation of the members of the Opposition with Government is understandable.

Khawaja Muhammad Safdar: And the Government as well.

Minister of Law: But the non-cooperation with the cooperative and the cooperator is not easy to understand. The Board as it was constituted before this amending ordinance came to such a pass that the executive, who were mainly responsible for seeing that the moneys, which are essentially meant for the betterment of the people, and in the strict spirit of the cooperative, were not being utilised as such, and that recoveries became well-nigh impossible. The reason was that the non-official members, who were also associated with the executive functions of the Board, on account of motives which were not altogether altruistic, adopted the same attitude of non-cooperation, which I am sorry to say is being adopted by the members of the Opposition today. The result was that this movement was about to collapse and it was only necessary.....

Mr. Speaker: Memon Sahib was not the entire administrative control with the official members?

Minister of Law: Along with the non-official members Sir. The entire cooperative board consisted of some officials and non-officials.

Mr. Speaker: The control was with the official members.

Minister of Law: But they were not allowed to do that. They were victimized.....

Khawaja Muhammad Safdar: The officials were helpless in the face of non-officials.

Minister of Law: The officials were never allowed to operate properly.

خواجہ محمد صفدر - جناب اگر اجازت ہو تو میں یہ عرض کروں کہ officials کی تعداد چھ اور non-officials کی پانچ تھی -

Minister of Law: The executive, which was mainly responsible for the recovery, were not permitted to do what they were required to do under the law. They were hampered in their daily performances of work by persons, who were interested in themselves, as Mr. Soomro described here today and some time back. What has happened in the

Southern Region? Members who have been elected to the Regional Co-operative Bank are those majority of whom are defaulters themselves or some of them who are members of this Board itself or those from whom it has become impossible to recover a single pie or those who, or whose servants, are absolute paupers and insolvents or indebted to the bank to the tune of lakhs of rupees.

Mr. Speaker: All these powers vested in the Registrars of the Regions and not with the Board?

Minister of Law: The Board was their superior. The powers undoubtedly are vested in the Executive but they were not permitted to do this.

Khawaja Muhammad Safdar: Very sorry.

Minister of Law: There was a pull here.

Khawaja Muhammad Safdar: They have been ruling for the last seven years.

Minister of Law: Their transfers were in the hands of the Board here. Anybody who did not sing to the tune of the members had to quit the job. That is why this Ordinance has been brought in to see that there is no interference with the Executive and that the Government prospers as it ought to.

Mr. Speaker: I will now put the question :—

Mr. Hamza: There is no quorum.

Mr. Speaker: Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*quorum bells were rung*). The House is in quorum.

The question is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Co-operative Development (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor, of West Pakistan on 5th June, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN CONSOLIDATION OF HOLDINGS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion :

Minister of Revenue : I beg to move:

That the Assembly do approve of the West Pakistan Consolidation of Holdings (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Consolidation of Holdings (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan): Sir, I am not aware what danger the Opposition sees in this Ordinance because it appears to be a very simple and innocent piece of legislation. In the case of the administration of this Consolidation of Holdings Ordinance it was noticed that there was no provision whatsoever for the limitation period in respect of individual petitions filed by private persons, in the first instance.

(*At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Umar Jan Khan, occupied the Chair*).

Secondly, Sir, after the consolidation proceedings were finalised and the stage reached when the holdings allotted to different persons had to be given possession of, the Collector had no power to actually enforce his orders. So, in view of these two lacunas we thought it necessary to bring forward this amending Ordinance. Before I explain the necessity of these two amendments I will read out Section 13 (1) which is being amended. It reads—

"The Board of Revenue may at any time call for the record of any proceedings under this Ordinance pending before, or disposed of by, any Revenue Officer or Consolidation Officer."

So far as the Board of Revenue is concerned, they can send for the record of the proceedings at any time but it would have been observed that

there is no provision with regard to the time limitation, if the Board of Revenue is moved by an aggrieved party. Now, normally, in all laws the period of limitation prescribed for a revision petition is 90 days. So, this Ordinance seeks to amend this Section in the manner that while the Board of Revenue is entitled to call for the record of the proceedings pending before, or disposed of by any Revenue Officer or Collector at any time so far as an aggrieved party is concerned, he must submit his petition or his application for revision within 90 days of the order which he is going to challenge before the Board of Revenue. The amendment is in the following terms : —

> "2. In the West Pakistan Consolidation of Holdings Ordinance, 1960, hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 13, for sub-section (1), the following shall be substituted, namely :—
>
> '(1) The Board of Revenue may,
>
> (a) at any time of its own motion call for the record of any proceedings under this Ordinance pending before, or disposed of, by any Revenue Officer or Consolidation officer ; or"

It is almost the same as in the previous section. Sub-section (*b*) is the addition which reads—

> "(b) on application made to it in that behalf by a person aggrieved within ninety days of the passing of an order in any proceedings under this Ordinance by any Revenue or Consolidation Officer, and after giving such person an opportunity of being heard, call for the record of such proceedings."

In other words it means that a private person if he is aggrieved by an order of the Revenue Officer, the Collector or any authority subordinate to the Board of Revenue, may submit his application for revision of the order within ninety days of the passing of that order. We thought that as a result of the absence of this provision we had noticed that the people used to put in their revision applications even after the expiry of ninety days. There was no period of limitation fixed for that and the result was that anybody considering himself to be aggrieved by any order could file a revision petition at any time even after the expiry of ninety days. So, the Board of Revenue was simply flooded with these revision petitions and the entire consolidation proceedings were delayed. It was with a view to meet that eventuality that we thought it proper to bring forward this amendment,

The second provision is with regard to the powers of the Collector to deliver possession to a person to whom a certain holding has been allotted. Under Section 18, a Collector can pass an order but he has no authority to enforce it. Section 18 reads—

> "The land-owners, tenants and other persons affected by the scheme of consolidation shall be entitled to possession of the holdings and tenements allotted to them under the scheme and the Consolidation Officer shall, by an order, direct that they be put in possession thereof from such date after the final confirmation of the scheme as he may deem expedient, and for this purpose he shall have all the powers of the Collector."

Now he is suppsed to have power to order that a certain holding which has fallen to the lot of certain person should be given possession of. But, as a matter of fact, if the person who is in authorised possession of that holding refuses to deliver possession, the Collector should have the power to enforce the law. In order to meet this necessity this amending Ordinance seeks to enact another section 18-A, which reads : —

> "Any person occupying, or in possession of, any holding of tenement included in the consolidation scheme.
>
> (a) the right of occupation of which has been allotted to any land owner, tenant or other person under the consolidation scheme ; or
>
> (b) possession of which has not been . . . . . .
>
> may, after being given a reasonable opportunity of showing cause against such action, be summarily ejected by the Consolidation Officer, with the use of such force as may be necessary ;
>
> Provided that no person shall be so ejected earlier than the date mentioned in the order made under section 18."

Just as I have pointed out, this new section has been brought forward simply to fill the lacuna and it was found that while the Collector could order that the possession should be given to such and such person to whom a certain holding has been allotted as a result of consolidation proceedings he should have no hitch whatsover to enforce his orders. If somebody said 'No' to his order, then the entire proceedings became infructuous because he could not give effect to his orders. So we have provided in section 18-A that if anybody refused to obey the order of the Collector, he should have the power to enforce his order. I hope the entire House probably minus the Opposition will agree to my amendment,

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) جناب والا۔ میں جناب قائد ایوان اور وزیر مال کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ جو دو ترامیم انہوں نے پیش کی ہیں اگر وہ بل کی صورت میں لاتے تو سب سے پہلے میں ان کی تائید میں ہاتھ کھڑا کرتا ۔ یہ ہمارے حقوق پر چھاپہ بھی ڈالتے ہیں ہمارے حقوق کو غصب بھی کرتے ہیں ۔ سینہ زوری بھی کرتے ہیں اور پھر یہ کہتے ہیں کہ ہماری تائید بھی کرو ۔

اس سے پہلے جو ہاؤس تھا' قائد ایوان اس کے ممبر نہیں تھے ۔ ہم اس میں اس مقصد کے لئے ایک بل لائے بھی تھے مگر وہ ایک کمیٹی میں بھیج دیا گیا اور وہاں ختم ہو گیا اس لئے ہمیں اس کی اہمیت اور ضرورت کا شدید احساس ہے اگر یہ بل کی صورت میں آتا تو اس کے منظور ہونے میں کم وقت خرچ ہوتا ۔

Section 18 says :

"..... from such date after final conformation of the scheme, as he may deem expedient."

تو Consolidation Officer کو یہ اختیار ہے کہ جب سکیم confirm ہو جائے تو اس کا قبضہ دلانے کے لئے کوئی تاریخ جو مناسب سمجھے مقرر کر دے۔ ہو یہ رہا ہے کہ Consolidation Officer صاحب اپنے اس اختیار کو اس طرح استعمال کرتے ہیں کہ بعض لوگوں کو اپنی فصل اٹھانے کا موقع بھی نہیں دیا جاتا اور میں وزیر مال صاحب کی اس طرف خاص طور پر توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ اس قسم کی ترمیم کر دیں کہ قبضہ دلانے کی تاریخ فصل اٹھانے کے بعد مقرر کی جائے گی تو اس سے بہت سے لوگ نقصان سے بچ جائیں گے ۔ ایک اور امر جس کی طرف میں ان کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ یہ ہے کہ سنٹرل پنجاب کے جن اضلاع میں یہ اشتمال اراضیات کا کام ہو رہا ہے ۔ وہاں یہ حالت ہے ۔ کہ لوگوں نے اپنی

پشتینی اور آبائی اراضیات دوبارہ خرید کی ہیں ۔ وہ اراضی جو باپ دادا سے ان کے پاس چلی آرہی تھی ۔ وہ Consolidation Officer سے دوبارہ خریدی جا رہی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ صرف اس وجہ سے کہ یہ آرڈیننس ہے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ورنہ اس کے اصول سے مجھے پورا پورا اتفاق ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ میرے نوٹس میں یہ بات لائے ہیں ۔ جہاں تک میرا علم ہے اور مجھے معلوم ہے قبضہ عام طور پر فصل کی کٹائی کے بعد دیا جاتا ہے میں آپ سے سو فیصد متفق ہوں ۔ کہ اگر قبضہ تبدیل کرنا ہو اور فصل کھڑی ہو تو پہلے مالک کو فصل اٹھانے کا موقعہ دیا جائے اور پھر قبضہ دلایا جائے جہاں تک مجھے معلوم ہے اکثر یہی ہوتا ہے کہ فصل اٹھانے کے بعد قبضہ دیا جاتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ

اگر کوئی ایسا circular letter یا directive اس بارہ میں issue ہوا تو

Unless there are very very exceptional circumstances necessitating delivery of possesion at once.

مناسب یہی ہے کہ قبضہ فصل اٹھانے کے بعد دیا جائے ۔ اگر کوئی ایسی بات میرے نوٹس میں لائی جائے ۔ میں پھر محتاط زبان استعمال کرتا ہوں ۔

Unless there are exceptional and pressing circumstances and conditions necessitating delivery of possession immediately after the consolidation scheme is completed. Normally I quite agree with my friend that delivery of possession should take place after the crop is harvested.

دوسری بات جس کی طرف مجھے توجہ دلائی گئی ہے ۔ یہ ہے کہ بعض حالات میں لوگوں سے باپ دادا کی زمین چھینی جاتی ہے ۔ اور وہ اسے دوبارہ خریدنے پر مجبور ہوتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر - وہ Consolidation Officer کو رشوت دے کر اس سے وہ زمین لیتے ہیں -

وزیر مال - یہ رشوت کا معاملہ تو بہت پرانا ہے -

خواجہ محمد صفدر - لیکن اب نمبر ایک پر ہے -

وزیر مال - آپ رشوت پر ہماری توجہ مبذول کرا سکتے ہیں - ہمارا یہ فرض ہے کہ آپ کی بات سنیں اور حتی الامکان کوشش کریں کہ رشوت کم ہو مگر اس غریب ترمیم کا کیا قصور ہے - اس کا کوئی قصور نہیں - میں جناب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ ان کے جو اعتراضات تھے - ان کا جواب دے دیا گیا ہے - وہ ایک حد تک معقول تھے - میں کوشش کروں گا کہ ان کا بندوبست ہو سکے جہاں تک اس سیکشن ۳ ۱-اے کا تعلق ہے میرا خیال ہے کہ اس پر انہیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور اسے پاس کر دینا چاہیئے -

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Consolidation of Holdings (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

The motion was carried.

THE MOTOR VEHICLES (VALIDATION OF FEES) ORDINANCE, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion, please.

Minister of Law : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the Motor Vehicles (Validation of Fees) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Motor Vehicles (Validation of Fees) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the history relating to the promulgation of this Ordinance in the legislative field is this that before Karachi was separated from Sind and made a Federal territory, Karachi as well as Hyderabad and Khairpur Divisions, as they stood then, were governed by the Sind Motor Vehicles Rules made under the Sind Motor Vehicles Act and the Motor Vehicle Authorities used to recover the fees accordingly. Sometimes later the then Government of Sind increased their fees which were applicable to Hyderabad and Khairpur Divisions as that Province then consisted of these two Divisions. But this legislation increase in the fees did not apply to Karachi and Karachi used to be governed by the rules then in force and that scale of fees was slightly lower than what it was in the Province of Sind. After July, 1961, when Karachi ceased to be a Federal territory and became a division of West Pakistan, and thereby part of West Pakistan, the laws which applied to Karachi including these rules continued to operate in Karachi till they were rescinded, modified or cancelled by the R. T. A. in Karachi. Erroneously they started making recoveries during the period which is the subject matter of this Ordinance, namely 25th May 1962 to 12th March 1965 on the basis of the fees prescribed under the rules which were applicable to Hyderabad and Khairpur Divisions When this was realised hundreds of notices were served on the R. T. A. that excess recovery had been made. The exact estimation has not yet been made but approximately the amount involved is ten lakhs of rupees. It was, therefore, thought necessary that a validating legislation should be immediately brought into effect to validate the fees and amounts recovered by the R. T. A., Karachi on the basis of Sind Rules which did not apply to Karachi then. The position after the 12th of March 1965 has changed and the rules now have been legally and validly extended to Karachi. The result is that recoveries made between 25th May 1962 and 12th March 1965 had to be validated and in order to avoid unnecessary and frivolous litigation (because charging of fees on motor vehicles on the basis of Sind Rules) an Ordinance was the only effective remedy to checkmate

any such litigation which may involve the R. T. A. in a considerable amount. Hence this Ordinance was issued. All that has happened is that the Karachi Administration through its R. T. A. has recovered fees on the basis of rules which were not applicable to it but were applicable to Hyderabad and Khairpur. This Ordinance is intended to validate the fees already recovered and realised by the R. T. A., Karachi during this period. There has been no discrimination and it is a case of equitable recovery and realisation of certain fees.

I hope that the Members of the Opposition will cooperate and carry through this Ordinance so that we may go ahead with yet two more Ordinances for the day.

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - جہانتک اس امر کا تعلق ہے - کہ جن لوگوں سے حکومت نے زیادہ فیس وصول کی ہے - اور اب انہیں واپس نہیں دینا چاہتی - میرے یہ دوست اسکا اخلاقی پہلو خود ہی سوچ لیں کہ کیا ہونا چاہئے تھا - بہر حال ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں - کہ جو کچھ حکومت کے خزانہ میں آ گیا ہے - اب اسکو validate کر لیا جائے - لیکن بات پھر وہیں آ جاتی ہے - کہ اگر انہوں نے ۱۲ مارچ تک کی وصولیوں کو validate کرنا ہے تو اگر ۱۲ مارچ سے ۵ جون تک لیجسلیشن کے لئے انتظار کر سکتے تھے تو پھر پانچ جون سے نو جون تک بھی انتظار کر سکتے تھے - ہمارا پوائنٹ تو یہی ہے کہ جسکی بنا پر ہم اس قانون کی مخالفت کر رہے ہیں کہ جب اتنے عرصہ تک کوئی قانون نہ تھا اور پانچ جون تک وہ انتظار کر سکتے تھے - اب پانچ مہینے گذر جانے کے بعد کتنے لوگوں نے مقدمات دائر کرنے تھے - زیادہ سے زیادہ پانچ دس لوگ ہی ہوتے جو ایسا کرتے تو یہ محض عذر لنگ ہے - ان پر آرڈیننس بازی کا جنون سوار ہے - اور کچھ بھی نہیں ہے اور

ہم یہ چاہتے ہیں ۔ کہ اسکے خلاف جتنی زیادہ بار احتجاج کر سکیں ۔ کریں ۔

شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the Motor Vehicles (Validation of Fees) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 5th June, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES ORDINANCE, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion.

Minister of Law : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Motor Vehicles Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Senior Deputy Speakar : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the Wast Pakistan Motor Vehicles Ordinance, 1965 promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed Sir. But before I oppose it I am on a point of order.

جناب والا یہ ہنگامی قانون ہمارے آئین کی خلاف ورزی کرتا ہے ۔ اس لئے یہ کانعدم ہے ۔ بے اثر ہے اور اس کا کوئی اثر نہیں ہے ۔ یہ ہمارے آئین کو violate کرتا ہے میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۹۷ کی طرف دلاتا ہوں ۔

میرا خیال ہے چونکہ قائد ایوان بھی بڑے عرصے تک ہائی کورٹ کے جج رہے ہیں وہ میرے اس پوائنٹ کو appreciate کریں گے ۔

If, at a time when the Assembly of a Province stands dissolved

اس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ۔

or is not in session,

یہ important ہے ۔

or is a not session.....

اس phrase کو مد نظر رکھیں ۔

the Governor of the Province is satisfied that circumstances exi t which render immediate legislation necessary, he may, subject to this Article, make and promulgate such Ordinance as the circum·tances appear to him to require.

جناب والا ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو اور جناب گورنر صاحب کے خیال میں ایسے حالات ہوں کہ فوری طور پر کسی قانون کا نفاذ لازم ہو تو ان کے لئے دو کام ضروری ہیں ۔ ایک کہ وہ آرڈیننس وضع کریں یعنی "Make an ordinance" اور دوسری چیز جو لازم ہے وہ یہ ہے ۔ "promulgate the ordinance" پہلے آرڈیننس بنائیں ۔ وضع کریں اور اس کے بعد اس کو promulgate کریں ۔

جناب والا ۔ اب میں اس آرڈیننس کے سب سے بھیانک پہلو کی طرف آتا ہوں ۔

Misuse of licenses and permits, constitution of Regional Transport Authorties.

اس کے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ سیکشن ۴۶ کی سب کلاز (۱) میں یہ درج ہے کہ لاہور ڈویژن ۔ لاہور ۔ شیخوپورہ ۔ گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کے اضلاع پر مشتمل ہے ۔ اور آپ نے تمام RTAs ڈویژن وار بنائی ہیں ۔ میری اطلاع کے مطابق آپ نے گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کے اضلاع کو اغلباً راولپنڈی کی RTA میں شامل کر دیا ہے ۔ If I am correct. اور اسی طرح سرگودھا ڈویژن کے بعض اضلاع کو لاہور میں شامل کر دیا گیا ہے ۔ پھر ملتان اور بہاولپور کو ملا کر ایک RTA بنا دی گئی ہے ۔ جب کہ باقی چھوٹی کمشنریوں میں اپنی الگ RTAs بنائی گئی ہیں ۔ جو کہ independent ہیں ۔ بظاہر تو یہ چیز زیادہ قابل اعتراض نہیں ۔ لیکن میرا خیال ہے کہ جب محکمہ کے حالات سے با خبر رہنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ ایک اصول پر عمل پیرا ہوں ۔ تو اس اصول پر آپ یہاں بھی عمل کریں ۔ اور یہ لاہور کی جو RTA ہے ۔ اگر حقیقتاً ایسا ہی ہے کہ اس کے کچھ اضلاع کو دوسری جگہ شامل کیا گیا ہے تو آپ اسے بھی ضرور درست کیجئے ۔ اور لاہور کی RTA کو بھی independent بنائیے ۔

جناب والا ۔ ان کی constitution کے مطابق کچھ آفیشل ممبر تھے اور ان کے ساتھ بعض نان آفیشل ممبران کو شامل کیا گیا تھا ۔ جن کا ذکر دفعہ ۴۶ کی سب کلاز (۲) میں ہے ۔

"The Provincial Transport Authority or a Regional Transport Authority shall consist of such number of officials and non-officials as Government may think fit to appoint, but no person who has any financial interests whether as proprietor, employee or otherwise in any transport undertaking, shall be appointed or continue as a member of the Provincial or a Regional Transport Authority."

مجھے یہ کہنے میں باک نہیں کہ آپ کی RTAs جو بھی لائسنس اور پرمٹ یا جن کو عرف عام میں Route Permits کہتے ھیں جاری کرتی ھیں جن کے فیصلے زیادہ تر Political Basis پر ھوتے ھیں ۔ یا یہ Routes اور Permits ان لوگوں کو دئے جاتے ھیں جو کسی نہ کسی طرح ان RTAs کے سرکاری یا غیر سرکاری ممبران پر اثر انداز ھوتے ھیں ۔

جناب والا ۔ مجھے اس ھاؤس میں ایک دستاویز پیش کرنا ھے جو ایک عدالت میں پیش کی گئی تھی ۔ مجھے اس سے کوئی تعلق نہیں کہ اس کے متعلق فیصلے کو سپریم کورٹ میں کالعدم قرار دے دیا گیا ۔ لیکن وہ دستاویز ایک ڈی ۔ آئی ۔ جی پولیس نے ایک کمشنر کو بھیجی تھی ۔ اس دستاویز کے contents سے یہ ظاھر ھوگا کہ ان RTAs میں کس قدر دھاندلی اور چور بازاری تھی ۔ اور اختیارات کا کس قدر ناجائز استعمال کیا جاتا تھا ۔ اس کی یہ محض ایک مثال ھے جو اس PLD میں ھے ۔

PLD 1958 : Sargodha-Bhera Bus Service vs. R.T.A. Lahore, Justice Yaqub Ali.

"On the 29th, the members met in the office of Mr. Allah Dad to take decisions in which Mr. Allah Dad himself did not participate in the beginning but eventually the decision of all the cases was referred to him as the official and non-official members could not agree between themselves. What actually transpired at the meeting is recapitulated by Syed Inayat Ali Shah in his letter Exh. R. 3 W. 3/2, dated the 1st June 1957, to Mr. Allah Dad :—"

یہ فیصلہ جسٹس یعقوب علی خان نے لکھا ہے ۔ بہر حال میں اپنے آپ کو یہ دستاویز پیش کرنے تک ہی محدود رکھوں گا جو وہاں پیش کی گئی ۔ یہ ایک خط ہے جو غالباً سید عنایت علی شاہ صاحب نے جو اس وقت DIG تھے ۔ مسٹر اللہ داد کو لکھا ۔

"You will remember having shown me certain lists which had been handed over to you by the non-official members about the persons and companies whom they had recommended for grant of permits. In the case of Khan Barkhurdar the recommendation was for the grant of 124 permits to his nominees. In the case of Makhdum Nazar Hussain it was for 84 and in the case of Mehr Muhammad Arif Khan it was for practically a similar number. (I don't remember the exact figure). I had told you that the foremost criterion for the grant of permits should be the merits of an individual case with which you had agreed. You directed me to hold the meeting saying that you had other important work to attend to and that I should try to explain to the non-official members that they should try to be fair. The meeting started and I explained to the non-officials what they were required to do but they were adamant. Eventually they came to 40 permits for the nominees of each member plus a list of persons who they said were the nominees of Col. Sahib (Sayed Abid Hussain Shah, ex-Minister). This was something very strange.

I saw you again and told you what the non-official members thought about the issue of permits. You again asked me to try to persuade them to be reasonable. This went on for several hours and eventually you were able to give a decision after making adjustments in the total number of permits which the non-official members reluctantly accepted."

یہ ۱۲۴ پرمٹ ہیں جن کا ایک غیر سرکاری ممبر مطالبہ کر رہے ہیں ۔

The letter concluded with the following observations :—

"The attitude of the non-official members throughout the day (29th May 1957), was extremely reprehensible. I had been Provincial Transport Controller for about 2 years and had never heard of the non-official members joining hands to force decision as they did on this occasion with threats of boycotting the meeting. I have deliberately refrained from giving all the unsavoury details because you know them too well and it would be just waste of time to recapitulate them. Their behaviour after the meeting was absolutely condemnable."

جناب والا ۔ یہ وہ طریقہ ہے جس کے مطابق سابقہ RTAs عموماً Route Permits دیا کرتی تھیں ۔ ہمارے موجودہ بر سر اقتدار لوگ محض یہ کہہ کر جان نہ چھڑاسکیں گے کہ انہوں نے جو Route Permits جاری کئے ۔ ان کا اجرا بالکل انصاف پر مبنی تھا ۔ وہ ان کی ایک فہرست اس ہاؤس میں پیش کریں تو میں ان کو دکھاؤں گا کہ ان میں سے کتنے Political Basis پر دئے گئے ہیں ۔ میں allege کرتا ہوں کہ اس وقت ۹۰ فیصد فیصلے جو RTAs ان Route Permits کے سلسلے میں کر رہی ہیں وہ سیاسی اغراض کی بناء پر کئے جاتے ہیں ۔ اگر کسی کو اس سے انکار کرنے کی جرأت ہے تو Let him place the list before the House تو ہم ایک ایک کو on merits discuss کر لینگے ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ معزز ممبر نے challenge کیا ہے ۔ اور میں اُن کے challenge کو قبول کرتا ہوں ۔ آپ مہربانی کر کے مجھے وضاحت کا موقع دیں ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ ملک صاحب سنئیے پیر صاحب کیا کہہ رہے ہیں ۔

Malik Muhammad Akhtar: Let the list be brought in the House.

پیر غلام علی چشتی ۔ اگر وہ challenge کا لفظ واپس لے لیں تو میں کچھ نہیں کہوں گا ۔

ملک محمد اختر - پیر صاحب کہیں تو میں یہ لفظ واپس لینے کو تیار ہوں کیونکہ میں تو آن کا مرید ہوں - لیکن سچ پوچھیں تو حقیقت یہی ہے - جو میں نے عرض کی ہے -

جناب والا - یہ کلاز ۵۰ (۲) (ب) ایسی ہے - جس کو mis-use کیا جاتا ہے - اس کا طریق کار یہ ہے -

"The Provincial or a Regional Transport Authority shall regulate timings of arrival or departure of stage carriages, whether they belong to one or more owners;"

یعنی اگر کسی کے پاس دو یا تین یا چار وھیکل ہیں تو ان کے لئے ایک وھیکل کو اسے reserve میں رکھنا پڑے گا - ۴ کے لئے تو ایک vehicle ریزرو میں آ سکتی ہے - دو کے لئے آدھی تو نہیں ہو سکتی پھر اس کا مطلب یہ ہوا - کہ دو کے لئے بھی ایک وھیکل reserve میں رہے گی - اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ فرض کیجئے کسی کو دو route permits ملے ہوئے ہیں - اس نے reserve کے لئے تین لاریاں خرید لی ہیں - تو پھر وہ تین لاریوں کو بھی use کرے گا - لیکن اگر کسی کے پاس چالیس وھیکل ہیں تو ۲۵ فیصدی کے حساب سے اسے ۱۰ وھیکل reserve میں رکھنے ہوں گے - ان دس وھیکل کی قیمت پانچ چھ لاکھ ہوگی - آپ بتائیں کہ کیا کوئی شخص afford کر سکتا ہے کہ Reserve میں اتنے vehicles رکھے - جب کوئی شخص چالیس کے ساتھ دس وھیکل reserve کے لئے مہیا کرے گا - تو پھر وہ تمام کی تمام یعنی ۵۰ کو on road لے جائے گا - اور جو route permits اس کو ملے ہوئے ہیں - ان کے تحت وہ ان routes پر چلائے گا - (قطع کلامیاں)

مسٹر سپیکر ۔ چشتی صاحب ۔ آپ متوجہ ہوں ۔

ملک محمد اختر ۔ اس طرح اس کے misuse ہونے کا احتمال ہے ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ مجھے (B) ۶۰ کے متعلق گذارش کرنی ہے ۔ وہ یہ کہ آپ کو حادثات روکنے کے لئے یہ کرنا چاہئے کہ آپ timing کو regulate کرنے کے لئے اتنا سٹاف رکھیں کہ جب کوئی بس یا گاڑی کسی سٹیشن پر یا اپنی منزل مقصود پر پہنچے ۔ تو اس کے پہنچنے کے وقت کو چیک کریں ۔ اس دفعہ جو provision دی گئی ہیں ۔ ان پر سختی سے عمل نہیں کیا جا رہا در اصل ساری خرابی کی بنیاد یہی ہے ۔ جس سے آپ کے تمام Transporters یہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کا وہیکل دوسرے وہیکل سے آگے نکل جائے ۔ یا اسے کراس کر جائے۔ اسی crossing کی وجہ سے accidents ہوتے ہیں ۔ وہ لوگ اس لئے زیادہ رفتار پر کراس کرتے ہیں تا کہ راستہ میں سے passengers کو pick up کر لیں ۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ رفتار کی جو limit مقرر کی جاتی ہے ۔ اگر اس پر سختی سے پابندی عائد کی جائے تو میں سمجھتا ہوں ۔ اس سے accidents کے chances minimise ہو سکتے ہیں ۔ یہ بہت ضروری دفعہ ہے ۔ جس پر عمل کرنا چاہئے ۔

اس میں جو دفعہ ۶۰ ہے ۔ سابقہ قانون میں اس کی corresponding دفعہ ۵۸ ہے ۔ اس میں یہ ہے کہ ہر روٹ پرمٹ کی life تین سال ہوتی ہے ۔ تین سال کے بعد آپ competent authority کے پاس درخواست بھیج

دیتے ھیں ۔ کہ پرمٹ کو renew کر دیا جائے ۔ اس میں ایک اور دفعہ کا استعمال کیا گیا ھے ۔ وہ یہ کہتی ھے کہ پرانے یعنی سابقہ آرڈیننس کے مطابق جب کسی پرمٹ کو renew کیا جاتا تھا ۔ تو جس روٹ پر پہلے بسیں وغیرہ چلتی تھیں ۔ permit holder کے لئے اسی route کو preference دی جاتی تھی ۔ نئی دفعہ میں ایسی کوئی protection نہیں دی گئی ۔ جس کا نتیجہ لامحالہ یہ ھوگا کہ وہ لوگ جو transporters ھیں ۔ اور حکومت کے مخالف ھیں ۔ جب بھی ان کے پرمٹ کی expiry ھو گی تو اس کی renewal ایک کافی مشکل کام ھو گا ۔ بلکہ یہ نا ممکن ھو گا ۔ اس طرح سے یہ preference ان لوگوں کو نہیں مل سکے گی جو کام میں مہارت رکھتے ھیں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ان کا safeguard نہیں کیا گیا ۔ جیسا کہ سابقہ section میں دیا گیا تھا ۔ اسی کے مطابق ان کو سہولتیں مہیا ھونی چاھئیں ۔ اب جناب والا ایک اور دفعہ ھے ۔ جو کافی خرابی کا باعث ھو سکتی ھے ۔ یہ سیکشن ٦٢ کی سب سیکشن (١) کلاز (سی) ھے ۔

"The transport authority which granted permit may cancel the permit or may suspend it for such period as it thinks fit if the holder of the permit ceases to possess the vehicle or vehicles covered by the permit;"

جناب والا ۔ میں سمجھتا ھوں ۔ یہاں possess کی بجائے لفظ own ھونا چاھئے ۔ اس سے آپ permit holders کو encourage کر رھے ھیں ۔ اگر کوئی شخص کسی سے vehicle حاصل کرے ۔ اور اس کے پاس permit ھو تو وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتا ھے ۔ سیکشن ٦٣ میں hiring agreement کے لئے روٹ بنانے کی گنجائش رکھ کر آپ نے ٹرانسپورٹرز

کے لئے لائسنس کو ایک سنہری چڑیا بنا دیا ہے ۔ possess کے لفظ سے Transporters encourage ہوں گے ۔ یہ لفظ ایسا ہے جو indirectly اس تمام خرابی اور لوٹ کھسوٹ کا باعث ہوگا ۔ اور یہ سب کچھ حکومت نے اپنے چہیتوں کو reward کرنے کے لئے کیا ہے ۔ یہاں possess کا لفظ کافی حد تک قابل اعتراض ہے ۔ اس جگہ صحیح لفظ own ہے ۔

جناب والا ۔ ایک اور قابل ذکر دفعہ ہے ۔ پرانے قانون میں جو دفعہ ۱۳۳ تھی نئے قانون میں وہ دفعہ ۱۱۹ ہے ۔ جو اس میں شامل کی گئی ہے ۔ پرانے قانون کی دفعہ ۱۳۳ کے مطابق یوں تھا ۔

"133. - (1) Every power to make rules given by this is subject to the condition of the rules being made after previous publications.

(2) All rules made under this Act shall be published in the official Gazette, and shall, unless some later date is appointed, come into force on the date of such publication."

اب جو چیز میں refer کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے ۔

Sub-section (3) of Section 133 of the old Act is as under :—

"All rules made under this Act by the Central Government or by any Provincial Government shall be laid for not more than fourteen days before the Central or Provincial Legislature as the case may be."

یعنی یہ رولز ہاؤس کے سامنے ہی lay down کئے جانے تھے کہ corresponding سیکشن ۱۱۹ میں یہ جو اختیارات ہیں وہ نہ رہیں ان کا رہنا ضروری نہیں ۔

جناب والا ۔ دراصل وہ برے نتائج جو اس قانون کی ترمیم سے اور نئے form سے پیدا ہونے والے ہیں جن کی میں نے نشاندھی کی ہے ۔ اور اس سارے قانون میں وہ ڈرافٹنگ کے نقائص میں نے بیان کر دئیے ہیں جن سے ambiguity پیدا ہوتی ہے اور یہ قانون ہمارے لاء ڈیپارٹمنٹ اور حکومت مغربی پاکستان کا ایک شاھکار بن کر رہ گیا ہے ۔ ان خرابیوں کا باعث کیا ہے ان خرابیوں کا باعث یہ ہے کہ ہمارے لاء ڈیپارٹمنٹ کے کسی فرد نے یہ تو نہ کیا کہ کوئی نیا اور اچھا ڈرافٹ بناتے انہوں نے پچھلے قانون جس کا نفاذ ۱۹۳۹ء میں کیا گیا تھا اس کی نقل کر دی ہے ۔ جناب والا ۔ اس طرح سے ہم نے عوام کو اس فائدہ سے محروم کر دیا ہے اگر محنت کرکے اس قانون کو بنایا جاتا اور ڈرافٹ کیا جاتا اور موجودہ حالات کے مطابق wide roads کی facilities مہیا کی جاتیں اور صحیح خطوط کے مطابق اگر آپ اس ایکٹ کو ڈرافٹ کرتے تو ambiguity پیدا نہ ہوتی ۔ یعنی آپ کو یہ تو معلوم ہی ہے کہ آج کی ضروریات سے تقریباً ۳۰ سال پہلے کی ضروریات مختلف ہیں ۔ اور اس وقت یہ موٹر وھیکل ایکٹ ۱۹۳۹ء کا قانون جس کی نقل آج آپ نے ۱۹۶۷ء میں پیش کی ہے وہ جن حالات میں بنایا گیا تھا آج سے بہت مختلف تھے ۔ مجھے یہ بتانے کے لئے کہ اس وقت روڈ ٹرانسپورٹ کی کیا requirements تھیں تھوڑا سا reference دینا ہوگا ۔ اور یہ بتانا ہو گا کہ آج ہم کس حد تک advance ہو چکے ہیں۔ میں ریلوے انکوائری کمیٹی رپورٹ جس کے تحت یہ قانون بنا اور اسی کا چربہ ہمارے سر پر آپ نے لگا دیا ہے اس کا حوالہ دوں گا ۔ بدلتے ہوئے حالات کے

مطابق آپ کا یہ فرض تھا کہ آپ یہ دیکھتے کہ ہمارا ملک ۳۰ سال بعد بہت ترقی کر چکا ہے تو آپ اس کے مطابق قانون بناتے ۔ جناب والا ۔ یہ رپورٹ ڈویلپمنٹ آف روڈ ٹرانسپورٹ کے متعلق ہے ۔

India Railway Enquiry Committee Report, 1937.

"Development of Road Transport in India—Road transport has not developed to the same extend in India as in other countries of the world. The number of buses and lorries is small in relation to the size and population of the country and is bound to increase as the road system is improved and extended. We consider that the country should enjoy the advantage of development and that no restrictions should be imposed which would unfairly hamper it."

اس وقت restriction کے خلاف جو ہمارے دوستوں نے فرمایا ہے میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ لاہور اور امرتسر کا distance صرف ۳۵ میل تھا ۔ مجھے یاد ہے کہ ہم ۴ آنے اور ۶ آنے fare دے کر اس distance کو travel کیا کرتے تھے اور آج بھی اگر ان requirements کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم لائسنس بازی اور پرمٹ بازی کو ختم کر دیں تو میں سمجھتا ہوں کہ آج بھی روڈ ٹرانسپورٹ کا کرایہ سستا ہو جائے ۔ اور ہو سکتا ہے کہ حالات اور ضروریات کے مطابق ہم اپنے عوام کو مستفیض کر سکیں اور وہ فائدہ اٹھا سکیں ۔ اب جناب مجھے ذرا سا reference دینا ہے ۔

"It is undisputed that road services in India are at present carried on in unsatisfactory conditions. No reliable information is available as to the number of vehicles in use, the nature of the work which they do, or the districts or routes which they serve. The machines generally are in bad mechanical repair and their operations is carried on in a haphazard manner, over crowding of buses and overloading of lorries being the rule rather than the exception."

جناب والا ۔ یہ حالات تھے ۔ چھوٹی چھوٹی سڑکیں تھیں اور ان پر کم وھیکلز تھیں اور اسی وجہ سے ۱۹۳۹ء کا موٹر ایکٹ نافذ کیا گیا ۔ جس کو آج آپ نے دوبارہ کم و بیش اسی فارم میں ۱۹۶۵ء میں ھمارے ذمہ ڈال دیا ھے کہ ھمیں اس کے تحت govern کیا جائے ۔ جناب والا ۔ یہ موٹر وھیکل ایکٹ مجھے افسوس ھے کہ جس تیزی سے نافذ کیا گیا ھے اس کی language بہت defective ھے ۔ اس سے ambiguity پیدا ھوتی ھے اور لائسنسوں اور پرمٹوں کا misuse کیا جا سکتا ھے ۔ اور اس میں بہت سے ایسے سیکشن ھیں جن کا میں نے تفصیل سے ذکر کیا ھے ان کی shelter لے کر فائدہ اٹھایا جائے گا ۔ تو یہ بہت بڑی بے انصافی ھو گی ۔ وہ حالات جو آج سے تقریباً ۴۰ سال پہلے تھے اور ان حالات کے تحت جو قانون بنایا گیا تھا وہ آپ آج ھرگز maintain نہیں کر سکتے ۔ مثال کے طور پر آپ رکشا کو لیجئے اگر ایک رکشا کا مالک آر ۔ ٹی ۔ اے کے پاس جاتا ھے تو اس کو پرمٹ لائسنس مل جاتا ھے ۔ ٹیکسیز کو بھی لائسنس مل جاتا ھے ۔ Transport بلکہ Trucks کو بھی پرمٹ مل جاتا ھے تو آپ carriages اور بڑے کاروبار اور لاریوں کے متعلق کیوں ایسا کرتے ھیں اور ان کو پرمٹ کی کونسی ضرورت ھے ۔ کیوں آپ نے یہ پابندی لگائی ھے ۔ ایسی پابندی لگا کر آپ نے انصاف سے کام نہیں لیا ۔

Haji Gul Hasan Mangi : On a point of order, Time may be fixed for each member, because the time is very short and there are so many members to speak.

Mr. Speaker : I am sorry that no time limit can be fixed in legislative work.

ملک محمد اختر - جناب والا - اگر حکومت نیک نیتی سے ٹرانسپورٹ کی نشو و نما چاہتی ہے -

Minister of Education : On a point of order. Is it not a resolution in the case of Ordinance? On a resolution time limit can be fixed.

Mr. Speaker : That has already been decided and in the previous Assembly too it has been decided that although it is a resolution yet it is a piece of legislation and in the case of legislation there is no time limit.

ملک محمد اختر - جناب والا - روڈ ٹرانسپورٹ میں اگر حکومت چاہتی ہے کہ ترقی ہو اور اسکی نشو و نما ہو - fare of routes سستے ہوں تو اسکا بہترین طریقہ یہ ہے کہ تمام routes پر جو پابندیاں ہیں انکو ختم کیا جائے - میں گذارش کروں گا کہ بہت سے ٹرانسپورٹرز اب صرف ایجنٹس بن کر رہ گئے ہیں ان کی اپنی کوئی investement نہیں ہے وہ لوگوں سے وہیکل hire کرکے فائدہ اٹھاتے ہیں -

اس کے بعد جناب میں اب لاہور کی اومنی بس کی طرف آؤں گا - یہ جناب اومنی بس کا دھندا اور یہ جو آپ ٹرانسپورٹ چلا رہے ہیں یہ overloaded اور overcrowded ہے - یہ فرسودہ ہو چکا ہے لوگوں کو timing پر ہر گز بسیں نہیں ملتیں - اگر یہاں کا کوئی رکن جسے اس معاملے میں تجربہ ہو وہ کسی بس سٹینڈ پر جا کر کھڑا ہو جائے او بس سٹینڈ پر کھڑے ہو کر وہ timing کو read کرے تو اس کو صرف دو گھنٹے میں یہ معلوم ہو جائے گا کہ یہ بسیں Timing maintain نہیں کر سکتیں - اس کے بعد ہماری وہیکاز کی حالت اس قدر ناگفتہ بہ

ہو چکی ہے کہ جس کا کوئی حساب نہیں ہے - تو جب گورنمنٹ اس کام کو efficiently اور skilfully نہیں چلا سکتی تو اس کے لئے پھر پرائیویٹ کمپنیوں کو کیوں introduce نہیں کیا جاتا - اس طرح لاہور میں وہیکاز میں competition ہوگا اور وہیکاز کی حالت روڈ پر بہتر ہو جائے گی اور اسطرح عوام کو اس سے facility مہیا ہو سکے گی -

مسٹر سپیکر - پیر غلام علی چشتی -

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری - ۶) - جناب والا - اگر یہ بحیثیت ممبر کے یہاں بیان دیتے تو مجھے بولنے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی - وہ ٹرانسپورٹروں کے وکیل ہونے کی حیثیت سے بحث کر رہے ہیں اور اس طرح ان کا کیس وہ ذاتی طور پر لڑ رہے ہیں - انہوں نے سب سے بڑا الزام ہماری پارٹی پر یہ لگایا کہ حکومت اپنی پارٹی کو روٹ پرمٹ دیتی ہے - یہاں ہمارے ایک ایم - پی - اے بھی ہیں اور ایک عہدیدار کے بھائی بھی ہیں - ان کو پہلے پرمٹ ملا ہوا تھا لیکن وہ cancel ہو گیا - مگر وہ ہماری پارٹی میں بھی ہیں اور ہمارے گروپ میں بھی ہیں اگر آپ اس کا ثبوت لینا چاہیں تو میں دے سکتا ہوں - یہاں جو کچھ ہوتا ہے وہ انصافاً ہوتا ہے کسی کے لئے نہیں کیا جاتا - جناب والا - آپ یہ نہ سمجھیں کہ مجھے ملک صاحب سے کوئی عداوت ہے میں ان کو اپنا چھوٹا بھائی سمجھتا ہوں اور ان ہی کے لئے میں نے کل ایک ایڈجورنمنٹ موشن پیش کی تھی مگر میری غیر حاضری کی وجہ سے وہ ملتوی ہو گئی وہ ایڈجورنمنٹ موشن اس لئے تھی کہ اگر سروسز ہسپتال میں کوئی

اچھا ڈاکٹر ہو تو ان صاحب کو وہاں بھیجا جائے تاکہ وہاں ان کا علاج ہو ۔ کیونکہ یہ ہمیشہ ''س،، کو ''ش،، بولتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ چشتی صاحب آپ کا ایڈجورنمنٹ موشن ملتوی نہیں کیا گیا بلکہ آپ کی غیر حاضری کی وجہ سے مسترد کر دیا گیا ۔

پیر غلام علی چشتی ۔ لیکن مجھے جس طرح ممبر صاحبان نے بتایا ہے ،میں نے کہہ دیا ہے ۔ تو میری عرض یہ ہے کہ یہ ان کی محبت کا ثبوت تھا ۔ مجھے ذاتی طور پر مثال کے طور پر انہوں نے ایک دفعہ فرمایا کہ حیدر آباد میں چوڑی کا کارخانہ ہے ۔ کہنا یہ تھا کہ لاہور میں بھی ہونا چاہئے تو انہوں نے فرمایا کہ حیدر آباد میں چوری کا کارخانہ ہے اور لاہور میں بھی ایک چوری کا کارخانہ ہونا چاہئے ۔ چنانچہ اس تلفظ سے problem اخبارات کے لئے بھی پیدا ہوتا تھا ۔ لکھنے والے بیچاروں کو تکلیف ہوتی تھی ۔ وزرا کو بھی ہوتی تھی ۔ دوسرے انہوں نے فرمایا ہے کہ رفتار کی حد جو ہے وہ لمیٹڈ کر دی جائے لیکن ایسا کرنے سے حادثات نہیں رکیں گے جب تک ان ڈرائیوروں کو یہ نہ سکھائیں کہ یہ پل ہے اس کو پہلے کراس کون کرے ۔ جو تیز رفتار ہو اس کو پہلے گزرنا چاہئے لیکن کم رفتار والے جو ہیں وہ کوشش کرتے ہیں کہ تیز والے سے پہلے چلے جائیں ۔ مثلاً ایک کار آ رہی ہے ۷۰ یا ۷۵ میل کی رفتار پر تو لاری والا بتیاں جلائے گا کہ مجھے پل پر پہلے کراس کرنے دیں تو اس لئے کار والا کہتا ہے کہ میں تیز جا

رہا ہوں میں پل پر پہلے کراس کروں گا - تو یہی وجہ ہے کہ ان کو پورے آداب اور قوانین نہیں سکھائے جاتے - غیر تربیت یافتہ ڈرائیور جو ہیں وہ کام کرتے ہیں - گاڑیوں کی رفتار باہر کے ملکوں میں بھی تیز ہے - اگر اس زمانے میں ۱۵ میل کی رفتار سے بسیں چلیں تو سفر کرنے والا گھوڑے پر کیوں نہ آ جائے گا - اس کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ وہ بس پر سفر کرے - اگر ہم آزاد کرنے کی پالیسی پر چلیں جیسے کہ ہم نے ٹیکسیوں کو کیا ہے - چھوٹی بے بی ٹیکسیوں کو یا رکشاؤں کو کیا ہے تو اس میں یہ ہے کہ ان کا مقابلہ ہماری ریلوے کے ساتھ ہے - ہمیں یہاں دیکھنا ہے کہ ریلوے ہماری قومی ملکیت ہے - وہ بڑی اچھی چیز ہے - اگر ہماری ریلوے کو فیل کرنے کے لئے آپوزیشن والے اپنی گاڑیاں چلا دیں اور زبردستی چلا دیں تو ہم بجٹ پر اعتراض کریں گے - اس لئے ہمیں یہ سوچنا پڑتا ہے کہ ہماری گاڑیاں جو ہیں ان کی قدر و قیمت میں کمی نہ ہو - پہلی موزوں ہے - عوام کو تکلیف ہو رہی ہے لہذا روٹ پرمٹ جاری کرنا زیادہ ضروری ہے - اگر وہ آزاد کر دئیے جائیں تو اس میں ہماری ریلوے کو نقصان ہوگا - دوسرے یہ ہے کہ جس وقت انگریز ہوتے تھے اگر وہ کسی کو بھی پرمٹ دیتے تھے تو ان پر اعتراض نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ اپنے رشتہ داروں کو دیتے ہیں - وہ تو انگلینڈ سے آئے ہوئے تھے - ان کا یہاں پر کوئی رشتہ دار نہ تھا - وہ ڈٹ کر پرمٹ دیتے تھے - اگر ہم دیں تو تمام پاکستان میں ہماری برادری موجود ہے - دوستانہ تعلقات بھی ہیں - اگر از روئے انصاف بھی دیں گے تو پھر بھی لوگ کہیں گے کہ یہ اپنے دوستوں کو دیتے ہیں -

تو میں یہ چاہتا ہوں کہ قانون جو ہے یہ ہماری پارٹی بنائے اور چلائیں آپوزیشن والے اور ہم دیکھیں گے کیا وہ پاکستان کے باہر والوں کو پرمٹ دیں گے یہاں کوئی آدمی ایسا نہ ہو گا جو ان سے تعلق رکھنے والا نہ ہو۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جتنے آئینی اعتراضات ہیں وہ تو آپ ضرور کریں لیکن بحیثیت ممبر فیس لیکر یہاں جو بغاوت کرنا ہے وہ فضول ہے ۔

ملک محمد اختر - جناب والا ۔ میں نے تو ٹرانسپورٹ والوں کی مخالفت کی ہے اور یہ فرما رہے ہیں کہ میں نے ان کی اعانت کی ہے ۔ میں نے کہا ہے کہ ان کو ختم کر دیا جائے کیونکہ یہ دلال ہیں ۔

مسٹر سپیکر - بہر حال چشتی صاحب نے یہی سمجھا ہے ۔

Would the Minister of Law like to reply ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : No, Sir.

Mr. Speaker : The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Motor Vehicles Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN ARMS ORDINANCE, 1965

Mr. Speaker : Next motion, please.

Minister of Law : I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Arms Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Arms Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, the subject of arms, particularly the manufacture, export and import of arms and ammunition was a Central subject under the Constitution of 1956. But the residuary subjects namely the possession, use and regulation of arms was in the concurrent list. The Central Government was actually contemplating legislation on the subject to amend the Arms Act as it had become very old and required modification, undoubtedly, in view of the scientific development and change in the ammunition and arms themselves. But, in the meantime the 1962 Constitution came in which has reserved the manufacture, export and import of arms to the Central field and the residuary subjects are within the Provincial field. The Central Government issued in 1964 an Ordinance whereby certain adaptations were made in the Arms Act but the rules framed by the Central Government in the year 1924 remained intact and no modifications or adaptations were made therein. Consequently it became necessary to amend the rules issued under the Arms Act. Simultaneously it was thought necessary to amend the Arms Act as well because of the persistent demand from the public and Members of this Assembly that the use of arms, particularly its unauthorised use without licence has become so very common and offences have been reported which have been committed with the use of arms that an emergency or urgency has come up when some measure should be adopted to see that the unauthorised use of fire arms is made really an unattractive job. With this end in view this Ordinance has been issued which makes some salient amendments in the existing Arms Act and, as necessary, the rules under this Arms Act issued in 1924 are also being amended accordingly. I think the Members will agree that the need for enacting a deterrent law in the matter of use of fire arms is now a sheer and imperative necessity and they will join hands to pass this Resolution.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائلپور -٦) ۔ جناب سپیکر ۔ اسلحہ کا یہ قانون میرے خیال میں بغیر کسی بحث کے پاس ہونا چاہئے تھا کیونکہ یہ Ordinance Factory سے ابھی آرہا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر تعلیم - یہ تو پرانی بات ہے -

مسٹر حمزہ - یہ اسلحہ کا قانون ہے -

حاجی گل حسن منگھی - حمزہ صاحب کوئی نئی بات سنا دو -

خواجہ محمد صفدر - نئی بات بھی آتی ہے-

حاجی گل حسن منگھی - کوئی نئی بات سنا دو -

مسٹر حمزہ - جناب وزیر قانون نے اسلحہ کی تعریف میں nuclear weapons کو بھی شامل کر لیا ہے - مجھے یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اسے قانون میں اس وقت شامل کرنے کی کیا ضرورت تھی - جہاں تک میری معلومات ہیں ہندوستان کے بارہ میں یہ سنتے میں آتا ہے کہ انہوں نے اس میدان میں قدرے ترقی کی ہے - وہ بھی وہاں کی حکومت نے - عالم انسانوں نے نہیں - مگر جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے - میں سمجھتا ہوں - آج تک ہماری حکومت کے پاس اتنے وسائل نہیں کہ وہ nuclear weapon بنا سکے -

Minister of Law : May I Sir very respectfully submit that the member may not touch on this subject, which relates to the defence services. To say on the floor of the Assembly that the Government is not in a position or hasn't got the sufficient resources to cope up with the enemy, is something which is derogatory to the defence services and the Government. I would, therefore, very humbly request the member not to refer to such matters, and let us not run down our country.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اگر اسے زیربحث لانے ہی سے ہماری حکومت کی توہین ہوتی ہے تو پھر اس کا ذکر اس آرڈیننس میں نہیں ہونا

چاہیے تھا ۔ اس سے غیر ممالک میں یہ تاثر ہوگا کہ ہمارے عوام حکومت سے اس قدر نالاں ہیں اور اتنے منتظم ہیں کہ ان کے پاس nuclear weapon بھی ہیں سیکشن (۳) (۲) میں حکومت نے یہ اختیار لے لیا ہے ۔ کہ وہ آئندہ کسی قسم کے اسلحہ کو بھی اس قانون کی زد میں لاسکتی ہے وہ سب سیکشن یہ ہے ۔

"Government may, by notification in the official Gazette, declare any article or substance not specified in clause (*a*) or clause (*b*) or clause (*c*) of sub-section (1) to be, as the case may be, ammunition, arms or cannon for the purposes of this Ordinance, and on the publication of such notification, such article or substance shall be deemed to be specified in the said clause (*a*) or clause (*b*) or clause (*c*), as may be notified."

میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہاں اس کا ذکر کرنے کی کیا ضرورت تھی ۔ آپ نے مجھے جو نصیحت کی ہے میں تو اسے بصد ادب قبول کرتا ہوں لیکن حکومت نے اس قانون کو ترتیب دیتے وقت اس چیز کو بالکل مد نظر نہیں رکھا ۔ جہاں تک اس قانون کے تحت اسلحہ کے ناجائز استعمال کو روکنے کا تعلق ہے ۔ جناب وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ پبلک کی طرف سے , اور اس ایوان کے معزز ممبران کی طرف سے،انہیں متعدد شکایات موصول ہوئیں کہ ناجائز اسلحہ کا ناجائز استعمال بہت ہورہا ہے اس لئے انہوں نے اسلحہ کے قانون میں ترمیم کی ہے۔ میرے خیال میں ان کو یہ اطلاع بھی ملی ہوگی کہ صرف ناجائز اسلحہ ہی کا ناجائز استعمال نہیں ہوتا بلکہ اس اسلحہ کا بھی بہت ہی ناجائز استعمال ہوتا ہے جس کے لائسنس سیاسی رشوت کے طور پر الیکشن کے دوران لوگوں کو دئے گئے ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے ۔ حکومت کو اس قانون کے تحت جو اختیارات حاصل ہیں اس نے انہیں

اس حد تک سیاسی اغراض کے لئے استعمال کیا ہے کہ میرے خیال میں برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں اسکی کوئی مثال نہیں ۔ جناب قائد ایوان خان عبدالقیوم خان کا ذکر کیا کرتے ہیں۔بلکہ میں کہوں گا کہ ان کا اکثر ورد کیا کرتے ہیں آن کو بھی یہ نسخہ نہیں سوجھا تھا،جو اس حکومت کو سوجھا ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ اس وقت لوگ اتنے شرپسند نہیں تھے۔ اب ٹیکنیک بڑھ رہی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ وہ فرماتے ہیں کہ حکومت نے ناجائز طریقے سے لوگوں کو قابو کرنے کی ٹیکنیک میں ترقی کی ہے ۔ آپ اس کے موجد ہونے کے دعویدار ہیں ۔ آپ کی یہ بہادری ہے کہ آپ ایوان میں برملا اس چیز کا اعتراف کرتے ہیں ۔ مجھے لیڈر آف دی ہاؤس اور ایک پٹھان سے یہی توقع تھی ۔

جناب سپیکر ۔ اب ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں لوگوں کو اسلحہ کے لائسنس دے کر ان پر سیکشن ۷ (۱) کے تحت یہ پابندی لگائی گئی ہے ۔

"When any person is found carrying or conveying any arms, ammunition or military stores, whether covered by a licence or not, in such manner or under such circumstances as to afford just grounds of suspicion that the same are being carried or conveyed by him with intent to use them, or that the same may be used for any unlawful purpose, any person may without warrant apprehend him and take such arms, ammunition or military stores from him."

جناب سپیکر ۔ پہلے حکومت نے بذات خود اس امر کی تحقیق و تفتیش کئے بغیر کہ آیا جس شخص کو اسلحہ کا لائسنس دیا جارہا ہے وہ اس کو جائز طور پر استعمال کرے گا یا ناجائز طور پر ۔اس کے لئے جو عام طریق کار تھا ۔ اسے بالکل نظرانداز کر دیا ۔ بلکہ میں کہتا ہوں حکومت نے بذات خود اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے لوگوں کو مجرم بنایا ہے ۔ ہم حکومت کو بھی مجرم گردان سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے جرم کی اعانت کی ہے ۔ ان کا جرم یہ ہے ۔

National and Provincial Assemblies Elections Act, 1964, Section 80—

"80. Corrupt Practice.—A person is guilty of corrupt practice punishable with imprisonment for a term which may extend to two years, or with fine which may extend to one thousand rupees, or with both, if he—".

اس کے سب سیکشن (۲) میں فرماتے ہیں ۔

"(2) is guilty of bribery, personation or undue influence;"

جناب سپیکر ۔ صورت حال یہ رہی ہے جس کا صرف مجھے ہی علم نہیں ہے بلکہ مغربی پاکستان کی آبادی کے ہر فرد کو علم ہے کہ گورنمنٹ پارٹی سے تعلق رکھنے والے اسمبلیوں کے بعض امیدواروں کے پاس تیار شدہ لائسنس موجود ہوتے تھے ۔ جن میں محض نام وغیرہ پر کرنا ہوتا تھا ۔ ۔ ۔ ۔

ملک سیف اللہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حمزہ صاحب نے یہ جو کچھ گورنمنٹ پر اور سب ممبران پر اعتراض کیا ہے ۔ اور الزام لگایا ہے ۔ کیا وہ اسے ثابت کرسکتے ہیں ۔ اور ہمیں ان کے نام بتا سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker: This is no point of order.

مسٹر حمزہ - میں نے اسمبلی کے ممبران پر اعتراض نہیں کیا - میں نے امیدواروں پر اعتراض کیا ہے - مہر تو وہ بعد میں بنتے ہیں - میں یہ عرض کر رہا تھا - کہ ان کے پاس تیار لائسنس ہوتے تھے - اور ان میں صرف نام اور ولدیت پر کرنا ہوتا تھا - اور یہ لائسنس ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں کی تعداد میں ہوتے تھے . . .

ملک سیف اللہ - پوائنٹ آف آرڈر - کیا وہ جو کچھ فرما رہے ہیں - اس کو ثابت کر سکتے ہیں -

Mr. Speaker: This is no point of order.

ملک سیف اللہ - اگر وہ ان الزامات کو ثابت نہیں کر سکتے تو پھر وہ یہ الزام لگا کیوں رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک ایک امیدوار کے پاس ایسے سینکڑوں دستخط شدہ لائسنس موجود ہوتے تھے - میں نے اسمبلی میں ایک سوال بھی دیا ہوا ہے - جس سے یہ حقیقت بالکل سامنے آ جائے گی - کہ مغربی پاکستان میں اٹھارہ سال کے عرصہ میں یعنی جب سے کہ پاکستان معرض وجود میں آیا ہے - اس وقت سے لیکر حالیہ الیکشنوں تک اتنے لائسنس جاری نہیں کئے گئے تھے جتنے کہ صدارتی انتخابات قومی اسمبلی کے انتخابات اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کے دوران ہماری حکومت نے جاری کئے ہیں - یہ اس کا بین ثبوت ہے - جو حکومت بذات خود

قانون شکنی کرتی ہے ۔ اور وہ اختیارات جو اس اسلحہ ایکٹ کے تحت حاصل ہیں ۔ ان کو ناجائز طور پر استعمال کرتی ہے ۔ اور لائسنس دیتے وقت محض سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے بغیر کسی تحقیقات لائسنس دئے گئے ۔ جب مجھے اس چیز کا علم ہے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس معزز ایوان کے بہت سے ممبران بھی اس بات میں مجھ سے اتفاق کریں گے کہ اب اسلحہ ان لوگوں کے پاس بھی پہنچ چکا ہے جن کی اکثریت کسی لحاظ سے بھی جائز طریقہ سے استعمال نہیں کر سکتی ۔ اور اس لئے اسے ناجائز طور پر استعمال کرنا لازم ہے ۔ اب آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ ایک حکومت مرکزی حکومت کے پاس کردہ قوانین کی قانون شکنی کرتے ہوئے اس قانون کے تحت دئے گئے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتی ہے ۔ بلکہ انہوں نے اسے صرف انتظامیہ کو ہی ناجائز طور پر استعمال نہیں کیا بلکہ اس سے بھی آگے بڑھ کر وہ بلاواسطہ طور پر قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات پر غلط طریقے سے اثر انداز ہو کر قانون ساز اسمبلیوں پر بھی اثر انداز ہوئے ہیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ انہوں نے اختیارات کا ناجائز استعمال کر کے بیک وقت محض حکومت کے قوانین کی خلاف ورزی ہی نہیں کی بلکہ ان تمام قوانین پر یہ حکومت ناجائز طریقے سے اثر انداز ہوتی ہے جو کہ یہ اسمبلیاں آئندہ پاس کریں گی ۔

جناب سپیکر ۔ اس سے زیادہ افسوس ناک صورت حال اور کیا ہو سکتی ہے ۔ آپ اس قانون کے سیکشن نمبر ۷ کو دیکھیں ۔ اس کے تحت ہر اس شخص کے خلاف اقدامات کئے جا سکتے ہیں ۔ یا اس سے اسلحہ لیا جا سکتا ہے جس پر کہ یہ شبہ ہو کہ وہ اسلحہ کو ناجائز طور پر استعمال کرے گا ۔ کم از کم اس حکومت کی طرف سے ایسا قانون نہیں آنا چاہئے تھا ۔ وہ گورنمنٹ جو کہ اسلحہ کا لائسنس سیاسی رشوت کے طور پر دیتی ہے ۔ اس کو یہ حق نہیں پہنچتا ۔ کہ وہ اس قسم کے اختیارات انتظامیہ کو دے ۔ انتظامیہ کے اختیارات کو ہماری حکومت پہلے ہی ناجائز طور پر

استعمال کر چکی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان حالات کے تحت جناب وزیر قانون نے اس ایوان میں مسودۂ قانون پیش کرنے کی جو زحمت گوارہ کی ہے ۔ یہ زحمت گوارہ کر.' کی ضرورت نہ تھی ۔ ان حالات کے پیش نظر میں اس مسودۂ قانون کی مخالفت کرتا ہوں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) ۔ جناب والا ۔ میں اپنے وزیر برائے پارلیمانی امور کے فن کی داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ جن کو یہ مہارت حاصل ہے کہ قانون کے مردہ خانے سے صدیوں پہلے کا قانون تلاش کر کے نکال لاتے ہیں اور پھر اسے دو آتشہ اور بعض اوقات سہ آتشہ بنا کر اس ایوان کے سامنے پیش کرتے ہیں ۔

وزیرتعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ آپ سے داد حاصل کرنے کے لئے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میری یہ خواہش تھی کہ کاش جناب وزیر قانون کی نظر ایک صدی پہلے کے قانون پر بھی پڑتی ۔ جب کہ ان کی نظر ان دور کے قوانین پر جاتی ہے ۔ جو کہ انگریزوں کے دور غلامی کے قوانین ہیں ۔ اگر اس دور کے قوانین سے پہلے جو قوانین رائج تھے ۔ ان پر ان کی نظر پڑتی تو شاید اس بات کی ضرورت پیش نہ آتی کہ وہ قوانین پیش کریں ۔ اور ہم اس کی مخالفت کیا کریں ۔

جناب والا ۔ یہ قانون جسے آج ہمارے سامنے consolidation کے نام پر پیش کیا گیا ہے ۔ دراصل ۱۸۷۵ء کے قانون یعنی انگریزوں کے زمانے کے قانون کی نقل اور چربہ ہے جو کہ انہوں نے اس برصغیر کو اپنے پنجۂ غلامی کے نیچے پوری طرح قابو میں لیکر نافذ کیا تھا ۔ اور میرے خیال میں یہ بات تاریخ میں کچھ اچھے الفاظ میں یاد نہ کی جائے گی کہ انگریزوں نے مسلمانوں بلکہ اس سارے برصغیر کے انسانوں کو غیر

مسلح کرنے کی کوشش میں جو قانون ۱۸۷۵ء میں بنایا تھا ۔ ٹھیک اسی قانون کو مسلمانوں کی آزادی کے تقریباً اٹھارہ سال بعد دوبارہ دوسرے طریقے سے بلکہ اس تلوار کے دھارے کو اور تیز کرکے مسلمانوں کو غیر مسلح کرنے کے لئے پیش کیا جا رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میری سمجھ میں یہ نہیں آیا کہ انگریزوں کے زمانے میں تو یہ فعل صحیح تھا کہ انگریزوں کے زمانے میں اس بر صغیر کے ہندوؤں اور مسلمانوں کو غیر مسلح کرنا تو ان کے مفاد کے لئے ضروری تھا ۔ کیونکہ وہ ایک بیرونی قوت تھی ۔ جس نے کہ ہزاروں میل کا فاصلہ طے کرکے ایک ملک و قوم کو فتح کیا تھا ۔ وہاں اپنی حکومت کو قائم رکھنے کے لئے اور اپنے اقتدار کی بقاء کے لئے ان کے لئے یہ ضروری تھا ۔ کہ سارے عوام غیر مسلح رہیں ۔ اور اسلحہ صرف ان چند سپاہیوں کے پاس ہی ہو جو کہ ان کی زیر حکومت تھے ۔ اور جو ان کی حکومت کی جڑوں کو مضبوط رکھنے کے لئے ان کے پاس ملازم تھے ۔

وزیر تعلیم ۔ یہاں پر آپکے اور حمزہ صاحب کے خیالات میں فرق ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اس ملک کے شہریوں کو غیر مسلح کرنے کے پیچھے وہ پالیسی اور نظریہ کیا ہے جو کہ کارفرما ہے ۔ آپ ساری دنیا کو چھوڑیں ۔ صرف اسی برصغیر کو ہی لے لیں ۔ انگریزوں کی آمد یعنی ۱۸۷۵ء سے پہلے اس ملک میں اسلحہ پر کنٹرول کا کوئی قانون موجود نہ تھا ۔ لوگ آزاد تھے ۔ اور جو بھی اسلحہ اس وقت موجود تھا ۔ بندوقیں اور توپ تو نہ تھی ۔ لیکن تلوار ، برچھی ، بلم اور چاقو وغیرہ یعنی جو بھی اسلحہ انسانوں کو زخمی کرنے کے لئے یا انسانی جانوں کا نقصان کرنے کے لئے

موجود تھا لوگ اس کو رکھنے میں آزاد تھے ۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ اس برصغیر میں مسلمانوں کی حکومت سری نگر سے لیکر مدراس تک بلکہ راس کماری تک تھی ۔ اور دوسری طرف کراچی سے لے کر مشرق پاکستان کی وسعتوں تک پھیلی ہوئی تھی ۔ ہر شخص اسلحہ رکھنے کے لئے آزاد تھا ۔ اس وقت ملک میں تعلیم کا وہ معیار بھی موجود نہ تھا جو لوگوں کو قانون شکنی سے باز رکھتا ۔ یا جو کہ قانون شکنی میں مانع ہوتا ۔ اس زمانے میں جب کہ ہم آزاد ہیں اور تعلیم کے لحاظ سے بھی ہم سمجھتے ہیں کہ اس زمانے کے لوگوں سے ہم بہتر ہیں ۔ ہمارے عوام کا سیاسی شعور ، سیاسی علم ، سماجی اقدار کا خیال پہلے زمانے کے لوگوں سے بہتر ہے ۔ اب لوگ اس بات کو اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ قانون کیا ہے ۔ اور قانون شکنی کے نتائج کیا ہیں ۔ لوگ اس بات کو جانتے ہیں کہ انسانی جان کتنی قیمتی ہے ۔ اور اس کا ضیاع کتنا بڑا شدید جرم ہے ۔ اس لحاظ سے اسلحہ پر اتنے شدید قانون کا نفاذ کم از کم میری سمجھ سے بالاتر ہے ۔ ہاں اس کی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اس زمانے کے حکمران رسل و رسائل کی کمی کے باوجود ، آمدورفت کے وسائل کے فقدان کے باوجود ان میں اتنی صلاحیت تھی کہ اتنی بڑی حکومت میں ، اتنے بڑے ملک میں سارے لوگوں کو اسلحہ رکھنے کے باوجود ملک میں نظم و ضبط اور امن و امان قائم رکھ سکتے تھے ۔ لیکن یہ آپ کی چھوٹی سی حکومت اس ترقی یافتہ زمانے میں بھی یہ صلاحیت نہیں رکھتی ہے کہ وہ لوگوں کو اسلحہ دے کر ملک میں امن و امان قائم رکھ سکے ۔ تو آپ اپنی نا اہلی کو ، اپنی کم صلاحیتی کو قانون کے پردے سے کیوں ڈھانپنا چاہتے ہیں ۔ اور ملک کے لوگوں کو شدید نقصان پہنچانے کے کیوں درپے ہیں ۔ اس کے متعلق میں آگے ذکر کروں گا ۔

جناب والا - آپ پورے قانون کو دیکھیں تو اس میں یہ سپرٹ صاف ظاہر ہے کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ کم سے کم لوگوں کے پاس اسلحہ رہے - اسلحہ کی فہرست جو اس قانون کی سیکشن ۳ صفحہ ۲ پر ہے اس میں آپ نے مشین گن سے لے کر چاقو چھری تک کو شامل کر لیا ہے - کوئی اسلحہ جو کہ کسی کو نقصان پہنچا سکتا ہے یا گھائل کر سکتا ہو اسے آپ نے باقی نہیں چھوڑا ہے لیکن نوک مژگاں کو چھوڑ دیا ہے - وزیر پارلیمانی امور اردو سے کم واقف ہیں وہ سمجھیں گے نہیں اور حیران ہونگے کہ وہ کونسا اسلحہ ہے جو غلطی سے مجھ سے رہ گیا ہے - میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ نوک مژگاں آنکھوں کے مہلک اسلحے کو کہتے ہیں (قطع کلامیاں)

مسٹر حمزہ - آپ کو غلط فہمی کیوں ہو گئی ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - وزیر پارلیمانی امور اس سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اسے چاہتے ہیں -

وزیر تعلیم - میں فاضل ممبر سے استدعا کروں گا کہ وہ اپنی طرف سے اس قسم کا ایک بل لے آئیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - آپ مانیں گے نہیں ---- تو جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ قوم کا مسلح ہونا اور یہاں اسلحہ کے قانون کو اتنا نرم ہونا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اسلحہ رکھ سکیں ملک کی دو بڑی اہم ضرورتیں ہیں ایک تو اس لئے کہ اسلحہ کے کنٹرول کے اتنے سخت قانون کی وجہ سے عام لوگ اسلحہ نہیں رکھ سکتے لیکن جرائم پیشہ لوگوں کے پاس غیر قانونی اسلحہ موجود ہوتا ہے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نقصان امن پسند اور قانون سے ڈرنے والے شہریوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے جو اسلحہ سے محروم ہوتے ہیں وہی ان کا نشانہ بنتے ہیں - جو غیر قانونی اسلحہ اپنے پاس رکھتے ہیں آپ کی انتظامیہ کی صلاحیت کی کمی کیوجہ سے ان کو پکڑا نہیں جاسکتا -

یہ بات کوئی ڈھکی چھپی نہیں ہے ۔ آپ اخبارات میں ہر روز ڈاکے، چوریوں کی اور مختلف قسم کی وارداتیں ، کراچی، میں بھی، لاہور میں بھی، سندھ کے ریگستانوں میں بھی ہونے کی خبریں پڑھتے ہیں جو لوگ ڈاکے ڈالتے ہیں ، چوریاں کرتے ہیں ، ان کے پاس اسلحہ ہوتا ہے ۔ اور وہ اسلحہ کہاں سے آتا ہے ۔ کیا آپ لوگوں نے ان کو اسلحہ دیا ہے ؟ ۔ کیا آپ نے ڈاکے کیلئے چوریوں کی وارداتوں کیلئے اسلحہ کا لائسنس دیا ہے ؟ میں سمجھتا ہوں آپ نے ان کو اس کام کیلئے نہیں دیا ہو گا ۔ لیکن انہوں نےناجائز اسلحہ حاصل کیا ۔ اور ناجائز اسلحہ سے ان کو قوت حاصل ہوئی اور اس سے پر امن شہریوں کے لئے خطرہ بنتے ہیں ۔ اسلئے ضروری ہے کہ آپ عوام کو مسلح رکھیں یا کم از کم ان کو مسلح ہونے کی پوری پوری سہولتیں مہیا کریں تاکہ وہ ان خطروں سے اپنا بچاؤ کر سکیں جو کہ غیر قانونی اسلحہ رکھنے کی صورت میں ہم نے ان کے سروں پر مسلط کر رکھا ہے ۔

جناب والا ۔ دوسری ضرورت آزاد ملک میں اسلحہ رکھنے کی یہ ہے کہ اس زمانے میں جنگیں صرف فوجیں نہیں لڑتی تھیں دنیا میں یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جب کوئی ملک جنگ سے دوچار ہوتا ہے تو یہ جنگ ملک کے عام شہری بھی لڑتے ہیں ۔ جنگ شہروں کے بازاروں میں لوگوں کی چوکھٹوں پر لڑی جاتی ہے ۔ اب صرف میدان جنگ پانی پت میں نہیں لڑی جاتی ہے ۔ اب پانی پت کی جنگ کا زمانہ نہیں رہا ۔ بلکہ ایک ایک شہر میں ، ایک ایک گھر میں جنگ کا مورچہ بنتا ہے ۔ آپ خود ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ ملک میں جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں ۔ ملک کو بیرونی ممالک سے بالخصوص پڑوس کے ممالک سے خطرہ لاحق ہے ہر وقت اس کا اندیشہ ہے کہ ایسا نہ ہو کہ ہم جنگ کے خوفناک مرحلہ سے دوچار ہو جائیں ۔ مختلف فوجیں ہماری سرحدوں

پر جمع ہیں ان تمام خطرات کا تقاضا یہ تھا کہ ملک کے عام لوگوں کو عام طریقے سے مسلح رکھنے کی یا مسلح کرنے کی زیادہ سے زیادہ آزادی ہوتی ۔ اور وہ اسلحہ کے استعمال میں مشتاق ہوتے ۔ اور ضرورت کے وقت اسکو دشمن کے خلاف استعمال کر سکتے ۔ یا اپنے بچاؤ کیلئے استعمال کر سکتے ۔ میں سمجھتا ہوں آپ نے قوم کو من حیث کل غیر مسلح کیا ۔ بلکہ آپ نے یہ پالیسی بنائی ہے اور انگریز کے ورثے میں پائے ہوئے ناپاک قانون کو بجائے اس کے مناسب ترمیم کر کے،آزاد ملک کے مفاد کے لئے اور اس کے تقاضے کو سامنے رکھ کر، ترمیم کرکے آپ نے اس میں ایسی ترمیم کی ہے کہ ہمیں غیر مسلح کرنے کے لئے مزید قوت اپنے ہاتھ میں لے لی ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک میں جانتا ہوں دوسرے ممالک میں کم از کم انگلستان میں اسلحہ رکھنے کے لئے لائسنس ضرور ہوتا ہے لیکن اس کے لائسنس کو حاصل کرنے کیلئے بالکل ایسے ہے جیسے ریڈیو کا لائسنس حاصل کرنا ہوتا ہے ۔ ریڈیو کا لائسنس لینے کیلئے نہ پولیس کی تحقیقات کی ضرورت ہوتی ہے ۔ نہ سی ۔ آئی ۔ ڈی اس شخص کے پیچھے گھومتی ہے ۔ یہ پتہ لگانے کیلئے کہ آیا وہ شخص سیاسی کارکن تو نہیں ہے ۔ بلکہ جس طرح ہر شخص ریڈیو خرید سکتا ہے اور ریڈیو رکھ سکتا ہے اور استعمال کر سکتا ہے اسی طرح دوسرے ممالک میں اسلحہ رکھنے کے لئے لائسنس کی سہولت ہے ۔ اصل میں نقطہ نظر میں فرق ہے ۔ آپ اس نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں کہ وہ کون سے لوگ ہیں جن کو اسلحہ دیا جاسکتا ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ اس نقطہ نظر سے دیکھیں کہ وہ کون سے لوگ ہیں جن کو اسلحہ نہیں دیا جانا چاہئے ۔ اگر آپ دوسرے نقطہ نظر سے دیکھیں تو زمین آسمان کا فرق ہو گا ۔ جب آپ اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ کس کو اسلحہ دیا جائے تو آپ درخواستیں مانگتے ہیں ۔ اس شخص کی تحقیقات کرتے ہیں ۔ پچھلی ہسٹری شیٹ نکال کر دیکھتے ہیں کہ اس کا باپ

دادا کبھی سیاسی کارکن تو نہیں تھا ۔ اس کے باپ دادا نے کبھی جنگ آزادی میں حصہ تو نہیں لیا ۔ اس کے ذھن میں کوئی سیاسی فضا موجود تو نہ تھی ۔ یہ تمام چھان بین کرنے کی ضرورت کیوں ھوتی ھے۔ انتظامیہ کا وقت بھی صرف ھوتا ھے ۔ انتظامیہ کے ھاتھ میں وہ اختیارات بھی جاتے ھیں جس کو ناجائز استعمال کر سکتے ھیں اور کرتے رھے ھیں۔ اور لوگوں کی غیر مسلح ھونے کی مشکل باقی رھتی ھے ۔ اگر اس کی بجائے آپ صرف یہ کام کرلیں کہ یہاں پر کون کون سے لوگ ایسے ھیں جن کو اسلحہ نہیں دیا جانا چاھئے یعنی وہ لوگ جو پہلے چوری یا کسی اور اخلاقی جرم میں مرتکب نہ ھوئے ھوں وہ لوگ اس قابل نہ ھوں کہ ان کو اسلحہ نہ دیا جائے آپ ایسے لوگوں کی فہرستیں بنائیں ۔ ایسے رجسٹر مرتب کر لیں تو یہ بہت بڑا کام نہیں ھے ۔ ۵ کروڑ انسانوں میں بہت کم انسان ایسے ھونگے جو اخلاقی حیثیت سے اس بات کی صلاحیت نہ رکھتے ھوں کہ ان کو اسلحہ دیا جاسکے ۔ تو اس نقطہ نظر کے فرق سے آپ کے اس طرز عمل میں ان لوگوں کو اسلحہ دینے کے اصول کے نظم و ضبط میں زمین آسمان کا فرق پیدا ھو سکتا ھے اور آپ کے لئے بھی اور عوام کے لئے بھی بڑی آسانیاں پیدا ھو سکتی ھیں ۔

جناب والا ۔ آپ کے اس پورے قانون میں کوئی ایک شق بھی موجود نہیں ھے کہ جس سے یہ پتہ چل سکے کہ جس شخص کو آپ نے لائسنس دینے کے لئے مقرر کیا ھے اس پر یہ بات لازم ھے کہ وہ لائسنس دے ۔ آخر کوئی وجہ تو بتائیں ؟ میں سمجھتا ھوں کہ قانون کا منشا یہ ھے کہ لائسینس دینے والے افسران کو کامل و مکمل اور غیر محدود discretion حاصل ھے کہ جس کو چاھیں لائسنس دیں اور جس کو چاھیں لائسنس نہ دیں یعنی انکی آفتاد طبع پر منحصر ھے کہ جس کو دل چاھے لائسنس دیں

جس کو دل نہ چاہے لائسنس سے محروم کر دیں الا یہ کہ کسی کے خلاف اخلاقی جرم ثابت ہو باقی جس کو چاہیں لائسنس دے سکتے ہیں البتہ ایسا شخص مستحق نہ ہوگا جو اخلاقی جرم کا مجرم ثابت ہو ۔

جناب والا ۔ اب میں اس قانون کی دفعات کی وضاحت کرونگا سب سے پہلے دفعہ نمبر ۳ کو لیجئے جس میں اسلحہ کی فہرست درج ہے ۔ اس سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت چاہتی ہے کہ لوگ ہرگز مسلح نہ ہو سکیں کیونکہ اس فہرست میں ۴ انچ کا چاقو بھی شامل ہے ۔ میں حیران ہوں کہ اس قانون میں originality کا شائبہ تک نہیں ہے ۔ اس کا تو انگریز آقاؤں کی نقل پر دارو مدار ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ اور جو چیز original تھی وہ آپ نے بتا دی ہے ۔ (قہقہہ) آپکی اس originality کا شکریہ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ یہ کیا آزادی ہے اور قوم کو مسلح کرنے کا یہ کیا انداز ہے کہ مردوں کے لئے چار انچ کا چاقو تک رکھنے پر پابندی لگا رکھی ہے ۔ حالانکہ عورتیں باورچی خانوں میں اس چاقو کو استعمال کر سکتی ہیں (قہقہہ) دلچسپ تو سارا قانون ہی ہے مگر اس کا یہ پہلو واقعی دلچسپ ہے کہ ہمارے ملک میں مرد چاقو تک اپنے پاس نہیں رکھ سکتے پھر جناب والا اس مسودہ قانون کے صفحہ ۶ پر ایک اور دفعہ ۱۰ (۲) ہے جس کی عبارت یہ ہے ۔

Government may by rules prescribe, be entitled—to dispose, or authorise the disposal, of anything so deposited by sale or otherwise to any person whose possession of the same would be lawful, and to receive the proceeds of any such sale :

(3) All things deposited under sub-section (1) and not returned or disposed of under sub-section (2) within the prescribed period therein referred to shall be forfeited to Government".

اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی باپ کے وارثوں کو متوفی کے اسلحہ کا لائسنس نہ ملے یا اس کی تجدید نہ ہوسکے تو متعلقہ بندوق یا پستول کو سرکاری مال خانے میں جمع کرا دینا پڑے گا۔ اور ایک خاص مقررہ میعاد کے اندر اندر اس کو فروخت کرنا پڑے گا اور اگر اس مقررہ مدت کے اندر فروخت نہ ہوسکے تو وہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا یہی سب سیکشن (۳) کا مفہوم ہے۔

All things deposited under sub-section (1) and not returned or disposed of under sub-section (2) within the prescribed period therein referred to shall be forfeited to Government.

اب جناب والا۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ اگر کوئی لڑکا اپنے باپ کے ورثے کی بندوق کا لائسنس نہ ملنے یا اسکی تجدید نہ ہونے کے باعث اس بندوق کو ایک معینہ مدت کے اندر اندر فروخت نہ کر سکے تو حکومت اس کو ضبط کر لے گی۔ یہ تو خلاف شرع بات ہے کہ کسی کی جائداد کو خواہ مخواہ چھین لیا جائے۔ ممکن ہے اس وقت کے اندر کوئی مناسب گاہک نہ ملے یا گاہکوں کو یہ علم ہو کہ چونکہ اس بیچارے پر پابندی ہے کہ وہ اس مقررہ میعاد کے اندر اندر فروخت کرے اس لئے وہ مناسب دام دانستہ نہ دیں کہ وقت گذرنے کے خوف سے بچارہ سستے داموں دے دے گا۔ ایسی ورثے میں ملی ہوئی چیز کو حکومت کا ضبط کرنا خلاف شرع بھی ہے اور اخلاق کے ضابطے کے بھی خلاف ہے یہ سراسر غیر قانونی بات ہے اور ایک غلط شق ہے جس کو خارج کرنا چاہئے۔ جناب والا۔ وزیر قانون کو قوانین consolidate کرتے وقت ایسے قوانین کو منسوخ کر دینا چاہئے۔ اصل میں یہ قانون ہماری

حکومت کو انگریزوں سے ورثہ میں ملا ہے مگر میں پوچھتا ہوں کہ ناجائز طور پر کسی کی چیز ضبط کر لینے میں کونسا اصول انصاف پوشیدہ ہے ؟ یہ موقف سراسر غیر منصفانہ ہے اور یہ اس قانون میں بہت بڑا سقم ہے ۔

جناب والا ۔ اسی صفحہ پر شق ۱۱ (د) کی انگریزی عبارت یہ ہے ۔

"Government may, from time to time, by notification in the official Gazette, make rules to determine the officers by whom, the form in which, and the terms and conditions on and subject to which any licence shall be granted, or renewed, and may by such rules among other matters—

(*d*) direct that the holder of any such licence shall keep a record or account, in such form as Government may prescribe,....."

Khawaja Muhammad Safdar : "No person - - - -"

(۱)م کو ساتھ پڑھیے

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ چلیئے چھوڑ دیتا ہوں ۔ آپ ۱۱ (ہ) ملاحظہ فرمائیے ۔

"empower any officer of Government to enter and inspect any premises in which arms, ammunitions or military stores are kept by any person holding a licence of the description referred to in section 4 ;"

آپ ۱۲ (۱) دیکھئے ۔

"Any licence may be cancelled or suspended..... when.....such officer, authority or magistrate deems it necessary for the security of the public peace to cancel or suspend such licence ;"....

اب ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک ایک گولی کا ریکارڈ رکھنا کیوں ضروری قرار دیا گیا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ تو اس بیچنے والے دوکاندار کے لئے ہے جو گولیاں بیچنے کے لئے لائسنس لے گا یہ عام شہری کے لئے نہیں بلکہ arms seller کے لئے ہے ۔

وزیر تعلیم ۔ حزب اختلاف میں اختلاف رائے پیدا ہو گیا ہے ۔ (قہقہہ) پہلے آپ اتفاق رائے پیدا کریں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - افسران اسلحہ کو اسلحہ کا جائزہ لینے کا اختیار دینے کے بہانے حد سے زیادہ وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں جن کے تحت وہ اسلحہ کے لائسنسدار کے گھر میں داخل ہوسکتا ہے - سیکشن ۱۲-۱-اے - میں وسیع اختیارات دئیے گئے ہیں جن کے ناجائز استعمال کا خدشہ ہے اور یہ مفاد عامہ کے خلاف ہے - جب حکومت کو علم ہے کہ اہلکاران ان اختیارات کا ناجائز استعمال کیا کرتے ہیں اور پھر بھی ایسے قوانین وضع کئے جا رہے ہیں - تو یہ واضعین قانون کی نااہلی کا ثبوت ہے یا وہ اپنی بے خبری میں اور بے علمی کے باعث قوم پر ظلم کر رہے ہیں - امید ہے کہ وزیر قانون اس امر کا ازسرنو جائزہ لینگے کہ اس قانون کا ناجائز استعمال نہ ہو - میں صرف کراچی کے متعلق جانتا ہوں - صدارتی انتخابات کے زمانہ سے لے کر صوبائی اسمبلی کے انتخابات کے زمانہ تک جتنے لائسنس جاری کئے گئے - کراچی کی تاریخ میں کبھی اتنے عرصہ میں اتنی تعداد میں لائسنس جاری نہیں کئے گئے - نہ صرف یہ بلکہ ان میں کتنے ہی لائسنس ایسے تھے جو پولیس کی انکوائری اور رپورٹ کے بغیر جاری کئے گئے - اگر زیادہ نہیں تو کم از کم ایک مثال تو میں جانتا ہوں - نشتر کالونی کے ایک B.D. ہیں - اس وقت مجھے ان کا نام یاد نہیں - ویسے میرے پاس یہ نوٹ کیا ہوا ہے - اگر آپ چاہیں تو آپ کو بتا سکتا ہوں - انہوں نے خود مجھے یہ بات بتائی کہ انہیں لائسنس بغیر پولیس کی انکوائری کے ملا تھا اور لائسنس ملنے کے بعد جب انتخابات ختم ہوئے تو پولیس نے انہیں طلب کیا کہ وہ آ کر انہیں اپنے antecedents بتائیں - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کراچی کے بیشمار لوگوں کو اسلحہ کے لائسنس دیے گئے - کن مقاصد کے لئے ، اس کا علم آپ کو بہت بہتر ہے اور میں اس کا اعادہ کرنا نہیں چاہتا کیونکہ یہی بات اس ایوان میں کتنی بار کہی جا

چکی ہے کہ کن مقاصد کے تحت یہ لائسنس جاری کئے گئے اور بغیر پولیس کی انکوائری کے بیشمار لوگوں کو اسلحہ سے مسلح کیا گیا ۔ مقصد یہ ہے کہ آپ کے افسران اور آپ خود اس قانون سے ناجائز استفادہ کر رہے ہیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ پرامن شہری جن کو رسوخ حاصل نہیں اور جن پر گورنمنٹ کی نظر عنایت نہیں ۔ وہ غیر مسلح رہتے ہیں اور اس طرح نقصان اٹھاتے ہیں ۔

جناب ۔ یہاں صفحہ ۹ پر سیکشن ۱۸ دیکھئے ۔

"Any person who in the absence of reasonable excuse, the burden of proving which shall lie upon such person, fails to give information to the nearest Police Officer or Magistrate in respect of any offence under sub-section (1) or sub-section (2) of section 23...."

And section 23 says—

"(1) Every person aware of the commission of any offence punishable under this Ordinance shall, in the absence of reasonable excuse, the burden of proving which shall lie upon such person, give information of the same to the nearest Police Officer or Magistrate."

یعنی اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر کسی شخص یا شہری کو اس بات کا علم ہو کہ کسی شخص کے پاس اسلحہ ہے اور وہ اسے خلاف قانون استعمال کرنے والا ہے ۔ تو اسے فوراً اس کی اطلاع پولیس کے تھانے میں جا کر دینی چاہئے ۔ یہاں تک تو بات بالکل صحیح تھی اور میں بھی آپ سے متفق ہوں کہ اگر کسی شہری کے علم میں یہ بات آئے کہ اس کے محلے میں کوئی شخص ناجائز طور پر اسلحہ استعمال کرکے مفاد عامہ کو نقصان پہنچانے والا ہے تو اسے اس کی اطلاع حکومت کے متعلقہ افسر تک پہنچانی چاہیے ۔ لیکن اس میں آپ نے جو یہ کلاز رکھ دی ہے اور یہ لکھا ہے ۔

"The burden of proving shall lie upon such person."

یعنی اگر وہ اس کی اطلاع نہیں دیتا تو آپ اس شخص کو گرفتار کر لینگے اور آپ کو اسے سزا دینے کا حق ہوگا اور یہ ثابت کرنا کہ وہ

بے قصور ہے اس کا کام ہوگا ۔ حالانکہ دنیا کا معروف اصول یہ ہے اور میں پہلے بھی اس ایوان میں عرض کر چکا ہوں کہ قانون کی نظر میں ہر شخص معصوم ہے ۔ الا یہ کہ اس کا جرم اس کے سامنے ثابت کر دیا جائے ۔ حکومت اور عدالت کی نظر میں کوئی شخص مجرم اور گنہگار نہیں ۔ ہر شخص اسی طرح معصوم ہے جیسے وہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو ۔ الا یہ کہ اس پر اس کا جرم ثابت کر دیا جائے ۔ لیکن آپ کہتے ہیں کہ نہیں ۔ ہر شخص مجرم ہے ۔ الا یہ کہ وہ اپنے آپ کو بیگناہ ثابت کرے اور یہ بھی دنیا کا معروف اصول ہے کہ onus of proof تو prosecution کے اوپر ہوتا ہے accused پر نہیں ۔ یہ سب کچھ آپ کا کام ہے کہ آپ ثابت کریں کہ فلاں شخص کو اس بات کا علم تھا کہ کوئی شخص ناجائز طور پر اسلحہ استعمال کرنے والا ہے اور پھر ثابت ہونے پر آپ اسے سزا دیتے ۔ لیکن آپ کہتے ہیں کہ نہیں ہم تو سزا دینگے ۔ تم ثابت کرو کہ تم بے قصور ہو ۔ آپ کی یہ شق قانون کے established Law of Justice اور Jurisprudence کے تمام معروف اصولوں کے خلاف ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی صرف یہ دفعہ ہی اس بات کے لئے کافی ہے کہ آپ اس آرڈیننس کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیں جو ہمارے پاس موجود نہیں ہے ۔

اس کے بعد جناب اس کے صفحہ ۱۱ پر سیکشن ۲۲ ہے ۔

"Government may at any time order or cause to be seized any arms, ammunition or military stores in the possession of any person, notwithstanding that such person is lawfully entitled to possess the same, and may detain the same for such time as it thinks necessary for the public safety."

یعنی ایک شخص کو آپ پولیس کی پوری تحقیقات کے بعد اپنے records کی پوری خانہ پری کرنے اور پوری طرح مطمئن ہونے کے بعد لائسنس دیتے ہیں ۔ پھر بھی آپ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ جس وقت آپ کی مرضی ہو یا آپ کا ایک معمولی افسر یہ سمجھے کہ لائسنسدار کے پاس اسلحہ رہنا مناسب نہیں ۔ آپ بغیر کوئی وجہ بتائے یا اسے صفائی کا

موقع دئے اس سے وہ اسلحہ چھین لیں ۔ دراصل یہ دفعہ اپنے طور پر بالکل independent یعنی منفرد دفعہ ہے ۔ اس دفعہ کے تحت آپ کو اختیار ہے کہ ملزم کو صفائی کا موقع دئے بغیر یا ایسی کوئی وجہ بتائے بغیر ہی اپنے خیال کے مطابق اگر وہ افسر مطمئن ہو کہ اس کے پاس اسلحہ رہنا مناسب نہیں ۔ تو اس شخص کے پاس لائسنس ہونے کے باوجود بھی وہ اس سے اسلحہ چھین سکتا ہے اور اپنے قبضہ میں رکھ سکتا ہے ۔ تاآنکہ آپ مطمئن نہ ہو جائیں کہ اسے دوبارہ اسلحہ دے دیا جائے ۔ اسی طرح آپ اپنی انتظامیہ کے افسران کو اتنے وسیع اختیارات دے رہے ہیں کہ ملزم کی داد فریاد ۔ کسی اپیل ، عدالتی چارہ جوئی اور کسی صفائی کا موقع دئے بغیر ہی آپ کو اختیار ہے کہ آپ اس سلسلے میں جو چاہیں کریں ۔ حالانکہ آپ اس بات کے متعلق مطمئن ہیں کہ ان میں inefficiency-corruption اور نااہلیت موجود ہے ۔

جناب والا ۔ ان معروضات کے ساتھ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کا یہ قانون جو انگریز کے بنائے ہوئے پرانے قانون کا بالکل چربہ ہے ۔ آپ اس کے متعلق اپنا نقطہ نظر بدلیں ۔ آخر آپ کے اندر یہ احساس کیوں پیدا نہیں ہوتا کہ آپ ایک آزاد ملک کے شہری اور اس کے وزیر ہیں ۔ آپ کیوں اپنے آپ کو وائسرائے کی مشاورتی کونسل کا ممبر سمجھتے ہیں جو انگریز کے دور حکومت کو قائم رکھنے کے لئے قانون بناتے تھے ۔ آپ کو اپنے ذہن میں وسعت پیدا کرنی چاہئے ۔ آپ صدیوں پہلے کے قوانین کو دیکھئے جبکہ مسلمان جاہل تھے ۔ تہذیب سے عاری تھے ۔ وہ اس وقت بھی مسلط تھے اور آپس میں امن و امان سے رہتے تھے ۔ ان کی حکومتیں بھی قائم رہتی تھیں ۔ آپ اپنے اندر آزادی کا تخیل پیدا کیجئے اور اس کے ساتھ اس بات کو پیش نظر رکھیئے کہ مسلمانوں کو آزاد رکھنا اور اس ملک کے شہریوں کا قومی دفاع کے نقطہ نظر سے اور اچھے شہریوں کے طور پر اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے مسلح ہونا از بس ضروری ہے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ آپ میری معروضات کی روشنی میں اس آرڈیننس پر غور فرمائینگے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے دو چار منٹ میں ایک دو باتوں کی طرف جناب وزیر قانون کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ میرے دوستوں نے اس موضوع پر کافی بحث کی ہے ۔ اس لئے اب مزید لمبی چوڑی بحث کی ضرورت نہیں ۔

جناب والا ۔ آپ اس کے preamble کو دیکھیں تو جیسا کہ انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے ۔ اس قانون کو پیش کرنے کی غرض یہ تھی کہ arms یا اسلحہ کے متعلق ہمارے صوبہ میں جتنے قوانین بھی ہیں انہیں یکجا کیا جائے ۔ جسے انگریزی میں انہوں نے consolidate کے لفظ سے تعبیر کیا ہے ۔ یہ بڑی اچھی اور نیک بات ہے کہ اگر ایک موضوع پر مختلف قوانین ہوں تو ان کو یکجا کر دیا جائے ۔ کیونکہ اس طرح ان کے پڑھنے ، سمجھنے اور ان پر عمل کرنے میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے ۔ لیکن میں نے ان کے اس زبانی اور تحریری دعویٰ کے ثبوت کے لئے اس آرڈیننس کا ایک ایک صفحہ چھان مارا ہے ۔ مجھے تو اس کے حق میں ایک دلیل بھی نظر نہیں آئی ۔ بلکہ اس کے خلاف بہت کچھ معلوم ہوا ہے ۔

جناب والا ۔ consolidation کا دعویٰ کرنے والے ہمارے محترم وزیر قانون نے ۱۸۷۳ء کا ایکٹ اسلحہ بعینہ نقل کر دیا ہے ۔ ماسوا تین چار کلازوں کے جو انہوں نے حذف کر دی ہیں اور کلاز نمبر ۴ سے جو پہلے ایکٹ میں کلاز نمبر ۵ ہے ۔ manufacture کا لفظ نکال دیا ہے ۔ اسی طرح ۶—۷—۸ اور ۹ نمبر کی clauses نکال دی گئی ہیں ۔ جو manufacturing درآمد اور برآمد سے متعلق تھیں ۔ باقی سارا قانون لفظ بلفظ اسی طرح رکھ دیا گیا ہے اور میں ابھی عرض کرتا ہوں کہ اس میں

ترامیم کیا ھیں ۔ یہ کہتے ھیں کہ ھم نے ان کو consolidate کر دیا ھے ۔ بہر حال ایک قانون تو یہ ھوگیا ۔ دوسرا Arms Act اس صوبے میں اس حد تک نافذ ھوگیا جس حد تک درآمد و برآمد یا اسلحہ سازی کا تعلق ھے ۔ یعنی اب ایک کی بجائے دو قانون لاگو کئے گئے ھیں ۔ دعویٰ یہ ھے کہ ھم نے مختلف قوانین consolidate کر دئے ھیں اور عمل یہ ھے کہ اس صوبے پر ایک کی بجائے دو قانون لاگو ھو گئے ھیں ۔

اب جناب آپ اس کی آخری شق نمبر ۲ دیکھئے ۔

'The Arms Act, 1878 (XI of 1878), as in force in the Province of West Pakistan, together with all enactments amending or modifying the same,....''

یہ ترامیم ھوتی رھی ھیں لیکن بہت کم ھیں ۔

"...except the provisions thereof relating to manufacture (including conversion), export or import of arms, ammunition and military stores, is hereby repealed."

تو ماسوا ان دفعات کے جو درآمد و برآمد اور اسلحہ سازی کے متعلق ھیں اور پھر ایک اسحلہ کو دوسری شکل میں تبدیل کرنا بھی اسلحہ سازی کے ضمن میں آتا ھے ۔ یعنی اس کے متعلق تین چار دفعات کو چھوڑ کر باقی قوانین کو اسی طرح ھمارے سامنے پیش کر دیا گیا ھے ۔

جناب والا ۔ مجھے بار بار اس بات کو دھراتے ھوئے اس مسئلہ کی اھمیت کے پیش نظر کوئی باک نہیں ۔ اس میں یہ phrase جو ھے ۔

The Provincial Assembly of West Pakistan is not in session.

وزیر صاحب کے ھاتھوں اس کا ستیاناس ھو گیا ھے ۔ حالانکہ دو چار دن کے بعد اسمبلی کا اجلاس ھونا تھا ۔ لیکن اتنا لکھ کر کہ

"That the Provincial Assembly is not in session and the Governor of West Pakistan is satisfied that circumstances exist...."

کسی اچھی بات کا مظاھرہ نہیں کیا ۔

وزیر تعلیم (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ آپ اس efficiency کی تعریف کیوں نہیں کرتے ۔

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں تو سمجھتا ہوں کہ وزیر قانون صاحب کے پاس شاید جنات ہیں کہ ۲۰۰ صفحات کے آرڈیننس پر گورنر صاحب کے دستخط کرا کر ۱۲ بجے رات سے پہلے ہی چھپوا لیتے ہیں - ۲۰۰ صفحات کے آرڈیننس کا اتنی جلدی چھپ جانا کوئی معمولی کام نہیں - چاہے وہ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس ہی کیوں نہ ہو -

وزیر تعلیم - پھر آپ کو سرکاری ملازمین کی efficiency کی داد دینی چاہئے -

خواجہ محمد صفدر - میں مانتا ہوں کہ وہ بڑے efficient ہیں - لیکن ایک بات جس کی طرف میں وزیر صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - وہ سیکشن ۲۸ ہے - اس میں آپ فرماتے ہیں -

"No suit, prosecution or other proceedings shall lie against any person for anything which is in good faith done or intended to be done in pursuance of this Ordinance."

اس سے تمام ملازمین سرکار کا تو تحفظ کیا گیا ہے - جو دیانتداری سے کام کریں لیکن جو بددیانتی سے کام کریں - قوانین میں ایک شق اُن کے لئے بھی رکھنا لازمی ہے - جو لوگ دیانت داری سے اپنا کام کرتے ہیں - اُن کے لئے ایک protection clause ہوتی ہے - یہاں تک کہ جو ارباب اختیار اپنے طور پر دیانتداری سے کام کرتے ہیں اُن سے کبھی کوئی غلطی بھی ہو جائے تو وہ قابل مواخذہ نہ ہوں -

اس کے بعد اس کی شاید کوئی ترمیم نہیں ہوئی - میں نے بہت تلاش کی ہے - مجھے نہیں ملی - ۱۹۵۵ء کے ایڈیشن میں اُس کی corresponding کلاز ۳۳ ہے -

"No proceeding other than a suit shall be commenced against any person for anything done in pursuance of this Act, without having given him at least one month's previous notice in writing of the intended proceeding and of the cause thereof, nor after the expiration of three months from the accrual of such cause."

اصل قانون میں عوام کو یہ حق دیا ہوا تھا کہ اگر صاحب اقتدار اشخاص اسے ناجائز استعمال کرتے ہیں ۔ تو وہ اُن کے خلاف دعویٰ کرسکے ۔ ماسوائے دیوانی دعویٰ کے اور نوٹس دے دے ۔ پھر وہ اپنی good faith کو ثابت کردیں ۔ اور بری ہو جائیں ۔ لیکن اب یہ presume کر لیا جاتا ہے کہ ہر اہل کار اور ہر افسر نیک نیتی سے اپنے فرائض کو انجام دیتا ہے ۔ اس طرح عوام کو یہ اختیار باقی نہیں رہتا ۔ کہ اگر کہیں کسی نے اپنے اختیار کو ناجائز استعمال کیا تو اُس کے خلاف کسی قسم کی نالش یا فوجداری مقدمہ دائر کر دے۔

جناب والا ۔ اس قانون میں جو اہم تبدیلی کی گئی ہے ۔ وہ صرف اس قدر ہے کہ اگر کوئی شخص ناجائز طور پر اسلحہ اپنے پاس رکھے گا یا اسلحہ کو اس طرح اپنے پاس رکھے کہ دوسروں کو پتہ نہ ہو ۔ یا خفیہ طور پر رکھے۔ تو سیکشن ۲۰ کے تحت وہ قابل مواخذہ سمجھا جائے گا ۔ سیکشن ۱۲ کے تحت یہ ہے ۔ کہ یہ بھی ایک جرم ہے کہ اسلحہ کو چھپا کر رکھیں یا ویسے carry کریں یا اگر ناجائز اسلحہ ہے ۔ تو اس کی اطلاع نہ دیں ۔ یا کسی دوسرے شخص نے جسے معلوم ہو ۔ تھانہ میں اطلاع نہیں دی ۔ یہ بھی جرم ہے ۔ اور اس کے لئے اکم از کم سزا مقرر کر دیں تو یہ درست ہوگا ۔

جناب والا ۔ اس میں کلام نہیں ۔ کہ اس ملک میں ایسے بھی لوگ ہیں جو دن رات خلاف قانون حرکات میں مصروف رہتے ہیں اور اپنی ناجائز اور خلاف قانون حرکات کے لئے ناجائز اسلحہ اپنے پاس رکھتے ہیں ۔ اور باوجود اس کہ اُن پر کڑی نگاہ رکھی جاتی ہے ۔ اور شدید ترین سزا جو کم از کم ایک سال یا دو سال دی جاتی ہے ۔ پھر بھی لوگوں کے پاس اسلحہ موجود ہے ۔ اور ہماری محترم حکومت وہ اسلحہ برآمد نہیں کرسکی ۔میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ لائسنس شدہ اسلحہ سے کئی گنا زیادہ اسلحہ اس صوبہ میں ناجائز طور پر موجود ہے ۔

آپ کو یاد ہوگا ۔ پچھلے دنوں لاہور پویس کا ایک special squad قائم کیا گیا تھا تا کہ وہ ناجائز اسلحہ برآمد کرے ۔

Minister of Law. Your four minutes are over Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ پچھلے دنوں کی بات ہے کہ لاہور کے پولیس افسران نے ایک special squad قائم کیا تھا تاکہ وہ لوگوں کے پاس جو ناجائز اسلحہ ہے اسے برآمد کرے ۔ اس کی صرف ایک رپورٹ اور ایک تصویر بھی شائع ہوئی تھی ۔ اور بتایا گیا تھا کہ دو یا چار دنوں میں یہ کچھ برآمد ہوا ہے ۔ اس میں کچھ چھریاں تھیں کچھ چاقو تھے ۔ اور دو چار پستول بھی تھے ۔ لیکن میرا یہ دعویٰ ہے ۔ کہ اس شہر میں ہزارہا کی تعداد میں لوگوں کے پاس بغیر لائسنس کے ناجائز طور پر پستول ، رائفل اور بندوقیں موجود ہیں ۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ پولیس اپنا فرض ادا نہیں کر رہی ۔ سزا اس میں تین سال کی بجائے چھ سال بھی کر دیں تو کوئی فرق نہیں پڑے گا ۔ یہ ہماری حکومت کی inefficiency ہے ۔ اور یہ نااہلی ہے کہ وہ قانون بنا دیتی ہے ۔ مگر enforce نہیں کرتی ۔ سزا چاہے دس دن ہو، یا جرمانہ صرف ہزار روپیہ ہو ۔ اسے باقاعدہ طور پر enforce کرنا چاہئے تاکہ بدمعاش لوگوں کے دلوں میں اس بات کا خوف ہو ۔ کہ ان سے مواخذہ کیا جائیگا ۔ اس طرح وہ ناجائز اسلحہ اپنے پاس رکھنے سے گریز کریں گے ۔ دراصل ان کے دلوں میں خوف نہیں رہا ۔ اور وہ انہی ہمارے محترم بزرگوں کے زیر سایہ پل رہے ہیں ۔ ان لوگوں کو ان کی اعانت حاصل ہے ان کی امداد حاصل ہے ۔ اب کل ہی گوجرانوالہ کے متعلق کنونشن مسلم لیگ کے جنرل سیکریٹری کا ایک بیان شائع ہوا ہے کہ وہاں کے بدمعاشوں کو رؤسا اور با اثر افراد کی حمایت حاصل ہے ۔ اور وہ دن دھاڑے لوگوں کی پگڑیاں اچھالتے ہیں ۔ اور ان کو مارتے پھرتے ہیں ۔ جناب والا ۔ انہوں

نے درست کہا ہے ۔ گوجرانوالہ ہی نہیں بلکہ ہر شہر میں اور ہر گاؤں میں بدمعاش لوگ پائے جارہے ہیں ۔ اور وہ ناجائز اسلحہ لئے پھرتے ہیں ۔

اگر حمزہ صاحب نے شکایت کی ہے کہ دس بیس ہزار لائسنس جاری کر دیے گئے ہیں تو یہ کوئی بات نہیں غرض تو یہ ہے ۔ جو لوگ عادی مجرم ہیں وہ ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں ۔ اس لئے اُن کے پاس اسلحہ نہیں ہونا چاہیے ۔ اور یہ صورت تو اسی وقت پیدا ہوسکتی ہے جب حکومت اپنی ذمہ داری کا احساس کرے اور اپنے فرض کی ادائیگی کی طرف پوری توجہ دے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Mr. Speaker, Sir, Mr. Hamza and Mr. Farooqi made a grievance or the definition of 'arms and ammunition' that it is so very exhaustive that all possible and conceivable arms and ammunitions have been included in it. I do confess that the Government has made an attempt to make this law fool-proof and to see that no arm or ammunition is left out which could possibly be misused or abused by any mischief-monger. The Government has to safeguard not only against an enemy outside or without the country but also against enemies who are living in the grab of friends within the country itself. Mr. Farooqi, I hope he is listening to my reply to his grievance and complaint as he was anxious to have a reply and I may request him to kindly lend me his ears —as far as I understand his complaint was on the one hand, the start of his speech was that the licences for fire-arms should be granted freely, as freely and as lavishly as the licences are granted for possessing radio sets. I do not know whether it was on account of lack of memory or any other reason that at the fag end of his speech he immediately turned round to make grievance of the fact that at least in Karachi, during the Presidential election indiscriminate licences were issued to every Tom, Dick and Harry.

خواجہ محمد صفدر ۔ بدمعاشوں کو تو آپ لائسنس دیتے ہیں ۔ ہمیں تو یہی اعتراض ہے کہ آپ بدمعاشوں کو تو دے دیتے ہیں لیکن شریفوں کو آپ لائسنس نہیں دیتے ۔ شریفوں کو تو آپ کو ویسے ہی لائسنس دے دینا چاہئے ۔

Minister of Law: He said, give it freely to all. I would respectfully submit that anybody who really deserves to have a licence he can surely have it without any let or hinderance. If the members advocate that where a person has been convicted of an ordinary offence involving moral turpitude he should be deprived of it but the rest should have it, as a matter of right, then I would respectfully submit that the Government cannot

possibly concede to this. There are certain elements in the country, who by some hook or crook, escape the punishment from a court of law, escape conviction and yet cannot be trusted to have licences freely as the members seem to advocate. Any law-abiding citizen, who realy deserves it, who really means to use it for *bona fide* purposes, for the purpose of his protection and the like, can surely get it immediately and I assure the members that he shall not be deprived of it by any District Magistrate wherever he may be, in the province.

Mr. Farooqi also made a grievance of the fact that in some cases burden of proof has been shifted on to the accused which is opposed to all principles of criminal jurisprudence and criminal justice. I would respectfully invite his attention to the very Evidence Act of which he is the votary and which he wants to be perpetuated here in this country. Without the least amendment or change in it, it contemplates under section 105 that in cases where there are certain circumstances which the accused alleges and which are within his knowledge, the burden of proving that fact shifts on to the accused himself. This is just the same thing. Where there are circumstances which are within the knowledge of the accused, surely the burden will be on him and on none else. At least we shall not take it as a genuine grievance from Mr. Farooqi or Mr. Hamza or Khawaja Sahib. (*Interruptions*) Because this is the Law of Evidence by Lord Macauley of which my friends on that side are always very much enamoured.

Khawaja Sahib also made a pointed reference to the Indemnity clause in the present Ordinance and also to Section 33 in the Act which has been repealed. There is a marked difference in the repealed section of the Act. Two things had been provided ; that there shall first be a notice to the public servant concerned. Without that no suit can be filed against him—and in respect of any criminal action is taken against him after three months from the date of the action complained of, no action can be taken against him. We have under the present law removed these two restrictions. No notice is necessary and if by any means an individual has not come to know of any wrong done to him and wants to start criminal prosecution, there is no limitation so far as the Criminal Law is concerned. We have provided an opportunity to an individual even to go ahead with criminal prosecution, although the period of three months at one time was there, and now it has disappeared. I would, therefore, request Khawaja Sahib to read again the present law, and the law as it stood then and the law as it stands now. In either case any *bona fide* action could not possibly be complained of or agitated against either on the civil side or on the criminal side. We have now made it possible for people to come forward and go ahead against all *mala fide* actions and take action which they may possibly want, against callous public servants. I would, therefore, request the members to reconsider this Ordinance, as it is in the interest of the solidarity of the country and the nation, and join hands with us to pass this law.

On a point of Personal explanation - مسٹر محمود اعظم فاروقی

جناب والا وزیر قانون نے میرے حافظہ کی طرف کچھ اشارہ کیا تھا بلکہ مجھ کو متوجہ کیا تھا - میں نے جو کچھ عرض کیا تھا وہ یہ ہے کہ

لائسنس لوگوں کو فری ملنا چاهئے - یه میرا basic stand هے - میں نے عرض کیا تھا که کراچی میں لوگوں کو لائسنسز indiscriminately دئے گئے تو اس discrimination سے مطلب یه هے که معزز شهریوں کو لائسنس دینا مناسب نہیں سمجھا گیا اور آپ نے اپنے مفاد اور اپنی ضروریات کے پیش نظر وهاں لائسنس کا اجرا کیا - یه میرا سٹینڈ اب بھی هے اس کو وه ملاحظه فرمائیں -

Mr. Speaker : The question is :—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Arms Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

The motion was carried.

THE WEST PAKISTAN URBAN RENT RESTRICTION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Minister of Law : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I thought the Member from Karachi, at least, will not oppose this Ordinance. Any way let him place himself.

Sir, the Rent Restriction Ordinance 1959 was extended to Karachi from the 1st of July, 1963. As a result certain difficulties crept in. Representations were made by the landlords and tenants from Karachi particularly, impressing upon the Government the urgent need of amending the law. The difficulties came in like this. Before the Rent Restriction Ordinance 1959 was extended there, Karachi was governed by the Rent Restriction Act 1953. Under that the landlord could go to a Civil Court for getting an ejectment decree against the tenant. He had in the first instance to take a certificate from the Rent Controller who would certify that the landlord is entitled to a decree. This certificate was given after the Controller was

satisfied about the existence of certain circumstances. It so happened that such certificates were obtained and matters were pending before the Civil Courts for execution of the decrees. In the meantime, the law was changed. Under the new law this power was vested in the Rent Controller. The result was that all certificates which were pending for execution with the Civil Courts (for ejectment of tenants) became null and void. This difficulty had to be removed to facilitate the Rent Controller to go ahead with ejectments in those cases in which certificates had been obtained from the Rent Controller.

Then, Sir, another difficulty that had to be removed was that under the Karachi Rent Restriction Act of 1953 there is a different procedure for the determination of fair rent and it is altogether different in the 1959 Ordinance. This difference on account of different conditions prevailing in Karachi had to be maintained and a consequent amendment had, therefore, to be undertaken.

Then, Sir, there were persistent complaints from the tenants, particularly from Karachi, that the landlords were, without any reasonable cause withholding amenities provided in the demised premises : that often times the landlords succeeded in getting the premises vacated on the ground that they wanted it for the purpose of construction or reconstruction and after they were vacated and the premises were newly constructed or re-constructed it became very difficult, if not impossible, for the tenants to get accommodation elsewhere. Therefore, they demanded that the tenants who had at one time been ejected, after the reconstruction of the premises, should be entitled to put in as tenants at least in respect of that area which the tenant was originally occupying on payment of fair rent determined by the Rent Controller. These grievances of the tenants was so persistent that representations from Karachiites through their elected representatives—MPAs and MNAs —poured in. There was actually some advice from the High Court, Karachi Bench, that this law should be amended so that the accumulation of decrees in Civil Courts should be checked. The Governor was, therefore, satisfied that necessary legislation should be enacted in the shape of this Ordinance. Hence this Ordinance has been issued.

I thought, the Opposition Members will have pity at least over the poor tenants. They had none either for the poor labour class or the Government servants and it appears that they are not even prepared to cooperate with the poor tenants .....

Khawaja Muhammad Safdar : Question.

Minister of Law : ... ... who are suffering under all possible indignities in Karachi. Perhaps the Member from Karachi may be knowing better the conditions of the landlords. He may be having sympathies with the landlords, I do not know. As far as I am able to see, that sympathy for landlords in Karachi is misplaced and it does not behove the representative from Karachi to advocate the cause of those landlords who are definitely opposed to the poor tenant.

Mr. Speaker : Yes, Mr. Farooqi.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا- میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہمارے وزیر پارلیمانی امور کے مزاج میں وہ تلون ہے کہ جو نہ کراچی کے موسم میں ہے اور نہ غالب کے محبوب میں تھا - آج آپ نے دو آرڈیننس اس ایوان میں پیش کئے- بس اور اکیس یہ دونوں ایک ہی تاریخ کے نافذ کئے ہوئے آرڈیننس ہیں - ایک ہی تاریخ کو اس ایوان میں زیر بحث آئے - ایک کے بارے میں وزیر پارلیمانی امور نے یہ فرمایا کہ مقصد یہ ہے کہ قوانین کو سارے صوبے کے لئے یکساں کرنا ہے اور آج نہیں بلکہ اس سے پہلے ایوان میں بارہا آپ یہ کہتے آئے ہیں کہ آئین کا مقصد یہ ہے کہ جو صوبے کے قوانین ہیں انہیں consolidate کیا جائے یعنی unify کیا جائے ، یکساں بنایا جائے - تاکہ دستور نے جو ضمانت دی ہے عوام کو کہ قانون سے تحفظ اور قانون کے استفادے کا حق ملک کے تمام لوگوں کو یکساں حاصل ہو گا اور قانون کا منشاء پورا ہو سکے اور دستور کا منشاء پورا ہو سکے - تو آپ نے جناب آرڈیننس نمبر ۲۰ تو اس مقصد کے لئے بنایا تھا کہ سارے صوبے کے قوانین میں یکسانیت پیدا کی جائے تاکہ لوگوں کو قانون سے فائدہ ہو اور ان کے حقوق محفوظ کئے جائیں - پھر ابھی آدھ گھنٹہ بھی نہیں گزرا کہ آپ ایک دوسرے آرڈیننس کے بارے میں یہ فرما رہے ہیں بلکہ اس میں لکھا ہوا ہے کہ یہ قانون جو پہلے صوبے کے لئے ایک تھا یعنی پورے مغربی پاکستان کے لئے اب کراچی کے لئے مختلف ہوگا اور باقی مغربی پاکستان کے لئے مختلف ہو گا - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر آپ اپنے اس مزاج کے تلون میں اور ان دو باتوں میں کس طرح سے reconcile کرتے ہیں کہ صوبے کے قوانین کو unify کرانا ہے - ایک قانون موجود ہے جو پورے صوبے کے لئے یکساں ہے - سارے صوبے پر ایک ہی قانون کا اطلاق ہے اور ۱۹۵۹ء سے اطلاق چلا آ رہا ہے - آج آپ کو یہ الہام ہوتا ہے کہ کراچی

کے حالات مختلف ہو گئے ہیں ۔ ابھی تک میں یہ سنا کرتا تھا کہ پیر دیول شریف کو کشف ہوتا ہے مگر آج مجھے معلوم ہوا کہ آپ کو بھی کشف ایک دم ہو جاتا ہے کہ کراچی کے حالات یک دم بدل گئے۔ جناب والا ۱۹۵۹ء میں جو کراچی تھا وہ اس جگہ پر سمندر کے اس ساحل پر آج بھی واقع ہے وہاں سے ہٹا نہیں ۔ لاہور اور راولپنڈی جس عرض بلد پر پہلے تھے آج بھی اسی عرض بلد پر ہیں ۔ موسم نہیں بدلا ، حالات نہیں بدلے ، آبادیاں نہیں بدلیں ، لوگ نہیں بدلے ، جائے وقوع نہیں بدلا ، محل وقوع نہیں بدلا تو پھر وہ کون سے حالات میں تبدیلی پیدا ہو گئی کہ آج آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ کراچی کے لوگوں کے لئے مختلف قانون ہونا چاہئے اور مغربی پاکستان کے لئے اور اس کے شہریوں کے لئے جو کہ اگر کراچی کے برابر نہیں تو اور حالات میں اور دیگر نقطۂ نظر سے ، طول و عرض میں ، پیمانے میں ، تعلیم میں ، تمدن میں ، معاشرت میں اور تعمیرات کے اضافے میں ، مکانات کے کرایہ میں کسی طرح بھی ان میں تفاوت نہیں ہے ۔ میرے خیال میں کراچی سے آپ اتنے ہی واقف ہوں گے جتنا کہ میں لاہور اور راولپنڈی سے واقف ہوں ۔ میں جانتا ہوں کہ ان دونوں شہروں کے حالات میں جہاں تک مکانات کا تعلق ہے کوئی فرق نہیں ہے ۔ تعمیر اسی تیزی کے ساتھ ہو رہی ہے جیسی کہ اس سے پیشتر ہو رہی تھی ۔ یہاں اگر گلبرگ ہے تو وہاں بی ۔ ای ۔ سی ۔ ایچ ۔ ایس ہے ۔ وہاں سیٹیلائیٹ ٹاؤن ہے ۔ ناظم آباد ہے تو یہاں سمن آباد ہے ۔ غرض یہ کہ ہر متوسط طبقے کے لئے بھی اور بڑے طبقے کے لئے بھی جس طرح کہ مکانات کی تعمیر وہاں ارتقا پذیر ہے اسی طرح سے دوسرے شہریوں میں بھی ارتقا پذیر ہے ۔ آج کیا نئے حالات پیدا ہو گئے ۔ کہ آپ کو یہ محسوس ہوا کہ کراچی کے حالات سارے مغربی پاکستان کے حالات سے مختلف ہیں اور وہاں کے لئے قانون علیحدہ ہونا چاہئے ۔ جناب والا ۔ یہ آپ کا اکیسواں آرڈیننس ہے ۔ اور دو کے بعد آپ کے یہ آرڈیننس ختم ہو جائیں گے ۔ یقین فرمائیے کہ میری یہ

خواهش تھی کہ آپ کوئی ایسا معقول آرڈیننس پیش کریں کہ جس کے ساتھ بغیر کسی اختلاف کے میں آپ کے ساتھ تعاون کروں لیکن مجھے افسوس ہے کہ یہ خواهش مجھے اپنے دل میں لیکر کراچی واپس جانی پڑے گی ۔ ممکن ہے شاید آپ اسے اگلے سیشن میں رفع کر دیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ قانون جو آپ نے کراچی کے کرایہ داروں کے لئے بنایا ہے ۔ اس میں ۸ دفعات ہیں ۔ پہلا سیکشن تو نام سے متعلق ہے ۔ باقی سات دفعات میں سے میں آپ کے چھ دفعات سے متفق ہوں ۔ مجھے کوئی اعتراض ان پر نہیں ہے ۔ اگر آپ یہ کرتے کہ ان چھ دفعات پر ہی یہ قانون مشتمل ہوتا جو کہ سارے صوبے کے ساتھ یکساں ہے تو میں بڑی خندہ پیشانی اور فراخدلی کے ساتھ آپ کی طرف اپنا دست تعاون دراز کرتا لیکن آپ نے دو دفعات کراچی کے لئے مخصوص کرکے ایسی بات کی ہے کہ شربت کے گلاس میں زہر کا ایک قطرہ آپ نے ڈال دیا ہے جس سے پورا شربت جو ہے وہ تلخ ہو گیا ۔ جناب والا آپ نے فرمایا ہے کہ یہ قانون آپ نے کرایہ داروں کی درخواست پر اور ان کی representations کے اوپر ان کی بہبود کے لئے بنایا ہے تو جہاں تک سیکشن ۳ سے لیکر سیکشن ۸ کا تعلق ہے آپ کا فرمانا صحیح ہے اور مجھے اس سے اتفاق بھی ہے لیکن سیکشن ۲ جو کرایہ کے fair rent کے تعین کے بارے میں ہے اس میں کئی تضاد موجود ہیں ۔ پہلی چیز تو یہ کہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ پورے مغربی پاکستان میں آپ fair rent تعین کرتے وقت ۱۹۵۰ء کے کرایوں کو معیار بنائیں اور کراچی میں کرایہ مقرر کرتے وقت آپ ۱۹۴۱ء کے کرایوں کو معیار بنائیں ۔ پھر کراچی میں شیڈول یہ ہے کہ رہائشی مکان کے لئے دسمبر ۱۹۴۱ء کو معیار رکھا گیا ہے ۔ اور غیر رہائشی مکان کے لئے دسمبر ۱۹۴۲ء کو معیار رکھا گیا ہے ۔ حالانکہ مکان رہائشی ہو ، یا غیر رہائشی ، اس کی تعمیر پر خرچ اتنا ہی آتا ہے ۔ کوئی مزدور غیر رہائشی مکان کے لئے زیادہ مزدوری نہیں لیتا ۔ سیمنٹ کی فیکٹری بھی سیمنٹ ایک

ھی دام پر فروخت کرتی ھے۔ خواہ کوئی رھائشی مکان کے لئے لے یا کسی صنعتی مکان یا دوکان کے لئے لے ، یا مکان میں خود رھے یا کسی دوسرے کو کرائے پر دے ۔ اس لئے کوئی وجہ نہیں تھی کہ رھائشی مکان کے کرایہ کے لئے تو وہ ایک معیار مقرر کریں اور غیر رھائشی کے لئے دوسرا ایک ھی شہر میں یہ تضاد ھے ۔ پھر سارے مغربی پاکستان اور کراچی میں تضاد پیدا کیا گیا ھے ۔ سب سے زیادہ دلچسپ بات وہ ھے جو اس آرڈیننس کے سیکشن (۲) کے تحت نئے ایزاد ھونے والے سیکشن (۹) (بی) (i) میں کہی گئی ھے ۔ اس سیکشن کا مطلب یہ ھے کہ ۱۹۴۱ء یا ۱۹۴۲ء کے کرائے کو معیار بنا کر اس پر کیا اضافہ کیا جائے ۔

"where the rent of the building let on the first day of December, 1942, or where it was not let on that date, the rent at which it was last let before that date or the rent referred to in clause (b) (*ii*) of sub-section (7) does not exceed fifty rupees per month, or where the building is used for accommodating a school, hospital, dispensary, library, maternity-home, nursing-home or such charitable or public institution, as may be notified in this behalf by Government in the official Gazette, ten per centum of the rent payable in each case, and in all other cases, fifty per centum of such rent."

اس کا مطلب یہ ھے ۔ کہ ایک عمارت جو ۱۹۴۷ء سے پہلے تعمیر ھوئی ھو اور غیر رھائشی ھو ۔ آج جب اس کے کرایہ کا تعین کرنے کے لئے بیٹھیں گے تو پہلے یہ دیکھیں گے کہ ۱۹۴۲ء میں اس کا کرایہ کیا تھا ۔ اگر وہ کرایہ پچاس روپے سے زائد نہ تھا تو وزیر پارلیمانی امور نے اضافہ کی اجازت دی ھے ۔ یا اگر وہ مکان کسی سکول کے پاس ھو ، یا ھسپتال یا لائبریری یا میٹرنٹی ھوم یا نرسنگ ھوم وغیرہ کے پاس ھو تو بھی ۱۹۴۲ء کے کرایہ پر دس فیصد اضافہ کی اجازت ھو گی ۔ اگر وہ اس کے علاوہ کسی اور کے پاس ھو ۔ مثلاً دوکان ھو تو اس پر ۵۰ فیصد اضافہ کی اجازت ھو گی ۔ میری ھمدردیاں نہ کرایہ داروں کے ساتھ ھیں ، نہ مالکوں کے ساتھ ، نہ میں یہ دیکھتا ھوں کہ کرایہ کی زد کس پر پڑتی ھے ۔ آپ پر، ان پر ، یا ھم پر ، میں تو یہ دیکھتا ھوں کہ منصفانہ بات کیا ھے ۔ میں آپ سے پوچھتا ھوں کہ اگر کسی نے اپنا مکان سکول یا ھسپتال وغیرہ کو دیا ھے تو اس نے کیا جرم کیا ھے ، اسے دس فیصد

اضافہ کی اجازت دی جائے ۔ اور اگر وہ سکول کی بجائے دوکان کو دیتا ہے۔ تو اسے آپ ۵۰ فیصد کرایہ بڑھانے دیتے ہیں ۔ charity بہت اچھی چیز ہے ۔ لیکن یہ تو حلوائی کی دوکان اور نانا جی کا فاتحہ والی بات ہے ۔ دوسروں کی ملک کے اوپر charity کا آپ کو کس نے حق دیا ہے ؟ charity جبراً نہیں کی جا سکتی برضائے خود ہوتی ہے ۔ اس کو force کریں ، آپ کو اس کا حق نہیں ہے ۔ یہ تو مفت کرم داشتن کی بات ہے ، نہ اس کو ثواب ملے گا ، نہ آپ کو۔ اگر وہ مکان سکول یا ہسپتال کے لئے ہے تو آپ اسے ترغیب دیں ، تبلیغ کریں ۔ اس بات پر اسے راضی کیجئے کہ وہ برضا و رغبت خود بخود دس فیصد اضافہ پر کرائے پر دے دے ۔ فرض کیجئے ۔ ساتھ ساتھ دوکانیں ہیں ۔ دوکان نمبر ۱ ہسپتال کے پاس ہے ۔ دوکان نمبر ۲ کسی دوکاندار کے پاس ہے ۔ اس قانون کے تحت ایک دوکان کا کرایہ دس فیصد بڑھانے کی اجازت ہے ۔ اور دوسری کا پچاس فیصد ، ایک ہی لاگت یا قیمت کی دونوں دوکانیں ہیں ۔ ایک کے مالک کو دس فیصد اضافہ کی اجازت ہے ۔ اور دوسری کے مالک کو پچاس فیصد اضافہ کی ۔ پہلے تو دو شہروں کے درمیان نامنصفانہ سلوک تھا ۔ یہ ایک ہی شہر کے دو افراد کے درمیان نامنصفانہ سلوک ہے ۔ اور اپنی رائے پر دوبارہ غور کریں اور سوچیں کہ اس کی زد کس پر پڑتی ہے ۔ پھر آپ یہ بھی سوچیں کہ ہوسکتا ہے کہ سکول کو عمارت کرایہ پر دینے والی ایک بیوہ ہو ۔ جس کا واحد سہارا وہی ایک مکان ہو ۔ اور دوکان کے لئے کرایہ پر دینے والا ایک لکھ پتی ہو ، جس کا کاروبار ہی دوکانیں بنا کر کرایہ پر دینا ہو ۔ ایک بیوہ ہے جو شوہر کی گریجوئٹی کی رقم سے ایک مکان بناتی ہے ۔ اور وہ اسے کسی سکول کو کرائے پر دے دیتی ہے ۔ اسے تو آپ کرائے میں دس فیصد اضافہ کی اجازت دیتے ہیں ۔ دوسرا شخص وہ ہے جس کے پاس لاکھوں روپے کی جائداد ہے ۔ اسکا کام ہی یہ ہے ۔ کہ کرایہ کے لئے جائداد خریدے ان میں شراب خانے کھولے ۔ دوکانیں بنائے اور

صنعتیں کھولے ۔اسے آپ کہتے ہیں ۔ تمہیں یہ حق ہے کہ تم ان کے کرایوں میں ۵۰ فیصد اضافہ کرسکتے ہو ۔

جناب والا ۔ اس میں ایک چیز اور ہے ۔ صفحہ ۳ پر سب سیکشن (سی) ہے ۔ یہ بھی tenant کے بارہ میں ہے ۔ اس میں آپ کہتے ہیں

"in relation to any building, residential or otherwiese, constructed after the 15th day of August, 1947, but before the first day of July, 1963, such rent as shall secure to the landlord a net return of six per centum, and in the case of any such building first let on or after the twentieth day of October, 1959, eight per centum . . . . . "

اس کا مطلب یہ ہے۔ وہ مکان جو ۱۹۴۷ء کے بعد سے لے کر ۲۰ اگست ۱۹۵۹ء تک بنا ہو یا کرائے پر دیا گیا ہو ۔ مالک مکان اسے اتنے کرائے پر دے سکتا ہے جس سے اسے کل لاگت پر ۶ فیصد کا نفع ہو ۔ ۱۰۰ روپے کی لاگت ہو تو ۶ روپے کی حد تک net کرایہ تعین کرسکتا ہے ۔ ٹیکسوں اور انشورنس وغیرہ کے اخراجات نکالنے کے بعد ۔ اتنا کرایہ آپ کے نزدیک معقول ہے ۔ اس سےزیادہ لیتا ہے تو کرایہ دار کے ساتھ زیادتی ہے ۔ لیکن کسی عمارت کی صورت میں جو ۲۰ اکتوبر ۱۹۵۹ء کو یا اس کے بعد کرایہ پر دی گئی ہو اس کے مالک کو حق ہے کہ وہ ۸ فیصد کرایہ پر دے سکے ۔ تمام اخراجات نکالنے کے بعد میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔ دونوں صورتوں میں لاگت اتنی آئی ۔ قیمتوں کی رفتار جس طرح سے بڑھ رہی ہے ۔ اس سے دونوں ایک طرح متاثر ہوں گے ۔ پھر یہ فرق کیوں رکھا گیا ہے ۔ ایک صورت میں اگر لاگت ۱۰۰ روپے ہے تو کرایہ ۶ روپے اور دوسری صورت میں اسی لاگت پر کرایہ ۸ روپے جمع $\frac{۱}{۲}$ ۱ روپیہ برائے خرچ مرمت وغیرہ ۔ یعنی $\frac{۱}{۲}$ ۹ روپے ۔ ہمیں تو اسکی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی ۔ سوائے اس کے کہ کسی نے خود مکان بنایا ہے جو اس نے ۲۰ اکتوبر ۱۹۵۹ء کو یا اس کے بعد کرایہ پر دیا ہے ۔ اور اس کے لئے یہ نئی شرط لگا دی ہے ۔ میرے خیال میں ۱۹۴۷ء ہو یا ۱۹۵۹ء ہو یا ۱۹۶۵ء ہوشرح کرایہ ایک ہونی چاہیے۔ میں سمجھتا

ہوں یہ ایک ہی شہر کے اندر دو مالکان کے درمیان غیر منصفانہ سلوک ہے - آپ نے مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان کے افراد کے درمیان مساوات کے خلاف کیا - پھر مغربی پاکستان اور کراچی کے درمیان مساوات کے خلاف کیا - پھر کراچی کے اندر رہائشی اور غیر رہائشی کے درمیان تضاد پیدا کیا - پھر غیر رہائشی میں سکول اور دوکان کے درمیان تضاد پیدا کیا - پھر آپ نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ء اور یکم جولائی ۱۹۶۳ء کے درمیان تعمیر شدہ عمارتوں میں ۲۰ اکتوبر ۱۹۵۹ء سے پہلے اور اس کے بعد کرایہ پر دی جانے والی عمارتوں میں تضاد پیدا کیا - یہ کیا قانون ہے - آپ ہر روز قانون بناتے ہیں - ہر روز انہیں تبدیل کرتے ہیں - دس غلطیاں کرتے ہیں - بل نہیں لاتے کہ ہم انہیں درست کرسکیں - اس قوم پر احسان کیجئے - عدالتیں جب کسی نئے قانون کو نافذ کر دیتی ہیں عوام اس نئے قانون کے عادی ہو جاتے ہیں - تو وہ قانون تبدیل ہو جاتا ہے - قانون ایک بنائیے مگر سمجھ کر - بل لائیے تا کہ ہم آپ کو مشورہ دے سکیں - اگر آپ نہیں سمجھتے ہیں تو ہماری سمجھ سے کام لیں - ہم آپکو صحیح مشورہ دیں گے - جس سے آپ صحیح قانون بنائیے - اور ایسے قوانین بنائیے جو کہ سارے صوبے کے لوگوں میں یکسانیت پیدا کرے - ان الفاظ کے ساتھ میں امید کرتا ہوں کہ حکومت آپوزیشن کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اس آرڈیننس کو واپس لے لیگی -

خواجہ محمد صفدر(سیالکوٹ - ۱)- جناب والا - جناب وزیر قانون نے اس آرڈیننس کو اس ایوان میں پیش کرکے اس متعلقہ قانون کو بھول بھلیاں بنا دیا ہے - یہ آرڈیننس ، یہ قانون ۱۹۵۹ء میں ایک آرڈیننس کے ذریعے جاری ہوا - ۱۹۶۰ء میں ایک آرڈیننس کے ذریعے اس میں ترمیم کی گئی - ۱۹۶۲ء میں ایک اور آرڈیننس کے ذریعے دربارہ اس میں ترمیم کی گئی - اور اب ۱۹۶۵ء میں پھر اس میں آرڈیننس ہی کے

ذریعے ترمیم کی گئی ہے - یعنی یہ آرڈیننس اپنی تاریخ پیدائش سے ابتک چار مرتبہ آرڈیننسوں ہی کے ذریعے ترمیم ہو چکا ہے - لیکن اس میں اغلاط کا اضافہ ہورہا ہے - ان میں کمی نہیں ہوئی - اس لئے میں نے عرض کیا ہے -

وزیر تعلیم - چار ہی مرتبہ اسکی منظوری اسمبلی نے دی ہے -

خواجہ محمد صفدر - اسمبلی تو اس بارے میں بالکل بے بس ہے - وہ تو ایک نقطے کی تبدیلی بھی اس میں نہیں کرسکتی - اسمبلی تو مجبور ہے ہی - لیکن جو وزراء اپنے آپ کو بااختیار سمجھتے ہیں وہ بھی اس میں تبدیلی نہیں کرسکتے -

وزیر تعلیم - ہم تو ووٹ بھی نہیں دے سکتے -

خواجہ محمد صفدر - میرا خیال ہے - کہ آپ ووٹ کے علاوہ بھی کچھ نہیں کرسکتے -

جناب والا - بجائے اسکے کہ طریقہ کار یہ ہو کہ اس قانون کا اثر مقدمات پر بلکہ اگر میں یہ کہوں توزیادہ بہتر ہوگا کہ ان درخواستوں پر جو کہ خاصی مقدار میں ، ہزاروں کی تعداد میں ہر وقت عدالتوں کے پاس موجود ہوتی ہیں - کیونکہ مالکان مکان اور کرایہ داروں میں خاصی مقدمہ بازی چل رہی ہے - آپ ہر سال اس قانون میں کوئی نہ کوئی ترمیم لاکر ان litigants کو خواہ وہ کرایہ دار ہوں خواہ وہ مالک مکان ہوں - مزید مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں - کیونکہ اس طرح بعض وہ درخواستیں جو کرایہ داروں نے دے رکھی ہوتی ہیں - وہ infructuous ہو جاتی ہیں - اور اسی طرح بعض مالکان مکان نے جو درخواستیں دی ہوتی ہیں وہ بیکار ہو جاتی ہیں - تومیں آپکی توجہ اس طرف دلاؤنگا کہ انہوں نے سیکشن ۱۳، پارٹ ۲، سب پارٹ ششم

میں اس طرح ترمیم کی ہے کہ موجودہ سب پارٹ ۶ کو حذف کردیا ہے ۔ اور اسکی جگہ ایک نیا سیکشن لائے ہیں ۔ موجودہ صورت یہ ہے ۔

"... the landlord intends to demolish the building for constructing a new building on the same site and has already obtained the necessary sanction for the said construction from the Improvement Trust or the Municipal Corporation, Municipality, Municipal Committee, Town Committee or Notified Area Committee of the area where such building is situated,

the Controller may make an order directing the tenant to put the landlord in possession of the building or rented land and if the Controller is not so satisfied he shall make an order rejecting the application."

جناب والا ۔ سیدھی سی بات تھی کہ اگر مالک مکان یہ بات عدالت میں جاکر ثابت کرسکے کہ اُسے اُس مکان کو دوبارہ بنانا ہے ۔ یا اس اراضی پر جو کہ خالی پڑی ہوئی کوئی تعمیر کرنی ہے ۔ تو اسکو اجازت مل جاتی تھی کہ وہ دوبارہ قبضہ حاصل کرے ۔ اس خیال سے کہ مالک مکان کہیں اس قسم کی درخواستیں نہ دیدیں ۔ اور اس بہانے سے قبضہ حاصل کرکے دوسرے کرایہ داروں کو زیادہ کرائے پر نہ دیدیں ۔ اس سابقہ قانون میں کلاز ۵ میں اسکا مداوا درج ہے ۔

"Where a landlord has obtained possession of a building in pursuance of an order under clause (*vi*) of sub-section (2) of this section and does not have the building demolished within a period of four months from the date of taking possession of the same or does not construct the new building within a further period of two years after the expiry of the period of four months from the date of taking possession of the same, he shall, unless he satisfies the Court that he was unable to construct the building within the prescribed time for reasons beyond his control, be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine or with both."

اس سے آگے یہ ہے کہ وہ کرایہ دار اس پر دوبارہ قبضہ حاصل کرسکتا ہے ۔ یہ ایک تحفظ تھا ۔ اور کرایہ دار کے لئے ایک معقول تحفظ تھا۔ مجھے معلوم نہیں اس شق کو اس طرح تبدیل کرنے سے ان کی کیا غرض ہے ۔ کم از کم میں تو نہیں سمجھ سکا ۔ یہ شق اس طرح سے ہے ۔

"(*vi*) the building or rented land is reasonably and in good faith required by the landlord for the reconstruction or erection of a building on the site, and the landlord has obtained the necessary sanction for the said reconstruction or erection from the Town Improvement Trust, Municipal Corpo ation, Municipal Committee or Town Committee for the area where such building or rented land is situated."

جناب والا ۔ میری رائے میں اسکی ضرورت نہ تھی کہ اگر وہ "reasonably" اور "in good faith" سمجھے ۔ کیونکہ یہ دونوں الفاظ ایسے ہیں کہ جنکے تحت پہلے شق کے تحت بھی وہ کنٹرولر کی عدالت میں جاسکتے تھے ۔ اس سے پہلے جو شق قانون میں موجود تھی ۔ اس میں تھا ۔ کہ اگر کنٹرولر یہ دیکھے کہ مالک مکان نے اس بات کو reasonably طور پر ثابت نہیں کیا کہ اسنے واقعی اس مکان کو دوبارہ بنانا ہے ۔ تو وہ اسے خالی نہیں کرائیں گے ۔ اور اگر "in good faith" انکو یہ پتہ چل جائے کہ درخواست دیانتداری سے نہیں دی گئی ہے ۔ اور وہ حکومت کو اور کرایہ دار کو دھوکہ دے رہے ہیں ۔ تو پھر بھی اسکی درخواست خارج ہوسکتی تھی ۔ تو مجھے معلوم نہیں ہوسکا کہ ان دوشقوں کو شامل کرکے وزیر قانون نے کرایہ داروں کیلئے کوئی اچھی بات کی ہے ۔ یا مالک مکان پر کوئی پابندی لگائی ہو ۔ میرا خیال ہے کہ یہ اختیار پہلے ہی موجود تھا ۔ صرف ایک brain wave کے تحت کسی قانون میں کوئی تبدیلی کرنا کوئی اچھی بات نہیں ہے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا سارے قانون کا دوبارہ جائزہ لیں ۔ اور اسے یکجا کرنے کی کوشش کریں ۔ اور اپنے ملک اور عوام کی ضروریات کے پیش نظر جس میں کہ مالک مکان اور کرایہ دار کے درمیان مصالحت اور انصاف کی صورت پیدا ہوسکے ۔ ایک قانون بل کی شکل میں اس ایوان میں لائیں ۔ تو ہم یقیناً اسکی تائید کریں گے ۔ لیکن اگر کوئی اچھا قانون بھی آپ بل کی شکل میں نہ لائینگے ۔ اور اسے آرڈیننس کی شکل میں پیش کریں گے تو ہم اس قانون کی مخالفت کریں گے ۔

Mr. Speaker: I will now put the question.

The question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Urban Rent Restriction (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

The motion was carried

THE WEST PAKISTAN CONTROL OF GOONDAS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is —

That the Assembly do approve of the West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safder : It is opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Sir, there are certain areas in Quetta and Kalat Divisions and some parts of D.G. Khan where there are no police stations. Under the Control of Goondas Act, action could only be initiated after the information had reached the officer in charge of the police station. Now the time has come ; there were complaints and the Government was keen to check smuggling particularly in these areas where it has happened from beyond the borders. It was, therefore, thought necessary that this Control of Goondas Act should really be operative in these parts. But it could not be implemented on account of the absence of police stations and, therefore, consequently the absence of police officers. By this Ordinance, in these areas, where there are no police stations, the power of initiating action has been given to the Extra Assistant Commissioner or any other officer authorised in this behalf by the District Magistrate to facilitate the easy implementation of this law. Hence this need was found and this Ordinance has been issued. This does not make any substantial change in the Ordinance. All that has been done by this Ordinance is to provide machinery by which the law can be put into motion for the welfare of the country.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ر) جناب والا - ایسے تمام قوانین جن سے اس صوبہ کے عوام کی آزادیاں سلب کرنا مقصود ہو ان کا سارے صوبہ پر اطلاق تو بڑی جلدی سے آرڈیننس کے ذریعہ جاری کر دیا جاتا ہے - اسے عائد کر دیا جاتا ہے لیکن مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ کسی اچھے قانون کو اس طرح سے نہ consolidate کیا گیا ہے نہ اس کی طرف توجہ دی گئی ہے - لوگ چیختے رہتے ہیں - پکارتے رہتے ہیں کہ ہماری طرف بھی توجہ کیجئے لیکن آپ اس کام کی طرف توجہ نہیں کرتے -

جناب والا - آپ کو بھی علم ہے اور اس معزز ایوان کے معززاراکین کو بھی علم ہے کہ گذشتہ ۴ سال سے ہماری حکومت وعدے کر رہی ہے اور ہم بھی بار بار مطالبہ کر رہے ہیں کہ لینڈ ریونیولاز کو یکجا کیا جائے اور سارے صوبہ میں یکسانیت پیدا کی جائے - لیکن یہ حکومت اس طرف کوئی قدم نہیں اٹھا سکی - اس قسم کی حکومت جس سے شخصی آزادیاں . . . . .

وزیر مال - بل تقریباً تیار ہے پھر بھی کہتے ہیں کہ توجہ دی جائے -

خواجہ محمد صفدر - چار سال میں تو بل تیار نہیں ہوسکا - بہر حال مجھے خوشی ہے کہ وزیر مال صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ بل تقریباً تیار ہو گیا ہے - ,,تقریباً،، کا لفظ حیرانی ہے کہ کتنی دیر اور لگے گی - شاید آئندہ سیشن میں یہ بل introduce ہو جائے گا - اگر موٹر وھیکل آرڈیننس کی طرح آرڈیننس کی شکل میں نہ آگیا تو -

جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قانون میں کوئی خوبی بھی ہو - اور اس قسم کی سوغات ہو جو ہمارے بلوچی بھائیوں کو پیش کرنی ہو تو بھی ہم اس کی تائید کرتے - جس قانون کے تلے وہ پس رہے ہیں اور جس کے متعلق شکایت ہے کہ اسکو سیاسی اغراض کیلئے استعمال کیا جاتا ہے - ہم کس طرح تسلیم کرلیں کہ ہمارے ان بھائیوں پر یہ عائد کردیا جائے جو کوئٹہ قلات ڈویژن میں رہائش پذیر ہوں . . .

وزیر مال - غنڈوں کیلئے تو ہم کر رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - اگر یہ بات ہے تو نہایت اچھی بات ہے - لیکن افسوس ہے اور ہماری شکایت الٹی ہے - شرفا پر تو اسکا اطلاق

ہوگا لیکن غنڈوں پر نہیں ہوگا جو آپکے زیر سایہ پرورش پاتے رہتے ہیں -

جناب والا - میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ اگر ہماری حکومت کوئٹہ قلات ڈویژن کیلئے کریمینل ایمنڈمنٹ ایکٹ کو کافی نہیں سمجھتی تو اس علاقے کیلئے اسی سیشن میں اور سپیشل قوانین وغیرہ بھیجے جارہے ہیں - اس بناء پر میں اس کی سخت مخالفت کرتا ہوں - وہاں حالات ایسے نہیں ہیں کہ وہاں پر اس قانون کا اطلاق کیا جائے - غنڈہ ایکٹ تو ان پر لگے گا جو مستورات کو چھیڑتے ہیں - چرس اور افیون کے عادی ہیں - اور شراب پی کر شور وغل کرتے ہیں یہ اس قسم کے لوگوں پر استعمال ہوگا - بلکہ قلات ڈویژن میں ایک ایک گھر میں کئی کئی میلوں کا فاصلہ ہے - وہ کہاں شراب پی کر گالیاں بکتے ہیں اور غنڈہ گردی کرتے ہیں - اور وہ کیسے ایسے غیر شرعی افعال کریں گے - اس کی وہاں ضرورت نہیں ہے اور اس لحاظ سے بھی عائد نہیں کرنا چاہئے -

جناب والا - ایک اور بات کی طرف میں جناب وزیر قانون صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں - مجھے اپنی کم علمی کا پورا پورا احساس ہے - لیکن جو بات ہو اسکو میں یہاں کہنے سے ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا - شاید کہیں ترمیم ہوئی ہو - مجھے علم نہیں ہے - میرے پاس The West Pakistan Code Vol. II, 31st December, 1962 سے پہلے ۱۹۶۲ بھی میں نے دیکھا ہے - اس قسم کی کوئی ترمیم اس میں نہیں ہوئی - جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلاؤں - جناب والا - سیکشن ۱ سب سیکشن ۲ میں لکھا ہے -

"It shall extend to the whole province of West Pakistan except the Federal Capital and Special Areas."

Is there any amendment to this ?

Minister of Law : I will see to it,

خواجہ محمد صفدر - بہر حال آپ دیکھ لیجئے -

جناب والا - ایک لفظ "Federal Capital" ہے وہ یہاں موجود ہے جب Karachi Control of Disorderly Persons (Amendment) Ordinance, 1965 نافذ ہے تو اسکو حذف ضرور کرنا ہو گا یہ ترمیم نہیں ہوئی ہے - یہ ترمیم ہونی چاہئے یہاں "Federal Capital" کی بجائے لفظ ,, کراچی،، ہونا چاہئے - دوسرے سپیشل ایریا کوئی ایسی اصطلاح نہیں ہے جس سے ہم مانوس ہوں - ۱۹۵۶ء کے آئین میں سپیشل ایریا کی اصطلاح استعمال کی گئی تھی جسے آج کل ٹرائیبل ایریا کہتے ہیں - ٹرائیبل ایریا دوسرے آئین میں موجود ہے کہ فلاں فلاں علاقہ ٹرائیبل ایریا ہوگا سپیشل ایریا کا کہیں بھی ہمارے آئین میں ذکر نہیں ہے- یہ ترمیم بھی لازم ہوگی - کسی بناء پر کشی وقت بھی یہ عدالت سے ناقابل عمل قرار دے دیا جائیگا- میں اپنے محترم وزیر قانون کو اس امر کی طرف توجہ دلاتا ہوں - شاید کہیں ترمیم ہوئی ہو اور میرے دیکھنے میں رہ گئی ہو لیکن یہ بھی ہوسکتا ہے کہ شاید ایسی ترمیم کرنی ہمارے لاڈیپارٹمنٹ کو یاد نہ رہی ہو اور بھول چوک ہوگئی ہو -

Minister of Law : I am always subject to correction and cannot say, as and when it is decided to extend the Control of Goondas Act to Karachi. Sure enough, the amendment suggested by the member will be undertaken. With regard to the second objection about 'Special Areas', there is the President's Adaptation Order which says that instead of "Special Areas" we will have to read "Tribal Areas". Therefore, there is no necessity to take up special legislation to delete those words.

Mr. Speaker : The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Control of Goondas (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

The motion was carried

THE CANAL AND DRAINAGE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1965

Minister of Law : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the Canal and Drainage (West Pakistan

Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the Canal and Drainage (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 8th June, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : It is opposed.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, as I said earlier, this opposition is not by conviction but by convenience. Therefore, I will have to say a few words in support of my submissions before the House.

Sir, the Canal and Drainage Act 1873 makes provision for the levy of occupiers' rate but that could only be done after the rules are issued under Section 75 of this Act. This Pehur Canal System, if I am able to pronounce it correctly, provided irrigation facilities and, therefore, this occupiers' rate became recoverable right from the year 1957 to 1961. The rules were actually issued in 1962 and since the rules could not have retrospective effect in the matter of recovery of occupiers' rate right from the year 1957 till 1961 the amendment of the law became absolutely necessary. Hence this amendment has been undertaken to empower the Government to make recoveries of the occupiers' rate from all those who have either benefitted from the streams or tubewells, from 1957 to 1961.

Then, Sir, the Act, as it stands, does not make provision for the levy of this occupiers' rate in respect of these lands which benefitted by this new tubewell scheme. The amendment of the law, therefore, became necessary that those who benefitted by the tubewell scheme should also pay the occupiers, rate. Hence this Ordinance was issued to provide for both necessities namely, that recovery of this occupiers, rate will now be authorised for the years 1957-1961 and it will also apply to those who are benefitting by the use of the tubewells.

I am sure, Sir, that at least this Ordinance which is the last one will have the approval of the Opposition. A token opposition will, of course, be there but at least I hope that they will cooperate with us and help us in passing this Ordinance.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ -۱) - جناب والا - یہ قانون ایک صدی پرانا قانون ہے اسکو دوبارہ نافذ کرنے سے پہلے اسکی ترمیم کرلینی ضروری ہے - یہ حکومت ہر آرڈیننس کے preamble میں یہ کہتے نہیں تھکتی کہ فلاں چیز کی کمی دس سال سے محسوس ہو رہی تھی -

مگر یہ حکومت دس سال تک سوئی رہتی ہے ۔اور دفعتاً جاگ کر ایک غلط قانون بصورت آرڈیننس جاری کر دیتی ہے ۔ یہ حکومت اپنے ناک سے آگے نہیں دیکھ سکتی اور چیزوں کو anticipate نہیں کر سکتی کہ وقت کے تیوروں کو بھانپ سکے اور اپنے دس سالہ پرانے قوانین کو حالات کے مطابق ڈھال کے انکو uptodate کرسکے ۔ میں تو اس حکومت کو اتنا زیرک نہیں سمجھتا کہ یہ حالات کو بھانپ سکے ۔ اصل میں گذشتہ چند سالوں میں واقعی بے شمار ٹیوب ویل لگ چکے ہیں ۔ حکومت انکے ذریعے آبپاشی کراتی رہی ہے ۔ مگر اب کہتی ہے کہ ہم آبپاشی کا آبیانہ اور معاوضہ وصول نہیں کرتے رہے ہیں جس کی وصولی کے لئے اب نئے قواعد وضع کئے جارہے ہیں ۔ تین چار سال سے چج دوآب میں بے شمار ٹیوب ویل لگے ہیں اور وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم Occupiers' rate اور آبیانہ کے ریٹ تبدیل کرنا چاہتے ہیں اور محض آئیندہ کے لئے نہیں بلکہ زمانہ ماسبق پر بھی ان قواعد کا اطلاق کریں گے ۔ سیکشن ۷۵ (قاعدہ نمبر ۴) کی عبارت ملاحظہ ہو ۔

Amount of any charge—

The Provincial Government may from time to time to make rules to regulate the following matters."

حکومت نے چار پانچ سال سے جو کوتاہی کی ہے ۔ جو غفلت کی ہے ، جو لا پرواہی برتی ہے اور جو سستی اور نااہلی دکھائی ہے اب اس کی سزا قوم کو دینے کے لئے یہ قانون نکالا جا رہا ہے ۔ یعنی جو کام پانچ سال پہلے کرنا تھا وہ اب دیر کے بعد کررہے ہیں اور اس قانون کا اطلاق زمانہ ماسبق پر بھی کرنا چاہتے ہیں ۔ انکو خوف خدا نہیں ۔ یہ اپنے فرض کو نہیں پہچانتے ۔ اس طرح رچنا دوآب میں بھی جو بے شمار ٹیوب ویل لگ چکے ہیں اور جن کا ٹیکس ماضی میں وصول نہیں کیا جاسکا ۔ وہ سارا ٹیکس اب اکٹھا وصول کرنا چاہتے ہیں ۔ حالانکہ ٹیکس

گذاروں نے سابقہ سالوں میں کوئی رقم پس انداز کرکے جمع نہیں کر رکھی جو وہ بیچارے اب ادا کر سکیں گے ۔ ہماری تو ضمیر اجازت نہیں دیتی کہ ہم حکومت کو زمانہ ماسبق کا ٹیکس لوگوں سے وصول کرنے کی اجازت دیں ۔

جناب والا ۔ اس قانون کا Preamble ملاحظہ ہو ۔

"Whereas throughout the territories to which this Act extends, the Provincial Government is entitled to use and control for public purposes the water of all rivers and streams flowing in natural channels."

اس کے آگے دوالفاظ "sub-soil water" کا اضافہ کیا گیا ہے ۔

This is my contention that public street has not been defined in this Ordinance.

"Words and expressions used but not defined in this Ordinance shall, unless the context otherwise require, have the meaning assigned to them in the Order."

آرڈر کا مطلب ہے - ۱۹۵۹ Basic Democracies Order -

اس فرو گذاشت کو دیکھتے ہوئے آج جو definition آرڈیننس میں دی جاتی ہے - اس سے عوام کو نجات دلانے کے لیے میں نے یہ بل پیش کیا ہے - سیکشن ۸۰ سب سیکشن (۱) میں پبلک سٹریٹ کے متعلق جو کچھ دیا گیا ہے - وہ یہ ہے :-

"A Municipal Committee shall provide and maintain such public streets and other means of public communication as will be necessary for the comfort and convenience of the inhabitants of the Municipality and all the visitors thereto."

Now, I will read Section 81 (3) and (4) :—

"(3) A Municipal Committee may by notice require that any street may be paved, metalled, drained, chanelled, improved or lighted in such a manner as may be specified in the notice and in the event of default, the Municipal Committee may have the necessary work done through its agency, and the cost incurred thereon by the Municipal Committee shall be seemed to be a tax levied on the person concerned under this Ordinance.

(4) The Government may prescribe the manner in which a street other than a public street may be converted into a public street."

جناب والا - یہ طریقہ ہے - جس کے مطابق پرائیویٹ سٹریٹ کو پبلک سٹریٹ کیا جائے گا - اسی سے مجھے اتفاق نہیں اور اسی کی ترمیم کے لیے یہ دھندا کیا گیا ہے -

Rule 7 of the Basic Democracies & Local Government Department Street Rules.

"Regulation of the payment of the street and the execution of other works—— If a street, other than a public street is not payed, metalled, drained, chanelled or lighted to the satisfaction of the Municipal Committee, the Committee may by a written notice require the person owning buildings and lands abutting on or adjoining such street, to execute such works and may also . . . . . "

This is the omission.

" . . . . may also specify the grant, if any, that will be paid out of the Municipal Committee fund towards the execution of such works and the manner in which such grant shall be paid."

جناب والا ۔ اب میں جناب وزیر صاحب کی خدمت میں مودبانہ گذارش کروں گا ۔ کہ وہ جو کہتے ہیں کہ پبلک سٹریٹ کی definition موجود ہے ۔ وہ رول بھی موجود ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں ۔ کہ ان کی contention غلط ہے ۔ اغلباً وہ یہ کہنا چاہتے ہیں ۔ کہ جو مقصد ہے ۔ وہ موجودہ قانون سے پورا ہو سکتا ہے ۔ کسی پرائیویٹ سٹریٹ کو پبلک سٹریٹ میں convert کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن میری رائے میں اس کے راستے میں رکاوٹ ہے ۔ اور جب تک قانون کو تبدیل نہ کیا جائے ۔ وہ رکاوٹ دور نہیں ہو سکتی ۔ میں اس سلسلہ میں (۳) ۸۱ کا حوالہ دیتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ کے رول ے سے ظاہر ہے ۔ جب تک میونسپل کمیٹی یا کوئی میونسپل ادارہ گرانٹ نہ دے ۔ خواہ وہ ٹوکن گرانٹ ہی کیوں نہ ہو ۔ تب تک آپ کسی پرائیویٹ سٹریٹ کو پبلک سٹریٹ نہیں گردان سکتے ۔ اس بل کا یہی مقصد تھا ۔ جو شاید اس وضاحت کے بعد واضح ہو گیا ہو ۔

Just to convert a private street into a public street there is a rider clause.

(۳) ۸۱ کے تحت جو رول ہے وہ یہ ہے ۔

".....That the owners are to do it subject to payment of certain amount as grant."

تو جناب والا ۔ میں نے اس چیز سے نجات حاصل کرنے کے لیے پبلک سٹریٹ کی definition دی ہے ۔ اس کی وجوہات کیا ہیں وہ میں مودبانہ عرض کروں گا مثلاً لاہور ہی کو لیجئے ۔ یہاں گذشتہ بیس تیس یا چالیس سال سے ایسی streets ہیں ـــــ اس سے مطلب thoroughfare ہے ۔ پگڈنڈی نہیں ۔

Street used as thoroughfare.

ایسی گلیاں جن کو گذشتہ تیس چالیس سال سے اس وقت سے جب سے یہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس نافذ ہے ۔ جب سے

لاهور میونسپل کارپوریشن کے متعلق دیگر قوانین تھے ۔ ان کے نفاذ سے قبل ۔ جن کو بطور thoroughfare استعمال کرتے رہے ۔ تقسیم ملک سے پیشتر یہاں غیر مسلموں کا غلبہ تھا ۔ انھوں نے ان علاقہ جات کو جو میرے محترم دوست میاں معراج دین اور میاں محمد شفیع کے حلقہ ھائے نیابت کے بہت بڑے حصے پر مشتمل ھے ۔ اور جہاں پر کہ ان حضرات نے گذشتہ انتخابات میں عوام سے وعدے کیے تھے۔ اور بڑے زور دار دعوے کیے تھے ۔ اور جس علاقے سے لوگوں کے وفد ان کے پاس آئے اس وقت کے وزیر متعلقہ جناب سنجرانی کے پاس بھی وفود گئے تھے ۔ کہ اس دفعہ کو اڑا دیا جائے ۔ آج میں حکمران طبقے سے اس فروگذاشت ہونے پر یہ ضروری سمجھتا ہوں ۔ کہ اھالیان لاهور کو بالخصوص اور دوسرے قصبات کے رہنے والوں کو بالعموم اس سے نجات دلائی جائے ۔

جناب والا ۔ جو موجودہ قوانین ھیں ۔ ان کے تحت اب ایک rider لگا دی گئی ھے ۔ میں نے جو definition دی ھے ۔ اس کا مطلب یہ ھے ۔ کہ جو thoroughfares کم از کم تیس چالیس سال قبل تھیں ۔ آپ ان کو private street نہ گردانیں ۔ بلکہ انھیں پبلک سٹریٹس گردانیں ۔

Minister of Basic Democracies and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, according to the Rules a notice for the introduction of a Bill has to give a statement containing the objects and reasons in the notice of the introduction of a Bill. The reason for that is that the legislative business is a very serious one and the House should get a chance to know what is the reason behind the moving of that legislation My learned friend might have very good intention, which was not clear so far as the statement of objects and reasons is concerned. The only reason given is that section 3 of the Municipal Administraison Ordinance, 1960, does not define "public streets" and it is essential to define this term. I would submit that if somebody would argue while giving an amendment to an enactment that because a particular thing is not defined, it should be defined, it is no reason for making the amendment. That is some thing very important. He should have come forward with the objects and reasons which should

have been mentioned in the statement itself. If he had done so, the result would have been that he had to check up the whole law about it and perhaps the need for moving this amendment would not have arisen. Now, after giving notice of this amending bill, my learned friend is a bit wiser, because he himself has now referred to sub-section (2) of section 3 of the Municipal Administration Ordinance which reads as follows :—

"Words and expressions used but not defined in this Ordinance . ..."

He says that this is the reason for moving this amendment. But I say that this is the reason for which this amendment should not have been moved because according to sub-section (2), the definition already exists.

"Words and expressions used but not defined in this Ordinance shall, unless the context otherwise requires, have the meaning assigned to them Under the Order... "

What does the Order say about it. In the Basic Democracies Order Article 3, sub-article (33), the definition of 'publice street' is as under :—

"Publice Street means a Street maintaind by the Government or by the local council or other local authority."

So, the definition of 'public street' is already there.

Malik Muhammad Akhtar : In the (first) Municipal Ordinance.

Minister of Basic Democracies and Local Government: No it is not there, but it is referred to in the Municipal Ordinance that the definition which has not been given will be the same as given in the Basic Democracies Order. Similarly, my friend is a lawyer himself, he will bear me out that many expressions defined in Penal Code are just referred in the Criminal Procedure Code and in many other cases the same procedure has been adopted. It was so clear in that sub-section itself that we have to fall back upon the definition of the words and expressions which have not been defined here and have been defined in the Basic Democracies Order.

Now, Sir, with regard to the intention expressed by my learned friend in his short statement, if it was that short one, he has now come up with different arguments, I would submit that if the Bill in the present form is introduced, even that intention is not fulfilled because he wants to get declared all the private streets, as public streets, and from which time, from the time this Act will come into force. 'Public street' inclued used as thor ugh-fare, whether metalled or not on the commencement of the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Act, 1965. He only wants to change the definition from the time when this B ll is passed and becomes an Act. It does not say anything about private streets which have to come into being after this. So I think the intention from the w rds given here is clear. He has made no distinction between a public street and a private street but he only wants that private streets uptil the time when this Bill becomes an Act may be considered as

public streets. This is wrong. Either we have to do away with the definition of private street and public street or we do not do away with it.

Again, Sir, with regard to some other points mentioned by my learned friend, I am of the view that it can be very well done by amending the Rules and the Rules are there. There is no need of moving any amendment for the purposes of amending this definition. If I take it that this amendment exactly says what he says, even that is incorrect, because he has only defined a public street which has already been defined. He defines it here but he does not say anything about the rest of the Ordinance where the distinction has been kept and where the distinction has to be kept. I would very respectfully submit that it is not in the fitness of things that the Bill in the form in which it is introduced should be permitted to be introduced in the House. It should be rejected.

Minister of Law : Sir, may I say a few words ?

Mr. Speaker : I am sorry, Rules do not permit it. Only the mover and the member who has opposed it can speak.

Minister of Basic Democracies and Local Government : He may perhaps withdraw it.

Malik Muhammad Akhtar : Certainly not.

Mr. Speakar : The question is—

That leave be granted to introduce the Municipal Administration Ordinance (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

The motion was lost.

THE WEST PAKISTAN PREVENTION OF GAMBLING (AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill, 1965.

Minister of Law : It is opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)۔جناب والا - میں اس بل کی مختصر تاریخ اس موقع پر اس معزز ایوان کے سامنے پیش کرنا لازمی سمجھتا ہوں - یہ بل میرے محترم دوست امیر حبیب اللہ خان سعدی نے پچھلی اسمبلی میں پیش کیا تھا - اور اسے ۱۹۶۳ء میں مجلس قائمہ کے سپرد کیا گیا تھا - اور وہاں حکومتی پارٹی کی طرف سے اعتراض اٹھانے پر کہ شرعی نقطہ نظر سے اس کے جواز یا عدم جواز کے متعلق فیصلہ کرنے کے لئے ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی سے مشورہ کیا جائے - وہ بل وہاں بھیج دیا گیا اور ان کی رائے طلب کر لی گئی - لگاتار وہاں سے رائے آتی رہی اور لگاتار دو سال یہ بل اس ایوان کے سامنے پیش ہوتا رہا لیکن ہماری اس وقت کی حکومتی پارٹی نے ، جن کے کہ یہ قایم مقام بھی ہیں ، کسی نہ کسی طریقے سے اس کو التوا میں رکھا اور نتیجہ یہ ہوا کہ اسمبلی کی میعاد ختم ہوگئی اور ساتھ ہی ساتھ وہ تمام بل بھی ختم ہوگئے - جناب والا - میں نے اس بل کو اب اپنے نام سے بعینہ اسی طرح پیش کرنے کی اجازت چاہی ہے - اور اس لئے بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہ آئین کی رو سے ہی نہیں بلکہ ہمارے مذہب کی رو سے - ان قدروں کی رو سے جن کی بنا پر ملک کو معرض وجود میں لایا گیا تھا ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم یہاں اسمبلی میں وہ تمام کام جو اسلامی روایات کے - قرآن مجید کے اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہیں ان کو جاری رکھنے سے منع کریں اور ان سے خود احتراز کریں اور دوسروں کو ایسے قوانین کے ذریعہ یا ایسے طریقوں سے جو کہ موثر ہوں باز رکھنے کی کوشش کریں -

جناب والا - اس ملک کا وجود جب موجود نہیں تھا اور جب تحریک پاکستان زوروں پر تھی تو ہندوستان کے دس کروڑ مسلمانوں

سے وعدہ کیا گیا کہ پاکستان کا مطلب کیا ہے ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ،، اس وعدہ کے مطابق ہمارے راہنماؤں نے پچھلے آئین میں بھی اور موجودہ راہنماؤں نے بھی (اگرچہ میں سمجھتا ہوں کہ با دل نخواستہ ایسا ہوا اس کے متعلق بھی عرض کروں گا کہ کیسے با دل نخواستہ ہوا) آئین میں درج فرمایا جس کا حوالہ وزیر قانون صاحب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and sunnah and all existing laws shall be brought in conformity with the Holy Quran and Sunnah."

یہ ہم پر اس وعدے کے مطابق فرض عائد کیا گیا ہے جس کو کہ اس آئین میں شامل کیا گیا ہے ۔ کہ ہم جو بھی قوانین بنائیں وہ قرآن مجید اور سنت نبی اکرم کے مطابق بنائیں اور موجودہ قوانین میں جو بھی قوانین کتاب و سنت کے خلاف ہوں ان میں ترمیم کریں یا اگر وہ ترمیم کے قابل نہ ہوں تو ان کو حذف کر دیں ۔

جناب والا ۔ ہمارے سامنے یہ امر جس پر میں بحث کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں Gambling Act نافذ ہے ۔ اس میں اس بات کی اجازت ہے کہ میں اپنے مقام پر جوا کھیل سکتا ہوں ۔ اس میں اس بات کی اجازت ہے کہ شام کو کلب میں جا کر جوا کھیل سکتا ہوں ۔ اس میں اس بات کی اجازت ہے کہ میں اپنے دوست کے ہاں جا کر جوا کھیل سکتا ہوں ۔ اس میں اس بات کی اجازت ہے کہ مختلف قسم کی گیمز یعنی games of chance جو میلوں اور کھیلوں کے موقع پر لگاتے ہیں کھیل سکتے ہیں ۔ صرف ہمیں اجازت کس چیز کی نہیں ہے کہ پبلک مقام پر جوا نہیں کھیلا جا سکتا ہے ۔ یعنی موجودہ قانون ہم کو سڑک پر یا سامنے لان میں بیٹھ کر جوا کھیلنے سے منع

کرتا ہے ۔ یہ قانون منع کرتا ہے کہ ہم کسی گلی میں جوا نہ کھیلیں ۔ یہ قانون ہمیں اس بات سے باز نہیں رکھتا کہ cosmopolitan میں جوا نہ کھیلیں ۔ سیالکوٹ کلب میں جا کر جوا نہ کھیلیں ۔ یا کسی اور جگہ جو اس قسم کی ہو جوا نہ کھیلیں ۔ میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ یہ کلب کی قسم کا جوا جو کہ بڑے بڑے لوگ کھیلتے ہیں اور جو آج کل ایک قسم کا ذریعہ رشوت بن گیا ہے وہ اس طرح ہے کہ بڑے بڑے افسر کلبوں میں جاتے ہیں اور بڑے بڑے تاجر بھی کلبوں میں جاتے ہیں اور وہ جان بوجھ کر افسران کے پاس ہزاروں روپیہ ہارتے ہیں ۔ یہ ایک رشوت کا ذریعہ ہے ۔ جناب والا ۔ یہ بری چیز ہے ۔ اور اس چیز کو اور گھناؤنا بنا دیا گیا ہے ۔ قرآن و سنت کا صریحاً حکم ہے کہ جوا ہر طرح کا حرام ہے ۔ خواہ منٹگمری کلب میں کھیلا جائے ۔ خواہ cosmopolitan میں کھیلا جائے ۔ خواہ سیالکوٹ کلب میں کھیلا جائے ۔ اور خواہ پنجاب ایسوسی ایشن کلب میں کھیلا جائے ۔ خواہ میں اپنے مکان میں جوا کھیلوں ۔ خواہ گلی میں جوا کھیلوں ۔ یہ تمام قرآن و سنت کے منشا کے خلاف ہے ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ میری ذاتی رائے نہیں ہے ۔ یہ بل بعینہ ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے پاس گیا تھا وہاں سے یہ فتویٰ صادر ہوا ہے ۔

"In the opinion of the Council, Gambling of all sorts is prohibited irrespective of the fact that it is done in a public place or a private place Betting on a horse-race on which a betting tax is levied by the Government is included in Gambling, and to make it an exception will be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah. The Council realizes that the deletion of the exception about betting on horse-race will entail loss to the Government revenue, but it would like to point out that the retention of this exception will directly oppose the Principles of Policy as stated in clause (1) of Article 7 of the Constitution, which reads as—

"No law shall be repugnant to the teachings and requirements of Islam as set out in the Holy Quran and Sunnah."

The Bill, therefore, will be in accordance with the spirit of the Holy Quran and Sunnah if the exception is deleted."

تو جناب والا ۔ میں اس چیز کو بیان کر دوں کہ گھوڑ دوڑ کو ممنوع اس لئے قرار نہیں دیا گیا بلکہ گھوڑ دوڑ کو اس میں شامل کر لیا ہے ۔ پیشتر اس کے کہ یہ بل اسمبلی میں پیش کیا جائے جو کہ ٹیکس کو hit کرتا ہو اس آئین میں ہم ارکان پر یہ پابندی ہے کہ اس کے متعلق جناب گورنر صاحب سے پہلے اجازت لیں ۔ اگر ہم Horse betting Tax کو ممنوع قرار دینا چاہیں تو اس کے لئے بھی پہلے گورنر صاحب کی اجازت لینی پڑے گی ۔ سابقہ mover اور میں بھی گھوڑ دوڑ پر شرط بدنے کے حق میں نہیں ہیں لیکن اس کے لئے آپ گورنر صاحب سے اجازت لے سکتے ہیں ۔ میں اجازت حاصل نہیں کر سکتا ۔ جناب والا ۔ میں اسی بات پر اکتفا نہیں کرتا کہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے رائے دی ہے بلکہ Islamic institute of Research کراچی نے بھی رائے دی ہے ۔

"So far as the Islamic position on gambling as concerned, there is little doubt that Islam wants to remove it. In Quran II, 219 and V 90—91 gambling and wine drinking have been mentioned together. For a full translation and treatment of these verses see our note on alcohol. It is obvious that the reason behind prohibition of gambling is that, coupled with drinking, it led to fights among the Muslims because the losing party always feels the pinch after the event. Thus, the evils of gambling are quite manifest. This is exactly what the Quran means when it says in V. 91, 'the Devil only wants to sow enmity and discord among you through wine-drinking and gambling, and to prevent you from the remembrance of God and prayer.' "

خواجہ محمد صفدر۔جناب والا ۔ میں اس میں سے آخری پیراگراف پڑھے دیتا ہوں :۔

"In so far as the amendment proposed to the Prevention of Gambling Ordinance, 1961, seeks to extend the ban on gambling from public places to private places, it seems to us Islamically justified"

اسکے علاوہ جناب والا ۔ مسٹر حسنی گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان نے جو کہ ایڈوائزری کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے ممبر بھی ہیں اس بل کے متعلق لکھا ہے ۔

"In Islam all sorts of gaming at the stake of wager or bet are disapproved. Any law that aims at abolishing of gambling would enjoy the support of shariat. The fundamental principle appears in the Qur'an in the following words :

"O ye who believe ! Strong drink and games of chance and idols and divining arrows are only an infamy of Satan's handiwork. Leave it aside in order that ye may succeed. Satan seeketh only to cast among you enmity and hatred by means of strong drinks and games of chance and to run you from remembrance of Allah and from his worship. Will yet then have done ?"

جناب والا ۔ قرآن مجید کے اس حکم کے پیش نظر اور گورنمنٹ کے اپنے علما کے فتاوی کے پیش نظر کسی شخص کے دل میں یہ شک باقی نہیں رہ سکتا کہ شراب نوشی اور جوا کھیلنا کلبوں کے اندر بھی حرام ہے گلی کوچوں میں بھی حرام ہے اور گھروں میں بھی حرام ہے خوا وہ میرا گھر ہو یا کسی اور کا ۔ اس لئے میں عرض کرونگا کہ گورنمنٹ کو یہ definition بدل دینی چاہئے کہ صرف public places میں جوا کھیلنا منع ہے ۔ اصل میں اس جوئے بازی پر ہر جگہ پابندی ہونی چاہئے ۔ جناب والا ۔ اگرچہ یہ ایک معمولی سی تبدیلی ہے مگر اس سے بہت بڑی خرابی دور ہو جائے گی اور جوئے کی برائی رک جائے گی ۔ اس ملک کے آئین کی رو سے گورنمنٹ کا فرض ہے کہ وہ تمام قوانین کو شریعت کے مطابق ڈھالے مگر جب ہم ان کو ان کا فرض یاد دلاتے ہیں تو وہ پھر بھی نہیں مانتے ۔ وہ اتنے ۔ میں کیا کہوں ۔ وہ اتنے فرض ناشناس ہیں کہ ہمارے یاد کرانے پر بھی اپنے فرائض کو پورا کرنے کی طرف مائل نہیں ہوتے ۔ یاد دھانیاں ان پر اثر نہیں کرتیں ۔ علماء کے فتاوی ان پر اثر نہیں کرتے عقلا کے دلائل اور ہماری اپیلیں ان پر اثر نہیں کرتیں ۔

مسٹر سپیکر ــــ خواجہ صاحب اب بس کیجئیے ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon) : The opposition Sir is mainly on two grounds. The first one, which Khawaja Sahib has been very vociferously advocating here before this House,

is that the contents of the bill run counter to the statement of Objects and Reasons. The statement of objects and reasons, part one, reads; "According to Shariat, gambling of all sorts is prohibited." and this will include subjects, Khawaja Sahib will agree, even gambling on horse races, whereas we find that the bill brought before this House by Khawaja Sahib is one, which seeks to protect and exempt horse races.

خواجہ محمد صفدر—yes میں نے عرض کر دیا ہے اور پوری وضاحت کے ساتھ تشریح کر دی ہے مگر آپ شاید سوئے ہوئے تھے -

Minister of Law : The bill, as it is, is opposed to the Constitution, to Quran and to Sunnah.

Then in the second para of the statement of objects and reasons, the member says ; "During the term of the First Assmbly this Bill was referred to the Advisory Council of Islamic Ideology and the Council while recommending the Bill advised that to make the Bill consonant with the Shariat the provision relating to betting on horse races should be deleted." Here is a bill, which on the very statement made in the statement of objects and reasons, which is based on the advice of the Advisory Council of Islamic Ideology, is opposed to Shariat, is opposed to that advice and is opposed to the Constitution.

The member said why we could not bring a consolidated bill before this House, which would include provision relating to betting on horse races.

خواجہ محمد صفدر—آپ اس میں خود ہی امنڈمنٹ کریں اور گورنر صاحب سے اجازت لے لیں -

Minister of Law : We cannot accept the bill, which is opposed to the Shariat. The only argument which the member raised was that there was a handicap and an impediment in his way under the Constitution. I am putting it to him that it is no use and it does not pay to make all these tentatious speeches here on the floor of the House and express his helplessness. I ask him, has he ever approached the Governor for his consent ?

خواجہ محمد صفدر—میں نے پچھلے سال دو دفعہ اجازت مانگی تھی مگر دونوں مرتبہ اجازت نہیں ملی تھی -

Minister of Law : He never did and he is making a grievance here. If the Constitution requires, move according to the Constitution. If he fails, then he should come before this House and say I have failed and now I want permission to enact this law.

The other objection is I remember when the Loudspeakers Ordinance was here before the House, a hue and cry was raised that you are giving

enormous and unlimited powers to the Police Officer to get into the house of a peaceful citizen on the pretext of finding out whether he is using a loudspeaker against the law The member now wants every house to be opened to search by a police officer, who has the power under the gambling ordinance. He seeks the man to get into the house of any citizen on the p etext of finding whether gambling is going on there I may assure very emphatically the leader of the Opposition that the Government can never agree to enact a law, which is opposed to Quran and Shariah, which will create all sorts of administrative difficulties, which will create all sorts of difficulties for peaceful citizens, who may be victims at the hands of the police officers, for whom Mr. Hamza had never a word of praise in the past.

On these gr unds, it is opposed.

Khawaja Muhammad Safdar : I press it Sir.

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Prevention of Gambling (Amendment) Bill, 1965.

Khawaja Muhammad Safdar : I demand a division Sir.

Mr. Speaker : Let me first give the decision, then the member can challenge it. I think the Noes have it.

Khawaja Muhammad Safdar : I challenge it Sir.

Mr. Speaker : Those in favour should stand in their seats.

Nawabzada Ghulam Qasim Khan Khakwani : Sir there is no quorum.

Mr. Speaker : Let there be a count. (*count was taken*). The House is not in quorum, let the bells be rung. (*quorum bells were rung*)

The House is now in quorum.

Those Members who are in favour of the motion may please rise in their places (*four members stood up*) and now those against the motion (*thirty three members stood up*). The motion is lost.

THE WEST PAKISTAN RESTRICTION ON CONSUMPTION OF INTOXICANTS (Supplementary) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Hamza : Sir, I move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restriction on Consumption of Intoxicants (Supplementary) Bill, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restriction on Consumption of Intoxicants (Supplementary) Bill, 1965.

Minister of Excise and Taxation (Sh. Masood Sadiq) : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ۶)---جناب سپیکر - مجھے اس سے حیرت تو نہیں ہوئی - کیونکہ جناب قابل صد احترام شیخ مسعود صادق صاحب کو پہلے ہی وزیر منشیات کا لقب دیا جا چکا ہے -

Mr. Speaker : Please don't use that word. It is unparliamentary.

مسٹر حمزہ---افسوس یہ ہے کہ یہ چیز کسی شخص سے بھی ڈھکی چھپی نہیں کہ ہماری حکومت اور حکومت کی پارٹی قرآن اور سنت کے واضح احکامات کے خلاف قانون سازی کرنا اپنا فرض اولین سمجھتی ہے -

جہاں تک اس بل کا تعلق ہے - اس کے تحت میں ان منشیات کے استعمال کو - جو اس وقت مغربی پاکستان میں عام طور پر شراب کی جگہ استعمال ہونا شروع ہوگئی ہیں اور جن کا استعمال اب اس حد تک بڑھ گیا ہے کہ اس سے صحت عامہ کے لیے ایک بہت ہی بڑا خطرہ پیدا ہوگیا ہے - ناجائز قرار دینا مقصود تھا - اگر ان کا استعمال از بس ضروری ہو تو اس کی صرف ایسی صورتوں میں اجازت ہونی چاہیے جب ایک سند یافتہ ڈاکٹر اس امر کی سفارش کرے کہ ان کا استعمال بطور دوائی کسی شخص کے لیے انتہائی ضروری ہے -

جناب سپیکر - شراب کے متعلق تو کل ہی قومی اسمبلی میں جناب وزیر صنعت مسٹر الطاف حسین نے جو اعداد و شمار پیش کئے ہیں - ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ پچھلے ۵--۷ سال کی مدت میں ہمارے ملک میں شراب کی تیاری اور استعمال کم و بیش دگنا

ھوگیا ھے ۔ لیکن جہاں تک tinctures یا دوسری منشیات کا تعلق ھے ابھی چند دن پہلے اس سلسلے میں نوائے وقت کے ادارئیے کا ایک نوٹ جو مورخہ ۷ جولائی کو چھپا تھا ۔ وہ میں آپ کے سامنے پڑھ کر سناتا ھوں ۔ یہ کراچی کے متعلق ھے ۔ لیکن جہاں تک میری معلومات ھیں ۔ مغربی پاکستان کے دیگر حصوں میں صورت حال کسی طرح بھی اس سے مختلف نہیں ۔

مسٹر سپیکر ــــ حمزہ صاحب ۔ میرا خیال ھے کہ آپ اس ادارئیے کو نہ پڑھیں ۔ صرف تقریر کریں اور وہ بھی مختصر ۔ اس لیے کہ ابھی دو تین بل اور بھی ھیں جن پر short statements آنا ھیں اور ان کی مخالفت میں حکومت کی طرف سے بھی تقریریں ھوں گی ۔

The member should not read it Time is limited and we have resolutions also. It would be better if he were brief.

مسٹر حمزہ ــــ جناب سپیکر ۔ میں بالکل ھی مختصر طور پر عرض کروں گا ۔ اس میں یہ بتایا گیا ھے کہ tinctures اور دوسری منشیات جن میں sodium کے بعض مرکبات شامل ھیں ۔ جوکہ اب امریکہ سے درآمد کئے جاتے ھیں ۔ یہ ھمارے ھاں اتنے وسیع پیمانے پر استعمال کیے جانے لگے ھیں کہ ان کے استعمال سے پبلک کے اخلاق کو بہت نقصان پہنچا ھے ۔ ان کا استعمال ایک تو قرآن اور سنت کے خلاف ھے ۔ دوسرے ان کے زیادہ استعمال سے صحت عامہ کو بہت بڑا خطرہ لا حق ھوگیا ھے ۔

جناب سپیکر ۔ اگر ھماری حکومت اس بات پر تلی ھوئی ھے کہ وہ اس صوبے میں بعض قوانین رائج یا نافذ کرکے اپنے اقتدار کے عرصہ کو لمبا اور طویل کرنا چاھتی ھے ۔ تو ان کے لیے کوئی جواز ھو سکتا ھے ۔ لیکن جہاں تک اس قسم کے معصوم بل کا

تعلق ہے ۔ حکومت کو اس کی کسی نقطہ نظر سے بھی مخالفت نہ کرنی چاہیے ۔ مجھے معلوم ہے کہ حکومت کی طرف سے یہ اعتراض بھی کیا جا سکتا ہے کہ اس بل میں کوئی معمولی سی کمی ہے ۔ یا اس میں کوئی ٹیکنیکل غلطی ہے ۔ میں جناب وزیر آبکاری کی خدمت میں مودبانہ طور پر عرض کروں گا کہ اس قسم کا بل یا اس کا ترمیم شدہ شکل میں پاس کیا جانا وقت کا تقاضا ہے ۔ اگر ہماری یہ اسمبلی اس قسم کے بل پاس نہ کرے گی ۔ تو میں سمجھتا ہوں وہ اپنے فرائض کی ادائیگی سے مجرمانہ غفلت کرے گی ۔

ان معروضات کے ساتھ میں حکومت سے التجا کروں گا ۔ کہ وہ اس کی مخالفت نہ کریں ۔ اور اسے سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس جانے دیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔۔۔جناب والا ۔ intoxicants کے متعلق اس ہاؤس میں ریزولیوشن پاس ہو چکا ہے ۔ ہمارے پاس جو قوانین موجود ہیں ان پر عمل درآمد کیا جاتا ہے ۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے لانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ آخر حمزہ صاحب کیا چاہتے ہیں ۔ جب کہ ہمارے پاس جو قوانین موجود ہیں وہ اس کی روک تھام کر سکتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔لیکن وہ نہیں کر رہے ہیں ۔

وزیر خزانہ۔۔اگر حمزہ کا بل آجائے گا تو کیا اس سے روک تھام ہوجائے گی ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔ہم تو آپ کو توجہ دلانا چاہتے ہیں ۔

وزیر خزانہ۔۔جناب والا ۔ ہمارے پاس قوانین موجود ہیں اس لئے اس کے لانے کی ضرورت نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ---بتائیے وہ کونسے قوانین ہیں -

Minister of Law : Sind Consumption of Intoxicants Act is enforced in Sind and Karachi. The same is happening here.

خواجہ محمد صفدر---آپ ویسٹ پاکستان کی بات کیجئے -

وزیر خزانہ---کیا آپ کا مطلب ہے کہ وہ قانون نہیں ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی---کیا آپ کا خیال ہے کہ پنجاب سندھ میں شامل ہے - میرے خیال میں تو پنجاب میں پہلے ایسا کوئی قانون نہیں تھا -

مسٹر حمزہ---مغربی پاکستان کے کسی قانون کا حوالہ دیجئے -

Mr. Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restriction on Consumption .....

خواجہ محمد صفدر---آپ اللہ تعالے کے احکام کی خلاف ورزی کرنا چاہتے ہیں تو کریں - کم از کم ہاؤس کے کسی ضابطہ کی پابندی کا خیال تو رکھیں - جناب ہاؤس میں کورم نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count ; (*count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung. (*quorum bells were rung*) Five minutes are over. Let the names of the members present in the House be recorded.

A Member : Now there is quorum.

Mr. Speaker : The House is in quorum.

The question is :—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Restriction on Consumption of Intoxicants (Supplementary) Bill, 1965.

Those who are in favour of it should say 'Aye'. Those who are against should say 'No'.

I think the 'Ayes' have it.....

Khawaja Muhammad Safdar : 'Ayes' have it.....

Mr. Speaker : Those who are in favour of the motion may stand up in their places. (*Six members stood up*).

Those who are against the motion may stand up in their places. (*Thirty two members stood up*) The leave is refused.

THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move –

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Minister of Law : It is opposed.

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦)۔۔جناب والا ۔ یہ بل سابقہ اسمبلی کے ایک اجلاس کے دوران پیش کیا گیا تھا ۔ اس پر سٹینڈنگ کمیٹی میں بحث ہوئی اور وزیر قانون صاحب نے اصولی طور پر بل کی ضرورت اور اہمیت کا اعتراف کیا تھا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ ہمیشہ یہ عذر پیش کیا گیا کہ حکومت پاکستان بھی اسی قسم کے قانون پر غور کر رہی ہے ۔ تاکہ مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان یعنی ملک کے دونوں حصوں میں ایک ہی قسم کے قوانین نافذ ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ پاکستان کو معرض وجود میں آئے ہوئے ۱۸ سال کا عرصہ گذر گیا ہے ۔ اور قانون کے تحت ۔

''اگر کوئی شخص جس کو استطاعت کافی ہو ۔ اپنی زوجہ کی یا کسی ولد حلال یا حرام کی پرورش سے جو خود پرورش نہ کر سکتا ہو تغافل یا انکار کرے تو میجسٹریٹ ضلع یا میجسٹریٹ سب

ڈویژن یا میجسٹریٹ درجہ اول کو اختیار ہوگا کہ عندالثبوت ویسے تغافل یا انکار کے ایسے شخص کو یہ حکم دے کہ وہ اپنی زوجہ کی یا ایسے طفل کی پرورش کے لیے ایسے کفاف ماہانہ مقرر کرے جو سب کو ملا کر دو سو روپیہ ماہوار سے زیادہ نہ ہو۔''

چودھری محمد نواز—اب وہ چار سو روپیہ ہوگیا ہے۔

مسٹر حمزہ—''اور جو میجسٹریٹ کو مناسب معلوم ہو اور ایسے شخص کو کفاف مذکور ادا کرتا جائے جس کی میجسٹریٹ ہدایت کرے''۔

جناب سپیکر۔ اگر اس حکومت نے old age کی پنشن کا انتظام کیا ہوتا یا وہ لوگ جو بوڑھاپے میں معذور ہو جاتے ہیں ان کے لئے نان و نفقہ کا یہ حکومت انتظام کر دیتی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس حکومت کو یہ حق تھا کہ وہ اس قسم کے بل کی مخالفت کرتی لیکن افسوس یہ ہے کہ اس وقت ملک میں جو رائج الوقت قانون ہے اس کے تحت بیوی اور وہ بچہ جو نابالغ ہو خواہ وہ حلال کا ہو یا حرام کا ہو اس کو تو یہ حق ہے کہ وہ اپنے باپ سے اگر اس کی مالی حیثیت اجازت دے نان نفقہ حاصل کرے لیکن والدین ماں باپ جن کی محبت اور قربانی ضرب‌المثل ہے جن کی قربانی کی مثال دنیا میں کہیں ہے ہی نہیں ان کے بچے عیش و عشرت کی زندگی یا خوشحالی کی زندگی بسر کرتے ہوں اور ان کے والدین بوڑھاپے میں تنگ دستی اور غربت کا شکار ہوں ان پر یہ حکومت یہ پابندی نہیں لگانا چاہتی کہ وہ اپنے والدین کو نان و نفقہ مہیا کریں۔ جناب سپیکر۔ آپ کو اس چیز کا علم ہے کہ جب انسان پیدا ہوتا ہے تو وہ معذور محض ہوتا ہے اور وہ اتنا معذور ہوتا ہے کہ اگر اس کو

پالا پوسا نہ جائے اور اس کی دیکھ بھال نہ کی جائے تو وہ پل پھر زندہ نہیں رہ سکتا وہ ختم ہو جائے اور والدین انتہائی قربانی کے بعد اور اس قسم کی قربانی جس کی کوئی مثال دنیا میں دکھائی ہی نہیں دیتی اس کو پالتے ہیں اور جب وہ جوان ہو جاتا ہے تو بوڑھاپے میں اگر اس کا سہارا نہ بنے تو یہ کتنی افسوس ناک بات ہے ۔ جناب سپیکر ۔ آپ کو اس حقیقت کا علم ہوگا کہ بوڑھاپے میں ماں باپ اکثر اوقات بچوں جیسے بن جاتے ہیں اور وہ محنت مشقت بھی نہیں کر سکتے ان کی نگہداشت کرنا اولاد کا فرض ہے بلکہ جہاں تک مجھے یاد ہے حضور رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ کا ارشاد ہے کہ ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہے چنانچہ ہمیں اس امر کی نصیحت کی گئی ہے بلکہ تلقین کی گئی ہے کہ ہم اپنے والدین کی حتی‌المقدور خدمت کریں بلکہ اگر وہ گالیاں بھی دیں تو وہ بھی ہم بخوشی برداشت کریں اور ناک بھوں نہ چڑھائیں لیکن اگر ہم اپنے فرائض ادا نہ کریں تو یہ بہت افسوس ناک بات ہے ۔

جناب سپیکر ۔ بیوی اور بچوں کی حفاظت کے لیے تو قانون میں اہتمام کیا گیا ہے لیکن اس قسم کی ترمیم جس کے بارے میں کوئی بھی اختلاف نہیں کیا جا سکتا اور جس کے بارے میں اس سے قبل جناب وزیر قانون صاحب کو بھی اختلاف نہ تھا مجھے معلوم نہیں کہ نئی گورنمنٹ کی پالیسی اس سلسلے میں پہلے کی نسبت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔۔۔ نئی گورنمنٹ کی پالیسی والدین کش ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔۔۔ میں جناب وزیر قانون سے نہایت مودبانہ عرض کروں گا کہ اگر اس میں کوئی ٹیکنیکل نقص بھی انہوں نے دیکھ لیا ہے تو اس کو بھی نظر انداز کریں اور اسے سٹینڈنگ کمیٹی کے سامنے جانے دیں ۔ بلکہ اگر انہوں نے کوئی نقص دیکھ لیا ہے تو اس کو

رفع کرکے قانون کی صورت اختیار کرنے دیں ۔ ان کا مجھ پر کوئی احسان نہیں ہوگا اس میں آپ کی حکومت ھی کی نیک نامی ہے ۔ ویسے اگر حکومت نیک نامی نہیں چاہتی تو یہ آپ کو حق ہے یا آپ کو یہ شرف حاصل کرنے سے انکار ہے تو اس کے لیے میں مجبور ہوں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): Consistently with the undertaking which I had given to this House in May 1964 the Provincial Government forwarded all the Private Members Bills seeking to amend the Criminal Procedure Code and the Penal Code to the Central Government with recommendations that the Central Government may take up legislation at the National Assembly level so that the laws (particularly the major laws) operating here in the country should be uniform. I again repeat that in May 1964 these recommendations have been sent to the Central Government with a request to enact a Central consolidated law on the subject seeking to amend the Criminal Procedure Code including the one which is before this House which is not a new one As the Member said, it is a re-production of an earlier Bill which the Member himself along with others had brought before this House but it lapsed because the Assembly was dissolved. I repeat that I gave this undertaking and I repeat the same that I will, at the earliest opportunity, convey the feelings of the Member to the Central Government to expedite legislation on the subject. I assure the Member that the Central Government will take up these recommendations of the Provincial Government including the Bill under discussion at the earliest opportunity But I cannot make any commitment one way or the other knowing, as I do, my limitations, as to when and in what shape the Central Government will do this. What we could do we have done We have passed on the recommendations and I repeat that we will also pass on the wish and will of the Member as expressed by him today on the floor of the House. I have sympathy with the Member and I have sympathy for all those for whom he seeks relief in the Bill. Better late than never. Let us have one unified Central law on the subject.

Chaudhri Anwar Aziz : On a point of information. Is this House not competent to enact such law ?

خواجه محمد صفدر--اب هم اپنے اختیارات سنٹر کو دیتے چلے جا رہے ہیں ۔

Mr. Speaker : The position is this that at this particular stage only the mover of the Bill can speak.

Khawaja Muhammad Safdar : It is a point of information.

Mr. Speaker : That will raise a debate and no debate is allowed at this stage.

The question is :

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

The motion was lost.

THE WEST PAKISTAN YOUNG PERSONS (HARMFUL PUBLICATIONS) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Mr. Zain Noorani to ask for leave to introduce the bill.

Mr. Zain Noorani : I move :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Young Persons (Harmful Publications) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is :

That leave be granted to introduce the West Pakistan Young Persons (Harmful Publications) Bill, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : I am opposing it. I would appeal to the Member to withdraw it because a consolidated Bill on the same subject is being brought.

خواجه محمد صفدر--قیامت کے روز آئے گا -

خان حبیب اللہ خاں--قیامت سے پہلے آ جائے گا میں وعدہ کرتا ہوں -

Minister of Law : In the form of a Bill and at the time when this Assembly will consist of Khawaja Safdar as the Leader of the Opposition. I can make that commitment very easily.

I would request the Member to withdraw it.

Mr. Zain Noorani : The Law Minister's request puts me in a very embarrassing position.

Khawaja Muhammad Safdar. *Order !*

Mr. Zain Noorani (Karachi I) : Sir, the Law Minister's request puts me in a very embarrassing position. This request could have been made much earlier and this Bill would not have come up before the House. However, I cannot demand it but I will request it most humbly of the Law

Minister to at least give an assurance that the official Bill on this subject would be placed before this House, if possible, during the next session.

Minister of Law : With the mover of this Bill associated with the Government measure I will do my best to bring it before this House as early as possible. And I am sure when it is brought the Member will have no grievance to say that it has been brought a little too soon.

Mr. Zain Noorani : Sir in view of the assurance of the Law Minister, I ask for leave to withdraw my motion.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his motion ?

The motion was by leave withdrawn.

THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Khan Muhammad Yusaf Khan : Sir I beg to move —

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Mr. Speaker : Motion moved is —

That leave be granted to introduce the Code of Criminal Procedure (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Opposed Sir. It is opposed on the same ground Sir, that the bill will be forwarded to the Central Government. It seeks to amend the Criminal Procedure Code. As I said, the Central Government is rather keen to undertake amendments to these laws at the central level in the interest of uniformity, so that it should apply to both the provinces. I would, therefore, request the member not to press his bill.

Khan Muhammad Yusaf Khan : Sir I want to know from the Law Minister whether he is going to include this bill in the recommendation that he is going to make to the Central Government, and also whether he agrees in principle with this bill or not.

Minister of Law : Sir it is a direct question to me whether I agree with this bill or not. I will tell the member that this is the recommendation of this Government incorporated in a draft bill sent to the central government. This is the recommendation of the Law Commission with this difference that whereas the Government feels that the right of appeal in private complaints should vest in the complainants in respect of acquittals, the member feels that it should be conceded to a complainant. But that is only a

question of detail rather than of substance. On principle, I assure the member, we agree with him. It is a very salutory provision and it should be implemented, and to this end we will forward his bill to the Central Government with that recommendation.

Khan Muhammad Yusaf Khan : In view of the assurance given by the Law Minister Sir, I ask for leave to withdraw my motion.

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his motion ?

The motion was by leave withdrawn.

Mr Speaker : Next motion is from Babu Muhammad Rafiq. As he is not present, the motion lapses.

RESOLUTIONS

RE: DECLARATION OF SHUJA-ABAD AND LODHRAN TEHSILS AS UNDER-DEVELOPED AREA.

Mr. Speaker : Now we will pass on to Resolutions. First resolution is from Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari. He may please move it.

Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari (Multan VII) : Sir I beg to move—

> That whereas in the matter of means of communication, irrigation electricity, education, medical facilities and industries, Tehsils Shuja-abad and Lodhran have lagged far behind other developed are is of West Pakistan ;
>
> And whereas the people of the said Tehsils are poor, ignorant and backward ;
>
> This Assembly is, therefore, of the opinion that the said Tehsils be declared as under-developed area and Government should provide adequate funds for the development of the said Tehsils in the aforesaid matters.

Mr. Speaker : Resolution moved is—

> That whereas in the matter of means of communication, irrigation, electricity, education, medical facilities and industries, Tehsils Shuja-abad and Lodhran have lagged far behind other developed areas of West Pakistan ;
>
> And whereas the people of the said Tehsils are poor, ignorant and backward ;
>
> This Assembly is, therefore, of the opinion that the said Tehsils be declared as under-developed area and Government should provide adequate funds for the development of the said Tehsils in the aforesaid matters.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): It is opposed Sir. I will make one submission Sir. The rules, as I am able to read, contemplate the admission of a resolution by the Speaker, and they further lay down that if there is any objection in respect of that resolution, it should be raised before the resolution is actually moved. Now I would very respectfully like to know from the Chair as to what are our limitations. Sir I had better read the rule 79, which says—

"The Speaker shall disallow any resolution or a part thereof if, in his opinion, it does not comply with these Rules, and the resolution or any part thereof so disallowed shall not be placed on the Orders of the Day."

Now here is a resolution, which is actually placed on the Orders of the Day, and, therefore, ordinarily one would pre suppose that the Speaker has applied his mind and admitted it to be moved in the House. Now it is therefore that I very respectfully say whether it will be still open to a member here to raise a technical objection on the basis of the rule.

Rule 78 says—

"(1) A resolution shall be in the form of a declaration of opinion by the Assembly.

(2) It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Central Government.

(3) It shall be clearly and precisely expressed and shall raise substantially one definite issue.

(4) It shall not contain arguments, inferences,.....

(5) It shall not relate to any matter which is under adjudication by a court of law..... ...

xx xx

(7) It shall not relate to matters which are subjudice or are quasi judicial"

Now once it is put on the Orders of the Day and, for example, I propose to raise certain technical objections with regard to this resolution. ..

Mr. Speaker: The Minister means the objections, which have been laid down in rule 78.

Minister of Law: Yes Sir.

Mr. Speaker: There is one provision in rule 80.

Minister of Law: I am referring to technicalities contemplated by rule 78. For example, as in this case, clause (3) of rule 78 says that "it shall be clearly and precisely expressed and shall raise substantially one definite issue." Here Sir in this resolution I very respectfully submit there is not one definite issue but matters of communication, irrigation, electricity, education, medical facilities, and industries in tehsil Shuja-abad and Lodhran, and the member further wants that the Government should provide facilities in all these spheres in respect of these two tehsils. So it is not one single issue, raised before the Assembly.

Mr. Speaker: My interpretation of the Rules would be that when a notice of a Resolution is given, the Resolution is dealt with in the Assembly Secretariat. It is then put up to me for admission. I apply my mind and either admit it or reject it. When I admit a Resolution, it is placed on the Orders of the Day. Copies of the Resolution are

sent to Government quite some days in advance of the day on which the Resolution can come up before the Assembly. If any Government Department feels that a Resolution admitted by me does not conform to the provisions of any Rule, it is open to the Minister or the Parliamentary Secretary in-charge of the Department to bring it to my notice. If I consider the objection raised to be valid, I can revise my decision.

Minister of Law : I would request the member not to press this resolution for two reasons firstly that in the second year the amount allocated to Multan district is 2.2 crores for being spent for development on the district basis and, sure enough, these two tehsils of the Multan division will have their proportionate legitimate share in the matter of development.

Secondly Sir, so far as the declaration of certain areas as under-developed is concerned .....

Diwan Syed Ghulam Abbas Bukhari : Are these figures for the second plan or the third plan ?

Minister of Law : This is during the year 1965-66. I was just submitting that the Government does not declare any area as an under developed area for the purpose of economic development. If in these two particular cases. Dehs and Tehsils, the Government does not undertake to do so, the field will be entirely open to all to see that a particular area should be declared as under-developed or less developed area. Further than this, the National Finance Commission has actually sent for the opinion from the Provincial Government. As far as it was humanly possible the Provincial Government collected this data and it has been sent on to the Commission and we are actually awaiting the decision of the National Finance Commission on this particular subject as to which of the areas on the district basis, or divisional basis or the regional basis they are prepared to declare as an under-developed area. So it will be too premature for the Provincial Government at this stage to specify and agree that any particular area should be declared as an under-developed area. I assure the member that the Government will surely do its best and see that every district, every tehsil and every part of West Pakistan gets fair treatment and justice With that end I would request the member not to press his resolution.

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان - ے)۔۔جناب والا - مجھے خوشی ہے کہ جناب نے یہ قرار داد اسمبلی میں پیش ہونے کے لئے منظور فرمائی ہے - وزیر قانون صاحب کا یہ کہنا کہ گورنمنٹ نے ایک کمیشن مقرر کر دیا ہے - جو under-developed علاقوں کے متعلق فیصلہ دے گا - اس پر میں اس چیز کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں - کہ اس ہاؤس کو یہ حق نہیں رہتا - کہ وہ

کسی ایسی قرار داد پر فیصلہ دے جو کہ جناب سپیکر صاحب کی طرف سے منظور کی جا چکی ہو۔ میں اپیل کرتا ہوں کہ میری معروضات سن لی جائیں۔ اس کے بعد اگر ہاؤس یہ سمجھے کہ یہ علاقے پسماندہ نہیں مظلوم نہیں۔ یہاں کے لوگوں کو تکالیف نہیں۔ تو میں اپنی قرار داد واپس لینے کو تیار ہوں۔

مسٹر سپیکر۔۔اگر آپ وزیر قانون صاحب کی یقین دہانی کے بعد اپنی قرار داد واپس لینا چاہیں تو اس مرحلہ پر اسے اسمبلی کی اجازت سے واپس لے سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ اسے واپس نہیں لینا چاہتے۔ تو بڑے شوق سے تقریر فرمائیں۔ اس کے بعد اسمبلی فیصلہ کرے گی کہ اس قرار داد کو منظور کرے یا نہ کرے۔ آپ اسے واپس لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔

دیوان سید غلام عباس بخاری۔۔میں اپیل کرتا ہوں۔ کہ مجھے اجازت دی جائے۔ کہ میں اسے پیش کروں۔

مسٹر سپیکر۔یہ معاملہ آپ کے اور آپ کے لیڈر کے درمیان ہے۔ کہ آپ اسے press کرتے ہیں یا نہیں۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔۔میں تو وہی assurance دوہرا سکتا ہوں۔ جو لامنسٹر صاحب نے دی ہے کہ اگر ان علاقوں کو کچھ نہیں دیا جا رہا۔ یا ان کے حق سے کم دیا جا رہا ہے تو حکومت کوشش کرے گی کہ آپ کا حق ملے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری۔۔میں آپ کی assurance چاہتا ہوں۔

وزیر مال۔۔اگر آپ assurance چاہتے ہیں۔ وہ تو ہے اگر اشٹام لکھوانا چاہتے ہیں۔ تو اور بات ہے۔

دیوان سید غلام عباس بخاری—لیڈر آف دی ہاؤس کی assurance کے بعد میں اس قرار داد کو press نہیں کرتا ۔

مسٹر سپیکر—آپ یہ اجازت اسمبلی سے حاصل کرنے کے لئے تحریک پیش کریں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری—جناب والا ۔ میں استدعا کرتا ہوں کہ اسمبلی مجھے اجازت دے کہ میں اپنی قرار داد واپس لوں ۔

Mr. Speaker : Has the Member leave of the House to withdraw his resolution ?

The resolution was by leave with drawn.

RE : APPOINTMENT OF A COMMITTEE TO EXAMINE THE ELECTORAL COLLEGE ACT AND RULES, 1964

Mr. Speaker : Next resolution.

Mr. Hamza : Sir, I beg to move—

> That this Assembly is of the opinion that Provincial Government should recommend to the Central Government to appoint a Committee consisting of eminent lawyers headed by a judge of the High Court to examine the present Electoral College Act and Rules 1964 and suggest suitable amendments for minimising the mal-practices as have been experienced in the last elections to the electoral college.

Mr. Speaker : The resolution moved is –

> That this Assembly is of the opinion that Provincial Government should recommend to the Central Government to appoint a Committee consisting of eminent lawyers headed by a judge of the High Court to examine the present Electoral College Act and Rules 1964 and suggest suitable amendments for minimising the mal-practices as have been experienced in the last elections to the electoral college.

Minister of Revenue : It is opposed.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦)—جناب سپیکر ۔ میں نے اپنی اس قرار داد میں کوئی ایسا مطالبہ نہیں کیا تھا ۔ جس کی وجہ سے جناب قائد ایوان اس کی مخالفت کرنے کا فیصلہ کرتے ۔ شاید آج انہوں

نے یہ فیصلہ کر رکھا ہے ۔ کہ جو کچھ یہاں پیش ہوگا ۔ وہ اس کی مخالفت کریں گے ۔ شاید وہ دفتر میں اس بات کا فیصلہ کر آئے تھے ۔ کہ جو کچھ یہاں پیش ہوگا ۔ اس کی مخالفت ہی کرنی ہے ۔ اور اسی کے پیش نظر انہوں نے اس قرار داد کی مخالفت کا اعلان کیا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ یہ حقیقت سورج کی طرح ہر شخص پر ظاہر ہے ۔ کہ نومبر ۱۹۶۴ میں نام نہاد بنیادی جمہوریتوں کے جو الیکشن ہوئے ۔ ان میں اس قدر دھاندلی ہوئی ۔ کہ ان کو انتخابات کہنا ہی زیادتی ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اگر میں اس بالواسطہ طریق انتخاب کو جعلی جمہوریت کہوں تو جناب قائد ایوان یا دوسرے ممبروں کو یہ بات ناگوار گذرے گی ۔ لیکن حقیقتاً ان انتخابات کے دوران خاص طور پر بڑے بڑے شہروں میں جو کچھ ہوا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ وہاں حالات اس قدر خراب تھے ۔ کہ آئندہ ہر معقول اور شریف آدمی کو انتخابات میں حصہ لینے سے پہلے سوچنا پڑے گا ۔

Minister of Revenue: I think he should be asked to withdraw these words.

جناب والا ۔ مسٹر حمزہ کو یہ الفاظ واپس لے لینے چاہئیں ۔ کہ آئندہ کوئی شریف آدمی ان انتخابات میں حصہ نہیں لے گا ۔

I think it is too strong a language.

خواجہ محمد صفدر ۔۔ انہوں نے کہا ہے ۔ کہ انتخابات میں حصہ لینے سے پہلے انہیں سوچنا پڑیگا ۔

وزیر مال ۔۔ میں تو یہ سمجھا تھا ۔ کہ انہوں نے یہ کہا ہے ۔ کہ آئندہ کوئی شریف آدمی ان انتخابات میں حصہ نہیں لے گا ۔

چودھری محمد نواز۔خواجہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ آئندہ الیکشن میں جو آدمی حصہ لیگا ۔ وہ شریف نہیں ہوگا ۔

کی حد تک (کراچی کے بارے میں میں پوری طرح سے جانتا ہوں) آپ نے کسی شخص کو جعلی ووٹ ڈالنے کی یا رشوت کی سزا نہیں دی ہے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس بات کو آپ خود تسلیم کرتے ہیں کہ personation کے جرائم ہوئے ہیں لیکن پھر بھی اگر آپ سزا نہیں دے سکتے تو آپ کے قانون میں کوئی سقم موجود تھا اسکی وجہ سے آپ جرم کرنے والے مجرموں کو پکڑ نہیں سکے ۔ اگر آپ نے پکڑ بھی لیا تو آپ انہیں کیفر کردار تک پہنچا نہ سکے ۔ اور یہی چیز آپ کے خلاف جاتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ آپ لوگوں کو شناختی کارڈ دیں ۔ آپ کہیں گے کہ ملک کے پانچ کروڑ انسانوں کو شناختی کارڈ دینا بہت ہی مشکل کام ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ اگر اسی ملک میں ۴۰ کروڑ انسانوں کو جنگ کے زمانے میں راشن کارڈ دیا جا سکتا تھا تو ووٹ دینے کیلئے شناختی کارڈ دینا کوئی ایسی بات نہیں جو ناممکن ہو ۔ اگر آپ ایسا نہ کرنا چاہتے ہوں تو یہ دوسری بات ہے ۔

جناب والا ۔ آپکے قانون میں چیلنج ووٹ اور ٹینڈر ووٹ کی جو شق ہے وہ اتنی ناقص ہے کہ وہ بالکل بے نتیجہ ہے ۔ ایک شخص ووٹ ڈال کر چلا گیا ۔ اسکے بعد دوسرا شخص آتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ میں صحیح ووٹ ڈالنے والا ہوں اور صحیح ووٹر میں ہوں ۔ اس کا ووٹ آپ نے ٹینڈر ووٹ کے طور پر اس سے لے لیا اور ایک الگ لفافے میں

ڈال دیا ۔ نتیجہ کیا ہوا ۔ جو شخص غلط ووٹ ڈال کر چلا گیا تھا وہ ووٹ تو بہرحال شامل ہو گیا خواہ وہ کسی کے ڈبے میں ڈالا جائے۔ اس لئے آپکے پاس کوئی ایسا check موجود نہیں ہے ۔ قانون میں کوئی ایسی شق موجود نہیں ہے کہ جس سے اس شخص کا ووٹ جو غلط ڈال گیا تھا علیحدہ کیا جا سکے ۔ اور صحیح ووٹ جو بعد میں آیا ہے اسکو شامل کیا جا سکے ۔ اگر آپ اسکے دوسرے ووٹ کو بھی شمار کر لیں تو اسکا مطلب یہ ہو گا کہ ایک ہی ووٹ کے لئے آپ نے دو ووٹر استعمال کئے ۔ اسی طرح چیلنج ووٹ کے سلسلے میں اگر ایک شخص کے بارے میں اعتراض کیا جاتا ہے کہ یہ وہ شخص نہیں ہے جو اپنے آپکو ظاہر کرتا ہے ۔ آپ پانچ روپیہ لے کر اس ووٹر کا نام ۔ پتہ اور دستخط لے لیں گے لیکن اسے ووٹ ڈالنے کی آپ اجازت بھی دے دیں گے ؟ اسکا مطلب یہ ہوا کہ ایک شخص ووٹر نہ ہونے کے باوجود اپنے آپکو جعلی حیثیت سے پیش کر کے بھی حقدار ہو گیا کہ وہ ووٹ کو ڈبے میں ڈال دے ۔ ووٹ نہ ڈالنے کی آپکے پاس قانون میں کوئی ایسی شق موجود نہیں ہے ۔ کیا آپ اسکے ووٹ کو شمار سے علیحدہ کر سکیں گے ؟ چاہے بعد میں وہ شخص مجرم ثابت ہو جائے اور اسکو آپ دو سال کی سزا بھی دے دیں لیکن بہرحال اس کا ووٹ پڑ چکا ہو گا ۔ اس کے ووٹ سے نتائج متاثر ہو چکے ہونگے ۔ قانون میں یہ اس قسم کا سقم ہے جس سے انتخابات کے نتائج ویسے نہیں ہوتے جیسے ہونے چاہئیں ۔ اس سے بد عنوانیوں کو راہ ملتی ہے ۔ اس سے ان برائیوں کو راستہ ملتا ہے جس کی طرف حمزہ صاحب نے اپنی تقریر میں اشارہ کیا ہے بلکہ

تفصیلاً بتایا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ آپ اس چیز کو نہ مانیں ۔ جب قانون آپ بناتے ہیں تو کیا وہ خدا کا قانون ہوتا ہے جو غلطیوں سے پاک ہو ؟ انسان کے بنائے ہوئے قانون میں غلطیوں اور خامیوں کا ہونا کوئی شرم کی بات نہیں ۔ اور اس میں بھی کوئی شرم کی بات نہیں کہ آپ اپنی کوتاہیوں کو مان کر اس قرارداد کو منظور کریں ۔ اور ایک جج کی سرکردگی میں وکلا صاحبان کا کمیشن جیسا کہ تجویز کیا گیا ہے متعین کریں ۔ تاکہ وہ آپکے قانون کا جائزہ لیں ۔ اس میں ان خامیوں کو جو پیش آتی رہی ہیں دور کرنے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ میں اپنے بائیں طرف بیٹھنے والے دوستوں سے اور قائد ایوان سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ prestige کے بے جا تصور کو اس راستے میں حائل نہ کرینگے اور وہ صحیح اور معقول طریقے سے اس بات کو تسلیم کرینگے کہ قانون میں غلطیاں ہو سکتی ہیں بلکہ ہیں اگر اسکو ایک کمیشن کے سپرد کیا جائے کہ وہ ان غلطیوں کا ازالہ کریں ۔ تو میرے خیال میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جو ناممکن العمل ہو اور آپکے لئے قابل قبول نہ ہو ۔

جناب والا ۔ میں ان الفاظ کے ساتھ حمزہ صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتا ہوں اور قائد ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس ریزولیوشن یا قرارداد کو منظور فرمائیں ۔

خان محمد یوسف (راولپنڈی ۔ ۱) ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے معزز ارکان

حزب اختلاف نے اس ریزولیوشن کے سلسلے میں طریقہ انتخاب کے قانون اور قواعد میں بہت سے نقص نکالے ہیں اور ان پر سخت تنقید کی ہے ۔ مگر یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ کوئی قانون بھی کامل و اکمل نہیں ہے ہم نے یہ دیکھنا ہے جو کہ نقائص اس قانون اور اسکے تحت جاری کردہ قواعد میں ہیں آیا وہ متعلقہ ایوان میں بذریعہ ترمیم رفع کئے جا سکتے ہیں یا انکے رفع کرنے کے لئے کسی کمشن کے تقرر کی ضرورت ہے دوسری بات جو اس ایوان میں کہی گئی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ صحیح ووٹ challenge vote اور tender vote کے مسئلہ سے کسی طرح عہدہ برآ ہونا چاہئے ۔ قانون میں جو provision موجود ہے میرے خیال میں صحیح ہے کیونکہ الیکشن کا اصل الاصول ووٹ کی secrecy ہی ہے تاکہ کسی کو یہ معلوم نہ ہو سکے کہ کس شخص نے کس امیدوار کے حق میں ووٹ ڈالا ہے اور یہ بات ہمیشہ ہمیشہ کے لئے راز میں ہی رہے ۔ اصل الاصول ووٹ کی secrecy یہی ہے اور موجودہ قانون انتخاب میں اسی اصول کو پوری طرح ملحوظ رکھا گیا ہے اور اس پر عمل بھی کیا گیا ہے اور اس سے پہلے اس ملک میں کبھی ووٹ کی secrecy کو پوری طرح ملحوظ نہیں رکھا گیا ۔ حالیہ انتخابات میں پہلی مرتبہ فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان نے ووٹ کی secrecy کا کامل اور مکمل انتظام کیا ہے اور اس اصول کو عملی جامہ پہنا کر دکھایا ہے ۔ ووٹ کا اصل الاصول یہی ہے کہ خواہ کتنی مشکلات حائل ہوں ووٹ صیغہ راز میں رہے ہمارے فاضل دوست جو حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں حالیہ انتخابات کے سلسلے میں بڑے اعتراض کرتے ہیں اور حکومت پر برستے رہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ انتخابات میں بد عنوانیاں اور

دھاندلیاں ہوئی ہیں ۔ رعب دکھایا گیا اور دھونس جمائی گئی ہے لیکن وہ اصل میں دو چیزوں کو غلط ملط کر جاتے ہیں ایک تو ہے بنیادی جمہوریت اور اسکا طریق انتخابات اور دوسرا ہے امیدوارن اور انکے حامیوں کی دھاندلیاں ۔ جہانتک بنیادی جمہوریت کے طریق انتخابات کا تعلق ہے وہ نہایت ہی اچھا ہے مگر امیدواروں کے حامیوں کے اور مخالفوں میں جو تصادم ہوتا ہے اسکی ذمہداری حکومت پر تھوپنا صحیح نہیں جناب والا ہو سکتا ہے کہ بعض مقامی افسر بھی اپنے دوستوں کی حمایت یا مخالفوں کی مخالفت کی وجہ سے زیادتی کر جاتے ہوں مگر یہ کہنا کہ حکومت ایسا کراتی ہے سراسر غلط ہے ۔ اکثر و بیشتر انتخابات منصفانہ اور آزادانہ طور پر ہوئے ہیں مگر بعض افسروں نے اگر کوئی دھاندلی کی ہے تو طریق انتخاب میں ترمیم کرنے سے اسکا تدارک ناممکن ہے ۔ دھاندلیوں کی وجوہات اور ہوتی ہیں وہ طریق انتخاب کی ترمیم سے دور نہیں ہو سکتیں اس سے پہلے جو طریقہ انتخابات رائج تھا اس میں اب سے بڑھ چڑھ کر بدعنوانیاں اور دھاندلیاں ہوتی رہی ہیں آپ موجودہ قائد ایوان سے پوچھ لیں کہ خان عبدالقیوم چیف منسٹر سابق صوبہ سرحد کے زمانے میں کس طرح کی بد عنوانیاں ہوتی تھیں اور کتنے وسیع پیمانے پر کی جاتی تھیں ۔ دھاندلیوں کا ذکر چھڑ گیا ہے تو مجھ سے آپ میری آپبیتی سن لیجئے جس کی تردید فاروقی صاحب بھی نہیں کر سکیں گے ۔ میں شنید کی بات نہیں کرتا کیونکہ hearsay is no evidence یعنی سنی سنائی بات شہادت میں قابل قبول نہیں ہوتی میں محض دید کی بات بھی نہیں کرتا بلکہ جو کچھ خود مجھ پر بیتی تھی میں اسکا تذکرہ

کرتا ہوں کیونکہ یہ بدعنوانیاں اور دھاندلیاں مجھ پر وارد ہوئی تھیں خدا کی قسم ہے اس آپبیتی کی یاد سے زمین آسمان لرز اٹھتے ہیں ۔ اگر ان بدعنوانیوں کا مقابلہ موجودہ انتخابات سے کیا جائے تو حالیہ انتخابات کی بدعنوانیاں انکے عشر عشیر بلکہ سواں حصہ بھی نہیں بنتی مجھے تو موجودہ حکومت سے گلہ ہے کہ اسنے کچھ نہیں کیا ۔

وزیر تعلیم ۔ یہ گلہ ہے کہ حکومت نے دھاندلیاں نہیں کیں ؟

خان محمد یوسف ۔ موجودہ حکومت نے صاف دلی سے کام لیا ہے میں ۱۹۴۷ء کے الیکشن میں امیدوار تھا۔ دو امیدوار میرے مخالف تھے اسوقت حکومت کے کل پرزوں یعنی پولیس افسروں نے جب پولیس ایکشن شروع کیا تو مجھے خبردار کیا گیا کہ موقعہ ہے اب بھی سنبھل جاؤ مگر میں ڈٹا رہا اور میں نے کہا مجھے کوئی خطرہ نہیں ہے میں کامیاب ہو جاؤں گا کیونکہ لوگ میرے ساتھ تھے ۔ لیکن ان پر لاٹھی چارج کیا گیا اور رات بھر پولیس کی ویگن گشت کرتی رہی اور اسنے نو دس گیارہ بارہ بلکہ چودہ پندرہ سنٹروں کے ووٹروں کو اکٹھا کر کے گھیرے میں لے لیا ۔ اس زمانے میں آج کل کی طرح ایک دو پولنگ سٹیشن نہیں ہوتے تھے بلکہ adult franchise کی بدولت بے شمار پولنگ سٹیشن ہوتے تھے خیر پولیس نے ووٹروں کو ہتھکڑیاں ڈال دیں ۔ اس پر بھی اکتفا نہ کیا گیا بلکہ راجہ شاہ صاحب سب‌انسپکٹر پولیس نے تو بعض افراد کو گولی کا نشانہ بنا دیا۔ بڑے بڑے ذی عزت نمبرداروں اور ذیلداروں کو بے عزت کیا گیا میں نے ڈی سی کو جا کر خون آلودہ کپڑے دکھائے مگر ڈی سی

نے ہنس کر دوسری طرف منہ پھیر لیا غرض بے شمار شکایات آئیں کہ پولیس نے ووٹروں کو دھمکایا اور مارا پیٹا کیا حمزہ صاحب بتا سکتے ہیں کہ انکے الیکشن میں بھی ایسے واقعات وسیع پیمانے پر ہوئے ہیں ؟

مسٹر حمزہ - اس الیکشن میں تو چند ایک مرغیاں تھیں جن کو قابو کر لیا گیا تھا -

خان محمد یوسف - غرض میرے ووٹروں کو مارا پیٹا گیا - ہتھکڑیاں پہنائی گئیں - کئی کیس عدالت میں گئے (قطع کلامیاں اور شور)

Mr. Speaker : Order, please.

خان محمد یوسف - اب میری تقریر کا وقت آیا ہے کلیجے کو تھام کر سنیئے - ہم آپکی تقریریں سکون سے سنتے رہے ہیں - جناب والا - میں آپبیتی سنا رہا ہوں انشاءاللہ کوئی بھی اسکی تردید نہیں کر سکے گا - پھر سنئے کہ ان لوگوں کا کیا حشر ہوا مجھے تو یہ یاد کر کے فی‌الحقیقت اب بھی دکھ ہوتا ہے - کہ اس زمانے میں کیا کیا ظلم و ستم کئے گئے اب تو وہ ظلم و ستم اور وہ بدعنوانیاں کم ہو گئی ہیں گورنمنٹ اس رستے سے ہٹ چکی ہے بنیادی جمہوریت نے ان چیزوں کا خاتمہ ہی کر دیا ہے مگر آپوزیشن والے دوست بس ایک ''میں نہ مانوں'' کی رٹ لگا رہے ہیں - وہ بھی ہمیں قانون انتخاب کی دفعات میں سے کسی ایک ایسی دفعہ کا حوالہ دیں اور بتائیں کہ اس میں فلاں سقم ہے- میں نے انکے ارشادات عالیہ سنے ہیں انہوں نے ایک بات یہ بتائی کہ ووٹروں کے فوٹوگراف شناختی کارڈوں پر چسپاں ہونے چاہئیں آئیے اس سوال پر غور و خوض کر کے دیکھیں کہ آیا آپوزیشن کی یہ تجویز قابل عمل ہے -

سب سے پہلے تو یہی خیال کریں کہ آیا لیڈی ممبران کو فوٹو کھنچوانے پر رضامند کیا جا سکتا ہے اگر مستورات کو اس پر آمادہ کیا جا سکتا ہے تو آپ جیتے اور میں ہارا ۔ کیا آپ کے ملک کی تمام مستورات اس بات پر رضامند ہو جائینگی کہ وہ اپنے فوٹو دیں ۔ اس لئے پہلے فاروقی صاحب ان کو تیار کریں ۔ اور ان کے فوٹو حاصل کریں ۔ یا اس کے متعلق کوئی اور حل سوچیں ۔ بہرکیف یہ تمام چیزیں ایسی ہیں جو ہدایات کی روشنی میں بغیر ریزولیوشن پاس کئے یا اس امر کا مطالبہ کئے کہ اس کی ترمیم کی جائے ۔ کی جا سکتی ہیں ۔ اور پھر اس کے نقائص بھی تو پیش نہیں کئے گئے میرے دوست نے ابھی دو سال کی سزا کا تذکرہ کیا ہے ۔ اور یہ بھی فرمایا ہے کہ ان کو کس طرح پکڑا جائیگا ۔ میری گذارش یہ ہے کہ آپ اس قانون کی تمام چیزیں ملاحظہ فرمائیں ۔ جہاں تک penalties کا تعلق ہے ۔ پہلے یوں ہوتا تھا کہ جب تک کوئی material irregularity نہ ہو ۔ الیکشن set aside نہیں ہوتی تھی ۔ لیکن اب آپ اس سارے ایکٹ کو پڑھ جائیے ۔ اس کے Rules کو دیکھئے ۔ اب کہیں یہ لفظ material irregularity نہیں ہے ۔ اب اس میں صرف Irregularity کر دیا گیا ہے ۔ یعنی اس کے scope کو اتنا وسیع کر دیا گیا ہے کہ اگر کہیں بھی کوئی غلطی ہو یا محض تجاوز ہی ہو ۔ اور وہ ثابت ہو جائے ۔ خواہ وہ material irregularity ہو یا نہ ہو ۔ اگر وہ معاملہ petition پر ٹریبونل کے پاس جائے تو وہ اس الیکشن کو set aside کر سکتا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ تو ہمیں support کر رہے ہیں ۔

خان محمد یوسف - جناب والا - معزز ممبر نے اس ایکٹ کو شروع سے آخر تک نہیں پڑھا - محض material Irregularity پر الیکشن set aside کرنا اور صرف irregularity پر set aside کرنے میں زمین آسمان کا فرق ہے - صرف irregularity کی بنا پر الیکشن کو set aside کرنا کتنا وسیع اختیار ہے اور کتنا بڑا حق ہے - آپ تو کہتے ہیں کہ irregularities کو check نہیں کیا گیا - میری گذارش یہ ہے کہ check کیا گیا ہے - لیکن اتنا کیا گیا ہے جتنا ہونا چاہیئے تھا - بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہی کیا گیا ہے - ایسے حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک ہمارے Electoral College Act کا تعلق ہے - اس میں فی الحال کسی ترمیم کی گنجائش باقی نہیں - سوائے اس کے کہ اگر کوئی نقائص ہیں تو جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے - الیکشن کمیشن خود ہی ان پر غور کر رہا ہے - یعنی یہ کہ تمام فہرستوں کا ہمیشہ - متواتر اور عام طور پر مطالعہ کیا جائے - تاکہ ان میں مناسب ترامیم خود بخود ہوتی چلی جائیں - بلکہ سارا سال ہوتی رہیں - اس طرح وقتاً فوقتاً جو لوگ مر جائیں - ان کے نام نکال دئے جائیں - اور جن کو حق رائے دہندگی حاصل ہوا ہو - ان کے ناموں کا اندراج ہوتا چلا جائے - اس طریقے سے فہرستوں کی تیاری میں جو خرابیاں ہونگی وہ الیکشن کمیشن کی رائے کے مطابق خود بخود دور ہوتی چلی جائینگی - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کسی ایسی ترمیم کی ضرورت نہیں جس کی روشنی میں کوئی ایسی بات کی جائے - ان حالات میں جہاں تک اس ریزولیوشن کا تعلق ہے - اسے پاس کرنا محض تضیع اوقات ہے - اس لئے اسے پاس کر کے گورنمنٹ کے

پاس بھیجنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔

مسٹر عبدالقیوم (کراچی ۔ ۲) ۔ جناب صدر ۔ ہم حزب اختلاف کی تقریروں اور خصوصاً حمزہ صاحب کی تقریروں کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ خواہ ہم اس ایوان میں موجود ہوں یا نہ ہوں ۔ اور خواہ وہ کسی موضوع پر تقریر کر رہے ہوں ۔ ہم دور سے ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حمزہ صاحب نے ضرور انتظامیہ کی بدعنوانیوں اور رشوت ستانی کی گردان کی ہوگی ۔

مسٹر حمزہ ۔ اس ملک میں اور ہے ہی کیا ؟

مسٹر عبدالقیوم ۔ جناب والا ۔ قبل ازیں حمزہ صاحب کی تقریروں کا مرکز لائلپور کے میدان رہے ہیں ۔ لیکن اب کی دفعہ وہ سمندر کے کنارے کراچی تک جا پہنچے ہیں ۔ اور ان کی توجہ اب کراچی کے سمندر کے ساحل پر جا پہنچی ہے ۔ شاید حمزہ صاحب یہ بھول گئے ہیں یا انہیں یاد نہیں رہا کہ کراچی ہی وہ مقام ہے جہاں سے حزب اختلاف کے صدارتی امیدوار کو پاکستان کے دوسرے حصوں کی نسبت سب سے زیادہ ووٹ ملے اس کے بعد اسمبلی کے انتخابات میں مغربی پاکستان سے حزب اختلاف کا صرف ایک امیدوار کامیاب ہوا ۔ جو کراچی سے ہوا ۔ صوبائی اسمبلی میں حزب اختلاف کے تین نمائندے ہیں ۔ اور ان میں سے ایک کراچی کا ہے ۔ اس کے باوجود ہم کراچی والوں سے یہ گلہ ہے کہ ہم وفادار نہیں ۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حکومت کے اہلکاروں نے انتخابات کے موقع پر کراچی میں مسلم‌لیگ کا ساتھ دیا ۔ اور بدعنوانیاں کیں ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر وہاں کسی نے بدعنوانیاں کیں ہوتیں تو ان سے یہ نتائج برآمد

نہ ہوتے ۔ جو میں نے گنے ہیں ۔ تاہم میں یہ واضح کردوں کہ ہم اتنے کمزور نہ تھے کہ اگر حکومت کی اتنی بڑی حمایت ہمارے ساتھ ہوتی تو ہم یہ نتائج دکھاتے جسمیں حزب اختلاف کو اپنی کامیابی ہو ۔

جناب والا ۔ جیسا کہ یہاں کہا گیا ہے کراچی میں ۸ لاکھ آبادی قوی ہیکل پٹھانوں میانوالی ۔ کیمبلپور اور سابق صوبہ پنجاب کے دیگر اضلاع سات سات فٹ لمبے جوانوں پر مشتمل ہے ۔ جو اتنے کمزور نہیں ہیں اور ہر حالت میں حکومت کے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور ٹھوس حمایتی ہیں ۔

ان کے علاوہ وہاں ہمارے مہاجر بھائی کافی تعداد میں موجودہ حکومت کے حمائیتی ہیں ۔ اور انہوں نے ہمیشہ حکومت کا ساتھ دیا ہے ۔ ان واقعات کے مدنظر میں کہہ سکتا ہوں کہ حزب اختلاف کے الزامات بے بنیاد ہیں ۔ صورت حال اس کے بالکل برعکس ہے ۔ میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ انتخابات کے دوران حکومت نے کراچی میں حزب اختلاف کو کھلی چٹھی دے رکھی تھی ۔ چنانچہ آپ کو student agitation یاد ہو گی کہ کس طرح ان کو اکسایا گیا اور حزب اختلاف نے ان کو کس طرح اپنی حمایت میں استعمال کیا۔ اسی طرح مزدوروں کو بھی اکسایا گیا اور ان کو بھی اپنے حق میں اور مسلم لیگ کے امیدواروں کے خلاف استعمال کیا گیا ۔

مسٹر حمزہ ۔ اسی لئے تو ان کو ۴ جنوری کو سزا دی گئی ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ جناب والا ۔ میرے دوست نے مجھے ۴ جنوری یاد کرا دی تاکہ میں اس افسوسناک حادثے کا بھی ذکر کروں

جسے اس ایوان میں اس سے پہلے بھی اس کا ذکر آ چکا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ الیکشن سے ۱۰ - ۱۵ روز پہلے جب حزب اختلاف کو اس امر کا یقین ہو گیا کہ اب ہم ہار جائینگے ۔ تو انہوں نے افواہوں کی ایک خطرناک مہم چلا دی ۔ میرے خیال میں حمزہ صاحب کو فاروقی صاحب نے پوری طرح ان واقعات سے آگاہ نہیں کیا ۔ وہ خود اس بات کی گواہی دینگے کہ مہم کس طرح چلائی گئی ۔ اور کس طرح لوگوں کو تیار کیا گیا کہ کراچی میں ایک زبردست ہنگامہ برپا ہونے والا ہے ۔ راشن اکٹھا کر لو ۔ ہتھیار اکٹھے کر لو ۔ اور پانی تک کا انتظام کر لو ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ بات کوئی اور کہے تو کہے آپ کہہ رہے ہیں ؟

Mr. Speaker : Order order.

مسٹر عبدالقیوم ۔ جناب والا ۔ فاروقی صاحب ذرا صبر سے کام لے کر میری بات سنیں ۔ اگرچہ یہ کڑوی گولی ہے ۔

تو جناب والا ۔ جب الیکشن کا اعلان ہوا اور حزب اختلاف قطعی طور پر ناکام ہوگئی تو یہ حالات پیدا کئے گئے اور ان کے بعد ان کی نظر آئندہ انتخابات یعنی قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے انتخابات پر پڑی ۔ انہوں نے کوشش کی کہ چونکہ ہم پہلی بازی ہار چکے ہیں ۔ اس لئے اب حکومت کو بدنام کرنا چاہئے تاکہ یہ بات تو ہمارے حق میں جائے ۔ چنانچہ انہوں نے ۴ جنوری کے پر امن جلوس پر حملے کروائے اور دونوں طرف سے غریبوں کا خون ہوا ۔ چنانچہ اس کے بعد حزب اختلاف

نے ایک بڑی بھاری مہم چلائی جس سے مہاجر اور غیر مہاجر کے درمیان نفرت پھیلانے کی انتہائی کوشش کی گئی ۔ اور اس سے لوگوں میں اتنی بے چینی پیدا کر دی گئی کہ لوگ رات دن جاگا کرتے اور ڈنڈے بجایا کرتے تھے ۔ اورکہا یہ جاتا تھا کہ باھر سے گاڑیاں آ رھی ھیں اور ان میں پٹھان آ رھے ھیں ۔ کوئی پتہ نہیں رات کو حملہ ھوگا یا دن کو ھوگا ۔ لوگ بڑے حیران اور پریشان تھے ۔ ایسے حالات پر حکومت نے بڑی مشکل سے قابو پایا ۔ مگر مہاجر اور غیر مہاجر کے درمیان اختلاف کی یہ خلیج گہری ھوتی چلی گئی ۔ اور مہینوں تک قائم رھی ۔ لیکن حکومت کی انتہائی کوشش کے بعد وھاں حالات آھستہ آھستہ سدھرے اور معمول پر آئے ۔

اس کے بعد قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات آئے ۔ ان کے نتائج بھی آپ کے سامنے ھیں حمزہ صاحب نے کراچی کی خرابیاں بیان فرماتے ھوئے دو تین باتوں کا خاص طور سے ذکر فرمایا تھا ۔ ایک تو انھوں نے یہ فرمایا ھے کہ فہرستیں غلط تیار کی گئی تھیں ۔ اس سلسلے میں آپ سب کو معلوم ھے ۔ کہ ھنگامی حالات میں کس تیز رفتاری سے فہرستیں تیار کی گئی تھیں اور اس کا مقصد یہ تھا ۔ کہ حسب وعدہ جلد از جلد الیکشن کرائے جائیں ۔ اور اخراجات بھی کم ھوں ۔ اس بات کے پیش نظر رضاکار بھرتی کئے گئے ۔ ان میں زیادہ تر طالب علم تھے ۔ ان طلبا کی ھمدردی زیادہ تر حزب اختلاف سے تھی ۔ حمزہ صاحب کو خوش ھونا چاھئے کہ اگر کوئی بدعنوانی ھوئی ھے ۔ تو وہ ان کے حق میں تھی ۔ دوسرا اعتراض انھوں

نے حلقہ بندی کے متعلق کیا تھا ۔ اور یہ کہا تھا ۔ کہ کہیں ۱۱ voters تھے اور کہیں 2,300 ووٹرز تھے ۔ جہاں تک حلقہ بندی کا تعلق ہے ۔ آپ کو معلوم ہے ۔ کہ حلقہ بندی کے بعد فہرستیں آویزاں کی گئیں ۔ اعتراضات منگائے گئے اور جو اپیلیں کی گئی تھیں وہ سنی گئیں ۔ اور فیصلہ جات ہوئے ۔

مسٹر حمزہ ۔ 11 ووٹ کا جواب دیجئے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ اور یہ 11 ووٹ والا قصہ اگر درست ہے تو یہ ووٹ جو تھے ۔ یہ cantonment کا علاقہ تھا ۔ اگر حمزہ صاحب وہاں کبھی تشریف لے گئے ہوں تو ان کو معلوم ہوگا کہ وہ cantonment area وہ علاقہ ہے ۔ جہاں سے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کو نسبتاً کم ووٹ ملے تھے ۔ یہ وہ area ہے جہاں سے مغربی پاکستان سے نیشنل اسمبلی کے لئے واحد نمائندہ return ہوا ۔ پھر اگر کوئی دھاندلی ہوئی تو یہ اُن کے حق میں گئی ہے ۔ اور ظاہر ہے کہ اس میں ان کی حمائیت ہو گی ۔

مسٹر حمزہ ۔ ہمیں ایسی دھاندلی نہیں چاہئے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ اب میں یہ عرض کرونگا کہ یہ دھاندلی کیوں ہوئی ۔ حمزہ صاحب نے کئی دفعہ کہا ہے کہ اُن کے خیال میں ووٹنگ کے وقت بہت رشوت دی گئی ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ وہ اس کا ذکر کیوں کرتے ہیں ۔ الیکشن کی بات کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنی ایک آدھ تقریر میں یہ بھی ذکر کیا ہے کہ دس یا بیس ہزار روپیہ ایک

ایک ووٹ کے لئے دیا گیا ہے ۔ اور یہ تجویز فرمایا کرتے ہیں ۔ کہ بنیادی جمہوریت کے ذریعہ جو طریقہ انتخاب اختیار کیا ہے ۔ وہ غلط ہے ۔ اس کی بجائے adult franchise ہونا چاہئے کیا آن کو یقین ہے کہ اس ملک میں اسی طرح سے رشوت دینے والے اور لینے والے adult franchise ہو جانے پر رشوت نہیں دینگے یا لیں گے ؟ اگر ایک شخص ایک ووٹ کے لئے دس یا بیس ہزار روپیہ دے سکتا ہے ۔ تو کیا وہ ہزار یا پانچ سو فی ووٹ نہیں دے سکتا اور طریقہ بالغ رائے دھی میں کامیاب نہیں ہو سکتا ۔

جناب والا ۔ اس بد عنوانی کا یہ حل نہیں ۔ ہم یہ بات مان لیتے ہیں کہ یہاں رشوت ہے ۔ اس طرح تو دنیا کے سارے ممالک میں رشوت ہے ۔ ہم اس سے مستثنےٰ نہیں ہیں ۔ رشوت کے انسداد اور اس کے حل کے لئے جو قرارداد کا ذریعہ حمزہ صاحب نے پیش کیا ہے اور یہ فرمایا ہے کہ اس سے ان خامیوں کو دور کیا جا سکتا ہے غالباً وہ اس قرارداد کے ذریعہ adult franchise لانا چاہتے ہیں میرے نزدیک یہ طریقہ ٹھیک نہیں ۔ اس کا ایک ہی حل ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا معزز ممبر نے غالباً ریزولیوشن پڑھا ہی نہیں ۔ اس میں adult franchise کا ذکر نہیں ۔ یہ تو اس قانون میں ترمیم سے متعلق ہے ۔ میرے خیال میں آن کی تقریر irrelevant ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ میں نے اس کا اشارہ ہی کیا ہے کیونکہ انہوں

نے اس ایوان کو یہ sense دی ہے ۔ کہ وہ adult franchise لانا چاہتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ انہوں نے آپ کے جواب میں یہ بات ضمناً عرض کی ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ میں یہ گذارش کر رہا تھا ۔ کہ انہوں نے جب کبھی ایسی بد عنوانیوں کی طرف اشارہ کیا ہے ۔ ہم نے کبھی اس کی تردید نہیں کی ۔ اس میں صرف ڈگری کا فرق ہوتا ہے ۔ ایسی بد عنوانیاں تو ہر ملک میں کچھ نہ کچھ ہوتی ہیں ۔ ہم ان سے مستثنیٰ نہیں ہیں اصل بات تو یہ ہے ۔ کہ قوم کے کردار اور قوم کے اخلاق کو بلند کیا جائے ۔ اس کا بہترین ذریعہ ہمارا مذہب اسلام ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ نہیں ۔ آپ کے نزدیک اس کا بہترین ذریعہ شراب نوشی جوأ اور رشوت خوری ہے ۔

مسٹر عبدالقیوم ۔ اس کام کے لئے مولوی صاحبان نہایت موزوں ہیں ان کا ایک حصہ تو اس کام کو سر انجام دے رہا ہے ۔ اور ایک حصہ ایسا ہے ۔ جس نے اس کو اپنی کمائی کا ذریعہ بنا لیا ہے ۔ ایک خاصا طبقہ تو ہمارے ایوان میں موجود ہے ۔ جو اب سیاسیات کے شوق میں لگ گئے ہیں ۔ حالانکہ ان کا اصل مقام تو مساجد ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پیر صاحب دیول شریف کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے ؟

مسٹر عبدالقیوم ۔ اس طبقہ کو چاہئے ۔ کہ وہ عوام کو تعلیم و تدریس دے اُن کا اخلاق درست کرے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اُن کو اب سیاست کا شوق ہے ۔ اور اپنے حقیقی فرائض سے دور ہو گئے ہیں ۔ اُن کے نمائندے یہاں موجود ہیں ۔ میں اُن کی خدمت میں اپیل کروں گا کہ وہ اپنے فرض کو یاد کریں اور اُسے پورا کریں اور سیاست میں نہ پڑیں ۔ ان گذارشات کے بعد میں اس قرار داد کی مخالفت کرتا ہوں اور عرض کرتا ہوں ۔ کہ موجودہ طریقہ انتخاب سے ملک کو بہت فائدہ پہنچا ہے ۔ جب تک یہاں پہلے طریقہ سے انتخابات ہوتے رہے ہیں ہم نے دیکھا ہے کہ عوام کے نمائندے اُوپر سے ہی مسلط کر دئے جاتے تھے ۔ اب آپ کے نمائندے نیچے سے اوپر آتے ہیں ۔ عوام اپنے نمائندوں کو اور نمائندے اپنے عوام کو جانتے ہیں ۔ اس طریقہ انتخاب سے ملک میں کافی ترقی ہوئی ہے ۔

آخر میں حمزہ صاحب اور حزب اختلاف کے ممبران سے اپیل کرونگا کہ وہ اس قرارداد کو واپس لے لیں ۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ ۔ ۳) ۔ جناب والا ۔ حالیہ انتخابات میں دھاندلیوں اور بےانصافیوں کے جو الزامات لگائے گئے ہیں ۔ اور اس سلسلہ میں جو شور و غوغا ہوا ہے ۔ (حزب اختلاف نے بہت کچھ کہا ہے) اب جو کچھ کل سے ہم اس ہاؤس میں سن رہے ہیں یہ سب اُس کی صدائے باز گشت ہے ۔ اب میں اس کے متعلق دو تین

باتیں جو بڑی اهم اور بڑی قابل غور هیں ۔ آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔

پہلی بات تو یہ ہے ۔ کہ میرے محترم بھئی یوسف خاں صاحب ۔ فرمایا ہے کہ انتخابی ادارے کے ارکان کو انتخابات کے لئے حکمران پارٹی کی طرف سے ٹکٹ جاری نہیں کئے گئے اور نہ ہی کوئی امیدوار نامزد کئے گئے ۔ کیونکہ انہیں کوئی دلچسپی نہیں تھی ۔ کہ کون کامیاب ہوتا ہے ۔ اور کون کامیاب نہیں ہوتا ۔ حمزہ صاحب اور فاروقی صاحب کے الزامات کا یہ ایک مدلل جواب ہے کہ اُس وقت کسی کے ساتھ نہ کوئی دشمنی تھی اور نہ کوئی دوستی تھی ۔ وہ انتخابات بالکل آزادانہ فضا میں ہوئے ہیں ۔ اور ہر شخص نے اپنی مرضی کے مطابق اور اپنی رائے کے مطابق اپنے نمائندہ کو منتخب کیا ۔ اور اُس کی حمایت کی ۔ دوسری بات جو میں عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ انتخابات کے اعلان کے بعد حزب مخالف کے مقتدر راهنماؤں اور زعما نے یہ بیان دیا تھا کہ انتخابی ادارے انتخابات میں اُن کے ساتھ ہیں اور اُن کو نمایاں کامیابی حاصل ہوگی ۔ بلکہ یہاں تک کہہ دیا تھا ۔ کہ بعض جگہ ۵۰ فیصدی اور بعض جگہ ۹۰ فیصدی کامیابی حاصل ہو گی ۔ نیز انہوں نے محترمہ مس فاطمہ جناح کے حق میں فیصلہ دے دیا ان میں جنرل اعظم خان ۔ چودھری محمد علی اور مولانا مودودی بھی شامل ہیں ۔

اور ان سب کے بیانات اخبارات میں موجود ہیں انہوں نے یہ واضح طور پر اعلان کیا تھا اور یہ دعوی کیا تھا کہ انتخابی ادارے کے جو

الیکشن ہوئے ہیں ان میں ہمیں نمایاں طور پر کامیابی ہوئی ہے ۔ اگر جناب والا انہیں اس طرح کامیابی حاصل ہوئی تھی تو آج یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ان انتخابات میں گورنمنٹ کی طرف سے مداخلت ہوئی یا حکومت نے ان کے امیدواروں یا ایسے لوگوں کو جو حزب اختلاف سے تعلق رکھتے تھے یا ان کے ہم خیال تھے ان کی مخالفت کی ہے ؟ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یا تو ان کا یہ الزام بالکل غلط ہے یا ان کا وہ دعوی جو انہوں نے اس وقت کیا تھا غلط تھا ۔ لیکن پہلی بات میں تسلیم کرتا ہوں کہ ان کے دعوے صحیح تھے اور اس وقت ان کا خیال صحیح تھا کہ انہیں کامیابی حاصل ہو گئی ہے اور لوگ ان کے زیادہ ہم خیال تھے ۔ بعد میں لوگوں نے سوچا کہ ملک و قوم کی بہتری یہ ہے کہ وہ کسی بہتر امیدوار کے حق میں ووٹ دیں اور انہوں نے صدر ایوب کو منتخب کیا ۔ اس لئے جناب والا ان کے لیڈروں کی طرف سے خود ان الزامات کی تردید ہوتی ہے ۔

علاوہ ازیں جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے جو یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ الیکٹرول کالج ایکٹ یا اس کے رواز میں کچھ ترامیم کی جائیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ موجودہ قوانین کی صورت میں الیکشن میں بے ضابطگیوں کے امکانات ہیں میں سمجھتا ہوں کہ قانون چاہے کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو اصل وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس پر اچھی طرح implementation نہیں ہوتا ہے اس پر عمل اچھی طرح نہیں کیا جاتا اور موجودہ قوانین اور قواعد و ضوابط میں بھی یہی ہوا ہے کہ شاید بعض مقامات پر اور بعض جگہوں پر اور بعض صورتوں

میں کہیں کہیں بے ضابطگیاں ہو گئی ہوں اور اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ ان قوانین پر صحیح طور پر عمل نہیں کیا گیا اگر ان قوانین پر صحیح طور پر عمل کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں مزید کسی ترمیم کی ضرورت بالکل باقی نہیں رہتی ہے۔ اور مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی حکومت اس سلسلے میں پورے انتظامات کریگی کہ ان قوانین پر پوری طرح عمل ہو اور کوئی بےانصافی یا بے ضابطگی جس کا الزام ان کی طرف سے لگایا گیا ہے عمل میں نہ آئے۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اس قرار داد کی پر زور مخالفت کرتا ہوں۔

Mr. Zain Noorani (Karachi-I) : Mr. Speaker, Sir, I had no intentions of speaking on this resolution. However, there are two major reasons why I thought it necessary to take a little bit of your time. I wish that the mover of the resolution, Mr. Hamza, who probably is busy in the lobby, would come back to listen to what I have to say.

Mr. Speaker, Sir, during the last 1½ month of this Assembly, the mover has eaten in the name of "the people" has breathed in the name of the people", spoken in the name of "the people" and even interrupted speeches in the name of "the people" and in actual fact has proved himself to be the embodiment of what Sir Robert Peel has said that "in every village there will arise some miscreant to establish the most grinding tyranny by calling himself the people." The present resolution has also been moved in the name of the people. But what is behind it? Behind it is the frustration of these people in having failed and failed miserably to get power in the country. Sir, after all I am glad that he has found it fit to come in—after all, what is democracy and what is freedom of speech of which the Aristotal of the West Pakistan Assembly claims to be the champion. Democracy and freedom of speech undoubtedly are the two most cherished desires of any person in any civilised country. But, Sir, democracy and freedom of speech, while confirming the right to elect their own proper representatives to the people so that their desire, their feelings and their aspirations can be placed before any legislature through their representatives does not, by any stretch of imagination, confer the right on any one to run amock like a bull in a China shop, to create confusion, hatred and indulge in all sorts of disruptive

activities in the country. This is not the meaning of democracy; this is not the meaning of freedom of speech.

Now, Sir, this resolution calls for setting up a committee headed by a judge to go into the Electoral College Act and in support of it the mover made a lengthy speech pointing out certain imaginary misdeeds and mal-practices. I am opposing his resolution because, as I have said, this resolution is the outcome, besides that of frustration, of any over-active imagination, an imagination that has got used to building up fairy tales and adapting them for consumption in this House for the benefit of the press and the gallery. Now, whatever has been said, has been said for the purposes of saying it without any desire of sticking to the truth. Inasmuch as he has referred again and again to Karachi I feel it my duty to touch on that subject. In Karachi, he has referred to a lot of misdeeds as he claims it. But before I come to that I want to sound a warning to the Opposition. It has been their practice, time and again, during the last 2 years, that every agitation of theirs, every move of theirs has been initiated from Karachi. Their leaders, when they go to their own areas, prefer to keep mum. They do not agitate within their own sphere. But on every movement an attempt is made to mislead the people of Karachi, to exploit them and to bring them to a battle against the Government. Those days are gone. I warn them 'keep your hands off Karach'. As regards mal-practices, they claim that mal-practices took place in Karachi and Mr. Hamza gave a few instances. One of them was that of a Member or rather previous Member of the Assembly. Unfortunately Mr. Hamza does not know that gentleman not only was a member of Basic Democracies from that area for the last five years and was not only residing in that area but was also the Chairman of its Union Committee and was elected to this Assembly from that very area. Then he came out with a tall story of one Mr. Amanullah Khan and some sort of a concocted letter claiming that he does not live there. I am willing to go the extent of saying that probably there might have been a mistake in the printed electoral rolls in the figure, and the address of that gentleman. These printing errors do occur sometimes. But Mr. Amanullah Khan, though not a follower of mine by any stretch of imagination is someone I know, and I know from my personal knowledge that he lives in that area, that he resides in that area, he represents that area and he is a political worker from that area. Reading of extracts from unknown, unreputed newspapers and journals just in order to exploit the sentiments of the people is not going to get you anywhere.

Then, Sir, we come to the question of the 11-12 votes which Mr.

Hamza has been talking of and which was again repeated by Mr. Farooqi. Well, Sir, I thought that Mr. Hamza could get away with it; but it did not lie in the mouth of Mr. Farooqi to have spoken all that. It is similar to the case of a child who removes a piece of candy or chocolate early in the morning without the mother knowing about it and at 12 O'clock crying that the chocolate is not there.

Now, Sir, what happened in Karachi? I am saying it with the fullest sense of responsibility that certain people belonging to the Opposition manoeuvred to get one of the officials, who was responsible for this job, interested in their cause. What I am saying has been substantiated and I had put in a complaint which was only due to the magnanimity of the present Government, I should say, that action was not taken against that man during the course of election. But he was transferred from Karachi immediately afterwards. Things were substantiated and proved more or less. So, they manoeuvred to get certain areas set aside for themselves. When we discovered that we protested, they were not the people who protested that areas are being made in this way. Because they were happy and thought that they would get away with it. It was we who protested and raised objection that an attempt is being made to create pocket areas for certain Members of the Opposition, and I can read out unit after unit where the Opposition has managed to get in only because they had manipulated to see that the number of voters was at the barest minimum. Mr. Hamza is happy because he feels I am admitting that there was a possibility of something happening in Karachi and, therefore there is some sort of mistake or lacuna n the Electoral College Act. I have never maintained that the elections were hundred percent right or hundred per cent corrrect. That is an impossibility for any democratic country in the world. England, which is a democracy for hundreds of years had election after election (general) but even there you hear charges that elections were manipulated in such and such an area.

Look at the case of America which claims to be the greatest democracy. After Johnson's election you saw newspapers and you read all that they said and the Opposition in America made all sorts of charges of manipulation.

Sir, it has become a tradition and fashion for every country where democracy is being preached and practised that once they lose in the elections the Opposition does come out with all sorts of tall claim of there being mismanagement and mal-practices and all the rest of it.

in India we have democracy and elections are fought there on the basis of direct election (which our Opposition is today claiming). Even thereafter the elections every time this sort of charges do come up. Look at the Kriplani *versus* Menon elections. What happened? Menon won and after that all sorts of charges did come up.

Now, what is being comtemplated is the setting up of a Tribunal or Commission to go into the Electoral College Act and to amend it in view of these administrative difficulties or short-comings. What I say is, that the Election Commission itself is competent to make any changes or to tighten up its administrative link. What is required is not a Commission. What is required is, bringing to the notice of the Election Commission itself any short-coming that may have been there. You set up a Commission to change the law when you come to the conclusion that the law is bad in itself. These charges, which you are making are the products of your imagination. But, even if some of them are there then the proper course is to bring them to the notice of the Election Commission and try to get the administrative machinery tightened up. After all it takes a lot of time : it takes a number of elections before we will have a hundred per cent efficient election machinery. Even with the help of this machinery it would be impossible to have a hundred per cent fool proof elections : it may, however, be possible to have eighty to ninety per cent fool-proof elections.

As regards the charges that the Government manipulated elections : Sir, what is a political party supposed to do during the election—whether it be the Government or the Opposition. Did you not, wherever it was possible for you, try to take certain strategic advantages? Similarly if the party which today happens to be in Government tries to get certain strategic advantages. It was a fight between you and them as to who should get the better of it, and in many places, it is in my personal knowledge, it was you who succeeded and not they.

Now what is the remedy for all this? The remedy is not the setting up of a Commission. It is not crying from house-tops that there is no democracy and freedom of speech in the country. Your trouble was that you did not have an organisation, (I am talking to the Opposition) in the heart of the country. I do not say that the Government organisation was hundred per cent correct but the Opposition had no organisation worth its name among the people. You cannot win elections merely on sentiments. In Karachi, you managed to get more votes.

Why ? Because the people of Karachi are sentimental. For them the sentimental value of the name of Quaid-e-Azam was more than anything else in the world. That was why they were misled and they voted for you. But in the rural area where you had no organisation you failed. You went out and thought that the B. Ds. to whom you had given tickets and who voted for you were the best people. Subsequently, when it came to a test they did not stick by you. That proved that you did not have even eighty thousand disciplined and good workers in your Organisation. My request or advice to you is that before the next election comes go out in the rural areas. Do not make mere speeches making false allegations against the Government. People will not vote for you because of that. Go out in the rural area and help them in their uplistment. Do some concrete work for the good of the country. That is the only why in which you can hope to win elections.

Thank you.

(At this stage, Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Umar Jan Khan, occupied the chair).

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۳) ۔ جناب سپیکر ۔ حمزہ صاحب نے جو قرار داد پیش کی ہے Electoral College Act میں ترمیم کرنے کے لئے اور اس بات کی سفارش کی جائے کہ اس غرض سے حکومت ایک کمشن مقرر کرے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ جناب سپیکر ۔ Electoral College Act کے تحت جو عام انتخابات اس ملک میں ہوئے وہ دراصل فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب صاحب نے اس قوم سے جو وعدہ کیا تھا وہ انہوں نے پورا کیا اور پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلی حکومت تھی جس نے اس ملک میں عام انتخابات کرائے ۔ جناب سپیکر ۔ Electoral College Act کو قومی اسمبلی نے پاس کیا ۔ قومی اسمبلی میں ہمارے منتخب نمائندے موجود تھے اور انہوں نے یہ جامع قانون اس مقصد کے لئے پاس کیا کہ اس ملک میں ۸۰ ہزار بنیادی جمہوریت کے ممبران

منتخب ہوں جن پر Electoral College مشتمل ہو ۔ جناب والا انتخابات شروع ہونے سے پہلے صدارتی امیدوار سامنے آ چکے تھے اور یہ انتخابات دراصل بی ڈی کے ممبروں کے انتخابات نہیں تھے بلکہ یہ صدارتی انتخابات کی ایک کڑی تھی ۔ آبزرویشن بلکہ دنیا کے دوسرے observers جو اس ملک میں موجود تھے وہ اس بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ جو آزادی تقریر و تحریر کی اور جلسوں اور جلوسوں کی آبزرویشن کو مہیا کی گئی وہ انہوں نے اپنے دور حکومت میں بھی اپنے مخالفین کو مہیا نہیں کی تھی جناب سپیکر ۔ انتخابات غیر جانبدارانہ اور صحیح طریقہ پر ہونے کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ صدارتی انتخابات میں متحدہ محاذ کے امیدواروں نے ۲۹ ہزار ووٹ حاصل کئے ۔ جناب سپیکر ۔ میں خود بعض پولنگ سٹیشنوں پر گیا ۔ ابتدائی مرحلے سے لے کر آخری مرحلے تک میں نے حصہ لیا ۔ اس قانون میں Delimitation of Constituencies سے لے کر Electoral Rolls کے بننے تک انتخابات میں اتنی جامع اور واضح ہدایات موجود ہیں کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کسی قسم کی ترمیم کی ضرورت نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے ۔ کہ بوگس ووٹنگ اس قانون کے تحت آسانی سے ہو سکتی ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ بوگس ووٹنگ کیسے ہوسکتی ہے ۔ چھوٹے چھوٹے حلقے ہیں ۔ ہر حلقے میں پانچ چھ سو ووٹر ہوتے ہیں ۔ ہر ووٹر اپنے امیدوار کو جانتا ہے ۔ قانون میں گنجائش موجود ہے کہ اگر کوئی

اُمیدوار کسی ووٹر پر اعتراض کرے کہ وہ اصلی ووٹر نہیں ہے تو اس کا ووٹ چیلنج ہو سکتا ہے ۔ حمزہ صاحب نے اعتراض کیا ہے کہ انگوٹھا نہیں لگاتے ۔ میں اُن سے عرض کروں گا کہ الیکٹرول کالج ایکٹ کی دفعہ ۴۲ میں ووٹ کو چیلنج کرنے کے لئے یہ درج ہے ۔

"If at the time a person applies for a ballot paper for the purpose of voting, a candidate or his polling agent declares to the presiding officer that he has reasonable cause to believe that person has committed an offence of personation and undertakes to prove the charge in the court of law, the presiding officer may, after warning the person of the consequences of personation and obtaining his thumb-impression and, if he is literate, also his signature on the counterfoil issue a ballot paper to that person."

جناب والا ۔ عام انتخابات میں انگوٹھے کا نشان لگانے کا جو بندوبست کیا جاتا تھا ۔ اس کا مقصد یہ تھا ۔ کہ جو بوگس ووٹنگ ہوتی تھی ۔ اُسے روکا جائے ۔ چونکہ اب حلقے چھوٹے ہیں اُمیدوار ووٹروں کو جانتے ہیں ۔ ووٹر اُمیدواروں کو جانتے ہیں اس لئے بوگس ووٹ کس طرح poll ہو سکتا ہے ۔ اُن مقامات میں شاید poll ہوئے ہوں ۔ جہاں اُمیدوار ووٹروں کو نہ جانتا ہو اور اُن سے واقف نہ ہو مجھے شہروں کے بارے میں کوئی زیادہ معلومات نہیں ہیں ۔ مگر میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دیہات میں سو فیصد صحیح انتخاب ہوا ہے ۔ اور وہاں کسی قسم کی بوگس ووٹنگ نہیں ہوئی ۔

دوسرے جناب والا ۔ یہ در اصل اپنی شکست کو چھپانے کے لئے عوام کا دھیان اس طرف منعطف کراتے ہیں حقیقت یہ ہے جناب والا ۔ کہ جب عام انتخاب ہو رہا تھا تو اُس وقت ہماری

مسلم لیگ پارٹی نے ٹکٹ نہیں دئے تھے ۔ انہوں نے کسی اُمیدوار کو ٹکٹ نہیں دئے تھے کھلے انتخاب ہوئے تھے اور گورنمنٹ کی کوئی دلچسپی نہ تھی ۔نہ ہماری پارٹی کی دلچسپی تھی کہ فلاں آدمی کامیاب ہو ۔ ہم عوام کو یہی سمجھاتے تھے ۔ کہ ایسے ممبروں کو کامیاب بنائیں ۔ جو فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کو ووٹ دیں ان کا مؤقف یہ تھا ۔ کہ ایسے اُمیدواروں کو ووٹ دلائیں جو ان کے صدارتی اُمیدوار کو ووٹ دیں ۔ اسی بنیاد پر الیکشن لڑے گئے تھے ۔

جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے انتخابی فہرست اور حلقہ بندی کے سلسلہ میں یہ اعتراض کیا ہے کہ وقت بہت کم ہے ۔ رول ۳ کے سب۔رول ۲ میں واضح طور پر اس کے لئے سات دن کی مدت مقرر کی گئی ہے ۔ چھوٹے چھوٹے حلقوں میں فہرستیں تیار کرنے کے لئے سات دن کا وقفہ بہت کافی ہے ۔ اس میں کسی قسم کی ترمیم کرنے کی ضرورت نہیں ۔ حمزہ صاحب نے البتہ کراچی کی تین چار مثالیں دی ہیں ۔ اس قسم کی مثالیں اگر صحیح بھی ہوں ۔ تو ایسی چھوٹی باتیں اس بات کی دلیل نہیں کہ اتنا بڑا کمیشن مقرر کیا جائے ۔ اور اُن سے کہا جائے کہ وہ اس قانون میں ترمیم کی تجویز پیش کریں ۔ اس وقت بھی نیشنل اسمبلی موجود ہے ۔ الیکشن کمیشن کا خودمختار ادارہ موجود ہے ۔ جس نے ایک آزاد ادارے کی حیثیت سے قابلِصد تحسین کام سر انجام دیا ہے اور ملک کے وقار کو بلند کیا ہے ۔ اگر یہ ادارہ اپنے تجربہ کی روشنی میں کوئی ترمیم مناسب سمجھے گا ۔ اگر وہ رولز میں ہو گی تو خود کرے گا ۔

اگر ایکٹ میں ترمیم کی ضرورت ہوئی تو قومی اسمبلی موجود ہے ۔ اس ایوان کو کوئی ضرورت نہیں کہ ہم یہاں ایسی قرارداد پاس کریں ۔ اس لئے میں اس قرارداد کی مخالفت کرتا ہوں ۔

Haji Gul Hasan Mangi (Sukkur-III): Mr. Speaker Sir, I have gone through the resolution given by the member but in this resolution he has not suggested the way in which the amendment is to be made. Only he has said that a Committee should be appointed, and it does not serve any purpose.

He then said that these were not direct elections, but in my opinion they were quite direct and fair elections. First of all, the electoral college was formed and a small area for it was fixed, and it was based on one thousand people at the most. Every voter is known to the candidate and the candidate is known to the voters.

Now the member has said something about Karachi, Lahore and other places. I do agree with him. This delimitation was made on popua!-tion basis according to the census of 1960, and a constitutency consisted of one thousand people, but it is not a fact that there were two thousand voters or three thousand voters in one constituency and twelve and fifteen voters in another constituency. I also belong to Karachi; I have got busi-ness, house, and everything there. He has quoted all examples from Karachi and has not said anything about any other place. Now Sir, he has become a B. D. member, he is a Chairman of a Council, he has become a Member of the Provincial Assembly, he fought the elections for the National Assembly, and I have heard he was working on a cycle. The elections were so fair that a man like him has been returned to the Assembly. If there had been any unfairness, he would not have been returned to the Assembly at all. (hear, hear). There is another member, Sir, Sardar Ata Muhammad Lund, in this House, who defeated a very prominent man.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔

منگھی صاحب نے میرا نام لیا ہے ۔ اگر وہ اردو میں

بتائیں تو میں سمجھ سکوں ۔ کہ انہوں نے میرے متعلق کیا کہا ہے ۔

خان حبیب‌اللہ خان ۔ انہوں نے کہا ہے ۔ کہ آپ نے بہت بڑی فتح حاصل کی ۔ انہوں نے آپ کی تعریف کی ہے ۔

بیگم زاهده خلیق‌الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔

وہ اردو ایسے لہجے میں بولتے ہیں ۔ کہ ان کی بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

Haji Gul Hassan Mangi : He defeated a very prominent man.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir I move the closure motion.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let him finish, then you may move the closure motion.

Haji Gul Hassan Mangi : Sir he defeated a very prominent man, a leading man of the Khairpur District.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Mangi, the resolution is regarding the Electoral College Act, and not regarding the elections to the National and Provincial Assemblies. You my please confine yourself to the resolution.

Haji Gul Hassan Mangi : Sir he has been elected by the B. D. members and it is quite relevant.

Mr. Senior Deputy Speaker : May be, but you should come to the point.

Haji Gul Hassan Mangi : I am coming to that Sir.

Haji Gul Hasan Mangi : Those B. D. members who were elected by the public elected this man. This shows that people are wide awake and

they can see who is good and who is not good. Money also was no consideration at all. If this had been a fact then Mr. Hamza would not have been returned. He has been returned because he is a worker, he has been returned because people know that he is doing good work. There are other Council Muslim League representatives here in this House. Had the Government interferred in the elections, not even a single man from Opposition would have been returned. I think no incident of murder took place in these elections. If there were direct elections there would have been so many murders, quarrels and disputes, etc. I, therefore, submit that the rules are quite perfect and there is no necessity to recommend to the Government to amend these rules.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے بھی ان اعتراضات کا جواب دینے کا موقع دیجئے ۔

پیر غلام علی چشتی (منٹگمری ۔ ٦) ۔ میرے اعتراض کے بعد اکٹھا ھی جواب دیدیں ۔ جناب والا ۔ اوائل اسلام کے وقت ایک بدو جنگل میں بھیڑ بکریاں چرا رہا تھا ۔ اھل قریش میں سے ایک آدمی اُدھر سے گذرا ۔ تو اس نے اس بدو سے پوچھا ۔ ''کہ تم کون ھو'' ۔ اس نے جواب دیا کہ ''میں مسلمان ھوں'' ۔ قریش نے کہا ۔ کہ تم نے اپنے آبا و اجداد کے مذھب کو چھوڑ کر ان دیکھے خدا کو مان لیا ھے بدو بولا 'ھاں' ۔ قریش نے پوچھا ۔ کہ ''خدا کی دلیل کیا ھے'' بدو نے زمین پر ایک نشان کی طرف اشارہ کر کے پوچھا ۔ 'کہ یہ کیا ھے ؟' قریش بولا کہ 'اونٹ کے پاؤں کے نشان ھیں' ۔ بدو بولا ''یہ نشان یہاں کیسے پڑ گیا ھے'' قریش نے جواب دیا کہ ''چونکہ یہاں سے اونٹ گذرا ھے اس لئے یہ نشان پڑ گیا ھے''۔ تو بدو بولا کہ ''یہ سب پہاڑ ، زمین اور سمندر وغیرہ بنانے والی بھی تو کوئی ھستی ھے ۔ اور ان سب کو بنانے والی ھستی خدا ھے ۔ اور یہی اس کی دلیل ھے''۔ تو میری عرض یہ ھے کہ ھمارے منصفانہ الیکشن کی یہ دلیل ھے ۔ کہ حمزہ صاحب بھی

الیکشن میں جیت گئے ۔ اگر ہم نے منصفانہ الیکشن نہ کرائے ہوتے تو ایک کم عقل سے کم عقل آدمی بھی اگر ہوتا ۔ تو وہ بیس نشستوں کی قربانی دیکر بھی حمزہ صاحب کو شکست دلا دیتا ۔ لیکن یہ ہمارا انصاف تھا ۔ اور یہ منصفانہ الیکشن ہی کا نتیجہ ہے ۔ کہ آج وہ یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ دوئم یہ کہ اگر صدر صاحب کا الیکشن غیر منصفانہ تھا ۔ تو اس وقت انہوں نے یہ پروپیگنڈا کیوں کیا تھا کہ ہم جیت گئے ہیں ۔ اور ہم اتنے فیصد ووٹ حاصل کریں گے اور اس کے علاوہ اگر بعد میں ہمارے افسروں نے الیکشن میں مداخلت کی تھی ۔ تو اس وقت انہوں نے الیکشن کا بائیکاٹ کیوں نہ کیا ۔ اگر بقول ان کے ہم چوری کر کے یا زبردستی گرفتار کر کے ووٹروں کو لاتے تھے ۔ تو ان کو یہ چاہئے تھا کہ وہ الیکشن کا بائیکاٹ کرتے لیکن اس وقت تو ان کو جیتنے کی امید تھی ۔ وہ بھی کشمیر کے مسئلے کی طرح کر رہے ہیں ۔ تو عرض یہ ہے ۔ کہ عورت کا صدر ہونا خود عوام نے پسند نہیں کیا اور شرعی طور پر بھی عوام نے اس چیز کو پسند نہیں کیا ۔ تمام عورتوں سے برتر عورت ہماری اماں حوا تھیں ۔ جنہوں نے ہمیں بہشت سے نکالا ۔ انہیں ہم سے کوئی عناد یا عداوت نہیں تھی لیکن ان کے کئے کی سزا ہم لوگ جو ان کی اولاد ہیں ۔ تا قیامت بھگتتے رہیں گے ۔ اور یہی وجہ تھی کہ عوام نے ایک عورت کو اپنا صدر نہ چنا ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ چونکہ مولانا فاروقی صاحب نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے عورت کی بابت کچھ فرمایا ہے . . . . . .

مسڑ سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تقریر کرنا چاھتی ھیں ۔ یا یہ پوائنٹ آف آرڈر ھے ۔

بیگم زاھدہ خلیق الزمان ۔ مولانا ۔ آپ کی محترمہ نے بھی فرمایا ھے ۔ کہ پارٹی چلانے کیلئے ایک عورت نہیں چاھئے کیونکہ اسے مرد ھی چلا سکتے ھیں ۔ آپ کونسل لیگ کے اخبارات تو پڑھتے ھی ھونگے آپ کو پتہ چل سکتا ھے ۔ لیکن اللہ کا شکر ھے کہ جو سکیم بربادی کا پیشَ خیمہ تھی ۔ خیر گزری کہ وہ کامیاب نہ ھوئی ۔ اور کراچی کے متعلق میں صرف ایک شعر پڑھکر آپ کو سناتی ھوں ۔۔

ھم آہ بھی کرتے ھیں تو ھو جاتے ھیں بدنام

وہ قتل بھی کرتے ھیں تو چرچا نہیں ھوتا (قہقہہ)

Mr. Senior Deputy Speaker : Order, order please.

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ ۔ شگئی) ۔ جناب والا ۔ جس طرح کہ حزب اختلاف کی ھمیشہ یہ روایت رھی ھے کہ وہ محض اختلاف برائے اختلاف کریں تو یہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ھے کہ ھمارے معزز ممبر مسٹر حمزہ نے یہ قرارداد پیش کی ھے ۔ اس میں یہ بتانے کی کوشش کی گئی ھے کہ حکومت نے الیکشن میں مداخلت کی ھے اور اس میں بدعنوانیاں ھوئی ھیں اور اس سلسلے میں وہ کراچی کی کچھ مثالیں پیش کر رھے ھیں ۔ میں جناب کی وساطت سے انکی خدمت میں یہ عرض کر دینا چاھتا ھوں کہ انکا یہ الزام سراسر غلط اور بے بنیاد ھے ۔ میں کوئٹہ کا ایک واقعہ آپکی خدمت میں عرض کرنا چاھتا ھوں اور وہ یہ ھے ۔ کہ کوئٹہ چھاؤنی کے علاقے میں نمبر ۸۳ یونین کمیٹیاں ھیں ۔ اور ان نمبر ۸۳

یونین کمیٹیوں میں حزب اختلاف نے کم از کم پچاس یونین کمیٹیوں میں اپنے نمائندے کھڑے کئے ۔ لہذا ہمیں بھی مجبوراً اس میں مداخلت کرنی پڑی ۔ اور اس الیکشن میں حصہ لینا پڑا ۔ ہم مختلف وارڈز میں گئے اور ہم سے جو کچھ بھی اس الیکشن کیلئے ہو سکتا تھا ۔ ہم نے وہاں پر کیا ۔ ہم تقاریر کرتے تھے ۔ ہم جلسے منعقد کرتے تھے اور جلسے میں ہم حزب اختلاف پر نکتہ چینی کرتے تھے اور ہم ان کے اس فعل کو ضرور برا کہتے تھے ۔ چنانچہ انکا ایک وفد حکام وقت کے پاس بھی گیا ۔ اور انہوں نے میرے متعلق خاص طور پر کہا ۔ کہ میں انکے متعلق سخت الفاظ کہتا ہوں ۔ تو بجائے اسکے کہ حکام وقت انہیں دباتے یا ان پر کوئی سختی کرتے ۔ انہوں نے اسکے برعکس ان سے بھی یہی کہا ۔ کہ آپ بھی پبلک کے سامنے اپنا نقطہ نظر پیش کر سکتے ہیں ۔ اسکے علاوہ دوسرا ثبوت یہ ہے کہ کوئٹہ شہر کی دو تین یونین کمیٹیوں میں جو فہرستیں تیار ہوئی تھیں ان فہرستوں میں تقریباً ہر یونین کمیٹی کے پچیس پچیس تیس تیس اور چالیس چالیس ووٹروں کے نام درج نہیں تھے ۔ ہمارے خیال کے مطابق وہ ووٹرز جو ہمارے ہمخیال تھے اور جن کا ووٹ ہمارے حق میں تھا ہم نے ان کیلئے کوشش کی کہ ان ووٹروں کے نام فہرست میں درج کرائے جائیں مگر حکام نے یہ کہکر انکار کر دیا کہ جب تک ہمیں instructions یا ہدایات نہیں پہنچے گی ہم ان ووٹروں کے نام درج نہیں کر سکتے ۔ جیسا کہ حمزہ صاحب نے کراچی کے ایک واقعہ کا ذکر کیا ہے کہ ایک رات میں مسٹر حسن محمود نے جن کے دراصل 11 یا ۱۳ ووٹ تھے انہوں نے زیادہ درج کروا لئے ۔ یہ بات میں نہیں مانتا ہوں کیونکہ ہم پر یہ واقعات گذرے ہیں ۔ کوئٹہ میں حکام نے صاف انکار کر

دیا تھا اور کہدیا تھا کہ ووٹرز کے نام فہرست میں درج نہیں کئے جا سکتے ۔ جناب والا ۔ جس طریقے سے اس ملک میں الیکشن ہوئے ہیں اس کیلئے ہم صدر مملکت کے مشکور ہیں اور ان کو بھی صدر صاحب کا مشکور ہونا چاہئے ۔ کہ ہمارے ملک میں دوسری مرتبہ بھی اہم انتخابات ہو رہے ہیں ۔

جناب‌والا ۔ جس طریقے سے حزب اختلاف نے صدارتی الیکشن اور اس کے بعد دوسرے الیکشنوں میں اس ملک میں افراتفری پھیلانے کی کوشش کی ہے وہ بھی عوام سے پوشیدہ نہیں ہے ۔ ان کو یہ خیال تھا کہ ہم اس الیکشن میں جیت رہے ہیں اگر وہ حکام پر یہ الزام عائد کرتے ہیں کہ حکام نے اس الیکشن میں مداخلت کی ہے تو اس وقت وہ بھول چکے ہیں کہ ہم نے بعد میں یہ الزام لگایا ہے ۔ اس وقت وہ پراپیگنڈہ کر رہے تھے کہ صدر ایوب صاحب کے بچے کراچی پہنچ گئے ہیں اور خود انہوں نے بھی رخت سفر باندھ لیا ہے ۔ اور وہ اس ملک کو چھوڑ کر بھاگ رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد مرکزی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے الیکشنوں میں جو مجھ سے گزری ہے اس کے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔آپ electoral college کے متعلق عرض کریں **سردار محمد اسحاق خان** ۔ میں اس طرف آ رہا ہوں ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جناب نے یہ غور کیا ہوگا کہ جب تقریریں اس طرف سے ہو رہی تھیں تو انہوں نے electoral college کا ذکر کرتے ہوئے بی ڈیز کے الیکشن اور صوبائی اسمبلی اور مرکزی

اسمبلی کے الیکشن کا بھی ذکر کیا تھا ۔ اور ان کے قول کے مطابق جو دھاندلیاں ہوئی تھیں ان کا بھی انہوں نے ذکر کیا تھا ۔ ان کا جواب بھی اس طرف سے دیا جانا ہے ۔ یہ اسی سلسلے میں کہہ رہے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ اگر سپیکر صاحب نے اجازت دی ہے تو ٹھیک ہے ۔

سردار محمد اسحاق خان۔ جناب والا۔ صوبائی اسمبلی کے الیکشن میں میرے مد مقابل جو صاحب تھے ان کا تعلق نیشنل عوامی پارٹی سے تھا ان کا مطلب یہ تھا کہ ہم اس الیکشن میں جس طریقے سے بھی ہو خون خرابہ کرائیں ۔ چنانچہ انہوں نے صوبائی اسمبلی کے الیکشن سے پہلے بلکہ آپ کو یاد ہو گا محرم سے پہلے انہوں نے یہ پراپیگنڈہ کرنا شروع کیا کہ پاکستان مسلم لیگ کا نمائندہ شیعہ ہے ۔ اور وہ ووٹ کا حقدار نہیں ہے ۔ اس کو ووٹ مت دو ۔ کیونکہ یہ پاکستان مسلم لیگ کا نمائندہ غیر پٹھان ہے ۔ یہ غیر پٹھانوں کا علاقہ نہیں یہ پٹھانوں کا علاقہ ہے ۔ چنانچہ اس پراپیگنڈا کو انہوں نے اتنا تیز کیا ۔ کہ محرم کے ایام میں یہ خیال تھا کہ شیعہ سنی فساد ہو گا صرف اس الیکشن کیلئے ان کا ارادہ تھا اور انہوں نے تیاری کی ہوئی تھی کہ شیعہ سنی فساد کرائیں ۔ اور خدا کے فضل و کرم سے جس طریقے سے حالات پر قابو پایا گیا اور خاص طور پر محرم کے ایام میں اس کیلئے حکومت قابل داد ہے ۔ مگر انہوں نے اپنی طرف سے کوئی کمی نہیں چھوڑی ۔ بدعنوانیاں انکی طرف سے ہوئی ہیں ہماری طرف سے نہیں ۔ انہوں نے دھاندلیاں مچانے کی کوشش کی تھی ہم نے نہیں کی تھی ۔ لہذا جو ریزولیوشن پیش ہے یہ بےمعنی اور بے مقصد ہے صرف مخالفت برائے مخالفت کرنا ہے ۔ میری تجویز ہے

کہ اس ریزولیوشن کو پاس نہ کیا جائے ۔

Khawaja Muhammad Safdar: Sir, I beg to move :

That the question be now put.

بیگم زاہدہ خلیق‌الزماں ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی بہت سے ممبران کو اس موضوع پر بولنا ہے اس کے لئے وقت دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب سپیکر ۔ ہم نے اس موشن پر آج ۹ بجے بحث شروع کی تھی اور کل بھی اسی موشن پر تقریباً ۱۵ منٹ بحث ہوئی تھی اس طرح اس موشن کی بحث پر دو گھنٹہ وقت صرف ہو چکا ہے ۔۔۔۔

وزیر مال ۔ یہ موشن بہت اہم ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ہماری جانب سے دو تقریریں ہوئی ہیں اور اس جانب سے دو گھنٹہ میں باقی تقریریں ہوتی رہی ہیں یہاں ابھی اور پروگرام ہے جو کہ کل کے order paper میں تھا ۔ آج پھر پانچوں کے پانچوں ریزولیوشن ابھی ایوان میں پیش ہونے والے ہیں ۔ اس لئے گذارش کروں گا کہ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو curtail کیا جائے کہ کافی وقت اس کی بحث پر صرف ہو چکا ہے۔ اور ساتھ ساتھ اس بات کو بھی پیش نظر رکھیں کہ ابھی پانچ ریزولیوشن اس ایوان کے سامنے پیش ہونے ہیں جو کہ آج کے ایجنڈا میں ہیں ۔ اس لئے میں نے بحث بند کرنے کی تحریک پیش کی ہے ۔ دو گھنٹہ کافی بحث ہو چکی ہے ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جناب سپیکر ۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس قرارداد پر دو گھنٹہ سے زیادہ بحث ہوئی ہے ۔ یہ قرارداد

اتنی اهم ہے کہ میرے خیال میں اس کی اهمیت کا ان کو پورا احساس ہے - اس پر بحث کے لئے دو گھنٹہ کیا دو دن لگنے چاهئیں بہر صورت میں یہ عرض کرتا ہوں کہ دو تین ممبران نے اور مستورات کی جو نمائندہ ہیں انہوں نے تقریریں کرنی ہیں - کم از کم ان کو تقریر کرنے کی اجازت دی جائے - پھر آپ question put کر دیں - you put to the House. I have no objection. ممبر صاحبان تقریریں کرنے کے لئے بار بار کھڑے ہو رہے ہیں - ہماری کراچی کی طرف سے جو خاتون نمائندہ ہیں انہوں نے بھی حصہ نہیں لیا ہے ان کے بعد آپ بے شک question put کر دیں -

خواجہ محمد صفدر - مجھے معلوم ہوا ہے کہ محترمہ بیگم صاحبہ اس موضوع پر پہلے تقریر کر چکی ہیں -

وزیر مال - وہ پوائنٹ آف آرڈر تھا - (قطع کلامیاں)

خواجہ محمد صفدر - پوائنٹ آف آرڈر اتنا لمبا تھا ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ پوائنٹ آف آرڈر اتنا لمبا تھا

It was presumed that it was a speech.

خواجہ محمد صفدر - کیا وہ out of order تھا ؟

Mr. Senior Deputy Speaker. Yes.

مخدوم محمد شمس‌الدین گیلانی (بہاول پور - ۲) - جناب والا - میری عرض یہ ہے کہ -

بڑے وثوق سے دنیا فریب رہتی ہے
بڑے خلوص سے ہم اعتبار کرتے ہیں

عالی جاہ ۔ پاکستان میں پہلی بار جو الیکشن ہوئے ہیں ان کے متعلق میں بحیثیت ایک پیر کے ذمہ دارانہ طور پر کہتا ہوں ۔ اور ایک سید ہوتے ہوئے پورے ایماندارانہ طور پر کہتا ہوں کہ جو کچھ میں نے دیکھا ہے ۔ اور صدر محترم کے الیکشن سے لیکر اپنے الیکشن تک جہاں تک میں نے دورہ کیا ہے ۔ اس میں میں نے کوئی بے اعتدالی یا کوئی ایسی بات نہیں دیکھی جس سے یہ شبہ ہو یا شبہ کیا جائے کہ موجودہ الیکشن ٹھیک طریق پر نہیں ہوئے ہیں ۔ اور اس سے پہلے الیکشن جو تھے وہ درست طریق پر ہوئے تھے ۔ ہم پہلے الیکشنوں میں بھی ممبر بنے تھے اور ہم نے دیکھا تھا ۔ ۔ ۔ ۔ کہ کئی بار سابق پنجاب اور سابق سندھ میں دفعہ ۹۲ ۔ الف نافذ ہوا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کیا پیر ایسے ہوتے ہیں ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی ۔ پیر ایسے نہیں ہوتے بلکہ لیڈر ایسے ہوتے ہیں جو خواہ مخواہ سستی شہرت کو حاصل کرنے کیلئے ایسی چیز پیش کر کے بلا وجہ گورنمنٹ کو پریشان کرتے ہیں ۔ اس سے مقصد محض سستی شہرت حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے فقط حکومت کے اوپر بلا وجہ الزام ٹھونسنا مقصود ہوتا ہے کہ یہ شریعت کے بھی اور اسلام کے بھی خلاف ہے کہ اسلام کے دعویدار مسلمان صرف یہی پانچ آدمی ہیں جو سامنے بیٹھے ہیں اور اسلام کے یہی پانچ آدمی ٹھیکیدار ہیں باقی جتنے ہیں منافق ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) ہم اپنے اللہ کو حاضر کر کے کہتے ہیں ۔ ہم کسی سے نہیں ڈرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامیاں) اگر آپ اس کو برا سمجھتے تھے تو آپ یہاں کیوں آئے ۔ آپ نے بری چیز کے لئے کیوں الیکشن لڑا ۔

"ہرچہ بر خود نہ پسندی بدیگراں پسند"

جو چیز اپنے لئے پسند نہیں کرتے وہ دوسروں کے لئے کیوں پسند کرتے ہو ؟ یہ جو الیکشن ہوئے ہیں صدر سے لیکر صوبائی اسمبلی تک یہ ابتدا سے لیکر انتہا تک ٹھیک ہوئے ہیں ۔ درست ہوئے ہیں اور صحیح ہوئے ہیں ۔ گورنر صاحب کی طرف سے کئی بار حکام متعلقہ کو متنبہ کیا جاتا رہا اور تاریں آتی تھیں کہ گورنمنٹ کا کوئی آدمی اس میں مداخلت نہ کرے یا کسی قسم کا دخل نہ دے ۔ کوئی افسر دخل دینے کے لئے نہ جائے اور کسی قسم کی کوئی گڑبڑ نہیں ہونی چاہئے ۔ خدا کے فضل سے جن لوگوں نے انتشار پھیلانے کی کوشش کی وہ اس میں ناکام ہوئے اور یہی ہمارے گورنر صاحب کا تدبر اور صحیح ایڈمنسٹریشن کے چلانے کا ثبوت ہے کہ پہلے جہاں اسمبلی ہال میں کرسیاں ایک دوسرے کو لگتی تھیں اس دفعہ وہ اس میں ناکام ہوئے اور الیکشن صحیح طریقے پر ہوئے ۔ اگر یہ لوگ سمجھتے تھے کہ الیکشن صحیح نہیں ہو رہے ہیں تو ان لوگوں نے الیکشن کا بائیکاٹ کیوں نہ کیا ۔ انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ صدر کا کتنا احترام تھا ۔ اور عوام نے دیکھ لیا کہ یہی شخص جسنے ہمیں اس مصیبت سے نجات دلائی ہے اور اسی واسطے صدر محترم کے دورے کے بعد لوگوں پر صحیح پوزیشن واضح ہوگئی اور ان کے جو منصوبے تھے ان کے متعلق لوگوں کو پتہ چل گیا ۔ انہوں نے دیکھ لیا کہ ہمارے صدر صاحب ایماندار ہیں ۔ قوم کا بیڑا اٹھایا ہے اور کچھ کام کرنے والے دیانتدار اور مخلص آدمی ہیں ان سے بہتر اور کوئی آدمی نہیں ہے ۔ اور کوئی شخص ان سے اچھے قانون پاس نہیں کر سکتا ۔ اس لئے ڈر کے مارے الیکشن کا بائیکاٹ کرنے کے سوا اور کوئی چارہ کار ان کے پاس نہ تھا ۔ میں اس ریزولیوشن کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔ اور کہتا ہوں کہ موجودہ

طریق کار بہتر ہے ۔ صحیح ہے اور درست ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس تقریر کے بعد "ہر کہ شک کرد کافر است"

بیگم زاہدہ خلیق‌الزماں (پی ڈبلیو ۱۵۱ ۔ زون ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ سب سے پہلے میں مولانا صاحب کی اس بات کا جواب دینا چاہتی ہوں جو کہ انہوں نے اماں حوا کے سلسلہ میں ہمیں point out کی ۔ مسلمان ہونے کی حیثیت سے کلام پاک میں جو قانون دیا گیا ہے میں اسکی پیروی کرتی ہوں اور میں سمجھتی ہوں کہ کلام پاک میں خدا نے ہمیں جتنے حقوق دئے ہیں ۔ ہمیں اتنے ہیں چاہئیں اور ہم اتنے ہی مانگتی ہیں ۔

آپکی محترمہ نے ابھی حالیہ کونسل کے اجلاس میں خود قبول کیا ہے کہ ایک عورت پارٹی کو اچھی طرح نہیں چلا سکتی اور آپ انکے ہاتھ میں پاکستان کی پوری حکومت دے رہے تھے اگر خدا نخواستہ ایسا ہو جاتا تو آج پاکستان پر ہندوستان کا جھنڈا لہراتا ہوتا عورت حکومت کے انتظام کو نہیں چلا سکتی مگر آپ لوگوں نے ایک عورت کو ہی سربراہ حکومت بنانے کی کوشش کر کے ایک غلط قدم اٹھایا اور شکست کھائی فاروقی صاحب نے ایک ایسی ناواجب بات بھرے ایوان میں کہی جس کا جواب مجھے دینا ہے مگر مصیبت یہ ہے کہ انہوں نے جس غیر شائستہ اور غیر مہذب انداز میں بلکہ جس سوقیانہ طریقے سے بات کو چلتا کیا میں اس لب و لہجہ میں اسکا جواب دینے سے قاصر ہوں تہذیب میرا دامن تھامے ہوئے ہے شائستگی میرا راستہ روک رہی ہے اور ادب عنان‌گیر ہے کہ بات سلیقے سے ہو ۔ قرینے سے ہو اور اوچھے انداز زیب نہیں دیتے ۔

خواجه محمد صفدر - جناب والا - لیڈی ممبر کو چاهئیے که وہ آپ کو مخاطب کریں -

بیگم زاهده خلیق الزماں- جناب والا- انہوں نے مجھ سے براہ راست ایک سوال پوچھا تھا - جسکا جواب مجھے دینا ھے اصل میں وہ اپنی ناکامی سے نادم ہو کر کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق (جو که ہمارے ہاں ایک مثل ھے) حکومت کے خلاف زبان کھول رہے ھیں یہ لوگ پبلک کے سامنے جا کر تو بول نہیں سکتے بس اس ایوان میں اپنے دل کی بھڑاس نکال رہے ھیں کراچی میں الیکشن کے دوران ہرگز ہرگز کوئی بدعنوانیاں یا دھاندلیاں نہیں ہوئی تھیں- بلکه عوام خود ھی متحده محاذ سے بیزار اور صدر ایوب کے منشور اور انکی شخصیت کے مداح تھے - پولیس والوں نے عوام پر زیادتی نہیں کی بلکه خود متحده محاذ کے آدمیوں نے امن پسند لوگوں پر اور پولیس پر ڈھیلے مارے یه کس اسلام میں جائز ھے که امن پسندوں پر ڈھیلے برسائے جائیں - قریشی صاحب خوب جانتے ھیں که آپوزیشن والوں نے students کو بھڑکایا - جنہوں نے ماؤں بہنوں اور بچوں پر حملے کئے - گھٹیا حرکات کیں- گالیاں دی - مگر ھم برداشت کرتے رہے اگر کوئی دوسری حکومت ہوتی تو یہ لوگ آج جیلوں میں بند ہوتے - لیکن اُلٹا اب یہی لوگ اسمبلی میں فرضی بدعنوانیوں اور دھاندلیوں کے قصے سنا کر دوسرے ممالک تک یه غلط باتیں پہنچانا چاھتے ھیں که انتخابات میں ظلم و ستم ہوا اور دھاندلیاں ہوئیں اس سے پاکستان کو بدنام کیا جا رہا ھے - مولانا فاروقی صاحب ہوتے - - - - - - - -

حاجي سردار عطا محمد لنڈ- جناب والا - لیڈی ممبر کو چاهیئے که

آپ کو مخاطب کریں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ مولانا نے خود مجھ سے سوال کیا تھا مگر کراچی کے متعلق آپ مجھ سے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کر سکتے یہ مجھ سے آنکھ نہیں ملا سکتے ۔ آپ نہیں جانتے انہوں نے کیا کیا حرکتیں کی تھیں ۔ بھوکے مہاجرین کو اکسا کر گالیاں دلواتے رہے ۔ جاهل عوام کے ایمان خریدتے رہے ۔

پہلے تو ان کی پسندیدہ حکومتوں نے یعنی خود ھی انہوں نے کئی برسوں تک مہاجروں کو تنگ کیا ان کو بھوکا پیاسا رکھا اور آخر کار ھمارے خلاف بھڑکا کر ھمیں گالیاں دلوائیں وگرنہ جمہوریت میں تو حکومت نے دخل اندازی نہیں کی ۔

رانا پھول محمد ۔ اب یہ شرم کے مارے سر نیچے کئے ہوئے ھیں ۔

بیگم زاهده خلیق الزمان ۔ میری آج کی تقریر حمزہ صاحب کے ان قابل اعتراض جملوں کا جواب ھے جو انہوں نے اپنی تقریر میں ھمارے خلاف استعمال کئے ۔ اگر بنیادی جمہوریت میں کوئی غلطی تھی تو وہ اس غلط طریق انتخاب میں کیوں داخل ہوئے انہوں نے اس میں شامل ہو کر اسے قبول کیوں کیا ؟ جب ھم ھندوستان مسلم لیگ کے جھنڈے تلے کام کرتے تھے تو ھم نے کانگرس کی وزارتوں میں عہدے قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا بلکہ ھم نے انگریزی عہد میں انتخابات کا بھی بائیکاٹ کر دیا تھا ۔ ھم نے الیکشن میں حصہ نہیں لیا تھا مگر حمزہ صاحب نے تو اس طریق انتخاب کو قبول کرکے

انتخاب لڑا اور اب اس کے خلاف وہی مرغے کی ایک ٹانگ کی رٹ لگا رہے ہیں کہ طریق انتخابات غلط تھا یا اس میں دھاندلیاں ہوئی تھیں ہمارے افسران کو آپ گالیاں دیتے ہیں اور الزامات لگاتے ہیں حالانکہ یہی وہ افسران ہیں کہ جب پاکستان بنا تو انہوں نے دن رات پاکستان کے استحکام کے لئے کام کیا آپ نے حکومت کے خلاف نازیبا الزامات لگائے ہیں حالانکہ یہی حکومت تھی جس نے ان آپوزیشن والوں کی حفاظت کی اور یہی افسران تھے جنہوں نے امن بحال رکھا ۔ اگر یہ افسر اپنا فرض بجا نہ لاتے تو یہ آپوزیشن والے خدانخواستہ اب تک ہندوستان چلے گئے ہوتے۔ غرض ان آپوزیشن والوں نے اس طریق انتخاب کا بائیکاٹ کیوں نہ کیا اور اسکو قبول کیوں کیا اگر قبول کر لیا تھا تو اب اسکے خلاف کیوں بول رہے ہیں ؟ یہ لوگ ہندوستان کے اخبارات پڑھیں تو انکو معلوم ہوگا ۔ کہ ہندوستان کے جتنے بڑے بڑے لیڈر ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ ہندوستان میں صدارتی حکومت آنی چاہئے (شور) ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آہستہ بولئے تاکہ ممبران آپ کی بات سمجھ سکیں ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان ۔ جناب والا ۔ مسٹر حمزہ کا طرز گفتگو کس قدر تلخ تھا اگرچہ وہ شرافت سے بات نہیں کر رہے تھے پھر بھی ہم انکی باتیں چپکے سنتے رہے ۔اب یہ لوگ کیوں شور و غل کر رہے ہیں ۔

یہ کہتے ہیں کہ حکومت شراب بند نہیں کرتی اور جوئے کو جائز سمجھتی ہے یہ سراسر غلط ہے ۔ لوگوں کو ویسے وعظ و تبلیغ سے سمجھانا چاہئے ۔ شہروں میں اور ہر گلی کوچے اور محلے میں

مسلمانوں کو تبلیغ کرنی چاھئیے کہ شراب اور جوا حرام ھے اس سے باز آ جائیں ۔ ورنہ قانون سے ڈر کر اور جیل خانوں اور پھانسی سے ڈر کر بھلا چوری ، ڈاکے اور قتل بند ھو گئے ھیں؟ قانونی ترمیم سے بات نہیں بنے گی ۔ لوگوں کے اخلاق سدھارنے چاھئیں ۔ جو اچھے لوگ ھیں وہ مان جائینگے جو خراب ھیں وہ نہیں مانینگے ۔ نہ قانون سے ڈرینگے نہ جیل خانوں سے خوف کھائینگے ۔ جب آپ کی پارٹی کی حکومت تھی تو آپ نے کیوں نہ شراب کو بند کیا اور جوئے کو ممنوع کیوں نہ قرار دیا ؟ کیا دنیا کی کسی حکومت نے کسی ملک میں شراب کو قطعاً بند کر دیا ھے ؟ جب تک برے اخلاق کے افراد باقی ھیں وہ چوری چھپے شراب پیتے اور جوا کھیلتے رھینگے ۔ لہذا آپوزیشن کی تنقید برائے تنقید ھے ۔ یہ سستی شہرت کے آرزو مند ھیں ۔ یہ لوگ خود ظلم کرتے ھیں اور حکومت پر الزام لگاتے ھیں ۔

ھم آہ بھی بھرتے ھیں تو ھو جاتے ھیں بدنام

تم قتل بھی کرتے ھو تو چرچا نہیں ھوتا

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا مجھے personal explanation میں کچھ کہنا ھے اور اجازت ھو تو صرف ایک شعر عرض کردوں ۔صہ

گل پھینکے ھیں اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی

اے خانہ بر انداز چمن کچھ تو ادھر بھی !

بیگم زاھدہ خلیق الزمان ۔ آپ کی طرف ثمر ھی تو پھینکے ھیں ۔

ملک قادر بخش (مظفرگڑھ ۔ ۲) ۔ جناب والا ۔ حمزہ صاحب نے شاید یہ سوچا ھو گا کہ وہ اس ریزولیوشن کو ایوان ھذا میں پیش

کر کے قوم و ملک کی خدمت سرانجام دینگے لیکن اگر وہ ٹھنڈے دل سے سوچیں تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں (خدا کرے ان کی سمجھ میں آجائے) کہ وہ اس طرح ملک کی خدمت نہیں کر رہے۔ بلکہ الٹا اسے نقصان پہنچا رہے ہیں۔

عرض یہ ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ اس ملک کے انتخابات دوسرے ممالک کے انتخابات کے مقابلے میں بے انصافی پر مبنی ہیں۔ تو یہ ایک ظلم ہوگا۔ اور ایک بہت بڑی زیادتی ہوگی حقیقت یوں نہیں۔ ہمیں امریکہ کے الیکشنوں کا پتہ ہے۔ جہاں گنتی کی مشینوں کو ٹھہرا لیا جاتا ہے۔ tamper کیا جاتا ہے۔ وہ امریکہ جس پر وہ ناز کرتے ہیں۔ اور اس کی مثالیں دیتے ہیں۔

Khawaja Muhammad Safdar : On a point of order. Rule 88 reads as follows :—

> "The discussion on a resolution shall be strictly limited to the subject-matter of the resolution."

محترم ملک صاحب بڑے پرانے اور فاضل وکیل ہیں۔ ان کو پتہ ہے کہ relevancy کا مطلب کیا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will not allow any cross talk.

Malik Qadir Bakhsh : Through you I beg to draw the attention of Khawaja Sahib to the fact that all these matters were brought in by them and not by us. Now when I have stood up to reply, they say that it is irrelevant. This is too much to expect from us that we should not make a reply to what they have said.

جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ امریکہ میں انتخابات کے موقع پر اتنی شرمناک باتیں ہوتی ہیں جن کا ذکر مناسب نہیں۔ کیونکہ یہاں خواتین بیٹھی ہوئی ہیں۔ میں ان کی تفصیلات میں نہیں

جاؤنگا ۔ وھاں تو شراب کے دریا بہتے ھیں ۔ رشوتیں ۔ بڑے بڑے عہدے اور انڈسٹری کے وعدے وغیرہ وغیرہ ۔ اس قسم کی چیزیں وھاں عام ھوتی ھیں پاکستان میں تو ایسی کوئی چیز نہیں ھوئی ۔ اس کا ساری قوم کو علم ھے ۔ تو میں خواجہ صاحب کا جواب دینے کے لئے اسی موضوع کی طرف آتا ھوں ۔ خواجہ صاحب کو معلوم ھے کہ ھمارے ھاں Electoral College کے انتخابات کے لئے کسی سیاسی پارٹی نے ٹکٹ نہیں دئیے تھے ۔ یہاں الیکشن لڑے گئے ۔ اور خواجہ صاحب نے اپنے ضلع میں ضرور دیکھا ھوگا کہ جاٹ جاٹ کے پاس جا رھا تھا ۔ راجپوت راجپوت کے پاس جا رھا تھا ۔ لیکن حکومت اس میں کوئی دخل نہیں دے رھی تھی ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ چیز ideal ھے کہ جاٹ جاٹ کو ووٹ دے اور راجپوت راجپوت کو دے ۔ This is not my stand. میں تو یہ عرض کر رھا ھوں کہ ھمارے ھاں کچھ prejudices اور کچھ customs ھیں ۔ لیکن اب ھمارا ملک انشاءاللہ آھستہ آھستہ ترقی کر رھا ھے ۔ امید ھے کہ ھم ان چیزوں کو shake کر دینگے ۔ اور آئندہ صرف قومی مفاد کو سامنے رکھ کر ووٹ دینگے ۔ یہاں میں ان سے صرف ایک چیز دریافت کرنا چاھتا ھوں ۔ کیا یہ درست نہیں کہ آپ نے ۲ جنوری ۱۹۶۵ء کی صبح کو (آپ بیشک آج بھی ھر ایک اخبار اٹھا کو دیکھ لیں) یہ دعوے کیا تھے کہ ۸۰ فیصد ووٹ محترمہ کو مل رھے ھیں ؟

On the very day when election was to take place in the morning papers.

اور جب کہ بیچارے ووٹران ووٹ ڈالنے کے لئے اپنے گھروں سے قریباً قریباً چل چکے تھے ۔ آپ خود ھی اندازہ فرمائیں ۔ وھاں پولیس کہاں سے آ گئی ۔ اور پانچ منٹ میں ان کو مار مار کر کہاں ووٹ

ڈالے گئے ۔ Let them say one place

خواجہ محمد صفدر ۔ On a point of order Sir. ۔ جناب والا Electoral College Act اور Rules سے اس کا کیا تعلق ہے ہم نے اس کے متعلق کچھ نہیں کہا ۔ آپ دیکھ لیں ۔ اگر میرا ریزولیوشن آ رہا ہے میں اس پر بات کرونگا اب اس کا جواب دیں ۔ اب اس بحث کو بند کریں ۔ یہ باتیں اس میں آ جائینگی ۔

ملک قادر بخش ۔ جناب یہ اس Electoral College Act کی خوبی کا نتیجہ تھا کہ اتنے بہترین نمائندے آ گئے جو کسی کے زیر اثر نہ تھے۔ جو کسی جھوٹے پراپیگنڈا کا شکار نہ تھے ۔ جو کسی پولیس کے زور ۔ دھاندلی یا بے ایمانی سے منتخب ہو کر نہیں آئے تھے ۔ یہ وہ نمائندے تھے جن کے لئے دونوں طرف سے canvassing ہو رہی تھی ۔ اور جن کے متعلق میرے دوست دعوے کرتے تھے کہ ۸۰ فیصد ہمارے ساتھ ہیں ۔ چنانچہ اس وقت میرے ساتھ اخبار والے بھی مذاق کر رہے تھے ۔ کیونکہ میں نے ایک موقع پر کہا تھا کہ اگر ملتان ڈویژن سے ۸۰ فیصد ووٹ نہ آئے ۔ تو میں گولی کھانے کو تیار ہوں ۔ اس پر انہوں نے کہا تھا کہ ملک صاحب میٹھی گولی کھائینگے ۔ یہ اصلی گولی نہ کھائینگے ۔

Because I know personally, I went from village to village and I saw that everybody was for President Ayub Khan. Nobody said 'No'.

جناب یہ کس چیز کی برکت تھی ۔ یہ اس Electoral College اور اس سسٹم کی برکت تھی ۔

My friend says that I am not relevant. He should wait and see.

یہ اس چیز کی برکت تھی کہ عوام نے اپنی مرضی سے ووٹ ڈالے تھے اور اپنی مرضی کے صحیح اور سمجھدار نمائندے چنے تھے ۔

ہوسکتا ہے کہ اس میں کچھ سقم بھی ہوں ۔ تو وہ تو جناب ہر ایک سسٹم میں ہوتے ہیں ۔ اور وہ تو lower level پر ہوتے رہینگے ۔

Why to take this issue at such a high level and to pass it in the form of a resolution.

میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب کچھ cheap popularity کی خاطر کیا جارہا ہے تاکہ ان کی بات اخباروں میں آجائے کہ ہمارے ملک کے انتخابات کا جو بنیادی قانون ہے ۔ وہ غلط ہے ۔ اور ہم یہ تاثر بیرونی دنیا کو دے رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں حمزہ صاحب نے یہ ریزولیوشن پیش کر کے اس ہاؤس کے ساتھ ہی نہیں ۔ بلکہ قوم اور قوم کے intelligentsia کے ساتھ زیادتی کی ہے لہذا میں ان سے استدعا کرونگا کہ وہ اب بھی اس پر نظرثانی کریں اور اسے واپس لے لیں ۔

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon): Mr. Speaker, Sir, the resolution before the House is that a committee of specified persons should be appointed by the Central Government on the recommendation of the Provincial Government to see and examine how far the existing Electoral College Act 1964 and the Rules framed thereunder are sufficient enough to meet or eliminate the recurrence of acts of omission and commission as alleged by certain members of this House today in support of the resolution. If we go a little behind this Electoral College Act and the rules framed thereunder; we had here in the country, and particularly in our province, the district boards, municipal committees, sanitary committees (as they were named in certain parts of the province), and the like. If my friends on the other side of the House were to take a little pain and had laboured a little more to look into those Acts and find out what was the electoral law which guaranteed elimination of any mal-practices *vis-a-vis* these elections, they would have found that the Electoral College Act and the Rules framed thereunder go far beyond what was provided in those old Acts and the days in which and during which period their own Government reigned and ruled here in the province. The various provisions relating to mal-practices in the elections provided in the Electoral College Act will show that this law as enacted and as

administered in the country, particularly in the province of West Pakistan is fool-proof, perfect, infallible and does not admit of any further change, in the light of facts and circumstances other than those alleged here on the floor of the House or alleged outside for the sake of mentioning it or for the sake of playing to the gallery here and for the sake of earning popularity but those facts actually established before the Tribunal set up for this purpose to enquire into these allegations (I mean the Tribunals set up under the Act) and the various writ petitions by which certain elections to the Electoral College were challenged by some of the unfortunate and unsuccessful candidates, probably, a major share of which went on to this side for no fault of theirs. The writ petitions put a challenge to the Leader of the Opposition, whose knowledge is already accepted, to produce a single instance from the decisions of the High Court in these matters where the High Court has said that a mal-practice has been committed as a result whereof election is set aside but it feels helpless to give any relief or to say that no proper measure has been taken or provision has been made to meet any contingency or irregularity committed or alleged to have been committed at the election. Not a single instance can be pointed out in that behalf.

To proceed a little further various petitions went before the Tribunal set up under the Act. Not a single case has been pointed out by the Members sitting on the Opposition Benches, to prove that the Tribunal has said that mal-practices *vis-a-vis* the election had been committed and the Election Tribunal has found the law wanting or the rules wanting to meet any such emergency or situation as a result whereof we should recommend to the Central Government that a case has been made out for the amendment of the Act or the Rules. I would respectfully invite, a few moments, the attention of the Members to the Chapter dealing with election petitions and election offences :

> "corrupt practice, illegal practice, bribery, personation, undue influence, *prohibition of canvassing in or near polling station*".

a rare rule enacted for the first time in this Act and of which a parallel can never be found in the earlier Acts,

> "tampering with papers, interference with secrecy of voting, failure to maintain secrecy, officials not to act for or against candidates, breaches of official duty in connection with election, assistance by Government servants,"
>
> so on and so forth,

As I respectfully submitted that these offences are those which will be found in the earlier Acts relating to election offences only in respect of elections to the National and Provincial Assemblies, the Constituent Assembly or the like. It is for the first time that this Electoral College Act has prescribed all these offences which could never be offences and were not offences under the previous laws in respect of such elections. My respectful submission is that we have yet to see what the Election Commission has to say. These elections to the Electoral College were admittedly held under the auspices of the Election Commission and its report is still awaited. Let us have patience and see what the Election Commission has to say.

As I submitted, the decisions recorded by the Judicial Tribunals set up under this Act including the High Court, have not yet pointed out a single instance which could form the basis of any such recommendation to the Central Government. If and when the Election Commission comes out with a report and says that a case has been made out that the present law is not adequate, it is not able to meet any supposed and imaginery, acts of omission or commission (which may probably be existing in the imagination of the Members on the other side) it will not be too late for the Central Government to take up this legislation. It will not be too late either for the Provincial Government to make an appropriate recommendation to the Central Government. Suffice it to say that for the present no case has been made out by any of the Members here or even outside this Assembly to convince the Provincial Government that a case for revision of Electoral College laws, so far as election to the Electoral College is concerned, is made out. Therefore this Resolution deserves the fate which it should meet and I appeal to the Members of the House to reject it outright.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ صاحب صدر ۔ اس قرارداد پر بہت بحث ہو چکی ہے ۔ ان کا مقصد جو قرار داد میں بتایا گیا ہے وہ اور ہے اور ان کی تقریروں میں جو کچھ ہم نے سنا ہے وہ مقصد اور ہے ۔ اگر ان کا مقصد یہ تھا کہ الیکٹرول کالج ایکٹ اور الیکٹرول کالج رولز ۱۹۶۴ میں کچھ خامیاں ہیں جن کی وجہ سے ان کے قول کے مطابق

بے ضابطگیاں اور بد عنوانیاں ہوئی ہیں انہیں درست کیا جائے ۔ تو ان کا وہ مقصد اس قرارداد کے پیش کرنے سے حل نہیں ہو سکتا ۔ کہا گیا ہے کہ اس الیکٹرول کالج کے ذریعہ جو پچھلے انتخابات ہوئے ہیں ان میں بد عنوانیاں اور بے ضابطگیاں ہوئی ہیں اس لئے وکیلوں کی ایک کمیٹی یا کمشن جس کا صدر ہائی کورٹ کا جج ہو ۔ مقرر کیا جائے تاکہ وہ اس لاء کو examine کر لیں اور ان رولز پر غور کر لیں اور ان کے لئے مناسب سفارشات پیش کریں۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں ان کا یہ مقصد نہیں تھا ۔ اگر ان کا یہ مقصد تھا تو ان کو علم ہونا چاہئے کہ وکیلوں کا کام اور ہے ہائی کورٹ کا کام اور ہے اور لیجسلیچر کا کام اور ہے ۔ ہر حکومت میں تین ادارے ہوتے ہیں۔ لیجسلیچر ۔ ایگزیکٹو اور جوڈیشری ۔ لیجسلیچر کا کام ہے قانون بنانا ۔ ایگزیکٹو کا کام ہے قانون چلانا اور جوڈیشری کا کام ہے کہ لوگوں کو بتائے کہ وہ قانون کے تحت کس طرح چلیں وہ انصاف کرے ۔ قانون کے تحت فیصلے کرے ۔ جوڈیشری کا کام یہ نہیں کہ قانون بنائے ۔ یہ کام تو مجلس قانون ساز کا ہے ۔ ایگزیکٹو اس کو چلاتی ہے اگر کسی معاملہ میں کوئی تنازعہ پڑ جائے تو یہ جوڈیشری کا کام ہے ۔ ہائی کورٹ کا کام ہے کہ فریقین کو اپنی رائے بتائے کہ کون حق پر ہے اور کون غلطی پر ہے ۔ آپ خواہ مخواہ غیر ضروری طور پر ہائی کورٹ کے جج کو بیچ میں کھینچ لیتے ہیں ۔ کہ وہ سیاست میں حصہ لے یا سیاسی کاموں میں دخل دے ۔ ہم تو چاہتے ہیں اور بہتر بھی یہی ہے کہ مجلس قانون ساز قانون سازی کا کام کرے جوڈیشری انصاف کا کام کرے ۔ لوگوں کے درمیان مصالحت کرائے ۔ ان کے معاملات کے متعلق قانون کے تحت فیصلہ کرے ۔ اگر آپ ان اصحاب

کو جو انصاف کے لئے مقرر کئے گئے ہیں چاہتے کہ ان بکھیڑوں میں ڈال دیں یا وہ ان جھگڑوں میں پڑیں جو میرے اور حمزہ صاحب کے درمیان ہیں تو یہ کوئی اچھی بات نہیں ۔ آپ کو معلوم ہے آپ یہاں کیوں آئے ہیں آپ اس لئے آئے ہیں کہ آپ یہاں قانون پر بحث کریں ۔ آپ کا کام قانون بنانا ہے ۔ جیسا کہ اس ایوان کا نام مجلس قانون ساز ہے یعنی لیجسلیٹو اسمبلی خواہ وہ صوبائی ہو یا نیشنل اسمبلی ہو ۔ اس ایوان کا کام قانون بنانا ہے ۔ یہ کام تو ہمارا ہے ۔ عدلیہ کا کام ہے عدالت کرنا انصاف کرنا وکیلوں کا کام ہے وکالت کرنا لڑنا اپنے موکل کے لئے ۔ میں خود بھی وکیل رہ چکا ہوں میں بخوبی جانتا ہوں ۔ عدلیہ انصاف کرتی ہے ۔ آپ کا اور میرا کام قانون بنانا ہے ۔ اور اگر کہیں کسی قانون میں نقائص ہوں تو ہم اس میں ترمیم کر سکتے ہیں ۔ اور جناب والا ۔ الیکٹرول کالج ایکٹ نیشنل اسمبلی نے سنہ ۱۹۶۴ میں بنایا ہے کیا وہاں وکیلوں کی کمی ہے آپ کو پتہ ہونا چاہئے کہ وہاں پر وکیل بہت ہیں اور بہت بڑے بڑے وکیل ہیں میں اور آپ تو انکے مقابہ میں کچھ بھی نہیں ہیں ۔ وہاں چوٹی کے وکیل ہیں جو تمام پاکستان میں مشہور ہیں اور وہ مجلس قانون ساز (نیشنل اسمبلی) کے ممبر ہیں وہاں پر بڑے بڑے بیرسٹر ہیں وہاں پر ایسے بھی وکیل ہیں جو پہلے منسٹر رہ چکے ہیں وہاں پر ایسے بھی وکیل ہیں جو پہلے پرائم منسٹر رہ چکے ہیں اور وہ ایک نہیں دو نہیں دس بیس نہیں بلکہ جب میں وہاں تھا تو ۲۵ - ۳۰ وکیل تھے اور وہ بہت لائق فائق اور قابل آدمی تھے ۔ تو آپ کون سے وکیل اٹھا کر لائیں گے اور ایک ہائی کورٹ کے جج کو کھینچ کر ان کے سر پر چسپاں کریں گے کہ آپ قانون میں ترمیم کریں ۔ اس سلسلے میں پہلے تو

معلوم کرنے میں دقت ہوگی کہ آیا بدعنوانیاں اور بے ضابطگیاں ہوئی بھی ہیں یا نہیں کیونکہ اس قرارداد کی جو بنیاد رکھی گئی ہے وہ ٹیڑھی ہوگئی ہے ۔ بنیاد یہ رکھی گئی ہے کہ بدعنوانیاں اور بےضابطگیاں ہوئی ہیں اور بالفاظ دیگر دھاندلیاں ہوئی ہیں اسلئے انکو دور کرنے کیلئے ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا جائے ۔ دراصل آپ کا مقصد تو یہ ہے اور آپ دکھلانا تو یہ چاہتے ہیں کہ موجودہ حکومت کے دور میں دھاندلیاں بہت ہوئی ہیں تو یہ مقصد حل ہو چکا ہے ۔ لیکن اگر دوسرا مقصد ہو تو اسکا حل اس قرارداد سے نہیں ہو سکتا ۔ لیکن میں ایک بات آپ سے عرض کر دوں میں نے سنا تھا اور شاید آپ نے بھی سنا ہوگا کہ ''ہٹلر نے کہا تھا کہ اگر آپ بہت معمولی جھوٹ بولیں گے تو لوگ غور نہیں کریں گے جھوٹ بولئے اور بہت موٹا جھوٹ بولئے اور اسکو بار بار دھرائیے تب لوگ اس پر یقین کریں گے اور یہ ہی لوگوں کو باور کرانے کا طریقہ ہے'' ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ دنیا جانتی ہے ۔

وزیر مال ۔ آپ نے ہٹلر کا طریقہ سیکھا ہے اور یہی پٹی حمزہ صاحب کو بھی پڑھائی ہے کہ بولتے رہو رٹ لگاتے رہو موجودہ حکومت کے دور میں دھاندلیاں ہوئی ہیں ۔ انتظامیہ نے بھی دخل دیا ہے ۔ رشوتیں خوب چلی ہیں اور انکا خیال ہے کہ اس جھوٹ کو بار بار دھرانے سے یہاں ایوان کے اندر اور باہر بھی لوگ یقین کر لیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar: On a point of order, Sir. The word "Jhoot" is unparliamentary.

وزیر مال ۔ میں ضد نہیں کرتا ہوں ، تسلیم کرتا ہوں اور میں withdraw کرتا ہوں ۔

خواجه محمد صفدر - پارلیمنٹری لفظ استعمال کیجئے -

وزیر مال - اچھا میں جھوٹ کا لفظ نہیں کہتا بلکہ میں کہتا ہوں کہ آپ نے سچ نہیں کہا اور آپ نے غلط بیانی کی تھی - یہ جو باتیں آپ نے کی تھیں وہ سچ نہیں ہیں اور میں انکو سچ نہیں تسلیم کرتا اگر آپ کسی بات کو بار بار کہیں گے تو ہم بھی تو آخر انسان ہیں اگر آپ ہم پر غلط الزام لگائیں گے اور بار بار غلط الزام لگائیں گے اور چیخ چیخ کر غلط الزام لگائیں گے اور پکار پکار کر غلط الزام لگائیں گے تو پھر ہمارے بھائی اور بھتیجے کیوں نہ چیخ اٹھیں گے اور کیوں نہ ان کا جواب دیں گے آخر انکے پاس بھی تو دل ہے کیا انکو رنج نہیں ہوتا ہوگا کہ آپ بار بار ہم پر الزام لگاتے ہیں ؎

آخر انسان ہوں یہ صبر و تحمل کب تک
سینکڑوں سن کے بھی دو چار کہوں یا نہ کہوں

آخر اتنی باتیں سن سن کر ہمیں بھی کچھ نہ کچھ کہنا ہی پڑے گا - میں نے کسی اور دن بھی جب اس قسم کی قرارداد زیر بحث تھی یا اغلباً بحث یہ تھی کہ ہم نے دھاندلیاں کی ہیں اور بد عنوانیاں کی ہیں یہ عرض کیا تھا کہ اس سے پہلے بھی الیکشن میں دھاندلیاں ہوئی ہیں تو فاروق صاحب نے اپنے جواب میں فرمایا تھا کہ یہ تو پرانی باتیں ہیں اور آپ تو پرانی باتیں کرتے ہیں اس سلسلے میں میں نے مولانا مودودی صاحب کے کچھ اقتباسات پڑھے تھے جو ان کو نا گوار گزرے تھے- میں تو یہ جانتا ہوں کہ اصول تو پرانے ہی اچھے ہوتے ہیں - بہر حال مولانا مودودی صاحب نے بہت اصول کی بات کہی تھی انہوں نے یہ فرمایا تھا کہ یہاں پر جمہوریت چل ہی نہیں سکتی- اس لئے میں خواجہ صفدر صاحب سے یہ

بات عرض کرتا ہوں کہ آپ کو اچھی طرح معلوم ہے کہ آپ کیوں ناکامیاب ہوئے ہیں اور آپ نے کیوں شکست کھائی ہے ۔ ہاں اب اپنی شکست کو چھپانے کیلئے اور اپنی کمزوریوں کو چھپانے کے لئے حکومت پر یہ الزام لگا دیا ہے کہ یہ شکست حکومت کی دھاندلیوں کیوجہ سے ہوئی ہے ۔ اور اس کی وجہ سے ہم فیل ہو گئے ہیں ۔ لیکن یہ غلط ہے کہ حکومت کیوجہ سے آپ فیل ہوئے ہیں ۔ بات در اصل وہی ہے جو آپ کو معلوم ہے اور ہمکو بھی معلوم ہے کہ آپ کیوں فیل ہوئے ہیں اور آپ کو کیوں شکست ہوئی ہے ۔ میں آپکو بتاتا ہوں کہ جب الیکٹرول کالج کے انتخابات ہو رہے تھے یا جسکو عام فہم الفاظ میں بنیادی جمہوریت کے انتخابات کہہ لیجئے تو جیسا کہ میرے کسی ساتھی نے ایوان کے اس حصہ سے فرمایا تھا کہ ان انتخابات میں مسلم لیگ نے بحیثیت مسلم لیگ کے حصہ نہیں لیا تھا۔ اس سے پہلے جب متحدہ محاذ پارٹی بن گئی یا متحدہ محاذ پارٹی بنائی گئی تو آپکو یاد ہوگا کہ وہ سوچ رہے تھے (اخبارات اس سے بھرے پڑے ہیں) کہ الیکشن کا ہم بائیکاٹ کر دیں اور اس لئے بائیکاٹ کر دیں کہ یہ الیکشن فرضی ہونگے ۔ ان میں بے ضابطگیاں ہونگی ۔ پولیس دخل دیگی ۔ گورنمنٹ اس میں دخل دیگی ۔ بڑا ظلم ہوگا اور معلوم نہیں کیا کیا ہوگا۔ اسلئے کیا فائدہ ؟ الیکشن کا بائیکاٹ کرنا چاہئے ۔ لیکن جب الیکشن ہو گیا یعنی Basic Democrats اور الیکٹرول کالج یا بنیادی جمہوریت کے ممبروں کا انتخاب ہوا تو انہوں نے دیکھ لیا کہ بد عنوانیاں نہیں ہوئیں جن کا ہمیں خطرہ تھا اور جنکا ہمیں خوف تھا اور جنکا ہمیں ڈر تھا اور جب انکو یقین ہو گیا کہ جب مقابلہ ہوگا تو ہم جیت جائیں

گے تو پھر وہ میدان میں آئے ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ اخباروں میں مخالف پارٹی کے بڑے بڑے ممبروں اور کرتا دھرتا لوگوں نے یہ بیان دیا تھا کہ ہمیں ایسے انتخابات میں حصہ لینے سے فائدہ کیا جہاں حکومت ہم پر پابندیاں لگا رہی ہے ؟ ہمارے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرتی ہے ایسی حالت میں ہم الیکشن نہیں جیت سکتے لیکن جب Basic Democrats یا بنیادی جمہوریت کے لوگوں کا انتخاب ہوا تو اسنے آپ کو encourage کیا اور آپ نے کہا کہ حکومت نے دخل نہیں دیا ۔ حکومت نے رکاوٹیں نہیں ڈالیں ۔ سب آزاد تھے نہ سنسر ہے ۔ نہ کوئی ممانعت ہے ۔ نہ کوئی پابندی ہے اور نہ کوئی رکاوٹیں ہیں ۔ تو اس وقت متحدہ محاذ نے جسکے اجزائے ترکیبی بلکہ یہ کہوں کہ متضاد اجزائے ترکیبی جسمیں نمک بھی مرچ بھی اور شیرینی بھی شامل تھی ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ شیرینی خواجہ صفدر ہیں ۔

وزیر مال ۔ اس متحدہ محاذ نے یہ غلطی کی کہ اس کو چوں چوں کا مربہ بنا دیا ۔ کہیں یہ بات چل سکتی تھی ؟ کہیں اسطرح آپ کامیاب ہو سکتے تھے ؟ میں کبھی ایسی بات نہیں کر سکتا جسکی آپ تردید کر دیں ۔ اُس دن بھی میں نے ایک بات کہی تھی اور وہ بات کہنے کے سلسلے میں میں نے ایک اخبار "زندگی" جو رحیم یار خان سے نکلتا ہے اسکا حوالہ دیا تھا ۔ میں نے کہا تھا کہ یہ اخبار "جماعت اسلامی" کا ہے تو انہوں نے مجھے correct کیا کہ نہیں یہ اخبار جماعت اسلامی کا نہیں ہے جماعت اسلامی کا ہمدرد ہے ۔ اسکے ایک صفحہ میں مجھے برا بھلا کہا گیا تھا اور ۱۵ صفحات میں مولانا مودودی صاحب کی تعریف کی گئی تھی ۔ یہ جماعت اسلامی کا paper ہو یا انکا ہمدرد

ہو بہر حال میں نے اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہی تھی - میں نے مرحوم حمید نظامی کا حوالہ دیا تھا کہ یہ انکی تحریر ہے جسکو اس اخبار "زندگی" نے reproduce کیا ہے اور اس میں متحدہ محاذ کے یوسف کھٹک کی زبانی بات کہی تھی جنکے بھائی یہاں اس دن بیٹھے ہوئے تھے میں نے بار بار کہا تھا کہ وہ اسکی تردید کر دیں - اور میں نے کہا کہ یوسف کھٹک نے خود جا کر اس وقت کے گورنر کو کہا - میں نے کوئی زبانی بات نہیں کی - میں نے قیوم خان کی الیکشن کے حوالے دیے تھے - ان کا ریکارڈ موجود ہے - آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کون سی باتیں ہیں جو میں نے ابھی کی ہیں اور جن کے متعلق جسٹس شریف سپریم کورٹ کے ریٹائیرڈ جج کے ٹریبونل نے فیصلے کئے ہیں - اس سے بھی بہت زیادہ چیزیں میرے ذہن میں ہیں لیکن اتنا وقت کہاں ہے میرے پاس کہ میں تمام کہانی آپکو سناتا - وہ تو میں نے چند مثالیں دیں کہ کیسے supporters غائب ہو جاتے تھے کیسے candidates غائب ہو جاتے تھے - کیسے ان کی نامزدگی کے کاغذات رد کئے جاتے تھے - آپ ان چیزوں کی کبھی تردید نہیں کر سکتے - میں جو بات کرتا ہوں - آپکے سامنے جو کچھ عرض کرتا ہوں آپ اس کی کبھی تردید نہیں کر سکتے - میں نے اجزائے ترکیبی کے متعلق کہا تھا - یہ متحدہ محاذ کیا ہے - میں اس لئے یہ بات کہتا ہوں کہ آپکو معلوم ہو جائے گو آپکو معلوم ہے لیکن دنیا کو بھی معلوم ہو جائے کہ یہ جماعت کب تک چل سکتی تھی -

خواجہ محمد صفدر - اس ساری تقریر کا تعلق اس سے کیا ہے -

وزیر مال - تعلق ہے - اس لئے کہ آپکی پارٹی غلط راستے پر چل رہی تھی - کیا کونسل مسلم لیگ، کیا نیشنل عوامی پارٹی اور کیا دوسری جماعتیں -

خواجہ محمد صفدر - اس کا جواب ہم بعد میں دینگے - لیکن اس وقت آپ relevant نہیں ہیں -

وزیر مال - میں بہت relevant ہوں - میں خواجہ صاحب کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمیں ایسی باتوں میں shelter نہیں لینا چاہئے - آپ کہتے ہیں کہ ہماری malpractices کیوجہ سے آپکو شکست ہوئی - میں کہتا ہوں کہ اس چیز کیوجہ سے نہیں ہوئی وہ تو آپکے اپنے اعمال ہیں جنکی وجہ سے آپکو شکست ہوئی - وہ کیونکر سنئے ؟ ایک تو آپکی کونسل مسلم لیگ - ایک نیشنل عوامی پارٹی - تیسری عوامی لیگ - چوتھی جماعت اسلامی اور پانچویں نظام اسلام پارٹی - ان پانچوں کا مرکب - میں کہتا ہوں کہ یہ چوں چوں کا مربہ کیا تھا - یہ تھا آپکا متحدہ محاذ اب آپ بتائیے - بیشک آپ اس کی تردید اخباروں میں کر دیں لیکن آپ ہی بتائیں کہ کیا یہ ٹھیک نہیں ہے کہ کونسل مسلم لیگ ون یونٹ کو چاہتی ہے اور وہ اس پر قائم ہے کہ ون یونٹ قائم رہے - لیڈر یہاں پر ہیں - کونسل مسلم لیگ یہاں پر موجود ہے - یہ ان کا سیاسی ایمان ہے - عقیدہ ہے - کہ ون یونٹ ہونا چاہئے - اس کے برعکس آپکی نیشنل عوامی پارٹی کے کرتا دھرتا عبدالغفار خان اور عبدالولی خان ہیں - کیا یہ یقینی امر نہیں ہے کہ وہ ون یونٹ کے برخلاف ہیں ؟ آپ کہہ دیں کہ یہ غلط بات ہے - جس طرح کہ کونسل مسلم لیگ ون یونٹ پر ڈٹی ہوئی ہے کہ ون یونٹ قائم رہنا

چاھئے عین اس کے برعکس آپکی نیشنل عوامی پارٹی اور خاص کر اس کے لیڈر عبدالغفار خان اور ان کے فرزند ارجمند عبدالولی خان اس ون یونٹ کے سخت برخلاف ھیں ۔ میں پوچھتا ھوں کہ ھیں یا نہیں ھیں ؟ آپکو اس وقت سوچنا چاھئیے تھا کہ آپ کس کے ساتھ اپنے آپکو ایک چادر میں ڈھانپ رھے ھیں ۔ عبدالغفار خان کہتا ھے کہ ون یونٹ توڑو۔ کونسل مسلم لیگ کہتی ھے کہ ون یونٹ کو قائم رکھو ۔ تو یہ دونوں پارٹیاں کیسے ایک ساتھ چل سکتی ھیں۔ اور سنئیے عوامی لیگ کیا کہتی ھے ۔ وہ کہتی ھے کہ دونوں صوبوں کو بھی الگ کر دو ۔ ان کو قطعی الگ کر دو ۔ تو وہ ایک تیسری طرف جا رھے ھیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

وزیر مال ۔ اب جماعت اسلامی ھے ۔ میں اپنی طرف سے کچھ نہیں کہوں گا ۔ لوگ کہتے ھیں کہ یہ مولانا مودودی صاحب کے برخلاف کچھ کہا کرتے ھیں لیکن میں جو کچھ کہتا ھوں ان کی اپنی زبانی کہتا ھوں ۔ آپ خود سمجھیں کہ مولانا مودودی صاحب کیا کہتے ھیں ۔ ان کی میں صرف تین چار سطریں آپکو سناتا ھوں ۔ یہ متحدہ محاذ بنا تھا کہ آخر کار یہ پراونشل الیکشن لڑے گا اور صدارتی انتخاب کے لئے محترمہ مس فاطمہ جناح کو امیدوار چن لیا ۔ اس دن میں نے کچھ اقتباس پڑھکر سنائے تھے ۔ یہ کہتے ھیں کہ ھم سن ۴۷-۴۸ء کے نہیں سننا چاھتے ابھی کے بتاؤ ۔ تو میں سن ۶۲ کے بتاتا ھوں ۔ بہت پرانے نہیں ھیں ۔ یہ سن ۶۲ کے ھیں مولانا ابواعلیٰ مودودی کی لکھی ھوئی کتاب ''اسلامی ریاست'' مرتبہ پروفیسر خورشید احمد ایم اے ایل ایل بی ۔ اسلامک پبلیکیشنز ۔ ۱۱ (سی) شاہ عالم مارکیٹ لاھور ۔ یہ کتاب ھے آپکی ۔ یہ کتاب جماعت اسلامی

کے لیڈر اس کے امیر مولانا مودودی کی ہے اور ان کی پارٹی بھی اس متحدہ محاذ میں شامل تھی ۔ اب آپ ان کی سنیئے ۔ ان کا یہ سیاسی ایمان اور عقیدہ ہے ۔ سنیئے اور غور سے سنیئے فاروقی صاحب ۔ یہ سن ۶۲ کی کتاب ہے ۔ میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ پانچ متضاد پارٹیاں کیسے ایک راستے پر جا سکتی تھیں ۔ یہ سب ایک دوسرے کے چور ہیں ۔ میرا مطلب یہی ہے یہاں پر مجھے ایک لطیفہ یاد آ گیا چوری کا ۔ نقل کفر کفر نہ باشد ۔ میں معافی چاہتا ہوں ۔ لطیفہ یہ ہے کہ ایک شخص کا بیل گم گیا ۔ وہ زمیندار تھا ۔ وہ اپنے گاؤں سے باہر نکلا ۔ اب وہ کوشش کرتا ہے کہ وہ اس کی تلاش کرے ۔ اس نے خیال کیا کہ آجکل فصل کی کٹائی ہو رہی ہے ۔ اور وہ لوگ کھلواڑوں میں کام کرتے ہیں Thrashing floor پر کام کرتے ہیں ۔ اس نے سوچا کہ ہو نہ ہو میرا بیل کسی نے چرایا ہوگا ۔ کسی شخص نے اس سے کہا کہ بیل کھلواڑے میں ہوگا ۔ وہاں ضرور آپکو ملے گا ۔ وہ اپنے گاؤں سے نکلا اور کھلواڑے کی طرف گیا ۔ اس نے چار پانچ میل دور دیکھا کہ ایک زمیندار نے کھلواڑے پر چھ سات بیل باندھے ہیں ۔ اس نے دیکھا اور اپنا بیل پہچان لیا (میں پھر معافی مانگتا ہوں فاروقی صاحب) اس نے اپنا بیل پہچان لیا اس نے آواز دی کہ او شریر بیل چراتے ہو ۔ میرا بیل چھوڑ دو ۔ زمیندار نے جب دیکھا کہ یہ مجھے مارے گا تو اس نے چھوڑ دیا اس نے کہا کہ یہ میرا بیل نہیں ہے ۔ میرا بیل تو موٹی سینگ والا ہے ۔ تو اس نے دوسرا بھی چھوڑ دیا ۔ اس نے کہا کہ کیا بدمعاشی کرتے ہو ۔ اس نے کہا کہ خدا کے واسطے آ جاؤ اور خود آ کر اپنے بیل پر ہاتھ رکھو کیونکہ یہ تو سب چوری کا مال ہے (قہقہہ) میں کیا پہچانوں کہ آپ کا

کونسا ھے ۔ وہ کہتا ھے کہ خود اپنے بیل پر ھاتھ رکھو ۔ یہ سب مال چوری کا ھے ۔ تو مین یہ بتاتا ھوں کہ یہ سیاسی چور ھیں ایک دوسرے کے چور ھیں ۔ اب نہ کونسل مسلم لیگ نہ عوامی لیگ نہ چودھری محمد علی کی نظام اسلام پارٹی اور نہ عبدالغفار کی نیشنل عوامی پارٹی کہتی ھے کہ وہ مستورات کو حق رائے دھی نہیں دینا چاھتے وہ کہتے ھیں کہ جس طرح مردوں کو حق ھے اسی طرح عورتوں کو بھی حق ھے کہ وہ ووٹ دیں اور equal right of franchise ھو ۔ وہ یہ بھی نہین چاھتے کہ ایک مرد کے برابر دو عورتیں ھوں۔ وہ کہتے ھیں کہ جس طرح مرد کا ووٹ ھے اسی طرح عورتوں کا ووٹ ھے۔ لیکن آپکے امیر صاحب کیا کہتے ھیں؟ سنئیے ان کی زبانی میں اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتا ۔ وہ فرماتے ھین کہ ''عورتوں کے حق رائے دھی کو سردست ایک مدت کے لئے کسی تعلیمی معیار سے مشروط ھونا چاھئے ۔ رائے دھی بالغان کے اصول پر ان کو ووٹ دینے کا حق اس وقت سخت نامناسب اور ملک کے لئے نقصان دہ ھے،، یہ ان کا سیاسی ایمان ھے ۔ عقیدہ ھے ۔ پھر وہ دوسروں سے مل کر مس فاطمہ جناح کو امیدوار صدارت کھڑا کرتے ھیں ۔ آگے سنیئے ۔

> ''تجربہ سے ثابت ھو چکا ھے۔ کہ انتخابات میں دھاندلی عورتوں کے حلقہ ھائے انتخاب میں سب سے زیادہ ھوتی ھے ،،۔

یہ صفحہ ۳۴۳ ھے آگے دو لفظ اور سنئیے ۔

> ''مجالس قانون ساز کی رکنیت کا حق عورتوں کو دینا مغربی قوموں کی اندھی نقالی ھے ۔ اسلام کا اصول اسکی

ہرگز اجازت نہیں دیتا ۔ اسلام میں سیاست اور انتظام ملکی کی ذمہ داری صرف مردوں پر ڈالی گئی ہے،، ۔
(تالیاں)

لکھنے والے خود گڑ کھانے والے ہوں ۔ تو وہ دوسروں کو کیسے متاثر کر سکتے ہیں ۔ یہ محترمہ فاطمہ جناح کے بطور اُمیدوار صدارت حمایت کرنے والے تھے ۔ کہتے یہ ہیں کہ اسلام میں سیاست اور انتظام ملکی کی ذمہ دادی صرف مردوں پر ڈالی گئی ہے ۔ ''اور یہ فرائض عورتوں کے دائرہ عمل سے خارج ہیں،، اور سنیئے۔

''اسکا طریقہ یہ ہے۔ کہ عورتوں کا ایک الگ ایوان بنایا جائے جس کی رکن صرف عورتیں ہو،،۔

یہ اس کا سیاسی ایمان ۔ سیاسی عقیدہ اور سیاسی دین ہے ۔ یہ ہیں مودودی صاحب جنہوں نے دس کروڑ مسلمانوں میں سے (جن میں پانچ کروڑ مرد تھے) ایک عورت کو سر براہ مملکت کے لئے اُمیدوار نامزد کیا ۔ حالانکہ ان کا کہنا یہ تھا ۔ کہ عورتوں کو حق رائے دھی دینے کی بھی ممانعت ہے ۔ اور سیاست اور ملکی انتظام میں ان کا حصہ لینا ممنوع ہے ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے ۔ میں نے کہیں اسکا ذکر بھی کیا تھا ۔ مولانا مودودی صاحب کا اور علما' کے ساتھ مل کر ایک متفقہ فتویٰ بھی ہے ۔ کہ کوئی عورت سر براہ مملکت نہیں ہو سکتی ۔ پھر اس کے باوجود جناب محترمہ فاطمہ جناح کو سربراہ مملکت اور پاکستان کی صدارت کے لئے امیدوار منتخب کر رہے ہیں۔ لوگوں نے پوچھا تو آئیں بائیں شائیں کر کے ٹال دیا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس تقریر کا موضوع زیر بحث سے کیا تعلق ہے ؟

خان حبیب‌اللہ خان - موضوع یہ ہے کہ لوگ کیوں آپ کی بات نہیں مانتے -

بیگم زاهده خلیق‌الزمان - پوائنٹ آف آرڈر جناب! وہ تقریر کرتے ہیں تو ہم خاموشی سےسنتے ہیں - ہمارے لیڈر تقریر کرتے ہیں تو وہ کیوں نہیں سنتے ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - بیگم صاحبہ تشریف رکھئے -

خان حبیب‌اللہ خان - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جماعت اسلامی جن کا عقیدہ یہ ہے وہ بھی اس متحدہ محاذ کے ایک ممبر تھے - بلکہ چوٹی کے ممبر تھے - آپ بتائیں یہ متحدہ محاذ کیسے کامیاب ہو سکتا تھا - انہوں نے بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات لڑے - ان کا خیال تھا - کہ لوگ ان کی باتیں بھول چکے ہیں - چنانچہ میں نے ان کی تحریروں کے اقتباسات شائع کیے - تو انہوں نے ان سے انکار کر دیا - کہا میں نے تو یہ کبھی کہا ہی نہیں - میں نے وہ صفحہ چھاپ دیا کہ یہ آپ کی تحریر ہے - ''ماضی قریب کے جائزے'' ایک کتاب شائع ہوئی تھی - جس میں آپ کی تحریروں کے اقتباسات تھے پھر انہوں نے بیان دیا - '' ہاں - ہاں - ٹھیک ہے - اب مجھے یقین ہو گیا ہے - کہ یہ میری تحریر ہے - میں ان دنوں جیل میں تھا جب کسی نے میری تحریروں کے یہ اقتباسات شائع کر دئیے تھے'' کیا جب انسان جیل میں ہو - تو وہ بھول جاتا ہے کہ اس نے کیا لکھا تھا - انہیں یہ خیال تھا - کہ کتاب '' ماضی قریب کے جائزے '' کی کوئی کاپی ملتی نہیں - بد قسمتی سے وزیر داخلہ کی حیثیت سے میرے پاس ایک کاپی موجود تھی -

میں نے اسے چھاپ دیا ۔ کہ یہ مولانا مودودی صاحب نے لکھا ہے ۔ اب آپ بتائیں کہ یہ پانچ سیاسی چور میں کہوں گا جو مل گئے تھے ۔ ایک دوسرے کے متضاد سیاسی عقائد کے لوگ ۔ کوئی ون یونٹ چاہتا ہے ۔ کوئی نہیں چاہتا کوئی عورت کو سیاست میں حصہ لینے کا حق دیتا ہے کوئی نہیں دیتا ۔ کوئی بالغ رائے دہی کا حق تسلیم کرتا ہے ۔ کوئی نہیں کرتا ۔ کوئی مشرقی پاکستان کو الگ کرنا چاہتا ہے ۔ کوئی ساتھ رکھنا چاہتا ہے ۔ یہ کیسے کامیاب ہو سکتے تھے ۔ پھر کونسل مسلم لیگ ، جماعت اسلامی ، ' عوامی لیگ ، نیشنل عوامی پارٹی یہ کم از کم باقاعدہ پارٹیاں تو ہیں ۔ مگر یہ نظام اسلام پارٹی اسے تو ہم نے کبھی کسی میدان میں نہیں دیکھا ۔ آپ نے وہ کہانی سنی ہوگی ۔ کہ چار سوار گھوڑے دوڑاتے دلی کی طرف جا رہے تھے ۔ ان کے پیچھے پیچھے ایک ٹٹو والا بھی تھا کسی نے پوچھا ۔کہاں جا رہے ہو ۔ کہنے لگا ۔ ہم پانچوں سوار دلی جا رہے ہیں ۔ نظام اسلام پارٹی کی یہی حالت تھی یہ پانچوں جماعتیں مل کر کیا کر سکتی تھیں ۔گناہ تو آپ کا اپنا ہے ۔ ان پانچ جماعتوں سے بن کیا سکتا ہے ۔ باتیں تو اور بھی ہیں ۔ مگر میرے پاس اتنا وقت نہیں ۔

پہلے کہتے تھے ہم برسر اقتدار آ گئے تو بنیادی جمہوریتوں کو ختم کر دینگے ۔ یہ نظام کسی کام کا نہیں شرمناک ہے ۔ ہزار باتیں کہتے تھے ۔ پھر کسی نے محترمہ کو سمجھا دیا کہ ہم نے ان لوگوں سے ووٹ لینے ہیں ۔ آپ انہیں کوستی ہیں ۔ تو انہوں نے یہ کہنا شروع کر دیا ۔ اب مجھے معلوم ہوگیا ہے ۔ کہ یہ ادارہ بہت اچھا ادارہ ہے ۔ خدا اسے خوش رکھے ۔ یہ قائم رہے گا ۔ پہلے کہتی تھیں ۔ مجھے صدر

بن جانے دیں ۔ پہلا کام یہی کروں گی کہ اس ادارے کو ختم کروں ۔ مگر دوران انتخاب جوں جوں سمجھ آئی ۔ یہ بیانات دینے شروع کئے کہ بنیادی جمہوریت والے بہت اچھا کام کرتے ہیں ۔ انہیں قائم رہنا چاہیے ۔ ان کا خیال تھا کہ یہ لوگوں کی آنکھوں میں دھول ڈالینگے اور وہ اندھے ہو جائینگے ۔ مگر لوگ اتنے بے وقوف نہیں ۔

ایک انگریزی محاورہ کے مطابق ۔

You can befool the whole world for some time and some people for the whole time but not the whole world for the whole time.

یعنی آپ تمام دنیا کو ہمیشہ کے لئے بے وقوف نہیں بنا سکتے ان کا خیال تھا ۔ کہ لوگ ان کی باتیں بھول چکے ہیں ۔ کیا لوگوں کو معلوم نہیں تھا کہ خان عبد الغفار خان جو افغانستان میں بیٹھے تھے آج وہ کہاں ہیں؟ جب میں وزیر داخلہ تھا ۔ وہ میرے پاس آئے کہ پاکستان میں میرا علاج نہیں ہو سکتا ۔ اس لئے مجھے لندن جانے کا پاسپورٹ دے دیا جائے ۔ میں نے پاسپورٹ دے دیا ۔ لندن گئے ۔ وہاں سے قاہرہ آئے وہاں سے بغیر ہماری اطلاع کے اور ہمارے احکام کے خلاف انہیں افغانستان میں سمگل کیا گیا ۔ وہاں سے وہ جلال آباد میں جا کر ٹھہرے ۔ جلال آباد ۔ قصور جتنا بڑا شہر ہے ۔ کوئی پوچھے وہاں ان کا کیا علاج ہو سکتا تھا ؟ بات صرف یہ تھی کہ صدارتی انتخاب نزدیک آ رہا تھا ۔ اس لئے وہ یہاں آ کے بیٹھ گئے ۔ کیا لوگ اتنے بے وقوف ہیں کہ وہ سمجھ نہیں سکتے ؟ آج تک وہیں ہیں ۔ اب کہتے ہیں ۔ کہ ہندوستان جاؤنگا مگر صرف سیر کے لئے نہیں جاؤنگا ۔ آپ اس بات کا مطلب سمجھتے ہیں ۔ مجھے اس کی تشریح کی ضرورت نہیں ۔

The rest is left to imagination.

عبدالغفار خاں کو ہم جانتے ہیں ۔ میں تو انہیں بہت اچھی طرح سے جانتا ہوں اکٹھے رہے ہیں ۔ اکٹھے جیل گئے ۔ آج ان کا پسر ان کا فرزند ارجمند عبدالولی خاں نیشنل عوامی پارٹی کا لیڈر ہے ۔ اگر وہ میری قوم کے پاس، میرے علاقہ کے لوگوں کے پاس ووٹ کے لئے جائے تو کیا لوگ اسے ووٹ دینگے ؟ کبھی نہیں دینگے اور اگر آپ وہاں پر ہار جاتے ہیں اور تمام سابقہ صوبہ سرحد سے اسمبلی میں نیشنل عوامی پارٹی کا صرف ایک ہی نمائندہ کامیاب ہوکر آتا ہے ۔ یعنی ایک شخص یہاں پر اس پارٹی کے ٹکٹ پر کامیاب ہوکر آیا ہے ۔ اور یہ اسوجہ سے ہے کہ لوگوں کو اس شخص کے عمل اور افعال کا پتہ ہے ۔ وہ سب انہیں جانتے ہیں ۔ لیکن حزب اختلاف پھر بھی کہتی ہے کہ وہاں پر حکومت نے بدعنوانیاں کی ہیں ۔ بےضابطگیاں کی ہیں اور رشوت دی ہے ۔ اور یہ کیا ہے ۔ وہ کیا ہے ۔ آپ یہ بالکل غلط کہتے ہیں ۔ آپ اپنے گناہوں کو ہمارے کھاتے میں نہ لکھیں یہ تو آپ کے اپنے گناہ ہیں ۔ یہ آپکے اپنے گناہوں کے کھاتے ہیں۔ اور جہاں تک انتخاب میں کی گئی دھاندلیوں کا تعلق ہے ۔ تو اس سلسلے میں میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے اور میں پھر بھی کہتا ہوں ۔ اور یہ کہتے ہوئے میں شرمندہ نہیں ہوتا ۔ اور نہ ہی ڈرتا ہوں ۔ کہ یہ سب کچھ ضرور ہوا ہو گا ۔ ہم دس کے دس کروڑ پاکستانی سب کے سب فرشتے نہیں ہیں ۔ ہم میں خراب لوگ بھی ہونگے ۔ اچھے لوگ بھی ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کر دوں ۔ کہ جو کچھ اس حکومت کے دور سے پہلے ہوا یا ہوتا رہا ہے ۔ اس کے مقابلہ میں ہمارے وقت میں یقیناً بہت کم ہوا ہے ۔ لیکن اس میں حکومت کا کیا قصور ہے ؟ اچھے برے

لوگ ہر دور میں ہو سکتے ہیں ۔ اگر میرے اور فاروقی صاحب کے مابین مقابلہ ہو ۔ اور اگر وہ یا میں چوری چھپے ووٹ خریدیں ۔ وہ بھی اپنے ہتھکنڈے استعمال کریں ۔ اور میں بھی اپنی کامیابی کے لئے اپنے حربے استعمال کروں ۔ کیونکہ it is a battle of wits تلوار کی لڑائی تو ہے نہیں عقل کی لڑائی ہے ۔ آپ بھی الٹی سیدھی باتیں کر کے لوگوں کو اپنے ساتھ ملاتے ہیں ۔ ہم بھی لوگوں کے پاس جا کر انہیں اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کرتے ہیں ۔ کبھی آپ جیت جاتے ہیں ۔ کبھی ہم جیت جاتے ہیں یہ پرانا طریقہ ہے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے ۔ یہ صرف اس حکومت کے دور میں نہیں ہوا ۔ لیکن میں پھر آپ سے عرض کرتا ہوں ۔ کہ ہم نے آپ کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں کیا ۔ یہ بدعنوانیاں ہوئی ہونگی ۔ لیکن آپ کے مقابلے میں بہت کم ۔

اس قرارداد کو پیش کرنے والے جناب حمزہ صاحب کے متعلق میرا خیال تھا کہ وہ اپنے علاقے ٹوبہ ٹیک سنگھ کے متعلق اپنے چشم دید واقعات بیان کریں گے ۔ کہ لائلپور میں یہ ہوا ۔ گوجرہ میں وہ ہوا ۔ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں فلاں نے یہ کیا ۔ لیکن انہوں نے اپنے علاقے کے متعلق تو کچھ بھی نہیں کہا اور وہ لائلپور سے آٹھ سو میل دور کراچی پہنچ گئے اور فرمانے لگے کہ وہاں یونٹ نمبر ۵۱۴ میں یہ ہوا اور یونٹ نمبر ۷۳۱ میں وہ بدعنوانیاں ہوئیں ۔ اگر وہ اپنے علاقے کے متعلق کچھ فرماتے ۔ تو اسکا جواب بھی دیا جا سکتا تھا ۔ اب کراچی کے

متعلق کیا عرض کریں ۔ میں آپکی وساطت سے ان سے پوچھتا ہوں ۔ کہ آپکو کراچی سے کیا کام ہے ۔ آپ یہ فرمائیے ۔ کہ آپ کے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کیا ہوا ہے آپ یہ بتائیے کہ وہاں پر الیکشن ٹھیک ہوا ہے یا نہیں ۔ کیونکہ اگر وہاں پر الیکشن ٹھیک طور پر نہ ہوا ہوتا تو آپ نہ جیت سکتے ۔ آپ اس کے لئے حکومت کو داد دیجئے ۔ اور مجھے ہار پہنائیے ۔ اگر آپ کے ساتھ کوئی بےانصافی ہوئی ہو ۔ تو وہ بتلائیے ۔

پاؤں پڑتے ہیں کہیں آنکھ کہیں پڑتی ہے
سب کی ہے مجھکو خبر اپنی خبر کچھ بھی نہیں

وہ کراچی کے متعلق تو سناتے ہیں ۔ اتنی دور جانے کی بجائے وہ اپنے نزدیک ہی لاہور کے متعلق فرماتے۔ لائلپور کے متعلق فرماتے ۔ اور اگر انہوں نے لاہور کے متعلق نہیں فرمایا ۔ تو میں ہی عرض کئے دیتا ہوں ۔ لاہور میں صوبائی اسمبلی کے لئے ہمارے سات امیدوار تھے (اس میں لاہور شہر بھی شامل ہے) ۔ ان سات امیدواروں میں سے صرف رانا پھول محمد خان اور میاں معراجدین صاحب ہی کامیاب ہو سکے اور باقی پانچوں امیدوار ہار گئے ۔ جن میں ہمارے سابقہ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحبان سردار احمد علی ۔ سردار عبدالرشید اور میاں شریف وغیرہ شامل ہیں ۔ اس کے علاوہ لاہور ہی سے قومی اسمبلی کے لئے ہمارے

نامزد امیدوار چودھری محمد حسین بھی ھار گئے - یعنی صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں ھمارے سات میں سے پانچ امیدوار ھارے - اور قومی اسمبلی کے انتخابات میں ھمارے تین امیدواروں میں سے ایک ھارا یعنی وھاں پر ھمیں تینتیس فیصد ھار ھوئی - صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں ھمارے ایک سابقہ وزیر صاحب بھی ھار گئے - تو کیا ھم نے انہیں ھراویا تھا ؟ یہاں لاھور ھی میں ھمارے ایک بہت ھی تگڑے امیدوار کرمانی صاحب بھی ھار گئے - جو کہ آپ کا منہ توڑ جواب یہاں پر دے سکتے تھے - تو میں آپ کو کراچی-لس بیلہ اور مکران کیوں لے جاؤں - آپ یہ دیکھئے کہ یہاں لاھور ھی میں کسقدر اچھے اور منصفانہ الیکشن ھوئے اور اسکا زندہ ثبوت یہ ھے کہ صوبائی اسمبلی کے لئے ھمارے سات امیدواروں میں سے صرف دو کامیاب ھوئے - اور قومی اسمبلی کے لئے تین امیدواروں میں سے دو کامیاب ھوئے جیسا کہ آپکا الزام ھے اگر ھم رشوت دیتے یا انتظامیہ کو ناجائز طور پر استعمال کرتے- تو کیا وہ امیدوار جو کہ ھار گئے ھیں - وہ جیت نہیں سکتے تھے - لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے - کہ ھم نے اس سلسلے میں کوئی مداخلت ھی نہیں کی- (قطع کلامیاں) -

صاحب صدر - چونکہ وقت زیادہ ھو گیا ھے - اس لئے میں اپنی تقریر ختم کرتے ھوئے آخر میں یہ عرض کرونگا - لیکن اپنی آخری بات کہنے سے پہلے میں ان سے کہوں گا کہ وہ بیشک میرے ان بیانات کی

تردید کریں ۔ اور جو کچھ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ھے اگر وہ irrelevant ہوتا ۔ تو اس سلسلے میں انکی طرف سے پہل نہ ہوتی۔ اگر وہ irrelevant نہیں تھے تو اب میں بھی irrelevant نہیں تھا ۔ آپکی اجازت سے آخر میں میں فاروقی صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ چونکہ انہوں نے اس روز کہا تھا کہ میں کوئی نئی بات کروں ۔ تو میں آج ایک نئی بات تلاش کر کے لایا ہوں ۔ جو کہ ان کے لئے ایک تحفہ ھے ۔ اور وہ تحفہ بھی میں مودودی صاحب کی تحریر سے لایا ہوں ۔ تاکہ وہ یہ نہ کہیں کہ یہ غلط ھے ۔ یہ مودودی صاحب کی اپنی رائے ھے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ یہاں پر نہ مودودی صاحب کا ذکر تھا ۔ نہ غفار خان کا ذکر تھا ۔ اور نہ ھی کسی پارٹی کا ذکر ھے ۔ یہاں تو صرف یہ عرض کیا گیا ھے ۔ کہ بقول قائد ایوان کے جو تھوڑی بہت دھاندلی بھی ہوئی ھے ۔ اسکے متعلق کمیشن مقرر کیا جائے ۔ کیونکہ ادھر اُدھر کی باتوں سے خواہ مخواہ ایوان کا وقت ضائع ہوتا ھے ۔

مسٹر سپیکر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ھے ۔

وزیر مال ۔ میں نے تو سمجھا تھا کہ حاجی صاحب کورم کے متعلق پوائنٹ آف آرڈر کر رھے ھیں ۔ بہر حال میں تو مودودی صاحب کا

پروپیگنڈا کر رہا ہوں ۔ میں ایوان کو بتا رہا ہوں ۔ کہ انکے خیالات کیا ہیں ۔ میں تو انکے خیالات کا پرچار کر رہا ہوں ۔ اس دن میں نے حمید نظامی کے اخبار اور اخبار "زندگی" سے تین چار لائنیں پڑھ کر سنائی تھیں ۔ آج میں مودودی صاحب کی رائے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ کہ انکی رائے میں ہم سے پہلے دور حکومت میں کیا ہوتا رہا اور یہ آپ کے گناہوں کے کھاتے میں لکھا جائیگا ۔ یہ آپکے کھاتے کا ذکر ہے ۔ اور یہ آپکے کھاتے میں درج کیا جائیگا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ انہوں نے ۶۵ء کے انتخابات کے متعلق جو کچھ لکھا ہے ۔ وہ بھی پڑھ دیں ۔

وزیر مال ۔ یہ مودودی صاحب کی اپنی ہی رائے ہے کہ حیدر آباد میں بڑے fair الیکشن ہوئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ جب آپکی باری آئیگی ۔ تو آپ ۶۵ء کے متعلق سطریں پڑھ دیں ۔

وزیر مال ۔ صاحب صدر ۔ میں آپکی اجازت سے انہیں منطق کا ایک اصول بتاتا ہوں جس سے میرا خیال ہے کہ سب معزز ممبران واقف بھی ہونگے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ اگر آپ ایک بات کہیں اور میں اس سے انکار کروں ۔ تو اس بات پر لوگوں کو شک ہوتا ہے ۔ کہ ہو سکتا ہے ۔ یہ درست ہو یا غلط ہو ۔ تو اس صورت میں کسی فیصلے پر پہنچنا اپنے اپنے دماغ کی بات ہوتی ہے ۔ لیکن اگر آپ ایک بات کہیں ۔ اور میں اسے تسلیم کرلوں ۔ تو پھر اس صورت میں اس کے اندر شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی اور لوگ قتل کے مقدموں میں

صرف اقبال جرم کرنے پر پھانسی چڑھ جاتے ھیں ۔ قتل کے مقدمے میں ایک شخص کے خلاف پچاس گواہ گذر جاتے ھیں کہ صاحب اسنے قتل کیا ھے ۔ لیکن وہ یہ ثبوت پیش کرتا ھے کہ جناب میں وقوعہ کے دن فلاں جگہ تھا ۔ کسی زیارت پر گیا تھا ۔ یا کسی شادی میں شریک تھا ۔ تو اس ملزم کو شک کا فائدہ دے کر رہا کر دیا جاتا ھے ۔ لیکن اگر وہ پاگل نہ ھو ۔ اور وہ اس الزام کو تسلیم کر لیتا ھے ۔ تو اسے اپنے اقبال کرنے کی بناء پر پھانسی دے دی جاتی ھے ۔ اب اگر آپ مودودی صاحب سے ایک بات کہیں ۔ اور وہ اس بات کو تسلیم کریں کہ ھاں یہ صحیح ھے ۔ تو پھر اس میں شک و شبہ کی گنجائش کہاں رہ جاتی ھے ۔ اگر وہ انکار کریں تو ان کو پھانسی نہیں ھو سکتی ۔ لیکن کیا وہ انکار کر سکتے ھیں ۔ وہ فرماتے ھیں ''پاکستان میں انتخابات کی آزادی بالکل ختم کر دی گئی ھے'' ۔ یہ اشارہ ھماری طرف نہیں ھے ۔ ھمسے پہلے کے دور حکومت کی طرف اشارہ ھے ''۱۹۵۱ء میں پنجاب کے انتخابات میں آزادی انتخابات کو ختم کیا گیا ۔ جعلی ووٹوں کا اندراج ھوا'' ۔ آج ھمیں آپ طعنہ دیتے ھیں کہ ھم نے جعلی ووٹ بنائے ۔ کچھ ووٹ بنائے اور کچھ چھوڑ دئے اور آبادی اتنی ھے اور ووٹ اتنے ھیں ۔ ''جعلی ووٹوں کا اندراج ھوا اور حکومت نے (اس وقت کی دور حکومت نے) لوگوں کو آزاد رائے دھی سے محروم کر دیا ۔ صوبہ سرحد میں دوسرا شاھکار قدم اٹھایا گیا ۔ پھر بہاولپور کے انتخابات صرف اسلئے منسوخ کر دئے گئے ھیں تاکہ باھر کے ممالک ھماری ھنسی نہ اڑائیں اور بہاولپور کی اسمبلی اور مقبوضہ کشمیر کی اسمبلی میں کچھ فرق تو بتائیں ۔ اب وھاں جس طرح انتخابات ھو رھے ھیں ، اس کی مثال یہ ھے کہ اپنی پارٹی کو جتوانے

کے لئے وزراء عوام کا روپیہ خرچ کر کے وہاں جا رہے ہیں" ۔ حلقۂ انتخاب کے متعلق آپ نے شکایت کی ہے کہ یہاں ہر حلقے اور وارڈ ہمارے لئے بنائے گئے ہیں ۔ ذرا یہ بھی سنئیے ۔ حلقۂ انتخابات بنانے میں ایک خاص پارٹی کو کامیاب کرانے کا خیال رکھا گیا ہے ۔ جعلی ووٹروں کو چیلنج کرنے کے لئے ۲۰ روپیہ فی ووٹ ضمانت مانگی جاتی ہے ۔ اس طرح بہت سے جعلی ووٹ ڈالے جائیں گے ۔ اس ملک میں انتخابات کا یہ حشر ہونا ہے تاکہ ایسے مواقع نہ رہیں کہ عوام اپنی مرضی کے نمائندے کبھی چن سکیں ۔ یا جن کو عوام ناپسند کرتے ہیں ان کو ہٹا سکیں" ۔ یہ مولانا مودودی کی اپنی تحریر ہے ۔ اگر انکار کر دیں کہ میں نے نہیں کہا ہے تو میں معافی مانگ لوں گا اور اگر انہوں نے کہا ہے (اور میں بھی کہتا ہوں کہ یہ بالکل سو فیصدی ٹھیک کہا ہے) تو اس میں کوئی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ہے کہ پہلے زمانے میں یہ ہوتا رہا ہے ۔ لیکن جو کچھ ہمارے دور حکومت میں ان کے قول کے مطابق ہوا ہے ۔ یہ اس کا عشر عشیر کیا ، $\frac{1}{100}$ حصہ بھی نہیں ہے ۔ اب پھر میں انکار کرتا ہوں کہ جو الزامات ہم پر لگائے جاتے ہیں یہ بے بنیاد ہیں ۔ درست نہیں ہیں غلط ہیں ۔ یہ سب کچھ محض ہمارے خلاف پراپیگنڈا کی خاطر کیا جا رہا ہے ۔ میں نے اس لئے اس ہاؤس کا اتنا وقت لیا ہے تاکہ میں لوگوں کو یہ بتا سکوں ۔ ایوان کے ممبر صاحبان کو تو خود معلوم ہے اور یہ سب انتخابات میں حصہ لے کر یہاں آئے ہیں ۔ ہر ایک جانتا ہے کہ وہ کس طریقے سے یہاں منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ حمزہ صاحب ، فاروق صاحب ، صفدر صاحب اور خود میں بھی بلکہ تمام ممبر جانتے ہیں کہ وہ کس طریقے سے آئے ہیں ۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں تاکہ عوام کو اور

دنیا کو پتہ چل جائے کہ ہم سے پہلے کیا ہوتا رہا ہے اور ہمنے کیا کیا ہے ۔ ہمنے ان کے مقابلے میں کچھ نہیں کیا ہے ۔ آپ کا مقصد اگر یہ ہے کہ اس قانون میں ترمیم ہو جائے تو مرکزی اسمبلی میں آپ کی پارٹی بھی موجود ہے آپ ان کو کہیں کہ وہ اس میں مناسب ترمیم کرا دیں ۔ لیکن اگر آپ کا یہ مقصد ہے کہ ہمیں بدنام کریں تو اسی لئے میں نے عرض کر دیا ہے کہ اس سے ہم بدنام نہیں ہو سکتے۔ اگر بدنام ہونگے ۔ تو آپ خود بدنام ہوں گے ۔ کیونکہ آپ کی پارٹی میں ایسی پارٹیاں ملی ہیں جو کبھی آپس میں مل نہیں سکتی تھیں اور آئیندہ بھی کبھی نہیں ملیں گی ۔

(اس مرحلہ پر بہت سے ممبر صاحبان تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوگئے) ۔

(قطع کلامیاں)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ تین ممبر ایک ہی وقت میں کھڑے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جو کچھ آپنے کیا ہے اسے لکھنے بھی نہیں دیتے کیونکہ اس کے لکھنے پر پابندی ہے ۔

'سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا'

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵)۔ (پشتو) ۔ اگر آپ اجازت دیں ۔ تو میں خان حبیب‌اللہ خان کو کچھ یاد دلانا چاہتا ہوں ۔ ویسے تو وہ میرے بزرگ ہیں اور مجھ پر انکے بڑے احسانات ہیں ۔ اور کسی وقت میں انہوں نے میرے ساتھ بڑی نیکی کی ہے ۔ لیکن ابھی انہوں نے اپنی تقریر

میں فرمایا ہے ۔ کہ سابقہ صوبہ سرحد سے صرف ایک امیدوار نیشنل عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر کامیاب ہوا ہے ۔ تو اسی سلسلے میں میں انکی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ وہ کامیاب امیدوار بھی نیشنل عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر انتخابات میں کھڑا نہیں ہوا تھا ۔ بلکہ وہ ایک آزاد امیدوار تھا ۔ لیکن مسلم لیگ کے مقابلے میں اسی طرح وہاں پر سید عنایت علی شاہ کامیاب ہوئے اور سرکاری نامزد امیدوار ارباب محمد افضل خان کے مقابلے میں جلال الدین خان کامیاب ہوئے ۔ اور اگر حکومت کا زور نہ ہوتا ۔ تو خدا کی قسم یہ حقیقت ہے ۔ کہ میاں جمال شاہ بھی کبھی کامیاب نہ ہوتا اور اسکا ثبوت یہ ہے ۔ کہ جب ہم اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ کے پاس شکایت لیکر گئے ۔ تو اس نے کہا میں اس سلسلے میں کچھ نہیں کر سکتا ۔ بہرحال اکثریت آزاد امیدواروں کی رہی ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر (پشتو) ۔ آپ یہ سب کچھ پوائنٹ آف آرڈر کے طور پر فرما رہے ہیں ۔ یا آپ تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔

مسٹر نثار محمد خان (پشتو) ۔ جناب والا ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں ہے۔ البتہ خان حبیب اللہ خان کو یاد دھانی کرا رہا تھا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) (پشتو) ۔ میرے بعد تو صرف محرک صاحب تقریر کر سکتے ہیں ۔ اور کوئی ممبر تقریر نہیں کر سکتا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر (پشتو) ۔ نثار صاحب آپ نے دل کی بھڑاس تو نکال لی ۔ حالانکہ یہ نہ تقریر تھی اور نہ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ جناب قائد ایوان نے بالکل درست فرمایا ہے ۔ کہ ہم اس بدنام حکومت کو بدنام کرتے ہیں اور آپ

کو اس چیز کا علم ہوگا کہ وہ ہمدردی کے مستحق ہیں اور میں بھی ان سے ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور بہت عرصہ سے انہیں (Maudoodi mamia) ہو گیا ہے ۔ اس میں ان کا کوئی دخل نہیں۔ موضوع زیر بحث کچھ اور تھا لیکن وہ کسی اور طرف بھٹکتے رہے ۔ انہوں نے جواب کے سلسلے میں ایک آمر ہٹلر کا ذکر کیا ہے ۔ اور کیا ہی خوب ذکر کیا کہ اس حکومت میں جسکو کہ آج آمریت کہا جاتا ہے یہ ٹھیک ہے کہ اس حکومت نے اس لئے پریس اینڈ پبلیکیشن آرڈیننس نافذ کیا ہے ۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اخباروں کا مقصد محض یہ ہو کہ وہ حکومت کی خوبیاں ایک طوطے کیطرح بیان کرتے رہیں تا کہ اس سے عوام کو دھوکا ہو کہ حکومت ہماری دشمن نہیں ہے ۔ بلکہ وہ ہماری آئندہ نسلوں کی بھی دشمن نہیں ہے ۔

جناب سپیکر ۔ انہوں نے اپنی تقریر میں یہ بھی فرمایا ہے ۔ کہ حکومت کے تین بڑے حصے ہوتے ہیں ۔ ایک ایگزیکٹو ۔ دوسرے جوڈیشری اور تیسرے لیجسلیچر ۔ آپ نے بڑی ہی عالمانہ انداز میں فرمایا ہے ۔ کہ ان تینوں حصوں کو علیحدہ علیحدہ کام کرنا چاہئیے ۔ میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ آپ نے آج تک ایگزیکٹو اور جوڈیشری کو علیحدہ نہیں کیا ۔ بلکہ آج آپ کی ایگزیکٹو یعنی انتظامیہ مقننہ یعنی لیجسلیچر پر اثر انداز ہو رہی ہے اور آج تک جو تھوڑی بہت جان ہماری عدلیہ میں باقی ہے اس کو بھی آپ ختم کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور اس کیلئے متواتر شروع سے لیکر اب تک ہمیشہ ایسے اقدامات کرتے رہے ہیں جن سے انکی غیر جانبداری کو دھکا لگے اور یہ ان کی غیر جانبداری کا سہرا ہے جس کی بنا پر آج ہم اس امر پر مجبور ہیں ۔ کہ اس قسم کے ایک کمیشن کے لئے ایک ہائی کورٹ کے جج صاحب کو

مامور کرنے کی سفارش کریں یا آپ سے اس کا مطالبہ کریں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے افسوس ہے کہ قائد ایوان ہوتے ہوئے انہوں نے ووٹوں کی خرید و فروخت کو battle of wits یعنی حاضر دماغی کہا ہے ۔ یہ عقل کی جنگ نہیں ہے ۔ اس سے قومی اخلاق گرتا ہے ۔ آپ خود اس چیز کو تسلیم کرتے ہیں کہ ووٹ بکتے رہے ہیں اور پرچیاں باہر آتی رہی ہیں ۔ بلکہ نری پرچیاں ہی نہیں بہت سی جگہ پوری کاپیاں باہر آئیں ۔ اور یہ وہ کارنامے ہیں جو آپکے پریذائڈنگ افسران نے سرانجام دیئے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) جناب سپیکر ایک جگہ کراچی ہی میں نہیں بلکہ ہر شہر میں ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی گوجرہ میں بھی ۔ لائل پور میں بھی ۔ ہر جگہ ایسا ہوا ہے ۔

Mr. Yusuf Ali Khan Magsi : On a point of information. How does the member know that these things happened ? Had he used the same methods himself ?

Mr. Senior Deputy Speaker : Please take your seat. This is no point of information.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ ہر چیز اخبارات میں آتی رہی ہے ۔ میں نے کراچی کا ذکر اس لئے خاص طور پر کیا تھا کہ ہمارے پاس اس کیلئے دستاویزی ثبوت موجود ہے ۔ اور وہ وائٹ پیپر کی شکل میں شائع ہو چکا ہے ۔ آج تک حکومت کو جرات نہیں ہوئی کہ اس کی تردید کر سکے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

بیگم زاهده خلیق‌الزمان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب وہ تحریری دستاویز دکھائیں (قہقہہ) ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ امریکہ سے ایڈ یا غلہ لینے کا یہ مطلب

تو نہیں کہ اسکی نقالی بھی لازماً کی جائے امریکہ کی ذھنی غلامی اختیارکرنا تو کسی طرح بھی جائز نہیں مگر ھماری حکومت اس پر فخر کرتی ھے کہ وہ امریکہ کی بھکاری ھے اور اس کی نقالی بھی کرتی ھے (شور و غل)

Mr. Senior Deputy Speaker : Order please. Please address the Chair.

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا گذارش ھے مسٹر حمزہ کے لئے ٹائم مقرر کر دیا جائے - تاکہ جس حد تک آبادی کے مفاد کا گہرا تعلق ھو اسی کی بات کریں اور اپنی تقریر کو مختصر کریں -

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

مسٹر حمزہ - معزز خاتون ممبر نے فرمایا تھا کہ ھم قتل بھی کرتے ھیں تو چرچا نہیں ھوتا مگر جناب والا - میں ان سے پوچھتا ھوں کہ کراچی میں قاتل کون ھے ؟ وہ کہ ھم ؟ سارا ملک جانتا ھے اور ساری قوم جانتی ھے کہ کراچی میں قاتل کون تھا ؟ بلکہ اب تو ساری دنیا جانتی ھے کہ کراچی میں قاتل کون تھا پھر اس معزز خاتون کو آہ بھرنے سے کون روک سکتا ھے ؟ آپ جب کھلے بندوں قتل کر سکتے ھیں تو آہ بھرنے سے آپ کو کون روک سکتا ھے ؟ جناب سپیکر - کوئی شخص اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ کراچی میں اور دوسرے شہروں کی طرح بنیادی جمہوریت کے انتخابات کے سلسلے میں حکومتی پارٹی نے بدعنوانیاں اور دھاندلیاں کرائیں فہرستیں غلط بنوائیں حلقہ بندی غلط کی گئیں ایسے ایسے حلقے بنوائے کہ مسٹر عبدالقیوم قریشی کے قول کے مطابق ایک حلقے میں گیارہ بارہ ووٹ اور دوسرے میں ھزار ھزار ووٹ رکھے - جعلی ووٹ ڈلوائے - ووٹ کی پرچیاں کھلے بندوں فروخت کی گئیں بلکہ پرچیوں کی

سالم کتابیں بھی فروخت ہوئیں ۔ جناب والا قانون کا مذاق اڑایا گیا اور اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا گیا ۔

(اس مرحلے پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) ۔

جناب والا انتظامیہ نے قانون کا ناجائز استعمال کیا اور قانون میں جو سقم تھے ان سے تو خوب فائدہ اٹھایا اور دل کھول کر بدعنوانیاں اور دھاندلیاں کیں اس لئے ہم انتخابات کے قانون میں ترمیم کرانا چاہتے ہیں تاکہ اس کے سقم دور ہو سکیں جناب والا یہ قانون کوئی الہامی قانون تو نہیں کہ اس میں کوئی ایسا سقم اور کوئی ایسی غلطی نہیں ہو سکتی جس کی ترمیم نہ ہو سکے ؟ ہم صرف یہی کہتے ہیں کہ ہائی کورٹ کے جج اور سرکردہ وکلا اس قانون کا جائزہ لیں اور ترامیم کی سفارش کریں تاکہ اسکی خامیاں دور ہو سکیں ۔ عوام کو اسکی خامیاں معلوم ہو چکی ہیں ۔ بنیادی جمہوریت کے انتخابات میں انکے سامنے دن دھاڑے بدعنوانیاں اور دھاندلیاں کی گئیں ۔ خاص طور پر کراچی اور دیگر بڑے شہروں میں تو کھلے بندوں ناجائز دباؤ اور دھاندلیوں اور بدعنوانیوں کا مظاہرہ کیا گیا اب خطرہ ہے کہ گاؤں والے بھی شہروں کی نقالی کریں گے اور اگر آئندہ انتخابات تک اس قانون میں ترمیم نہ کی گئی تو شہروں کی دیکھا دیکھی دیہات میں بھی قانون کا مذاق اڑایا جائے گا اور دل کھولکر بےضابطگیاں اور بدعنوانیاں کی جائینگی ۔ جمہوریت پہلے ہی مر چکی ہے اب اسکی فاتحہ خوانی بھی ہو جائے گی ۔

جناب زین نورانی صاحب نے کیا خوب فرمایا ہے کہ کراچی میں بدعنوانیوں اور دھاندلیوں کے باوجود صدر کے مقابلے میں مادر ملت کو زیادہ ووٹ ملے ۔ میں کہوں گا کہ مادر ملت کو زیادہ ووٹ دینے کی وجہ سے کراچی والے قابل ستائش ہیں اور میں ان کی تعریف کرتا ہوں کہ انہوں نے

قابل فخر کارنامہ دکھایا مگر افسوس کہ مادر ملت کو ووٹ دینے کا خمیازہ بھی اہل کراچی کو بھگتنا پڑا ۔ انکو اسکی سزا بھی سخت اٹھانی پڑی ۔ انکے سروں پر قیامت ڈھائی گئی ۔ مگر ایک چیز ثابت ہو گئی کہ کراچی میں جہاں پڑھے لکھے لوگوں کی تعداد پاکستان کے ہر دوسرے مقام سے زیادہ ہے انہوں نے مادر ملت کو زیادہ ووٹ دئیے اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ دوسرے شہروں میں بھی جہاں کی آبادی زیادہ پڑھی لکھی تھی ۔ اگر ان کو بدعنوانیوں دھاندلیوں کا شکار نہ بنایا جاتا تو وہ بھی مادر ملت کو زیادہ ووٹ دیتے ۔

اسکے علاوہ جناب والا ۔ ملک میں انتخابی پرچیاں عام بکتی رہیں اور جعلی ووٹ ڈالے جاتے رہے پھر بھی حکومت نے ایک شخص کو بھی کیوں سزا نہ دی ؟ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ قانون ناقص تھا اور اسکی گرفت جعل سازوں اور غلط ووٹ ڈالنے والوں تک نہیں پہنچتی وہ سزا سے بچ کر نکل جاتے ہیں اسلئے یہ قانون ناکارہ نکما اور ناقص ہے انتظامیہ نے اسکے نقائص سے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے ۔ اس میں ترمیم ضروری ہے ۔

جناب والا ۔ اس قانون میں (انتخابی عذرداری) کے لئے محض سرسری سماعت کی گنجائش رکھی گئی ہے ووٹ کے ناجائز استعمال جیسے سنگین جرم کی گرفت کا کوئی انتظام موجود نہیں ۔ افسروں نے بے تحاشا بدعنوانیاں کیں مگر کوئی بھی قانون کی زد میں نہیں آیا ۔ افسروں کو دھاندلی مچانے کے لئے وسیع اختیارات دئے گئے اس لئے میں مودبانہ گذارش کروں گا ۔ کہ باقاعدہ ٹریبونل مقرر کرنا لازمی ہے جس کے روبرو election petition کی مفصل سماعت ہو سکے ۔ موجودہ قانون میں رشوت کی کھلی چھٹی دی گئی ہے یہ قانون کا بڑا سقم ہے مجھے اس امر کا یقین ہے

کہ electoral college کے قانون میں سقم موجود ھیں اور ان اسقام سے ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا رھا ھے اس میں checks and balances موجود نہیں۔ میں نے یہ قرارداد نیک نیتی سے مرتب کی اور پیش کی ھے تاکہ ھماری حکومت اس قانون میں ترمیم کرے اور اگر حکومت اس قانون کے سقم دورکرنا چاھتی ھے اور جیسا کہ وہ اکثر دعویٰ کیا کرتی ھے کہ وہ اس ملک میں جمہوریت کو فروغ دینا چاھتی ھے تو اسے یہ قرارداد منظور کر لینی چاھئیے آپ یقین کیجئے کہ اس قانون میں قابل اعتراض اسقام موجود ھیں جنکی نشاندھی کچھ تو میں نے کر دی ھے بعض دوسرے معزز ارکان نے بھی کی ھے ۔ اور ملک کے عوام ان خامیوں کے عینی شاھد ھیں ۔ ان کی نیت تو معلوم ھے ۔ یہ تو پہلے ھی اس ملک میں عملی طور پر آمریت قائم کر چکے ھیں اس لئے ان سے اسے قبول کرنے کی توقع ھی نہ تھی ۔ چنانچہ انہوں نے وھی کیا جس کی ان سے توقع ھو سکتی تھی ۔ تاھم میں سمجھتا ھوں کہ میری قرارداد کے خلاف جو اعتراضات بھی پیش کئے گئے ھیں ۔ وہ سب میرے حق میں جاتے ھیں اور میں نے وجوھات پیش کی تھیں ۔ مخالفین نے سب کو قبول فرمایا ھے ۔ لیکن فیصلہ ان کے خلاف دیا ھے ۔ اس میں میرے بس کی کوئی بات نہیں ۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is—

That this Assembly is of the opinion that Provincial Government should recommend to the Central Government to appoint a Committee consisting of eminent lawyers headed by a Judge of the High Court to examine the present Electoral College Act and Rules 1964 and suggest suitable amendments for minimising the mal-practices as have been experienced in the last elections to the electoral college.

The motion was lost.

Re: TOTAL PROHIBITION OF EVERY SORT OF GAMBLING IN THE PROVINCE OF WEST PAKISTAN.

Mr. Speaker : Next resolution is by Haji Sardar Atta Muhammad Lund. He may please move it.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں تحریک کرتا ہوں ۔

کہ اس ایوان کی رائے میں صوبہ مغربی پاکستان میں ہر قسم کی قمار بازی کو قطعی ممانعت کر دی جائے ۔

Mr. Speaker : The resolution moved is —

That this Assembly is of the opinion that gambling of every sort should be prohibited totally in the Province of West Pakistan.

Minister of Law : Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب کل میمن صاحب نے اسے قبول فرمایا تھا اور آج وہ اس سے انکار کر رہے ہیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔

رب اشرح لی صدری ویسر لی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقہ قولی ۔

جناب سپیکر صاحب ۔ میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان اور موجودہ وزرا صاحبان پر بالعموم اور جناب صدر مملکت اور گورنر صاحب مغربی پاکستان پر بالخصوص یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ مجھے یہ ریزولیوشن لانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی اس کی ایک خاص وجہ ہے ۔ یعنی یہ کہ قماربازی کو قرآن شریف اور احادیث نبوی بالاتفاق حرام سمجھتے ہیں ۔ یہ کوئی میری زبانی بات نہیں ۔ بلکہ میں اس کی تائید و حمایت میں نص قرآنی پیش کرتا ہوں ۔

يسئلونك عن الخمر والميسر ۔ قل فيهما اثم
كبير ومنافع للناس واثمهما اكبر من نفعها

جناب والا ۔ اس سے پہلے اس ایوان کی ایک معزز خاتون رکن محترمہ بیگم خلیق الزمان صاحبہ نے یہ اعتراض فرمایا تھا کہ میں سلیس اور صحیح اردو نہیں بولتا ۔ ان کا یہ اعتراض درست ہے ۔ اس لئے کہ میری مادری زبان سندھی ہے ۔ تاہم میں جب سے اس ہاؤس میں آیا ہوں ۔ میری یہی کوشش ہے کہ میں صحیح اردو بولوں ۔ مجھے امید ہے کہ آہستہ آہستہ میری صحیح اردو بولنے کی عادت درست ہو جائیگی ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی میں بیگم صاحبہ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں جو کچھ بھی کہوں ۔ وہ اسے سمجھنے کی کوشش کیا کریں ۔

بہرحال جناب جو آیت میں نے پڑھی ہے ۔ اس کا اطلاق پہلے تو شراب پر ہوتا ہے جس کے متعلق اس ایوان میں کافی بحث ہو چکی ہے ۔ رہا "میسر" یعنی جوا ۔ اس کے حرام ہونے کی بنا پر یہ لازم تھا کہ میں یہ ریزولیوشن پیش کرتا اور اس ایوان پر بھی یہ واجب ہے کہ جب کوئی نص قرآنی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث آئے تو وہ اس پر اعتراض نہ کریں ۔ کیونکہ ایسی بات پر اللہ تعالٰے اور رسول اللہ صلعم ناراض ہوتے ہیں ۔ اور اس کی سزا و جزا بڑی سخت ہے ۔

جناب والا ۔ ہم اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتے کہ اس حکومت نے اس ملک میں بعض اچھے اچھے ترقیاتی منصوبے چلائے ہیں اور کئی ایک اصلاحات بھی نافذ کی ہیں ۔ لیکن ان میں ابھی اچھی خاصی ترق کی گنجائش موجود ہے ۔ لہذا ان کی طرف ابھی توجہ دینا لازم ہے ۔ بنیادی جمہوریت کے نظام کا قیام قوم کیلئے ایک اچھے اصلاحی ادارے کی

حیثیت رکھتا ھے ۔ جس سے لوگوں کے باھمی معاملات اور تنازعات کے فیصلہ ھونے میں بہت کم خرچ برداشت کرنا پڑتا ھے ۔ اور ان کے فیصلہ ھونے میں وقت بھی بہت کم لگتا ھے ۔ اس کی وجہ یہ ھے کہ وارڈوں اور یونینوں کے چیئرمین اور ممبران ان کے حالات سے اچھی طرح واقف ھوتے ھیں ۔ جس کی وجہ سے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچتا ھے ۔ چنانچہ ان فوائد کو میں بھی مانتا ھوں ۔

اس کے ساتھ ساتھ سرکاری افسروں اور ملازموں کیلئے screening کی سکیم رکھی گئی ھے ۔ جو اس حکومت کا ایک قابل ستائش اقدام ھے ۔

اس کے علاوہ یہاں اور کئی باتوں پر بحث ھوتی رھی ھے ۔ جس کے متعلق مجھے ذکر کرنے کی چنداں ضرورت نہیں ۔ میرا تعلق تو صرف جوے کے متعلق ریزولیوشن سے ھے ۔ لیکن مجھے افسوس اس بات کا ھے کہ قائد ایوان اس میں بھی الیکشن کے مسئلے کو داخل کر دیں گے ۔ اس لئے میں شروع ھی سے یہ عرض کر دوں کہ جہاں تک الیکشن میں دھاندلی کا تعلق ھے ۔ یہ نہ تو صدر مملکت اور گورنر صاحب کی طرف سے ھوئی ھے اور نہ ھی الیکشن کمیشن کی طرف سے ھوئی ھے ۔ یہ تو آپ لوگوں کی طرف سے ھوئی ھے ۔ اس سے انکار بھی نہیں کیا جا سکتا اور اگر آپ کریں گے تو میں ماننے کے لئے تیار نہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب ۔ اب ریزولیوشن کے متعلق بھی کچھ فرمائیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں نے اخبار میں دیکھا ہے کہ جناب گورنر صاحب نے بھی صحیح تنقید کی تعریف کی ہے ۔ اس لئے لازم ہے کہ ہم یعنی حزب اختلاف کے رکن ایک مشورہ دینے والی جماعت کی حیثیت سے حکومت کو اچھے اچھے مشورے دیں ۔ چنانچہ اسی خیال کے پیش نظر میں نے یہ ریزولیوشن پیش کیا ہے ۔ میں یہ بات واضح طور پر عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالی کا حکم ہر مومن پر یکساں صادر ہوتا ہے ۔ اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہے :

کنتم خیر أمة أخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنکر وتومنون باللہ ۔

یعنی اللہ تبارک وتعالی اس امت کی طرف اشارہ کر کے فرماتا ہے کہ یہ لوگ ہر برائی کو دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ اور یہ کوشش بڑی ہمت اور پختگی سے کرتے ہیں اور لوگوں کو ہر برائی سے منع کرتے ہیں ۔ چونکہ ہم مومنوں میں سے ہیں یعنی مسلمان ہیں ۔ اس لئے ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم بھی اس میں کچھ نہ کچھ حصہ لیں ۔ زیادہ نہ سہی تھوڑا ہی سہی ۔

اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کردوں کہ ہم مسلمان ہیں اور ہمارے والدین بھی مسلمان ہیں ۔ لہذا ان کی وجہ سے بھی ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے اور اگر ہم اسلام کے اصولوں پر نہ چلیں گے تو ہماری والدہ ہمیں اپنا دودھ معاف نہ کرے گی ۔ اس لئے لازم ہے کہ میں یہ ریزولیوشن پیش کروں ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ صدر مملکت اور ارباب اقتدار کو یہ بھی یاد دلا دوں کہ پاکستان کا مطالبہ اس بنا پر

کیا گیا تھا کہ اس کے قیام کے بعد یہاں تمام اصول و قوانین شریعت کے مطابق ہوں گے ۔ اسی مطالبے کے لئے ہندوستان میں مسلمانوں نے بڑی بڑی قربانیاں پیش کی تھیں ۔ مثلاً ریاستوں کے لوگوں نے ریاستیں چھوڑیں ۔ جاگیرداروں اور زمینداروں نے اپنی بڑی بڑی جائیدادیں چھوڑ کو پاکستان کو قائم کیا اور ہندوستان سے یہاں چلے آئے ۔ اور وہ بھی اس لئے کہ یہاں اسلامی قانون ہوگا اور یہاں ہمارا معاشرہ اسلامی ہوگا ۔ یہی قربانی کا سلسلہ تھا جس کی وجہ سے آج بھی ہماری کئی ہزار معصوم عورتیں ہندوستان میں ہیں ۔ جو ہماری طرف دیکھ رہی ہیں کہ کب پاکستان کے مسلمان آکر ہمیں اس قید و بند سے آزاد کرائیں گے ۔ لہذا ہمیں چاہئے کہ ہم صحیح مسلمانوں کی طرح کلمہ پڑھیں ۔ نماز پڑھیں اور صحیح مسلمان بنیں ۔ لیکن افسوس کہ آج ہماری وہ بہنیں ہماری طرف دیکھ رہی ہیں ۔ اور ہم ان کی طرف دیکھ کر ہنسی اڑا رہے ہیں ۔ مجھے بڑا افسوس ہے ۔ وہ لوگ جو شہید ہوئے ہیں وہ مسلمان ہونے کی بنا پر شہید ہوئے ہیں ۔ شرعی قانون کے مطابق انہوں نے اسے جہاد سمجھا ۔ اس کے بعد اب اگر آپ اسلامی قوانین رائج نہیں کریں گے تو شہید معاف نہیں کریں گے ۔

جناب والا ۔ یہاں ایسی کتنی مسجدیں ہیں جہاں جماعت نہیں ہوتی اور کتنی درگاہیں ہیں جہاں مسلمان نہیں جاتے ۔ ان سب باتوں کے متعلق ہمیں بہت زیادہ سوچنا پڑے گا ۔ یہ ریزولیوشن میں اس لئے لایا ہوں تاکہ میں آپ کی توجہ اس بات کی طرف دلا سکوں کہ جتنی جلدی بھی ہو سکے آپ یہاں شریعت کا قانون لائیں اور یہ بالکل غلط بات ہے کہ ہم دوسرے ملکوں کی طرف دیکھیں اور ہر بات کے لئے ان

کے قوانین اور آئین کا حوالہ دیں ۔ ہمارا یہ طریقہ غلط ہے ۔ اس لئے میں اس بات پر زور دوں گا کہ جب تک ہم اپنی حالت خود نہیں بدلیں گے ہماری حالت درست نہیں ہوگی ۔ خداوند تعالے نے ہمیں یہ مملکت ایک امتحان کے طور پر دی ہے ۔ اگر ہم اس کے احکام پر نہیں چلیں گے تو ایسا نہ ہو وہ ہم سے یہ سٹیٹ چھین لے قرآن شریف میں آتا ہے ۔۔

ان اللہ یغیر بقوم حتے یغیرا ما بانفسہم و اذا اراد اللہ بقوم سوء فلا مرولہ ومالھم من دونہ من وال

یعنی اللہ تعالے کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت نہ بدلے اور جب اللہ کسی قوم سے برائی چاہتا ہے ۔ تو وہ پھر نہیں سکتی اور اس کے سوا اس کا کوئی حمائیتی نہیں ۔

ان حالات میں ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ہم کس قسم کے مسلمان نہیں ؟ یہ کیسا مذہب اسلام ہے ؟ کونسا اسلامی قانون ہے ؟ ہمیں اپنی حالت کو خود بدلنا چاہیئے ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اللہ تعالے نے وعدہ فرمایا ہے کہ اگر ہم اپنے قوانین شریعت کے مطابق رائج کریں گے ۔ تو وہ ہماری مدد کریں گے ۔

یا ایہاالذین آمنو ان ینصراللہ ینصرکم وثبت اقدامکم

یہ کتنی بڑی خوشخبری ہے ۔ یہ کتنا بڑا معجزہ ہے اور یہ ایسا نسخہ ہے جو کہیں نہیں ملتا ۔ حکیم اجمل خان کا نسخہ ہو تو آپ کہیں گے کہ یہ بڑے حکیم کا نسخہ ہے اس سے آرام ملے گا اور جب اللہ تبارک تعالے کا

نسخہ ہو تو میں حیران ہوں کہ آپ کیوں مایوس ہو جاتے ہیں ۔ قرآن شریف میں صاف طور پر آیا ہے کہ ۔

اے ایمان والو اگر تم خدا کے دین کی مدد
کرو گے تو اللہ تعالے تمہاری مدد کرے گا
اور قدم جما دے گا ۔

اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ آپ قرآن شریف کو دیکھیں اس پر غور کریں ۔ مسلمانوں کی تاریخ کا مطالعہ کریں ۔ اللہ تعالے کے احکام کی پابندی کریں ان پر عمل کریں ۔ تاریخ گواہ ہے کہ مٹھی بھر مسلمانوں نے دنیا میں کس طرح اسلام کا ڈنکا بجایا ۔ شمال سے جنوب تک اور مشرق سے مغرب تک اللہ کا پیغام پہنچایا اور لااللہالااللہ محمدالرسولاللہ ۔ کو بلند کیا ۔ یہاں سات کروڑ مسلمان ہیں ۔ ان سب کو درست کرنا ہے اگر ہم اس کے لئے کوشش اور سعی نہیں کریں گے تو وہ لوگ جن کو ہم کمزور سمجھتے ہیں وہ اٹھیں گے ۔ اور پھر جب وہ اٹھیں گے تو اللہ ان کی مدد کرے گا ۔ پیشتر اس کے کہ ایسی حالت پیدا ہو ہمیں چاہئے کہ اس وقت جتنی برائیاں ہیں ان کو دور کریں ورنہ اس کا اثر معاشرہ پر پڑے گا ۔ کیونکہ ہم اس وقت ایک گڑھے میں گر رہے ہیں ۔ اللہ تبارک و تعالے کا ارشاد ہے ۔

قال الذین یظنون انھم ماالقواللہ کم من فئة قلیلة
غلبه فئه کثیرة باذن اللہ کا واللہ مع الصبرین

یہ اللہ کا قانون ہے وہ ضرور حق کی مدد کرے گا ۔ اس نے امداد کے لئے کبھی فرشتے اتارے ہیں ۔ کبھی چڑیوں سے کام لیا ہے اور کبھی

آگ سے باغ کا کام لیا ہے جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہالسلام کے متعلق ذکر آتا ہے ۔

جناب والا ۔ ہم تو اس فوج کے سپاہی ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہاں شرعی قوانین رائج ہوں ۔ میں حیران ہوں کہ اس سے آپ کیوں گھبراتے ہیں ؟

جناب والا ۔ اب میں دعا کے متعلق قرآن شریف کی ایک آیت پیش کرتا ہوں

وان تستقسمو بالا زلام ذالکم فسق

مشرکین کی یہ عادت تھی کہ جب کوئی کام کرنے لگتے تو کسی کپڑے میں تین تیر ڈالتے ۔ ان پر کچھ لکھ دیتے تھے اور پھر دعا کرتے تھے ۔ یہ جو تیروں کے ذریعہ دعا کرتے تھے یہ فسق تھا ۔ ان کو قرآن نے نافرمان کہا ہے ۔ اس کے بعد ایک اور آیت پیش کروں گا ۔

انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوۃ والبغضا فی الخمر و میسر و یصدکم عن ذکرالله و عن الصلوۃ فهل انتهم منتهون ۔

جس کا مطلب یہ ہے کہ ''یہی تو چاہتا ہے شیطان کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ تمہارے درمیان عداوت اور بغض ڈال دے ۔ اور روک دے تمہیں یاد الہی سے اور نماز سے تو کیا تم باز آنے والے ہو،، ۔

باوجود ان آیتوں کے ہم اس سے انکار کرتے ہیں اور یہ فیصلہ نہیں کرتے کہ ہم کس امت سے ہیں اور کس مخلوق سے ہیں ۔ اور صاف صاف

حدیث میں بھی یہ ہے کہ

"کل شیئی فیہ قمار فتومن المیسر حتی العب الصبیان بالجوز و الکعاب"

یعنی ہر وہ شے جسمیں ہار جیت ہو میسر ہے حتی کہ اخروٹ وغیرہ سے کھیلنا۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ انتخابات تو اسمیں نہیں ہیں ؟ وہ کیا جوئے میں تو نہیں آتے ؟

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ میں جوئے کا ذکر کر رہا ہوں ۔

وزیر خزانہ ۔ انتخابات میں بھی تو ہار جیت ہوتی ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ ووٹوں کی خرید و فروخت سے اسکو بھی آپ نے جوا بنا دیا ہے ۔

وزیر خزانہ ۔ آپ بھی تو جیت کر آئے ہیں حاجی صاحب ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ اللہ کے فضل سے میں نے پیسہ نہیں دیا ۔ جو چیز (قرآن) میرے ہاتھ میں ہے ۔ میں اسکے بھروسہ پر آیا ہوں ؟

Minister of Finance : Question !

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ شطرنج بھی میسر ہے اور یہ عجمیون کا جوا ہے ۔ اسکے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ نے فرمایا ہے کہ

"من لعب بالنرد شیر فکانا صبغ یدہ بلحم الخنزیر"

جسنے نرد شیر کھیلا گویا اس نے اپنے ہاتھ سور کے خون میں رنگے ۔

"من لعب بالشطرنج والناظر الیھا کالا کل لحم الخنزیر ملعون"

جو شخص شطرنج کھیلے اور دیکھنے والا اسکی طرف سور کھانے والے کے مانند ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ حاجی صاحب اب اپنی تقریر ختم کرنے کی کوشش کریں ۔ وقت ختم ہو رہا ہے ۔ آدھ گھنٹے سے زیادہ ہو گیا ہے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب میں وقت کے اندر ختم کردوں گا حضور فرماتے ہیں کہ جو شخص شطرنج کھیلے یا اسکی طرف دیکھے تو وہ سور کھانے کی مانند ہے ۔ اور خاص کر جب پاکستان کا نقشہ علامہ اقبال نے پیش کیا تھا اسمیں وہ کیا فرماتے ہیں ۔

"عجم ہنوز نہ داند رموز دین ورنہ
زدیو بند حسین احمد این چہ بوالعجبی ست
سرود بر سر منبر کہ ملت از وطن است
چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است
بمصطفے برسان خویش را کہ دین ہمہ اوست
اگر بہ او نرسیدی تمام بو لہبی ست"

وزیر خزانہ ۔ اسکا ترجمہ کرونا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کے اصول کے مطابق کوئی نہ اترے تو اسکے جتنے امور ہیں اسکی جتنی زندگی ہے وہ بیکار ہے ۔ اگر اس کے پاس عمل نہیں ہے تو وہ بولہب ہے اور بے دین ہے ۔ اسکے اب بعد میں غیر مسلموں کے اقوال بتاتا ہوں سب سے پہلے میں جارج برناڈ شاہ کا قول بتاتا ہوں وہ کہتے ہیں

"آنے والے سو سال میں ہماری دنیا کا مذہب
اسلام ہو گا مگر یہ موجودہ زمانے کے مسلمانوں

کا اسلام نہ ہو گا بلکہ وہ اسلام ہو گا جو
محمدالرسول‌اللہ کے زمانے میں دلوں، دماغوں اور
روحوں میں جاگزیں تھا "

اسکے بعد کاؤنٹ ٹالسٹائی . . . .

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب اگر آپ قمار بازی کے متعلق اسلامی نظریہ پیش کرنا چاہتے ہوں تو کریں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - میں قمار بازی کے متعلق کہوں گا -

مسٹر سپیکر - صرف انہی اقتباسات کا حوالہ دیں جو اس سے متعلق ہوں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب سپیکر - یہ اس سے متعلق ہے - میں شریعت کی رو سے اسکو حرام سمجھتا ہوں، غلط سمجھتا ہوں اور اسی کا حوالہ دینے کے لئے تیار ہوں -

مسٹر سپیکر - اس پوائنٹ پر تو کافی حوالہ جات دئے جا چکے ہیں اسلئے بار بار اس پوائنٹ کو نہ دھرائیے - اب آپ تشریف رکھئے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - مجھے سخت تعجب ہوا جب میرے محترم دوست جناب غلام نبی میمن صاحب نے اس تحریک کی مخالفت کیلئے اس ایوان میں کھڑے ہو کر یہ فرمایا کہ "ہم اس کی مخالفت کرتے ہیں"

Minister of Finance : On technical grounds.

خواجہ محمد صفدر - انہوں نے کسی ٹیکنیکل گراؤنڈ کا ذکر نہیں فرمایا - اب جناب وزیر خزانہ جو کہ اس وقت باوجود اپنے ساتھیوں

کے کہنے کے اٹھنا پسند نہیں کر رہے تھے اور غلام نبی میمن صاحب کو (باوجود یہ کہنے کے کہ اسکا ہوم ڈپارٹمنٹ سے تعلق ہے فائننس سے تعلق نہیں ہے) انکا یہ فرض ادا کرنا پڑا اور اس وقت وزیر خزانہ صاحب فرما رہے ہیں کہ on technical grounds بہر حال جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے سخت تعجب ہوا کہ ابھی مشکل سے ۲۴ گھنٹے گزرے ہیں کہ اس ایوان میں میرے ایک بل کی مخالفت اس بنا پر کی گئی تھی کہ وہ ناکافی ہے وہ ادھورا ہے اور قرآن و سنت کے عین مطابق نہیں ہے اس میں کچھ کمی رہ گئی تھی اور وہ کمی یہ تھی کہ گھوڑ دوڑ کے متعلق اس میں کوئی امر ممانعت کیلئے نہیں رکھا گیا تھا جس کی میں نے وضاحت کر دی تھی ۔ مجھے اس وقت اس کے دھرانے کی ضرورت نہیں ہے بہر حال اس بنا پر کہ میرا وہ بل ادھورا ہے محترم وزیر قانون نے اس بل کی مخالفت کی اور ان الفاظ میں کی کہ ان کی پارٹی کسی ایسے مسودہ قانون کی حمایت نہیں کر سکتی جو پوری طرح قرآن اور سنت کے مطابق نہ ہو ۔ اور آج جب ان کی توجہ اس امر کی طرف محض ایک تحریک کی رو سے دلائی جا رہی ہے کہ آئیے اس صوبے میں قمار بازی کو اور اس قسم کی قمار بازی کو جس میں گھوڑ دوڑ بھی ہے اور جس میں راہ گزروں کا تاش کے پتوں یا کسی اور طریقہ سے جوا کھیلنا بھی شامل ہے اور کلبوں میں ہزاروں روپے لگا کر جوا کھیلنا بھی شامل ہے اس قسم کی قمار بازی کو ممنوع قرار دیدیا جائے تو آج وہ پھر اس ایوان میں معلوم نہیں کس جرأت کے ساتھ اس کی مخالفت کر رہے ہیں ۔ کم سے کم میں اپنے آپ میں یہ ہمت نہیں پاتا کہ ایک دن تو میں ایک بات کہوں اور دوسرے ہی

دن ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر اس بات کے خلاف اس ایوان میں واضح طور پر کچھ اور کہدوں ۔ عمل اور قول کے اس بین تضاد کی اس سے زیادہ گھناؤنی مثال نہیں ہو سکتی کہ کل اس ایوان میں یہ دعوی کہ ایک بل محض اس لئے رد کیا جاتا ہے کہ وہ قرآن و سنت کے عین مطابق نہیں ہے اور جب آج ایک تحریک کی رو سے حکومت کی توجہ دلائی جا رہی ہے کہ آپ اس قسم کا ایک قانون اس صوبے میں نافذ کریں جس سے ہر قسم کی قمار بازی بند ہو جائے تو پھر وہ رہنما اور وہ بزرگ اور وہ ہمارے حکمران ان میں یہ جسارت ہے اور یہ ہمت ہے اور یہ جرأت ہے کہ اس ایوان میں کھڑے ہو کر یہ کہدیں کہ ہم اس کی بھی مخالفت کرتے ہیں ۔ میں ان کو اس آئین کا حوالہ دیتا ہوں جس کے متعلق ان کی پارٹی کہتی ہے ان کے رہنما کہتے ہیں کہ ہم اس کے خالق ہیں جس پر ان کو ناز ہے کہ ہم نے اس آئین میں ایسی ایسی اچھوتی چیزیں رکھی ہیں کہ اس سے پہلے کبھی نہیں تھیں ۔ میں مانتا ہوں کہ بڑی بڑی اچھوتی چیزیں ہیں ۔ پبلک رائے سے مجبور ہو کر انہوں نے آئین میں اس بات کا اقرار کیا ہوا ہے کہ ہم کوئی ایسا قانون جو قرآن اور سنت کے خلاف ہو نہیں بنائیں گے اور اگر یہ چیز موجود ہے تو اس کی ترمیم کرینگے اس کو منسوخ کرینگے ۔ تو میں ان کی توجہ Principles of Policy No. 1 کی طرف دلاتا ہوں کہ اس صوبے میں قمار بازی کا قانون نہایت نامکمل ہے ۔ اس صوبے کا ہر شخص تسلیم کرتا ہے کہ یہ قانون ناقص ہے ۔ اور اس صوبے میں قمار بازی کئی طریقوں سے ہوتی ہے اور قانوناً وہ جائز تصور

کی جاتی ہے اس سے ہمارے صوبے کے خزانے میں آمدنی ہوتی ہے ۔ میں ان سب باتوں کی طرف ان کی توجہ دلاتا ہوں کہ آئیے آج ہم اس قرارداد کو اس تحریک کو منظور کریں اور متفقہ طور پر منظور کریں اور کل ہی آپ ایک بل مکمل طور پر اس صوبے میں قمار بازی کے امتناع کے لئے نافذ کریں ہم آپ کے ساتھ ہونگے ۔ آپ کے ساتھ ہاتھ اٹھائینگے ۔ آپ کی حمایت میں آواز بلند کرینگے ۔ جناب والا یہی نہیں ۔ آئین تو ایک ایسی چیز ہے جس میں کم و بیش تین مرتبہ تبدیلی کی جا چکی ہے ۔ معلوم نہیں کہ کتنی بار اور اس میں ترامیم ہوں ۔ انسان کا بنایا ہوا ہے ۔ غلطیوں سے پر ہے کبھی ہم اس میں اس لئے ترمیم لاتے ہیں کہ اس میں ہماری ذاتی منفعت ہوتی ہے ۔ بہر حال اس سے قطع نظر میں الہامی قانون کا حوالہ دیتا ہوں جس میں کوئی ترمیم نہیں ہوگی ۔ جس کا کوئی حصہ کوئی شوشہ کوئی لفظ منسوخ نہیں ہوگا ۔ میں اس کے واسطے سے اپنے ان بزرگوں اور بھائیوں کو کہتا ہوں کہ اس میں یہ لکھا ہے کہ جوا حرام ہے اور یہ شیطانی فعل ہے ۔ اس کے نام پر میں ان سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس تجویز کو اس تحریک کو قبول فرمائیں اور اس ایوان کی متفقہ آواز کے بعد اپنے ان مخصوص مفادات کو جو کہ بجٹ کو پورا کرنے کے ساتھ وابستہ ہیں ان کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس ایوان میں جلد از جلد قمار بازی کے مکمل امتناع کے لئے قانون لائیں اور اس کا نفاذ پورے زور سے کریں تاکہ یہ لعنت جو کئی اور لعنتوں کا باعث ہے اور کئی ایک خرابیوں کی وجہ ہے کم از کم اس صوبے سے دور ہو جائے ۔ جناب والا میرے محترم دوست اگر یہ کہیں کہ ہمیں دو کروڑ یا چار کروڑ روپیہ کی آمدنی

اس مد سے ہے اور اس آمدنی کے بغیر ہماری حکومت کا کاروبار نہیں چل سکتا تو میں یہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ ہمیں جناب والا اس سال ۵۰ کروڑ روپیہ مطلوب تھا جو امریکہ نے دینے سے انکار کر دیا اور صدر مملکت نے آج ہی قوم کے نام یہ پیغام دیا ہے کہ ہم اپنی ضروریات کو کم کریں اور اپنے ترقیاتی منصوبوں کو مقامی سرمایہ سے تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کریں ۔ اگر ہم ۵۰ کروڑ روپیہ کے اخراجات کم کر سکتے ہیں ۔ اگر ہم اس ۵۰ کروڑ روپیہ . . . . . (قطع کلامی)

وزیر خزانہ ۔ ۵۰ کروڑ ڈالر ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ڈیڑھ ارب روپیہ بلکہ ڈھائی ارب روپیہ ۔

وزیر خزانہ ۔ حساب کا کچا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ بالکل ۔ تو جناب والا ۵۰ کروڑ ڈالر کے بغیر ہمارا ملک زندہ رہ سکتا ہے ۔ دو ڈھائی ارب روپیہ کے بغیر ہمارا صوبہ یقیناً زندہ رہ سکتا ہے ۔ جناب والا میں اپنے دوستوں سے درخواست کرونگا کہ وہ اس کو عذر لنگ نہ بنائیں اور اس کو پاس ہونے دیں ۔ چونکہ وقت کم ہے میں ان الفاظ کے ساتھ جناب محترم حاجی عطا محمد لنڈ کی تحریک کی پرزور حمایت کرتا ہوں اور درخواست کرتے ہوئے درد مندانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس کو قبول فرمائیں تاکہ ان کی آخرت میں بھی کوئی اچھا اور نیک فعل لکھا جائے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔۱) ۔ جناب سپیکر ۔ جہاں تک قمار بازی کی روک تھام کا تعلق ہے ہم حزب اختلاف سے بالکل اتفاق

کرتے ہیں (تالیاں) ۔ جناب والا میں اور ہر ذی ہوش انسان اس برائی کے خلاف ہے اورکوئی اس سے انکار نہیں کر سکتاکہ یہ ہزار ہا سال پرانی ، موذی اور متعدی مرض ہمارے یہاں فروغ پا رہی ہے ۔ اس اعتبار سے جس جذبہ کے تحت یہ قرارداد پیش کی گئی ہے وہ نیک اور قابل تعریف جذبہ ہے ۔ مگر دیکھنا یہ ہے کہ اگر یہ resolution منظور ہو جائے تو کیا یہ برائی ختم ہو جائے گی ۔

Khan Ajoon Khan Jadoon : Point of order Sir. May I suggest Sir that the time may be extended by half an hour because there are some more resolutions and discussion on this resolution will also be completed.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں پورے زور سے اس کی تائید کرتا ہوں ۔ میرا ایک نہائت اہم ریزولیوشن حکومتی پارٹی نے جان بوجھ کر آج kill کرنے کی کوشش کی ہے ۔ میرا خیال ہے کہ بیٹھ کر وہ بھی پاس کر دیں تاکہ میں بھی کچھ عرض کر دوں ۔ جناب خان حبیب اللہ صاحب نے اتنی لمبی چوڑی تقریر کی ہے اور جو نظم انہوں نے کہی تھی اس کا جواب نثر میں بھی سن لیں ۔

وزیر خزانہ۔ جناب والا۔ آج "پرائیویٹ ممبرز ڈے" ہے ۔ "پرائیویٹ ممبرز ڈے" پر کبھی ایسا نہیں ہوا کہ ٹائم بڑھا دیا جائے ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ قمار بازی کا رجحان اتنا کیوں ہو گیا ہے ۔ میرے نزدیک اس کی وجہ ناجائیز دولت کمانے اور ناجائیز ذرائع سے بغیر محنت کے لئے امیر بننے کا رجحان عام ہو گیا ہے اور اس حد تک یہ رجحان عام ہو گیا ہے کہ

اکثر لوگ تمام اخلاق ، مذہبی اور شائستہ اصولوں کو نظر انداز کر کے ناجائز دولت overnight کما لینا چاہتے ہیں -

جناب والا - اس برائی کی جڑیں اسقدر گہری ہو چکی ہیں کہ ان کو اکھاڑنے کے لئے بڑی محنت اور جد و جہد کی ضرورت ہے - جناب والا - جبتک اس رجحان کو نہ روکا جائے اسوقت تک نہ کوئی قانون موثر ہو سکتا ہے اور نہ کوئی اور کوشش کارگر ہو سکتی ہے - یہ ایسے ہوگا جیسے ناسور کا منہ تو بند کر دیا جائے اور اسے سارے جسم میں پھیلنے دیا جائے-

Mr. Speaker : The House is adjourned till Monday to meet at 8-00 a.m.

The Assembly then adjourned till 8-00 a.m. on Monday, the 19th July, 1965.

APPENDIX I

(*Ref: Starred Question No.* 161)

DIRECTORATE OF EDUCATION, HYDERABAD REGION AT HYDERABAD.

Hyderabad, the 21st May, 1965.

No. Admn. (1) /2/6507-27/64-65—Consequent upon abolition of posts of Lecturers created out of general savings, the services of the following temporary Lecturers are terminated with effect from 31st May 1965 in the afternoon.

Serial No.	Name and Station	Date of appointment	Remarks
1	2	3	4
	ECONOMICS		
1	Mr. Farhad Ali Zubari, temporary Lecturer, Government College, Nawabshah.	22-9 64	
2	Mr. Ghulam Nabi, Temporary Lecturer, Government College, Larkana.	22-9-64	
3	Mr Anwar Ali Khokar, Temporary Lecturer, Government College, Larkana.	28-9-64	
4	Mr. Manzoor Ahmad, Temporary Lecturer, Government Collge, Dadu.	28-9-64	
5	Mr. Muhammad Taqui, Temporary Lecturer, Government College, Khairpur	19-10-64	

Serial No.	Name and Station	Date of appointment	REMARKS
1	2	3	4
	ECONOMICS—CONCLD.		
6	Mr. Abdus Sattar Khan, Temporary Lecturer, Government College, Shikarpur.	23-10-64	Previously employed Assistant Master Government High School, Hyderabad.
7	Mr. Azmatullah Khan, Temporary Lecturer, Government Intermediate College, Sukkur.	28-10-64	Previously employed as Assistant Master Government Boys Section School, Drigh Road, Karachi.
8	Mr. Avais Mazher Hussain, Temporary Lecturer, Post-Graduate Centre, Sukkur.	4-12-64	
9	Mr. Niamul Hassan, Temporary Lecturer, Post Graduate Centre, Sukkur.	7-12-64	
	SINDHI		
10	Mr. Abdur Razzaq Pirzada, Temporary Lecturer, Government College, Sanghar.	31-8-64	
11	Mr. Muhammad Alim Brohi, Temporary Lecturer, Government College, Nawabshah.	28-9-64	Previously employed as Assistant Master Government High School, Nasirabad.
12	Mr. Altaf Nabi, Temporary Lecturer, Government College, Shikarpur.	16-1-65	

Serial No.	Name and Station	Date of appointment	Remarks
1	2	3	4
	BOTANY		
13	Mr. Shaikh Hamza Ali, Temporary Lecturer, Government Degree College, Sukkur.	21-9-64	
14	Mr. Sultan Abbas, Temporary Lecturer, Government College, Khairpur.	24-9-64	
15	Mr. Muhammad Pannah, Temporary Lecturer, Government College, Larkana.	25-9-64	
16	Mr. Ali Ahmad, Temporary Lecturer, Government College, Larkana.	7-11-64	
17	Mr. Muhammad Zahur Naz, Temporary Lecturer, Government College, Sanghar.	11-11-64	
	CHEMISTRY		
18	Mr. Rasheed Ahmad, Temporary Lecturer, Government College, Larkana.	6-3-65	
	ISLAMIC CULTURE STUDIES		
19	Mr. Abdul Hameed, Temporary Lecturer, Government College, Sanghar.	24-9-64	Previously employed as Assistant in this Directorate.

Serial No.	Name and Station	Date of appointment.	Remarks
1	2	3	4
	ISLAMIC CULTURE STUDIES—CONCLD.		
20	Mr. Abdur Rauf, Temporary Lecturer, Government College, Khairpur.	14-10-64	Previously employed as Assistant Master, Government High School, Rohari.
21	Mr. Fateh Din, Temporary Lecturer, Government College, Thatta.	21-9-64	
22	Mr. Inayat Ali Khoja, Temporary Lecturer, Government College, Nawabshah.	21-9-64	
	MUSLIM HISTORY		
23	Mr. Muhammad Ramzan, Temporary Lecturer, Government College, Hyderabad.	23-9-64	Previously employed as Assistant Master, Government Training College for Men, Hyderabad.
24	Mr. Qazi Imdad Hussain, Temporary Lecturer, Government College, Khairpur.	28-9-64	Previously employed as Headmaster, Government Middle School, Latifabad.
25	Mr. Ali Sher, Temporary Lecturer, Government College, Jacobabad.	8-10-64	Employed as Assistant Master, Government Pilot School, Larkana previously.

Serial No.	Name and Station	Date of appointment	REMARKS
1	2	3	4
	MUSLIM HISTORY—CONCLD.		
26	Mr. Khalil Khan, Temporary Lecturer Government College, Larkana.	28-11-64	Previously employed as A. M. Government High School, Jacobabad.
	PERSIAN		
27	Mr. Manzoor Ahmad, Temporary Lecturer, Government College, Jacobadad.	22-9-64	Previously employed as A. M. Government High School, Jacobabad.
28	Mr. Zamiruddin, Temporary Lecturer, Government College, Shikarpur.	30-9-64	
	POLITICAL SCIENCE		
29	Mr. Muhammad Yousuf, Temporary Lecturer, Government College, Dadu.	26-9-64	
30	Mr. Mazharuddin, Temporary Lecturer, Government College, Dadu.	28-9-64	
31	Mr. Iftekhar Hussain, Temporary Lecturer, Government College, Nawabshah.	29-9-64	
32	Mr. Maqbool Hussain Musavi, Temporary Lecturer, Government Degree College, Sukkur.	15-10-64	Previously employed as A. M. Government High School, Sukkur.

Serial No.	Name and Station	Date of appointment.	REMARKS
1	2	3	4
	POLITICAL SCIENCE—CONCLD.		
33	Mr. Muhammad Afzal, Temporary Lecturer, Government Inter-College, Sukkur.	20-10-64	
34	Mr. Abdur Razzaq, Temporary Lecturer, Government College, Shikarpur.	24-10-64	
35	Mr. Asadullah Khero, Temporary Lecturer, Government College, Nawabshah.	24-10-64	
	URDU		
36	Mr. Zubair Siddiqui, Temporary Lecturer, Government College, Jacobabad.	10-10-64	Previously employed as A. M. Government High School, Mirpurkhas.
	PSYCHOLOGY		
37	Mr. Mumtazuddin, Temporary Lecturer, Government (Degree) College, Sukkur.	13-10-64	Previously employed as A. M. Government High School, Kot Dijihas.
38	Mr. Shamim Ahmad, Temporary Lecturer, Government College, Mirpurkhas.	15-9-64	

Serial No.	Name and Station	Date of appointment	Remarks
1	2	3	4
	GOVERNMENT SECONDARY TEACHERS TRAINING COLLEGE, SUKKUR.		
39	Mr. Muhammad Ather Koti, Temporary Lecturer, Government Secondary Teachers' Training College, Sukkur.	28-11-64	Previously employed as A. M. Government High School, Khairpur.
	ZOOLOGY		
40	Mr. Muhammad Ali Khan, M.Sc., II, Temporary Lecturer, Government College, Khairpur.		

S. SHAHID ALI

DEPUTY DIRECTOR (COLLEGES)
for *Director of Education, Hyderabad Region, Hyderabad.*

APPENDIX II

(Ref. Starred Question No. 531)

STATEMENT SHOWING THE NUMBER OF STUDENTS ON ROLL IN ENGLISH MEDIUM SCHOOLS

1.	Aitchison College, Lahore	...	809
2.	Sadiq Public School, Bahawalpur	...	456
3.	Cantt. Public School, Sialkot Cantt	...	509
4.	Convent of Jesus & Mary, Sialkot	...	350
5.	St. Mary's Convent, Multan	...	400
6.	St. Andrews Raly: Day School, Lahore	...	450
7.	St. Anthony's High School, Lahore	...	600
8.	Cathedral High School, Lahore	...	800
9.	Convent of Jesus & Mary, Lahore	...	1,000
10.	St. Francis Grammar School, Quetta	...	673
11.	St. Joseph's Convent School, Quetta	...	725
12.	Cantt. Public School, Quetta	...	606
13.	Govt. Sr. Model Secondary School for Boys, PECHS, Karachi	...	315
14.	Govt. Model Secondary School for Girls, PECHS, Karachi	...	575
15.	C.S. Secondary School for Boys, Karachi	...	457
16.	Pak. National Secondary School for Boys, Karachi	...	243
17.	St. Patricks School for Boys, Mauripur, Karachi	...	282
18.	New Era Secondary School for Boys, Karachi	...	225

19.	Metro Police School for Boys, Karachi	...	210
20.	Sharafabad School for Boys, PECHS, Karachi	...	91
21.	Mama Parsi Secondary School for Girls, Karachi	...	220
22.	C.H. Khaliqdina Secondary School for Girls, Karachi	...	181
23.	Aysha Bawany Secondary School for Girls, Karachi	...	263
24.	B.V.J. Secondary School for Girls, Karachi	...	257
25.	Govt: Junior Model School, Karachi	...	211
26.	Grammar Primary School for Boys, Karachi	...	145
27.	C.M.S. Primary School for Boys, Karachi	...	252
28.	New Era Primary School for Boys, Karachi	...	221
29.	St. Paug's Primary School for Boys, Karachi	...	390
30.	St. Vianney Primary School for Boys, Karachi	...	472
31.	Aziz Primary School for Boys, Karachi	...	261
32.	Cantt. Public School for Boys, Karachi	...	217
33.	P.A.F. Drigh Road School, Karachi	...	205
34.	Malir English School for Boys, Karachi	...	178
35.	Mohammadi Academy (Boys) Karachi	...	166
36.	Delhi Mercantile (Boys) School, Karachi	...	375
37.	Greenwood Primary School, (Boys) Karachi	...	639
38.	Twinkle Star School (Boys) Karachi	...	231
39.	St. Xavier School (Boys) Karachi	...	368
40.	Mama Parsi Girls Primary School, Karachi	...	246
41.	Khatoon-i-Pakistan Girls Primary School, Karachi	...	195

42.	St. Anthony Girls School, Karachi	...	173
43.	Convent Day High School, Peshawar	...	671
44.	St. Mary's Cambridge School, Peshawar	...	363
45.	St. Columbus High School, Peshawar	...	100
46.	St: Joseph Convent School, Kohat	...	268
47.	St. Edmunds Cambridge School, Bannu	...	65
48.	St. Halen Cambridge School, D.I. Khan	...	116
49.	Cantt. Model High School, D.I. Khan	...	250
50.	Cantt. Public School for Girls, Abbottabad	...	528
51.	Abbottabad Public School, Abbottabad	...	236
52.	Cantt. Public School, Peshawar	...	784
53.	Cantt. Public School, Naushera	...	472
54.	Cantt. Public School, Kohat	...	213
55.	Cantt. Public School, Risalpur	...	75
56.	Burnhal School, Abbottabad	...	610
57.	Cadet College, Kohat	...	80
58.	Cadet College, Petaro	...	360
59.	K. G. Classes Islamia Modern School, Hyderabad	...	156
60.	St. Saviours Parish School, Sukkur	...	568
61.	P.A.F. School, Badin	...	66
62.	S. K. Rahim K.G. School, Hyderabad	...	403
63.	St. Anthony's Middle School, Nawabshah	...	221
64.	Kazi Habibullah K.G. School, Shikarpur	...	191
65.	Hassan Eng. Teaching School, Hirabad, Hyderabad	...	161

66.	St. Theresa E.T. Middle School, Khairpur	... 231
67.	Rabia English Teaching School, Larkana	... 69
68.	D.D.A.K.G. School, Jacobabad	... 124
69.	Gudu Barrage E.T. School, Kashmore Colony-I	... 67
70.	Himayatul Islam Girls School, Hyderabad	... 511
71.	Muhammadi Eng. Teaching School, Hyderabad	... 212
72.	St. Mary's Convent High School, Hyderabad	... 904
73.	Figgot Memorial Girls High School, Hyderabad	... 1015
74.	St. Mary's High School, Sukkur	... 609
75.	St. Bonavanture High School, Hyderabad	... 791
76.	Himayatul Islam E.T. Boys School, Hyderabad	... 1012
77.	Modern English Teaching High School, Sukkur	... 918
78.	St. Michael's Convent School, Mirpurkhas	... 329
79.	Public School, Hyderabad	... 167
80.	Lawrence College, Ghoragali	... 510
81.	Cadet College, Hassanabdal	... 370
82.	Divisional Public School, Lyallpur	... 385
83.	Government Primary School, Islamabad	... 190
84.	Government Model School, Satellite Town, Rawalpindi	... 308
85.	Presentation Convent School, Murree	... 285
86.	Presentation Convent School, Rawalpindi	... 735
87.	Convent of Jesus & Mary, Murree	... 250
88.	St. Denys High School, Murree	... 125
89.	Station School, Rawalpindi	... 353

APPENDIX III

(Ref: Starred Question No. 768)

ANNEXURE

Schools functioning in the Union Councils of Lora, Nara Dhanda Pirkhan in Tehsil Abbottabad :—

1. Lara.	2. Bakhan.	3. Naira.
4. Rahi.	5. Roper	6. Ehallal
7. Nanora.	8. Gohra.	9. Dakhan.
10. Mari Ban	11. Kasnostan.	10. Gorini.
13. Nanmoone	14. Basor.	15. Babian.
16. Soorjan	17. Palak.	18. Dawaza.
19. Malkot	20. Nongal.	21. Simili Dai.
22. Bantaahoor	23. Thungsar	24. Ramlot.
25. Berhun	26. Tori.	27. Deedal.
28. Pakka	29. Badan.	30. Nagribala.
31. Akhroopa	32. Patneela.	33. Chehra.
34. Sajikot	35. Managh.	36. Lahhan.
37. Tajwan	38. Gotla.	39. Nashehra.
40. Dirkot.	41. Hardahal Kalan.	42. Dehan.
43. Mohar Khurd.	44. Aziz Abad.	45. Birankill.
46. Gahaffar	47. Dhalgote.	48. Malfa.
49. Namlimaira.	50. Jughmong	51. Dangoora.
52. Dhakki.	53. Khairder.	54. Bangnodar.
55. Dandimaira.	56. Jehan.	57. Kakul.

58. Mera Rehmat Khan.	59. Gali Banian.	60. Mohor.
61. Mohar Kalan.	62. Dalollia.	63. Malrochh Kalan.
64. Pattan Kalan.	65. Pattan Khurd.	66. Bandi Sorara.
67. Khukharaila	68. Bonoda.	69. Sialkot.
70. Namal.	71. Moonia.	72. Sangal.
73. Majhual.	74. Banda Pirkhan.	75. Tarnawai.
76. Noorpur.	77. Rahi.	78. Kotli.
79. Talasi.	80. Tanah.	81. Ghampiar.
82. Ghalag.	83. Chappargran.	84. Nora.
85. Fatora	86. Gohora.	87. Ghali Muzaffar Khan.
88. Toi.	89. Bardian.	90. Dhalkot.
91. Sarmana.	92. Malsa.	93. Aziz Band.
94. Tarman Ghali	95. Mohar Khurd.	96. Therahati.
97. Hananal Mattian.	98. Kutli.	99. Seer.
100. Kuttal.	101. Durani.	102. Kala Bund.
103. Palak.	104. Malkot.	105. Pattan Kalan.
106. Pattan Khurd.	107. Battangi.	108. Pandi Thora.
109. Namal	110. Mujun.	111. Bokod.
112. Sangal.	113. Pichpana.	114. Malia.
115. Malath.	116. Tajwal.	117. Patiala.
118. Lahhan.	119. Nagriwala.	120. Chehr.
121. Sumendar Katcha.	122. Sajikot.	123. Makol.
124. Akhroga.	125. Pagriala.	126. Kakul.

127. Mare Kalan.	128. Kuthwal.	129. Mirpur.
130. Chaddari.	131. Mara Rehmat Kalan.	132. Namili Maira.
133. Jutmong.	134. Bhagnodar	135. Ghalan.
136. Maira.	137. Daloia.	138. Pattan Kalan.
139. Pattan Khurd.	140. Pandi Thorara.	141. Sialkot.
142. Thamiali.	143. Patangi Masina.	144. Panda Pirkhan.
145. Pandi Thuda.		

———

APPENDIX IV

(Ref: Starred Question No. 848)

STATEMENT SHOWING THE NO. OF GIRLS HIGH, MIDDLE AND PRIMARY SCHOOLS, ALONG WITH THEIR LOCATION, AS IT STOOD ON 30-6-1965. IN R.Y. KHAN DISTT.

S. No.	*Name of School*	*Kind of School*	*Tehsil*
1.	Girl High School, Sadiqabad.	Town Committee	Sadiqabad
2.	Girls Middle School, Old Saidiqabad.	D.P.E.C.	do
3.	Girls Middle School, Sanjarpur.	do	do
4.	Girls Middle School, Chak 146/P.	do	do
5.	Girls Middle School, Chak 173/P	do	do
6.	Girls Pry. School, Chak 158/P	do	do
7.	Girls Pry. School, Chandrami	do	do
8.	Girls Pry. School, Jamal Din Wali	do	do
9.	Girls Pry. School, Chak 165/N.P.	do	do
10.	Girls Pry. School, Chak 181/N.P.	do	do
11.	Girls Pry. School, Chak 172/N.P.	do	do
12.	Girls Pry. School, Chak 150/P.	do	do
13.	Girls Pry. School, Chak 195/P	do	do

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
14.	Girls Pry. School, Kot Sabzal	D.P.E.D.	Sadiqabad
15.	Girls P. S, Chak 175/P	do	do
16.	Girls Pry. School, Chak 156/P	do	do
17.	Girls Pry. School, Bhong	do	do
18.	Girls Pry. School, Chak 140/P	do	do
19.	Girls Pry. School, Chak 141/P	do	do
20.	Girls Pry. School, Chak 199/P	do	do
21.	Girls Pry. School, Shakir Kot	do	do
22.	Girls Pry. School, Chak 193/P	do	do
23.	Girls Pry. School, Chak 204/P	do	do
24.	Girls Pry. School, Chak 197/P	do	do
25.	Girls Pry. School, Chak 17/P	do	do
26.	Girls Pry. School, Chak 145/P	do	do
27.	Girls Pry. School, Chak 166/P	do	do
28.	Girls Pry. School, Admn. Sahaba	do	do
29.	Girls Pry. School, Ahmad Abad	do	do
30.	Girls Pry. School, Rajanpur	do	do
31.	Girls Pry. School), Walhar	do	do
32.	Girls Pry. School, Ahmad Pur Aamma	do	do
33.	Girls Pry. School, Gharib Abad	do	do

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
34.	Girls Pry. School, Ckak 195/Bara	D.P.E C.	Sadiqabad
35.	Girls Pry. School, Chak 208/P	do	do
36.	Girls Pry. School, Chak 217/P	do	do
37.	Girls Pry. School, Katchi Mandi SDK.	do	do
38.	Girls Pry. School, Petrol Pump SDK.	do	do
39.	Girls Pry. School, Mohd Abad	do	do
40.	Girls High School, Rahim-yarkhan	Government	Rahimyarkhan
41.	Girls Middle School, Canal Colony, R. Y. Khan	M.C.	do
42.	Girls Middle School, Chak 118/P	D.P.E.C.	do
43.	Girls Middle School, Chak 46/P	do	do
44.	Girls Middle School, Trinda Sawai Khan	do	do
45.	Girls Middle School, Kot Samaba	do	do
46.	Girls Pry. School, Chak 111/P	do	do
47.	Girls Pry. School, Mauza Channa	do	do
48.	Girls Pry. School, Chak 101/P	do	do
49.	Girls Pry. School, Chak 125/P	do	do

S. No.	*Name of School*	*Kind of School*	*Tehsil*
50.	Girls Pry. School, Chak 125/P	D.P.E.C.	Rahimyarkhan
51.	Girls Pry. School, Chak 88/P	do	do
52.	Girls Pry. School, Hasan Abad.	do	do
53.	Girls Pry. School, Kot Haq Nawaz.	do	do
54.	Girls Pry. School, Chak 51/P	do	do
55.	Girls Pry. School, Chak 78/P	do	do
56.	Girls Pry. School, Chak 128/P	do	do
57.	Girls Pry. School, Rukanpur	do	do
58.	Girls Pry. School, Amin Garh	do	do
59.	Girls Pry. School, Chak 79/P	do	do
60.	Girls Pry. School, Mianwali Shekhan.	do	do
61.	Girls Pry. School, Ranjh-i-Khan.	do	do
62.	Girls Pry. School, Fatahpur Araian.	do	do
63.	Girls Primary School, Chak 134/P.	do	do
64.	Girls Primary School, Chak 113/P.	do	do
65.	Girls Primary School, Bismillah Pur.	do	do
66.	Girls Primary School, Dari Azim Khan.	do	do

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
67.	Girls Primary School, Chak 83/N. P.	D.P.E.C.	Rahimyarkhan
68.	Girls Primary School, Chak 106/P.	do	do
69.	Girls Primary School, Dera Shamas.	do	do
70.	Girls Primary School, Kot Daria.	do	do
71.	Girls Primary School, Chak 114/P.	do	do
72.	Girls Primary School, Sardar Garh.	do	do
73.	Girls Primary School, Mian Wali Qureshian.	do	do
74.	Girls Primary School, Mauza Kurh Man Sing.	do	do
75.	Girls Primary School, Aman Garh	do	do
76.	Girls Primary School, Taj Garh.	do	do
77.	Girls Primary School, Chak 114/P.	do	do
78.	Girls Primary School, Chak 88/W.	do	do
79.	Girls Primary School, Adam Wali.	do	do
80.	Girls High School, Khanpur.	Government	Khanpur.

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
81.	Girls Primary School, Chachran.	D.P.E.C.	Khanpur
82.	Girls Primary School, Bagh-o-Babar.	do	do
83.	Girls Primary School, Chak 1/P.	do	do
84.	Girls Primary School, Jajja Abbasian.	do	do
85.	Girls Primary School, Rang Pur.	do	do
86.	Girls Primary School, Kotla Pathan.	do	do
87.	Girls Primary School, Sehja	do	do
88.	Girls Primary School, Mauza Khanpur.	do	do
89.	Girls Primary School, Chak 23/P.	do	do
90.	Girls Primary School, Chak 27/P.	do	do
91.	Girls Primary School, Chak 5/ Neel Garh.	do	do
92.	Girls Primary School, Missan.	do	do
93.	Girls Primary School, Mad Bhoora.	do	do
94.	Girls Primary School, Mari Allah Bachya.	do	do
95.	Girls Primary School, Mad Mangla.	do	do

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
96.	Girls Primary School, Mueen Abad.	D.P.E.C.	Khanpur
97.	Girls Primary, School, Railway Colony Khanpur.	do	do
98.	Girls Primary School, Zahir Pir.	do	do
99.	Girls Primary School, Ghaus Pir.	do	do
100.	Girls Middle School, Allahabad.	do	Liaqatpur.
101.	Girls Middle School, Khan Bela.	do	do
102.	Girls Primary School, Chak 66/6-R.	do	do
103.	Girls Primary School, Murad Pur Sial.	do	do
104.	Girls Primary School, Trinda Muhammad Panah.	do	do
105.	Girls Primary School, Aminabad.	do	do
106.	Girls Primary School, Pacca Laran.	do	do
107.	Girls Primary School, Jampur.	do	do
108.	Girls Primary School, Chak 80-81/P.	do	do
109.	Girls Primary School, Firoza.	do	do

S No.	*Name of School*	*Kind of School*	*Tehsil*
110.	Girls Primary School, Chak 47/3-R.	D.P.E.C.	Liaqatpur.
111.	Girls Primary School, Bakhshan Arian.	do	do
112.	Girls Primary School, Chanjni.	do	do
113.	Girls Primary School, Jam Bakhshan Arian.	do	do
114.	Girls Primary School, Old Siaqatpur.	do	do
115.	Girls Primary School, Metla.	do	do
116.	Girls Primary School, Chak 50/A.	do	do
117.	Girls Primary School, Chak 45/A.	do	do
118.	Girls Primary School, Thul Hamza.	do	do
119.	Girls Primary School, Colony, H. Muhammad Khan.	M. C. R. Y. Khan.	Rahimyarkhan.
120.	Girls P. S. Old City, R. Y. Khan.	do	do
121.	Girls Primary School, Old Abadi, R. Y. Khan.	do	do
122.	Girls Primary School, Kooha Mir Muhammad Hussain.	do	do
123.	Girls Primary School, Thalli Mehtaman.	do	do

S. No.	Name of School	Kind of School	Tehsil
124.	Girls Primary School, Chak 111/W.	M. C. R. Y. Khan	Rahimyar Khan
125.	Girls Primary School, Muhajir Colony.	do	do
126.	Girls Primary School, New Sadiq Bazar.	do	do
127.	Girls Primary School, Factory Area.	do	do
128.	Girls Primary School, Abbas Mills.	do	do
129.	Girls Primary School, Basti Amanat Ali.	do	do
130.	Girls Primary School, Zahri, KPR.	M. C. Khanpur.	Khanpur.
جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک چھوٹا سا قدم اس اصول کو تسلیم کرنے کے بعد اس طرف اٹھایا گیا ہے کہ غیر سرکاری نامزد شدہ ارکان اب میونسپل کمیٹیوں میں نہیں ہیں - اور اس لحاظ سے بھی اس شق میں ترمیم کی گئی ہے کہ بجائے اس کے کہ پہلے ۵۰ فیصدی نامزد ارکان ہوتے تھے اب ۳۳ فیصدی ہوں گے - یعنی نامزد ارکان اور منتخب شدہ ارکان کے درمیان ایک اور دو کی نسبت ہوگی - آج اس وقت بھی ایک اور ایک کی نسبت ہے یعنی نصف نصف ہے - جناب والا یہ ایک ایسا امر ہے جس کی تاریخ بڑی لمبی ہے - گزشتہ ۱۰۰ سال سے جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ یہ میونسپل کمیٹیاں قائم ہوئی تھیں - پنجاب میں ۱۰۲ سال گزر چکے ہیں - اس وقت سے لے کر تا آنکہ انگریز یہاں سے چلا گیا پنجاب میں بسنے والے بلکہ ہندوستان میں بسنے والے لوگ مسلسل جدوجہد کرتے رہے کہ اس غیر جمہوری پروویژن سے - اس غیر جمہوری شق سے میونسپل ایکٹ کو پاک کیا جائے - اور جناب والا - آج سے پون صدی قبل یعنی ۱۸۸۴ء میں اس صوبہ کے اس حصے میں جس کو پنجاب کہتے ہیں تقریباً ۵۰ فی صدی منتخب شدہ ممبران میونسپل کمیٹیوں میں موجود تھے - اور آج پون صدی کے بعد بھی یہ کہنا کہ ہم وہی ہیں یہ غلط ہوگا ہم کو دوبارہ اس جگہ لے جائیں گے یہ صحیح ہوگا - کیونکہ اس عرصہ میں یعنی ۱۹۲۲ء میں جب میونسپل کمیٹیوں کے انتخاب ہوئے اس زمانے میں میونسپل ایکٹ میں ترمیم کی گئی - اور یہ لازم رکھا گیا کہ میونسپل کمیٹیوں میں کسی صورت میں بھی نامزد ارکان کی تعداد $\frac{1}{4}$ سے زیادہ نہ ہوگی - آج سے ۴۳ سال قبل ہم جس مقام پر تھے آج اسی مقام پر نہیں ہیں - جناب والا ۱۹۵۰ء میں یعنی پاکستان کے بعد پہلا میونسپل الیکشن ہوا - اور اس چیز کو حذف کر دیا گیا اور عوامی مطالبہ کو قبول کرتے ہوئے جمہوریت کی اس اولین سیڑھی

کو جمہوریت کے عین مطابق بناء دیا گیا - اور ۱۰۰ فیصدی میونسپل ارکان منتخب شدہ قرار دیئے گئے -

جناب والا - تیسری وجہ جس کی بناء پر میں یہ چاہتا ہوں کہ اس کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے وہ یہ ہے کہ ملوکیت اور ایمپریلزم کا وہ شاہکار جس کی رو سے میونسپل کمیٹیوں اور ڈسٹرکٹ بورڈوں کو ہمارے سابقہ آقا اس ملک میں اپنے قبضہ میں رکھتے تھے اور اپنے پاؤں کی ایڑی تلے دبائے رکھتے تھے اس کو دوبارہ نافذ کر دیا گیا ہے - اور میری مراد یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ آفیسر یا اس کے نمائندے کو بعض حالتوں میں یا بعض اور سرکاری اہلکار کو بلدیاتی اداروں کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے - اور میونسپل کمیٹیوں کو قطعاً یہ اختیار نہیں کہ وہ اپنے چیئرمین مقرر کریں - اس طرح جناب والا - جناب ملک قادر بخش کی رائے یہ ہوگی - کہ شائد بہت بڑا قدم اٹھایا گیا ہے لیکن میں اسے قدم کہہ نہیں سکتا - وہ کچھ ایسا لفظ ہونا چاہئے جیسے کہ بچہ کچھ رینگتا ہو - وائس چیئرمین کے انتخاب میں چاہے میونسپل کمیٹی کے تمام ارکان حصہ لیتے تھے - اب منتخب شدہ ارکان صرف حصہ لیں گے - اگر اس کو ملک صاحب بڑا قدم کہتے ہیں تو کہیں - یا وزیر بلدیات کہتے ہیں تو کہیں دنیا نہیں کہتی - میری رائے میں میرے وزیر بلدیات بھی اور ان کے ساتھیوں نے اپنی عینک لگائی جن کو ہرا ہی ہرا دکھائی دیتا ہے حالانکہ سارے ملک میں خزاں ہی خزاں ہے - سیاسی طور پر - اخلاقی طور پر اور اقتصادی طور پر -

وزیر لوکل گورنمنٹ - آپ وہی ایک عینک لگائے رکھتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - سرکاری چیئرمین رکھنے کا طریقہ کسی طرح اور کسی طرز پر بھی جمہوری اصولوں کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا - بلکہ یہ تو جمہوریت کے اصولوں کے منافی ہے -

حاجی عطا محمد — جناب والا - یہ لاؤڈ سپیکر بھی اشارہ کر رہا ہے - کہ ایوان میں کورم پورا نہیں -

مسٹر سپیکر — آپ لاؤڈ سپیکر کا نام نہ لیں - اپنی رائے ظاہر کریں -

حاجی عطا محمد—جناب والا-ہاؤس کا کورم پورا نہیں ہے -

Mr. Speaker : Let there be a count (*Count was taken*) The House is not in quorum. Let the bells be rung (*Quorum bells were rung*). The House is in quorum. Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - اس ضمن میں ہماری جدوجہد کا ایک لمبا عرصہ گزر چکا ہے جبکہ ہم نے اپنے انگریز آقاؤں سے درجہ بدرجہ آزادی حاصل کرکے ڈسٹرکٹ بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں کے آفیشل چیئرمینوں سے نجات حاصل کی تھی - اب وہ امپیریل ازم کا دور نہیں رہا - اس کا سایہ ہٹ گیا - وزیر بلدیات کو ہماری اس سو سالہ جدوجہد کا لحاظ رکھنا چاہیئے - اب آپ کے پاس اقتدار ہے - مگر اقتدار ایک ڈھلتی چھاؤں ہے - یہ حکومت کبھی کسی کے پاس ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نہیں رہتی - خدا را ایسے اعمال کیجئے کہ تاریخ میں آپ کا نام اچھے الفاظ میں باقی رکھا جا سکے - ورنہ تاریخ میں لوگ آپ کو ایک مصیبت تصور کریں گے - جناب والا - میں اس point کو وزیر بلدیات کے ذہن میں اچھی طرح سے واضح کرنے کے لئے چند ایک حوالے دونگا - صفحہ ۳۶ میں لارڈ رپن وائسرائے ہند نے اپنی رائے لکھی ہے - جس میں ان کے خیال کے مطابق میونسپل کمیٹیوں میں سرکاری چیئرمین کو ناپسند کیا جاتا تھا اس سے کارکردگی میں نقصان ہوتا تھا بلکہ کارکردگی کے راستے میں رکاوٹیں پیدا ہوتی تھی جناب والا صفحہ ۳۶ پر ۱۸۸۲ء کا ایک واقعہ درج ہے جس میں ایک کمیشن نے یہ رائے دی تھی -

"The point of the resolution to which I attach most importance, is that which relates to (the District officer and the Chair)..... If the boards are to be of any use for the purpose of training the native to manage their own affairs they must not be overshadowed by the presence of the Burra Sahib."

یعنی خود انگریز وائسرائے لکھتا ہے کہ مجھے میونسپل کمیٹیوں میں "بڑا صاحب" پسند نہیں -

وزیر لوکل گورنمنٹ — اب تو گوٹی بڑا صاحب باقی نہیں رہا -

خواجہ محمد صفدر — جناب والا - اب بھی آپ کا ہر ڈی سی بڑا صاحب ہی ہے -

وزیر لوکل گورنمنٹ — کسی میونسپل کمیٹی میں ڈی سی چیئرمین نہیں ہوتا -

خواجہ محمد صفدر — آپ نے واقعات کا علم حاصل کرنے کی زحمت گوارا نہیں کی - ضلع سیالکوٹ میں گذشتہ چھ ماہ سے قبل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہی بلحاظ عہدہ میونسپل کمیٹی کا چیئرمین تھا - پھر گوجرانوالہ میں یہی حال تھا - بلکہ پانچ دیگر میونسپل کمیٹیوں میں بھی یہی صورت تھی - یہاں تک کہ سیکنڈ کلاس میونسپل کمیٹیوں میں بھی حاکم اعلیٰ مجسٹریٹ صاحبان ہی ہوتے ہیں -

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہاں مجسٹریٹ والی بات ٹھیک ہے -

خواجہ محمد صفدر — اور ڈی سی والی بات بھی درست ہے (قہقہہ) اس میں شک نہیں کہ لاہور میں بھی اور سیالکوٹ میں بھی کارپوریشن اور میونسپل کمیٹیوں کے سرکاری چیئرمین ہیں - علیٰ ہذا القیاس گوجرانوالہ ، سرگودھا ، حیدر آباد ، کراچی میں بھی میونسپل کمیٹیاں اور کارپوریشن سرکاری چیئرمینوں کی تحویل میں ہیں - حالانکہ ۱۸۸۲ء میں یعنی آج سے ۸۳ سال قبل لارڈ رپن کی رائے تھی کہ میونسپل کمیٹیوں کے اندر کوئی ''بڑا صاحب'' نہیں ہونا چاہیئے - یعنی میونسپل کمیٹیوں میں سرکاری چیئرمین کی بجائے عوام کے نمائیندوں میں سے منتخب شدہ چیئرمین ہونا چاہیئے - اور بلدیاتی اداروں کے کام سر انجام دینے کے لئے تمام تر عوام کے نمائیندے ہی میونسپل اداروں میں ہونے چاہئیں - پھر جناب والا - اس انگریز وائسرائے لارڈ رپن کی رائے کا یہ اثر ہوا - یہ صفحہ ۴۶ کے نیچے آخری پیرا ہے -

"The towns were some what ahead of the rural boards. In the central provinces the great majority of Chairmen of municipalities were non-officials, as were a substantial and increasing minority in Bengal and Madras. In some other provinces (e. g. Punjab and North Western Provinces) municipalities were permitted to choose their own chair- ..."

"The chairmen of rural bodies were almost all officials. Only in C. P. (not including Behar) were the chairmen of district councils all non-officials;"

یعنی سی - پی میں اس زمانہ میں ڈسٹرکٹ بورڈوں کے چیئرمین غیر سرکاری افراد تھے -

"....the chairmen of two Punjab district boards, (Sialkot and Amritsar) were for some years non-officials."

میں خود بھی اسی ضلع کا رہنے والا ہوں جس نے ۱۸۸۲ء میں ایک غیر سرکاری چیئرمین چنا تھا - میں سیالکوٹ کا رہنے والا ہوں - مظفر گڑھ کا رہنے والا نہیں ہوں - سیالکوٹ کے ڈسٹرکٹ بورڈ نے ۱۸۸۲ء کے زمانہ میں بھی اپنا ایک غیر سرکاری چیئرمین چنا تھا - اس وقت بھی سیالکوٹ میں ڈسٹرکٹ بورڈ تھا - میونسپل کمیٹی نہ تھی - کیونکہ عام طور پر کہا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹیوں کے اراکین پسماندہ ہوتے ہیں (ایک آواز - سیالکوٹ تو ایک گمراہ ضلع ہے -) جی ہاں - سیالکوٹ سے ہمیشہ سے گمراہ پیدا ہوئے - ان میں سے ایک گمراہ وہ تھا جس نے آپ کو پاکستان کا تخیل دیا - (قہقہہ) معاف کیجئے - سیالکوٹ سے گمراہ پیدا نہیں ہوتے - بلکہ آپ کے رہنما پیدا ہوتے ہیں - آپ کو راستہ دکھانے والے پیدا ہوتے ہیں -

اب جناب صفحہ ۷۴ پر آئیے -

"Municipal boards were of course far ahead of the new district boards. Three—quarters of the members of municipalities in the Madras and the North-Western Provinces might be elected by the ratepayers, and Burma followed suit by adopting the N.-W. P. Act with its elective provisions."

تو - میری عرض یہ ہے کہ اس زمانے میں یعنی آج سے اسی سال پہلے چیئرمین منتخب کرنے کا اختیار ہندوستانیوں کو حاصل تھا - اس کے بعد ۱۹۰۸—۰۹ء میں منٹومارلے ریفارمز سے پہلے یہاں لارڈ کرزن جیسے وائسرائے آئے جو Imperialism کا بدترین شاہکار تھے - انہوں نے اس ترقی پسندانہ قدم کو پیچھے لے جانے کی کوشش کی - اور جمہوری اصولوں کے مطابق وہ قدم جو لارڈ رپن نے اٹھایا تھا - اسے واپس لینے کی کوشش کی - اور اکثر میونسپل بورڈوں اور میونسپل کمیٹیوں سے اپنے چیئرمین منتخب کرنے کا یہ حق واپس لے لیا گیا - لیکن منٹومارلے ریفارمز نے اس سلسلے میں کیا رائے دی - یہ اس کے صفحہ ۸۷—۸۶ پر ہے -

Page 47: para 2

وزیر مال — آپ تو ہر بات منٹو والے ریفرنس کے حوالے سے ہی فرماتے ہیں ۔ ہم تو یہ سن سن کر تنگ آ گئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں تو ان کی تعریف بتا رہا ہوں ۔ ویسے آپ تو ہر اس بات سے تنگ آ جاتے ہیں جو آپ کے ذہن رسا کے مطابق نہ ہو ۔ تاہم میرا یہ فرض ہے کہ میں وہ بات کہوں جو آپ کے ذہن میں نہ ہو ۔ اور جو آپ کو قابل قبول نہ ہو ۔ میں تو ایسی باتیں کرنے کیلئے حاضر ہوا ہوں ۔ میں یہاں اس لئے حاضر نہیں ہوا کہ آپ کی ہاں میں ہاں ملاؤں ۔ آپ کے ذہن کے مطابق ہی سوچوں اور اس کے مطابق ہی یہاں بات کروں ۔ اور اس کے بعد واپس چلا جاؤں ۔ یہ چیز میرے فرائض میں نہیں ۔ آپ کو یعنی وزیر مال صاحب کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے جو یہ سمجھتے ہیں کہ میں یہاں ان کی ہاں میں ہاں ملانے کے لئے حاضر ہوا ہوں ۔

وزیر مال — ہمیں یہ معلوم نہ تھا کہ آپ ہر اچھی بات سے بھی اختلاف کرتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ صفحہ ۸۷ ملاحظہ فرمائیے ۔

"Urban authorities, it was proposed, should be...."

وزیر لوکل گورنمنٹ — Point of order, Sir جناب والا ۔ کیا قائد حزب اختلاف اس بل کے Principles پر تقریر فرما رہے ہیں یا اپنی ترمیم پر بات کر رہے ہیں ؟ غالباً آپ اپنی ترمیم پر بات کر رہے ہیں جو آپ نے پیش کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ یہاں کسی ترمیم کا ذکر نہیں ۔

مسٹر سپیکر — نہیں ۔ خواجہ صاحب اس بل کی موٹی موٹی دفعات کی روشنی میں اپنے point کو develop کر رہے ہیں کہ اس بل کو رائے عامہ حاصل کرنے کی غرض سے مشتہر کیا جائے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ کیا ان دونوں موضوعات پر ایک ہی تقریر ہوگی ؟

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ آپ وزیر بلدیات صاحب کو بتا دیں کہ پہلی reading کے موقع پر صرف principles کا ذکر ہو سکتا ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ میں تو اس ترمیم کی بات کر رہا ہوں ۔ آخر آپ یہ ترمیم کیوں چاہتے ہیں ؟ Principl s of the Bill تو اس کے بعد discuss ہوں گے ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میرے محترم وزیر بلدیات کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ میں نے ابتدا ہی میں یہ عرض کر دیا تھا کہ میں تین وجوہات کی بنا پر اس بل کو عوامی رائے معلوم کرنے کے لئے مشتہر کرنا چاہتا ہوں ۔ دو points تو میں نے عرض کر دیئے ہیں ۔ اور تیسرا اب عرض کر رہا ہوں ۔ اس لئے انہیں impatient نہیں ہونا چاہیئے ۔ انہیں چاہیئے کہ صبر سے کام لیں ۔ کیونکہ اس مرحلہ پر میری تقریر جلد ہی ختم ہونے والی ہے ۔ میں جانتا ہوں کہ اپنی طبیعت کے خلاف کوئی بات سننے سے ان کی طبیعت پر بوجھ پڑتا ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — یہ غلط ہے جناب ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں اس کتاب کے صفحہ ۸۶ کا حوالہ دے رہا ہوں ۔

> "Urban authorities, it was proposed, should be released from official leading strings almost entirely. It was stated squarely that the Chairmen should be an elected non-official, and a majority of members should likewise be elected non-officials."

یہ وہ stage تھی جس میں ہم ۱۹۵۸—۵۹ء میں یعنی آج سے نصف صدی سے زیادہ عرصہ ہوا گزر رہے تھے ۔ ہمیں اس سے بھی پہلے لے جایا جا رہا ہے ۔ میں اختصار سے کام لیتے ہوئے بعض حوالہ جات چھوڑ دیتا ہوں ۔ وہی حوالہ جات میں آئندہ جب اسی موضوع پر آؤں گا تو اپنی ترامیم کے سلسلے میں آپ کی خدمت میں پیش کروں گا ۔ اب میں Simon Report کا صرف ایک فقرہ ان کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ اس

کے مطابق ان کی رائے میں آفیشل چیئرمین سے جمہوریت کو کسی حد تک نقصان پہنچتا ہے ۔ آپ اس کتاب کے صفحہ ۱۷۹ کا پہلا پیراگراف ملاحظہ فرمائیں ۔

"The change wrought in the early 1920's by the new legislation, and by the disappearance of the district officer and his assistants from district and municipal boards, is described by the Simon Report as "little less than the introduction of a new system'—the substitution of democratic for autocratic rule."

جناب والا ۔ سائمن رپورٹ میں اس سسٹم کو جس کے ذریعہ ایک سرکاری افسر کو بلدیاتی ادارہ کا چیئرمین نامزد کیا جاتا ہے یا اس سسٹم کو جس کے ذریعہ بلدیاتی ادارہ میں کسی سرکاری افسر کو نامزد کیا جاتا ہے آٹو کریٹ رول سے تعبیر کیا ہے ۔ اور اس ملک میں یہ آٹو کریٹ رول ان لوگوں کے لئے ہیں جو اس وقت حکمران ہیں ۔ لیکن میرے دوستوں کو یہ دعویٰ ہے کہ اس ملک میں ڈیمو کریسی ہے ۔ آج سے تیس یا پنتیس سال قبل یہاں ایک کمیشن نے کہا تھا کہ اگر بلدیاتی ادارہ کا کوئی سرکاری افسر صدر ہوگا یا کوئی نامزد رکن ہوگا تو وہ آٹو کریٹ رول ہوگا ۔ اس پیمانہ پر اگر آپ کو پرکھا جائے تو پھر آپ ہی بتائیے کہ آپ کو کیا کہا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ آپ کو کہا جاتا ہے وہ درست ہے اور اگر میرے دوست میری اس گذارش کو قبول کر لیں اور اس بل میں اس قسم کی ترمیم لے آئیں جس سے کوئی منتخب شدہ رکن کسی بلدیاتی ادارہ کا چیئرمین ہوگا یا اس بلدیاتی ادارہ میں کوئی سرکاری افسر بطور ممبر نامزد نہیں ہوگا تو پھر اس صورت میں اس definition میں جو سائمن رپورٹ میں دی گئی ہے آپ عامر نہیں ہیں اور آپ مطلق العنان نہیں ہیں ۔ آپ کو جمہوریت پسند اور جمہوریت نواز کہا جا سکتا ہے ۔ لیکن اگر آپ یہ لقب پسند کرتے ہیں تو پھر یہ آپ کی اپنی پسند ہے ۔ ہم تو آپ کو ایک راستہ بتا رہے ہیں کہ آئیے اس بل کو رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے مشتہر کیجئے ۔ پھر عوام کی مرضی کے مطابق اس میں ترمیم کر لیجئے ۔ اگر آپ ایسے جمہوریت کے زیادہ قریب لانا

چاہتے ہیں تو رائے عامہ معلوم کیجئے ۔ پھر آپ کو قاہر یا مطلق العنان نہیں کہا جا سکتا ۔

جناب والا ۔ ان گذارشات کے ساتھ میں درخواست کرتا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور ۔ ۶) — جناب سپیکر ۔ محترم قائد حزب اختلاف کی اس ترمیم کی میں حمایت کرتا ہوں کہ اس بل کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کیا جائے ۔ اور اس کی ضرورت اس لئے بھی بڑھ گئی ہے کیونکہ محترم وزیر بلدیات نے یہ بھی پسند نہیں کیا کہ اس بل کے ہر پہلو کو دیکھنے کے لئے سیلکٹ کمیٹی کے پاس بھیجیں اب جس صورت میں یہ بل ہمارے سامنے آ رہا ہے اسے بل تو کہا جا سکتا ہے لیکن.....

Minister of Local Government : Mr. Hamza standing alone is equal to a Standing Committe.

مسٹر حمزہ — سیلکٹ کمیٹی میں نہ بھیجنے سے اس کی آدھی خصوصیات تو ختم ہو گئی ہیں اور رفع ہو چکی ہیں بلکہ یوں کہیئے کہ مردہ ہو چکی ہیں ۔ اب اس کو رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کرنا اور بھی ضروری ہو گیا ہے ۔ جناب قائد نے غلامی کے ایام کے حوالہ جات دئے ہیں جو کہ لازماً حکومت کی پارٹی کو اب دلی طور پر پسند تو آئے ہوں گے لیکن وہ بظاہر ناپسند کرتے ہیں میں ان کو لوکل سیلف گورنمنٹ سے متعلق ایک ایسے مصنف کے ارشادات گرامی سے مطلع کروں گا جو کہ ابھی زندہ ہیں ۔ ان کی یہ تصنیف ۱۹۶۱ء میں شائع ہوئی کتاب کا نام ہے ۔

The structure of local governments throughout the world by Samuel Humes.

اس میں وہ فرماتے ہیں ۔

"We must try to evolve structures of local Government which will offer to the people who live in this brave new world the opportunity to take part in the management of what they rightly feel to be their own affairs and stimulate them to give their best efforts to the common wea .'

ویسے اس میں کوئی شک نہیں کہ بیسویں صدی میں رہتے ہوئے انہوں نے اس نئی روشنی کے زمانہ کو جادو دنیا مانا ہے ۔ پاکستان بھی اسی بیدار دنیا کا بیدار ملک ہے ۔ ہماری حکومت جس حد تک اس کی آبادی کو بزدل بنانے کی کوشش کر رہی ہے ابھی تک وہ اس میں کامیاب نہیں ہوئی ۔ اس لئے لازم ہے کہ آپ بلدیاتی اداروں کو وہ اختیارات دیں جو ان کا پیدائشی حق ہیں ۔ جن کے بغیر ہم ان اداروں کو عوامی ادارے نہیں کہہ سکتے ۔ اس کے آگے چل کر انہوں نے فرمایا ہے کہ عوامی ادارہ کی اشد ضرورت کیوں ہے اور اس کی افادیت کیا ہے ۔

"By leaving decisions of local interest to local authorities who are responsible to the representatives of the community, a strong safeguard is created against slow and ineffective government. A State is stronger in such measures as its units have more vitality and the more people feel their responsibility to the public cause. The system of government whereby all decisions, even those of purely local interest, have to be taken by the central authorities, is seldom competent to pass fair judgement on questions where an intimate knowledge of local conditions is required. Decisions will be postponed and, worse still, nobody will be really responsible for them."

جناب سپیکر ۔ موجودہ بل میں سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ ان بلدیاتی اداروں کو چلانے کے لئے حکومت سرکاری افسروں کو ان پر مسلط کر رہی ہے ۔ اور ان کے مسلط ہونے کے بعد ان اداروں کی جمہوری روح بالکل ختم ہو جاتی ہے اور ہو کر رہ گئی ہے ۔ جناب وزیر تعلیم جو وزیر بلدیات بھی ہیں اس سے پہلے کم سے کم مغربی پاکستان کے طلبا کو ہمیشہ یہ مشورہ دیتے رہے ہیں کہ وہ سیاست سے بالکل الگ رہیں ۔ سیاسی معاملات میں بالکل دخل نہ دیں لیکن آپ یقین کیجئے کہ جس قسم کا مسودہ قانون انہوں نے پیش کیا ہے کیا ہی بہتر ہوتا کہ وہ وزیر تعلیم نہ ہوتے ۔ اس سے انہوں نے جمہوریت کی تعلیم نہیں دی ہے بلکہ مطلق العنانیت کی تعلیم دینے کے لئے اس قسم کا مسودہ قانون پیش کیا گیا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں اور میں مانتا ہوں کہ اس میں کچھ ترامیم ایسی ہیں جن سے کہ اس کا گھناؤنا پن کم کیا گیا ہے لیکن اس کی سختی ترشی اور اس کا بنیادی نقص بعینہ موجود ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ جناب وزیر بلدیات کو یہ احساس ہوتا لیکن افسوس ہے کہ یہ احساس جب پچھلی اسمبلی میں وہ چند دن ہمارے ساتھ بیٹھے تھے .....

خواجہ محمد صفدر۔احساس زیان جاتا رہا ۔

مسٹر حمزہ۔خاص طور سے جب سے وہ وزیر بن گئے ہیں ان کی سوچ اور فکر میں ایک بہت بڑی تبدیلی آ گئی ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ۔آپ پڑھنے کی کوشش کریں ۔

مسٹر حمزہ۔اس لئے اس قسم کا قانون انہیں اس ایوان میں پیش کرنا پڑا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو پھر کالج بھیجنا پڑے گا تا کہ آپ وہاں پڑھیں ۔

مسٹر حمزہ۔جناب سپیکر۔اس میں شک نہیں کہ انگریزوں نے اور ہمارے محبوب آقاؤں نے بلکہ ملک قادر بخش کے محبوب آقاؤں نے بھی مقامی حکومت کے اداروں کے ذریعہ ہندوستانیوں کو حکومت چلانے کے لئے ٹریننگ یا تربیت دینا ضروری سمجھا اور اس میں وقتاً فوقتاً اس قسم کی قانونی ترامیم ضروری سمجھی گئیں جن سے کہ بالاخر ان اداروں کو مکمل طور پر عوام کے سپرد کر دیا گیا اور وہ بہت کامیابی کے ساتھ دور غلامی میں بھی ان اداروں کو چلاتے رہے ۔ انگریزوں کا مقصد یہ تھا جیسا کہ وہ کہتے تھے کہ ان اداروں سے ٹریننگ حاصل کرنے کے بعد ہمارے سیاسی کارکن یا سیاسی لیڈران کرام ملکی نظام کو ٹھیک طریقہ سے چلا سکیں گے ۔ جناب سپیکر۔ ہوا یہ کہ ہمارے بہت سے سیاست دان جنہوں نے کہ بعد میں ملکی اور بین الاقوامی شہرت حاصل کی ان کی سیاسی زندگی کا آغاز ایسے بلدیاتی اداروں یا ڈسٹرکٹ بورڈز میں بطور عوامی نمائندے کے ہوا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ۔جیسے کہ آپ کا ۔

مسٹر حمزہ۔لیکن ہماری حکومت کی فکر بالکل الٹ ہے میں جناب وزیر بلدیات سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ اگر آپ بالواسطہ طریقہ انتخاب کو ہی پسند کرتے ہیں تو اسی طریقہ انتخاب سے آپ صدر مملکت کا بھی چناؤ کرتے ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ۔ہوا تھا اور آپ کا بھی چناؤ ہوا تھا ۔

مسٹر حمزہ۔صدر مملکت کو اس ملک کی مشینری چلانے کا بلا شرکت غیرے پانچ سال تک حق ہے ۔ کیا وجہ ہے کہ بلدیات کی

سطح پر وہی نمائندے اپنا لیڈر یا اپنا چیئرمین نہیں چن سکتے آپ ان کو یہ اختیار دینے کے لئے کیوں تیار نہیں ہیں کیا بلدیات کے چیئرمین صاحب کے جو اختیارات ہیں وہ صدر مملکت کے اختیارات سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں؟ آپ کی اس بات میں بڑا تضاد ہے۔ یا تو آپ نے صدر مملکت کو ٹھیک طریقہ سے نہیں چنا اور اگر آپ نے صدر مملکت کو ٹھیک طریقہ سے چنا ہے تو آپ پر یہ لازم ہے آپ کا یہ فرض ہے کہ آپ بلدیات میں بھی بنیادی جمہوریت کے ممبران کو یہ اختیار دیں کہ وہ اپنا چیئرمین منتخب کریں۔ جناب سپیکر۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ آپ ایک طرف یونین کونسل اور یونین کمیٹیز کو یا ان کے چیئرمین صاحبان کو انتظامی اور مقدمات کا فیصلہ کرنے کے بہت ہی وسیع اختیارات دیتے ہیں اور آپ ان کو اہل سمجھتے ہیں کہ وہ دیوانی اور فوجداری مقدمات کا فیصلہ کریں معمولی جھگڑوں کا فیصلہ کریں یا فیملی لاز کے تحت جو بھی اختیارات دیئے گئے ہیں ان کے جھگڑے بھی چیئرمین ہی طے کرتا ہے اور چیئرمین کے jurisdiction اور دائرہ اختیار میں جتنا بھی علاقہ ہوتا ہے اس کی تمام تر ترقی کا کام بھی چیئرمین کے ذمے ہوتا ہے اور اس سے نگرانی کروائی جاتی ہے۔ یہ کیا وجہ ہے کہ وہ چیئرمین جو شہروں میں بستے ہیں جو کہ دیہاتی آبادی کے مقابلے میں عام طور پر زیادہ تعلیم یافتہ ہوتے ہیں زیادہ تجربہ کار ہوتے ہیں آپ ان کو اس قدر کیوں نااہل سمجھتے ہیں؟ ان کو کیوں اتنا لائق نہیں سمجھتے اور یہ سمجھتے ہیں کہ ان کو چیئرمین بھی منتخب کرنے کی تمیز نہیں۔

جناب سپیکر۔ حکومت ہمیشہ یہ بتاتی رہی ہے کہ ہم مغربی پاکستان کے غیر ترقی یافتہ علاقوں کو ترقی دیکر ترقی یافتہ علاقوں کی سطح پر لے آئیں گے لیکن حقیقتاً معاملہ اس سے بالکل برعکس ہے۔ جتنے بھی قوانین اس حکومت کیطرف سے اس بدقسمت قوم پر ٹھونسے گئے ہیں انکا واحد مقصد یہ ہے کہ وہ ترقی یافتہ علاقوں کو پسماندہ علاقوں کی سطح تک لیجائیں۔ انہیں جہاں ٹرائیبل ایریاز میں پولیٹیکل ایجنٹس کی ضرورت پڑی وہاں انہیں بلدیاتی اداروں کو چلانے کیلئے آفیشل چیرمین کی ضرورت محسوس ہوئی۔ ان اداروں کا صحیح معنوں میں اس علاقہ کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے چلانا مقصود نہیں انکا مقصد ان تمام کارروائیوں سے جو کچھ بھی یہ کر رہے ہیں محض ایک ہے کہ اپنے سیاسی مقاصد پورا کرنے کیلئے چیئرمینوں کو جو کہ آفیشل ہونگے وہیں بٹھا دیا جائے تاکہ

جمہوریت اور آزادی کی تھوڑی بہت روح جو اس قوم میں باقی ہے اسکو بھی کچل کر رکھدیا جائے ۔ جناب سپیکر ۔ کسی بلدیاتی ادارے کا نظام یا کام چلانے کیلئے یہ لازمی ہے کہ اسکو چلانے والے اور خاص طور پر اسکے چیئرمین جسکو بہت ہی وسیع اختیارات حاصل ہیں منتخب ہوں آپ کو یقیناً اسبات کا علم ہوگا کہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس کے تحت بلدیات کے اداروں کو چلانے کیلئے تقریباً تمام کے تمام اختیارات چیئرمین کے پاس ہیں ۔

اگر بحیثیت افسران کے کوئی اختیارات ان کے پاس نہیں ہیں تو ان کا کردار وہاں ایسا ہوتا ہے کہ عوامی نمائندے ان کی مرضی کے خلاف کوئی بات کہنے کی جرائت ہی نہیں کرتے ۔ آپ ایک ایسے شخص کو وہاں لگا دیتے ہیں جس کو مقامی مسائل سے قطعاً واقفیت نہیں جس کو اس چیز کا بھی علم نہیں کہ مقامی آبادی کے کیا مسائل ہیں اور کن حالات میں وہ اپنی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ اس کو اس چیز کا بھی علم نہیں کہ اس علاقے کا حدود اربعہ کیا ہے وہاں کے گلی کوچوں کی حالت کیا ہے ۔ وہاں پانی کی بہم رسانی کے کیسے انتظامات ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جس جگہ پر چیئرمین مقرر کیا جاتا ہے وہ اس میونسپل کمیٹی میں رہتا ہے ۔

مسٹر حمزہ — میں عرض کر دیتا ہوں ۔ آپ ایسے لوگوں کو چیئرمین مقرر کر دیتے ہیں جنکو وہاں کے مقامی حالات کا علم نہیں ہوتا اور اسکے ساتھ ساتھ کسی افسر کی تعیناتی سے یہ بھی لازم ہوتا ہے کہ اسے ایک یا دو سال کے بعد تبدیل کر دیا جائے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا وجہ ہے کہ وہ لوگ جو ایک ہی جگہ پر پیدا ہوئے ہوں ایک ہی جگہ پر پلے ہوں وہ عوام کے مسائل سے اس قدر ناواقف ہوں کہ ان کو اہل ہی نہ سمجھا جائے کہ وہاں کی ذمہ داریوں کو صحیح طریقہ سے نبھا سکیں ۔ برعکس اس کے جو باہر سے آنے والا شخص ہوتا ہے اور جو ایک سال کے لئے آتا ہے میں پوچھتا ہوں اس کو اس قدر کیوں اہمیت حاصل ہے ۔ آپ نے اس کو عام انسانوں پر اتنی فوقیت

کیوں دی ہے بلکہ اس سے بڑھ کر یہ کہ عوامی نمائندہ کی رائے کو کوئی اہمیت نہیں دیتے اور ایک اجنبی شخص جس کو معاملات سے واقفیت ہی نہیں آپ اتنے وسیع اختیارات اس کو دے دیتے ہیں - جناب سپیکر - وزیر بلدیات صاحب نے ایک بڑی پتے کی بات کی ہے - وہ فرماتے ہیں کہ بلدیہ کا چیئرمین اسی علاقے میں رہتا ہے - میں ان کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ بہت سے بلدیاتی ادارے ایسے ہیں کہ جن کے چیئرمین ان بلدیات کی حدود میں بھی نہیں رہتے - میں آپکے سامنے ایک زندہ مثال پیش کرتا ہوں - وہ گوجرہ میونسپل کمیٹی کی ہے - ہمارا چیئرمین ہمیشہ S. D. M. Toba Tek Singh رہا ہے - ہماری کمیٹی کی آمدنی تقریباً گیارہ لاکھ روپیہ سالانہ ہے اور آپ کو یہ علم ہوگا (آپ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے بڑے شائق ہیں اور الیکشن کے ایام میں آپ وہاں کئی بار تشریف لے گئے ہیں) کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ گوجرہ سے ۱۸ میل پر واقعہ ہے -

وزیر لوکل گورنمنٹ — جہاں دوست رہتے ہوں وہ جگہ پیاری ہوتی ہے -

مسٹر حمزہ — تو ٹوبہ ٹیک سنگھ کا جو ایس - ڈی - ایم ہے اس کی ذمہ داریاں اس قدر زیادہ ہیں کہ وہ اپنی انتہائی کوشش کے باوجود بھی روزانہ ایک گھنٹہ بلدیہ گوجرہ کے کے کام کی دیکھ بھال کے لئے نہیں دے سکتا - بلدیاتی نظام کا یہ تقاضا ہے کہ وہاں کے چیئرمین کو خصوصیت کے ساتھ پوری واقفیت ہونی چاہئے اور ہر اس شخص کو جو کہ وہاں کا باشندہ ہے اسے سہولت ہونی چاہئے کہ وہ چیئرمین کو آسانی سے جاکر مل سکے بلکہ ہر جگہ مل سکے - آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ ایک ایسا افسر جو گونا گوں مصروفیتوں سے گھرا ہوا ہو اس کے پاس اتنا وقت کہاں کہ ۱۸ میل کے فاصلے پر جائے اور پبلک کے آدمی اپنی شکایات یا اپنے مسائل اس کے سامنے پیش کریں - جناب سپیکر - اس کے ساتھ ساتھ اس چیز سے یا اس حقیقت سے کسی شخص کو انکار نہ ہوگا کسی شخص کو اختلاف نہ ہوگا کہ افسران ہمیشہ

افسران ذھن کے مالک ھوتے ھیں ۔ ایک علاقے سے دور رھتے ھوئے چاھے وہ اس کا چیئرمین ھی کیوں نہ ھو میرا یہ تجربہ ھے کہ وہ مسائل کے حل میں سب سے بڑی رکاوٹ ھوتے ھیں اور اس کی مسائل سے ناواقفیت اس علاقے کے لوگوں کے لئے سب سے بڑی مصیبت بن جاتی ھے ۔ لیکن اس کے باوجود جناب وزیر بلدیات عوامی نمائندوں کو خاص طور پر بی ڈی کے ممبران جنکو کہ جناب صدر مملکت کے الیکشن کے ایام میں معزز شہری کہتے تھے یہ ان کی رائے کا احترام کرنے کے لئے کوئی تیار نہیں زبان سے کچھ کہتے ھیں لیکن عملاً اس کے اُلٹ کرتے ھیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — اب بھی کہتے ھیں ۔

مسٹر حمزہ — میرے خیال میں یہ ایک تضاد ھے اور یہی تضاد آپ کی حکومت کو لے ڈوبے گا ۔

مخدوم محمد شمس الدین گیلانی — آپکو لے ڈوبے گا ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ میں یہ نہیں سمجھتا کہ ان کو جناب وزیر بلدیات نے اس قدر نا اھل کیوں سمجھا ۔ حالانکہ لوکل سیلف گورنمنٹ میں اگر اس کو کوئی خصوصیت ھے تو محض یہ ھے کہ لوگ آپس میں غیر رسمی طور پر بیٹھ کر اپنی رائے کا بلا کسی جھجک کے اظہار کریں اور اس صورت میں صحیح معنوں میں وہ عوام کی نمائندگی کر سکتے ھیں ۔ آپ یقین کیجئے مجھے ذاتی طور پر اس چیز کا تجربہ ھے کہ اجلاس میں ایک افسر کو بطور چیئرمین مقرر کرنے سے اس قسم کا ماحول پیدا ھو جاتا ھے کہ اکثر اوقات ممبران یہ کہتے ھیں کہ جو رائے چیئرمین کی ھے وہ درست ھے ۔ وہ یہ فرمایا کرتے ھیں کہ یہ خاندانی آدمی ھیں ۔ آپ بہت ذھین ھیں ۔ بہت فطین ھیں لہذا آپکی بات لازمی مانی جائے ۔ آپکی بات بڑی فوقیت رکھتی ھے ۔ جناب سپیکر ۔ ایک چیئرمین کو خصوصاً ایک افسر کے نامزد کرنے سے ایسا ماحول پیدا ھو جاتا ھے کہ عوام کی نمائندگی نہیں ھوتی اور اگر نمائندگی ھوتی ھے تو محض افسران کی ھوتی ھے ۔

Mr. Speaker : Next point Mr. Hamza

Minister of Local Government : He has no point.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر — آپکو اس حقیقت کا بھی علم ہوگا کہ اس سے قبل جو میونسپل ایکٹ کے تحت بھی کمشنر صاحبان جو کہ درجہ دوئم میونسپل کمیٹی کی کنٹرولنگ اتھارٹی ہوتے تھے اور پروانشل گورنمنٹ جو کہ درجہ اول کی میونسپل کمیٹی کے سلسلہ میں فرائض سر انجام دیتی تھی اس کو اس قدر وسیع اختیارات حاصل تھے کہ وہ بلدیات میں ان بدعنوانیوں کو باآسانی روک سکتی تھی ۔ ان کا تدارک کر سکتی تھی اور اس کو اس قدر اختیارات حاصل تھے کہ اگر کسی بلدیہ کے حالات یا اس کا انتظام زیادہ خراب ہو جائے تو اس کو Supersede کر دیں یا وقتی طور پر توڑ دیں ۔ اگر ہماری حکومت کو ان اداروں کو جمہوری راستوں پر چلانا تھا تو میونسپل ایکٹ میں اس کے لئے کافی گنجائش موجود تھی ۔ لیکن دیدہ و دانستہ ایسا کیا گیا ہے ۔ جناب سپیکر — تقریباً سات سال سے بلدیاتی اداروں کے اندر جو کچھ بھی ہوتا رہا ہے وہ اس امر کی عکاسی کرتا ہے ۔ کہ سرکاری چیئرمین مقرر کرنے سے بلدیات کا نظام پہلے سے بہتر نہیں چل رہا ہے ۔ اگر کوئی فرق ہے تو محض یہ ہے کہ اس سے پہلے ان اداروں میں عوام کے نمائندے چیئرمین ہوتے تھے . . . . . .

مسٹر سپیکر — حمزہ صاحب آپ یہ فرمائیں کہ پہلے چیئرمینوں کے متعلق جو provision تھی ۔ کیا اُسے موجودہ بل میں ترمیم کیا جا رہا ہے ؟ "....Is that the principle of this bill

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے اس اصول سے اختلاف ہے ۔

Minister of Local Government : Sir he does not care much for the principles.

مسٹر سپیکر ۔ اس بل کا یہ اصول نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ — اس بل کا اصول ہے ۔ کہ چیئرمین سرکاری افسر ہوگا ۔

Minister of Local Government: We have not touched that in this bill; we have not brought about any amendment.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا — آپ نے بڑا اہم سوال اٹھایا ہے - اس بل کا جو scope ہے اور اس کی جو حدود ہیں وہ determine کریں گی اسکا اصول اس کے جو objects اور reasons ہیں - جناب والا جیسا کہ خود وزیر تعلیم صاحب نے اپنے ارشاد گرامی میں فرمایا تھا - اس بل میں خوبی یہ ہے کہ اس کے ذریعے بلدیاتی اداروں کو جمہوریت کے قریب تر لایا جا رہا ہے - میں ان کے اپنے الفاظ دوہرا رہا ہوں - جمہوریت سے ان اداروں کو قریب تر لانے کے سلسلہ میں ضروری ہے کہ ہم اپنے نقط نظر سے یہ عرض کریں کہ چیئرمین منتخب شدہ ہونے چاہئیں - اس بل کے ذریعے سے وائس چیئرمینوں سے متعلقہ شق میں ترمیم کی جا رہی ہے -

مسٹر سپیکر — وائس چیئرمینوں کے متعلق ایک کلاز لائے ہیں - مگر جہاں تک چیئرمینوں کا تعلق ہے - اس مسئلہ کو تو touch ہی نہیں کیا گیا ہے -

There is no amendment on that score.

خواجہ محمد صفدر - مجھے معلوم ہے -

Mr. Speaker: He had sufficiently made out the point. Therefore, I was pointing out to him that he should not repeat it.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پچھلے سات سال سے بلدیات میں جو کچھ ہوتا رہا ہے - اسکا ہمیں یہ تلخ تجربہ ہے کہ وہاں بدعنوانیاں کم نہیں ہوئیں بلکہ پہلے سے زیادہ موجود ہیں - مگر اب ان کا ذکر سننے میں نہیں آتا - اسکی وجہ محض یہ ہے - کہ وہاں وائس چیئرمین کو کوئی اختیارات حاصل نہیں - جتنے بھی اختیارات ہیں وہ چیئرمین کو حاصل ہیں - اس سے قبل میونسپل ایکٹ کے تحت کبھی کبھار سرکاری مداخلت ہوتی تھی - جناب قائدایوان فرمائیں گے کہ خان عبدالقیوم خان کے زمانے میں اکثر اوقات سرکاری مداخلت ہوتی تھی - لیکن اب صورت حال یہ ہے کہ قدم قدم پر سرکاری مداخلت ہوتی ہے - فرق صرف یہ ہے - کہ اب کسی جگہ سے اختلاف کی آواز سننے میں نہیں آتی -

وزیر لوکل گورنمنٹ — اس طرف سے روز اختلاف کی آواز سننے میں آتی ہے -

مسٹر حمزہ — لیکن آپ سنی اُن سنی کر دیتے ہیں جناب والا اگر ان اداروں میں اختلاف کی آواز سننے میں آتی بھی ہے تو سرکاری وقار کا مسئلہ پیدا ہو جاتا ہے ۔ اب جب سے بلدیاتی اداروں سے عوامی نمائندوں کے وجود کو ختم کیا گیا ہے ۔ بدعنوانیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے ۔ اور وہ قطعی طور پر اپنے فرائض ٹھیک طریق سے سر انجام نہیں دے رہے ۔ لیکن صوبائی حکومت یا Controlling Authority کی طرف سے کبھی ان کے خلاف کوئی اقدام نہیں گیا ۔ اسکی وجہ محض یہ ہے ۔ کہ اگر اب ہماری حکومت یہ تسلیم کر لے کہ بلدیاتی ادارے ٹھیک طور پر نہیں چل رہے ۔ تو اس سے بالواسطہ طور پر چیئرمین پر حرف آتا ہے ۔ اور وہ ان کا اپنا نامزد کردہ سرکاری افسر ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر — آپ شہر لاہور کو ہی لیجئے ۔ کیا لاہور میں جب سے عوامی نمائندوں کی کارپوریشن میں اہمیت بالکل ختم ہو گئی ہے آپ زیادہ صفائی دیکھتے ہیں ؟ کیا پانی کی بہم رسانی کا انتظام بہتر ہے ؟ آپ راولپنڈی ہی کی مثال لے لیجئے ۔ جہاں صدر مملکت رہتے ہیں ۔ اس شہر کی یہ حالت ہے کہ پانی کی بہم رسانی دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے (قطع کلامیاں) لوگوں کو پینے کے لئے بھی پانی میسر نہیں آتا ۔ اگر آتا ہے تو بڑی تکلیف کے بعد ۔ (نہیں نہیں کی آوازیں) جناب سپیکر — آج ہی آپ کے سامنے وزیر مال نے فرمایا ہے کہ گوجرہ میں سیٹلائٹ ٹاؤن کے کاغذات ڈی سی نے کمشنر صاحب کو بھیجے ہیں ۔ سات سال ہوئے ان کاغذات کی تکمیل کیلئے انتہائی کوشش جاری ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — اس مسئلے کا اس بل کے اصولوں سے کیا تعلق ہے ۔

مسٹر حمزہ — میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ بلدیات کی کارگزاری کی حالت یہ ہے اور اسکی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اُن کے اُوپر official چیئرمین بیٹھے ہیں ۔ اور جو اختیارات انہیں حاصل ہیں وہ وائس چیئرمین کو حاصل نہیں ۔

Minister of Local Government: Point of order Sir. In spite of your honour's express order, the learned member is again repeating the same thing about the Chairman.

Mr. Speaker: There is one improvement now that he is saying about the Vice Chairman.

Minister of Local Government: He has said about the Chairman.

مسٹر ھیڈ — وائس چیئرمین عوام کے نمائندے ہوتے ہیں - مگر ان کے پاس کوئی اختیارات نہیں ہوتے - انسران ہمارے مسائل یا مشکلات سے بے نیاز ہیں - انہیں ان سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی اس کے ساتھ ساتھ حکومت جو ٹیکس لگاتی ہے وہ عوام پر لگاتی ہے - بلدیاتی ادارے اگر چلتے ہیں تو عوام کے دیئے گئے محصولات سے لیکن عوام کے نمائندوں کو بلدیاتی مسائل میں اپنی رائے دینے کا کوئی حق حاصل نہیں - جناب سپیکر - موجودہ صورت حال میں جب تک بلدیات میں سرکاری چیئرمین مقرر ہیں - آپ وائس چیئرمین صاحب کو جس طریق سے چاہیں لائیں انہیں کوئی اہمیت حاصل نہیں ہوگی - اور انکی رائے کبھی بھی نہ مانی جائیگی - بلکہ ہمیں وائس چیئرمین کی رائے سنوانے سے اتنی دلچسپی نہیں میں یہ کہتا ہوں - کہ بلدیاتی حدود کے اندر رہنے والے عوام کے مسائل کو حل کرنے کی طرف توجہ دینے کو تو چھوڑیئے چیئرمین کو ان سے واقفیت بھی نہیں ہوتی جسکی وجہ سے ان مسائل کو حل کرنا تو دور کی بات ہے - انکی طرف توجہ بھی نہیں دے سکتے - اور پھر اس حکومت سے بھی یہ توقع نہیں کی جا سکتی - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے قائد حذب اختلاف کی اس ترمیم کی پر زور حمایت کرتا ہوں - کہ یہ بل عوام کے سامنے جائے - تاکہ اس بل کے اندر جو اصول ہے - اسکے بارے میں وہ اپنی رائے کا مکمل طور پر اظہار کر سکیں اور اگر جناب وزیر تعلیم نے اب بھی کچھ سیکھنا ہے - تو کم از کم عوامی رائے کا پتہ چل جانے کے بعد وہ اس میں ترمیم کر لیں گے - جو کہ اسوقت ملک کا تقاضا ہے - جو ملک کے حالات کا تقاضا ہے - جو بلدیات کو ٹھیک طور پر چلانے کیلئے لازمی ہے محض eye-wash اور دکھاوے کیلئے اس میں جو ترمیم کی گئی ہے - یہ مسائل کو حل کرنے کیلئے نہیں ہے -

وزیر لوکل گورنمنٹ — صرف آپکو مزید تعلیم کی ضرورت ہے - تاکہ آپ صحیح طور پر الفاظ کے معنی سمجھ سکیں -

Mr. Speaker: Mr. Nis r Muhammad Khan is not present. Mr. Mahmood Azam Farooqi is also not present. Yes, Haji Atta Muhammad Lund.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ — جناب والا ۔ اس ترمیم کے بارے میں جناب خواجہ محمد صفدر صاحب اور میرے دوست جناب حمزہ صاحب نے حکومت کی توجہ کافی دلائی ہے اور میں بھی انکے خیالات کی حمایت کرتا ہوں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اسکی تائید کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲)— جناب سپیکر — میں قائد اختلاف خواجہ محمد صفدر صاحب اور اپنے محترم رفیق حمزہ صاحب کے خیالات کی تائید کرتا ہوں ۔ میرا اندازہ ہے ۔ کہ جو اصول اس میں involved ہیں انکے مطابق اس بل سے کچھ ایسی ترامیم مقصود ہیں ۔ جن کے لئے عوامی رائے حاصل کرنا اور اس بل کو مشتہر کرنا نہایت ہی ضروری ہے ۔

جناب والا — میں قدرے مختلف نقطہ نظر سے اس بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے کہ اب جب کہ ہم نے الیکٹورل کالج کے ممبروں کو موقع دیا ہے ۔ کہ وہ اپنے چیئرمینوں کا انتخاب کریں اور یہ کہ اب چیئرمین ان ہی میں سے ہوں گے ۔ اور اسکے بعد میونسپل کمیٹی کی جو تشکیل ہوگی ۔ وہاں پر سرکاری ممبران کا انتخاب کر کے (میرے نقط نظر سے سرکاری چیئرمین کا مسئلہ متعلقہ ہو جاتا ہے ۔) سرکاری چیئرمین کو وہاں پر مقرر کر کے . . . .

وزیر لوکل گورنمنٹ — اس سلسلہ میں جناب سپیکر پہلے ہی ارشاد فرما چکے ہیں ۔

ملک محمد اختر — میں اس سلسلہ میں صرف ذکر ہی کرنا چاہتا ہوں ۔ میں اسکی تفصیل بیان نہیں کرونگا ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا ۔ کہ حکومت اُن کو رکھ کر الیکٹورل کالج کے ممبروں پر indirectly hold رکھنا چاہتی ہے ۔ اس طرح سے جن سرکاری ممبروں کو متعین کیا جا رہا ہے ۔ اور جنکی تعداد پچاس فیصد کے قریب ہو گی ۔ کیونکہ "Not exceeding 50%" کے الفاظ ہیں ۔ یعنی انکی تعداد پچاس فیصد تک ہو سکتی ہے ۔ میونسپل کمیٹیوں اور کارپوریشنوں میں انکو اس طرح شامل کرنیکا ایک نامناسب اقدام ہے جو کیا گیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ اس

سلسلے میں آرٹیکل نمبر ۱۵۸ کی دفعہ نمبر ۴ اس ایوان میں پڑھ دی جائے ۔ تاکہ اس اہمیت کو آشکارا کیا جا سکے ۔ جو کہ ہماری نئی میونسپل کمیٹیوں کو حاصل ہو گی ۔

"The members of the Electoral College shall, in addition to their functions under this Constitution, have such other functions as may be conferred on them by law and, in particular, provisions may be made by law for conferring on members of the Electoral College functions in relation to matters of local Government."

جناب والا ۔ الیکٹورل کالج کو اس طرح سے میونسپل کمیٹیوں کے ساتھ associate کر کے کہ انہوں نے ہی اپنے چیئرمین کا انتخاب کرنا ہو گا ۔ جنہوں نے اپنا نقطہ نظر میونسپل کمیٹی میں بیان کرنا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ میونسپل کمیٹیوں کا وجود مکمل طور پر آزاد ہونا چاہئے ۔ جس کی وجہ سے کہ حکومت کو مداخلت کرنے کا موقع کم سے کم ملتا ہو ۔ اور جو سرکاری ممبر ہیں جن سے کہ میونسپل کمیٹیوں کی تشکیل ہو گی ۔ اس طرح سرکاری ممبر اور سرکاری چیئرمین کو برقرار رکھا جائے ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ حکومت الیکٹورل کالج کے ممبروں پر اپنا indirect hold رکھے گی ۔ جو کہ سراسر ناواجب ہے ۔ آج حکومت اس امر پر تلی ہوئی ہے ۔ اور ویسے بھی کوئی امکان نظر نہیں آتا ۔ کہ موجودہ برسراقتدار طبقہ کبھی بھی بلاواسطہ الیکشن کرائے ۔ اور اس صورت میں بھی الیکٹورل کالج کے ممبران کو مکمل طور پر آزاد نہ رکھنا جبکہ آپکا ڈپٹی کمشنر جو کہ ڈسٹرکٹ کونسل کا چیئرمین ہے ۔ اس طرح سے آپ کا سرکاری چیئرمین اور آپ کے وہ ممبران جنکی تعداد آپ اس وجہ سے پچاس فیصد رکھنا چاہتے ہیں ۔ کہ آپ وائس چیئرمین بھی اپنی ہی پسند کا منتخب کریں ۔ کیونکہ مجھے اس کے علاوہ انکا اور کوئی function نظر نہیں آتا ۔ آپ مجھے بتائیے ۔ کہ لاہور کارپوریشن میں آٹھ افسران جنکا آپ تقرر کرنا چاہتے ہیں ۔ وہ کیا فرائض سر انجام دے سکتے ہیں ۔ جو اپنے کارپوریشن کے ہیلتھ آفسر اور انجینئر وغیرہ جو کہ کوالیفائیڈ لوگ ہیں اور آپ جنکی technical opinion پر اعتبار کر سکتے ہیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ پروویژن نیک نیتی پر محمول نہیں ہے ۔ اور حکومت محض اپنا hold رکھنے کیلئے ایسا کر رہی ہے ۔ یہ ترمیم جو محض

دخل در معقولات کے طور پر کی گئی ہے - میں سمجھتا ہوں - کہ یہ انتہائی ضروری ہے - کہ ہم اس کے پس منظر پر بھی نظر رکھیں - اور پھر اسکے بعد ہی ان ترامیم کے متعلق کوئی فیصلہ کریں - خواجہ صاحب نے بھی گزشتہ ایک سو دو سال کا ذکر کیا ہے - اور مجھے آپکو ایک سو پچیس سال پیچھے کی طرف لیجانا ہوگا - یہ بتانے کے لئے کہ ہمارے ملک میں وہ کیا جدوجہد کی گئی تھی - اور کس طرح ہم نے احتجاج کرکے غیر ملکی حکمرانوں سے بتدریج کچھ مراعات حاصل کیں - جنکو آج آپ ہم سے چھیننا چاہتے ہیں - اس ملک کو جمہوریت کا نعرہ لگانے والے جو یہ کہہ رہے ہیں - کہ ہم نے اس ملک کے عوام پر بڑا احسان کیا ہے - انہیں بنیادی جمہوریتیں عطا کی ہیں انہیں اختیارات عطا کئے ہیں - میں یہ کہونگا - کہ انکا یہ دعویٰ سراسر غلط ہے - بلکہ جہاں جمہوریت کی بجائے بنیادی جمہوریتیں اور indirect الیکشن ہماری موجودہ برسراقتدار پارٹی نے اس ملک میں نافذ کئے ہیں - وہاں اس ملک کو گزشتہ سو سال سے بھی پیچھے دھکیلنے کی کوشش کی گئی ہے - دراصل جمہوریت کا مقصد یہ ہوتا ہے - کہ کسی ایک جگہ پر ریاست اور اقتدار کو یکجا نہ رہنے دیا جائے - ہمارے ملک میں برسر اقتدار پارٹی نے چند افراد کے ہاتھوں میں سول ایڈمنسٹریشن تمام کے تمام اختیارات کلیتاً دے دیئے ہیں تاکہ مناسب وقت پر الیکشن میں اور دوسرے وقت پر سول ایڈمنسٹریشن کو کھلے ہندوں استعمال کیا جائے - اور انتخابات اور جمہوریت کی مٹی پلید کی جائے -

جناب والا — دیگر آزاد ممالک میں یہ طریقہ کار ہے کہ زیادہ سے زیادہ اختیارات عوام کو دئے جاتے ہیں - مثلاً U.S.A. میں اسوقت ڈیڑھ لاکھ لوکل باڈیز موجود ہیں - U.S.A. میں زیادہ سے زیادہ لوکل گورنمنٹ کا جو طور طریقہ ہے وہ جمہوری ہے - اور ہمارے ہاں وہ مراعات جو کہ ہم کو ۱۰۰ سال قبل دی گئی تھیں ان کو ہم سے چھینا جا رہا ہے -

جناب والا — اگر میں حوالہ دوں تو بے جا نہ ہوگا کہ کس طرح ہے انگریز نے بھی اس ضرورت کو محسوس کیا کہ

ایڈمنسٹریشن کے ساتھ عوام کو زیادہ سے زیادہ associate کیا جائے اور آج سے تقریباً ۱۲۳ سال پہلے یعنی ۱۸۴۲ء میں Presidency Act نے میونسپل آرگنائزیشن کا قیام کیا ۔ اور لوگوں کو اختیارات دیئے گئے کہ ایک محلہ کے یا ایک علاقے کے لوگ جب بھی چاہیں حکومت کو درخواست دے سکتے ہیں تاکہ اپنی ایک ایسوسی ایشن کے ذریعے Sanitation کے متعلق ایک Sanitary Committee بنائیں جسے حکومت acknowledge کرے گی اور حکومت ان کو functions دے گی جس سے وہ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ مل کر Sanitation کے متعلق اپنے معاملات کو طے کر سکیں گے ۔

جناب والا — اس کے بعد پہلا All India Municipal Act ۱۸۵۰ء میں پاس کیا گیا لیکن جنگ آزادی کے بعد یہ اندازہ کیا گیا کہ قوم میں ابھی بیداری موجود ہے ۔ اور ۱۸۶۲ء میں نیا ایکٹ نافذ کیا گیا ۔ اگر ۱۸۵۰ء سے دوسرے ایکٹ کا مقابلہ کیا جائے تو انگریز نے وہی کچھ کیا جو آج ہماری موجودہ حکومت کر رہی ہے ۔ ۱۸۴۲ء اور ۱۸۵۰ء کے Acts کے تحت جو اختیارات تھے ان کو ۱۸۶۲ء میں اور کم کیا گیا ۔

جناب والا — ۱۸۶۲ء میں جس ایکٹ کا نفاذ کیا گیا ۔ اس میں اسی طرح تھا جس طرح آج ہماری حکومت ایک مخصوص طبقہ کو نمائندگی دے رہی ہے ۔ یا مخصوص طبقہ کو نمائندگی دی گئی ہے ۔ جیسے ٹریڈ اور کامرس کے لوگوں کو یہ اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ کہ وہ اپنے ممبران کو elect کریں ۔

اس کے بعد ۱۸۶۷ء میں پہلا پنجاب میونسپل ایکٹ نافذ کیا گیا ۔ یہ بعینہ اسی pattern پر بنایا گیا جیسا کہ ہمارے موجودہ میونسپل ایڈمنسٹریشن ایکٹ ۱۹۶۵ء میں موجود ہے ۔ یعنی کچھ لوگ آفیشیل مقرر کئے گئے اور کچھ غیر سرکاری لوگ مقرر کئے گئے ۔ لیکن ان تمام کو nominate کیا جاتا تھا ۔ اور ان کا function صرف پولیس کیطرح تھا یعنی ان کو جو functions حاصل تھیں وہ پولیس جیسی تھیں ۔ وہ اس وقت ہمارے میونسپل آرڈیننس میں نہیں ہے ۔

جناب والا — اس کے بعد ۱۸۶۷ء میں لاہور اور راولپنڈی

میں میونسپل کمیٹیوں کا قیام عمل میں لایا گیا ۔ اور یہ ایک ایکٹ کے ذریعہ لایا گیا ۔ جب ان میونسپل کمیٹیوں کا قیام عمل میں لایا گیا تو ان کو وہی اختیارات حاصل تھے جو آج ۹۸ سال کے بعد ہمیں امنڈمنٹ کے ذریعہ دیئے جانے مقصود ہیں ۔

جناب والا — میں اس لئے مقابلہ کر رہا ہوں کہ آج جمہوریت کا نعرہ بلند کرنے والے بنیادی جمہوریت ۔ میونسپل کمیٹیوں ۔ اور کونسلوں کے نام پر یہ کہہ رہے ہیں کہ ان کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے گئے ہیں دراصل ہم کو وہ ۱۰۰ سال پیچھے کی طرف لے جا رہے ہیں اور وہی functions جو ۱۰۰ سال قبل اس ملک کے عوام کرتے تھے آج ۱۰۰ سال آگے جانے کے بعد ہمیں وہی functions عطا کئے جا رہے ہیں ۔ وہ funotions جو انگریز کے وقت میں ہمارے پاس تھے ۔ اور وہ independence جو ہمیں حاصل تھی اس سے لوکل باڈیز کو بالکل محروم کر کے رکھ دیا گیا ہے ۔ اسی لئے اس کا مقابلہ کیا جانا ضروری سمجھتا ہوں ۔

جناب والا — اب میں آپ کی یونین کمیٹیوں کی طرف آتا ہوں ۔ یہاں یونین کمیٹیوں کا عکس ۔ نقشہ اور چربہ جو دراصل اسوقت لیا گیا ہے ۔ وہ بنگال میں ایک قانون نافذ تھا اس سے لیا گیا ہے ۔ ۱۸۶۴ء میں یونین کمیٹیوں کا قیام بنگال میں کیا گیا تھا ۔ اور پورے ۱۰۱ سال پہلے کی یونین کمیٹیوں کو برقرار رکھنے کیلئے آج کچھ ایسے حالات پیدا کئے جا رہے ہیں B.D. order, ۱۹۵۹ جو بڑے دعوی کے ساتھ ہمیں دیا گیا تھا کہ یہ ایک تجدید ہے ۔ یہ ایک نئی چیز ہے ۔ جس کے متعلق اب بھی کہا جاتا ہے کہ دیگر ممالک اس بات پر مصر ہیں کہ ہمارے قانون کی نقل کر کے بنیادی جمہوریت کا نفاذ اپنے لئے کریں ۔ دراصل یہ بات غلط ہے بلکہ ۱۸۶۷ میں جو طریقہ کار تھا اور بنگال میں جس کا نفاذ کیا گیا تھا اسی طریقہ کار کو مغربی پاکستان میں ۱۹۵۹ء میں نافذ کیا گیا ہے ۔ اور آج ترمیم کے ذریعہ سے اسی طریق کار کو جو آج سے ۱۰۶ سال قبل کا طریق کار تھا اس کو اس wing میں اب نافذ کیا جا رہا ہے ۔

جناب والا — اگر میں کراچی کے متعلق کچھ عرض کروں تو بے جا نہ ہوگا ۔ ۱۹۳۶ء اور ۱۹۵۰ء میں دو قوانین اسی قسم کے

کراچی میں بھی موجود تھے - جن کو آج eighth wounder of the world بتایا ہے اور ہمارے ارباب اقتدار نے یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کی فارم میں اس ملک میں نافذ کرنے کا دعویٰ کیا ہے - جناب والا جنگ آزادی کے بعد ۲۰ سال ہوئے تھے - کہ یہ کوشش کی گئی کہ لوکل باڈیز کے اختیارات ہم سے چھین لئے جائیں - وہ اختیارات جو ۱۸۴۲ء اور ۱۸۵۰ء میں ہم نے حاصل کئے تھے اگلے ۲۰ سال میں انہیں کم کر دیا گیا - لیکن ملک بیدار ہو چکا تھا - قوم میں یک جہتی پیدا ہو چکی تھی ہندو مسلم میں اتحاد پیدا ہو چکا تھا - اور کوشش کی جا رہی تھی کہ اس ملک کو آزاد کیا جائے - پھر بھی اشک شوئی کیلئے یہ طریقہ کار اختیار کیا گیا (قطع کلامیاں) جناب والا بجائے اس کے کہ انگریز یہاں سے چلا جاتا اور آزادی کا اعلان کر دیتا لیکن اس نے یہ طریقہ کار اختیار کیا کہ وقتاً فوقتاً لوکل باڈیز کے اختیارات میں اضافہ کرتا گیا - ۱۸۷۶ء میں لارڈ میو کی گورنمنٹ نے یہ اندازہ کیا کہ ہمیں لوکل باڈیز کے اختیارات کو بڑھانا چاہیئے چنانچہ انہوں نے کچھ functions فنانس کے متعلق دے دیئے اور وہ شائد یہ تھے کہ ۶ پیسہ مالیہ پر لگا کر لوکل باڈیز اپنے لئے ٹیکس اکٹھا کر سکتی تھی - اسی طرح سے بمبئی - پنجاب اور سندھ میں ۱۸۷۶ء میں ریفارم کیا گیا بلکہ بتدریج اختیارات بڑھائے گئے - اور ان ریفارمز کے ذریعہ کلاس فرسٹ اور کلاس سیکنڈ کی میونسپل کمیٹیوں کا اہتمام کیا گیا - کلاس فرسٹ کی میونسپل کمیٹیاں جو کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر میں ہوتی تھیں یا اچھے اچھے ٹاؤنز میں ہوتی تھیں ان کو بتدریج مزید اختیارات دے دیئے گئے - یہ میں اس لئے بیان کر رہا ہوں کہ وہ اختیارات جو ۱۰۰ سال کی جدوجہد سے متحدہ ہندوستان نے ہندو مسلمان اور دیگر اقوام نے ملکر حاصل کئے تھے آپ نے بیک جنبش قلم وہ تمام اختیارات ہم سے چھین لئے ہیں - ۱۹۵۹ء میں جو آپ کا موجودہ آرڈر ہے جس کے تحت آپ میونسپل آرڈیننس اور دیگر آرڈیننس کونسل کمیٹیوں - ٹاؤن کمیٹیوں کے متعلق نافذ کر رہے ہیں وہ آپ نے ۱۰۰ سال کی جدوجہد کے بعد ۱۰۰ سال کی محنت کے بعد - ۱۰۰ سال کی کاوش کے بعد حاصل کئے تھے ان پر آپ نے پانی پھیر دیا ہے - اور آپ نے ایک نئی فارم میں ایک آسان سا قانون مارشل لاء کے ایام میں لوگوں کو دیا ہے - جناب والا بنگال اب پھر بد قسمت رہا ہے - بنگال میں انگریز نے ۱۸۷۲ء میں ...

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ میرے فاضل دوست اس بل کی فارم کا ذکر نہیں کر رہے ہیں بلکہ ان چیزوں کا ذکر کر رہے ہیں جو اس بل میں نہیں ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ رونا تو اسی بات کا ہے کاش آپکو سمجھ آ جائے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ نے اس ملک کی ۱۰۰ سال کی کاوش کو ۔ کوشش کو اور جدوجہد کو عوام سے چھین لیا گیا ۔

جناب والا ۔ عوام نے سو سالہ جدوجہد اور مسلسل کوشش سے جو چیز میونسپل کمیٹیوں کے لئے غیر ملکی آقاؤں سے حاصل کی تھی وہ ہمارے اپنے بھائیوں نے عوام سے snatch کر لی ۔

وزیر تعلیم ۔ فاضل ممبر کے اس فقرے کی سمجھ تو پہلے آ گئی تھی اس کو بار بار repeat کر رہے ہیں ۔ میں یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ Bill کے principles اور بات ہے اور جو کچھ وہ ارشاد فرما رہے ہیں وہ کچھ اور چیز ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ official 50 percent جن کی تقرری کرنے کے بعد آپ وائس چیئرمین کا الیکشن اپنے مطلب کا کرانا چاہتے ہیں ۔ اور Electoral College کے ممبران پر اپنی Hold رکھنا چاہتے ہیں نامناسب اور نا موزوں ہے ۔ اور ایسی Hold سے ہم نے ایک سو سال جدوجہد کر کے نجات حاصل کی ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ اگر کوئی مڈل سکول کا سٹوڈنٹ میری بات کو نہ سمجھے تو کوئی تعجب نہیں مگر حیرانی کی بات ہے کہ ملک کا وزیر تعلیم میری بات کو نہیں سمجھ سکتا بلکہ وزیر تعلیم میرے arguements کی وسعت سے گھبرا جاتے ہیں ۔ جناب والا مجھے تو ان سے کچھ سیکھنے کی توقع تھی ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ اگر آپ نے مجھ سے کچھ سیکھنا ہے ۔ تو سنئیے کہ اس بل کے principles کے مطابق نان آفیشل ممبران وائس چیئرمین کے انتخاب میں حصہ نہیں لیں گے ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا مجھے ان کے اس Indirect طریق انتخاب پر بھی اعتراض ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ اب آپ سیکھ گئے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ مئی ۱۸۸۳ء میں لارڈ رپن کی گورنمنٹ نے جو ریزولیوشن پاس کیا تھا اسکے objects and reasons کے بیان میں درج تھا کہ میونسپل کمیٹی کو اس قسم کا ادارہ بنانا چاہئیے کہ اس سے لوگوں کو سیاسی لحاظ سے train کیا جا سکے جس سے لوگ جمہوریت سیکھ سکیں مگر آج بھی آپ میونسپل کمیٹی سرکاری اور نامزد ممبر رکھ کر جمہوریت سے جنگ آزما ہیں ۔ ان آفیشل ممبر مقرر کر رہے ہیں ۔ یہ ہیں آپ کے ریفارمز اور یہ ہیں آپ کے دعوے اس زمانے میں بھی آپ میونسپل اداروں میں دو تہائی حصہ آفیشل ممبران کا رکھ رہے ہیں اور ہر اچھے ٹاؤن میں ۶۳ سال بعد پھر سے سرکاری چیئرمین واپس لا رہے ہیں اور آپ ایک ایسا provision لا رہے ہیں جس کی رو سے آفیشل چیئرمین میونسپل کمیٹیوں میں مقرر کئے جائیں گے ۔ جن سے سو سال کی جدوجہد کے بعد ہم نے نجات حاصل کی تھی ۔ یہ جمہوری مراعات ۱۸۸۳ء میں ہندوستان میں ہم کو مل گئی تھیں ۔ کیونکہ ۱۸۸۳ء کے ایکٹ کی رو سے ۹۰ فی صدی ممبران عوام کے نمائیندوں پر مشتمل تھے اور ڈسٹرکٹ بورڈ ایکٹ ۱۸۸۷ء نافذ کر دیا گیا تھا ۔ اور بنگال میں بھی یونین کمیٹیاں اور ڈسٹرکٹ بورڈ بنائے گے جس کے مطابق دیہات کی grouping کی گئی اور چھوٹے چھوٹے شہروں اور دیہات میں لوکل بورڈ بنائے گئے ۔ لہذا یہ آپ کی یونین کمیٹیاں کوئی جدت نہیں ہے ۔ یہ کوئی بڑا civilised step نہیں ہے اس کا ذکر اور نفاذ تو ۱۸۸۷ء میں ہی ہو گیا تھا اسکی رو سے دو تہائی ممبران آفیشل ممبران کے مقابلے میں غیر سرکاری یعنی منتخب شدہ ہوئے تھے ۔ اور مخصوص طبقوں کو حق نمائندگی دیا گیا تھا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ اب آپ بنگال سے اور انیسویں صدی سے واپس موجودہ زمانے میں یہاں تشریف لے آئیں تو بہتر ہو گا ۔

ملک محمد اختر ۔ ۹۷ - ۱۸۹۶ء میں Lord Elgin نے ایک نیا رویزلیوشن پاس کیا اس سے اس ملک ہندوستان میں جسے سونے کی چڑیا کہتے تھے میونسپل اداروں کو مزید وسیع اختیارات سونپے گئے اور پھر ۱۹۰۷ء میں اور بھی وسیع تر اختیارات دے کر میونسپل

اداروں کو آزاد بنا دیا گیا - یہ تھا ہمارے غیر ملکی حکمرانوں کا ذہن ۱۹۰۷ء میں مگر اس کے مقابلے میں ہمارے موجودہ حکمران ہمیں سو سال پیچھے گھسیٹ رہے ہیں - ۱۹۰۷ء میں ایک Decentralisation Commission مقرر کیا گیا جس نے زیادہ سے زیادہ فنانشل اور ایڈمنسٹریشن کے اختیارات میونسپل اداروں کو دے دئیے اس کمشن کی رپورٹ میں ایسے ایسے جملے موجود ہیں جو آج بھی ہمارے حکمرانوں کے لئے مشعل راہ کا کام دے سکتے ہیں - اس میں درج تھا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ associate کیا جائے اور خاص کر village community کو یعنی اہل دیہات کو حکومت کے کام میں شریک کیا جائے - چنانچہ نان آفیشل چیئرمینوں کی بجائے منتخب شدہ چیئرمین رکھے گئے اور حکم دیا گیا کہ جہاں جہاں مناسب ہو نان آفیشل چیئرمین ڈی - سی کی بجائے ڈسٹرکٹ بورڈوں میں منتخب کئے جائیں مگر بدقسمتی اور بدنصیبی سے ہماری موجودہ حکومت نے یہ بیک جنبش قلم یہ مراعات چھین کر نہ صرف میونسپل کمیٹیوں میں بلکہ کارپوریشن میں بھی آفیشل چیئرمین مقرر کرنے کا قانون پیش کر دیا ہے اور ۱۹۱۱ء کے میونسپل قانون اور ڈسٹرکٹ بورڈ ایکٹ - ۱۸۸۴ء کے اصولوں کو کالعدم کر دیا ہے اسکے بعد ۱۹۱۵ء میں جمہوری پالیسی کو اور بھی liberal کر دیا گیا کہ ڈسٹرکٹ بورڈوں کے چیئرمین ڈپٹی کمشنروں کی بجائے نان آفیشل مقرر کئے جائیں پھر جناب والا - ۱۹۱۷ء میں سیکرٹری آف سٹیٹ نے ایک بیان جاری کیا جس کی رو سے زیادہ سے زیادہ اختیارات ہندوستانیوں کو ملے اور قرار پایا کہ ہندوستانیوں کو زیادہ سے زیادہ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ associate کیا جائے - لوکل باڈیز کو transferred subject قرار دے دیا گیا یہ محکمہ منتقلہ ملک کے عوام کے نمائندوں کی تحویل میں آ گیا اور انگریزوں کے تسلط سے آزاد کر دیا گیا پھر اکتوبر ۱۹۲۲ء میں اسکی تجدید کی گئی کہ میونسپل اداروں کو مکمل جمہوری ادارے بنا دیا جائے مگر آج ۴۳ سال بعد میونسپل اداروں کو ان اختیارات سے محروم کیا جا رہا ہے جو غیر ملکی آقاؤں نے عوام کو بخشے تھے - وہ جمہوری اختیارات جو میونسپل کمیٹیوں کو دئیے گئے تھے - ہمیں ان سے بھی محروم کر دیا گیا ہے - اور ۱۹۲۲ء میں اصول یہ رکھا گیا کہ ہمارے ملک میں زیادہ سے زیادہ Elective System کو introduce کیا جائے جس کی بناء پر ۷۵ فیصد ممبر

منتخب ہوا کریں ۔ محترم وزیر قانون اور وزیر بلدیات اس حقیقت سے انکار نہیں کرینگے کہ ۱۹۲۲ء میں جب یہ اختیارات دئے گئے کہ میونسپل کمیٹیوں کے غیر سرکاری چیئرمین اور پریزیڈنٹ اور ۷۰ فیصد ممبران براہ راست منتخب ہوں ۔ تو کیا یہ ریفارمز موجودہ صورت حال سے بہتر نہ تھیں ۔ لہذا میں انکی خدمت میں درخواست کرونگا کہ وہ اپنی تقریر کے اختتام سے پہلے ان تین نکات کی ضرور وضاحت فرمائیں ۔ اور اگر وہ وضاحت نہ فرمائینگے تو میں سمجھونگا کہ وہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ لوکل باڈیز کے متعلق جو موجودہ قوانین ہیں ۔ وہ غیر جمہوری ہیں ۔ اور آج سے ۵۰ سال پہلے جو قوانین تھے وہ ان سے زیادہ جمہوری تھے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ۱۹۲۲ء میں Town Improvement Act میں ایک اور improvement کی گئی جب یہ ایکٹ نافذ کیا گیا تو اس کے بعد Simon Commission آیا ۔ (ایک آواز — یہ کونسی نئی باتیں ہیں ؟) جناب غور سے سنئے ۔ کیونکہ یہ باتیں شاید آپ نے بہت کم سنی ہونگی ۔ اس لئے آج سن لیجئے ۔ جب اس ملک میں سائمن کمیشن آیا جس کے سربراہ مسٹر سائمن تھے ۔ تو اس نے بھی اسی بات پر زور دیا کہ یہاں کی لوکل باڈیز میں اور زیادہ اصلاحات ہونی چاہیئیں ۔ انہوں نے یہ تجویز کی کہ ان میں بعض qualified اشخاص ضرور ہونے چاہیئیں ۔ لیکن انہوں نے qualified persons اور سرکای افسران کی تقرری بطور چیئرمین ہر گز نہ کی ۔ بلکہ ان کو صرف سیکرٹری بنایا گیا ۔ اس کے بعد Executive Officers Act بھی آیا ۔ جس کی بنا پر میونسپلٹیوں میں ان افسران کا تقرر کر دیا گیا ۔ تا کہ وہ ان کے پریذیڈنٹوں کی مدد کریں لیکن اس صورت حال میں بھی اس بات کو پھر دہراؤنگا کہ میونسپل کمیٹیوں کے سربراہ منتخب لوگ ہی رہے ۔

جناب والا ۔ کراچی کو کارپوریشن کا Status بھی ۱۹۳۳ء میں دیا گیا ۔ اسی طرح لاہور کارپوریشن کا قیام ۱۹۴۱ء میں عمل میں لایا گیا ۔ چنانچہ یہ مختصر سی تمہید (قہقہہ) میں اپنے محترم وزیر صاحب کے ذہن نشین کرانا چاہتا تھا ۔ مجھے معلوم ہے کہ وہ اسے نہیں مانینگے ۔ ان کو اس بات پر اصرار ہے کہ موجودہ حکومت نے آج سے قبل جو اختیارات دئے تھے ۔ ان میں اس بل کی رو سے اضافہ کیا گیا ہے ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرونگا کہ

یہ بالواسطہ الیکشن کا طریق کار اور یہ سرکاری چیئرمین صاحبان کا تقرر جمہوریت کے منافی ہے ۔ وہ تو بالکل بے ضرر قسم کے ادارے ہیں ۔ اس لئے ہمیں ان سے کسی قسم کا خدشہ نہیں ہونا چاہیئے بلکہ ان اداروں میں جو لوگ بھی منتخب ہو کر آئیں ۔ انہیں زیادہ سے زیادہ اختیارات دینے چاہیئیں ۔ (اس مرحلے پر خان محمد یوسف کرسی صدارت پر متمکن ہوئے) جناب والا ۔ اس موقع پر یہ کہنا بیجا نہ ہو گا کہ موجودہ میونسپل اداروں اور ڈسٹرکٹ کونسلوں میں جو آپ نے عوامی نمائندوں کو دور ہٹا دیا ہے ۔ اس کا نتیجہ اس شکل میں ظاہر ہوا ہے کہ اب آپ کے افسران عوام کے نمائندوں کی نسبت آپ کے زیادہ قریب ہو گئے ہیں ۔ اور آپ نے افسران کو Electoral College کے ممبران پر صرف اس لئے بٹھا دیا ہے کہ وہ آپ کے کنٹرول میں رہیں ۔ اس طرح آپ اس ملک میں کوئی اچھی Tradition پیش نہیں کر رہے ۔ ہو سکتا ہے کہ آج سے سو سال بعد اس ایوان میں آنے والی نسلیں کسی اس قسم کے آرڈیننس یا قانون پر بحث کرتے ہوئے میری اور آپ کی تقریروں کے حوالے دیں اور کہیں کہ فلاں صاحب نے جو فلاں آرڈیننس پیش کیا تھا ۔ وہ غیر جمہوری تھا ۔ اس لئے آپ کی خدمت میں میری گذارش یہ ہے کہ آپ اس ابدی تنقید سے پوچھیئے ۔ اگر آپ واقعی نیک نیتی سے اس ملک میں لوکل باڈیز کا قیام چاہتے ہیں تو آپ کو چاہیئے کہ آپ ان کو زیادہ سے زیادہ خود مختار بنائیں ۔ تاکہ ان میں گورنمنٹ کا کم سے کم دخل ہو ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ حزب اختلاف کے اراکین نے بڑی محنت اور کاوش سے اپنی تقاریر تیار کیں جن سے اس ایوان کے معزز اراکین نے بھی استفادہ کیا اور میں نے بھی ان سے بہت حد تک فائدہ اٹھایا ۔ ویسے جب وہ خلاؤں اور فضاؤں میں کھو جاتے تو اس وقت کئی دفعہ اس بات کا یقیناً احساس ہوتا کہ جہاں بعض اوقات کم علم نقصان دہ ہوتا ہے ۔ وہاں بہت زیادہ علم بھی بعض دفعہ بہت زیادہ فائدہ مند نہیں ہوتا ۔ بہر صورت جب بھی وہ خلاؤں اور فضاؤں سے واپس تشریف لائے اور انہوں نے مستعار لئے ہوئے نظریات پر بحث چھوڑی ۔ اور جب کبھی وہ تاریخ کے گہرے سمندر میں صدیوں نیچے جا چکنے کے بعد واپس ایوان میں تشریف لائے ۔

مسٹر ھیزہ — جی ھاں ۔ اس دور غلامی میں آئے ۔ (قہقہہ)

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اگر کوئی معزز ممبر اس آزادی کو غلامی سمجھتے ھیں اور اس ایوان کی آزادی کو غلامی سے تعبیر کرتے ھیں تو یہ ان کی مرضی ۔ کم از کم میں تو ان کے حق میں یہ دعا نہیں کرونگا کہ وہ انگریزوں کے زمانے میں واپس چلے جائیں ۔ کیونکہ ھم انہیں اپنے آزاد بھائی سمجھتے ھیں ۔ اور اس پر یقین رکھتے ھیں ۔ (شور اور قطع کلامیاں)

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ھوئے)

Mr. Speaker: Order please.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ جب بھی وہ اس ایوان میں واپس تشریف لائے اور جب بھی انہوں نے اس بل کی صحیح دفعات پر غور فرمایا تو باوجود انتہائی کوششوں کے ان کے منہ سے سچی بات نکل ھی گئی ۔ اور خواجہ صاحب نے ان اقدامات کو سراھا ضرور ۔ لیکن ان قدموں کو بڑے قدم کہنے کی بجائے چھوٹے قدم کہا ھے ۔ اور اسی طرح جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ۔ یہ انکی نگاہ کا قصور ھے ۔ اور اگر نگاہ درست ھے تو پھر عینک کا قصور ضرور ھے ۔ جو انہوں نے اس مقصد کیلئے لگا رکھی ھے ۔

جناب والا ۔ میرے فاضل دوست کئی بار بحث کے دوران اس بل کے اصولوں سے باھر نکل گئے ۔ اور انہوں نے ھر اس چیز کو اپنی بحث میں شامل کرنا مناسب سمجھا اور روا جانا ۔ جس کا تعلق اس بل کے اصولوں سے نہیں ھے ۔ اس بل میں جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ھے ۔ چند بڑے اھم اصول ھیں جن کی بنا پر ترامیم کی گئیں اور جناب والا ۔ انسان ھمیشہ اپنے معاملات میں تجربات کرتا رھتا ھے اور ھر تجربے کے بعد وہ پہلے سے زیادہ سمجھدار ھو جاتا ھے ۔ اور اس تجربے سے اسے سبق سیکھنا ھوتا ھے ۔ اس طرح ھم نے یہ بہت سے اداروں میں تجربات کئے ھیں ۔ ان میں سے کچھ کامیاب ھوئے ھیں اور کچھ ناکام ھوئے ھیں ۔ میرے فاضل دوستوں نے یہ جو قسم کھا رکھی ھے کہ غیر کی ھر چیز کو اچھا ھیں سمجھتے ھیں اور اپنی ھر بات کو برا سمجھ کر اس کی مخالفت کرتے ھیں ۔ میرے نزدیک یہ ضد کی بات ھے ۔ ویسے تو میں جانتا ھوں کہ ان کی طبیعت بری نہیں ۔ ورنہ جناب والا ایسے معاملات میں ھم نے

تدریجی طور پر تجربات کے ذریعہ دیکھا ہے۔ کہ ہمارے ایسے اداروں میں کوئی اچھا کام نہیں ہو رہا تھا۔ ان میں بہت سی عملی دقتیں پیش آ رہی تھیں۔ اس وقت کی جیسا کہ ملک اختر صاحب نے فرمایا ہے۔ اسمبلی کی تقریریں اور اداریئے اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا۔ کہ یہ نظام صحیح طور پر نہیں چل رہا تھا۔ اس بارے میں ہم نے جمہوریت کے لئے تجربات کئے ہیں۔ اور ہمارے پاس بہت سے اعتراضات بھی آئے ہیں۔ ساتھ ہی ہم نے قانونی طور پر کوشش بھی کی ہے۔ کہ یہ چیز نئی ہے اس سلسلہ میں ہمیشہ کہا جاتا رہا ہے۔ کہ فلاں نے اس کے متعلق یہ کہا ہے۔ جناب والا۔ فلاں کی بات تو ان کو بہت پسند آتی ہے۔ لیکن اپنوں کی بات پسند نہیں کرتے۔ حالانکہ ہم نے اس کے متعلق ہر ممکن کوشش کی ہے۔ ہر ڈھب سے سوچا ہے۔ ملک کی بہتری کے لئے حالات کا جائزہ لے کر سوچا ہے۔ اس کے باوجود ان کو ہماری بات پسند نہیں آتی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ وہ احساس کمتری میں مبتلا ہیں۔ غیر کی بات انہیں پسند ہے۔ وہ جو کچھ ہے۔ ان کے نزدیک اعلیٰ ہے۔ لیکن جس کو ہم نے اتنی کوشش اور سوچ بچار کے بعد پیش کیا ہے۔ ہمارے دوست اسے پسند نہیں کرتے۔ اور اسے غلط قرار دیتے ہیں۔ یہ احساس کمتری ہے۔ ان کو اس سے بچنا چاہیئے ہم تو چاہتے ہیں۔ کہ دنیا کو ہدایت دے سکیں دوسرے لوگ ہم سے سبق سیکھیں۔ لیکن میں حیران ہوں کہ ہمارے معزز دوست سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کرتے۔ معزز ممبران اسمبلی کو اس بات کا علم ہے۔ کہ موجودہ صورت میں کمیٹیوں کے ممبران تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک منتخب شدہ ممبر دوسرے نامزد غیر سرکاری ممبر۔ تیسرے سرکاری ممبر۔ اس کو ہم نے اس طرح کر دیا ہے کہ جہاں تک غیر سرکاری ارکان کا تعلق ہے۔ یہ فیصلہ کیا ہے کہ اب کوئی شخص نامزد نہیں کیا جائے گا۔ (نعرہ ہائے تحسین) پھر ایک پابندی یہ بھی تھی۔ کہ تین سے زیادہ یونین کمیٹیوں کے چیئرمین کسی میونسپل کمیٹی کے ممبر نہیں بن سکتے تھے۔ انہیں محدود کر دیا تھا۔ اب اس بل کے ذریعہ ان حدود کو ختم کر دیا ہے۔ ہر یونین کمیٹی کا چیئرمین میونسپل کمیٹی کا *Ex-officio* ممبر ہو گا۔ آج ہماری یہی کیفیت ہے۔ پھر ساتھ ہی ہم نے یہ بھی کوشش کی ہے۔ کہ ہماری اقلیت کے حقوق اور عورتوں کے حقوق کی حفاظت کی جائے۔ ان

کے Special interests کو specify کرنا پڑے گا ۔ پھر اگر ایوان میں سے کوئی ممبر مقرر ہو گا ۔ یا اگر کسی یونین کمیٹی کا چیئرمین میونسپل کمیٹی کا ممبر نہیں ہو سکتا تو ان کے لیے ہم یہ کر سکتے ہیں کہ ان کے لئے seats ریزرو کر دیں ۔ لیکن ان کا انتخاب پھر بھی ہو گا عورتوں کا بھی انتخاب ہو گا ۔ ان کی Seats مقرر کی جائیں گی ۔ اور انتخاب ہو گا ۔

ایک معزز ممبر ۔ عورتوں کا کیا تناسب ہو گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ وہ دس فیصدی سے زیادہ مقرر نہیں ہوں گی ان کی تعداد مقرر کی جائے گی ۔ ان کا انتخاب چیئرمین حضرات کریں گے ۔ منتخب ہونے کے بعد وہ ممبر بنیں گی ۔ official members کے بارے میں یہاں بہت سی چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں ۔ کہ آفیشل ممبرز کمیٹیوں میں نقصان دہ ثابت ہونے کی بجائے فائدہ مند ہوں گے اول تو یہ کہ وہ Technical advice دے سکتے ہیں ۔ دوسرے اپنے محکمہ کے سوالات کے جوابات دے سکتے ہیں ۔ تیسرے یہ کہ عوام کے نمائندہ ہونے کی حیثیت میں لوگوں کے کاموں کو عملی طور پر انجام دے سکتے ہیں ۔ اس عملی تعاون سے بہت سی دقتیں دور ہو جائیں گی ۔ نیز ان کے اپنے علاقہ یا شہر کو بہت زیادہ فائدہ پہنچ سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ ایک اور چیز ہے ۔ اور وہ ہے انتخاب کا طریقہ جس کی طرف فاضل دوستوں نے توجہ نہیں دی ۔ وہ اس بل میں موجود ہے ۔ لوگوں کو معمولی معمولی مقدمات کے لئے شہروں میں جا کر عدالتوں میں کئی کئی دن ضائع کرنے پڑتے ہیں ۔ اس بل کے ذریعہ یہ تجویز رکھی ہے ۔ کہ کوئی شخص جس کے خلاف کوئی charge ہو ۔ وکیل کے ذریعہ عدالت میں پیش ہو ۔ اور charge کی نوعیت کے مطابق مطلوبہ رقم عدالت میں بھیج دے ۔ اور اسی طرح وہ عدالت کی حاضری سے بچ سکتا ہے ۔ ایسے لوگوں کے دوسرے کاموں میں کوئی خلل پیدا نہیں ہو گا ۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کے لئے ان کو شہر میں نہیں آنا پڑے گا ۔ اس provision کے ذریعہ ان کو یہ سہولت بہم پہنچائی گئی ہے ۔ ایک اور چیز ہے جس کے متعلق میں پہلے عرض کر چکا ہوں وہ یہ ہے ۔ کہ کمیٹیوں کے موجودہ عہدہ کی میعاد ختم ہو چکی ہے ۔ اور کئی دقتیں حائل ہیں ۔ ہم نے اس بل کے

ذریعہ اس بات کا جائزہ لیا ہے ۔ اور یہ فیصلہ کیا ہے ۔ کہ قانونی طور پر اس کی ترمیم کی جائے ۔ لہذا ہم اسی بل کی ترمیم لے آئے ہیں ۔ ہم نے میونسپل کمیٹیوں کی میعاد کے ختم ہونے کے متعلق اور دوسری ساری چیزوں کے بارے میں مکمل طور پر جائزہ لیا ہے ۔ اور قانونی دقتوں کو دیکھا ہے ۔ تا کہ مقدمہ بازی نہ ہو ۔ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں ۔ کہ ہر چیز جو اسی بل میں پیش کی گئی ہے ۔ وہ عوام کے فائدہ کی ہے ۔ ان کے بھلے کی ہے ۔ اور ہم نے اسے الیکٹورل کالج ایکٹ کے مطابق لانے کی کوشش کی ہے ۔ اب عوام کے نمائندوں کو جلد از جلد وہ حقوق اور اختیارات دئے جا سکتے ہیں جو ان کے لئے متعین کئے گئے ہیں ۔ اور وہ ملک کی ترقی میں زیادہ سے زیادہ حصہ لے سکیں گے ۔ وائس چیئرمین کے لئے ہم نے ایک قدم اور بڑھایا ہے ۔ اب وائس چیئرمین کو وہی لوگ منتخب کریں گے جو خود منتخب شدہ ممبر ہوں گے اور جو سرکاری ممبر ہوں گے میونسپل کمیٹی میں ان کو ایسا اختیار نہیں ہو گا ۔ کہ وائس چیئرمین کے انتخاب میں حصہ لیں ۔ یہ ایسے اقدامات ہیں ۔ کہ اگر آپ ان چیزوں پر غور کریں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ اس سے بہتر اور کوئی انتظام نہیں ہو سکتا ۔ جناب والا ہمارے ملک میں ترقی کے لئے دو چیزوں کا خیال رکھنا پڑے گا ۔ سیاسی طور پر اور اقتصادی طور پر ہمیں دونوں میدانوں میں عمل پیرا ہونا پڑے گا ۔ ایک میدان کی ترقی کے ساتھ ساتھ دوسرے میدان کی ترقی بھی اشد ضروری ہے ۔ اسی طرح ہم اپنی قوم کو اونچا کر سکتے ہیں ۔ چونکہ وقت زیادہ ہو گیا ہے ۔ اس لئے ان معروضات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

> That the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill 1965 be circulated for eliciting public opinion thereon by the 31st August, 1965.

The motion was lost

Mr. Speaker : Next amendment is also by Khawaja Muhammad Safdar. He may please move it.

Khawaja Muhammad Safdar : Not moving.

Mr. Speaker : Mr. Hamza to move his motion.

Mr. Hamza : Not moving.

Mr. Speaker : Mr. Nisar Muhammad Khan not present. Mr. Farooqi also not present.

Haji Atta Muhammad Lund to please move his motion.

Haji Atta Muhammad Lund : Not moving,

Mr. Speaker : The amendment is not moved.

I will now put the question.

The question is—

That the Municipal Administration (West Pakistan Amendment) Bill 1965 be taken into consideration at once.

The motion was carried

Mr. Speaker : We will take up clause by clause reading of the Bill.

(Clause 2)

Mr. Speaker : There is a notice of amendment by Khawaja Muhammad Safdar. He may please move it.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move—

That in clause 2, after para (iii), the following new para be added and the existing para (iv) be re-numbered as para (v) :

"(iv) that clause (29) be omitted."

Mr. Speaker : Clause under consideration amendment moved is :—

That in clause 2, after para (iii), the following new para be added and the existing para (iv) be re-numbered as para (v) :—

"(iv) that clause (29) be omitted."

Minister of B. D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - یہ ترمیم اس لئے لازم ہے - کہ میں نے اس سے اگلی ایک کلاز میں بھی ترمیم پیش کی ہے - اور یہ تجویز پیش کی ہے - کہ کسی سرکاری افسر کو میونسپل کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے نامزد نہ کیا جائے - یعنی ان کی نامزدگی کا سلسلہ منقطع کر دیا جائے - اور ان کی موجودگی سے میونسپل کمیٹی کو پاک کر دیا جائے - اگر میری ترمیم منظور کر لی جائے - تو پھر اس کلاز ۲۹ (۳) میں اس آفیشل ممبر کی تعریف کی ضرورت نہیں رہتی -

یہ اس طرح ہے -

"Official member means a member."....

وزیر لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یسین خاں وٹو) —

جناب والا ۔ یہ گھوڑا گاڑی کے آگے ہے یا گاڑی گھوڑے کے آگے ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ گھوڑا گاڑی کے آگے آئیگا ۔ گاڑی گھوڑے کے آگے نہیں آئیگی ۔ یہ کلاز نمبر ۳ پہلے آئیگا اس کے بعد ۶ ، ۷ ، ۸ ، اور ۹ ۔ آئیں گے ۔ جناب والا وزیر تعلیم اور وزیر بلدیات دونوں یکجا نہ ہونے چاہئیں وزیر تعلیم سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تعلیم یافتہ ہیں اور وزیر بلدیات کیلئے تعلیم لازمی نہیں ہے ۔ اس لئے میں گذارش کروں گا کہ یہ گھوڑا گاڑی کے آگے ہے اور گاڑی گھوڑے کے آگے نہیں ہے ۔ جناب والا میں اس ترمیم میں زیادہ نہیں کہنا چاہتا صرف اس قدر عرض کرونگا کہ یہ ایک لازمی ترمیم جو کہ consequential تھی اور میری آگے والی ترمیم کے ساتھ تھی اس میں میں نے تجویز کیا ہے کہ یہاں سب کلاز ۲۹ کو omit کر دیا جائے اصل قانون سے ۔ جناب والا ۔ میں یہاں صرف اسی قدر مختصراً عرض کروں گا کہ جو دوست اور معزز اراکین میرے ساتھ اس معاملہ میں اتفاق کرتے ہیں کہ میونسپل کمیٹیوں میں سے آفیشل عنصر کو نکال دینا ضروری ہے اور آئندہ گورنمنٹ کے پاس یہ اختیارات نہ رہنے چاہئیں کہ وہ سرکاری اہلکاروں اور افسران کو میونسپل کمیٹیوں کا نامزد رکن بنا دے تو وہ میری اس ترمیم کے ساتھ ضرور اتفاق کریں گے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی یہ ترمیم پیش کرتا ہوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یسین خان وٹو) —جناب والا ۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں جس طرح میں نے ابھی عرض کیا کہ آفیشل ممبر جو ہیں ان کے کمیٹیوں کا ممبر رہنے سے کوئی نقصان نہیں ہے بلکہ فائدہ ہے اور اس سے کمیٹیوں کے کام میں مدد ملتی ہے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے فاضل دوستوں نے جو اپنی تقریروں میں پہلے فرمایا تھا وہی ابھی خواجہ صاحب نے بھی فرمایا ہے وہ آفیشل ممبر سے یہاں مراد کوئی ''غیر آدمی'' لیتے ہیں ۔ وہ اپنے پرانے نظریات کو اب بدلیں ۔ اب ہم آزاد قوم

ہیں افسران بھی ہمارے ہوں اور اس ملک کے شہری ہیں اور اس ملک کے وفادار ہیں اور اس ملک کے رہنے والے شہری ہیں ۔ اسلئے اس چیز سے کوئی عملی طور پر نقصان ہونے کے بجائے فائدہ ہے ۔ لہذا میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔ اس میں ایک اور دقت بھی ہے اگر میں اس کے متعلق کچھ عرض کروں گا تو بحث کچھ لمبی ہو جائیگی ۔ لہذا میں اس کی اس سٹیج پر مخالفت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The question is-

That in clause 2, after para (iii), the following new para be added and the existing para (iv) be re-numbered as para (v) :—

"(iv) that clause 29 be omitted."

The motion was lost

Mr. Speaker : Next amendment is in the name of Khan Muhammad Yusaf Khan.

خواجہ محمد صفدر — جناب مجھے اس میں ابتدائی اعتراض ہے لیکن میں اس سٹیج پر اس لئے نہیں کہنا چاہتا ہوں کہ میں اس کو سمجھ نہیں سکا کہ یہ میونسپل آرڈیننس میں all the members ....

Mr. Speaker : Let him move his amendment.

(اس مرحلہ پر خان محمد یوسف خان اور وزیر لوکل گورنمنٹ کے درمیان کچھ گفتگو ہوئی) ۔

خان محمد یوسف خان — جناب میں اپنی ترمیم پیش نہیں کرنا چاہتا ۔

خواجہ محمد صفدر— کیا جناب اسمبلی میں آزادی تقریر ہے یا نہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — آزادی تقریر ہے ۔

Mr. Speaker : There is complete freedom of speech here.

مسٹر حمزہ — وہاں بلدیات میں بھی یہ یہی کام کرتے ہیں چیئرمین ممبروں کو بولنے نہیں دیتے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ یہاں مکمل آزادی ہے جو چاہیں کہیں اور جو چاہیں بولیں ۔

Mr. Speaker : The question is—

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 3

Mr. Speaker : The question is :

That clause 3 stand part of the Bill.

The motion was carried.

CLAUSE 4

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move—

That for clause 4, the following be substituted, namely :—

"4. *Composition*—A Municipal Committee shall consist of—

(a) the members elected from amongst the inhabitants in accordance with the rules made under this Ordinance ;

Provided the number of members in no case shall exceed sixty and shall be in no case less than five ;

(b) Such members not exceeding 10 per cent of the total elected members of the Municipal Committee under para (a) but in no case less than one to represent special interests."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That for clause 4, the following be substituted, namely :—

"4. *Composition*—A Municipal Committee shall consist of—

(a) Members elected from amongst the inhabitants in accordance with the rules made under this Ordinance :

Provided the number of members in no case shall exceed sixty and shall be in no case less than five ;

(b) Such members, not exceeding ten per cent of the total elected members of the Municipal Committee under para (a) but in no case less than one to represent special interests."

Minister of Basic Democracies and Local Government : It is opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) — جناب والا - اس وقت میری اس ترمیم کے ساتھ ایوان کے سامنے تین چیز ہیں تقابل کے لئے پیش کی جانا لازمی ہیں - اول وہ کہ میل آرڈیننس میں سیکشن ۹ کس طرح سے ہے وہ جناب والا میں پڑھے دیتا ہوں -

"*Composition*—(1) Subject to clause (2) a Municipal Committee shall consist of—

(a) The elected members whose number shall in no case exceed 30 ; and —

(b) Such official member and appointed members, if any, as the Controlling Authority may in the prescribed manner fix.

(2) The total number of official and appointed members shall not exceed number of elected members.

(3) In the matter of appointment, regard shall be had to the ability of persons to render service to the people and due consideration shall be given to the representation of minorities and Women of organisations concerned with the agricultural, industrial or community development, and of other special interests of importance to the Municipality."

جناب والا ۔ تین قسم کے افراد کو اس وقت میونسپل کمیٹی میں نمائندگی دی گئی ہے پہلے وہ چیئرمین ہے جس کو بعض بڑی میونسپل کمیٹی کی صورت میں جیسے لاہور اور کراچی ہے نمائندگی دی گئی ہے وہ ان کا نمائندہ ہوگا اور بالواسطہ طریقہ انتخاب سے میونسپل کمیٹی میں ہوگا ۔ دوسرے وہ غیر سرکاری افراد جو سرکار کی مرحمت خسروانہ کی وجہ سے میونسپل کمیٹی کے رکن بن جاتے ہیں اگرچہ یہاں یہ لکھا ہوا ہے کہ وہ special interest کو represent کریں یا وہ کسی خاص فن کے ماہر ہوں یا کسی خاص معاملہ میں خاص دلچسپی اور مہارت رکھتے ہوں ۔ تیسرے سرکاری اہلکار کو باحاظ عہدہ نامزد کیا جاتا ہے ۔ یہ صورت حال اس وقت ہماری میونسپل کمیٹیوں کی ہے اور ہمارے محترم وزیر بلدیات نے جو تجویز فرمائی ہے وہ اس صورت سے ہے ۔

"*Composition*—A Municipal Commitee shall consist of—

(a) the Chairman of every Union Committee within the Municipal Committee ;

(b) Such members, not exceeding ten percentum of the total number of elected members of the Municpal Committee but in no case being less than one, to represent special interests ; and

(c) Such official members, not exceeding one-half of the total number of elected members, as the Controlling Authority may, in the prescribed manner, fix."

جناب والا ۔ اس میں کوئی کلام نہیں کہ ترمیمی بل کے ذریعہ سابقہ آرڈیننس کو جمہوریت کے قریب لانے کی ایک ہلکی سی.....

وزیر لوکل گورنمنٹ — کامیاب کوشش کی گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — مدھم سی بڑی دھیمی سی بڑی نرم سی کوشش کی گئی ہے اس لئے میں یہ کہتا ہوں کہ جب آپ ایک اصول کو تسلیم کرتے ہیں کہ نامزدگیاں جمہوریت کے اصولوں کے منافی ہیں تو پھر اس سے انحراف کیوں کیا جاتا ہے ۔ جناب والا انہوں نے یہ سعی فرمائی ہے کہ اب غیر سرکاری افراد کو نامزد نہیں کیا جائیگا البتہ سرکاری افراد کو منتخب شدہ افراد کی تعداد

سے نصف کی حد تک میونسپل کمیٹی پر جمع رہنے کا اختیار ہوگا ۔ اس کے علاوہ ایک نئی بات جو دراصل نئی نہیں پرانے سیکشن میں موجود ہے اگرچہ اس پر بھی عمل کم ہوتا رہا یعنی مخصوص مفادات کے پیش نظر نمائندوں کی نامزدگی کا طریقہ بھی رائج تھا اب منتخب شدہ نمائندوں میں سے مخصوص مفادات کے پیش نظر نمائندگی دینے کے لئے نمائندہ چنتے ہیں ۔ یہ بھی ایک ہلکی سی خفیف سی ایک چھوٹا سا قدم ہے جمہوریت کی طرف ۔ اگر یہ جرأت رندانہ سے کام لیتے اور ایک جست لگا دیتے تو معاملہ ایسا بن جاتا کہ ہم اس سے اختلاف کی کوشش ہی نہ کرتے لیکن جرأت رندانہ سے انہوں نے کام ہی نہیں لیا ۔ جناب والا میں نے جو ترمیم پیش کی ہے اس کے مقاصد دو ہیں ۔ اور میں جناب والا اس ایوان کے سامنے پڑھ چکا ہوں ۔ اس کے حصہ الف میں ، میں نے تجویز کیا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے رکن اہالیان شہر کے نمائندے ہوں گے ۔ یہ الفاظ میں نے جان بوجھ کر استعمال کئے ہیں ۔ یہ الفاظ بعینہ وہ الفاظ ہیں جو کہ میونسپل ایکٹ میں ایک ترمیمی قانون کے ذریعے داخل کئے گئے تھے اور جن کے ذریعے سے صوبہ میں بلا واسطہ طریق سے بالغوں کے حق رائے دہی کے اصول پر انتخابات لڑے گئے تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کے لئے یہ لازم ہے کہ عام آدمی کو معلوم ہو کہ میرا نمائندہ کسی مجلس میں جا کر خواہ وہ بلدیہ کی مجلس ہو یا اسمبلی یا پارلیمنٹ کی اپنے فرائض کو کس طرح ادا کرتا ہے اور اس کے اور نمائندے کے درمیان کوئی دیوار حائل نہ ہو ۔ ان دونوں کا تعلق براہ راست ہو اگر کوئی دیوار حائل ہو جائے گی تو حقیقت میں وہ نمائندہ عوام کا نہیں رہے گا ۔ وہ ان کا نمائندہ ہوگا جن کے ووٹوں سے وہ اپنے حلقے میں کھڑا ہو خواہ وہ بلدیہ کی کمیٹی ہو خواہ اسمبلی کی ۔ جناب والا ۔ اس ضمن میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے ۔ اس ضمن میں اس ملک کے عوام کی رائے اس پر عیاں اور واضح ہے کہ عوام یہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنے نمائندوں کو براہ راست چنیں لیکن عوام کے بار بار مطالبہ سے انحراف کیا جا رہا ہے ۔ اس سے پیچھا چھڑایا جا رہا ہے

اس سے منہ موڑا جا رہا ہے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — عوام اس نظام کے حق میں ہیں جو ہم نے پیش کیا ہے۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا۔ اس دعوے کو پرکھنے کے لئے میرے پاس کوئی کسوٹی نہیں ہے جو کہ جناب وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا ہے۔ بہر حال میں عرض کروں گا۔ بہر حال میں اتنا ضرور عرض کروں گا کہ یہ جمہوریت کے تمام معروف اصولوں کی خلاف ورزی ہے کہ ہم ان بلدیات میں بھی بالواسطہ طریق انتخاب کو رائج رہنے دیں۔ جناب والا۔ اب دوسری شق کو میں نے بجنسہ ویسے کا ویسے رکھا ہے جیسے کہ جناب وزیر بلدیات نے تجویز کیا ہے یعنی میری رائے یہ ہے کہ اس زمانے میں اس دور میں جب کہ خصوصیت سے minority کی آبادی کسی ایک مکان پر concentrated نہیں ہے اور کسی انتخاب میں حصہ لے کر کامیاب نہیں ہو سکتی یا اسکے امکانات بہت کم ہیں اس کے لئے ایسا طریقہ رکھنا چاہئے کہ جس سے اس کے نمائندے بلدیات میں پہنچ سکیں۔ جناب والا direct and indirect طریق انتخاب میں ایک اور بھی فرق ہے جسے میں واضح کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ میونسپل کمیٹی تک پہنچنے کے لئے ایک فرد کو دو انتخاب لڑنے پڑیں گے حالانکہ اگر براہ راست انتخاب ہو تو صرف ایک انتخاب اس کو لڑنا پڑے گا۔ دو انتخابات میں عملی طور پر بڑی خرابیاں ہیں۔ ان میں کوتاہیاں ہیں۔ جناب والا آپ جانتے ہیں کہ ہمارے مروجہ قوانین کے ماتحت بنیادی جمہوریتوں کے انتخابات میں ہزار قسم کی خرابیاں ہوئیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس سے پہلے نہیں تھیں لیکن ان خرابیوں کو جو کہ اس سے پہلے بھی اس ملک میں موجود تھیں ان سے کئی گناہ بڑھا چڑھا کر بروئے عمل لایا گیا ہے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — وہ صرف آپ کو ہی نظر آتی ہیں۔

خواجہ محمد صفدر — ان کو کئی گنا بڑھا چڑھا

کر بروئے عمل لایا گیا ان انتخابات میں جو حال ہی میں ہوئے ۔ افسوس ہے کہ کل میرا ایک نہایت ہی innocuous سا ریزولیشن تھا اور جس کے نتائج بہت اچھے اور عمدہ برآمد ہو سکتے تھے انہوں نے مخالفت کر کے مسترد کر دیا محض اس لئے کہ مسٹر حمزہ نے اسے ایوان میں پیش کیا تھا ورنہ ہمارے ان موجودہ قانون میں جو کہ ان انتخابات سے متعلق ہے اس میں خاص ترمیم کی گنجائش ہے اور اس میں improvement کی گنجائش ہے ۔ اس کے بعد دوسرا انتخاب ان حلقہ جات میں ہوگا جن کی اس قانون کے پاس ہونے کے بعد (جیسا کہ وزیر بلدیات صاحب نے ارشاد فرمایا) حلقہ بندی ہوگی ۔ آٹھ دس units اکٹھے کر کے ایک یونین کمیٹی بنا دی جائے گی اور اس کے ارکان جن کی تعداد آٹھ ، نو یا دس جیسی بھی صورت ہو گی وہ اپنے میں سے ایک چیئرمین منتخب کر لیں گے ۔ جناب والا ۔ اس ملک کو گزشتہ ڈیڑھ سال سے انتخابات کے چکر میں اس طور پر ڈالا گیا ہے کہ اور کوئی کام ہو ہی نہیں سکا اور آئندہ تین ماہ بھی جیسے کہ میرے محترم وزیر بلدیات فرما رہے ہیں یہ چکر چلتا رہے گا ان خرابیوں کے علاوہ جو کہ ابتدائی الیکشنوں میں ہوئی ہیں ۔ جناب والا کس کو معلوم نہیں کہ شہروں میں اور اس وقت ہم شہروں کا ہی ذکر کر رہے ہیں کہ بی ۔ ڈی کے ممبران اپنے ووٹ فروخت کرتے رہے ہیں ۔ سابقہ انتخابات میں بھی فروخت کئے اور مجھے سخت اندیشہ ہے کہ آئندہ چیئرمین کے الیکشن میں بھی وہ اپنے ووٹ فروخت کریں گے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — آپ کا ذاتی تجربہ کیا ہے یا سنی سنائی بات ہے ؟

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ میں بی ۔ ڈی کا ممبر نہیں ۔ نہ میں چیئرمین ہوں ۔ نہ میونسپل کمیٹی کا چیئرمین ہوں ۔ اس مسئلے میں میرا ذاتی تجربہ کچھ بھی نہیں ۔

Malik Qadir Bakhsh : They will sit as advisers.

خواجہ محمد صفدر — البتہ ملک صاحب جو فرماتے

ہیں وہ میں عرض کئے دیتا ہوں ۔ جناب والا ۔ اس سے کون انکار کر سکتا ہے کہ بڑے شہروں میں ان ووٹوں کی قیمت ہزاروں تک پڑی اور چھوٹے شہروں میں سینکڑوں تک تو خیال فرمائیے کہ نہ صرف دو الیکشنوں کی وجہ سے اس قوم اور ملک کا قیمتی وقت ضائع ہوا بلکہ ان کے جھنجٹ سے خرچ بھی زیادہ ہوا اور ہمارے ہاں ایسی بد رسمیں پڑیں کہ جن کا وجود ہماری سوسائٹی اور معاشرے میں نہ ہو تو زیادہ بہتر ہے تو جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہی وجہ تھی کہ میں نے اس ترمیم کو نئے الفاظ میں تبدیل کر دیا ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ میں اس امر کے شدید خلاف ہوں کہ میونسپل کمیٹیوں پر سرکاری افسروں کے وجود کا بار ڈال دیا جائے ۔ جناب والا ۔ میرے محترم وزیر بلدیات نے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ یہ لوگ ناحق سرکاری افسروں کے مخالف ہیں ۔ اب میرے محترم ملک قادر بخش صاحب ہدایت فرماتے ہیں کہ وہ بطور Advisers وہاں موجود ہونگے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ مظفر گڑھ کا سٹی مجسٹریٹ اگر مظفر گڑھ میونسپل کمیٹی کا نامزدہ رکن ہو تو وہ ملک صاحب سے بہتر کیا مشورہ دے سکتا ہے ۔ وہ کون سا expert ہے ۔ ہمیں معلوم نہیں کہ ان کے ہاں ہے یا نہیں ۔ لیکن جہاں تک ہماری میونسپل کمیٹی کا تعلق ہے وہ بلحاظ عہدہ اس کا رکن ہے ۔ ان کا بھی ضرور ہوگا ۔ میں ملک صاحب ہی سے سوال کرتا ہوں ۔ کہ وہ مہربانی فرما کر یہ بتائیں کہ سٹی مجسٹریٹ صاحب کہاں کے ایکسپرٹ ہیں ۔ خواہ وہ سیالکوٹ میں ہوں یا مظفر گڑھ میں ۔ یا لاہور میں یا پشاور میں ۔ وہ کس مسئلہ پر ماہرانہ مشورہ دے سکتے ہیں ۔ اس کے علاوہ وہ اہل کار جنہیں کسی Subject کے ساتھ کوئی خاص تعلق نہیں ہوتا ۔ یا جنہیں کسی خاص Subject میں خاص مہارت نہیں ہوتی ۔ وہ بھی بلحاظ عہدہ وہاں رکن بنا دیئے جاتے ہیں ۔ وہ کیا مفید مشورہ دیں گے ۔ چلئے اس بات کو بھی چھوڑ دیتے ہیں ۔ میں مان لیتا ہوں کہ آئندہ تمام Experts ہی میونسپل کمیٹیوں میں رکن نامزد کئے جائیں گے ۔ مگر میں اس صورت میں بھی ان کی مخالفت کروں گا ۔ اس لئے

کہ مقامی معاملات سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہوتا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس وقت صوبائی سروس کسی کو سال سوا سال سے زیادہ ایک جگہ ٹھہرنے نہیں دیتی ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — پوائنٹ آف آرڈر جناب ! وہ چیئرمین کی بات کریں ۔ اس کی تقرری چیئرمین کی حیثیت سے ہوتی ہے اس کے فرائض علیحدہ ہوتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر — مگر وہ سرکاری ممبر ہوتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر — میں تو نامزد ممبروں کی بات کرتا ہوں ۔

"Such official members, not exceeding one-half of the total numbers of elected members,....."

جناب والا ۔ میں یہ گزارش کر رہا تھا ۔ کہ ہمارے ہاں صوبہ میں اس وقت عام طور پر یہ دیکھا جا رہا ہے ۔ کہ سرکاری افسران سال ڈیڑھ سال سے زیادہ کسی مقام پر نہیں ٹھہرتے ۔ انہیں مفاد عامہ کے پیش نظر یا کسی اور وجہ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کر دیا جاتا ہے ۔ اگر وہ خاص حالات میں ازھائی یا تین سال ایک جگہ رہیں تو کہا ایک شخص کے لئے اتنا عرصہ کافی ہے کہ وہ مقامی حالات سے پوری طرح آگاہ ہو سکے ۔ اس طرح جس طرح وہاں کے باشندے ہوتے ہیں ۔ اس لئے اگر وہ مشورہ بھی دے گا تو عام حالات میں غلط ہوگا ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ گذشتہ پانچ سال سے سیالکوٹ میونسپل کمیٹی میں پچاس فی صد نامزد ارکان ہیں ۔ ارکان کی کل تعداد چھتیس تھی ۔ نو سرکاری افسر تھے ۔ نو غیر سرکاری نامزد شدہ افراد تھے ۔ اٹھارہ منتخب شدہ تھے ۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں ۔ کہ ان پانچ سالوں میں ہماری میونسپل کمیٹی کے حالات ۱۹۶۰ء سے کہیں بدتر ہو گئے ۔ ہر سڑک ٹوٹی ہوئی ہے ۔ گندگی کی یہ حالت ہے کہ ہر کونے پر گندگی کے ڈھیر نظر آتے ہیں ۔ اور پانی کا یہ حال ہے کہ آج بھی ایک خط مقامی روز نامے میں چھپا ہے

کہ پہلے سے اس شہر میں لگے ہوئے ٹیوب ویل اٹھارہ ہیں ۔ لیکن پانی لوگوں کو نہیں ملتا ۔ اسی سے ظاہر ہے کہ ان پانچ سالوں میں Experts نے وہاں جو مشورے دیئے ہیں ۔ (جیسا کہ وزیر قانون اور ملک قادر بخش نے فرمایا ہے ۔) ان سے ہماری حالت بالکل اصلاح پذیر نہیں ہوئی ۔ اس لئے یہ Expert مشورہ والی بات قطعاً غلط ہے ۔ بہانہ سازی ہے ۔ دراصل ان افسروں کو مقامی منتخب نمائندوں کو ایک ڈھب پر رکھنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے ۔ ورنہ سرکاری افسروں کو مقامی کاموں سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے ۔ مقامی لوگوں پر تو احتساب ہوتا ہے ان لوگوں کا جو انہیں منتخب کر کے وہاں بھیجتے ہیں ان سرکاری افسروں کو کس کا احتساب ہو سکتا ہے ۔ البتہ ایک کام وہ ضرور کرتے ہیں ۔ جس کے لئے وہ وہاں بھیجتے جاتے ہیں وہ یہ کہ دو ایک مبارکباد کی قراردادیں پاس کرانے میں وہ پیش از پیش ہوتے ہیں ۔ کبھی صوبائی حکومت کے نام کبھی مرکزی حکومت کے نام ۔ اور گذشتہ پانچ سال میں ایسا موقعہ بھی آیا کہ جب کہ directive جاری کرنا پڑا کہ ایسی مبارکباد کی قرار دادیں پاس نہ کریں اور اس قسم کی خرافات سے باز آئیں ۔ جناب وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہم دوسرے ملکوں کی باتیں نہ سوچا کریں ۔ وہ ہم سے کہتے ہیں ۔ آپ اگر مثال بھی دیتے ہیں تو انگریزوں کی امریکہ کی یا کسی ایسے ترقی یافتہ ملک کی جو باہر کا ملک ہے جناب والا ۔ میں نے کم از کم آج کی بحث میں کسی بیرونی ملک کی مثال نہیں دی لیکن اگر ضرورت پڑے تو میں کبھی کسی ایسے ترقی یافتہ ملک کی مثال دینے سے اجتناب نہیں کروں گا ۔ جس کے قوانین کو بطور ماڈل ہم استعمال کر سکیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — اپنا کعبہ صحیح کریں ۔

خواجہ محمد صفدر — میرا کعبہ بالکل درست ہے - میرے نبی کریم نے یہ حکم دیا ہے کہ اچھی بات کہیں سے پاؤ لے لو - یہ حدیث شریف کا ترجمہ ہے - اگر میں انگلستان میں اچھی چیز پاؤں گا تو اسے اپنا ہی کھویا ہوا مال سمجھوں گا - اس حدیث شریف کا دوسرا حصہ یہ ہے کہ اچھی چیز مومن کی ملک ہے - وہ کہیں کھو گئی تھی میں اسے واپس حاصل کر لوں گا - جناب وزیر بلدیات کا یہ دعویٰ تھا کہ وہ ان اداروں کو جمہوریت کے قریب تر لے جا رہے ہیں - ہم اس دعویٰ کی تردید میں یہ عرض کر رہے ہیں کہ ان اداروں کو جمہوریت سے قریب تر نہیں بلکہ دور تر لے جایا جا رہا ہے - وہ تمام جمہوری قدریں جو ہم نے گذشتہ سو سال میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل کی تھیں وہ ہم سے چھین لی گئی ہیں - جناب والا ۱۹۲۲ء کے بعد کے دور کو پنجاب میں فضل حسین کا دور کہتے ہیں - اس دور کی قانون سازی کے بعد صرف پنجاب کی میونسپل کمیٹیوں کی تعداد میں ڈیڑھ گنا اضافہ کیا گیا - اور کئی ایک ایسی میونسپل کمیٹیاں موجود تھیں جن میں ایک چوتھائی سے کم ممبر نامزد کیے جاتے تھے سابقہ صوبہ پنجاب میں کوئی ایسی میونسپل کمیٹی نہ تھی جسمیں ۱/۴ سے زیادہ نامزد اراکین ہوں - یہاں تک کہ اس زمانہ میں ڈسٹرکٹ بورڈ جو پسماندہ خیال کیے جاتے تھے - ان میں بھی نامزد اراکین کا تناسب آج کی نسبت بہت کم تھا - آج نامزد اراکین کی تعداد منتخب شدہ سے نصف رکھی گئی ہے - جناب والا یہ میرے ہاتھ میں ڈسٹرکٹ بورڈ ایکٹ ہے - اس کے صفحہ ۱۴ پر .....

وزیر لوکل گورنمنٹ — میونسپل کمیٹی کی بات کریں -

خواجہ محمد صفدر — میں صرف آپ کے سامنے مثال پیش کر رہا ہوں، کیونکہ مثال کے بغیر شاید آپ سمجھ بھی نہ سکیں - جناب والا - انبالہ میں کل بھالیس ممبر تھے - جن میں بتیس منتخب شدہ تھے - اور دس نامزد کردہ -

فیروز پور میں کل اچاس ممبر تھے - جن میں پینتس منتخب شدہ تھے - اور بارہ نامزد کردہ - یعنی $\frac{1}{4}$ نامزد تھے - آپکے ضلع گوجرانوالہ میں کل اکتالیس ممبر تھے - جن میں تیس منتخب شدہ تھے - اور گیارہ نامزد کردہ -

گجرات میں کل چوالیس ممبر تھے جن میں چھتیس منتخب شدہ تھے - اور آٹھ نامزد کردہ - یعنی $\frac{4}{5}$ حصہ منتخب شدہ ممبران پر مشتمل تھا .. اور اسی طرح باقی اضلاع میں بھی تھا - سیالکوٹ میں کل بیالیس ممبر تھے - جن میں بتیس منتخب شدہ ممبر تھے - اور دس نامزد کردہ - یعنی تین چوتھائی حصہ منتخب شدہ ممبران تھے - میونسپل کمیٹی کو تو چھوڑیئے - ڈسٹرکٹ بورڈ کی یہ حالت تھی - کیونکہ لوگ اسے پسند نہیں کرتے تھے اور نامزدگیوں کو وہ غیر جمہوری فعل سمجھتے تھے - تو کیا وجہ ہے کہ آپ اس پر پچاس فیصد تک ممبران کو نامزد کریں - اب اس ترمیم کے بعد یہ تعداد تینتیس فیصد ہوکر رہ جائے گی - ان حالات میں میں اپنی ترمیم کی پر زور حمایت کرتے ہوئے یہ عرض کرونگا - کہ خدارا اس قوم کی قربانیوں کو اس طرح رائیگاں نہ کیجئے - اور جو کچھ ہم نے آجتک حاصل کیا ہے - اس کو اپنی ذاتی اغراض اپنے ذاتی مفاد ، اپنے وقار اور اپنی پارٹی کی غرض کے لئے استعمال کرکے ضائع نہ کیجئے -

ملک قادر بخش — وزیر بلدیات تو اسے اپنے ذاتی مفاد کے لئے استعمال نہیں کر رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر — جناب ملک صاحب کو معلوم ہونا چاہئیے کہ وزیر صاحب بھی ایک پارٹی کے ممبر ہیں - انکی اپنی اغراض نہ سہی جس پارٹی سے وہ متعلق ہیں - اس پارٹی کی اغراض تو وابستہ ہیں جو کہ یہ چاہتی ہے - کہ اس ملک پر پیر تسمہ پا کی طرح مسلط رہا - وہ اپنے اقتدار کو دوام دینا چاہتے ہیں . لیکن انکو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اس دنیا میں کسی چیز کو دوام حاصل نہیں - دنیا میں کسی اقتدار اور کسی کرسی کو دوام نہیں یہاں کی ہر چیز فانی ہے - اور اقتدار کی کرسی کے پاؤں نہیں ہوتے - اور جب یہ کرسی لڑھکے گی - تو آپکو علم بھی نہ ہوگا - اور یہ نیچے سے لڑھک جائیگی -

وزیر لوکل گورنمنٹ — اگر آپکی طرح کام کیا - تو یقیناً لڑھک جائیگی -

خواجہ محمد صفدر — یہاں پر بڑے بڑے ذی اقتدار ور طاقتور حکمران گزرے ہیں ۔ اس دنیا میں ایسے حکمران بھی گزرے ہیں کہ جنہوں نے خدائی کا دعویٰ بھی کیا تھا اور ان کا آج نام و نشان تک نہیں ۔ اگر آج وہ نہیں رہے تو یہ بھی نہیں رہیں گے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہم تو عوام کے غلام ہیں ہیں ۔ ہم نے تو خدائی کا دعویٰ نہیں کر رکھا ۔

خواجہ محمد صفدر — اگر آپ جیسے عوام کے غلام ہوں تو پھر عوام کا خداحافظ ہے ۔ آپ تو مالک ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — مالک تو آپ بننا چاہتے تھے لیکن عوام ہی نہیں مانے ۔

خواجہ محمد صفدر — جناب والا ۔ اس ترمیم سے میرا مقصد یہ ہے ان بلدیاتی اداروں کو جمہوریت کے قریب لایا جاسکے ۔ اور میں جانتا ہوں ۔ کہ میرے سامنے بیٹھنے والے دوست خواہ منہ سے کچھ کہیں لیکن وہ دل سے میرے ساتھ ہیں ۔ اور تاریخ میں کئی بار ایسا ہوا ہے ۔ تاریخ اپنے آپ کو دھراتی ہے ۔ کیونکہ ضمیر تو کبھی نہیں مرتا انکا دل تو منتخب شدہ نمائندوں کے ساتھ ہی رہتا ہے اگرچہ آواز دوسری طرف ہوتی ہے ۔ وہ بھی خاص مصالح کی بنا پر ۔ لیکن مجھے پھر بھی یہ حکم ہے ۔ کہ کلمہ حق ادا کروں ۔

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم اذان لا الٰہ الا اللہ

وزیر لوکل گورنمنٹ — شکر ہے ۔ کہ خواجہ صاحب نے حکم تو پڑھ لیا ۔

مسٹر حمزہ — کاش آپ بھی پڑھکر اس پر عمل بھی کریں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہم تو پہلے سے ہی مسلمان ہیں ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اپنے قائد کی اس ترمیم کی حمایت کرتا ہوں ۔ ابھی جناب وزیر بلدیات نے

کچھ حیرانی کا اظہار کیا تھا ۔ کہ لوگ اس زمانے میں بھی ایام غلامی کی مثالیں دیتے ہیں ۔ اور اپنوں کو چھوڑ کر بیگانوں کی تائید کرتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میرے خیال میں اس دور میں جسے کہ میں اپنوں کی غلامی کا دور کہتا ہوں ۔ غیروں کے دور کی غلامی کی مثالیں دینا بالکل ہی متعلقہ بات ہے ۔ اور جناب وزیر صاحب .....

وزیر لوکل گورنمنٹ — اگر آپ کی بھلائی اس میں ہوتی کہ آپ کو انگریزوں کا غلام بنا دیا جائے تو کیا آپ مان جاتے ۔

مسٹر حمزہ — اور جناب وزیر صاحب کو یہ احساس ہونا چاہیے تھا کہ کیا وجہ ہے کہ آج ایوان میں اور خاص طور پر ایوان سے باہر لوگ آپ کے کار ہائے نمایاں کی وجہ سے اس بات پر مجبور ہوگئے ہیں ۔ کہ غلامی کے ایام کو بھی یاد کریں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — یہ آپ غلط فرما رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ آج اس امر کی ضرورت ہے ۔ کہ ہم نے آئندہ پانچ سال کیلئے جن حالات میں بھی (اس سے ہر کوئی واقف ہے ۔) اپنے ملک کی سیاسی زندگی کا ایک فیصلہ کر لیا ہے ۔ لیکن ہمیں اب بالکل بے بس ہو کر نہیں بیٹھنا چاہیے ۔ اور کم از کم بلدیاتی اداروں میں جنہیں جمہوریت کیلئے بنیادی ادارے تصور کیا جاتا ہے ۔ ان میں ہی جمہوریت کو بحال کر دینا چاہیے ۔ آپ کو اس حقیقت کا علم ہے ۔ کہ اگر بلدیات کا نظم و نسق وہ افراد چلائیں ۔ جنکو ہر وقت یہ احساس ہو ۔ اگر بعض کو احساس نہ ہو ۔ انکو یہ خطرہ لاحق ہو ۔ کہ جو کچھ بھی وہاں کریں گے ۔ یا وہ کرتے ہیں ۔ اس سے متعلق وہ ہمیشہ مقامی آبادی کے سامنے جوابدہ ہونگے ۔ اسکے ساتھ ساتھ انکو اس امر کا بھی احساس ہوگا ۔ کہ ممبری کی معیاد گزر جانے کے بعد دوبارہ انتخاب کیلئے انہیں عوام کے سامنے جانا ہوگا ۔ وہ لازماً عوام کے مطالبات کو ۔ عوام کے جذبات کو ہمیشہ اپنے

لئے ایک مشعل راہ سمجھیں اور کبھی بھی ان کو نظر انداز نہیں کریں گے ۔ اور اگر نظر انداز کریں گے تو لازماً ان کو وہ دن دیکھنے پڑیں گے جو کہ عوام ان کو اٹھتے بیٹھتے ۔ گلی کوچے میں آتے جاتے یا جب کبھی ان سے ووٹ مانگنے جائیں گے اور وہ ان کو بتلائیں گے کہ آپ کا کردار اس قسم کا تھا ہم آپ کو اپنا نمائندہ چننا نہیں چاہتے ۔ لیکن بلدیات کی جو موجودہ ہیئت ترکیبی ہے اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ممبر عوام کے مسائل سے ان کی ضروریات سے بالکل ہی بے نیاز رہے ہیں اور ان کا بے نیاز ہونا لازمی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ایک ایسے شخص جس کو سرکار کی طرف سے بطور چیئرمین نامزد کر دیا جاتا ہے اور جس کو اس امر کا یقین ہوتا ہے کہ اس کی تعیناتی وہاں چند ایام کے لئے یا چند مہینوں کے لئے ہے وہ کس طرح عوامی مسائل کو سمجھ سکتا ہے یا سمجھنے کے بعد عوامی جذبات کے مطابق ان کو حل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے ۔ جناب سپیکر ۔ اس کو عوام سے کوئی واسطہ نہیں ہوتا ۔ اگر اس کو کسی شخص یا کسی ادارے کو خوش کرنا ہوتا ہے تو محض وہ حکومت کا ادارہ ہوتا ہے جس نے اپنے مخصوص مقاصد پورے کرنے کے لئے اسکو وہاں تعینات کیا ہے ۔ (قطع کلامیاں) جناب سپیکر ۔ عوام کی حکومت کی حالت تو یہ ہے . . . . . .

مسٹر سپیکر — میاں صاحب آپکی مداخلت سے بحث لمبی ہو جاتی ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ میں تو بحث کو کم کرنے کی کوشش میں ایسا کرتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر — آپ بحث کو کم نہیں کرتے کیونکہ حمزہ صاحب اس کا جواب دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ عوام کی حکومت کی حالت تو یہ ہے کہ عوام بلدیات کے چیئرمین کو ملنا اپنے لئے

انتہائی مشکل پاتے ہیں ۔ ان تک رسائی حاصل کرنا مشکل ہو جاتا ہے عملی طور پر ہوتا یہ رہا ہے کہ چیئرمین کے پاس .....

Mr. Speaker: This clause does not relate to the appointment of Chairmen.

Malik Muhammad Akhtar: On a point of order. Sir, that is a very material point which concerns sub-section (c) of the proposed Section 9 which is -

"Composition—A Municipal Committee shall consist of—

...

(c) such official members, not exceeding one-half of the total number of elected members . . . . . "

Mr. Speaker: Does the member mean to say that the Chairman is an official member ?

Malik Muhammad Akhtar: Certainly, Sir, Appointment comes under this clause:

"..... as the Controlling Authority may, in the prescribed manner, fix."

Sub-clause (c) deals with the appointment of the Chairman and I think, we should be permitted to discuss the Chairman in his capacity as an official member.

Mr. Speaker: The member is allowed to discuss him as an official member.

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ موجودہ بلدیاتی نظام کا لازمی نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آفیشیل یا افسر اپنے ماتحت عملہ کے چند ایک ارکان کی کٹھپتلی بن کر رہ جاتا ہے ۔ کیونکہ ان کو مقامی حالات سے قطعاً واقفیت نہیں ہوتی ۔ ادارہ کا عملہ ہمیشہ ان کو تصویر کا ایک رخ دکھاتا ہے اور اپنی منشا کے مطابق احکامات حاصل کر لیتا ہے ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں عوام کو ان تک آسانی سے رسائی نہیں ہوتی ہوتا یہ ہے کہ مقامی طور پر وہ لوگ جو بہت ہوشیار ہوتے ہیں اور جن کو بھیس بدلنے کا فن آتا ہے یا گر آتا ہے وہ عام طور پر ایسے افسران کے آگے پیچھے پھرتے رہتے ہیں اور اس طرح سے وہ اپنے ذاتی کام نکال لیتے ہیں لیکن جہاں تک عوامی مسائل کا تعلق ہوتا ہے یا عام افراد کے مسائل کا تعلق ہوتا ہے وہ حل ہونے نہیں پاتے بلکہ وہ مخصوص مفادات کو تو پورا کرتے ہیں

اور عوامی مفادات کو ہمیشہ زک پہنچائی جاتی ہے بلکہ ان پر چوٹ لگائی جاتی ہے۔

جناب سپیکر۔ جناب وزیر بلدیات یہ فرماتے ہیں کہ آفیشیل ممبر میونسپل کمیٹیوں کو ٹیکنیکل مشوروں سے نوازتے ہیں۔ میں ان سے دریافت کرتا ہوں کہ ان کے ان مشوروں سے مغربی پاکستان کی بلدیات میں کونسی صحت مند تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — بہت سی ہوئی ہیں۔

مسٹر حمزہ — وہ بھی ابھی عرض کئے دیتا ہوں۔ وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ بلدیات کی طرف سے ان کو اطلاع مہیا کرنی ہو یا ممبران کو اطلاع حاصل کرنی مقصود ہو تو وہ آسانی سے بہم پہنچا سکتے ہیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ افسران کے ساتھ باآسانی تعاون حاصل ہو جاتا ہے یا میسر آجاتا ہے۔

جناب سپیکر۔ میں ان کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ کیا وجہ ہے کہ آپ ان کو بحیثیت آفیشیل ممبر کے تقرر کرتے ہیں۔ کیا اس امر کی گنجائش نہیں رکھی جاسکتی کیا یہ انتظام نہیں کیا جاسکتا کہ بلدیات کی سب کمیٹی کو جب کبھی ان کے ٹیکنیکل مشورے کی ضرورت ہو۔ جب کبھی ان کے تعاون کی ضرورت محسوس ہو وہ ان کو طلب کریں اور ان کے مشوروں سے فائدہ اٹھائیں۔

جناب سپیکر۔ آپ ان کو منتخب شدہ نمائندوں کے برابر نہیں بلکہ آپ ان کے اوپر کو ٹھونستے ہیں۔ اگر آپ عوامی نمائندوں کو اہمیت دینا چاہتے ہیں۔ اگر آپ اس ملک میں جمہوریت کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ آپ اس قانون میں اس قسم کی ترمیم کریں جس کے ذریعہ یہ آفیشیل ممبران یا یہ افسران ہمارے نمائندہ ممبران کے اوپر نہ ہوں بلکہ ان کو ہدایات ہوں کہ وہ ان کے کہنے کے مطابق کام کریں نہ کہ بحیثیت ایک حاکم کے آپ ان کو اپنی منشا کے مطابق چلانے کیلئے ان کے اوپر ٹھونس دیں۔

جناب سپیکر ۔ ملک قادر بخش صاحب فرماتے ہیں کہ انکی technical advice سے ۔ ان کے مشوروں سے انہوں نے خوب فائدہ اٹھایا ہے اور سارے مغربی پاکستان کا بلدیاتی نظام اس حد تک بہتر چل رہا ہے کہ ہر طرف ہی تعمیرات کے اور حسن کارکردگی کے چرچے ہیں ۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ بڑی سے بڑی میونسپل کمیٹی کی حدود میں چلے جائیں وہاں عوام الناس موجودہ نظام کے بوجھ تلے چیخ رہے ہیں ۔ ان کے مسائل بالکل ہی حل نہیں ہوتے بلکہ وہ بنیادی فرائض جو کہ ان بلدیاتی اداروں کے ذمہ ہیں یہ بلدیاتی ادارے ان کو پورا نہیں کر پاتے ۔ بلکہ حالات روز بروز ناگفتہ بہ ہوتے چلے جارہے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی قائد حزب اختلاف نے یہ فرمایا تھا کہ اگر یہ بلدیاتی ادارے اگر کوئی کام فرمانبرداری سے یا بصد حسن خوبی سر انجام دیتے رہے ہیں ۔ وہ مبارک باد کے مستحق ہیں انہوں نے ایک ایسا کام سر انجام دیا ہے جس کام کے ساتھ مجھے لفظ ''گھٹیا'' کا اضافہ کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے ہماری حکومت ایسی مضبوط ہے اور وہ ایسی ہدایات جاری کر دیتی ہے کہ اس سے ہمارا ملک بدنام ہوتا ہے اس عادت کو ترک کرنا چاہیئے یہ دونوں (حکومت اور انکے خوشامدی) خوشامد کے عادی بن چکے ہیں اور اگر حکومت ان کو کہہ بھی دے کہ خوشامد نہ کرو تو وہ خوشامد کرنے سے باز نہیں رہ سکتے ۔ حال میں ہی لائل پور سے ملحقہ ضلع کی ڈسٹرکٹ کونسل نے ریزولیوشن پاس کیا کہ جناب صدر کو تاحیات صدر بنایا جائے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہم نے وہ بات نہیں مانی ۔

مسٹر حمزہ — اس قسم کی ہدایات تو حکومت ہی جاری کرتی ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل صدر بنانے کی تجاویز پیش کرتی رہیں گو بظاہر دکھلاوے کے طور پر ہدایات جاری ہوتی ہیں کہ ایسا نہ کرو مگر اندرون خانہ خفیہ ور پر ہدایات جاری کی جاتی ہیں کہ ایسی قراردادیں ضرور پاس کی جائیں اصل میں یہ حکومت عوام کو بے وقوف

بنانا چاہتی ہے اور بنا رہی ہے اور مسلسل پراپیگنڈا کرتی رہتی ہے کہ عوام میں صدر بہت مقبول ہیں اور انہیں تا حیات قوم پر مسلط رکھا جائے اور ٹھونسا جائے - بلدیات کو اور ڈسٹرکٹ کونسلوں کو directions دی جاتی ہیں کہ صدر کی مقبولیت کی قراردادیں پاس کرو اور انکی خدمات کو سراہتے رہو اور انکو تا حیات اس عہدے پر متمکن رکھنے کی قراردادوں کو منظور کرو - ایسی کارروائیوں میں پڑ کر بلدیات اور ڈسٹرکٹ کونسلیں اپنے اصل فرائض کی بجا آوری سے غافل اور فرائض کو بھول جاتی ہیں - وہ اپنا کام پوری توجہ یک سوئی اور تندھی سے نہیں کرتیں اور اس قسم کے کاموں میں لگی رہتی ہیں جس سے انکے فرائض کی سر انجام دہی میں رکاوٹ پڑتی ہے - چنانچہ جمہوریت کا ڈھانچہ انہوں نے محض مطلب برآری اور اپنے سیاسی مقاصد پورا کرنے کے لئے کھڑا کر رکھا ہے - جہاں تک عوام کے مسائل کا تعلق ہے وہ ان حرکات سے حل نہیں ہو پاتے -

جناب سپیکر - ہمارے وزیر قانون نے ٹوبہ ٹیک سنگھ کا ذکر کیا تھا - آپ یقین کیجئے کہ ہماری حکومت کی بعض پالیسیاں ایسی ناعاقبت اندیشانہ ہیں کہ سکھوں کو جو طنزاً حماقت کا طعنہ دیا جاتا تھا وہ ہماری حکومت کا حصہ بن چکا ہے -

بیگم زاہدہ خلیق الزمان — جناب والا - یہ صدر مملکت کے خلاف کچھ نہیں کہہ سکتے -

Mr. Speaker: Begum Sahiba that is my duty.

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہمارے فاضل دوست نمائندہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کو ہماری باتوں سے خواہ مخواہ ناراضگی ہوتی ہے -

رانا پھول محمد خان — جناب والا یہ صدر پر نکتہ چینی کر رہے ہیں -

Mr. Speaker: The member is not relevant.

مسٹر حمزہ — جناب والا دفعہ ۴ مندرجہ ذیل ہے

In the said ordinance, for section 4 the following shall be substituted namely—

;Composition.—A Municipal Committee shall consist of—
(a) the Chairman of every Union Committee within the Municipal Committee; ; .....'

جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت چیئرمین صاحبان کو یہ اختیار دینا چاہتی ہے ۔ کہ انکو دفعہ نمبر ۴ کے تحت Ex-officio ممبر بلدیات میں مقرر کرنا چاہتی ہے لیکن اس حکومت کو اس سے پہلے اتنی دور اندیشی بھی نصیب نہیں ہوئی ۔ کہ بنیادی جمہوریت کے الیکشن منعقد کرانے سے پہلے یونین کمیٹی کی حلقہ بندی کر دی جاتی ۔ جناب سپیکر ۔ جناب قائد حزب اختلاف نے یہ فرمایا تھا ۔ کہ indirect system of election جس سے ووٹوں کی خرید و فروخت کا کاروبار شروع ہوا ۔ موجودہ حکومت کی اپنی نا عاقبت اندیشی اور پالیسی سے . . . . .

Mr: Speaker : Mr. Hamza you are not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ یہ چیئرمین کہاں سے نازل ہونگے ۔ ابھی تو ہماری حکومت نے آجتک چیئرمینوں کے لئے یونین کمیٹی کے حلقے ہی متعین نہیں کئے جہاں چیئرمین بننے کیلئے بعض لوگ ووٹ خریدیں گے ۔ اور خاص طور پر اس کا انتظام ہماری حکومت کی زیر نگرانی ہوگی وہاں پر چیئرمین صاحبان اسوقت اپنے ڈھب کے وہ لوگ جو چیئرمین بننے کے خواب دیکھ رہے ہیں ۔ اور حکومت کی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ وہ اپنے ڈھب کی حلقہ بندی کرانے میں مصروف ہیں ۔ جناب سپیکر ۔ حکومت نے عین وقت کے مطابق حلقہ بندی نہ کرانے کی وجہ سے بلکہ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپکا خیال ہے ۔ کہ چیئرمینوں کو میونسپل کمیٹی کا ممبر نہیں ہونا چاہئیے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ چاہتا ہوں ۔ کہ اسکا ڈائریکٹ الیکشن ہو ۔ جو کہ ترمیم میں دیا گیا ہے ۔ لیکن حکومت کی کارروائی جس سے کہ یہ صورت حال پیدا ہوئی ہے ۔ اسکو زیر بحث لانا چاہتا ہوں ۔ جو ہماری حکومت چیئرمین کو یہ اختیار دینا چاہتی ہے ۔ یہ Ex-officio ممبر مقرر کرتے ہیں ۔ تو اسکے لئے یہ لازم تھا ۔ کہ بنیادی

جمہوریت کے الیکشن سے پہلے اسکی حلقہ بندی کردی جاتی - آج جبکہ بنیادی جمہوریت کا الیکشن ہوئے کافی عرصہ گزر چکا ہے - اب جو لوگ چیئرمین بننا چاہتے ہیں - وہ مختلف قسم کے ذرائع استعمال کرتے ہیں - اور سب سے بڑا ذریعہ ہماری حکومت کا ہے - ہماری حکومت سیاسی مقاصد پورا کرنے کرنے کے لئے بلدیات پر قابو پانے کیلئے بلکہ میں یہ کہونگا کہ اس سے پہلے کہ آپ نے وہاں جو آفیشیل ممبر مقرر کئے ہوئے ہیں - وہ پبلک کی جو تھوڑی بہت آواز بھی ہوتی ہے - آپ اسکو کبھی برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں - اور اب ہماری حکومت حلقہ بندیوں کے ذریعہ اس قسم کے حالات پیدا کر رہی ہے - کہ محض انکے ڈھب کے چیئرمین ہی منتخب ہوسکیں - تاکہ پبلک کو ان بلدیات میں جو تھوڑی بہت نمائندگی حاصل بھی تھی - اسکو بھی بالکل ہی ختم کر دیا جائے - جناب سپیکر - مجھے تو شاید اس بات پر بھی اتنا بڑا اعتراض نہ ہوتا - کہ اگر وہ آفیشیل ممبروں کو اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے دیتے - افسوس یہ ہے کہ ہماری حکومت ایک طرف تو یہ کہتی ہے - اور یہ دلیل پیش کرتی ہے - کہ وہ ٹیکنیکل ایڈوائیس دیں گے - وہاں وہ اپنے محکموں کے متعلق تازہ ترین اطلاعات بہم پہنچائینگے وہ عوام کے منتخب نمائندوں کے ساتھ تعاون کریں گے اور اس طرح انکی آپس میں جو خلیج واقع ہے - وہ رفع ہو جائے گی - لیکن حقیقت یہ ہے - کہ ہماری حکومت ان سے وہی کام کرواتی رہتی ہے - جو کہ ایک باضمیر انسان کرنا پسند نہیں کرتا - اور جنہیں ہمارے افسران بھی کرنا عام طور پر پسند نہیں کرتے -

جناب سپیکر - حال ہی میں یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر کسی افسر نے ہماری حکومت کے اشارے پر ناچنے سے تھوڑا بہت بھی انکار کیا تو اسے فوراً اس جگہ سے تبدیل کردیا گیا - آپ کو اس چیز کا بھی علم ہو گا کہ آج کل یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں کی حلقہ بندیاں ہو رہی ہے - چنانچہ ابھی چند دن ہی ہوئے ہیں

کہ ہمارے مغربی پاکستان کے بنیادی جمہوریتوں کے سیکریٹری کو محض اس لئے تبدیل کیا گیا کہ وہ اپنی ایک رائے رکھتا تھا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — جناب والا ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ سیکریٹری بنیادی جمہوریت کا میونسپل کمیٹیوں سے کیا تعلق میں اس کی پرزور تردید کرتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ — جناب سپیکر ۔ بلدیات میں افسروں کو اس بات پر مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ سرکاری پارٹی کے مقامی لیڈروں کے جائز ناجائز کام کریں ۔ آج یہ ماحول اور بدنظمی جو بلدیات میں دیکھنے میں آتی ہے اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ سرکاری ممبران جو کام بڑی خوش اسلوبی سے چلا رہے ہیں ۔ وہ صرف یہ ہے کہ وہ سرکاری پارٹی کے مقامی لیڈروں کے کہنے پر ہر کام پبلک کے مفاد کے خلاف کرتے ہیں ۔ اور جب کبھی کسی افسر نے ایسا نہیں کیا تو اسے لازمی طور پر اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا ہے ۔ آپ کو اس چیز کا بھی علم ہے کہ اس قسم کی سزا ہر شخص کو دینی ضروری نہیں ہوتی ۔ صرف چند ایک افراد کو یہ سزا دینے کے بعد عام لوگ یہ سمجھ جاتے ہیں کہ انہیں کس لائن پر چلنا چاہیئے ۔ اور کیسا رویہ اختیار کرنا چاہیئے ۔ چنانچہ اس طرح وہ اپنی پالیسی میں مناسب تبدیلی کرنے کے بعد اپنے آپ کو ظلم وتشدد اور نا انصافیوں سے بچا سکتے ہیں ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے یہ حالات دیکھے ہیں اور نقصان اٹھایا ہے ۔ وہ خود بخود اپنے آپ کو اس ڈھب کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ میرے نزدیک بلدیات میں بد نظمی کی سب سے بڑی وجہ ہی یہ ہے کہ حکومت نے اس جمہوریت کو بحال کرنے کی پہلی کوشش یہ کی کہ ان اداروں سے عوام کے نمائندوں کو نکالا ۔ اور جہاں چند ایک رہ گئے تھے ۔ ان کو افسران کے ماتحت کام کرنے پر مجبور کیا ۔ اور پھر ان افسران کو بھی اس بات پر مجبور کیا کہ وہ اس کے اشاروں پر ناچیں ۔ میرے نزدیک بلدیات کے نظام کی خرابی اور زبوں حالی

کا سب سے بڑا باعث یہ ہے اور جن کی بابت میں عرض کر چکا ہوں کہ ان کو عوامی مسائل سے اب کوئی تعلق نہیں رہا ۔ وہ اس سلسلے میں جو تھوڑی بہت کوشش کرسکتے تھے ۔ حکومت نے اپنی غلط پالیسی کی وجہ سے ان کو اس بات پر مجبور کیا ہے کہ وہ سرکاری مشینری کا حصہ ہوتے ہوئے حکومت کے ہر جائز و ناجائز سیاسی مقصد کو پورا کرنے کی کوشش کریں ۔

جناب سپیکر ۔ میں ان حالات کے پیش نظر اس ترمیم کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔ اور جناب وزیر سے یہ توقع کرتا ہوں کہ اگر وہ چاہتے ہیں کہ ہم اس زمانے اور اس دور میں بیٹھکر غلامی کے دور کو یاد نہ کریں تو اس کے لئے بہتر اور لازم ہے کہ آپ اس قانون میں اس قسم کی تبدیلی لائیں جس کا ہم مطالبہ کرتے ہیں ۔ اگر آپ محض چیئرمین کے انتخاب اور بلدیات کے ممبران کی نامزدگیوں کے سلسلے میں اپنی بنیادی پالیسی تبدیل نہ کرینگے ۔ تو اس سے آزادی کا مقصد کبھی پورا نہ ہو سکے گا ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۲) — جناب سپیکر ۔ اس ترمیم کی تائید کرتے ہوئے میں یہ گذارش کرونگا کہ اس وقت اس معزز ایوان میں سرکاری ممبروں کی تقرری کے merits اور demerits پر بحث ہو رہی ہے میں اپنے تجربے کی بنا پر ان قباحتوں کا ذکر کرونگا ۔ جو سرکاری ممبران کو یہ مراعات اور حقوق دینے سے پیدا ہونگی ۔ عرض یہ ہے کہ خواجہ صاحب نے سرکاری ممبران کے متعلق دفعہ کو حذف کرنے کی غرض سے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔ لہذا زیر بحث دفعہ کے مطابق کی تعداد ۵۰ فیصد تک ہو سکتی ہے ۔ Elected Members (میں تو انہیں نام نہاد Elected Members کہونگا) کیونکہ Elected Members کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جس کی Direct Election ہو ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — تو کیا پھر آپ کو بھی نام نہاد M.P.A کہا جائے ۔

ملک محمد اختر — جی ہاں ۔ بڑی خوشی سے کہہ لیجیئے

جناب والا — میں مثال کے طور پر عرض کرتا ہوں لاہور کارپوریشن کے ۶۰ ممبر منتخب کئے جائینگے - اور ان کے ساتھ ایک بڑی بھاری فوج ظفر موج افسروں کی بٹھا دی جائیگی - یہ افسران تعداد میں ۳۰ ہونگے - اور Technical Advisor کے طور پر کام کرینگے - یعنی ہر دو ممبروں کا ایک tutor مقرر کیا جائیگا - کیا ہی اچھا ہوتا اگر ہماری سرکار عالی مداد اسی حساب سے صوبائی اسمبلی کے ۱۵۰ ممبران اور ۱۲ وزراء کے ساتھ ۸۱ کے قریب اتالیق اور استاد بٹھا دیتی -

جناب والا — ابھی ابھی کہا یہ گیا ہے کہ ان سرکاری ممبران کا کسی ادارے میں کوئی دخل نہ ہوگا - وہ وائس چیئرمین کی الیکشن میں بالکل دخل نہ دینگے - حالانکہ چاہیئے تو یہ تھا کہ اس میں اس قسم کی ترمیم ہو - ورنہ یہ آرڈیننس جیسا کہ ظاہر ہے اور جس کا انگریزی میں ترجمہ کیا جاسکتا ہے کہ اس بات کا کوئی دھیان نہیں رکھا گیا وہاں یقیناً کوئی ایسی provision نہیں رکھی گئی - اور اگر ہے تو مجھے correct کر دیجیئے - (ایک آواز — اس میں ہے)

I am sorry Sir. I stand corrected.

جناب والا — ان ۵۰ فیصد منتخب یعنی نام نہاد منتخب ممبران کی تعداد کے ساتھ جو اتالیق یعنی سرکاری ممبران بٹھائے جائینگے تو اس سے اگر مقصود یہ ہے کہ انہیں محض associate کی حیثیت سے شامل کیا جا رہا ہے تو درست ہے یعنی میری مراد یہ ہے کہ اگر انہیں وہی مراعات یعنی Right of vote نہ دیا جاتا جو کہ منتخب شدہ ممبران کو دیا گیا ہے - تو پھر تو میں اسے درست سمجھتا - اور یہ بات کسی حد تک جائز بھی تصور کی جا سکتی تھی - لیکن اب چونکہ باہر کے ۶۰ منتخب شدہ نمائندے ہونگے - ان کے ساتھ ۳۰ کے قریب سرکاری ممبران کو بٹھا دینا میرے نزدیک خزانے پر بہت بڑا بوجھ ہوگا - کیونکہ انہیں ہر ماہ ایک بار یا دو بار اپنے فرائض منصبی چھوڑ کر بلاوجہ ان اداروں میں آ کر بیٹھنا ہوگا جہاں ان کی ضرورت نہیں -

جناب والا — اس کا بہترین طریق کار یہ ہو سکتا ہے جبکہ لوکل کونسل سروس رولز بنا دئے گئے ہیں اور ہمارے پاس کافی تجربہ کار میونسپل افسر موجود ہیں اس کی distribution یا اس کی تقسیم اس طرح کر دی جائے کہ اس میں تمام میونسپل کمیٹی کے لائق اور Efficient افسر ہوں وہ افسر اگر چیئرمین نے ان سے کوئی ٹیکنیکل مشورہ کرنا ہو تو وہ ان کو مشورہ دے سکیں ۔ لیکن اگر آپ کے پاس ہزار میونسپل اداروں کے ممبر ہوں گے اور ان کے لئے دس ہزار اتالیق مقرر کر دیں گے تو یہ آپ کا ایک ایسا ہتھیار ہوگا کہ اسے جس طرح چاہوں mis-use کریں یا abuse of power کریں ۔ ہم سمجھتے ہیں آپ سے ایسی باتیں بعید نہیں ہیں ۔ میری گزارش ہے کہ آپ کوئی ایسی قانون سازی نہ کریں جس سے گورنمنٹ افسر کو سیکرٹری کو یا وزراء کو discretion ہو اور وہ کسی وقت بھی کسی form میں اپنی powers کو استعمال کر کے abuse کریں ۔ آپ Exchequer پر ان کو بوجھ بنا دیں گے ۔ دوسری خرابی جو آفیشل ممبرز کی ہے وہ یہ ہے کہ کوئی بھی چیئرمین یا کوئی بھی حکومت کا نامزد کردہ چیئرمین اگر کسی وقت بھی چاہے یا یہ کہ منتخب ممبران اس کے ساتھ تعاون نہ کریں تو اس کے لئے بڑی آسان بات ہے کہ کچھ آفیشل ممبران کو اپنے ساتھ ملا لے اور ان کا ووٹ حاصل کرلے پھر جس طرح چاہے وہ اپنی من مانی کرے ۔

جناب والا — یہ کلیتاً ایک پولیٹیکل مسئلہ بن جاتا ہے ۔ کسی جمہوری ادارہ میں وہاں پر تنخواہ یافتہ افراد کو خواہ وہ کسی بھی کم سے کم تعداد میں آئیں ایک political handle مل جاتا ہے اور پھر آپ کا آفیشل چیئرمین بس کو آپ نے مقرر کیا ہے ان کو ساتھ ملا کر rift create کرے گا ۔ اور Elected Members کی خواہشات کو پس پشت ڈال دے گا ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ایک باڈی کا انتخاب ہو اور وہ باڈی عوام کے مفاد کا کام کرے تو اس صورت میں آپکو ہرگز آفیشل ممبرز کو اس ہاؤس میں Right of vote نہیں دینا چاہیے ۔ چیئرمین آفیشل ممبران کا تعاون حاصل کر کے بجٹ پاس کرا سکتا ہے ۔ اور اپنی corruption پر پردہ ڈال سکتا ہے ۔ میں بات بھی کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جہاں بھی آپ کے چیئرمین ہوں گے یا کسی جگہ ریگولر سروس سے کسی کو چیئرمین مقرر کر دیں

گے یا پولیٹیکل basis پر جن لوگوں کو آپ نوازنا چاہتے ہیں انہیں چئیرمین مقرر کر دیں یا ان لوگوں کو جو اپنے محکمہ جات سے ٹرانسفر ہو کر بلدیاتی اداروں میں آئیں آپ نامزد کر دیں تو وہ رشوت کا بازار گرم کر سکتے ہیں ۔ اسی طرح سے یہ چئیرمین جن کی تقرریاں پولیٹیکل basis پر یا ان basis پر کی گئی ہیں جو اپنے محکمہ جات میں medically unfit ہو چکے ہیں یا بعض حالات میں ریٹائرڈ افسر ہیں جن کو دوبارہ appoint کیا ہے (میں کسی کا نام نہیں لینا چاہتا) آپ موقع فراہم کریں گے کہ وہ عوام کو لوٹیں ۔ اور رشوت ستانی کا بازار گرم کریں ۔ آئندہ بھی حکومت تقرریاں کرے گی اور یہ جو چئیرمین ہونگے وہ ان کے آلہ کار ہوں گے اور انہیں سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ بلکہ آپ کے corrupt چئیرمین کے لئے رشوت کے بیشمار مواقع فراہم ہو جائیں گے اور ان کے راستہ میں جو منتخب ممبر ایک طرح کی روکاٹ ہوں گے انہیں ہٹا سکیں گے ۔

اگر کوئی منتخب ممبر یا group of Elected Members یہ چاہے کہ وہ اپنے علاقہ جات کے لئے بجٹ میں provision رکھے تو وہ چئیرمین کے رحم و کرم پر ہوگا ۔ کیونکہ جب وہ اس کی جائز و ناجائز بات کو نہیں مانے گا یا اگر وہ کامہ حق اٹھائے گا یا اس کی good books میں نہیں ہوگا تو وہ چئیرمین کا ہدف یا نشانہ بن سکتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلاز جو بظاہر معمولی سی ہے یہ اس قدر مضر ہے کہ اس سے local bodies کا تمام نظریہ اور تمام مقصد فوت ہو جائے گا اور یہ ادارے جو نام نہاد بنیادی جمہوری ادارے ہیں محض ان کے آلہ کار بن جائیں گے حکومت جس کو چاہے گی دبا سکے گی ۔ اور اگر حکومت کا کوئی افسر بدعنوانی کرے گا ۔ تو اس پر پردہ پڑ سکتا ہے ۔ اس کی کتنی مثالیں ہیں ۔ ایک مثال یہ ہے کہ اگر آپ اعداد و شمار کے مطابق دیکھیں تو لاہور جو unauthorised construction اور encroachment ہوئی ہے میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ اس وقت سے ۶ گناہ زیادہ ہے ۔ جو مارشل لاء کے زمانہ سے پہلے تھی ۔ اس وقت جناب والا یہ مسئلہ تھا کہ اگر کوئی unauthorised construction ہوتی تھی تو لاہور کارپوریشن کے

۔ کے قریب Elected representatives ایوان کو ہلادیتے تھے ۔ آج لاہور کارپوریشن میں کتنا بھی چیخیں کتنا بھی چلائیں ہماری آواز بے اثر ہے ۔ وہاں بدعنوانی اور رشوت زوروں پر ہے ۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی بھی میونسپل لا exist نہیں کرتا اگر ممکن ہو تو آپ ایک کمشن بٹھائیں اس غرض کے لئے کہ وہ میونسپل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈز میں جو مارشل لا سے پہلے بدعنوانیاں تھیں ۔ ان کا مقابلہ ان بدعنوانیوں سے کرے جو آج کل ہیں اور جو آج سرزد ہو رہی ہیں ۔ اور پھر آپ کی دی ہوئی protection کے تحت ہو رہی ہیں تو آپ ان کو کئی گنا زیادہ پائیں گے ۔

خدارا اس ملک کے ساتھ اور اس ملک کے عوام کے ساتھ انصاف کیجئے ۔ اگر آپ عوام کی ترقی کے خواہشمند ہیں ۔ اگر آپ عوام کے تمدن کو بلند کرنا چاہتے ہیں تو ان کی ترقی کے راستہ میں روڑے نہ اٹکائیں ۔

ابھی ہمارے وزیر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ ہم انگریزوں کی references دیتے ہیں ۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ آپ کی غلامی ان کی غلامی سے بدتر ہے حالانکہ انگریز کے وقت میں ہمیں کتنی مشکلات سے دوچار ہونا پڑتا تھا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — پھر آپ انگلستان تشریف لے جائیں ۔

ایک معزز ممبر — تو کیا آپ ان کو واپس بلانا چاہتے ہیں ۔

ملک محمد اختر — نہیں ۔ *XXXXXXXXXXXXXXXXXX اور عوام صحیح طور پر آزادی محسوس کریں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ — یہ undegnified الفاظ ہیں معزز ممبر انہیں واپس لیں ۔

ملک محمد اختر — میں وہ الفاظ واپس لیتا ہوں جو آپ کی طبع نازک پر گران گذرے ہیں اور آپ سے استدعا کرتا ہوں کہ عوام کو اپنا غلام یا محکوم نہ سمجھیں ۔

Expunged as ordered by the Speaker.

جناب والا — اگر مارشل‌لاء سے قبل لوکل باڈیز کے حالات کا مقابلہ کیا جائے جن کو آپ نے بیک جنبش قلم ختم کر دیا ہے - تو .....

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) — جناب والا — میں گزارش کرتا ہوں کہ ان الفاظ کو جو معزز ممبر نے واپس لئے ہیں ریکارڈ میں سے expunge کر دیا جائے -

Mr. Speaker: The remarks made by the Malik Akhtar are expunged from the proceedings.

Minister of Revenue: Thank you very much.

ملک محمد اختر — جناب والا میں ہر وقت غلطی کر سکتا ہوں -

جناب والا — ۱۹۵۸ء سے قبل جب کہ اس ملک میں ایک عظیم سلسلہ لوکل باڈیز کا چل رہا تھا اور تمام لوکل باڈیز elected ممبران پر مشتمل تھیں اور ہمارے پاس Mayor تھے اور بعض جگہ President تھے اور بعض جگہ نان آفیشل چیئرمین تھے تو بدعنوانیوں کیوجہ سے ان باڈیز کو توڑ دیا گیا میں دعویٰ کرتا ہوں کہ مارشل‌لاء کے دوران میں اور مارشل‌لاء کے بعد جو بھی بنیادی جمہوریت کے ادارے بنائے گئے ان میں بدعنوانیاں اور کرپشن سہ گنا زیادہ ہے ان بدعنوانیوں اور کرپشن کے مقابلہ میں جو کہ مارشل‌لا کے قبل موجود تھیں - اور اسکی وجہ صرف یہ ہے کہ سرکاری نامزد چیئرمینوں کی تقرری سیاسی پسندیدگی کیوجہ سے کیگئی تھی اور انمیں سے بعض معزول بھی تھے لیکن پھر بھی ان ہی کی تقرری کیگئی -

A Member: Question!

ملک محمد اختر — اور دوبارہ انکو سروس میں لایا گیا اور انکو یہ ادارے سونپے گئے - انکے زمانے میں بہت بدعنوانیاں ہوئیں - لاہور کارپوریشن کے متعلق گورنر کی انسپکشن ٹیم نے ایک رپورٹ تیار کی - نہیں معلوم اس رپورٹ کو ہمارے متعلقہ وزیر صاحب نے یا ہماری حکومت نے کیوں غائب کر دیا اور اس پر کیوں عمل نہ کیا گیا اور اسکو

کیوں publish نہ کیا گیا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آفیشل ممبرز کے تقرر سے اور حالات بگڑ جائیں گے اور elected ممبرز اپنے علاقہ جات کی فلاح و بہبود کیلئے جو کچھ کروانا چاہیں گے وہ نہ ہو سکے گا ۔ اور بجٹ کا صحیح distribution بھی نہ ہو سکے گا ۔ اور آفیشل ممبرز اپنے اپنے علاقہ کی ضروریات کے لحاظ سے جو چاہیں گے وہی ہو سکے گا ۔ اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ آپ کی میونسپل کمیٹیاں taxes کے collection اور انکم کے جو دیگر resources ہیں ان میں وہ arrears میں جا رہی ہیں اگر آپ taxes کیطرف آئیے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ انکی رقومات کافی arrears میں ہیں ۔ میں مثال کے طور پر آپ سے عرض کرونگا کہ اگر آپ لاہور کارپوریشن کے ہاؤس Taxes کے collection کے arrears کا ۱۹۵۸ء سے قبل کے اعداد و شمار سے comparison کریں تو آپ پائیں گے کہ آپ کے آفیشل ممبرز کی تقرری اور انکی ڈھیل کیوجہ سے آج کافی arrears ہیں اور انہوں نے اسکو اپنی ڈھیل کیوجہ سے ختم کر کے رکھدیا ہے اور اب تو وہ ڈھیل بھی ختم ہو چکی ہے ۔ جناب والا ۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ نے یہ ادارے سیاسی اعتبار سے ایک ایجوکیشن دینے کیلئے اور اس ملک میں سیاسی تربیت دینے کیلئے بنائے ہیں تو کم سے کم ان محدود اختیارات کو ہی جو آپ ان elected ممبرز کو دینا چاہتے ہیں اور آپ نے دے رکھے ہیں استعمال کرنے دیا جائے اس سے قبل ۱۹۴۱ء میں لاہور کارپوریشن ایکٹ ایک سٹینڈنگ کمیٹی کے قیام کے بعد عمل میں آیا تھا ۔ اس سٹینڈنگ کمیٹی نے....

Mr. Speaker : The Member is not relevant.

ملک محمد اختر — جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آفیشل ممبرز کی تقرری کا یہ لازمی نتیجہ نکلے گا کہ بدعنوانیاں اور بڑھیں گی اور وہ محدود اختیارات جو آپ نے elected ممبرز کو دئیے ہیں (اور جو نہ ہونیکے برابر ہیں) اسطرح گویا آپ نے ان پر ایک curb لگا دیا ہے اسکی وجہ سے میونسپل آفیسرز کو protection ملیگی اور آپ کی انکم کم ہو جائیگی اور آپ کے اخراجات ضرورت کے مطابق نہ ہو سکیں گے ۔

Mr. Speaker : Please conclude your speech.

Malik Muhammad Akhtar : Yes I will take just a few minutes more.

جناب والا — اسکے بعد میں اب ان باتوں کیطرف آتا ہوں کہ یہ جو آپ indirect الیکشن کا سسٹم introduce کرنا چاہتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات سراسر ناواجب ہے اور درست نہیں ہے - تمام علاقے کے لوگوں کو یہ اختیار ہونا چاہئے کہ وہ اپنی منشاء کے مطابق اور اپنی ضرورت کے مطابق اپنے علاقہ کے میونسپل کمشنر اور کونسلر چنیں لوگوں نے آپ کے کہنے کے مطابق جسکو آپ Adult Franchise کہتے ہیں Basic Democrates کو چنا لوگوں کو یہ حق ملا کہ وہ Basic Democrates کا الیکشن کر سکیں لیکن آپ نے ان سے یہ حق چھین لیا کہ وہ صوبائی اسمبلی یا قومی اسمبلی میں اپنی پسند کے نمائندے خود منتخب کریں اور انکو ووٹ دیں - اسی طرح سے آپ یہ حق بھی چھین رہے ہیں کہ وہ اپنی پسند کا میونسپل کمشنر منتخب کریں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ constitution جو آپ میونسپل کمیٹیز کی کر رہے ہیں س سے عوام کو کوئی دخل نہ ہوگا - اسکے بعد میں پھر وہی بات دہراتا ہوں کہ ایک صدی کی جد وجہد کے بعد ہمنے جو حقوق ومراعات حاصل کیں وہ آپ ہم سے چھیننا چاہتے ہیں - اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ موجودہ فارم میں میونسپل کمیٹیز کا جو آپ composition کر رہے ہیں وہ درست نہیں ہے اگر آپ عوام کو یہ حق دے نہیں سکتے تو بہتر یہ ہے کہ آپ لوکل باڈیز کو ختم کر دیں -

وزیر لوکل گورنمنٹ — ہم عوام کو حق دے سکتے ہیں آپ پڑھیں تو سہی -

ملک محمد اختر — ۱۹۱۹ء کی ریفارمز کے بعد ۱۹۲۲ء میں تمام ملک کی لوکل باڈیز کو reconstitute کیا گیا اسکا فلسفہ یہ تھا کہ کم سے کم ۷۵ — فیصدی ایسے ممبرز ہوں جو elected ہوں direct way میں - لیکن آج میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے ۵۰ — فیصدی جنکو آپ elected ممبرز کہتے ہیں ان میں ۵۰ — فیصدی آفیشل ممبرز کی تعداد کو لگا کر عوام کی representative capacity کو ختم کردیا ہے - اب جناب والا مجھے

وزیر متعلقہ سے صرف اسی قدر گزارش کرتا ہے کہ وہ آئندہ جو grouping کرنا چاہتے ہیں اسکے ساتھ انکا نظریہ کیا ہے۔

وزیر لوکل گورنمنٹ— جناب اسمیں delimitation کا سوال کہاں سے پیدا ہو گیا ہے۔

Malik Muhammad Akhtar : That is the constitution of the Municipal Committee.

Minister of Basic Democracies and Local Government : It is nowhere laid down that it affects the delimitation anywhere.

Malik Muhammad Akhtar : It has got everything to do with delimitation.

Mr. Speaker : It is to be under the Electoral College Act, I think.

Malik Muhammad Akhtar : It directly affects the constitution of the municipality.

مسٹر حمزہ — پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر — اگر Electoral College Act کو دیکھا جائے اس کا مقصد محض یہ تھا کہ ممبران نے جناب صدر ۔ نیشنل اسمبلی کے ممبران اور صوبائی اسمبلی کے ممبران کو منتخب کرنا تھا ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ اس میں سب سے بڑا نقص یا defect یہ ہے کہ اس میں یونین کونسلوں اور کمیٹیوں کی حلقہ بندی کا کوئی ذکر نہیں ۔ اس قانون کے تحت جو بھی حلقے بنائے جائیں گے وہ ممبروں کے گھڑنے کے لئے بنائے جائیں گے اور اس کا اس قانون کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوگا ۔

Mr. Speaker : The point of order is ruled out of order. Yes, how long would the Member take ?

Malik Muhammad Akhtar : I want another ten minutes. I can continue tomorrow.

Mr. Speaker : The member said that he would finish in a few minutes. Those few minutes are over. He should try to finish within five minutes so that we may dispose of this amendment.

خواجہ محمد صفدر — وزیر صاحب نے بھی جواب دینا ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ— جناب والا میں جواب دینا چاہتا ہوں ۔ لیکن کل سہی ۔

مسٹر سپیکر — خواجہ صاحب میرا خیال تھا کہ ملک صاحب اپنی تقریر ختم کر لیں ۔

Please finish in five minutes.

ملک محمد اختر — جناب والا — میں دوسری amendment پر بولونگا - بہر حال میں کہہ رہا تھا کہ delimitation کے متعلق ہمیں آپ پر مکمل اعتماد ہے امید ہے کہ آپ کی ذات سے کوئی ضرر رسانی بات نہ ہوگی -

Mr. Speaker : Will the Minister reply to the amendment at this stage or in the end ?

Minister of Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Watoo) : In the end.

Mr. Speaker : Then I will put this amendment. He will reply in the end, after the disposal of amendments. The question is :

That for clause 4, the following be substituted, namely :—
"4. Composition.—A Municipal Committee shall consist of :—

(a) members elected from amongst the inhabitants in accordance with the rules made under this Ordinance :
Provided the number of members in no case shall exceed sixty and shall be in no case less than five ;

(b) such mumbers, not exceeding ten percent of the total elected members of the Municipal Committee under para (a) but in no case less than one, to represent special interests."

The motion was lost.

Mr. Speaker : The House is adjourned till tomorrow to meet at 8 a. m.

The Assembly then adjourned till 8-00 a. m. on Tuesday, the 20th July, 1965

3745-P. L. A. 600—12.3.66 S M. Forms Press W. P. Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

FIRST SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Tuesday, the 20th July, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 8-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۠ وَاغْفِرْ لَنَا ۠ وَارْحَمْنَا ۠ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(پ ۳ - س ۲ - ع ۸ - آیات ۲۸۵ تا ۲۸۶)

اعتقاد رکھتے ہیں رسول اُس چیز کا جو ان کے پاس اُن کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے۔ اور مسلمان بھی سب کے سب عقیدۂ ایمان رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ اور ہم رسولوں کے درمیان کسی ایک میں بھی فرق نہیں کرتے۔ اور اُن سب نے یوں کہا کہ ہم نے تیرا فرمان سنا اور خوشی سے مانا اے ہمارے پروردگار ہم تیری بخشش چاہتے ہیں اور ہم سب کو تیری طرف لوٹنا ہے۔

اللہ کسی شخص کو مکلف نہیں بناتا مگر اتنا ہی جتنا اس کی طاقت اور اختیار میں ہو اس کو ثواب بھی اُسی کا ملے گا جو ارادے سے کرے اور اس پر عذاب بھی اُسی کا ہوگا جو ارادے سے کرے۔ اے ہمارے پروردگار ہم پر داروگیر نہ فرما اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے خطا سرزد ہو جائے اے ہمارے پروردگار اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجنا جیسے ہم سے پہلے لوگوں پر تو نے بھیجے تھے۔ اے ہمارے پروردگار۔ اور ہم پر کوئی ایسا بوجھ نہ ڈال جس کی ہم برداشت نہ رکھتے ہوں۔ اور درگزر فرما ہم سے اور بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا کارساز ہے پس تو ہم کو کافروں پر غالب کر دے۔ وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker: Now the Question Hour.

سید عنایت علی شاہ - پوائنٹ آف آرڈر جناب -

جناب عالی - میرے جو سوالات ۵ - ماہ حال کو پوچھے جانے والے تھے - وقت کی کمی کی وجہ سے ان پر اس دن غور نہ ہو سکا - چاہئیے تو یہ تھا - کہ انہیں آج کی فہرست سوالات میں شامل کیا جاتا - لیکن وہ آج کی فہرست میں نہیں ہیں -

مسٹر سپیکر- پوزیشن یہ ہے - کہ جن سوالات کا جواب نہیں دیا سکتا - انہیں ایوان کے میز پر رکھ دیا جاتا ہے - فاضل ممبران وہاں سے جوابات دیکھ سکتے ہیں -

سید عنایت علی شاہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب عالی - اس صورت میں ممبر سپلیمنٹری کے حق سے محروم ہو جاتا ہے -

مسٹر سپیکر - رولز میں ایسا ہے - میں بے بس ہوں - قاضی محمد اعظم عباسی -

---

ENQUIRIES AGAINST OFFICIALS BY ANTI-CORRUPTION DEPARTMENT

***156. Kazi Muhammad Azam Abbasi:** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government issued a circular to all heads of departments to the effect that the resignation of any Government servant submitted during the course of an inquiry conducted against him by the Anti-Corruption Department should not be accepted without consulting the said Department ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) reasons for issuing the said circular, (*ii*) the present number of gazetted and non-gazetted officers whose cases are under investigation by the Anti Corruption Department alongwith the period since when the said cases are under investigation, (*iii*) the number of those amongst those mentioned in (*b*) (*ii*) above who have tendered their resignations and (*iv*) the time limit by which such cases are to be disposed of by the Anti-Corruption Department ;

(*c*) whether the resignations of Government servants whose cases remain pending with the Anti-Corruption Department for a period exceeding the limit mentioned in (*b*) (*iv*) above will be accepted ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (*a*) Yes. The instructions were that the resignation of a public servant whose conduct was under investigation by the Anti-Corruption Establishment should be accepted by the competent authority only after consulting the Anti-Corruption Establishment and taking into consideration the following factors :—

(*i*) The nature of allegations against him ;

(*ii*) The possibility of their being proved ; and

(*iii*) The penalty that could be imposed on him in case the allegations were proved.

(*b*) (*i*) Some cases had come to notice in which the resignations of Government servants whose conduct was under investigation by the Anti-Corruption Establishment had been accepted by the Departments concerned during the pendency of the enquiries. The result was that the accused officers/officials escaped punishments. To avoid this eventuality the above instructions were issued.

(*ii*) 1,691 cases/enquiries against public servants are pending disposal with the Anti-Corruption Establisment as per details below :—

Year in which the enquiry/ case was taken up by the Anti-Corruption Establishment.	No. of public servants involved.	
	GOs	NGOs
1960 ...	4	16

Year in which the enquiry/ case was taken up by the Anti-Corruption Establishment.		No. of public servants involved.
1961	... 18	64
1962	... 20	133
1963	... 88	297
1964	... 128	534
1965	... 37	352
Total	... 295	1,396

(*iii*) No Department has since the issue of the above instructions consulted the Anti-Corruption Establishment regarding the acceptance of resignations of public servants, whose conduct is under investigation by the Establishment, which shows that no such public servant has submitted his resignation.

(*iv*) It is not possible to fix a definite time limit for the disposal of these cases. Normally the Anti-Corruption Establishment is expected to complete enquiries within a period of 6 months. However, the circumstances of the cases differ and some cases, do take a long time to complete. To avoid inordinate delay in such cases the Anti-Corruption Establishment is required to put up quarterly progress reports particularly mentioning the cases in which the investigation has been delayed over 6 months to the Anti-Corruption Committees and to ensure that the instructions given by the Committees in that behalf are carried out.

(*c*) The resignations tendered by the public servants, who are the subject of enquiries investigation by the Anti-Corruption Establishment, would be disposed of by the competent authorities in the light of the afore-mentioned instructions.

Qazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, reply to this question has not been placed on my Table otherwise I would have put some supplementaries.

مسٹر سپیکر - عباسی صاحب - آپ نے اپنی سیٹ پر دیکھ لیا ہے - آیا وہاں تو نہیں ہے ؟

قاضی محمد اعظم عباسی - بہت اچھی طرح سے دیکھ لیا ہے -

خان اجون خان جدون - جناب سپیکر- جس افسر کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی تحقیقات کا حکم جاری کرتا ہے - اور اگر وہ افسر اس مقام پر متعین ہو جہاں سے کہ اس کے خلاف رشوت ستانی کی شکایت ہو - تو کیا حکومت کی یہ پالیسی نہیں ہے کہ ایسے افسر کے خلاف تحقیقات شروع کرنے سے پہلے اسے وہاں سے تبدیل کر دیا جائے ؟

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریاں میمن) - جب محکمہ انسداد رشوت ستانی والے ہمیں لکھتے ہیں کہ کسی افسر کے خلاف تحقیقات شروع کرنے سے پہلے اس افسر کو وہاں پر برقرار رکھنا دقت کا باعث ہے تو پھر ہم اکثر اسکو تبدیل کر دیتے ہیں -

خان اجون خان جدون - اگر میں آپکے نوٹس میں یہ بات لاؤں کہ صوابی کے اسسٹنٹ کمشنر کے خلاف اس قسم کی تحقیقات ہو رہی ہیں لیکن انکو وہاں سے تبدیل نہیں کیا گیا تو کیا آپ بتائینگے کہ اسکی کیا وجوہات ہیں -

وزیر قانون - میں نے ابھی عرض کیا ہے - کہ جب محکمہ انسداد رشوت ستانی والے ہمیں یہ لکھتے ہیں کہ کسی افسر کے خلاف تفتیش کرنے میں اسکا وہاں رہنا رکاوٹ پیدا کرتا ہے - تو ہم اکثر اسے تبدیل کر دیتے ہیں -

خان اجون خان جدون - جناب سپیکر - میں یہ عرض کرونگا کہ تفتیش میں رکاوٹ کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - یہ تو بالکل ظاہر بات ہے کہ انکا وہیں پر برقرار رہنا ان دیکھی رکاوٹ پیدا کر سکتا ہے - اگر

It can very well be understood. وہ وہاں پر موجود ہوں۔ تو

Minister of Law : Opinions differ.

مسٹر حمزہ - جن افسروں کے خلاف محکمہ انسداد رشوت ستانی تحقیقات کرتا ہے کیا انکی موجودگی انکے خلاف تفتیش میں کار آمد نہیں ہوتی ؟

Minister of Law : I have already said that it is a matter of opinion.

مسٹر حمزہ - آپ یہ فرمائیے کہ کار آمد ثابت ہوتی ہے - یا نہیں؟

Mr. Speaker : That is a question of opinion.

SIMPLIFICATION OF OFFICIAL PROCEDURE

*.57. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government set up an Expert Committee on the Simplification of official procedure in June, 1962 with some public representatives as its members; if so, the names and addresses of the said public representatives;

(*b*) whether it is a fact that the said committee has since submitted its report; if so, whether Goverament would lay a copy of the said report on the Table of the Assembly ;

(*c*) the recommendations, out of those contained in the report mentioned in (*b*) above, approved by Government and the time by which those will be implemented ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : (*a*) Yes.

The names and addresses of the public representatives appointed to the Committee on its constitution are :—

(1) Malik Muhammad Hayat of Taman, representing the rural community ;

(2) Mr. Mumtaz Ahmad Khan, Member, Lahore Divisional Council, representing the urban community ;

(3) Mr. Salim Ali Sheikh, Director, Vulcan Trading Company, Lahore, representing the Chamber of Commerce and Industry.

(*b*) Yes.

A copy of Part III of the Committee's Report is placed on the Table of the House.*

(*c*) Part III of the Report, besides indicating fresh recommendations (made by the Committee up to 31st December, 1964), contains all the recommendations in Parts I and II, showing also the action taken on, and the present stage of implementation of each recommendation.

سید عنایت علی شاہ - کیا میں پوچھ سکتا ہوں۔ کہ اس کمیٹی نے اپنی سفارشات کب ارسال کی تھیں ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس نے اپنی سفارشات ۲۲-۳-۶۵ اور ۸-۵-۶۳ کو پیش کی تھیں -

سید عنایت علی شاہ - ۲۲-۳-۶۵ سے ابتک حکومت نے ان سفارشات پر کیوں کوئی کارروائی نہیں کی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - اس پر کارروائی ہو رہی ہے - اور اسکے مکمل ہونے میں ابھی تقریباً دو برس اور لگیں گے -

سید عنایت علی شاہ - کیا یہ اہم معاملہ نہیں ہے ؟ کیا یہ معاملہ سیلاب کی تباہ کاریوں سے زیادہ اہم نہیں ہے ؟ اور کیا اتنے اہم معاملے کو ''سرخ فیتے'' کی نذر کر کے اس میں اس قسم کی تاخیر کرنا ایک آزاد ملک کے شایان شان ہے ؟

*Placed in the Assembly Library.

وزیر قانون - هم نے عرض کیا ہے - کہ تین رپورٹوں کی کاپیاں ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں - رپورٹ حصہ سوئم کو اگر فاضل ممبر دیکھیں - تو حصہ اول اور حصہ دوئم میں جو سفارشات کی گئی تھیں - ان پر جہانتک ہم کر سکے ہیں - ہم نے عمل کیا ہے - اور جو سفارشات حصہ سوئم میں ہیں - - - - -

خان اجون خان جدون - سفارشات کا حصہ سوئم تو ہماری میز پر نہیں ہے - ہمیں اسکی کاپی مہیا نہیں کی گئی -

مسٹر سپیکر - یہ تو ضروری نہیں ہے - کہ اسکی کاپی آپکی میز پر بھی ہو - ویسے جواب کی کاپی ایوان کے میز پر رکھ دی گئی ہے - البتہ اگر سوال آپکا ہوتا تو پھر جواب کی کاپی آپکو بھی مہیا کر دی جاتی -

---

PROMPT PAYMENT OF DUES TO GOVERNMENT OFFICIALS

***158. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have issued instructions to all heads of departments from time to time that the dues of the officials of their respective Departments should always be paid promptly to them ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that Heads of Departments are still receiving complaints for the delay in payment of dues to Government officials ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the steps Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din): (*a*) Yes.

(*b*) The Government officials can complain about the delay in the payment of dues directly to the Chief Secretary and such complaints are being pursued vigorously by the services and General Administration Department. Only a few complaints are under consideration.

(*c*) Instructions have already been issued for taking deterrant disciplinary action against officials who delay the payment of salaries, etc. This policy is being pursued in all suitable cases.

سید عنایت علی شاہ - کیا پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب یہ بتا سکیں گے - کہ جن شکایات کا انہوں نے ذکر فرمایا ہے - ان پر کب سے غور ہو رہا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ تو نیا سوال ہے اسکے لئے علیحدہ نوٹس دیں -

مسٹر سپیکر - یہ سوال نیا تو نہیں ہے - انہوں نے سوال میں پوچھا تھا کہ یہ شکایات آپکو کب سے آ رہی ہیں اور آپ ان پر کیا ایکشن لے رہے ہیں - It is definitely a Supplementary Question.

پارلیمنٹری سیکرٹری - 22-6-63 کو سرکلر جاری کیا گیا تھا - اسکے بعد سے یہ شکایات آ رہی ہیں - ان پر ایکشن لیا جا رہا ہے -

سید عنایت علی شاہ - کیا جناب پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کوئی ایسی مثال دے سکیں گے کہ جس کے تحت اس ضمن میں کسی افسر کے خلاف تحقیقات کی گئی ہو - یا اسے سزا دی گئی ہو ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ تو نیا سوال ہے - اسکے متعلق سوال بھیجیں - تو آپ کو بتا دیا جائیگا -

Mr. Speaker : Yes, it is a new question.

CONSTRUCTING MORE ROADS IN DERA GHAZI KHAN DISTRICT DURING THIRD FIVE-YEAR PLAN.

***290. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there are only a few roads in Dera Ghazi Khan District ;

(*b*) whether any scheme for constructing more roads in the said district has been included in the Third Five-Year Plan if so, the names of the roads proposed to be constructed during the said plan period ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان بہادر قبال خان جدون): (الف) جی ہاں -

(ب) تیسرے پنج سالہ منصوبہ کے "روڈ سیکٹر" میں فنڈ کی انتہائی کمی کی وجہ سے اس ضلع کی کسی نئی سکیم کو عملی جامہ پہنانا ممکن نہیں ہے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب والا - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ غیر ترقی یافتہ علاقے کی طرف توجہ نہ دینے کی ذمہداری کس پر عائد ہوتی ہے ؟

Minister of Communications : I will request him to repeat his question.

مسٹر سپیکر - انہوں نے فرمایا ہے کہ کم ترقی یافتہ علاقے کو ترقی نہ دینے کی ذمہداری کس پر عائد ہوتی ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ جناب والا ہمیں اس علاقے کا پورا پورا احساس ہے ۔ ہم Indus Highway پر کافی اہمیت دے رہے ہیں ۔ جو چھوٹی چھوٹی سڑکیں ہیں وہ آج کل بیسک ڈیموکریسی ڈیپارٹمنٹ سپروائز کر رہا ہے ۔ وہی rural works کے کاموں کو priority دے کر rural areas کو مین سڑک کے ساتھ ملا رہے ہیں ۔

OFFICIAL TELEPHONES INSTALLED IN OFFICES AS WELL AS AT RESIDENCES OF MINISTERS

***314. Mr. Hamza :** Will the Parliamentary Secretary, Services and General Administration be pleased to lay on the Table of the Assembly a month-wise statement showing full details of telephone rent and trunk call bills received in respect of official telephones installed in office as well as at the residence of each Minister during the last one year ?

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے سوال کے جواب کی کاپی بہم نہیں پہنچائی گئی ۔ *

مسٹر سپیکر ۔ میاں معراج الدین صاحب سوال نمبر ۳۱۴ کا جواب اسمبلی سیکرٹریٹ کی اطلاع کے مطابق ابھی اسمبلی سیکرٹریٹ میں نہیں پہنچا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ میں اب دے دیتا ہوں ۔

Mr. Speaker : That is not proper.

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب آئندہ احتیاط کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس سوال کے جواب کی ایک کاپی حمزہ صاحب کو ابھی دیں ۔ اور یہ سوال آخر میں لیا جائے گا ۔

---

*For answer, Please see Appendix A at the end.

THE NUMBER OF POSTS AS WELL AS NUMBER OF OFFICERS CONFIRMED SO FAR IN THE P.C.S. CADRE

*355 **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary Services and General Administration be pleased to state :—

(*a*) the number of posts in P. C. S. Cadre in former N.-W.F.P., Punjab, Bahawalpur, Sind and Baluchistan areas ;

(*b*) the number of P.C.S. Officers serving in each area ;

(*c*) the number of P.C.S. Officers confirmed in P.C.S. cadre in each area since 14th October 1955 ;

(*d*) the names of P.C.S. Officers in Group 'D' who have not yet been confirmed showing dates of their appointments and reasons for not confirming them so far ?

Parliamentary Secretary (Mian Miraj Din) : Reply to the question would be given when the clarification sought from the Member has been received.

خان اجون خان جدون ۔ جناب سپیکر ۔ اس سوال کا نوٹس میں نے ۱۳ جون کو دیا ۔ اور ایک خط جو سروسز اینڈ جنرل ڈیپارٹمنٹ نے ۱۶ جولائی کو آپ کو لکھا ہے مجھے ملا ہے ۔

Why did they not ask for clarification earlier. Will you direct the department.

Minister for Law : We shall direct the department as desired by the member.

IRRIGATION FACILITIES TO LANDS OF VILLAGE TORDHER

*365. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary Irrigation and Power be pleased to state whether it is a fact the surface of a considerable length of Pehur Canal at tail is lower than the level of the land around it with the result the lands of village Tordher cannot be irrigated from the said canal ; if so, the remedial measures Government intend to adopt to provide Irrigation facilities to the lands of the said village ?

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill): Pehur Canal runs across the country slope in Tordher area as a contour channel and the lands on its right bank is higher than Full Supply Level while land on left bank of the canal is lower and commadable. The area on the left bank of the canal can and does get flow supply from Pehur Canal. The land on right bank of this canal gets water from the Indus Branch of Upper Swat Canal. As such no further measures for making supply available for irrigation are required.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میرا سوال یہ تھا کہ پیہور کینال کے پانی سے تورڈھیر کے علاقے کی اراضیات آبپاشی نہیں ہو سکتیں ۔ اس لئے کہ نہر کا لیول بہت نیچا ہے ۔ اس کے متعلق جواب دیا جائے کہ اس کا کیا انتظام ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے کہا ہے کہ یہ ٹیل پر واقع ہے ۔ ۱۹۵۸ء سے پہلے یہ اپر سوات کینال کی انڈس برانچ سے سیراب ہوتا تھا ۔ There was no Pehur Canal in existence اس علاقے کی مشکلات کو دیکھتے ہوئے ۱۹۵۷ء میں پیہور کینال بنا دی گئی ۔ ممبر صاحب کو معلوم ہے کہ اس میں سے سلٹ نکالی گئی ہے جس سے پانی پہلے سے بہتر آنے لگا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے جواب میں عرض کیا ہے کہ پیہور کینال کے بائیں جانب کی زمین خاصی نیچی ہے ۔ وہاں پر پانی تسلی بخش آ رہا ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ ٹیل پر کمی نہیں ہو گی اور اگر ٹیل پر پانی کی کوئی مشکلات ہیں تو تربیلا ڈیم بن رہا ہے اس کے بننے کے بعد یہ ساری مشکلات دور ہو جائیں گی ۔

خان اجون خان جدون ۔ تربیلا ڈیم بننے میں کئی سال لگیں گے ۔ آپ اس طریقے سے ٹکر لگا دیں جس سے پانی زیادہ ہو جائے تو کافی حصہ سیراب ہو سکتا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ ایک تجویز ہے ۔

SURVEY FOR CONSTRUCTION OF A SMALL DAM AT KUNDAL

*367. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary Agriculture be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Small Dam Investigation Department is conducting a survey at Kundal, Tehsil Sawabi for the construction of a small Dam there;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) date on which survey work was started, (*ii*) details of the survey conducted so far, and (*iii*) the date by which survey would be completed ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) 26-6-1964.

(*ii*) Pond survey at the scale of 32'—1 mile with 5 feet contour interval Borge Survey at the scale of 1"—50 Ft. with 2 Feet Contour interval.

(*iii*) Survey was completed on 17-7-1964.

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ جواب دیا گیا ہے کہ Survey was completed on 17-7-1964 اس کے بعد اس پر کیا کام ہوا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس پر پہلے Surface Survey ہوا ہے ۔ اب Underground Survey ہونا در کار ہے ۔ جب underground

Survey ہو جائے گا تب کام شروع ہو گا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میرا سوال یہ تھا کہ

"Whether it is a fact that the Small Dam Investigation Department is conducting a Survey at Kundal."

اس کا مطلب یہ ہوا کہ سروے ابھی مکمل نہیں ہوا ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ سروے دو قسم کا ہوتا ہے ۔ ایک Surface Survey ہوتا ہے اور وہ ہو چکا ہے ۔ اس کے بعد Underground Survey ابھی ہونا ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ یہ کب تک ہو جائے گا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ اس کے لئے مشین کی ضرورت ہوتی ہے ۔ ہمارے پاس صرف ایک مشین ہے ۔ اور وہ دوسری جگہ کام کر رہی ہے ۔ جب اس جگہ کام ختم ہو جائے گا اس کے بعد یہ کام شروع کیا جائے گا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جناب والا ۔ میں پوچھتا ہوں کب تک مشین فارغ ہو جائے گی ؟

وزیر قانون ۔ مجھے یقین ہے کہ اتنا وقت لگے گا جس سے ہمارے ممبر صاحب خوش ہو جائیں گے ۔

OPENING OF NEW HEALTH CENTRES IN RURAL AND URBAN AREAS OF HYDERABAD DISTRICT.

*389. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the year-wise amount allocated to Hyderabad District for the development of existing Health Centres and for the opening of new ones in Rural and Urban areas of Hyderabad District during 1962-63, 1963-64 and 1964-65 ;

(*b*) the amount that remained un-spent during each of the said years alongwith reasons therefor ;

(*c*) the numbers and names of Health Centres opened in the said District during each of the said years alongwith their location ;

(*d*) the number and names of Health Centres to be opened in Hyderabad District during 1965-66 along with their location and the allocation to be made for the purpose ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Rs. 5,23,900·00, Rs. 2,25,000, and Rs. 10,10,000·00 during the year 1962-63, 1963-64 and 1964-65, respectively, for rural areas only ; nil for the urban areas.

(*b*) Rs. 84,000·00 and Rs. 57,000.00 during the year 1962-63 and 1963-64 respectively. Year 1964-65 has just ended and nothing can be stated about the expenditure for the current financial year. The reasons for shortfall during the year 1962-63 have to be given by the B. and R. Department, the executing Agency, the shortfall during 1963-64 was due to dispute over the land of Rural Health Centre, New Saidabad.

(*c*) Nil during 1962-63, 1963-64 three at Golarchi. New Saeedabad and Tando Ghulam Ali during 1964-65.

(*d*) Can be given only after the scheme has been approved by the National Economic Council.

CONSTRUCTION OF MORE KATCHA ROADS IN HYDERABAD DISTRICT

*392. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the mileage of Pacca roads in Hyderabad District ;

(*b*) the mileage of Katcha roads in the said District :

(*c*) the year-wise amount allocated to the said District for the construction of Kutcha Roads during 1962-63, 1963-64 and 1964-65 ;

(*d*) the amount spent on the construction of the said roads in the said District during each of the said years alongwith the total amount that remained un spent during the said years ;

(*e*) the mileage of Katcha roads constructed in the said District during each of the said years ;

(*f*) whether Government intend to construct more Kacha roads in the said District during 1965-66; if so, the mileage and the names of Kacha road proposed to be constructed and the amount to be allocated for the purpose ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) ۔ (الف) ۱۵۹ تا ۲۵۹ میل ۔

(ب) ۶۱،۹۶ میل ۔

(ج) کچھ نہیں ۔

(د) اور (ہ) مندرجہ بالا جواب ''س،، کے تحت سوال ھی پیدا نہیں ھوتا ۔

(و) جی نہیں ۔

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, the reply of the question has not been furnished.

Mr. Speaker : Was a copy supplied to the Secretariat ?

Minister of Communications and Works (Mr. Muhammad Khan Junejo) : Yes, Sir.

Mr. Speaker : The Member can put supplementary. He has now come to know the answer.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I will collect the reply from the office and give fresh notice.

WATER TANK AT HOSPITAL SWABI

*400. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that the water tanks at Civil Hospital Swabi is not working properly for the last two years; if so, (*i*) reasons therefore, (*ii*) the authority resposible for such a long delay in bringing the said water tank to working order, and (*iii*) the action taken against him ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Yes.

(*i*) Water tank of the Civil Hospital, Sawabi, has not been working properly due to the damage sustained at a result of collapse of the pillars.

(*ii*) Responsibility for delay will be investigated and fixed.

(*iii*) Action will be taken after the responsibility is fixed.

خان اجون خان جدون - جناب والا - میں نے یہ پوچھا تھا : -

"Whether it is a fact that the water tank at Civil Hospital Sawabi is not working properly for the last two years .."

انہوں نے جواب دیا ہے کہ ہاں - اور اب یہ کہتے ہیں کہ

responsibility for delay wil' he investigated and fixed.

دو سال سے انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ pillars جو ہیں وہ collapse ہو گئے ہیں اور ابھی تک responsibility fix نہیں ہو سکی - اسکی وجہ کیا ہے -

وزیر صحت (خان محمد علی خان) - اس سلسلہ میں پاکستان سول ہسپتال مردان سے خط و کتابت جاری ہے اور اس مسئلہ پر غور کیا جا رہا ہے -

Mr. Speaker : But a period of two years in correspondence is too much. That is what he wants to say.

Minister of Health : That is being looked into.

خان اجون خان جدون - جناب یہ آخری فقرہ انکے جواب کا یہ ہے کہ

". . action will be taken after the responsibility is fixed".

اس کا تو یہ مطلب ہے کہ شاید دو سال اور اس کام کی مرمت میں لگیں گے تو جناب وزیر کیا یہ حکم جاری کریں گے کہ فوراً اس tank کی مرمت کی جائے ؟

وزیر صحت - پہلے تو یہ دیکھنا چاہئے کہ ذمہداری کس کی تھی جسکی وجہ سے اس کے pillars collapse ہو گئے اور جب ذمہداری fix ہو جائیگی

Then proper action would be taken against that person. In the meantime I will look into the matter and see that it is repaired in time.

خان محمد یوسف - کیا اس معاملہ کی فی الحقیقت تحقیقات کی جا رہی ہے یا صرف correspondence ہو رہی ہے ؟

وزیر صحت - ڈائرکٹر ہیلتھ سروسز کو inform کیا گیا ہے اور اس نے اس معاملہ کو سول سرجن مردان کے حوالے کیا ہے اور جب وہاں سے رپورٹ آ جائیگی تو ہمیں پتہ چلیگا کہ ذمہداری کس کی ہے -

مسٹر سپیکر - خان صاحب کیا یہ ضروری ہے - کہ ذمہداری fix کرنے کے بعد ہی آپ کام شروع کریں - کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ ذمہداری آپ بعد میں fix کرتے رہیں لیکن آپ یہ کام شروع کر دیں ؟

وزیر صحت - جناب میں نے تو عرض کر دیا کہ ہم فوراً کوشش کرینگے کہ اس کی مرمت ہو جائے -

---

TRANSFERRING OF THE EXCESS LAND OF VETERINARY HOSPITAL SAWABI TO THE ADJACENT CIVIL HOSPITAL SAWABI, DISTRICT MARDAN

*401. **Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Parliamentary Secretary Agriculture be pleased to state :—

(*a*) the total area of land acquired for the Veterinary Hospital at Sawabi, District Mardan ;

(*b*) the number of animals treated at the said Hospital during the years 1963-64 and 1964 65 ;

(*c*) details of staff posted at the said hospital ;

(*d*) whether it is a fact that the Civil Hospital Sawabi is adjacent to the Veterinary Hospital ;

(*e*) whether the land acquired for Veterinary Hospital is in excess of the land actually required for the purpose ; if so, whether Government intend to transfer the excess land for expansion of the adjacent Civil Hospital Sawabi ?

Parliamentary Secretary (Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka) : (*a*) 12 Kanals.

(*b*)

1963=64	4,983 animals.
1964=65	4,452 animals.

(*c*)

Veterinary Assistant Surgeon.	...	1
Veterinary Compounder.	...	1
Chowkidars.	...	2
Bhishti.	...	1
Syce.	...	1
Grass Cutter.	...	1
Sweeper.	...	1

(*d*) Yes.

(*e*) No. The question does not arise.

SUPPLY OF WATER TO THE INHABITANTS OF TILAK NAGAR, BADAMI BAGH FROM LAHORE WATER WORKS

*502. **Mr. Muhammad Sarwar Khan :** Will the Minister of Health, be pleased to state :—

(*a*) the distance of Lahore Water Works from Tilak Nagar Badami Bagh ;

(*b*) whether it is a fact that the inhabitants of the said locality are not supplied water from the said Water Works and they have to draw water by hand pumps ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for the supply of water to the said locality from the said Water Works ; if so, the time by which the said scheme is likely to be implemented ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir, the question has not been received by the Health Department from the Assembly Secretariat so far.

Mr. Speaker : I will look into the file. The actual position is that the printed list was received by your Department on the 17th.

Parliamentary Secretary : Actually, Sir, action is taken on a question well in time and this printed list comes a bit late. The question was not received by the Health Department as, I understand, it was sent erroneously to the Irrigation Department by whom it was transferred to the Health Department.

Mr. Speaker : I am now told that the printed list was sent to you on the 19th and that is certainly not enough time to answer a question. Next question.

SUPPLY OF DRINKING WATER TO CERTAIN VILLAGES IN DERA ISMAIL KHAN DISTRICT

*510. **Mr. Habib Ullah Khan Kundi :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) the names of villages in Dera Ismail Khan District deserted due to the non-availability of drinking water there ;

(*b*) whether it is a fact that the contour of the said district is from West and East with mountains towards its West and water is available throughout the year from the said mountains ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons for which arrangements for the supply of drinking water from the said sources to inhabitants of the said area are not made ;

(*d*) whether it is a fact that as a result of test boring done in the area of Chidhrar, tank landing Ground and Baran Khel, etc , by the Water and Soil Investigation Department the sub-soil water fit for consumption has been found ; if so, whether Government would consider the advisibility of installing tubewells in the said areas for supplying drinking water to the poor people ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Information is being collected.

(*b*) Yes.

(*c*) According to Articles 16, 17, 18 and 19 of the Basic Democracies Ordinance 1959, it is the function of the Local Councils to provide drinking water to the citizens.

(*d*) It is understood that test borings have been carried out by Water and Soil Investigation Department to whom a request has been made for the transfer of the said record for proceeding further in respect of preparation of further water supply schemes (if feasible) in the area but when any request for the same is made by the local authorities.

مسٹر حبیب‌اللہ کنڈی - جو جواب دیا جا رہا ہے یہ میرے پاس نہیں ہے - غلط جواب دیا گیا ہے -

Parliamentary Secretary: Actually the answer is the same. It is a little bit amended but the sense of the answer is the same.

مسٹر سپیکر - کیا آپ نے جواب بدل کر دیا ہے ؟

Parliamentary Secretary : There is no printed answer in the book. But the answer which was sent to the Assembly Secretariat by the Department has been amended by us a little bit but the sense of the reply is the same.

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب آپ کو جو جواب دیا گیا ہے اس کو تھوڑا سا بدل دیا گیا ہے ۔ آپ نے جواب سن لیا ہے ۔ اگر آپ کوئی سپلیمنٹری پوچھنا چاہیں تو پوچھ لیں ۔

وزیر صحت (خان محمد علی خان)۔ جو جواب ایوان میں پڑھا گیا ہے وہ درست ہے ۔

Mr. Speaker : Let him put a supplementary.

مسٹر حبیب‌اللہ خان کنڈی ۔ انہوں نے بتایا ہے ۔ "Information is being collected". اگر معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں تو پھر اس سے ضمنی سوالات کس طرح پوچھے جا سکتے ہیں مزید برآں جناب والا متعلقہ محکمہ سے ۔ ۔ ۔

Minister of Health : Sir, this question actually relates to the Revenue Department but we are collecting information.

مسٹر حبیب‌اللہ خان کنڈی ۔ یہ جواب دیتے ہیں ۔

"Water in nullahs is used for irrigation. No water reaches plains."

اس سے کیا مطلب ہے ؟ ایک طرف یہ کہتے ہیں کہ یہ irrigation کے لئے استعمال ہوتا ہے دوسری طرف کہتے ہیں کہ پانی plains میں نہیں پہنچتا کیا مطلب ہے ۔

Parliamentary Secretary : I have not given this reply. That is only the unamended portion of the reply. I have not given this reply.

مسٹر سپیکر - آپ اردو میں کہہ دیں -

پارلیمنٹری سیکرٹری - میں نے آپ کے سوال حصہ (b) کا جواب دیا ہے "جی ہاں"

مسٹر حبیب اللہ خان کنڈی - یہ کہتے ہیں

"Flood water is not easy to harness for drinking purposes."

یہ بات دیکھنی ہے کہ جہاں لوگ پانی پینے سے مرتے ہیں - - -

مسٹر سپیکر - یہ بھی جواب میں نہیں ہے -

CIVIL DISPENSARY AT NATHIAGALI

*520. **Sardar Gul Zaman Khan**: Will the Minister of Health be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Civil Dispensary at Nathiagali in Abbottabad Tehsil functions only during Summer season for the benefit of tourists only and remains closed during the winter ;

(*b*) whether it is a fact that the inhabitants of Gallis Area of Abbottabad Tehsil are not deriving any benefit from the said dispensary;

(*c*) if answer to (*a*), (*b*) above be in the affirmative, the reasons for not running the dispensary at a suitable place throughout the year for the benefit of local residents ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : (*a*) Yes for the first and third parts ; no for the second part.

(*b*) No.

(*c*) A dispensary already functions at Bahagan during the period the hospital at Nathiagali is closed. Medical facilities are, therefore, available throughout the year.

سردار گل زمان خان - کیا جو سٹاف نتھیا گلی کے ہسپتال میں گرمیوں کے ایام میں کام کرتا ہے اگر وہ سردیوں میں رخصت پر نہیں چلا جاتا تو کیا وہ بھاگن کی ڈسپنسری میں کام نہیں کر سکتا ؟ اور ایک مستقل ہسپتال بھاگن کے مقام پر قائم نہیں کیا جا سکتا جو کہ نتھیا گلی سے قریب ہی ہے اور جہاں آبادی سال بھر میں یکساں ہی رہتی ہے ؟

وزیر صحت (خان محمد علی خان) - جناب والا - کوئی خاص فرق نہیں - ڈسپنسری outdoor patients کو cater کرتی ہے اور ہسپتال میں اس کے علاوہ بستر بھی ہوتے ہیں - صورت حال یہ ہے کہ سردیوں میں عموماً لوگ نتھیا گلی سے چلے جاتے ہیں - اور وہاں کے عوام بھی اپنے مال مویشی لے کر پہاڑ سے نیچے اتر جاتے ہیں - چونکہ وہاں کے پہاڑ برف سے ڈھکے رہتے ہیں - اس لئے وہاں کے لوگ بھاگن کے گردونواح میں آ جاتے ہیں - بھاگن کا نتھیا گلی سے دو میل کا فاصلہ ہے -

سردار گل زمان خان - جناب والا - میں وہاں کا باشندہ ہوں - مجھے معلوم ہے کہ نتھیا گلی اور بھاگن کے درمیان کتنا فاصلہ ہے - اور وہاں تقریباً ڈیڑھ لاکھ کی آبادی ہے جس کیلئے صرف بھاگن کی ڈسپنسری ہی کافی نہیں - اس صورت حال میں کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ نتھیا گلی ہسپتال کو بمقام کالا باغ منتقل کر دیا جائے ؟

Minister of Health : Sir, it is a suggestion.

STRENGTH OF STAFF POSTED IN LIAQAT MEDICAL COLLEGE, HYDERABAD

***613. Haji Sardar Atta Muhammad Lund :** Will the Minister of Health be pleased to state :—

(a) strength of the staff posted in Liaqat Medical College, Hyderabad ;

(*b*) whether it is a fact that the strength of the staff posted in Liaqat Medical College, Hyderabad, is much less than of the staff posted in Edward Medical College, Lahore and Dow Medical College, Karachi, if so, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): Sanctioned strength is as under : . . . .

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب والا - جواب کی اردو کاپی ہمیں نہیں ملی - یہ جواب سارا انگریزی میں ہے - میں تو اسے سمجھ نہیں سکا -

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب - آپ خواجہ صاحب سے مشورہ کر لیا کریں - (قہقہہ) -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب والا - اس کیلئے اتنا وقت کہاں ہوتا ہے -

Parliamentary Secretary : Sanctioned strength is as under :—

(*a*)	Professors	...	13
	Assistant Professors	...	23
	Bio-Chemist	...	1
	Anaesthetist	...	1
	Lecturer in Ophthalmology	...	1
	Demonstrators	...	32
	Medical Social Worker	....	1
	Dental Surgeon	...	1
	Health Educator	...	1
	Pharmaceutical Chemist	...	1

(*b*) It is fact that the strength of the staff posted to Liaqat Medical College, Hyderabad is less than that of the staff posted at King

Edward Medical College, Lahore and Dow Medical College, Karachi. The reasons therefor are stated as under :—

(*i*) King Edward Medical College and Dow Medical College are old and established institutions which have fully developed in the course of time. On the other hand, the Liaquat Medical College is comparatively new institution established in 1954 and it will take some time for it to attain the status of an institution like the K. E. Medical College. For the present, most of the money allocated to this institution is utilized for buildings, equipment etc. The budget allocations are, however, almost at par with much bigger institution like the King E. M. College and Dow Medical College.

(*ii*) The number of beds in the various hospitals attached to the colleges is another factor.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ یہ اس کمی کو کب تک پورا کر دینگے ؟

وزیر صحت (خان محمد علی خان) ۔ جناب والا ۔ جتنا عرصہ ان ہسپتالوں کو اس درجے تک پہنچنے میں لگا ہے جب اتنا وقت اس ہسپتال کو بھی گزر جائیگا ۔ تو میرا خیال ہے کہ یہ بھی خود بخود اسی معیار پر آ جائیگا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ یہ لیاقت میڈیکل کالج کب قائم ہوا تھا ۔ اسے قائم ہوئے کتنے سال ہوئے ہیں ؟

Parliamentary Secretary : I have replied it Sir.

وزیر صحت ۔ ۱۹۵۱ء کے بعد آپ خود ہی حساب لگا لیں ۔

HIRANAND HOSPITAL, SHIKARPUR

*614. **Haji Sardar Atta Muhammad Lund:** Will the Minister of Health be pleased to state whether it is a fact that Government have decided to

over Hiranand Hospital, Shikarpur; with effect from current year ; if so, the amount allocated in the current year's budget for the said Hospital ?

Parliamentary Secretary Sardar Muhammad Ashraf Khan) : No, question does not arise.

STRENGTH OF STAFF FOR CIVIL HOSPITALS, JHANG, MIANWALI, SHEIKHUPURA, JHELUM, NAWAB SHAH, SUKKUR, JACOBABAD AND LARKANA

*615. **Haji Sardar Atta Muhammad Lund** : Will the Minister of Health be pleased to state the strength of the staff sanctioned for the Civil Hospitals in Jhang, Mianwali, Sheikhupura, Jhelum, Nawab Shah, Sukkur, Jacobabad and Larkana separately alongwith the number of Class II Medical Officers serving in each of the said Hospital ?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : A statement showing the number of staff sanctioned in each District Headquarters Hospitals and the number of Class II Medical Officers serving in each of those Hospitals is attached.

STATEMENT SHOWING THE STRENGTH OF STAFF ALONG WITH MEDICAL OFFICERS IN CLASS II IN EACH DISTRICT HEADQUARTERS HOSPITALS

Serial No	Name of District Hospital		Civil Surgeon Class I	Medical Officers Class II	Nursing Sister	Class III
1.	Nawabshah	...	1	4	1	14
2.	Sukkur	...	1	5	1	39
3.	Jacobabad	...	1	4	1	25
4.	Larkana	...	1	5	1	30
5	Jhang	...	1	3	Nil	15
6.	Mianwali	...	1	7	1	24
7.	Jhelum	...	1	3	Nil	17
8.	Sheikhupura	...	1	4	Nil	19

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب نے پھر جواب انگریزی میں پڑھا ہے ۔ میں اسے سمجھ نہیں سکا ۔ مہربانی فرما کر وہ مجھے اس کا اردو ترجمہ سمجھا دیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ جناب والا ۔ یہ ایک گوشوارہ ہے جو ایوان کے میز پر رکھدیا گیا ہے ۔

SHIFTING OF DISPENSARY FROM THEHRI TO SETHARJA IN KHAIRPUR DISTRICT

*616. **Haji Sardar Atta Muhammad Lund**: Will the Minister of Health be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that in Thehri, District Khairpur, where a dispensary has been functioning, a Health Centre has recently been opened;

(*b*) whether it is a fact that it has been decided to shift the said dispensary to Setharja;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the time by which the said dispensary is likely to be shifted?

Parliamentary Secretary (Sardar Muhammad Ashraf Khan): (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) In the next financial year.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ مہربانی فرما کر پارلیمنٹری سیکرٹری میرے سوال کا جواب اردو میں دیں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جب یہ تجویز ڈسٹرکٹ کونسل کی منظوری کے بعد ڈائرکٹر ہیلتھ سروسز کے پاس پہنچ جائیگی ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ کیا جناب وزیر کو معلوم ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل نے اسے پاس کر دیا ہے ؟

وزیر صحت (خان محمد علی خان) ۔ جناب جب ڈسٹرکٹ کونسل اسے پاس کر لیگی اور وہ ہمارے محکمہ میں آ جائے گا تو ہم اس پر کارروائی شروع کر دینگے ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ اسے ڈسٹرکٹ کونسل میں پاس ہوئے تو دو سال ہو چکے ہیں ۔ کیا یہ ابھی تک آپ کے پاس نہیں پہنچا ۔

وزیر صحت ۔ جی نہیں میرے پاس تو ابھی تک نہیں پہنچا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ اگر یہ دو سال میں ان کے محکمہ میں نہیں پہنچا ۔ تو پھر کب تک اس کے پہنچنے کی امید ہے ؟

وزیر صحت ۔ جناب ۔ یہ تو ڈسٹرکٹ کونسل کا کام ہے ۔ اس کے متعلق تو ممبر صاحب کو ان سے دریافت کرنا چاہئے ۔

رائے منصب علی خان کھرل (شیخوپورہ - ۳) - جناب والا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ھے کلاز - اے میں پہلے یہ تھا -

"(a) The Chairman of every Union Committee within the Municipal Committee ;"

یہاں Chairman of all the Union Committees within the Municipality ہونا چاھئے تھا -

اسی طرح کلاز بی میں خاص طور سے وضاحت نہیں کی گئی تھی کہ میران کی جو تعداد ھے اسے کون appoint کرے گا -

کنٹرولنگ اتھارٹی کا لفظ رہ گیا تھا - وہ میں نے ایزاد کر دیا ھے - اس کے علاوہ جناب والا میونسپل کمیٹی کی جگہ میونسپلٹی ہونا چاھئیے - یہ تمام جو ترامیم ھیں - خواجہ صاحب approve کریں گے - ان کے ذریعے بل میں کوئی بنیادی تبدیلی نہیں کی گئی - یہ ترمیم صرف وضاحت کے لئے پیش کی گئی ھے -

Minister of Local Government : I accept it Sir.

Mr. Speaker : Any member may object to it. I think there is no opposition to this amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : No, Sir.

Mr. Speaker : There is one thing Rai Mansab Ali. You have suggested that: "Provided that such number shall be at least one but otherwise not exceed ten per centum of the total number of the Chairmen of the Union Committees within the Municipality." In the original clause, it was suggested that the number shall not exceed ten per centum of the total number of members. How would you calculate it ? Rather it is my question to the Minister. Supposing there were 20 members, in that case you will give them two members. If there are 21, then you will give them two.

Minister of Local Government : Not more than ten percent in any case. If the members are less than ten, then there will be at least one member to be elected as person representing the special interest, but if there are more than ten, then this condition of not more than ten percent will apply.

Mr. Speaker : Between ten and twenty, you will not give them two. Upto 19 you will not give two.

Minister of Local Government : We cannot, because in that case it will be more than ten percent and we cannot give them more than ten percent.

Mr. Speaker : For twenty you will give two and for nineteen you will give one.

Minister of Local Government : It is going to be like that Sir.

Mr. Speaker : In case there are only three members of the Municipal Committee ?

Minister of Local Government : Even then they will get one.

Mr. Speaker : And they will become four ; one would be an official member and the total strength of that municipal committee would come to five. Would the election be possible in that case ?

Minister of Local Government : About the election of Vice-Chairman the fifth member will not vote.

Mr. Speaker : There would be only four members. Would they be able to have elections ?

Minister of Local Government : Yes Sir, they will be able to have elections. We will provide for that. I think, Sir, the objection in your mind basically is that they might not get a proposer and a seconder. As in the case of many other union councils, so far as my impression goes—I am not very much sure but I think—there is some provision through which they have now permitted the members themselves to propose the names and somebody else to second it.

Mr. Speaker : He will propose his own name or second his own name.

Minister of Local Government : Yes Sir.

Mr. Speaker : But if there are only four members and two of them are the candidates, then there would be no seconders.

Minister of Local Government : If I propose my own name, the other person can second.

Mr. Speaker : Is it provided in the rules ?

Minister of Local Government : Sir if there is any difficulty, then we can remove that difficulty.

Mr. Speaker : That is just for your information.

Now the question is :—

That in clause 4, for sub-clauses (a) and (b) of proposed Section 9 of the Municipal Administration Ordinance, 1960, the following be substituted, namely :—

(*a*) the Chairmen of all Union Committees within the Municipality ;

(*b*) Such number of members to represent special interests as the Controlling Authority may specify :—

Provided that such number shall be at least one but otherwise not exceed ten per centum of the total number of the Chairmen of the Union Committees within the Municipality ;".

The motion was carried

Mr. Speaker : The next amendment is from Khan Muhammad Yusaf. He is not present ; amendment is not moved. Next amendment is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move :

That in clause 4, in para (b) of the proposed section 9 of the Municipal Administration Ordinance, 1960. for the semi-colon and the word "and", occurring in line 4, a full-stop be substituted and para (c) occurring thereafter be deleted.

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 4, in para (b) of the proposed section 9 of the Municipal Administration Ordinance, 1960, for the semi-colon and the word "and", occurring in line 4, a ful-stop be substituted and para (c) occurring thereafter be deleted.

Minister of Local Government : Opposed Sir.

خواجه محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - کلاز ۴ میں میونسپل کمیٹی کی تشکیل کے متعلق جو تجویز کی گئی ہے وہ اس طرح ہے کہ ہر یونین کمیٹی کا چیئرمین میونسپل کمیٹی کا ممبر ہو گا - اور مخصوص مفادات کی نمائندگی کے لئے کم از کم ایک اور زیادہ سے زیادہ دس ممبران اس میں شامل کئے جائیں گے - سب کلاز سی میں یہ ہے -

"such official members, not exceeding one-half of the total number of elected members, as the Controlling Authority may, in the prescribed manner fix.".

اب میں نے اس ترمیم کے ذریعہ یہ تجویز کیا ہے کہ ان الفاظ کو کہ منتخب ممبروں کی تعداد کے پچاس فیصد کو وہ نامزد کر سکتے ہیں - حذف کر دیا جائے - کل ہماری جانب سے اس موضوع کے مختلف پہلوؤں کے متعلق اظہار رائے ہوتا رہا ہے - میں نہیں چاہتا کہ ان دلائل کو دوبارہ دہرا کر اس ایوان کا قیمتی وقت ضائع کروں - لیکن کل ہمیں

سرکاری بنچوں کی طرف سے یہ بتایا گیا تھا کہ سرکاری اہلکاروں کو میونسپل کیمٹی میں نامزد کرنے اور نامزد ممبروں کی تعداد بڑھانے سے میونسپل کمیٹی کی کارگردگی میں اضافہ ہوتا ہے ۔ اس کا کام خوش اسلوبی سے اور بہتر طریق سے چلتا ہے ۔ اور میونسپل کمیٹی اپنے فرائض کو سر انجام دینے میں زیادہ مستعد ہو جاتی ہے ۔ جناب والا ۔ یہ دعویٰ کسی طرح بھی حقیقت کے قریب نہیں بلکہ یہ حقیقت اور سچائی سے بعید ہے ۔

جناب والا ۔ گذشتہ پانچ سال میں ہمارا مشاہدہ یہ رہا ہے کہ جو ادارے خواہ وہ ڈسٹرکٹ کونسل ہو یا میونسپل کمیٹی اس طرح تشکیل کیے جاتے ہیں ۔ کہ ان میں نامزد اراکین کی کثرت ہو یا وہ کلیتہً نامزد اراکین پر مشتمل ہوں ان کی کارکردگی انتہائی ناقص اور کم تر درجہ کی رہ جاتی ہے ۔ اسکی وجہ یہ ہے جناب والا کہ سرکاری افسر اپنی کارکردگی کے لیے پبلک کے کسی سیکشن کے سامنے جواب دہ نہیں ہوتے ۔ اور جب کسی شخص کو کوئی پوچھنے والا ہی نہ ہو ۔ تو قدرتی امر ہے کہ وہ سست پڑ جائیگا ۔ اپنے فرائض سے غفلت کرے گا ۔ اور کاہلی سے کام کرے گا ۔ لیکن اس کے برعکس اگر کسی منتخب نمائندے سے عوام کا کوئی حصہ پوچھ گچھ کرنے والا ہو (یعنی وہ لوگ جو اسے منتخب کر کے وہاں بھیجتے ہیں) تو یقینی امر ہے کہ وہ نمائندے اپنے فرائض کی جانب زیادہ توجہ دیں گے ۔ اور کاہلی اور سستی سے کام نہیں کریں گے ۔ اس کے متعلق میں ایک موٹی سی مثال جناب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ اور اس قسم کی سینکڑوں مثالیں اس صوبے میں پیش کی جا سکتی ہیں ۔

جناب والا آپ جانتے ہیں ۔ کہ صوبے بھر کی ضلعی کونسلیں ساری کی ساری ہی نامزد شدہ ہیں ۔ اور ان پر کم و بیش پچاس فیصد سرکاری افسر نامزد ہیں ۔ بعض جگہ ان کی تعداد کم ہے ۔ اور بعض جگہ زیادہ ہے ۔ تو جب اتنی بڑی تعداد میں سرکاری افسر موجود ہوں تو چاہئیے تو یہ تھا کہ انکی کارکردگی بقول جناب وزیر بلدیات کے اعلیٰ درجہ کی ہوتی ۔ کیونکہ انکا یہ دعویٰ ہے کہ ان سرکاری افسران کی موجودگی اعلیٰ کارکردگی میں ممد ہوتی ہے اور جہاں پر کہ نصف کے قریب افسران ، مختلف محکمہجات کے سربراہ ضلعی سطح پر ان میں شامل ہوتے ہیں ۔ تو بقول انکے انکی کارکردگی اعلیٰ پیمانے پر ہونی متوقع ہوتی ہے ۔ لیکن میں اپنے ہی ضلع کے متعلق عرض کرتا ہوں ۔ کہ وہاں پر رورل ورکس پروگرام کے تحت سیالکوٹ کو پنتیس لاکھ روپے دئیے گئے تھے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے ۔ کہ اس میں سے تقریباً دو تہائی حصہ یعنی بائیس لاکھ روپے واپس آ گئے ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ مناسب وقت پر مجھے اسکا جواب عرض کرنے میں کوئی اعتراض نہ ہوگا ۔ لیکن اس وقت ڈسٹرکٹ کونسل یا رورل ورکس پروگرام زیر بحث نہیں ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ عرض کر رہا ہوں ۔ کہ آپ کا argument یہ ہے ۔ کہ جن اداروں پر سرکاری افسران نامزد ہوتے ہیں ۔ ان اداروں کا کام efficiently ہوتا ہے ۔ اور میں آپ کو اسی بارے میں ایک مثال عرض کر رہا ہوں کہ جس ادارے میں آپ کے زیادہ سے زیادہ سرکاری ممبران نامزد ہیں ۔ اسکی کارکردگی کیا ہے ۔ کیونکہ کل ہی اس

موضوع پر بحث کرتے ہوئے آپ کا موقف یہ تھا ۔ کہ اس طرح سے ان اداروں کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے ۔ اور میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان اداروں کی کارکردگی زیادہ خراب ہوتی ہے جن پر ہر سرکاری افسر زیادہ نامزد ہوتے ہیں ۔ میں کسی وقت وزیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر بھی اسکے بارے میں عرض کروں گا کہ رورل ورکس پروگرام اور PL 480 سکیم کے تحت جو روپیہ ان اداروں کو دیا گیا تھا ۔ ان میں سے بہت سا روپیہ lapse ہو چکا ہے ۔ صرف سیالکوٹ کا ہی نہیں بلکہ دوسری جگہوں میں بھی ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ شاید میری اطلاع غلط ہو لیکن میری اطلاع کے مطابق تو PL 480 کا روپیہ تو lapse نہیں ہوتا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ وہ روپیہ lapse ہو گیا ہے ۔ کیونکہ چار اقساط میں یہ روپیہ دیا جاتا ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جس طرح انہوں نے فرمایا ہے ۔ اگر اس بارے میں کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو وہ بتا دیں تا کہ اس کا تدارک کیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ صرف اسقدر ہے ۔ کہ آپ سیالکوٹ کے لوگوں کو کیوں بھوکا مارنا چاہتے ہیں ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ میں اس سلسلے میں جناب میاں محمد یاسین خاں وٹو کے پاس جا کر بھی عرض کروں گا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ میں اس کے متعلق پوری کوشش کروں گا۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اس کے ساتھ سوزیر مال تھا صاحب سے معذرت چاہتے ہوئے ایک quotation جناب کی وساطت سے انکی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ آپ مجھ سے معذرت چاہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ چونکہ کل انہوں نے اعتراض کیا تھا تو میرے پاس یہ کتاب ہے ۔

"The foundations of Local Self Government in India, Pakistan and Burma" by Lord Ripon, page III. It is emphasized that the Ripon Policy had been sacrificed to administrative expendiency.

This is the quotation—

"The presence of an official element on the Boards has been prolonged . . . . . up to a point at which it has impeded the growth of initiative and responsibility."

efficiency کے متعلق اور کارکردگی کے متعلق لارڈ رپن کی رائے یہ ہے کہ اگر سرکاری ملازمین یا اہل کار یا افسر کسی میونسپل ادارے پر یا لوکل باڈیز پر موجود ہوں تو ان کی موجودگی سے جو initiative پبلک کے آدمی لے سکتے ہیں یا جو ذمہداری انہیں قبول کرنی چاہئیے ۔ وہ اس سے بھی احتراز کرتے ہیں ۔ بات بڑی موٹی سی ہے ۔ جہاں بڑے بڑے افسر موجود ہوں وہاں میرے جیسے چھوٹے آدمی ان کے سامنے مرعوب ہو جاتے ہیں اور اپنی زبان سے بات بھی نہیں کر سکتے ۔ کیونکہ ایک بڑے افسر کے سامنے اسکے رعب کی وجہ سے آسانی سے بات نہ کر

سکتا ایک فطرتی امر ہے ۔ خواہ عوام اس کے پیچھے ہی کیوں نہ ہوں ۔ کیونکہ ہمارا یہ وطیرہ ہے کہ ہم افسران کو اپنے برابر نہیں بلکہ اپنے سے بڑا ہی سمجھتے ہیں ۔ اور وہ بھی یہ سمجھتے ہیں کہ وہ حاکم ہیں ۔ اور ہم محکوم ۔ تو اس لئے میں عرض کرونگا کہ اسی ایک بنا پر کارکردگی میں کمی آتی ہے ۔ اسی ایک بنا پر پبلک کا initiative چپ رہتا ہے ۔ اسی ایک بنا پر وہ اپنی ذمہداریوں کو پوری طرح نہیں نباہ سکتے کیونکہ وہ اُن افسران سے مرعوب ہوتے ہیں ۔ اسی لئے میں سرکاری افسران کی نامزدگی کی مخالفت کرتا ہوں ۔ اور مجھے اُمید ہے ۔ کہ میرے دوست اس بارے میں میری تائید کریں گے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس کلاز میں مختلف ترامیم کے دوران میں جو کچھ ارشاد فرمایا گیا ہے ۔ اسکا لب لباب یوں ہے کہ ممبران کا انتخاب بلاواسطہ ہونا چاہئیے ۔ اور میونسپل کمیٹیوں پر سرکاری ممبران نہیں ہونے چاہئیں ۔ بنیادی طور پر یہ دو چیزیں تھیں ۔ یہ دو اعتراضات تھے ۔ جنکے متعلق ہمارے فاضل ممبر فرما رہے تھے ۔ اور باقی چیزیں وہ استدلال کے طور پر ارشاد فرماتے رہے ۔ جناب والا ۔ میں سب سے پہلے بلا واسطہ اور بالواسطہ انتخابات کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور وہ یہ ہے ۔ کہ بنیادی جمہوریت میں میرے فاضل دوست جو بنیادی بات نظر انداز کر گئے ہیں ۔ اور وہ یہ ہے کہ بنیادی جمہوریت نے اپنے ساتھ بنیادی سطح پر عوام کو associate کیا ہے ۔ اور انکو منتخب کیا ہے ۔ انکو اعتماد میں لیا ہے ۔ یہ چیز دیہاتوں میں تو پہلے بالکل ہی نہیں

تھی - اور چونکہ شہروں میں پہلے اس صورت میں موجود نہ تھی - اس لئے میرے فاضل دوست جو دلیل پیش کریں گے اس کی بنیاد مختلف نظریے پر ہو گی - اس کی بنیاد مختلف اصول پر ہو گی - آس وقت اس چیز کو مدنظر نہیں رکھا جاتا تھا کہ موثر طریقے پر زیادہ سے زیادہ لوگ چھوٹی سطح پر ان میں شامل کئے جائیں اور انکا تعاون حاصل کیا جائے - مثلاً یہ کہ اسوقت ساری میونسپل کمیٹیوں کے منتخب ممبران کی تعداد ایک ہزار تھی - اور شہروں میں جو الیکٹرول یونٹس اب ہیں انکی تعداد آٹھ ہزار ہے - یعنی اب پہلے سے زیادہ لوگوں کو بلاواسطہ طور پر بنیادی جمہوریتوں کے ساتھ associate کیا گیا ہے - اور وہ بلاواسطہ انتخاب کے ذریعہ ہی منتخب ہوئے ہیں - ہم اس سے بھی زیادہ آگے جا رہے ہیں - اور ہم ہر الیکٹرول یونٹ میں پانچ سے لیکر دس آدمیوں کو مزید نامزد کریں گے - وہاں کے آدمی جنکا صدر وہاں کے علاقہ کا منتخب ممبر ہوگا - وارڈ کمیٹی اور الیکٹرول یونین کمیٹی اس طرح بنائی جائے گی - اس طریقے پر بلا واسطہ طور پر ایک لاکھ آدمیوں کا تعلق میونسپل کمیٹیوں سے اس حیثیت سے ہو جائیگا - اس چیز کو عرض کرنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ اب موجودہ طریق سے عوام کو زیادہ سے زیادہ associate کیا گیا ہے - پھر اس کے ساتھ اب بنیادی وحدت جو ہے وہ یونین کمیٹیاں ہیں - جس طرح دیہات میں بنیادی وحدت یونین کونسلیں ہیں اسی طرح بنیادی وحدت شہروں میں یونین کمیٹیاں ہیں - اور یونین کمیٹیوں کے جتنے ممبران ہوتے ہیں وہ بلاواسطہ طور پر منتخب ہو کر آتے ہیں - اور ایسا کرنا اس لئے مناسب سمجھا گیا ہے کہ زیادہ سے زیادہ decentralisation ہو کر لوگوں کے دروازوں پر جمہوریت کو پہنچا دیا جائے - اب ان کی

دقتوں کو دیکھنے اور حل کرنے کے لئے خود ان کے پاس اختیارات ھیں ۔ اور یہ چیز اس سے پہلے کبھی نہیں کی گئی تھی ۔ اور ساری دنیا نے اس کو سراھا ھے ۔ یہ ایسے تجربات ھیں جنھوں نے صحیح طور پر عوام میں افسران میں ۔ لوکل گورنمنٹ میں ۔ صوبائی حکومت میں ۔ اور مرکزی حکومت میں وہ تعاون پیدا کر دیا ھے کہ اب کوئی بھی معمولی سے معمولی آدمی کہیں بھی ھو وہ دیکھتا ھے کہ اسکا نمائندہ خود حکومت کے نمائندے کے ساتھ بلاواسطہ قریب ھی بیٹھتا ھے ۔ یہ چیز ایسی ھے کہ اس سے زیادہ تعاون پیدا ھوا ھے ۔ اور جمہوریت صحیح معنوں میں آ گئی ھے ۔ ۔ ۔ ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ اس سے پیشتر یہ صورت تھی کہ ایک مقام پر صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت تھی ۔ اس کے نیچے دوسرے نمبر پر ایڈمنسٹریشن تھی اور تیسرے نمبر پر لوکل گورنمنٹ تھی ۔ لوکل گورنمنٹ کا ۔ صوبائی حکومت کا اور مرکزی حکومت کا آپس میں بلاواسطہ طور پر کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان کے درمیان ایڈمنسٹریشن آ جاتی تھی جو کسی عوامی نمائندے کی بات سننے پر مجبور نہ تھی ۔ کہیں کسی جگہ پر ایسا forum نہ تھا ۔ جہاں کہ عوام کے نمائندوں کی بات سنی جائے ۔ اس وقت صورت حال یہ ھے کہ مرکزی حکومت ۔ صوبائی حکومت اور لوکل گورنمنٹ اور درمیان میں جو ایڈمنسٹریشن ھے وہ سارے کے سارے اب اس صورت میں اکٹھے ھو گئے ھیں ۔ بلکہ اب آفیشیل اور غیر آفیشیل کا کوئی سوال باقی نہیں

رہا ۔ اب صورت حال یہ ہے کہ اگر کہیں کوئی آفیشیل ہے تو وہ آفیشیل آف دی کونسل ہے ۔ اگر کمشنر ہے تو وہ ڈویژنل کونسلوں میں عوام کے نمائندگان کی یا عوام کی طرف سے آئے ہوئے لوگوں کی بات سننے پر مجبور ہے ۔ ان کے مشورے لینے پر مجبور ہے ۔ اگر ڈسٹرکٹ کونسلوں کے چیئرمین ڈپٹی کمشنر ہیں تو وہ بھی عوام کے نمائندوں کی بات سننے پر مجبور ہیں ۔ ایک forum ہے جہاں ان سے سوال کئے جاتے ہیں ۔ جہاں انہیں جواب دینے پڑتے ہیں ۔ میں اپنی قوم کی جرأت سے مایوس نہیں ہوں بلکہ مجھے اس پر فخر ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ میرے دوستوں کو مایوسی ہوئی ہے ۔ کہ ہمارے عوام کے نمائندے جب ان ایوانوں میں بیٹھے ہیں جہاں کوئی افسر گذارش کر رہا ہوتا ہے وہاں وہ کہتے ہیں کہ ان کو بات کرنے کی جرأت نہیں ہوتی ۔ خدا کے لئے مجھ پر تو اعتراض کیجئے لیکن قوم کی مجموعی طور پر توہین نہ کیجئے ۔ ایسی بات جب قوم میں موجود نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ قوم میں یہ بات موجود ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اگر ہے تو وہ یہاں بالکل اقلیت میں ہیں ۔ بس یہ سمجھ لیجئے کہ ۱۵۵ آدمیوں میں ۵ آدمی یا ۶ آدمی ایسے ہو سکتے ہیں جو یہاں جرأت نہ کریں لیکن اکثریت بہر حال اس بات کی جرأت کرتی ہے اور اس بات سے صحیح طور پر فائدہ پہنچا ہے ۔ اب میونسپل کمیٹیوں کی بھی یہ صورت ہے ۔ یہ دوسرا level اور دوسرا tier بنیادی جمہوریت کا شہروں میں ہے ۔ اس سے پیشتر جو ان میں نقائص تھے وہ دور کئے جا رہے ہیں ۔ ہم کہتے ہیں

کہ ہم تجربات کرتے ہیں ۔ قوم کی خدمت اور فائدے کے لئے نئی نئی چیزیں لاتے ہیں ۔ اگر عملاً کسی جگہ غلطی ہو گئی ہے تو ہم ہمیشہ اسکی اصلاح کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ ہم کبھی اعلان نہیں کرتے ہیں کہ ہم فرشتے ہیں ۔ نہ ہم کبھی اس چیز کا اعلان کرتے ہیں کہ ہم سے غلطی سر زد نہیں ہو سکتی ہے ۔ لیکن ہمارا جو بنیادی جذبہ ہے جس کے تحت ہم خدمت کر رہے ہیں ۔ اور عوام میں یہ ساری چیزیں لا رہے ہیں اس میں اگر کوئی عملاً دقت ہوتی ہے تو ہم اس کو فوراً دور کر دیتے ہیں ۔ یہ بل بھی اسی چیز کی دلیل ہے ۔ جب ہم نے دیکھا کہ کئی جگہ یا بڑے شہروں میں ۳۰ کی تعداد مقرر کر دی گئی ہے ۔ اس سے عوام کے نمائندوں کو ایسے مطالبات میونسپل کمیٹیوں کے لیول پر پیش کرنے میں دقت ہوتی ہے تو ہم نے اس حد کو ختم کر دیا۔ اور جب ہم نے محسوس کیا کہ وائس چیئرمین کے انتخاب میں آفیشیل ممبران کو یا appointed ممبران کو ووٹ دینا مناسب نہیں ہے ۔ تو ہم اس بات کو ختم کرنے کے لئے یہ بل لائے ہیں ۔ جب ہم نے دیکھا کہ غیر منتخب شدہ کو اور نان آفیشیل کو نامزد کرنا مناسب نہیں ہے تو ہم نے اس نامزدگی کو اس بل کے ذریعہ سے ختم کر دیا ہے ۔ ہم نے جن چیزوں میں مناسب ترمیم دیکھی ہے یا عوام کے مفاد میں جن چیزوں کو دیکھا ہے ہم نے ان سے کبھی احتراز نہیں کیا ہے ۔ لیکن عملی تجربہ سے یہ بات ثابت ہوئی ہے ۔ اس بات کو نہ بھولئے کہ یہ انتخابات جیسے آپ کہتے ہیں کہ یونین کمیٹی کا چیئرمین میونسپل کمیٹی کا ممبر بنے گا ۔ تو یہ بلاواسطہ انتخابات ہیں ۔ میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں کہ بلا واسطہ انتخابات یہی ہیں ۔ آپ کن جھمیلوں

میں پھنس گئے ہیں ۔ آپ کن فلسفوں میں پھنس گئے ہیں ۔ اس کے لئے غیروں کے دلائل لاتے ہیں ۔ ان لوگوں کی باتیں کرتے ہیں جن لوگوں کا اس ملک میں ادارے چلانے کا منشاء اور تھا ۔ ان کے مفادات اور تھے ۔ ان کے مقاصد اور تھے ۔ پھر بھی ان لوگوں کی باتیں آپ اصول کے طور پر پیش کرتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں) آپ کے ذہن میں اگر کسی حیثیت سے یہ احساس کمتری ہے کہ بڑے صاحب کا جہاں کہیں نام لیا جائے تو اس کو آپ بڑا آدمی تصور کرتے ہیں تو یہ آپ کی مرضی ہے یا اس صاحب کی اپنی مرضی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ بڑے صاحب جو ان لوگوں کے ماتحت تھے جو کسی اور ملک میں رہتے تھے ۔ جن کے مفادات انگلستان میں تھے ۔ جو اس ملک کو اپنا ماتحت رکھنا چاہتے تھے ۔ ان کے بڑے صاحب میں اور ان کے مفادات میں زمین اور آسمان کا فرق تھا ۔ آج اس ملک کا صدر سارے عوام کا نمائندہ ہے اور وہ منتخب شدہ شخص ہے ۔ اس کے ماتحت آپ کے ادارے بھی منتخب شدہ ہیں ۔ اور آج آپ کے ملک کا مفاد آپ کے ملک کے اندر ہے ۔ آپ کے ملک کے صدر کو عوام کی مرضی کے ساتھ حکومت کرنی ہے ۔ اس لئے آپ جب اپنی بحث کو کسی دلیل کی انتہائی حد تک لے جائیں تو اس وقت بھی اس بات کو ماننا پڑتا ہے کہ آج کے افسر ۔ میں ۔ آج کی ایڈمنسٹریشن میں ۔ آج کی حکومت کے منشا میں اور اس وقت کے افسر میں ۔ اس وقت کی ایڈمنسٹریشن میں اور اس وقت کی حکومت میں بڑا فرق ہے ۔ اور نیتوں میں بھی فرق ہے اور بہت زیادہ فرق ہے ۔ آج یہاں عوام کی خدمت کا جذبہ ہے ۔ عوام کو آگے لے جانے کا جذبہ ہے ۔ قوم کو اونچا لے جانے کا جذبہ ہے ۔ جس کے تحت آج یہ ساری چیزیں کی

جا رہی ہیں ۔ دل سے تو آپ جانتے ہیں جس طرح دبی زبان میں کئی دفعہ اقرار بھی کیا ہے ۔ مگر دقت صرف یہ ہے ۔ کہ دل تو آپ کا کہتا ہے کہ مانو ۔ لیکن زبان کہتی ہے کہ نہ مانو ۔ اب جناب والا ۔ یونین کمیٹیوں کے جو انتخابات ہوئے ہیں ان میں بلاواسطہ ممبران منتخب ہوئے ہیں ۔ ان کا چیئرمین ہے ۔ اس نے مقامی مسائل کی طرف بھی سوچنا ہے ۔ ہم ان یونین کمیٹیوں کو پہلے سے زیادہ موثر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ پھر اس کمیٹی اور ہر یونین کمیٹی کے چیئرمین نے اپنے علاقے کے مسائل بھی اور باقی شہر کے مسائل کے بارے میں بھی سوچنا ہے ۔ اور بغیر کسی انتخاب کے میونسپل کمیٹی کا بطور چیئرمین یونین کمیٹی ممبر بن جاتا ہے ۔ اس میں قطعاً کسی قسم کی کوئی چیز نہیں ہے جس کے متعلق میرے دوستوں نے ذکر کیا ہے ۔ صرف ذرا سوچنے کی بات ہے ۔ اور سوچئے بھی غیر جانبدارانہ سوچئے ۔ اختلاف کرنے کی غرض سے نہ سوچئے ۔

اب جناب والا انہوں نے آفیشیل ممبران کی نامزدگی پر اعتراض فرمایا ہے ۔ میں اس کے متعلق ایک چھوٹی سی بات کروں گا ۔ آپ لاہور کی مثال لے لیجئے ۔ ہمارا منشاء یہ ہے کہ یہاں اگر یونین کمیٹیاں ۶۰ ہیں ۔ تو ۶۰ یونین کمیٹیوں کے چیئرمین بھی میونسپل کمیٹی ممبر بن جائیں ۔ اس حیثیت سے جو ہم نے special interest کو جگہ دینی ہے وہ ۶ ممبر ہو جائیں گے ۔ ہمارا خیال جو ہے وہ یہ ہے کہ آفیشیل ممبران کو نامزد کیا جائے اور وہ ۹ ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اگر آپ کا خیال ہے تو کاغذوں پر لکھ

دیجئے ۔ میں خوش ہونگا ۔ آپ اس کو amend کر لیجئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اس میں ہم نے زیادہ سے زیادہ نمائندگی دی ہے ۔ زیادہ سے زیادہ جتنے ممبران elected ہونگے ان کا نصف دیا جا سکتا ہے گویا جو تعداد ہو گی وہ منتخب شدہ ممبران کی آدھی تعداد سے اوپر نہیں ہو سکتی ۔ اور گویا میونسپل کمیٹیوں میں منتخب ارکان کی تعداد ہمیشہ دگنی سے زیادہ رہے گی ۔ پھر اس کے علاوہ ہماری یہ کوشش ہوتی ہے کہ جتنی ضرورت ہے اتنے لئے جائیں ۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ آخری حد تک پہنچ جائیں ۔ وہاں کن لوگوں کو نامزد کیا جاتا ہے ۔ محکمہ تعلیم کے نمائندوں کو وہاں کن لوگوں کو نامزد کیا جاتا ہے محکمہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کے نمائندوں کو تا کہ وہ ایوان میں بیٹھیں اور ممبران سے پوچھ سکیں کہ فلاں سڑک اتنی جلد کیوں خراب ہو گئی ہے ۔ فلاں جگہ پر جو چیز ہے اس کو ٹھیک کیوں نہیں کیا گیا ۔ فلاں جگہ جو سکول کی ضرورت ہے اسکو کیوں نہیں دیا ۔ فلاں جگہ استاد کیوں نہیں پہنچا ہے ۔ یہ اس لئے کہا گیا ہے تا کہ یہ تمام چیزیں ہو سکیں ۔ افسر اب کون ہیں ۔ آج کے افسر میں اور اس وقت کے افسر میں بہت فرق ہے ۔ اس وقت کے افسر کے صحیح بنیادی فرائض جو تھے وہ یہ تھے کہ وہ اس وقت کی انگریز کی حکومت کا تابعدار رہ کر اسے کامیاب بنائے ۔ لیکن آج کے افسر کا یہ فرض ہے ۔ کہ وہ ملک کو ترقی دینے کیلئے جو اس کے افسرانہ فرائض ہیں ان کو بھی سر انجام دے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو حاکم نہ سمجھے ۔ جہاں تک عوام کے نمائندوں کی منتخب شدہ حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنے کا تعلق ہے ۔ یہ غیر ملکی حکومت کے ہاتھ مضبوط کرنے سے

بالکل مختلف ہے اس کا مطلب ہے کہ آپ اس حکومت کو مضبوط کر کے یا اسکے صدر کے ہاتھ مضبوط کر کے دس کروڑ پاکستانیوں کے ہاتھوں کو مضبوط بنا رہے ہیں (خوب ۔ خوب) ۔ کیونکہ صدر کو دس کروڑ پاکستانیوں کی تائید و حمایت حاصل ہے لہذا اگر آپ اس حکومت کے افسروں کے ہاتھ مضبوط کریں گے تو لامحالہ آپ اپنے عوام کے نمائندوں کی حمایت کر رہے ہونگے ۔ اور دس کروڑ پاکستانیوں کی مدد کر رہے ہونگے اور یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ اگر ملک کی اکثریت نے کسی کو صدر بنایا ہے تو اس کی خدمات کو دیکھکر بنایا ہے ۔ اس نے ضرور کچھ کر کے دکھایا ہو گا ۔ اور اس سے یہ امید بھی وابستہ ہو گی کہ وہ آئندہ بھی کچھ کر کے دکھائیگا اور وہ اس ملک کو آگے لے جانا چاہتا ہے اور یہ ملک اس کی قیادت میں ترقی کی منزل کی طرف تیزی سے گامزن ہو رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میونسپل ایکٹ کی ترمیم کے بل کے سلسلے میں نان آفشیل چیئرمینوں کے بارے میں آپوزیشن کا ۱۸۶۰ کی پرانی کتابوں سے کوئی کوئی فقرہ چن کر یہاں پڑھ دینا اور اس کا سہارا لینا ظاہر کر رہا ہے کہ انکا cause بہت کمزور ہے آپ جانتے ہیں کہ جب کسی وکیل کا cause کمزور ہو تو وہ لمبی چوڑی تقریر کر کے ادھر ادھر کے حوالوں کی بھرمار کر دیتا ہے۔

جناب والا ۔ آپوزیشن کا بنیادی تصور افسروں کے متعلق بھی صحیح نہیں ہے ۔ دور غلامی کے افسر جو غیر ملکی حکومت کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے کام کرتے تھے وہ اب ختم ہو چکے اب اپنی حکومت ہے

.ور عوام کی نمائندہ حکومت کی پالیسی پر عمل پیرا ہونے والا افسر قوم اور ملک کی خدمت کر رہا ہے ۔ اسکی قدر کرنی چاہیئے ۔ ۱۹۳۱ء میں بھی میونسپل اداروں کے لئے ایگزیٹو افسروں کا بل پیش کیا گیا تھا ۔ اور اس سے مقصد یہی تھا کہ سرکاری افسروں کی نگرانی میں میونسپلٹی کی کارکردگی بہتر ہو جاتی ہے اور اگر ایسا سرکاری کنٹرول نہ ہو تو کارکردگی کا معیار گر جاتا ہے ۔ اب ہم آفیشل چیئرمین اس غرض سے رکھ رہے ہیں تا کہ میونسپل ادارے عمدگی کار کا بہتر نمونہ پیش کر سکیں اور میونسپل کمشنران ذاتی جھگڑوں میں نہ الجھے رہیں ۔

جناب والا ۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیئے ۔ کہ کارکردگی کے لئے سب سے ضروری چیز کسی ادارے کا استحکام ہے اگر استحکام نہیں تو کام بھی کچھ نہیں ہو سکتا استحکام عمدگی کار کے لئے اولین شرط ہے ورنہ کام کی رفتار سست پڑ جاتی ہے ۔ اور الجھنیں پیدا ہو جاتی ہیں ۔ اب اس ضمن میں خواجہ محمد صفدر کے شہر سیالکوٹ کی مثال ہی لے لیجئے اگر خواجہ صاحب شکایت کریں کہ وہاں آفیشل چیئرمین اچھا کام نہیں کر رہا تو ہم انکی شکایت کی بنا پر آفیشل چیئرمین کو وہاں سے تبدیل کر سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ اسی لئے انتخاب میں ڈی ۔ سی سیالکوٹ کو تبدیل کر دیا گیا تھا ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ میں میونسپل ایڈمنسٹریشن کی بات کر رہا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نے صدارتی انتخاب کا حوالہ دیا ہے

وزیر لوکل گورنمنٹ - یہ آپ کی غلط فہمی ہے -

مسٹر حمزہ - اسی لئے آپ نے خوش ہو کر اس ڈی - سی کو سیالکوٹ سے بدل کر خاران بھیج دیا تھا ؟

وزیر لوکل گورنمنٹ - جناب والا - ایڈمنسٹریشن کمزور ہو تو میونسپل اداروں کی آمدنی کم ہو جاتی ہے - چنانچہ ہمارے آفیشل چیئرمین کی نگرانی میں لاہور کی آمدنی ۹۱،۳۱،۳۰۹ سے بڑھ کر ایک کروڑ ۸۰ لاکھ روپے ہو گئی ہے -

وزیر خزانہ - آمدنی دوگنی ہو گئی ہے -

وزیر لوکل گورنمنٹ - جی ہاں آمدنی تقریباً دوگنی ہوگئی ہے - پھر جناب والا - نامزد چیئرمین صرف ہمارے ملک میں ہی نہیں بلکہ دوسرے ممالک میں بھی ہیں یہاں یہ اقدام موثر ثابت ہوا ہے -

مسٹر حمزہ - دنیا کے اور کس ملک میں نامزد چیئرمن ہوتے ہیں -

وزیر لوکل گورنمنٹ - میں آپ کے ملک روس کی بات نہیں کرونگا- بلکہ ہالینڈ، بلجئیم، برازیل اور ارجنٹائن جیسے ممالک کے میونسپل اداروں میں سرکاری طور پر نامزد چیئرمین کام کرتے ہیں -

Khawaja Muhammad Safdar : No, no, for God's sake do not mention them.

وزیر لوکل گورنمنٹ - اس کے علاوہ جناب والا - ہم نے وائس

چیئرمین کے انتخاب میں صرف منتخب شدہ ارکان کو ووٹ دینے کا حق دیا ہے اب جناب والا مجھے کسی لمبی چوڑی تقریر کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا میں عرض کرونگا ۔ کہ اس زیر غور ترمیم کو مسترد کیا جائے اور اصل کلاز کو منظور کیا جائے ۔

Mr. Speaker : The question is :

That in clause 4, in para (b) of the proposed section 9 of the Municipal Administration Ordinance, 1960, for the semi-colon and the word "and", occurring in line 4, a full-stop be substituted and para (c) occurring thereafter be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 4 as amended, stand part of the Bill.

The motion was carried.

(*Caluse 5*)

Minister of Local Government : Clause 5 there is no amendment.

Mr. Speaker : I know there is no amendment. But I want to seek one clarification from the Minister and that is, that in Section 10 of the original Ordinance (will you refer to Section 10 of the Original Ordinance) there is sub-section (2) which says that the Chairman shall be an official member and shall be so regarded for the purposes of sub-section (2) of section 9. Now, there would be no sub-section (2) of section 9 as Section 9 has been completely substituted except clause (c). In that case this clause should have been amended in your amending Bill.

Minister of Local Government : That is right sir. Can we do something now.

Khawaja Muhammad Safdar : He may be allowed to bring an amendment just now.

مسٹر حمزہ ۔ اس بل کو اس stage پر اگر Standing Committee

کے پاس بھیج دیا جائے تو مناسب ہوگا تاکہ اسکی تمام خامیاں دور ہو جائیں -

Mr. Speaker: The Minister may move an amendment if he wants to move it.

Minister of Local Government: About this section, Khawaja Sahib has moved an amendment of a new clause, to which I was going to raise a legal question, which perhaps I will not raise now. By that time this amendment will be there.

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب کی کونسی ہے ؟

خواجہ محمد صفدر - یہ جناب اسی کلاز نمبر ۱۰ میں ہی آ جائیگی -

Minister of Local Government: His amendment is "that after clause 5, the following new clause be added as clause 5-A,.....". By that he wants to amend the whole of section 10.

Mr. Speaker: The Minister means to say that we should take it up after this clause 9 (a).

Minister of Local Government: Yes Sir. Khawaja Sahib is moving an amendment after that.

Mr. Speaker: That stage would be reached within a few moments because there is no amendment to clause 9 (a).

Minister of Local Government: But there is an amendment to clause 5, and after Khawaja Sahib has moved his amendment and spoken on that, by that time we will have the amendment.

Mr. Speaker: There is no amendment to clause 5. I will, therefore, put clause 5 to the vote of the House. The question is—

That clause 5 stand part of the Bill.

The motion was carried

(New Clause)

Mr. Speaker: There is an amendment of Khawaja Muhammad Safdar suggesting a new clause. Please move that.

Khawaja Muhammad Safdar: Sir I beg to move —

That after clause 5, the following new clause be added as clause 5-A, namely :—

"5-A. In the said Ordinance, for section 10, the following section shall be substituted, namely :—

"10. Chairman.—(1) The elected members of every Municipal Committee shall elect from amongst themselves a person to be the Chairman of the Municipal Committee.

(2) Subject to the provisions of sub-section (3) the term of office of a Chairman shall be five years or the residue of his term of office as member, whichever is less.

(3) A Chairman shall vacate office if a vote of non-confidence is passed against him in the prescribed manner by a majority of two-third of the total number of members.".

Mr. Speaker : Motion moved is :

That after clause 5, the following new clause be added as clause 5-A, namely :—

"5-A. In the said Ordinance, for section 10, the following section shall be substituted, namely :—

"10. Chairman—(1) The elected members of every Municipal Committee shall elect from amongst themselves a person to be the Chairman of the Municipal Committee.

(2) Subject to the provisions of sub-section (3) the term of office of a Chairman shall be five years or the residue of his term of office as member, whichever is less.

(3) A Chairman shall vacate office if a vote of no-confidence is passed against him in the prescribed manner by a majority of two-third of the total number of members.".

Minister of Local Government: Opposed Sir.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔ ۱) ۔ جناب والا ۔ وزیر بلدیات نے یہ تسلیم فرمایا ہے کہ میونسپل اداروں کو جمہوریت کے قریب تر لانے کی کوشش کی جا رہی ہے ۔ اور اس کوشش کی پہلی کڑی یہ بل ہے۔ جب اس اصول کو تسلیم کر لیا جائے کہ ہمیں اپنے بلدیاتی اداروں میں جمہوریت کی ضرورت ہے جو ہمارے لئے مفید ہے اور ہمارے مسائل کا حل اسی میں ہے ۔ تو میں کوئی وجہ نہیں سمجھتا کہ محترم وزیر بلدیات اس

بات پر کیوں اصرار کرتے ھیں کہ ایک ڈپٹی کمشنر یا حکومت کا کوئی افسر کسی میونسپل کمیٹی کا چیئرمین ھو ۔

جناب والا ۔ اس وقت صورت حال یہ ھے کہ ھمارے ھاں دو قسم کی میونسپل کمیٹیاں ھیں۔ ایک Class I اور دوسری Class II ۔ ان Class I میونسپل کمیٹیوں کیلئے عمومی طور پر کسی سرکاری افسر کو کلیتاً ھمہ وقتی طور پر چیئرمین مقرر کر دیا جاتا ھے ۔ لیکن سیالکوٹ جیسی باقی میونسپل کمیٹیوں کے تا حال ڈپٹی کمشنر ھی چیئرمین ھوا کرتے تھے ۔ اور ان سے چھوٹی کمیٹیوں کے جیسا کہ کل میرے محترم دوست اور ساتھی حمزہ صاحب نے فرمایا ۔ کسی جگہ SDM ۔ کسی جگہ SDO اور کسی جگہ میجسٹریٹ چیئرمین تھے اور اب بھی ھیں ۔

اب آپ ھی غور فرمائیں کہ ایک ڈپٹی کمشنر جسے میونسپل کمیٹی کا چیئرمین بننے کا شرف حاصل ھو ۔ جسے ڈسٹرکٹ کونسل کا چیئرمین بننے کا بھی شرف حاصل ھو ۔ وہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بھی ھو ۔ ڈپٹی کمشنر بھی ھو ۔ کلکٹر اور رجسٹرار بھی ھو ۔ غرض وہ ضلعے کی سطح پر ھر ایک کمیٹی کا چیئرمین ھو۔ یہاں تک کہ حال ھی میں مصنوعی کھاد تقسیم کرنے کے لئے جو کمیٹیاں بنائی گئی ھیں ۔ ان سب کا چیئرمین بھی ڈپٹی کمشنر ھو گا ۔ یعنی ڈپٹی کمشنر کو ایک اچھا خاصا امرت دھارا بنا دیا گیا ھے ۔ یوں سمجھئے کہ اگر کسی کو سر درد ھے ۔ تو اسی دوائی کی ضرورت ھوگی ۔ اگر پیٹ میں درد ھے ۔ تو بھی یہی دوائی چاھیئے ھوگی ۔ اور اگر کسی مریض کو تپ دق ھو گیا ھے ۔ تو پھر بھی یہی دوائی دی جا رھی ھے ۔ میری سمجھ میں

نہیں آتا کہ آخر ڈپٹی کمشنر اتنا وقت کہاں سے لائیگا ۔ وہ کونسی energy اور قوت عمل لائیگا جس کے ذریعے وہ اپنے گونا گوں اور پیچ در پیچ قسم کے فرائض سر انجام دے سکے گا ۔

جناب والا ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے District Heads اور ہماری حکومت اپنی موجودہ centralisation کی پالیسی کی بنا پر عوام کو اعتماد میں نہیں لے رہی ۔ وہ اسی بنا پر عوام کو بیگانہ سمجھتے ہیں ۔ میرے محترم دوست وزیر بلدیات نے بتایا ہے کہ یہ عوام ہمارے افسروں کے اپنے ہیں اور افسر عوام کے ہیں ۔ لیکن انکی موجودہ پالیسی اس کے بالکل برعکس ہے ۔ یہ عوام کو بالکل بیگانہ سمجھتے ہیں ۔ یہ اپنے آپ کو اس ملک کا حاکم اور عوام کو محکوم سمجھتے ہیں ۔ میرے نزدیک تو انگریز میں بھی وہ رعونت نہ تھی ۔ اس کے دماغ میں بھی حکومت کی وہ بو نہ تھی جو آجکل ہماری حکومت کے ان حکمرانوں میں پائی جاتی ہے ۔ اور جس کا اظہار یہ وقتاً فوقتاً کرتے رہتے ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ یہ بات تو خواہ مخواہ ہی خواجہ صاحب کے ذہن میں بیٹھ گئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب ۔ میں یہ حقیقت بیان کر رہا ہوں ۔ اور حقیقت عام طور پر کڑوی ہوتی ہے ۔ آج اس سے کسی شخص کو بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ اس ملک کے دس کروڑ انسان اس حکومت کے محض اس بنا پر خلاف ہیں کہ یہ حکمران اپنے آپ کو ہم میں سے تصور نہیں کرتے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ گذشتہ انتخابات پہلے ہی سب کچھ ثابت کر چکے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میرے دوست بار بار مجھے انتخابات یاد دلا رہے ہیں ۔ یہ کیوں ہمارا منہ کھلواتے ہیں ۔ انتخابات میں جو کچھ ہوا ۔ وہ آپکو بھی معلوم ہے ۔ ہمیں بھی معلوم ہے ۔ اس ملک کے دس کروڑ انسانوں کو بھی معلوم ہے ۔ بلکہ ساری دنیا کو معلوم ہے ۔ اگر انتخابات ایسے ہی تھے تو مجھ جیسے غریب کارکن کو Press and Publication Ordinance کے تحت یہ حکم کیوں دیا گیا ہے کہ انتخابات کے متعلق کسی قسم کی کوئی چیز شائع نہ کی جائے ۔ یہ نوٹس مجھ جیسے کمزور اور چھوٹے سیاسی کارکن کو بھی تیسری بار دیا گیا ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ ہمارے محکمہ کی طرف سے ایسا کوئی حکم جاری نہیں کیا گیا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ میرے خلاف ایسا کوئی حکم نہیں ہے ۔ تو وہ اسے واپس لے لیں ۔ میں آپ کو وہ سب باتیں شائع کر کے دکھا دیتا ہوں (قطع کلامیاں اور شور) یہ حکم مجھے Press and Publication Ordinance کے تحت دیا گیا ہے ۔ اور میں اس کے متعلق یہاں صرف بتانا ہی چاہتا تھا ۔

Mr. Speaker : The Minister says that no orders have been issued by the Basic Democracies Department.

خواجہ محمد صفدر ۔ Under the seal of the Home Secretary Maintenance of Public Order Ordinance کے ذریعے تیسری بار تو مجھے یہ حکم مل چکا ہے ۔ صدارتی انتخابات تو جو کچھ ہوئے سو ہوئے ۔ بہر صورت یہ بات زیر بحث نہیں ہے ۔ میں آپکے سامنے بار بار اس بات پر اس لئے زور دے رہا ہوں کہ کسی ادارے کو جمہوری ادارہ اس وقت تک کہا ہی نہیں جا سکتا جب تک اس کا چیئرمین سرکاری افسر ہو ۔ اس ادارے کا یہ نام ہی نہیں رکھا جا سکتا اور نہ ہی وہ جمہوریت کی تعریف میں آ سکتا ہے ۔ کل بھی اسی موضوع پر بہت سی باتیں ہوئی ہیں ۔ اور ابھی میرے ایک دوست نے اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ ان اداروں کے چیئرمین جو سرکاری افسر مقرر ہوتے ہیں ۔ وہ جب بطور چیئرمین بیٹھتے ہیں تو وہ عوام کے نمائندوں اور خدمتگار کی حیثیت سے بیٹھتے ہیں جناب والا یہ صورت ایسی ہے کہ جو کچھ وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے شاید میں باور کر لیتا اور دل میں درست سمجھتا ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ آپ باور کیجئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وزیر مال صاحب ارشاد فرما رہے ہیں کہ باور کر لوں لیکن میں عرض کردوں کہ ایسے باور نہیں کیا جا سکتا ۔ اگر وہ ناراض نہ ہوں تو میں سیالکوٹ کی میونسپل کمیٹی کے متعلق عرض کروں ۔ وہاں کا چیئرمین سرکاری آدمی ہے ۔ تقریباً ڈیڑھ ماہ سے میں وہاں نہیں گیا ۔ معلوم نہیں کہ وہ وہاں ہیں یا نہیں ۔ شاید چلے گئے ہیں یا وہیں ہیں مجھے معلوم نہیں ۔ وہ ایک پرانے ریٹائرڈ افسر ہیں ۔ ایک

سال ہوا وہاں تشریف لائے ۔ وہاں جا کر انہوں نے کیا کیا ۔ کوئی مکان یا بنگلہ یا کوئی کوٹھی تو حاصل نہیں کی البتہ میونسپل کمیٹی کے باغ پر جسے گلستان فاطمہ کہتے ہیں قبضہ کر لیا ۔ اس باغ میں ایک pavilion تھا ۔ انہوں نے اس پر قبضہ کر لیا ۔ اور اپنی رہائش گاہ بنا لی ۔ وہاں کے مالی اور دوسرے نوکروں کو کہہ دیا کہ پبلک کے کسی آدمی کو وہاں نہ آنے دیا جائے ۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی اس رہائش گاہ پر ۴۵ ہزار روپیہ صرف کیا ۔ چونکہ وہ اتنی رقم ایک ہی بار خرچ نہیں کر سکتے تھے ان کو صرف پانچ ہزار تک خرچ کرنے کا اختیار تھا اس لئے اس نصف لاکھ کی رقم کو نو یا دس حصوں میں تقسیم کر کے ہر رقم کو پانچ ہزار سے کم بنا دیا ۔ چونکہ وہاں پہلے کوئی گیراج یا باورچی خانہ یا سرونٹ کوارٹرز نہیں تھے اور نہ ہی کوئی boundary wall تھی وہ سب انہوں نے اسی طرح بنوا لئے ۔ اور باغ کی اس pavilion کو اپنی رہائش گاہ میں تبدیل کر دیا ۔ جس پر تقریباً نصف لاکھ روپیہ خرچ آیا ہے مگر کسی نے پوچھا تک نہیں ۔ میں یہ صرف انفارمیشن کے طور پر عرض کر رہا ہوں ۔ ممبران کی جرات کا اندازہ کیجئے ان ممبران کی جن کے متعلق آپ کہتے ہیں کہ وہ جرات رکھتے ہیں ۔ ان کی حالت یہ ہے کہ انہوں نے چیئرمین سے اتنا بھی دریافت نہیں کیا کہ آپ نے دس گیارہ estimate کیوں بنائے ہیں ۔ یہ تو پبلک کی جگہ ہے اور آپ اس پر براجمان ہو گئے ہیں ۔ وہاں کے چیئرمین کی حالت تو یہ ہے ۔ اسی طرح ہر جگہ یہی حالت ہے ۔ اگر یہ چیئرمین صاحب کہیں ضلع سیالکوٹ سے

ہوتے تو ان کی بوٹیاں نوچ لی جاتیں ۔ اور وہ کبھی ایسی حرکت نہ کر سکتے ۔ اصل میں یہ لوگ عوام کے سامنے جوابدہ نہیں ہیں یہ لوگ صرف حکومت کے سامنے جواب دہ ہیں ۔ میرے دوست وزیر صاحب کو تو شاید اس بات کا علم بھی نہ ہو ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ اس وقت آپ یہ بات میرے نوٹس میں لائے ہیں ۔ اب میں ایکشن لوں گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ اس کو سال چھ ماہ گذر چکے ہیں اور تعجب ہے ابھی تک آپ کو اس کا علم نہیں ہے ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ ایک شخص اتنی چیزوں کا علم کیسے رکھ سکتا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ ان کی بےخبری کا تو یہ عالم ہے ۔ میں اس کا ذکر کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن مجبوراً ان کے اصرار پر مجھے عرض کرنا پڑا ۔

جناب والا ۔ پھر یہ کہا گیا ہے کہ سرکاری افسران زیادہ efficient ہوتے ہیں ۔ وہ بھی تو عوام کے نمائندے ہیں اب آپ دیکھ لیجئے کہ یہ چیئرمین کس طرح عوام کے نمائندے ہیں اور ان کے کس قدر خیر خواہ ہیں ۔ اس وقت میں نے جن کی مثال دی ہے شاید کسی اور وقت ان کا ذکر کرتا ۔ اب آپ جیسا چاہیں اس معاملہ کو درست کر لیں ۔

جناب والا چیئرمین کی تو یہ حالت ہے جن کی مدح سرائی میں ابھی

ایک لمبا چوڑا قصیدہ جناب وزیر بلدیات نے پڑھا ہے ۔ ان کی مدح سرائی کے بعد میں زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ لیکن اس بات پر زور دوں گا کہ جب تک یہ چیئرمین بلدیاتی اداروں میں رہیں گے یہ ادارے جمہوری ادارے نہیں کہلا سکتے ۔ جب تک یہ رہیں گے اپنی من مانی کریں گے ۔ میونسپل کمیٹی کے فنڈز کو اپنی ذاتی اغراض کے لئے خرچ کریں گے اور عوام کی ان کو کوئی پرواہ نہیں ہو گی ۔ کیونکہ یہ عوام کے سامنے جواب دہ نہیں ہیں ۔ اس لئے میونسپل کمیٹی کے منتخب ممبروں میں سے ہی چیئرمین کا انتخاب ہونا چاہئے ۔ وہ عوام کے نمائندہ ہوں گے اور عوام کو حق ہوگا کہ ان سے پوچھ گچھ کر سکیں ۔ اور پھر سال کے بعد آپ کو یہ نہیں کہنا پڑیگا کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ــ مسٹر حمزہ ۔

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔ ٦) ۔ جناب سپیکر ۔ ابھی تھوڑا عرصہ گذرا جناب وزیر بلدیات نے بنیادی جمہوریت کی مدح میں فرمایا تھا کہ اب وہ عوام کے نمائندوں کو زیادہ اعتماد میں لیتے ہیں ۔ اور یہ نمائندگان میونسپل کمیٹیوں میں موجود ہیں اور یونین کمیٹی یا بنیادی جمہوریت کے تمام ارکان کو بہت اہمیت دی جاتی ہے ۔ اور لوگ میونسپل کمیٹی کے ممبران یا چیئرمین کے پاس بلا جھجک اور بےدھڑک آ جا سکتے ہیں ۔ اور اپنے مسائل کو حل کروا سکتے ہیں ۔ اس سلسلہ میں میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یونین کمیٹی کا چیئرمین بالکل بیکار ۔ بے جان اور بے اختیار السان ہوتا ہے ۔ میونسپل کمیٹی کے ممبر کی حیثیت

سے بھی اسے کوئی اختیار حاصل نہیں ہوتا ۔ اکثر اوقات وہ اپنی رائے کا اظہار بھی نہیں کر سکتا ۔

جناب وزیر صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اب ہمارے افسران حکمران نہیں ہوں گے بلکہ وہ ہمارے بھائی ہوں گے ۔ ان کا ذہن جو انگریز کے زمانہ میں ہوا کرتا تھا اب نہیں ہو گا ۔ لیکن میرے قائد نے جو کچھ فرمایا ہے وہ بالکل ٹھیک ہے ۔ حکمرانی کی بو جو ہمارے افسران کے ذہن میں ہے ایسی تو انگریز کے زمانہ میں بھی دیکھنے سننے یا سونگھنے میں نہیں آتی تھی ۔ ہمارا تلخ تجربہ ہے کہ عوام کو ان پر اعتماد نہیں ۔ پھر آپ ان افسروں کو چیئرمین مقرر کرنے پر کیوں مصر ہیں ۔ جہاں تک کسی عام انسان کے ان تک پہنچنے کا تعلق ہے وہ بڑا مشکل ہے اس لئے وہ عوام کی تکالیف سے بے خبر ہوتے ہیں ۔ عوام کے مسائل اور ان کی تکالیف اور سیالکوٹ کے چیئرمین کے حالات سے بے خبری کے متعلق ابھی ابھی بتایا گیا ہے ۔ میں کہتا ہوں یہ بات صرف سیالکوٹ میں ہی نہیں بلکہ ہر جگہ موجود ہے ۔ میرے علاقہ گوجرہ کی میونسپل کمیٹی کے چیئرمین ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایس ڈی ایم صاحب ہیں ۔ کل ہی جب میں اپنی رہائش گاہ پیلز میں گیا تو وہاں چند اصحاب گوجرہ سے تشریف لائے ہوئے تھے انہوں نے بتایا کہ ان دنوں ایس ڈی ایم صاحب ڈپٹی کمشنر لائل پور کے فرائض بھی انجام دے رہے ہیں ۔ اور ابھی تک وہاں کسی ڈی ۔ سی کی تعیناتی نہیں ہوئی ۔ اب آپ خود ہی اندازہ لگائیں کہ یہ افسران جب اس حد تک مصروف ہوں گے تو سب سے پہلا

اعتراض یہ ہوگا کہ ان کا ذہن ایسا نہیں ہوگا کہ وہ عوام کے مسائل کو سوچ سکیں ۔ پھر عام دوسرے ممبران کا کردار ایسا ہے اور ملک کے موجودہ ماحول میں ان کو اتنی جرات نہیں کہ وہ عوامی مسائل کو پیش کر سکیں یا کسی مسئلہ پر اختلاف رائے کا اظہار کر سکیں یہ ان کے بس کا روگ نہیں ۔ یہ بہت بڑا المیہ ہو گا کہ افسران کو میونسپل کمیٹیوں کے چیئرمین کے فرائض سونپ دئے جائیں ۔ وہ ان میں کسی قسم کی دلچسپی نہیں لیں گے اور ممبران کو جرات نہیں ہو گی ۔ کہ وہ اختلاف رائے کر سکیں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ خود اندازہ لگائیں کہ یونین کمیٹی کا چیئرمین جو میونسپل کمیٹی کا ممبر ہوتا ہے ۔ اور میونسپل کمیٹی کا وہ چیئرمین جو علاقہ کا ایس ۔ ڈی ۔ ایم بھی ہے Colonisation آفیسر بھی ہے فرسٹ کلاس مجسٹریٹ بھی ہے جس سے انہیں چھوٹے موٹے کام ہمیشہ لینے ہوتے ہیں اور ہماری حکومت نے بندوقوں کے لائسنسوں کی لت ڈالدی ہے جن سے انہیں بندوق کے لائسنس بھی لینے ہوتے ہیں ان ممبران میں کیسے یہ جرأت ہو سکتی ہے کہ وہ چیئرمین کو ٹوک سکیں کہ آپ فلاں کام غلط کر رہے ہیں ۔ چونکہ انہیں مسائل سے واقفیت نہیں ہوتی اسلئے اکثر اوقات غلط کام کرتے ہیں ۔ اور منتخب ممبران ان سے اس حد تک مرعوب ہوتے ہیں کہ نقائص کی نشاندھی ان کے سامنے کیا ان کی عدم موجودگی میں بھی نہیں کر سکتے ۔

جناب سپیکر ۔ میں ایک مثال دیتا ہوں ۔ جناب وزیر صاحب یہ فرمائے

ہیں کہ وہ چونکہ اس علاقہ کے رہنے والے نہیں ہوتے تو وہ ہمیشہ غیر جانبدار ہوتے ہیں ۔ میں نے پچھلی اسمبلی کی میعاد کے دوران ایک سوال اس ایوان میں کیا تھا جسکے تحت میں نے یہ مسئلہ پیش کرنے کی کوشش کی تھی کہ ہمارے سابقہ ایس ۔ ڈی ۔ ایم جو کہ چیئرمین تھے جب وہ ٹوبہ ٹیک سنگھ سے تبدیل ہوئے ۔ ٹھیک اسی دن جس دن کہ وہ چارج دے رہے تھے انہوں نے تین چنگی محرروں کا تقرر کر دیا جو مڈل پاس تھے ہماری بہت سی میونسپل کمیٹیوں میں چنگی کے چپڑاسی بھی میٹرک پاس ہیں ۔ بہرحال انہوں نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کرتے ہوئے یہ حرکت کی اور ہماری میونسپل کمیٹی کی بے بسی کا اندازہ لگائیے کہ یہ جان بوجھ کر ایسا کام کر رہے ہیں ان سے کچھ نہ کہہ سکے آپ نے ان ممبران کو وہاں چیئرمین کی مدح سرائی اور خوشامد کے لئے رکھا ہے جو وہ بطریق احسن کر سکتے ہیں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ یہ مدح سرائی تو آپ بھی کر رہے ہیں ۔

مسٹر حمزہ۔میں ان ممبران کے متعلق یہ عرض کر رہا ہوں جن کا یہ کردار ہو آپ ان سے یہ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ اگر جانبدارانہ طریقہ سے اختیارات کا استعمال ہوگا تو وہ کچھ کہہ سکیں گے ۔ جناب سپیکر ۔ میں جناب وزیر بلدیات سے آپ کی وساطت سے یہ پوچھتا ہوں کہ انہوں نے ٹاؤن کمیٹی میں منتخب شدہ چیرمینوں کی گنجائش رکھی ہے کیا ٹاؤن کمیٹیوں کے بنیادی جمہوریت کے ممبر بڑے شہروں کے بنیادی جمہوریت کے ممبروں سے زیادہ تعلیم یافتہ' زیادہ ترقی یافتہ یا زیادہ ذی

شعور ہوتے ہیں ۔ ہونا تو یہ چاہئے کہ بڑے شہروں کے نمائندوں کو زیادہ اہمیت دی جائے انہیں زیادہ اعتماد میں لینا چاہئے لیکن آپ کا رویہ اس کے بالکل خلاف ہے ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری حکومت کا مقصد اس قسم کے قوانین کے نافذ کرنے میں محض ایک ہی تھا کہ اختلاف کی آواز کو ملک کے کسی گوشے سے بھی نہ اٹھنے دیا جائے ۔

وزیر بلدیات ــــ ہم تو یہاں بھی اسکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ــــ اور عملی ثبوت کے طور پر میں آپ کے سامنے جھنگ میونسپل کمیٹی کی مثال پیش کرتا ہوں ۔ جھنگ میونسپل کمیٹی کے وائس چیئرمین اور دوسرے ممبران کی اکثریت حکومت پارٹی کے ساتھ نہیں تھی ۔ ہماری حکومتی پارٹی ان افسروں سے جن کو وہ بطور چیئرمین کے مقرر کرتی ہے یہ توقع رکھتی ہے اور انہیں اس بات پر مجبور کرتی ہے کہ وہ Ring leader کیطرح تمام ممبران کو انگلیوں پر نچائیں اگر وہ افسر جو ایسا قبیح کام اور ایسے گھناؤنے فرائض کی سر انجام دھی میں بلکہ ایسے جرم میں کامیاب نہیں ہوتا تو اسکو سزا یہ دیجاتی ہے کہ اس کو فوری طور پر تبدیل کر دیا جاتا ہے ۔ حال ہی میں صدارتی انتخاب سے چند روز پہلے اے ۔ ڈی ۔ ایم جھنگ کو جو میونسپل کمیٹی کا چیئرمین تھا محض اس بناء پر تبدیل کر دیا گیا کہ اس نے وہاں کے ممبران کو حکومتی پارٹی کے اشاروں پر ناچنے کے لئے کیوں مجبور نہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ ان ممبران کو کیا سزا دی گئی ؟ اس بلدیہ کو توڑ دیا گیا ۔ میں جناب وزیر صاحب سے پوچھتا ہوں جو ایوان میں یہ فرماتے ہیں کہ جو آفیشل ممبران مقرر کئے جاتے ہیں وہ مشورہ دیتے ہیں اور زیادہ تعاون کا ماحول پیدا ہوتا

ہے تا کہ افسران کی موجودگی میں مالی دشواریاں نہیں آتیں ۔ جس دوران میں یہ میونسپل کمیٹی بطور میونسپل کمیٹی کام کرتی رہی یہ افسران وہاں موجود نہ تھے تو کیا مالی دشواری تھی جس کی بناء پر آپ نے میونسپل کمیٹی کو توڑا ۔ اگر کوئی دشواری تھی تو یہ تھی کہ آپ کے کہنے کے مطابق اس میونسپل کمیٹی کے ممبران صدر کے حق میں ووٹ استعمال کرنے کے لئے تیار نہ تھے اور وہاں کے اراکین اور یونین کمیٹیوں کے چیئرمین حکومتی پارٹی کا ساتھ دینے کے لئے تیار نہ تھے ۔ جناب سپیکر ان حالات میں پاکستانی عوام پر ان کا یہ احسان ہو گا (میں احسان اس لئے کہتا ہوں کہ اس وقت یہ عوام کو محکوم بنانے میں کسی حد تک کامیاب ہوگئے ہیں ۔) اگر یہ عوام کو بلدیات میں اپنا چیئرمین منتخب کرنے کی اجازت دیں تو یہ ملک کے مفاد میں ہے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اگر ہماری حکومت نے ڈکٹیٹرانہ روش کو تبدیل نہیں کرنا ہے تو یہ قانون جس صورت میں پیش کیا گیا ہے بلکل ٹھیک ہے ۔ میں ان حالات کے پیش نظر جناب خواجہ صفدر صاحب کی ترمیم کی پر زور حمایت کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور-۲)۔جناب سپیکر ۔ میں خواجہ صاحب کی ترمیم کی تائید کرتا ہوں اور یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ در اصل لوکل باڈیز کا تصور قدرے مختلف ہونا چاہئے جیسا کہ ہم اس وقت اس کو بنیادی جمہوریت کے آرڈر کے تحت سمجھ رہے ہیں۔ لوکل باڈیز مکمل طور پر ایسے ادارے ہونے چاہئیں جو خود مختار ہوں بلکہ وہی term جو اس سے قبل ان اداروں کے متعلق استعمال ہوئی تھی اس کو ہم دھرائیں یعنی

لوکل سیلف گورنمنٹ ۔ آج میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی جمہوری اداروں میں لوکل باڈیز کی جو روح تھی وہ موجود نہیں اور اس تصور کی نفی کرکے رکھ دی گئی ہے جو لوکل سیلف گورنمنٹ کی تھی اور جس کا قیام اس ملک میں ۱۰۰ سال سے زیادہ رہا ۔ میں اس تصور کو آپ کے سامنے پیش کروں گا ۔ آج ایک ڈسٹرکٹ بورڈ جس کو آپ ڈسٹرکٹ کونسل بھی کہہ لیجئے یا ایک ڈویژنل کونسل ۔ جب ایک ڈسٹرکٹ کونسل کی میٹنگ ہو رہی ہو اور اسکا چیئرمین ڈپٹی کمشنر ہو یا جب کسی ڈویژنل کونسل کی میٹنگ ہو رہی ہو اور اسکا چیئرمین ایک کمشنر ہو تو ایسی صورت میں آپ ایک شہری سے یہ کیسے توقع کر سکتے ہیں کہ وہ اس میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر یا کمشنر کے پاس بیٹھ کر اس پر تنقید کر سکتا ہے ۔ اور ایسی صورت میں جبکہ آپ کے Basic Democracies Order میں چیئرمینوں کی تمام نامزدگیاں ڈپٹی کمشنر اور کمشنر کی recommendations پر ہوتی ہیں جب ڈپٹی کمشنر اور کمشنر recommend کر دیتے ہیں تو گورنمنٹ ان کو appoint کر دیتی ہے ۔ مجھے یہ خوشی ہو گی اگر ہمارے وزیر صاحب ان باتوں کو نوٹ کر لیں اور ان کا جواب دینے کی زحمت گوارا فرمائیں ۔ اور مجھے convince کریں کہ وہ شخص جس کو نامزد کرانے میں ڈی ۔ سی کا ہاتھ ہے وہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (قطع کلامی) ۔

Haji Gul Hassan Maagi : I am on a point of order. Now, Sir, here is an amendment regarding 'Chairmen'. The Member is speaking about the nomination of official Chairmen. He should be relevant.

Mr Speaker : The Chairmen would be appointed and nominated by the Government.

Haji Gul Hassan Mangi : If he is nominated then it means that he will remain at a particular place till he completes his tenure. But a Chair-

man can be transferred at any time.

Mr. Speaker : He is an appointed Member.

Haji Gul Hassan Mangi : He is an official member, he will be an appointed member but not nominated. Nominated means that he remains for a fixed period-say ten years-at a particular place. But a Chairman who is an appointed Member can be transferred at any time.

Mr. Speaker : This was not mentioned in your point of order.

ملک محمد اختر - تو جناب والا - میں اس خرابی کو بیان کرتے ہوئے جو سرکاری چیرمینوں کی وجہ سے اور انکی تقرری سے پیدا ہو سکتی ہیں یہ گزارش کر رہا تھا کہ آپ کا یہ جو تصور ہے کہ میونسپل کمیٹیوں میں آفیشل چیرمین ہوں - ڈسٹرکٹ کونسل میں آفیشل چیرمین ہوں - ڈویژنل کونسل کے آفیشل چیرمین ہوں - میں یہ سمجھتا ہوں میں اسے ایک ایسا قدم سمجھتا ہوں جس سے آپ نے اس جمہوریت کو جس کا نام لوکل سیلف گورنمنٹ تھا اسے ختم کر کے رکھ دیا ہے اور میں یہ اندازہ بھی نہیں کر سکتا کہ وہی ممبران جنکی تقرری ڈی سی یا کمشنر صاحبان کی سفارش پر ہوتی ہے وہ ایک ایسے ہاؤس میں جس کی صدارت ڈی سی یا کمشنر صاحب کر رہے ہوں وہ ان پر نکتہ چینی کرنے کی جسارت کریں جناب والا اب مجھے یہ دہرانا ہے کہ ایسے اداروں میں جہاں یہ افسران آپکے ہی تقرر کئے گئے ہوں وہ عوام کو کس طرح صحیح طور پر نمائندگی کریں گے - بلکہ جیسے کہ لاہور میونسپل کارپوریشن یا دیگر میونسپل کمیٹیوں ملتان وغیرہ میں جہاں آپ *ex-officio* اے - ڈی - ایم یا D.Cs. کو appoint کر رہے ہیں تو میری گزارش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ان کی تقرریاں political basis پر ہوتی ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے بد

عنوان افسر جنہوں نے کسی وقت کسی حاکم کو راضی کرنے کے لئے بڑی سے بڑی بدعنوانی کی ہو تو reward کے طور پر آپ ان کی تقرریاں ان اداروں میں کرتے ہیں ۔ جناب والا میں اگلے نقطہ پر جانے سے قبل گذارش کروں گا کہ ہمارے محترم وزیر صاحب نے ابھی اس ہاؤس میں فرمایا کہ لاہور کارپوریشن کی Octroi کی انکم ۹۱ لاکھ روپیہ تھی اور آفیشل چیئرمین کی تقرری سے ایک کروڑ ۸۰ لاکھ روپیہ ہوئی ۔ انہوں نے ایک ایسی بحث کو چھیڑا کہ جس سے وہ بزرگ و محترم اور بڑے لائق فائق ہوتے ہوئے بھی میرے لئے طفل مکتب بن گئے ہیں ۔ جناب والا میں اس کا پس منظر بیان کرتا ہوں ۔

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا وہ بچوں کی سی باتیں کرتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ آپ تو ابھی ابھی وزیر بلدیات بنے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ بچوں جیسی ضد کر رہے ہیں اور کوئی بات نہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ بہرحال میں ان کا احترام کرتا ہوں وہ میرے لئے واجب‌الاحترام ہیں میں نے بیس سال اس کارپوریشن میں گزارے ہیں ۔ ان کے سامنے شائد اس قسم کا نوٹ پیش کر دیا گیا ہو گا ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : The Member does not look to be so senior.

Malik Muhammad Akhtar : That is a fact Sir.

وزیر لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا جو یہ بظاہر نظر آتے ہیں وہ در اصل نہیں ہیں ۔ (قہقہہ)

ملک محمد اختر ۔ تو میں گزارش کر رہا تھا کہ دراصل لاہور کارپوریشن وہ بدنصیب ادارہ ہے جہاں پر ہمیشہ ہی ایگزیکٹیو افسران

آفیشل تھے اور آج جو چیرمین ہے وہ بھی آفیشل ہے ۔ اگر کسی وقت انکم کا leakage ہوا تو اس کے یہی آفیشلز ذمہ دار تھے ۔ میں کہتا ہوں کہ اس وقت بھی کافی leakage ہے اور اس کے ذمہدار آپ کے آفیشل چیرمین ہیں جناب والا دراصل بات اس طرح سے ہے کہ جب مارشل لا کا نفاذ ہوا تو وہ leakage جو ہوا کرتی تھی وہ نہ ہوئی اور Octroi کی انکم یک لخت ۸۰ لاکھ روپیہ سے ۹۸ لاکھ روپیہ کے یا اس کے لگ بھگ ہو گی ۔ جب بی ڈی کا نظام نافذ کیا گیا اور میں سن ۱۹۶۰ میں لاہور کارپوریشن میں منتخب ہو کر آیا تو اس وقت ہم نے اندازہ کیا نہ صرف Octroi میں leakage ہے بلکہ آبادی کی increase اور صنعتی انقلاب کی وجہ سے ہر سال انکم کا بڑھنا ضروری ہے ۔ اس کے بعد آپ کے آفیشل چیرمینوں نے یہ طریقہ کار اختیار کیا کہ وہ دو چار پانچ لاکھ کی proposals دے دیتے تھے یعنی ہر سال انکم کے increase کا اور octroi کی انکم میں اتنا اضافہ ان کے ذہن کے مطابق ہونا چاہیئے تھا لیکن ہم جو پرانے ممبر تھے ہم یہ سمجھتے تھے کہ اس آفیشل چیرمین نے leakage کی گنجائش رکھی ہے ۔ اس نے اپنے لئے حصہ رکھا ہوا ہے کہ یہ increase ہونے کے بعد بھی اگر leakage ہو تو اس میں بندر بانٹ کا (جو ایسے اداروں میں عموماً ہوتی ہے) امکان رہے اور اس کی گنجائیش رہے ۔ چنانچہ continously میں نے چار سال اس proposed income میں جو ان کے آفیشل چیرمین propose کرتے تھے continously دس لاکھ کا motion to increase ہر سال بجٹ کے موقعہ پر دیا اور وہ motion to increase تین سال carry ہوئے یعنی میرے ریزولیوشن

سے جو میرے ساتھیوں نے متفقہ طور پر پاس کیا لاہور کارپوریشن کو Octroi income میں ۴۰/۳۵ لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوا ۔ ماسوائے گذشتہ سال کے جب کہ ہم نے اس پر ۱۵ لاکھ کا propsal دیا تھا increase کا لیکن increase محض ۱۰ لاکھ پر آ کر رک گیا ۔ اور full stop ہو گیا جناب والا یہ کہنا کہ آفیشل چیرمین کسی طرح سے increase in income کا باعث ہوتے ہیں میں سمجھتاہوں کہ درست نہیں ۔ یہ حقیقت ہے facts منگوائے جا سکتے ہیں ۔ اگر وزیر صاحب چاہیں تو ایک detailed note جس میں تمام files کی reference ہو اور تمام files کے نمبر موجود ہوں میں لکھ کر ان کی خدمت میں پیش کر سکتا ہوں کہ آپ کے جو proposals آپ کے آفیشل چیرمین نے دئیے octroi کے وہ کہیں کم تھے اور جو ہم نے ہاؤس میں بنائے تو انکے مطابق انکم وہی ہوئی جس کا target ہم نے دیا ۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی نیت یہ تھی کہ اس میں وہ اپنا حصہ رکھیں اور کوئی بدعنوانی کی جائے اور بندر بانٹ کی جائے ۔ اور ان کو حصہ پہنچے ۔ نہیں تو وہ proposals اتنی بنا کر دیتے کہ اس کے دینے سے ہماری جو انکم تھی وہ increase لاکھوں کے لگ بھگ ہوتی اور ہاؤس میں جو ۱۰ لاکھ یا پانچ لاکھ روپیہ کا اضافہ ہونا تھا اس کو گنجائش نہ ہوتی ۔

